قانونی لغت

(انگریزی — اردو)

[ENGLISH — URDU]

تیسرا ایڈیشن (اضافہ شدہ)

مولفہ
ڈاکٹر تنزیل الرحمٰن
ایم - اے ، ایل ایل - بی ، پی ایچ - ڈی
ایڈووکیٹ سپریم کورٹ ، پاکستان

FLP

شائع کردہ :
فیڈرل لاء پبلیکیشنز
۳۹- چیمبرلین روڈ ، لاہور

قانونی لغت

(انگریزی ۔ اردو)

تیسرا ایڈیشن (اضافہ شدہ)

مؤلفہ

ڈاکٹر تنزیل الرحمن

ایم۔اے، ایل ایل۔بی، پی ایچ۔ڈی

ایڈووکیٹ سپریم کورٹ، پاکستان

F L P

شائع کردہ:

فیڈرل لاء پبلیکیشنز

۳۹۔ چیمبرلین روڈ، لاہور

تعداد اشاعت --- ۲۰۰۰

بار سوم --- ۱۹۷۶ء

قیمت : چالیس روپے

ناشر : فیڈرل لاء پبلیکیشنز ، لاہور

طابع : جدید اردو ٹائپ پریس ، ۹۳۔ چیمبرلین روڈ ، لاہور

اشاعت سوم

حرفے چند

الحمد للہ، "قانونی لغت" کا تیسرا ایڈیشن زیور طبع سے آراستہ ہو کر ہدیہ ناظرین ہو رہا ہے۔ اس میں جدید اردو ٹائپ پریس، لاہور کے مالک، جناب مرزا نصیر بیگ کی ہمت کو بڑا دخل ہے۔

اس ایڈیشن میں تقریباً سو صفحات کا اضافہ ہے جو نئی اصطلاحوں اور مزید تشریحات کی صورت میں کیا گیا ہے۔ اس سے لغت کی افادیت اور بڑھ گئی ہے۔

گزشتہ چند سالوں میں پاکستان کے دل، صوبہ پنجاب میں اس لغت کی مانگ میں خاصا اضافہ ہوا ہے۔ یہ اس امر کا بالواسطہ ثبوت ہے کہ پنجاب کی صوبائی حکومت اردو کے فروغ میں مؤثر دلچسپی لے رہی ہے، بلکہ اگر یہ کہا جائے تو بے جا نہ ہوگا کہ اس وقت پاکستان میں صوبہ پنجاب واحد صوبہ ہے جہاں اردو کی سرپرستی عوامی اور سرکاری دونوں سطحوں پر کی جا رہی ہے۔

مرکز میں معدودے چند وزراء ذاتی طور پر اردو کے زبردست حامیوں میں سے ہیں اور اپنی حد تک اردو کے فروغ کے لیے کوشاں ہیں، جزاہم اللہ احسن الجزاء۔ لیکن سوال مرکز کی اجتماعی فکر کا ہے جو قومی زندگی کی حقیقی صورت گری کی ذمہ دار ہے۔

ضرورت ہے کہ ہماری مرکزی قیادت قومی زندگی کے ہر دائرہ میں قومی زبان کی افادیت اور اہمیت کو صحیح طور پر محسوس کرکے اس کے مطابق عمل پیرا ہو۔ ساتھ ہی ایک پاکستانی کی حیثیت سے ہمیں بھی اپنی فکر کو قومی تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا چاہیے۔ کسی آزاد قوم کے لیے یہ ہرگز شایان شان نہیں کہ وہ قومی زبان کے ساتھ ایک آئینی اور دستوری تعلق کا لفظی اظہار کر دے اور بس!

دارالتنزیل
ڈی ۱۳-جے، نارتھ ناظم آباد
کراچی

(ڈاکٹر) تنزیل الرحمن
۳۱ دسمبر ۱۹۷۵ء

اشاعتِ اول

پیش لفظ

از

(عالی جناب ڈاکٹر جسٹس ایس۔اے رحمن صاحب جج سپریم کورٹ آف پاکستان)

لغات نویسی ایک ہفت خواں ہے، جسے طے کرنا، الّاماشاءاللہ کسی فرد واحد کے بس کا روگ نہیں۔ اس میں ایسی ایسی کٹھن منزلیں آتی ہیں کہ اگر ان کی بھول بھلیوں میں قافلے بھی بھٹک جائیں تو اچنبھا نہ ہونا چاہیئے۔ رہ نورد کے اپنے قدموں کا اٹھایا ہوا غبار ہی کبھی منزل مقصود کو آنکھوں سے اوجھل کر دیتا ہے۔ زاد راہ کے ساتھ یہاں قدرے جنوں سامانی کی بھی ضرورت ہے۔ جناب تنزیل الرحمن صاحب نے اسی دشت کے ایک خار زار کی سیاحی کی ہے۔ اس بادیہ کے قانونی باد گرد سے ان کا بسلامت بلکہ باکرامت نکل آنا، ان کے ذوق و شوق اور ان کے شغف علمی کی بیّن دلیل ہے۔ وہ اپنی دھن کے پکے نکلے اور جو کام ایک ادارے کے کرنے کا تھا وہ تن تنہا کر گزرے۔ ع

پیدا کہاں ہیں ایسے پراگندہ طبع لوگ

میں نے ان کی تالیف کو جستہ جستہ دیکھا ہے۔ ان کی محنت و کاوش نے اردو کو ایک نئی قسم کی قانونی لغات سے آشنا کیا ہے، جس کی نظیر پہلے موجود نہیں۔ انہوں نے محض انگریزی الفاظ کے مترادف تلاش کرنے کی ہی سعی نہیں کی بلکہ اصطلاحات قانونی کا مفہوم واضح کرنے کے لیے ان کی مناسب تشریح بھی کر دی ہے۔ وہ اس کارنامے پر بجا طور پر فخر کر سکتے ہیں۔ جہاں تک ماتحت عدالتوں کا تعلق ہے، مغربی پاکستان کے اکثر حصوں میں اس وقت بھی اردو کو عدالتی زبان کا مرتبہ حاصل ہے۔ اس حقیقت کے پیش نظر اس تالیف کی افادیت ظاہر ہے۔ میری رائے میں مغربی پاکستان اردو اکیڈمی لاہور نے اس کی اشاعت کا بیڑا اٹھا کر ایک اہم علمی خدمت انجام دی ہے۔ اردو زبان کو باثروت بنانے اور اسے اس کا صحیح مقام دلانے میں اس نوع کی ٹھوس علمی تالیفات اہم کردار ادا کریں گی۔

۵۶ گلبرگ۔ لاہور
یکم نومبر ۱۹۶۳ء

ایس۔ اے۔ رحمن

اشاعتِ اول

حرفِ آغاز

سب سے پہلے مولوی نذیر احمد دہلوی نے تعزیرات ہند کا ترجمہ کر کے اردو کو قانون کی اصطلاحات و لغات سے آشنا کیا۔ اس کے بعد قانونی تراجم کا ایک طولانی سلسلہ شروع ہو گیا جس میں ضابطۂ فوجداری، قانون مال، قانون وراثت، آئین استغاثہ وغیرہ متعدد کتابیں شامل ہیں۔

اردو ادب کو ان تالیفات سے قانون کے ہزار ہا الفاظ ملے تاہم یہ کتابیں لغات نہ تھیں اور ان سے یہ مقصد پورا نہ ہو سکتا تھا کہ حسب ضرورت کسی اصطلاح یا لفظ کا آئینی مفہوم واضح ہو سکے۔ تنزیل الرحمن صاحب کی کوشش و کاوش نے اس ضرورت کو بہ وجہ احسن پورا کر دیا۔ انہوں نے زبان اور قانون دونوں کے تقاضوں کو جامعیت کے ساتھ ملحوظ رکھا ہے جس کی وجہ سے ان کی مرتب کردہ قانونی لغت، شاید اس سلسلے کی پہلی با اصول کوشش ہے۔

اردو کی روز افزوں وسعت کے پیش نظر عدالتی حلقوں میں ایک ایسی تالیف کی ضرورت شدت سے محسوس کی جا رہی تھی جو قانونی الفاظ کے معنی و مفہوم کو قطعیت کے ساتھ واضح کر سکے۔ تنزیل الرحمن صاحب کا یہ اہتمام قابل تعریف ہے کہ انہوں نے الفاظ و اصطلاحات کے معنی لکھ دینے پر قناعت نہیں کی بلکہ تشریحی جملوں یا عبارتوں سے ان کا وسیع تر مفہوم بھی روشن کر دیا ہے۔ مجھے یقین ہے کہ قانون سے متعلق حلقوں کے علاوہ وہ اشخاص بھی اسے قدر کی نگاہ سے دیکھیں گے جو وضع اصطلاحات سے دلچسپی رکھتے ہیں۔ فقط

(ڈاکٹر) سید عبداللہ

جنرل سیکرٹری

مغربی پاکستان اردو اکیڈمی، لاہور

۱۵ نومبر ۱۹۶۳ع

اشاعتِ اول

مقدمۂ مؤلف

اردو زبان میں قانونی کتابوں کی تصنیف و تالیف اور ترجموں کا کام انیسویں صدی عیسوی میں شروع ہو چکا تھا ، مسلم ریاستوں کے علاوہ غیر منقسم ہندوستان کے شمال مغربی اور شمال مشرق شہروں مثلاً لاہور، امرتسر ، انبالہ ، آگرہ ، کانپور ، لکھنئو ، الہ آباد ، پٹنہ اور کلکتہ وغیرہ میں اردو زبان میں سینکڑوں قانونی کتابوں کے ترجمے کئے گئے اور شرحیں لکھی گئیں ۔ بلا خوف تردید یہ بات کہی جا سکتی ہے کہ انیسویں صدی کے نصف آخر اور بیسویں صدی کے اوائل میں حکومت ہند کے بیشتر قوانین کے ترجمے اور شرحیں اردو زبان میں موجود تھیں ۔ البتہ انگریزی زبان کے اثر و نفوذ کے ساتھ ساتھ عدالتوں میں اردو کا رواج کم ہوتا گیا ۔

دولت آصفیہ نے جب اپنا نظام قانون و معدلت انگریزی طرز پر ڈھالنا چاہا اور نئے قوانین نافذ کرنے کی ضرورت محسوس کی تو برطانوی ہند میں رائج قوانین کو اپنی قلمرو میں نافذ کیا ۔ ان قوانین کے ترجمے شمالی ہند میں ہو چکے تھے جن کو ریاستی ضروریات کے تحت معمولی رد و بدل کر کے بحیثیت قانون نافذ کر دیا گیا ۔ بیسویں صدی کے ربع اول میں عثمانیہ یونیورسٹی کے قیام کے بعد دارالترجمہ جامعہ عثمانیہ کے تحت بعض اہم قانونی کتابیں اردو میں منتقل ہوئیں جن سے اردو کے ذخیرۂ کتب میں قابل قدر اضافہ ہوا ۔

جہاں تک لغات قانونی کا تعلق ہے چند مختصر سی لغات لکھی گئیں ۔ ان لغات کو تین قسموں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے :

(الف) وہ لغات قانونی جو صرف اردو زبان میں لکھی گئیں ۔

(ب) وہ لغات قانونی جو اردو انگریزی میں لکھی گئیں ۔

(ج) وہ لغات قانونی جو انگریزی اردو میں لکھی گئیں ۔

الف ۔ وہ قانونی لغات جو اردو زبان میں لکھی گئیں ان میں (۱) اعظم اللغات (اردو قانونی لغت) ، (۲) لغات قانونی ، (۳) اردو قانونی ڈکشنری اور (۴) قانونی ڈکشنری شامل ہیں ۔ پہلی لغت محمد احمد خاں برتر تالیف کی ہے جس کو مکتبہ ابراہیمی حیدر آباد دکن نے شائع کیا ، دوسری لغت شمس المطابع حیدر آباد سے شائع ہوئی ، تیسری لغت لاہور کی مطبوعہ ہے اور چوتھی انبالہ کی ، جس کے مؤلف جلیل الرحمان ہیں ۔ یہ چاروں لغات مختصر ہیں اور ان میں صرف اردو قانونی الفاظ کے معانی دئے گئے ہیں مگر ان کی کوئی سند بیان نہیں کی گئی ۔ دیوانی و فوجداری اصطلاحات کے علاوہ مال کی اصطلاحیں بھی دی گئی ہیں ۔

ب ۔ وہ لغات قانونی جو اردو انگریزی میں لکھی گئیں صرف دو ہیں ، پہلی لغت ڈاکٹر فالن کی ہے جو ۱۸۵۸ع میں کلکتہ سے شائع ہوئی اور دوسری درگا پرشاد کی ، جس کا پہلا ایڈیشن ۱۹۰۵ع میں

الہ آباد سے شائع ہوا ۔ اقتضائے زمانہ اور انگریزی زبان کے تسلط کے سبب یہ دونوں لغات اپنی افادیت کھو چکی ہیں ۔

ج ۔ یہ ایک عجب اتفاق ہے کہ اردو زبان میں لغت پر سب سے پہلے اہل یورپ اور بالخصوص انگریزوں نے کتابیں لکھیں چنانچہ فرانسسکس ایم تیورونوسس (Franciscus M. Turonosis) نے اپنی لغت ۱۷۰۴ع میں ، فرگوسن (Fergusson) نے ۱۷۷۳ع میں ، ہیرس (Harris) نے ۱۷۹۰ع میں ، جان گلکرسٹ نے ۱۸۰۰ع میں، کیپٹن ٹیلر اور ہنٹر نے ۱۸۰۵ع میں، جان شیکسپیئر نے ۱۸۱۷ع میں، ڈی روزاریو (D'Rozario) نے ۱۸۳۷ع میں ، ولیم ییٹس نے ۱۸۴۷ع میں اور فاربس نے ۱۸۴۸ع میں اپنی انگریزی ہندوستانی لغات لکھیں ۔ قانون میں بھی سب سے پہلی انگریزی اردو ڈکشنری ایک انگریز مصنف ڈاکٹر فالین نے ۱۸۵۸ع میں لکھی جو میکملن اینڈ کمپنی نے کلکتہ سے شائع کی ، اس کا نام ''کمرشل اینڈ لیگل انگلش ہندوستانی ڈکشنری'' ہے ، اس ڈکشنری میں الفاظ و محاورات کے ساتھ ضرب الامثال اور فقرے بھی دئے گئے ہیں جن کی تعداد تقریباً تین ساڑھے تین ہزار ہے ۔ دوسری انگریزی اردو قانونی لغت ایک ہندو ، درگا پرشاد نے لکھی ، اس کا نام ''کنسائز انگلش اردو لا ڈکشنری'' ہے ۔ اس کے چار ایڈیشن چھپ چکے ہیں ، پہلا ایڈیشن ۱۹۰۵ع میں الہ آباد سے رام نرائن نے شائع کیا تھا ۔ اس لغت میں تقریباً سات آٹھ ہزار الفاظ ہیں ۔

مؤخرالذکر دو لغات میں پہلی لغت ، اس سے قطع نظر کہ وہ نایاب ہے ، ہماری موجودہ ضروریات سے ہرگز عہدہ برآ نہیں ہو سکتی البتہ دوسری لغت کسی حد تک کارآمد کہی جا سکتی ہے، لیکن گذشتہ نصف صدی میں بالخصوص دوسری جنگ عظیم کے دوران جو نئے نئے قانون بنائے گئے اور جدید سیاسی و معاشی اور عمرانی تصورات کے تحت جو نیا سماج پیدا ہوا یا ہو رہا ہے اس کے تعلق سے جو قوانین وضع کیے گئے ، اور ان میں جو اصطلاحات استعمال کی گئیں ان سے یہ لغات یکسر خالی ہیں ۔ علاوہ ازیں ان لغات میں قانون کی انگریزی اصطلاحات کے اردو مترادفات پر اکتفا کیا گیا ہے جب کہ کسی فن کی بیشتر اصطلاحات تشریح طلب ہوتی ہیں اور ان تشریحات کی ضرورت بمقابلہ کسی دوسرے فن کی اصطلاحات کے ، قانون میں بہت زیادہ ہے کیونکہ قانونی اصطلاحات کی عدالتی فیصلوں کے ذریعہ نئی نئی تعبیریں ہوتی رہتی ہیں ۔ علاوہ ازیں گذشتہ نصف صدی میں لسانیات کا علم بہت ترقی کر گیا ۔ کوئی زندہ زبان ایک حالت پر قائم نہیں رہتی اس لیے ضروری تھا کہ قانونی اصطلاحات میں جدید تحقیقات اور اصولوں سے فائدہ اٹھایا جائے ، اور جو کمی رہ گئی ہے اس کو پورا کیا جائے ۔

دستور پاکستان ۱۹۵۶ع کے آرٹکل نمبر ۲۱۴ کے تحت یہ امر قطعی طور پر تسلیم کر لیا گیا کہ اردو اور بنگالی پاکستان کی دو سرکاری زبانیں ہوں گی ، بالفاظ دیگر مغربی پاکستان کی اردو اور مشرقی پاکستان کی بنگالی ، (یہی صورت موجودہ دستور مجریہ ۱۹۶۱ع کے آرٹیکل نمبر ۲۱۵ کے تحت بھی قائم ہے) اس آئینی فیصلہ سے یہ امر یقینی ہو گیا کہ جلد یا بدیر مغربی پاکستان میں اردو کو حقیقی معنی میں قومی زبان کی حیثیت حاصل ہو جائے گی ، اور وہ ابتدائی مدارس سے لے کر جامعات اور ابتدائی عدالتوں سے لے کر عدالت ہائے عالیہ تک جاری و ساری ہو جائے گی ۔

۱۹۵۷ع میں جب میں نے قانون دستاویزات قابل بیع و شراء (Negotiable Instruments Act) ۱۸۸۱ع کا ترجمہ کیا ، اور شرح لکھنی شروع کی تو مجھے اردو زبان میں ایک معیاری انگریزی اردو قانونی اصطلاحات کی لغت کی ضرورت کا شدت کے ساتھ احساس ہوا اور میرے دل میں یہ خیال آیا

کہ اگر ایک "انگریزی اردو قانونی لغت" مرتب کی جائے تو یہ ایک بڑی قومی خدمت ہوگی ، چنانچہ میں نے انگریزی قانونی اصطلاحات کی جمع آوری کا کام شروع کر دیا ۔ جون ۱۹۵۹ء تک انگریزی زبان میں قانونی اصطلاحات کی فراہمی کے کام کو ختم کر لیا گیا ۔ جولائی ۱۹۵۹ء سے انگریزی اصطلاحات کے اردو مترادفات لکھنے کا کام شروع ہوا اور ایک سال کے عرصہ میں انگریزی اصطلاحات کے اردو مترادفات لکھ لیے گئے ۔

ابتدا میں یہ خیال تھا کہ انگریزی قانونی اصطلاحات اور اُن کے اردو مترادفات کو ایک فرہنگ کی صورت میں شائع کر دیا جائے لیکن انگریزی قانونی اصطلاحات کی جمع آوری کے دوران اُن کے صحیح معنی و مفہوم معلوم کرنے کی غرض سے متعدد اہم انگریزی قانونی لغات زیر مطالعہ رہیں ان سے یہ اندازہ ہوا کہ انگریزی زبان میں جو قانونی لغات موجود ہیں اُن میں اصطلاحات کی تشریح بھی کی گئی ہے جس سے اصطلاح کا مفہوم اور محل استعمال بخوبی واضح ہو جاتا ہے ۔ سر میں یہ سودا سمایا کہ کیوں نہ انگریزی قانونی لغت کے نمونہ اور انداز پر اس لغت کو مرتب کیا جائے؟ کام بہت صبر آزما اور دشوار تھا لیکن میں نے ہمت کرکے جولائی ۱۹۶۰ء میں اس نہج پر کام کا آغاز کر دیا ۔ اس دوران میں میری ملاقات ایک ایسے شخص سے ہوئی جس نے اس لغت کے لیے ترجمہ کے کام میں میرے ساتھ بھرپور تعاون کیا ۔ یہ شخص محمد علی کاظمی ہیں جو ریاست حیدر آباد دکن کے ایک پرانے وکیل اور صحافی ہیں ، اور ترجمہ کے کام میں خاص مہارت رکھتے ہیں ۔ کاظمی صاحب نے تقریباً ایک سال تک دفتر میں بیٹھ کر میرے ساتھ کام کیا ۔ حقیقت یہ ہے کہ اگر کاظمی صاحب کا تعاون نہ ہوتا تو اس لغت کی اشاعت میں ایک دو سال کا عرصہ اور لگ جاتا ۔

اس لغت کی تحریر و ترتیب کے ابتدائی دور میں متعدد فنی اور غیر فنی لوگوں سے ملاقاتیں ہوئیں اور وقتاً فوقتاً تبادلۂ خیال ہوا، مگر سوائے بابائے اردو مولوی عبدالحق مرحوم ، مہدی علی صدیقی ایڈیشنل ڈسٹرکٹ و سیشن جج کراچی اور پیشۂ وکالت میں میرے سابق رفیق سید اختر حسن ایڈوکیٹ کے کسی دیگر شخص نے دست تعاون دراز نہ کیا ۔ بالخصوص بابائے اردو اس لغت کی تیاری میں تا دم زیست ممد و معاون رہے ۔

۱۹۶۰ء کے آخر میں مولوی صاحب مرحوم نے میری مرتب کردہ لغت کو دیکھنا شروع کیا ۔ میں اُن کے پاس ایسی اصطلاحات کی ایک فہرست بنا کر لے جاتا جن کی صحت کے بارے میں مجھے کچھ شبہ ہوتا ۔ میں مولوی صاحب مرحوم کو انگریزی اصطلاح کے قانونی مفہوم اور محل استعمال سے آگاہ کرتا اور مولوی صاحب اردو اصطلاح کا فیصلہ فرمایا کرتے ۔ ۱۹۶۱ء کے نصف اول میں لغت کے ساڑھے چار سو ٹائپ شدہ صفحات تیار ہو گئے تو اس کی طباعت کا بھی خیال ہوا ۔ مولوی صاحب مرحوم اس لغت کو انجمن ترقی اردو سے شائع کرنا چاہتے تھے لیکن حالات کی ابتری کے سبب مجبور تھے ۔ انہی دنوں انہوں نے پاکستان میں امریکہ کے بین الاقوامی ادارۂ اشتراک کے شعبۂ تعلیم میں ایک پاکستانی افسر ڈاکٹر رکن الدین قریشی کو اس لغت کی طباعت کے سلسلہ میں ایک خط لکھا ، آج مولوی صاحب مرحوم ہمارے درمیان موجود نہیں ، صرف ایک یہی خط ہے جو مولوی صاحب مرحوم اور اس لغت کے مابین ایک معنوی رشتہ کی حیثیت رکھتا ہے اس خط کی ایک نقل میرے پاس محفوظ ہے جسے میں بطور یادگار درج کرنا ضروری سمجھتا ہوں ۔

فون نمبر ۳۲۲۷۸۳

انجمن ترقی اردو پاکستان

تاریخ ۲۹ مارچ سنہ ۱۹۶۱ — اردو روڈ ، کراچی-۱

شفیقی قریشی صاحب

جناب تنزیل الرحمان صاحب کراچی کے نمایاں وکلاء میں سے ہیں اور اس اعتبار سے منفرد ہیں کہ وکالت سے عملی اور علمی دونوں طرح کا تعلق ہے ۔ قانونی کتابوں کو یہ اردو میں منتقل کر چکے ہیں اور اب انہوں نے انگریزی اردو لغت مرتب کرکے قابل قدر کام انجام دیا ہے ۔ اس میں انہوں نے بڑی کاوش سے انگریزی اصطلاحات کے اردو مترادفات مع تشریح کے درج کیے ہیں ۔ اس سلسلے میں وہ گاہے گاہے مجھ سے بھی مشورہ لیتے رہے ہیں اس وجہ سے مجھے اس لغت کی خوبیوں کو جاننے کا موقع ملا ہے اور میں پورے وثوق سے کہہ سکتا ہوں کہ اردو زبان میں ایسا قانونی لغت موجود نہیں ۔ اگر انجمن کے حالات اچھے ہوتے تو میں اس کو انجمن کی طرف سے شائع کرتا ۔ عام ناشرین اس لغت کو چھاپنے کی ہمت نہیں کرتے ، ایسی صورت میں سوائے اس کے اور کوئی چارہ نہیں کہ علمی اداروں سے رجوع کیا جائے ۔ اگر آپ کا ادارہ تنزیل الرحمان صاحب کو کتاب کی طباعت میں مدد دے سکے تو بڑی علمی خدمت ہوگی ۔

آپ کا مخلص

(دستخط) عبدالحق

جولائی ۱۹۶۱ع میں مولوی صاحب کی طبیعت زیادہ خراب ہو گئی اور وہ جناح ہسپتال میں داخل ہو گئے ۔ میں جس روز مولوی صاحب کی عیادت کے لیے ہسپتال گیا ان کی طبیعت قدرے بحال تھی ۔ شام کا وقت تھا ، وہ کمرہ سے ملحق پچھلے برآمدہ میں کرسی پر بیٹھ گئے ، جب میں ان کی مزاج پرسی کر چکا تو انہوں نے مجھ سے استفسار کیا ''لغت کا کام ہو رہا ہے ؟'' میں نے جواب دیا ''جی ہاں ۔'' ''بس کام کیے جاؤ اور کسی بات کا خیال مت کرو'' لغت کے سلسلہ میں مولوی صاحب کی یہ آخری ہدایت تھی ۔ مجھے جب کبھی مولوی صاحب یاد آ جاتے ہیں، سوچتا ہوں کہ مولوی صاحب کو اس لغت کا کتنا خیال تھا اور اگر آج وہ زندہ ہوتے تو لغت کو دیکھ کر کس قدر خوش ہوتے ۔

نومبر ۱۹۶۱ع میں محترم جسٹس ایس ۔ اے ۔ رحمان صاحب جج سپریم کورٹ ، پاکستان سے کراچی میں نیاز حاصل ہوا ۔ میں نے آن کی خدمت میں حاضر ہو کر اس لغت کو ''بچشم عدو'' دیکھنے اور اصلاح فرمانے کی درخواست پیش کی ، رحمان صاحب نے ، جو علم دوستی میں یکتائے زمانہ ہیں ، میری درخواست کو شرف قبولیت بخشا اور اس لغت کے ٹائپ شدہ ابتدائی ساڑھے چار سو صفحات جستہ جستہ دیکھے اور اپنے بیش بہا مشوروں سے سرفراز فرمایا ۔ نیز خالد اسحاق صاحب ایڈیشنل ایڈوکیٹ جنرل کراچی سے (جو اب ایڈوکیٹ جنرل مغربی پاکستان ہیں اور لاہور میں سکونت رکھتے

ہیں اور جو اُس وقت ان کی قیام گاہ پر موجود تھے)، فرمایا کہ وہ اس لغت میں تشریحات کو دیکھ لیں ۔۔۔ خالد اسحاق صاحب ، جو اپنی علم دوستی اور جذبۂ تعاون کے لیے طبقۂ وکلاء میں خاص شہرت رکھتے ہیں ، اس خدمت کے لیے فوراً تیار ہو گئے ۔ چنانچہ ۲۴ دسمبر ۱۹۶۱ء سے ہر اتوار کو میں خالد اسحاق صاحب کے مکان پر جاتا اور صبح ڈیڑھ دو گھنٹہ تک لغت کی اُن تشریحات پر جو اہم یا مشکل تھیں یا جن کی صحت کے متعلق مجھے شبہ ہوتا ، تبادلۂ خیال کر کے ضروری ترمیم کر لی جاتی ۔ یہ سلسلہ جون ۱۹۶۳ء تک (خالد اسحاق صاحب کے ایڈوکیٹ جنرل بنائے جانے اور لاہور میں نقل مکانی تک) جاری رہا ۔ مجھے اس بات کا بے حد رنج ہے کہ خالد اسحاق صاحب اس لغت کے تقریباً ایک تہائی حصہ کو دیکھ سکے اگر وہ اس کو پورا دیکھ لیتے تو مجھے زیادہ خوشی اور اطمینان ہوتا ۔ خالد اسحاق صاحب نے جس دلچسپی اور مستقل مزاجی کے ساتھ اس کام میں تعاون کیا ہے ، میں اس کے لیے اُن کا بے حد ممنون ہوں ۔

اس لغت میں تقریباً بیس ہزار قانونی اصطلاحات اور فقرات کو جمع کیا گیا ہے ۔ ان میں وہ اصطلاحات بھی شامل ہیں جو اگرچہ قانونی نہیں ہیں مگر قانون میں بکثرت استعمال ہوتی ہیں یا قانون نے انھیں جو معنی دے ہیں وہ عام معنی سے مختلف ہیں ۔ انگریزی اصطلاحات کے اردو مترادفات کے ساتھ مشکل ، اہم اور پیچیدہ قانونی اصطلاحات کی مروّجہ قوانین اور عدالتی نظائر کی روشنی میں اردو زبان میں تشریح بھی کی گئی ہے کیونکہ اس لغت کا مقصد محض قانونی اصطلاحات کے اردو مترادفات دینا نہیں ہے بلکہ ان کی ایسی وضاحت بھی مقصود ہے جس کی بنیاد کسی ایسے عدالتی فیصلہ پر قائم ہو جو پاکستان ، ہندوستان یا انگلستان کی اعلیٰ عدالتوں نے دیے ہوں ۔ اصطلاحات کی تشریحات میں اس امر کی کوشش کی گئی ہے کہ وہ تعریف یا تشریح بیان کی جائے جو متعلقہ قانون یا عدالتی نظائر میں موجود ہو البتہ بعض اصطلاحات کی تعریفات و تشریحات اُن مسلمہ اصولوں کو سامنے رکھتے ہوئے کی گئی ہیں جن پر کسی اصطلاح کے قانونی مفہوم کو معین اور واضح کرنے کے لیے مقننین ، عدالتیں یا شارحین قانون عمل کرتے ہیں ، لیکن جہاں کہیں نظیر کا حوالہ دیا گیا ہے اس کے بارے میں یہ نہ سمجھا جائے کہ وہ غیر منسوخ شدہ ہے ۔ کسی لفظ کی عدالتی تعبیر جو ایک بار کسی ملک کی اعلیٰ عدالت نے کی ہو ایک مستقل علمی سرمایہ ہے کیونکہ وہ تعبیر اس قسم کے دوسرے لفظ یا الفاظ کے لیے اپنے اندر ایک ہدایتی عنصر رکھتی ہے ، یہ دوسری بات ہے کہ وقتی طور پر اس کی افادیت کم ہو جائے ۔ یہاں یہ وضاحت بھی غالباً بے محل نہ ہوگی کہ کسی لفظ کے بارے میں عدالتی فیصلہ ایک عام اطلاق یا حکم کی حیثیت نہیں رکھتا کیونکہ اس لفظ کی تشریح ایک خاص واقعہ کے پس منظر میں کسی خاص قانون کے تحت کی جاتی ہے جو اس ضمن میں خاص اہمیت رکھتی ہے لیکن اس عدالتی فیصلہ کی حقیقی اہمیت اس وقت واضح ہوتی ہے جب کہ اس قسم کا لفظ دستاویزات یا کسی دوسرے قانون میں استعمال ہوا ہو اور اس کی تعبیر کا سوال درپیش ہو ۔ بالفاظ دیگر کسی قانونی لفظ کی ایسی جامع تعریف نہیں کی جا سکتی جو تمام حالات اور قوانین پر حاوی ہو ۔ ایسا ہونا ممکن بھی نہیں ہے کیونکہ بعض اوقات ایک لفظ سے ایک قانون میں ایک معنی مراد لیے جاتے ہیں جب کہ دوسرے قانون میں سیاق و سباق کے لحاظ سے اسی لفظ سے جو معنی مراد لیے جاتے ہیں وہ پہلے کے مقابلہ میں مختلف یا مخصوص یا محدود ہو سکتے ہیں ۔ اسی خیال سے جا بجا اُن قوانین یا مقدمات کے حوالے دیے گئے ہیں جن میں وہ اصطلاحات استعمال ہوتی ہیں یا زیر بحث لائی گئی ہیں تا کہ کسی دوسرے قانون میں اُن

اصطلاحات کی تعبیر و تشریح کرتے وقت اس سیاق و سباق کو پیش نظر رکھا جا سکے ۔

تشریحات میں بالعموم یہ خیال رکھا گیا ہے کہ اصطلاح اور اس کے معنی میں جو باہمی تعلق ہے وہ ظاہر ہو جائے ، جو نہ تو اتنا مختصر ہو کہ اس اصطلاح کی خصوصیت ظاہر نہ ہو سکے اور نہ اتنی بسیط ہو کہ اس میں کل رطب و یابس شامل ہو جائے ۔ مختصر مضامین جو زیادہ جلدی سے سمجھ میں آ جائیں اُن طویل مضامین سے بہتر ہوتے ہیں جن کو سمجھنے کے لیے زیادہ محنت اور توجہ صرف کرنا پڑے ۔

اس لغت میں کبھی کبھی کسی قانونی اصطلاح کے مفہوم کو واضح کرنے کے لیے مثالوں سے بھی مدد لی گئی ہے ۔ یہ مثالیں قانونی اصطلاح کے مفہوم کو سمجھنے میں آسانی کی غرض سے دی گئی ہیں ، خود اُس تعریف کا جز نہیں ہیں ۔

اصطلاحات کے ساتھ اُن فقرات کو بھی شامل کر دیا گیا ہے جو کثرت سے قانون میں استعمال ہوتے ہیں ، ساتھ ہی اُن کے اردو ترجمے بھی دیے گئے ہیں اور فقرہ کی اہمیت کے اعتبار سے تشریح بھی ۔

جہاں کہیں دو یا دو سے زیادہ انگریزی اصطلاحیں ایک مفہوم کو پورا کرتی ہیں اور ایک دوسرے کے مترادف استعمال ہوتی ہیں اُن کا بھی ذکر کر دیا گیا ہے اور حوالے دے دیے گئے ہیں تا کہ اصطلاح کا مفہوم واضح ہو جائے اور لغت تکرار بیان سے محفوظ رہے ۔

بیشتر قانونی اصطلاحات کی خاص اور کثیرالاستعمال ضمنی اصطلاحات بھی دی گئی ہیں ، مگر طوالت کے خوف سے تمام ضمنی اصطلاحات درج کرنے سے گریز کیا گیا ہے ۔

اس لغت میں انگریزی زبان کے علاوہ بعض مشہور رومن ، فرانسیسی اور لاطینی اصطلاحیں بھی دی گئی ہیں جو قانون میں کثرت سے استعمال ہوتی ہیں ۔ ان اصطلاحوں کی تعداد دو ڈھائی سو سے زائد نہ ہوگی ۔ اگر یہ اصطلاحیں زیادہ تعداد میں دی جاتیں تو اس لغت کا دائرہ بہت وسیع ہو جاتا ۔ البتہ عربی کی اُن شرعی اصطلاحوں کو جو مسلمانوں کے شخصی قوانین میں مستعمل ہیں اور جن سے وکلاء اور ہماری عدالتوں کو عام طور پر سابقہ پڑتا ہے ، تشریح کے ساتھ بیان کیا گیا ہے (اسلامی فقہی اصطلاحات کی تعداد اس قدر زیادہ ہے کہ اگر ایک علیحدہ لغت مرتب ہو جائے تو یہ ایک بڑا علمی کارنامہ ہوگا) ۔

ترجمہ میں لفظ بہ لفظ ترجمہ کو نظر انداز کیا گیا ہے ، جس امر کی طرف توجہ کی گئی ہے وہ اصل مفہوم ہے یعنی یہ کہ لفظ کے معنی و مطلب کو صحیح طور پر ادا کر دیا جائے خواہ اس کی ساخت یا طرز ادا مختلف ہو ۔

اصطلاح سازی میں پروفیسر وحید الدین سلیم اور بابائے اردو مولوی عبدالحق (مرحومین) کے اصولوں پر عمل پیرا ہونے کی کوشش کی گئی ہے ۔ اصطلاحی الفاظ فارسی اور عربی دونوں سے لیے گئے ہیں ۔ میں نے عربی کے مقابلہ میں فارسی سے زیادہ مدد لی ہے کیونکہ فارسی اردو سے بہت زیادہ قریب ہے ۔ اس میں مرکبات اور مشتقات بنانے کے قاعدے اردو دانوں کے لیے نامانوس نہیں ، لیکن اس چیز کا برابر خیال رکھا ہے کہ اصطلاح میں عربی کی جامعیت اور فارسی کی لطافت دونوں آ جائیں اگرچہ کہیں کہیں جامعیت کی خاطر لطافت کو قربان کرنا پڑا ہے ۔

لغت کے شروع میں مختصرات (Abbreviations) کی فہرست دے دی گئی ہے لیکن نظائر لا رپورٹوں کی علیحدہ فہرستیں نہیں دی گئی ہیں کیونکہ اس سے ضخامت میں غیر ضروری اضافہ ہو جاتا ۔ البتہ اُن قوانین موضوعہ کی ایک فہرست لغت کے آخر میں دے دی گئی ہے جن کے مختلف قانونی احکام

اس لغت میں بیان کیے گئے ہیں۔

اگرچہ لغت کی کاپیاں پڑھنے میں ضروری حزم و احتیاط سے کام لیا گیا ہے لیکن پھر بھی کچھ غلطیاں رہ گئی ہیں جن کا صحت نامہ لغت کے ساتھ دے دیا گیا ہے۔ بعض طباعتی فروگذاشتیں ایسی ہیں جن کو قارئین خود سمجھ کر اصلاح فرما لیں گے اور ناشر سے کسی رسمی معذرت کے طالب نہ ہوں گے۔ دوسرے ایڈیشن میں انشاء اللہ یہ غلطیاں دور کر دی جائیں گی۔

اس نظریہ پر یقین رکھتے ہوئے کہ افادیت ہر کتاب کا بنیادی اصول ہوتا ہے، مجھے یقین کامل ہے کہ یہ لغت بیک وقت و کیلوں، عدالتوں اور پاکستان کے ہر پڑھے لکھے شہری کے لیے مفید ثابت ہوگی۔ بالخصوص وہ وکلاء اور عدالتیں جو اردو میں عدالتی کام سرانجام دیتی ہیں یا آئندہ دیں گی اُن کے لیے اس لغت کی اہمیت و افادیت محتاج تشریح نہیں۔ نیز مجھے یقین ہے کہ یہ لغت پاکستانی یونیورسٹیوں کی اس تعلیمی ضرورت کو پورا کرنے میں مد و معاون ثابت ہوگی جس کا احساس قانون کو اردو میں پڑھائے جانے کے متعلق تعلیمی ماہرین کے دماغوں میں پیدا ہو چکا ہے۔

میں مغربی پاکستان اردو اکیڈمی، لاہور اور بالخصوص تحریک اردو کے صف اول کے قائد اکیڈمی کے جنرل سیکریٹری محترم ڈاکٹر سید عبداللہ صاحب ایم۔ اے، ڈی۔ لٹ، صدر شعبۂ اردو و عربی پنجاب یونیورسٹی و پرنسپل اورینٹل کالج، لاہور، کا بے حد ممنون ہوں جن کی زیر نگرانی اس لغت کی طباعت کا سارا کام ہوا اور جناب ممتاز منگلوری صاحب ایم۔ اے، لیکچرار اردو پنجاب یونیورسٹی کا بھی دلی طور پر ممنون ہوں جنھوں نے پوری دلچسپی اور تن دہی سے اس لغت کی طباعت میں ڈاکٹر صاحب موصوف کا ہاتھ بٹایا، نیز مالکان جدید اردو ٹائپ پریس لاہور کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں جنھوں نے نفاست کے ساتھ اس لغت کو چھاپ کر اکیڈمی کے ساتھ تعاون کیا۔

آخر میں مجھے یہ عرض کرنا ہے کہ کسی زبان کی لغت لکھنا بڑا کٹھن اور دشوار کام ہے۔ یہ کام اس وقت اور کٹھن اور دشوار ہو جاتا ہے جب لغت ایک زبان سے دوسری زبان میں لکھی جائے لیکن یہ دقت اور دشواری اس وقت اور بھی بڑھ جاتی ہے جب مسئلہ دو زبانوں میں کسی مخصوص فن کی مترادف اصطلاحات کا ہو لیکن اس راہ کی سب سے بڑی دشواری اس وقت ظاہر ہوتی ہے جب کہ اس فن کی لغت لکھنے کا بیڑا فرد واحد نے اٹھایا ہو۔ مجھے یہ کہتے ہوئے ذرا ہچکچاہٹ نہیں ہے کہ اس لغت کی تالیف و ترتیب اور تکمیل کے دوران مجھے ان دشواریوں کا برابر احساس رہا ہے۔ گذشتہ سات سال میں فرصت کے وہ لمحات جو مجھے ایک مشغول پیشہ ورانہ زندگی میں میسر آ سکے یا میں اپنے آرام اور تفریح کو قربان کرکے نکال سکا اس لغت کی نذر کر دیے گئے۔ مجھے خوف ہے کہ یہ لغت نقائص سے یکسر پاک نہ ہوگی لیکن تن تنہا ایسے کام کی بنیاد ڈالنا بھی ایک انتہائی محنت طلب اور صبر آزما کام ہے۔ مجھے امید ہے کہ یہ معروضہ ایک عذر معقول کا کام دے گا۔ میں یہ تو نہیں کہوں گا کہ میں نے کوئی عظیم علمی کارنامہ انجام دیا ہے مگر اتنا عرض کرنے کی ضرور جسارت کروں گا کہ میں نے اس لغت کے ذریعہ پاکستان، اردو زبان، قانون اور عالمی لٹریچر کی ایک ادنیٰ خدمت بجا لانے کی ایک حقیر سی کوشش ضرور کی ہے ؎

دعائیں دیں میرے بعد آنے والے میری وحشت کو
بہت کانٹے نکل آئے میرے ہمراہ منزل سے

بابائے اُردو مولوی عبدالحق مرحوم نے اس لغت کے بارے میں لکھا ہے کہ "میں پورے وثوق کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ ایسا قانونی لغات اُردو زبان میں موجود نہیں——" لیکن اگر میں یہ عرض کروں کہ ایسی قانونی لغت کسی افرو ایشیائی زبان میں موجود نہیں تو ہرگز مبالغہ نہ ہوگا۔

ناسپاسی ہوگی اگر میں دنیائے ادب و قانون کی منفرد شخصیت ڈاکٹر جسٹس ایس۔ اے رحمٰن صاحب جج سپریم کورٹ پاکستان و صدر مرکزی ترقی اُردو بورڈ پاکستان کا شکریہ ادا نہ کروں۔ حقیقت یہ ہے کہ موصوف کا قرار واقعی شکریہ ادا کرنے سے میری زبان قلم قاصر ہے۔ سوچتا ہوں کہ میں ان کے کس کس احسان کا شکریہ ادا کروں! کیا میں اس بات کا شکریہ ادا کروں کہ جب میں نے مغربی پاکستان اُردو اکیڈمی لاہور کو لغت قانونی کا نمونہ بھیجا اور اکیڈمی نے آپ موصوف کی خدمت میں برائے تبصرہ و رائے ارسال فرمایا تو موصوف نے اس لغت کو چھاپنے کا مشورہ دیا اور اکیڈمی نے آپ کی رائے پر عمل پیرا ہو کر اس لغت کو زیور طباعت سے آراستہ کرنے کے سامان کئے! کیا میں اس بات کا شکریہ ادا کروں کہ موصوف نے نومبر، دسمبر ۱۹۶۱ء میں کراچی میں قیام کے دوران لغت کے مسودہ کا مطالعہ فرمانے کی زحمت گوارا فرمائی اور مجھے اپنے پیش قیمت مشوروں سے نوازا! کیا میں اس گراںمایہ "پیش لفظ" کے لیے شکریہ ادا کروں جو ادب اور قانون کا ایک حسین امتزاج ہے اور اس لغت کی آب و تاب میں اضافہ کا موجب ہے! حقیقت یہ ہے کہ؂

شکر نعمت ہائے تو چندانکہ نعمت ہائے تو
عذر تقصیرات ما چندانکہ تقصیرات ما

حبیب اسکوئر، کراچی
۲۷- ستمبر ۱۹۷۳ء

تنزیل الرحمٰن

ABBREVIATIONS USED

مختصرات مستعملہ

a.	Adjective
ad.	Adverb
AIR.	All India Reporter
BLR.	Bombay Law Reporter
E.L.	English Law
Fr. L.	French Law
H.L.	Hindu Law
Jow.	Dictionary of English by Jow
K.B.	King's Bench Division
M.L.	Mohammadan Law
n.	Noun
O.E.L.	Old English Law
PLR.	Pakistan Law Reporter
PLD.	Pakistan Legal Decisions
Pref.	Prefix
Q.B.	Queen's Bench Division
R.L.	Roman Law
v.	Verb

ENGLISH-URDU LAW LEXICON

قانونی لغت

(انگریزی - اردو)

A

A, *l.* انگریزی حروف تہجی کا پہلا حرف -

اردو میں اس کے لیے ''الف'' استعمال ہوتا ہے -

Abactor, *n.* عادی سارق مویشیاں - **مویشی چور** -

مویشیوں کا گلہ سرقہ کی نیت سے ہانک لے جانے والا -

Ab-alienate, *v.* مقبوضہ جائداد یا **مال و اسباب** کی حقیت منتقل کرنا -

Ab-alienation, *n.* مقبوضہ جائداد کی منتقلی -

Abandon, *n.* ترک کرنا - چھوڑ دینا - **دست بردار** ہونا - خبر گیری نہ کرنا -

Abandoned, *a.* ترک کردہ - افتادہ - **اجاڑ** - متروک -

Abandoned land, افتادہ زمین -

Abandoned property, ترک کردہ جائداد - چھوڑی ہوئی جائداد - جائداد متروکہ

Abandoned vehicle, ترک کردہ گاڑی -

Abandoned woman, زوجۂ مہجورہ -

اگر کوئی شوہر اپنی بیوی کو عرصہ تین سال تک چھوڑ رکھے اور اس کی کوئی خبر گیری نہ کرے نہ حق زوجیت ادا کرے تو ایسی عورت کو بذریعہ عدالت تنسیخ نکاح کا حق حاصل ہو جاتا ہے -

Abandonee, *n.* **متروک لہ (وہ شخص جس کے حق میں کسی شے سے دست برداری کی جائے)۔**

قانون بیمہ کے تحت وہ شخص جس کے سپرد خراب و خستہ یا غرق شدہ جہاز اور مال کا نکالنا اور اس کا انتظام کرنا ہوتا ہے -

Abandonment, *n.* **ترک - دست برداری - اسقاط - عدم خبر گیری -**

ترک یا دست برداری رضا کارانہ ہونی چاہیے - کسی قسم کا دباؤ یا دھوکہ نہ ہونا چاہیے - بحری بیمہ کے قانون میں بھی یہ اصطلاح استعمال ہوتی ہے - چنانچہ جب جہاز خراب و خستہ ہو جائے تو مالک جہاز اسے بیمہ کمپنی کے سپرد کر دیتا ہے اور بیمہ کمپنی جہاز کو بیچ کر اس کی قیمت خود لے لیتی ہے اور مالک جہاز کو بیمہ کی رقم ادا کر دیتی ہے -

یہ اصطلاح عائلی قانون میں بھی مستعمل ہوتی ہے جب کہ زوجین میں سے کوئی ایک دوسرے کو بحالت عدم خبر گیری چھوڑ دے -

Abandonment of action, **ترک نالش -**

ترک دعویٰ - دست برداری مقدمہ -

دیوانی مقدمہ میں کوئی مدعی اپنے دعویٰ کے کل یا جزو سے سب یا کسی ایک مدعا علیہ کے خلاف کسی بھی نوبت پر اپنا دعویٰ ترک کر سکتا ہے - (ملاحظہ ہو حکم ۲۳ قاعدہ ۱ (۱) ضابطہ دیوانی) - نیز دیکھیے : ('Application for withdrawal of suit' and 'Withdrawal of suit').

Abandonment of children, **عیالیت اطفال -**

اگر بارہ سال سے کم عمر کے بچوں کا باپ یا ماں یا محافظ اس بچہ کو اس نیت سے کسی جگہ ڈال دے، یا چھوڑ دے کہ اس بچہ سے قطع تعلق کر لے تو شخص مذکور سزائے تعزیری کا مستوجب ہے - گو بچہ کو فی الواقع کوئی نقصان نہ پہنچا ہو پھر بھی جرم مکمل ہو جائے گا - اگر اس فعل سے بچہ کی موت

۱۷ بمبئی ۲۹۹ ، (۱۸۹۱ع) ۱۸ کلکتہ ۹۰ ،
۱۷ انڈین اپیلز ۹۰ -

Abandonment of plea, ترک عذر -

Abandonment of point, ترک نکتہ (قانونی) -

اگر کسی فریق نے مقدمہ کی سماعت کے دوران کسی نکتہ کو جان بوجھ کر ترک کر دیا ہو تو پھر اس نکتہ کو اپیل میں پیش کرنے کی اجازت نہیں دینی چاہیے - (۱۸۹۲ع) ۱۶ بمبئی ۵۸۶ -

Abandonment of right, ترک حق -

Abandonment of Right of Passage, ترک حق گزر - ترک حق مرور -

کسی راستہ کے محض عدم استعمال ، جب کہ متبادل دوسرا راستہ استعمال کیا جائے ، کا مطلب ہمیشہ یہ نہیں ہوتا کہ پہلے راستہ سے گزر کا حق ترک کر دیا گیا ہے (صدیق احمد بنام عبدالحمید ، ڈھاکہ لاء رپورٹ ، ڈھاکہ ص ۲۶۲) -

Abandum, *n.* ضبط شدہ شے -

Abase, *v.* گھٹانا - کم کرنا (مرتبہ سے) -

Abatable, *a.* قابل تخفیف -

Abate, *a.* زائل ہونا - ساقط ہونا - تخفیف کرنا یا ہونا - گھٹانا یا گھٹنا - کمی کرنا -

اس اصطلاح کی ضابطہ دیوانی میں تعریف بیان نہیں کی گئی ہے -

Abatement, *n.* سقوط - کمی - تخفیف -

قانون ولایت کے تحت تقرر ولی کی درخواست فریق کی موت سے ساقط نہیں ہوتی (۱۹۱۷ع لاہور ص ۳۸۵) مگر تحت قانون وراثت درخواست نسبت عطائے صداقت نامہ وراثت درخواست گذار کی وفات سے ساقط ہو جاتی ہے (۸۱ کلکتہ ویکلی نوٹس ص ۶۲۳) - تعمیل ڈگری کی کارروائی ڈگری دار کی وفات کی وجہ سے ساقط نہ ہوگی بلکہ بہ منظوری قائم مقامی جاری رہے گی - (۱۹۳۱ع بمبئی ص ۳۲۵) -

Abatement of action, سقوط دعوی -

مدعی یا مدعا علیہ کی وفات مقدمہ کے ساقط ہو جانے کا موجب نہ ہوگی، اگر دعوی کرنے کا حق باقی

واقع ہو جائے تو خاطی پر ارتکاب قتل کا جرم عائد ہوگا (۲ الہ آباد ص ۳۴۹) - ملاحظہ ہو دفعہ ۳۱۷ تعزیرات پاکستان -

Abandonment of domicile, ترک توطن -

Abandonment of easement, ترک حق آسائش -

اگر ملکیت غالب کا مالک (Superior Holder) اپنے حق آسائش سے ظاہراً یا معناً مالک تابع (Inferior Holder) کے حق میں دست کش ہو جائے تو اس کا حق استفادہ ختم ہو جاتا ہے لیکن دست کشی صرف ان حالات میں اور اس حد تک ہو سکتی ہے جن حالات میں اور جس حد تک ملکیت غالب کا مالک ، ملکیت کو منتقل کر سکتا ہے -

Abandonment of excess, ترک زائد -

مدعی اپنے دعوی کو عدالت کے دائرہ اختیار سماعت میں لانے کی غرض سے دعوی کے کسی زاید حصے کو ترک کر سکتا ہے اور اس سے دستبردار ہو سکتا ہے -

Abandonment of execution, تعمیل (ڈگری) سے دست برداری -

Abandonment of issue by pleader, ترک امر تنقیح طلب بذریعہ وکیل -

ایک وکیل کو اپنے عام اختیارات کے تحت اس امر کا اختیار ہے کہ وہ کسی امر تنقیح طلب کو اپنی صوابدید سے ترک کر دے (۱۹۰۲) ۲۵ مدراس ۳۶۷ ، ۳۷۷ (پریوی کونسل) - ایک مرتبہ کسی امر تنقیح طلب کو ترک کرنے کے بعد عدالت اپیل میں اس کو پھر اختیار کر کے بحث کی اجازت نہیں دی جا سکتی -

Abandonment of issue by guardian ad-litem, ترک امر تنقیح طلب بذریعہ ولی دوران مقدمہ -

ایک ولی دوران مقدمہ کسی امر تنقیح طلب کو دوران سماعت مقدمہ ترک کر سکتا ہے - ایسا ترک نابالغ پر قابل پابندی ہوگا بشرطیکہ اس میں کوئی دھوکہ یا غفلت فاش (gross negligence) نہ پائی جائے - (۱۸۹۹ع) ۲۲ مدراس ۵۳۸ ، (۱۸۹۳ع)

ہبہ بالوصیت کے اس حصہ کو کم کر دینا لازمی ہوتا ہے جس سے قرض کی ادائی کے لیے رقم کی کمی پوری ہو سکے ۔ اسلامی قانون میں وصیت کا نفاذ میت کے ذمہ قرضوں کی ادائی کے بعد ہوتا ہے ۔ (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو مجموعہ قوانین اسلام ، ڈاکٹر تنزیل الرحمن ، جلد چہارم [قانون وصیت]) ۔

Abatement of legal proceedings, سقوط کارروائی قانونی ۔

جب بناء دعویٰ باقی نہ رہے تو کسی عدالتی فیصلہ کے بغیر قانونی کارروائی مقدمہ کے حسن و قبح سے قطع نظر ساقط ہو جاتی ہے ۔

Abatement of nuisance, سقوط امر باعث تکلیف عام ۔

Abatement of rent, تخفیف کرایہ یا لگان ۔ کرایہ یا لگان کی تخفیف یا سقوط ۔

رضا کارانہ طور پر اس کرایہ سے کم لینا جو کرایہ نامہ کی رو سے واجب الوصول ہو ۔

Abatement of suit by death, سقوط مقدمہ بسبب مرگ ۔

(تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو آرڈر ۲۲ قاعدہ ۴ ، ۹ ضابطہ دیوانی)

Abatement of tax, تخفیف محصول ۔ محصول کا کلیتاً یا جزواً معاف کر دینا ۔

Abatement, Plea of, عذر سقوط ۔ ساقط ہونے کا عذر ۔

Abatude or abatuda, ناقص یا کم وزن یا کٹا ہوا (سکہ) ۔

Abbacy, *n.* مذہبی ادارہ کی حکومت ۔ پیشوا راج ۔

Abbreviate, *v.* مختصر کرنا ۔ اختصار کرنا ۔

Abbreviation, *n.* اختصار ۔

از روئے قانون ، اختصارات کے معنی و مفہوم کے متعلق شہادت قابل ادخال ہے ۔

Abbreviation, Use of, استعمال اختصارات ۔

"سرکاری دستاویزات میں اختصارات کے استعمال کے خلاف مجھے اپنا شدید احتجاج قلمبند کر دینا چاہیے

رہے ۔ (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو حکم ۲۲ ضابطہ دیوانی ۱۹۰۸ع)' لیکن ضروری ہے کہ متوفی مدعی یا مدعا علیہ کی جانب سے وفات کے بعد اندرون تین ماہ یہ درخواست دے دی جائے کہ متوفی کی جگہ اس کے ورثاء قانونی فریق مقدمہ بنائے جائیں ۔ پاکستان لاء ریفارمس آرڈی ننس ۱۹۷۲ع کے تحت اب کوئی مقدمہ محض اس بناء پر ساقط نہیں ہوسکتا کہ درخواست قائم مقامی اندرون معیاد نہیں دی گئی تھی (ملاحظہ ہو آرڈر ۲۲ قاعدہ ۴ ، ۹ ضابطہ دیوانی ترمیم شدہ) ۔

سقوط دعویٰ کی اصطلاح کی تعریف ضابطہ دیوانی ۱۹۰۸ع میں بیان نہیں کی گئی ۔

Abatement of annuity, تخفیف سالیانہ ۔ سالیانہ (رقم) میں تخفیف ۔

موصی کے سالیانہ کو ہبہ بالوصیت کر دینے کی صورت میں اگر موصی کا ترکہ اس کے قرضوں وغیرہ کی ادائی کے لیے ناکافی ہو تو دوسرے ہبہ کے تناسب سے ہبہ سالیانہ میں بھی تخفیف ہو جائے گی ۔

Abatement of appeal, سقوط مرافعہ یا اپیل ۔

سقوط مرافعہ یا اپیل کے لیے ، اپیل کنندہ یا ریسپانڈنٹ (مسئول الیہ) کی وفات سے وہی احکام متعلق ہوں گے جو مقدمہ (Suit) سے متعلق ہیں (ملاحظہ ہو حکم ۲۲ قاعدہ ۱۱ ضابطہ دیوانی ۱۹۰۸ع) ۔

زیر دفعہ ۴۳۱ ضابطہ فوجداری ۱۸۹۸ع ہر اپیل زیر دفعہ ۴۱۷ ملزم کی وفات سے ساقط ہو جائے گی اور دوسری ہر اپیل باب ۳۱ کے تحت بجز اپیل بہ سزائے جرمانہ کے اپیل کنندہ کی وفات پر ساقط ہو جائے گی ۔

Abatement of criminal proceedings, سقوط کارروائی فوجداری ۔

Abatement of Income, تخفیف آمدنی ۔

Abatement of Land Revenue, تخفیف مالیہ ۔

Abatement of Legacy, تخفیف ہبہ بالوصیت ۔ وصیتی ہبہ میں تخفیف ۔

اگر موصی کا چھوڑا ہوا سرمایہ اس کے قرض وغیرہ کی ادائی کے لیے ناکافی ہو تو موہوب لہ وصیتی کو

جو دستاویزات کو قطعاً ناقابل فہم بنا دیتا ہے ۔ متعلقہ حکام کو ملحوظ رکھنا چاہیے کہ جملہ دستاویزات میں دفتری ضابطہ کے استعمال کی اجازت نہیں دی جا سکتی" (جسٹس لہری ۔ ۶۱ کلکتہ ویکلی نوٹس ص ۹۲۱) ۔ خاص طور پر دستاویز کی رجسٹری وغیرہ میں اختصارات کا استعمال نہ کرنا چاہیے ۔

Abbreviature, *n*. مختصر مسودہ ۔

Abbroach, *v*. راستہ میں مال خرید لینا ۔ (بازار میں آنے سے پہلے)

Abbroachment, *n*. بازار میں آنے سے پہلے (راستہ میں) مال کی خریداری ۔

اسلامی قانون بیع مال میں اس قسم کی کارروائی کو "احتکار" کہتے ہیں ۔ رسول اکرم ؐ نے ایسے شخص کی سخت مذمت کی ہے جو مال کے بازار میں آنے سے پہلے راستہ ہی میں اس غرض سے خرید لے کہ بازار میں پہنچ کر فروخت کنندہ کو مال کے صحیح دام معلوم ہو جائیں گے یا یہ کہ بازار میں اس کے دوسرے لوگ خریدار بن جائیں گے اور اس طرح اس کے دام چڑھ جائیں گے ۔ چنانچہ حدیث میں آتا ہے "المحتکرملعون" احتکار کرنے والا مردود ہے ۔

Abbuttals or Abuttals, کسی مکان یا آراضی کا حدود اربعہ ۔

Abdicate, *v*. دست بردار ہونا (بادشاہت سے) ترک کرنا (اختیار یا کار منصبی کا) ۔ عاق کرنا ۔ محروم الارث کرنا ۔

Abdication, *n*. دست برداری (بادشاہت سے) ترک (اختیار و منصب) ۔ محروم الارث ۔ اعتزال ۔

Abduct, *v*. اغوا کرنا ۔

Abducted, *a*. مغویہ ۔ اغوا شدہ ۔

Abduction, *n*. اغوا ۔ بھگا لے جانا (جبراً یا ترغیباً) ۔ غائب کر دینا (وارث کا) ۔

جو شخص کسی شخص کو کسی جگہ سے جانے کے لیے اس کی رضامندی کے بغیر بہ جبر مجبور کرے یا دھوکہ سے کسی جگہ سے جانے کی تحریک کرے تو وہ شخص "بھگا لے جانے" کے جرم کا مرتکب ہوگا (دفعہ ۳۶۲ تعزیرات پاکستان) ۔

بھگا لے جانے سے مراد کسی شخص کا کسی شخص کو بالجبر یا دھوکہ سے کسی مقام سے چلے جانے کی تحریک کرنا ہے ۔ یہ فعل چونکہ امدادی نوعیت کا ہے اس لیے محض یہ فعل بالذات لائق تعزیر نہیں البتہ یہ فعل اس وقت جرم ہو جاتا ہے جب کہ اس کا ارتکاب جرائم مبینہ تعزیرات کی دفعات ۳۶۴، ۳۶۵ یا ۳۶۶ کے ساتھ کیا جائے (۱۹۵۰ء کلکتہ لاء جرنل جلد ۵۱ ص ۸۰۳) ۔ اغوا اس نیت کے ساتھ ہونا چاہیے کہ اس شخص کو خفیہ اور ناجائز طور پر حبس بے جا میں رکھا جائے (نورا بنام اسٹیٹ پی ایل ڈی ۱۹۶۰ء لاہور) ۔

Abduction by force, جبراً اغوا ۔ جبری اغوا ۔

Aberance, *n*. کج روی ۔ فتور عقل ۔

Aberation, *n*. انحراف ۔ نشانہ خطا کرنا ۔ نشانہ میں غلطی ہونا (مثلاً گولی کا غلطی سے کسی دوسرے کے لگ جانا) ۔ قواعد قانونی سے خارج ہونا ۔

Abductor, اغوا کنندہ ۔

Abet, *v*. اعانت کرنا ۔ ترغیب دینا ۔ آمادہ کرنا ۔ مدد دینا (جرم میں) ۔

Abetment, *n*. اعانت (جرم) ۔ اشتراک جرم ۔ تحریص ۔ ترغیب ۔

جب کسی فعل یا جرم کا ارتکاب اس ترغیب کے باعث یا اس پر عمل کرنے سے یا اس مدد سے واقع ہو جس کو اعانت قرار دیا گیا ہے تو کہا جائے گا کہ فعل یا جرم مذکور کا ارتکاب اعانت کے باعث ہوا ۔

کسی فعل میں ایک شخص کی اعانت اس وقت کہی جائے گی جب اس نے کسی شخص کو اس کے کرنے کی ترغیب دی ہو یا کسی شخص یا اشخاص کے ساتھ اس فعل کے کرنے کے لیے سازش میں شریک ہوا ہو یا اس سازش کی پیش رفت میں کوئی ایسا ناجائز فعل یا ترک فعل کیا ہو جس سے وہ فعل وقوع میں آ جائے یا دانستہ کوئی اور ناجائز فعل یا ترک فعل کرے ۔

اعانت فی نفسہ اس جرم کے واقعی ارتکاب میں شامل نہیں ہے جو اعانت کے باعث وقوع پذیر ہوا بلکہ یہ اس (اصل جرم) سے بالکل علیحدہ ایک جرم ہے (۵۲ کلکتہ انڈین اپیلز ص ۴۰) - ترغیب و اعانت جرم کی زیر دفعہ ۱۰۷ تعزیرات پاکستان تین مختلف صورتیں بیان کی گئی ہیں -

ترغیب کا جرم حسب دفعہ ۲۳۸ ضابطہ فوجداری، جرم معمولی نہیں ہے (پی ایل ڈی ۱۹۶۱ع لاہور ص ۲۱۲)-

Abetment, Previous, اعانت قبل از وقوع (جرم) - اعانت ما قبل

Abetment, Subsequent, اعانت بعد از وقوع (جرم) - اعانت مابعد -

Abettor or Abetter, *n.* معین (جرم) - جرم میں اعانت کرنے والا -

معین جرم وہ ہے جو کسی شخص کو کسی جرم کے ارتکاب یا ایسا فعل کرنے کی ترغیب دے جو اگر معین کی نیت یا علم کے ساتھ کیاجائے تو جرم ہو جائے - یہ ضروری نہیں ہے کہ جس جرم یا فعل کی ترغیب دی گئی ہو وہ واقع بھی ہو (لیکن محض وقوع جرم کے بعد کا علم جرم اعانت کے اثبات کے لیے کافی ہے -)

جب کسی شخص کو اصل مرتکب جرم کی حیثیت سے سزا دے دی جائے تو پھر اس کو معین کی حیثیت سے سزا نہیں دی جا سکتی - (۱ بمبئی ص ۱۵) -

ایسا ممکن ہے کہ اعانت کرنے والا اپنے عذرات یا اقرار کی بناء پر سزا یاب ہو جائے اور اصل (جرم کنندہ) نا کافی شہادت کے سبب چھوٹ جائے (ڈی - ایل - آر ۱۹۶۰ع ڈھاکہ ۱۴۷)-

Abeyance, *n.* التواء - ڈھیل - تعطل - توقیف -

Abeyance, Estate in, ملکیت موقوف -

Abeyance, To be in, بہ حالت التوا یا تعطل -

Abidance, *n.* احترام -

Abidance by law, احترام قانون -

قانون کا احترام قانون کی حکمرانی کا لازمی نتیجہ ہے، بشرطیکہ قانون بھی منصفانہ ہو -

Abide (by), *v.* منظور کرنا۔ پابند رہنا۔ انحصار کرنا۔

Cost to abide the result, خرچہ نتیجہ پر منحصر ہوگا - خرچہ مقدمہ کے نتیجہ پر -

Abide by a decision, کسی فیصلہ یا تصفیہ کا پابند ہونا -

Abide by the evidence of a witness, کسی گواہ کی شہادت کا پابند ہونا -

Ability, *n.* قابلیت - اہلیت - صلاحیت (قانونی)

Ability test, آزمائش قابلیت -

Ability to pay, قابلیت ادائی - ادا کرنے کی قابلیت -

Ab-initio, *ad.* من ابتدا - ابتدا سے - شروع سے - سرے سے -

یہ ایک لاطینی اصطلاح ہے -

زیر دفعہ ۴۳ تعزیرات پاکستان سزا دہی کے لیے ضروری ہے کہ نیت مجرمانہ جرم کی ابتداء ہی سے ثابت کی جائے (اول چودہری بنام محمد ولی اللہ، پی ایل ڈی ۱۹۶۱ع ڈھاکہ ص ۵۳) -

Ab-initio Void, باطل من ابتداء -

"باطل من ابتداء" کا عام قانونی مفہوم یہ ہوتا ہے کہ وہ شئے یا امر اپنے وجود ہی سے معدوم ہو، یعنی اس کا وجود و عدم برابر ہو -

Abjudicate, *v.* دینا یا منتقل کرنا بذریعہ ڈگری -

Abjuration *n.* حلفاً کسی شے کو چھوڑنا - انکار -

انگریزی قانون کے تحت یہ اصطلاح ان مجرموں کے لیے استعمال ہوتی ہے جو اپنے گناہوں کے اعتراف کے ساتھ حلفاً ملک چھوڑنے کا اقرار کرتے ہیں -

Abjure, *v.* ترک کرنے کی قسم کھانا -

Abkar, *n.* آب کار -

Abkari, *a.* آب کاری -

یہ دراصل اردو اصطلاح ہے - انگریزی میں اس کی مترادف اصطلاح ایکسائز استعمال ہوتی ہے -

Abkari laws, قوانین آب کاری -

Abkari revenue, محاصل آب کاری -

Abkari officer, افسر آب کاری -

Able, *a.* قابل - لائق - مجاز - ذی استطاعت - ذی مقدور -

Ablocation, *n.* (R. L.) کرایہ پر دینا ۔

Abnormal, *a.* غیر معمولی ۔

Abnormal conditions, غیر معمولی حالات ۔

Abode, *n.* مقام سکونت ۔ مسکن ۔ ٹھکانہ ۔

قانون میں اس اصطلاح کا اطلاق مقام سکونت اور مقام کاروبار دونوں پر ہوتا ہے ۔

عام طور پر ایک شخص کا مقام رہائش مقام کاروبار نہیں سمجھا جائے گا (۱ لاء جرنل کوئینز بینچ ص ۱۵۳) ۔

کسی شخص کے دو مقام سکونت یا رہائش ہو سکتے ہیں ، ایک وہ جس میں رات کو سکونت رکھتا ہو اور دوسرا وہ جہاں وہ دن کو رہتا ہو ۔

Abolish, *v.* منسوخ کرنا ۔ موقوف کرنا ۔ برخاست کرنا ۔ ختم کرنا ۔

Abolition, *n.* انسداد ، مسدودی ۔ تنسیخ ۔ فسخ ۔

Abolition of slavery, انسداد غلامی ۔

Abolition of zamindari, تنسیخ زمینداری ۔

Abominable crime, جرم شنیع ، جیسے جنسی جرائم ۔

Aborigines, *n.* کسی مُلک کے قدیم باشندے ۔ اقوام قدیم ۔

Abort, *v.* اسقاط ہونا ۔ حمل گرنا ۔

Aborticide, *v.* & *n.* جنین کا ہلاک کرنا ۔ ہلاکت جنین ۔ یہ فعل تعزیری جرم ہے ۔

Abortifacient, *a.* ساقط حمل ۔

Abortion, *n.* اسقاط حمل ۔

اگر تین ماہ کی مدت سے قبل حمل گر جائے تو اسے طبی اصول قانون کی اصطلاح میں (Abortion) کہتے ہیں اور اگر تین ماہ کے بعد گرے تو اسے (Miscarriage) کہا جاتا ہے ۔

Abortionist, *n.* حمل گرانے والا ۔

Abortive, *a.* بے سود ۔ لاحاصل ۔ عقیم ۔

Abortive Attempt, بے سود کوشش ۔ سعی لاحاصل ۔

Abortive medicine, اسقاط حمل کی دوا ۔

Above, *ad.* بالا ۔ اوپر ۔

Above-cited, مسطورہ بالا ۔

Above-mentioned, مذکورہ بالا ۔

Above-named, متذکرہ بالا ۔ مذکورہ بالا ۔

Above par, *a.* مالیت سے زائد قیمت ۔ بڑھوتی پر ۔

Above-referred, محولہ بالا ۔ محولہ صدر ۔

Above-stated, مذکورہ بالا ۔

Abrasion (of coins), *n.* فرسودگی (سکہ زر) ۔

Abridge, *v.* کم کرنا ۔ مختصر کرنا ۔ محروم کرنا (حق سے) ۔

Abridgement *n.* کمی ۔ اختصار ۔ خلاصہ ۔

Abroad, *ad.* بیرون ملک ۔ باہر (ملک سے) ۔

Abrogate, *v.* منسوخ کرنا ۔ فسخ کرنا ۔

Abrogation, *n.* منسوخی ۔ رد ۔ فسخ (قانون) ۔

Abrogation of contract, منسوخی معاہدہ ۔

Abrogation of law, منسوخی قانون ۔

یہ اصطلاح قانون کی منسوخی کے لیے مستعمل ہے ۔ مجلس دستور ساز یا شخص مجاز جس کو دستور کے تحت قانون سازی کا اختیار دیا گیا ہو، اختیارات حاصلہ کے تحت مروّجہ قانون کو منسوخ کر سکتا ہے ۔

Abrupt, *a.* (۱) یکایک ۔ اچانک ۔ ناگہاں ۔ (۲) بے ربط ۔

Abscond, *v.* روپوش ہونا ۔ فرار ہونا ۔

عدالت کے دائرہ اختیار سے باہر چلے جانا ۔ تعمیل سمن یا وارنٹ گرفتاری سے بچنے کی خاطر روپوش ہو جانا ۔

کسی سرکاری ملازم کے جاری کردہ اطلاع نامہ ، نوٹس یا حکم نامہ کی تعمیل سے بچنے کے لیے روپوشی تعزیری جرم ہے اور اگر احکام کسی شخص یا دستاویز کے عدالت میں پیش کرنے کے لیے ہوں تو سزا میں اور اضافہ ہو جاتا ہے (۱ اودھ ویکلی نوٹس ص ۱۵۹) ۔

ضابطہ فوجداری پاکستان کے تحت اس اصطلاح کا یہ مفہوم نہیں ہے کہ وہ شخص لازماً اس جگہ سے چلا جائے ۔ محض روپوشی اس اصطلاح کے مفہوم کو

پورا کرتی ہے ۔

انگریزی قانون میں یہ اصطلاح خاص طور پر ان اشخاص کے فرار کے لیے استعمال ہوتی ہے جو قانون قرضداران یا دوالہ کے تحت قید سے فرار ہو جاتے ہیں ۔

Abscond with property, مال لے کر بھاگ جانا ۔

Absconder, *n.* روپوش ۔ ملاحظہ ہوں دفعات ۸۷ و ۸۸ ضابطہ فوجداری

Absconding debtor, روپوش مدیون ۔

Absconding offender, روپوش مجرم ۔

Absence, *n.* غیر حاضری ۔ عدم موجودگی ۔ عدم وجود ۔ غیبت ۔ غیاب ۔

Absent, *a.* غیر حاضر ۔ غائب ۔ مفقود ۔

اگرچہ لفظ غیر حاضر ، حاضر کے متضاد ہے لیکن اس میں یہ ہرگز مضمر نہیں ہے کہ اس غیر حاضر شخص کو کسی وقت حاضر بھی ہونا چاہیے (اے ۔ آئی ۔ آر ۱۹۵۸ء مدارس ص ۵۹۸) ۔

کوئی مدعی دفعہ ۱۳ قانون میعاد سماعت کے تحت ہندوستان (یا پاکستان) کے باہر رہنے کے سبب اپنی غیر حاضری سے فائدہ نہیں اٹھا سکتا ، خواہ اس کی یہ غیر حاضری رضاکارانہ ہو یا غیر رضاکارانہ (۱۹۲ پریوی کونسل ص ۲۰۸) ۔

Absentee, *n.* غائب ۔ غائب باش ۔ غیر موجود ۔

قانوناً اس اصطلاح کا استعمال اس شخص کے لیے ہوتا ہے جو اپنے عام مقام سکونت پر موجود نہ ہو ۔

Absentee landlord, مالک غائب باش ۔

یہ اصطلاح اس مالک کے لیے بولی جاتی ہے جو اپنی اراضیات سے دور کہیں شہر میں رہتا ہو ۔

Absolute, *a.* مکمل ۔ مطلق ۔ قطعی ۔ بلاشرط ۔ بلا قید ۔

Absolue acceptance, قبول قطعی ۔ قطعی قبولیت ۔

Absolute assignment, انتقال مطلق ۔

Absolute conveyance, قطعی انتقال ۔

Absolute decree, آخری حکم ۔ حکم نہائی ۔

Absolute discretion, مکمل صوابدید ۔

Absolute disposition, انتقال مطلق ۔

Absolute government, حکومت استبدادی ۔

Absolute law, قانون خداوندی ۔ قانون الٰہی ۔

Absolute monopoly, مطلق العنان اجارہ داری ۔

See "Monopoly"

حکومت پاکستان نے اجارہ داریوں کی روک تھام اور تجارت میں صحت مندانہ رجحانات کو فروغ دینے کی غرض سے قانون انضباط اجارہ داری (Monopoly Control) نافذ کیا ہے ۔

Absolute necessity, قطعی ضرورت ۔

Absolute order, حکم قطعی ۔

عدالت کا حکم قطعی فوری طور پر قابل نفاذ ہوتا ہے الا یہ کہ خود حکم میں اس امر کی صراحت ہو کہ وہ حکم کسی معینہ وقت کے گذرنے پر قابل نفاذ ہے ۔

Absolute owner, مالک قطعی ۔ مالک کل ۔ مالک مطلق ۔

Absolute ownership, قطعی ملکیت ۔ (جائداد یا مال) ۔ ملکیت مطلقہ ۔

جو شخص جائداد کا قطعی مالک ہوتا ہے وہ اس جائداد کو جس طرح چاہے استعمال کر سکتا ہے اس کی حقیت کو نہ کوئی متاثر کر سکتا ہے اور نہ شکست دے سکتا ہے اور نہ وہ کسی حد یا پابندی سے متاثر کی جا سکتی ہے ، مگر وہ شخص جو محدود ملکیت کا حامل ہوتا ہے اس کو جائداد میں کلی اختیارات حاصل نہیں ہوتے مثلاً متوفی شوہر کی جائداد میں ہندو بیوہ کا حق ملکیت ۔

See "Ownership" also

Absolute power, اختیار مطلق ۔

Absolute privilege, استحقاق قطعی ۔

پاکستانی قانون کے تحت کسی ہتک عزت کے دعوئ برجانہ میں قطعی استحقاق کے عذر کو بطور صفائی یا جواب دہی پیش کیا جا سکتا ہے (پی ایل ڈی ۱۹۵۹ء کراچی ص ۳۷۸) ۔

Absolute right, قطعی حق ۔

Absolute title, حقیت مطلق ۔

Absolute, To make a rule, حکم درمیانی کا قطعی قرار دیا جانا ۔

مدعی کو ضرر کے فوری خطرہ کے پیش نظر بعض اوقات عدالتیں عارضی (یک طرفہ) حکم جاری کرتی ہیں ۔ فریق ثانی کو سننے کے بعد وہ حکم یا تو منسوخ ہو جاتا ہے یا قطعی قرار دیا جاتا ہے ۔

Absolutely, *ad.* مطلقاً ۔

Absolution, *n.* بریّت ۔

Absolve, *v.* بری ہونا یا کرنا (جرم سے) ۔

Absolve from liability, مواخذہ سے بریّت ۔

Abstain, *n.* امتناع ۔

Abstain, *v.* باز رہنا ۔

Abstain from voting, رائے دہی سے باز رہنا یا گریز کرنا ۔ رائے شماری میں حصہ نہ لینا ۔ امتناع تصویت ۔

Abstention, *n.* امتناع ۔ امساک ۔

Abstract, *v.* خلاصہ کرنا' انتخاب کرنا ۔ نکال لینا ۔

Abstract, *n.* اختصار ۔ خلاصہ ۔ انتخاب ۔ اقتباس ۔

Abstract of accounts, خلاصہ' حسابات ۔

Abstract of objections, خلاصہ' اعتراضات ۔

Abstract of petition, خلاصہ' عرضی ۔

Abstract of pleas, خلاصہ' عذرات ۔

Abstract of statement of accused, خلاصہ' بیان ملزم ۔

Abstract of title, خلاصہ' دستاویزات حقیت ۔

کسی جائداد غیر منقولہ سے متعلق ان قبالہ جات و دستاویزات کا خلاصہ جو بغرض اثبات ملکیت یا بغرض معائنہ مرتب کیا جاتا ہے ۔

Abstract of yield, فرد پیداوار ۔

Abstract of expenditure, خلاصہ' گوشوارہ اخراجات ۔

Absurd, *a.* بیہودہ ۔ واہیات ۔

Absurdity, *n.* بے ہودگی ۔ خرافات ۔

Abundance, *n.* کثرت ۔ بہتات ۔

Abundant, *a.* وافر ۔ کثیر ۔ بہت ۔

Abundant proof, وافر ثبوت ۔

Abundant stock, وافر ذخیرہ ۔

Abundantly clear, خوب واضح ۔

Abuse, *v.* گالی دینا ۔ برا کہنا ۔ بے جا استعمال کرنا ۔ بدنیتی سے استعمال کرنا ۔

Abuse, *n.* بے جا استعمال ۔

Abuse of concession, رعایت کا ناجائز استعمال ۔

Abuse of confidence, اعتماد کا بے جا استعمال ۔

Abuse of distress, خیانت مقروقہ ۔

اگر کوئی قرق امین کسی قرق شدہ جانور یا مال و اسباب کو اپنے استعمال میں لائے تو وہ خیانت مقروقہ کے جرم کا مرتکب ہوگا ۔

Abuse of law, قانون کا بے جا استعمال ۔

Abuse of liberty, آزادی کا بے جا استعمال ۔

Abuse of power, اختیار کا بے جا استعمال ۔

اختیار کے بے جا استعمال کا مطلب یہ ہے کہ جب کسی شخص کو کسی کام کے کرنے کا اختیار دیا جائے مگر وہ اپنے اختیار کو اس طرح کام میں لائے جس طرح کہ اس کو اختیار نہیں ہے تو کہا جائے گا کہ اس نے اختیار کا بے جا استعمال کیا (اے آئی ۔ آر ۱۹۳۶ع رنگون ص ۱۱ ، پی ایل ڈی ۱۹۶۵ع سپریم کورٹ ص ۲۸۷) ۔

Abuse of the process of court, احکام ضابطہ کا بدنیتی سے استعمال ۔

اگر کسی فریق کے ساتھ دھوکہ کیا گیا اور دھوکہ کے نتیجہ میں عدالت نے غلط فہمی سے بعض ایسے احکام جاری کر دیے جو بصورت دیگر جاری نہ ہوتے تو ایسی صورت میں سمجھا جائے گا کہ دھوکہ خود عدالت کو دیا گیا ہے اور عدالت اپنے خاص اختیارات کے تحت نہ صرف اس کی مجاز ہے بلکہ اس کا فرض ہے کہ ایسے احکام کو فوراً منسوخ کر دے (۱۹۵۲ع پٹنہ ص ۳۸) ۔

کسی دیوانی ذمہ داری کو فوجداری کارروائی کے ذریعہ نافذ کرانا عدالتی احکام کا بدنیتی سے استعمال کہلائے گا ۔ ملاحظہ ہو پی ایل ڈی ۱۹۶۳ع کراچی

۸۶۸، پی ایل ڈی ۱۹۶۲ء پشاور ۱۶۷، پی ایل ڈی ۱۹۶۳ء لاہور ۳۸۱ -

Abuse of trust, خیانت الامانت -

Abusing children, نابالغ بچوں کے ساتھ بدفعلی -

Abusive language, بد زبانی - گالی گلوچ - کلمات دشنام آمیز -

Abut or Abutt, *v.* متصل ہونا - سہارے پر ہونا (کسی چیز یا عمارت کے) -

Abuttals, *n.* حدود اراضی متصلہ -

Abutter, *n.* شفیع - مالک جائداد متصلہ -

Abutting owner, مالک شفیع -

Abwab, *n.* ابواب -
ایک معمولی سی رقم جو زمیندار اپنے کاشت کار سے علاوہ رقم پٹہ آراضی وصول کرتا ہے - (۱۱ کلکتہ ص ۱۷۶)

Academic, *a.* تعلیمی - علمی - اکادیمی -

Academic year, تعلیمی سال -

Academic interest, علمی دل چسپی -

Academy of law, اکادمی قانون -

Accede, *v.* منظور کرنا - قبول کرنا - ضم ہونا - یا شامل ہونا (وفاق میں) -

Acceded states, *n.* انضمامی ریاستیں -

Accelerate, *v.* جلد وقوع میں لانا -

Acceleration, *n.* تعجیل - سرعت - تیزی -

Acceleration of succession, تعجیل وراثت - وراثت کا قبل از وقت پہنچنا -
اسلامی قانون وراثت میں وارث کا ایسا فعل جو تعجیل وراثت کے لیے ہو، ناپسندیدہ قرار دیا گیا ہے - اسی بناء پر مورث کو قتل کر دینا تا کہ اس کے مر جانے کے بعد وارث کو جلد ترکہ مل جائے، اس کی ترکہ سے محرومی کا سبب قرار دیا گیا ہے - آنحضرتؐ کا ارشاد ہے ''لاوراثۃ لقاتل'' مورث کے قاتل کے لیے کوئی ترکہ نہیں - (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو مجموعہ قوانین اسلام، مؤلفہ تنزیل الرحمن جلد پنجم باب ''موانع میراث''۔

Accept, *v.* منظور کرنا - قبول کرنا - سکارنا -

Acceptance, *n.* قبولیت - منظوری - سکرائی - قبول - تسلیم -

Acceptance, Clean, قبولیت قطعی - مطلق سکرائی - قبولیت کلی -

Acceptance, Conditional, مشروط سکرائی یا قبولیت - قبول معلق علی الشرط - قبولیت معلقہ -

Acceptance, Express, صریحی قبولیت یا سکرائی -

Acceptance, Forged, جعلی قبولیت یا سکرائی -

Acceptance, General, عام سکرائی یا قبولیت - قبول عام -

Acceptance, Implied, معنوی قبولیت یا سکرائی -

Acceptance, Negotiate after, سکارنے کے بعد بیع و شری کرنا -

Acceptance of a bill of exchange, مبادلہ ہنڈی کا سکارنا یا قبول کرنا - سکرائی مبادلہ ہنڈی -
ہنڈی کو وہ موسوم علیہ یا موسوم علیہم قبول کر سکتے ہیں جن کے نام ہنڈی میں درج ہوں لیکن کوئی اجنبی اس کو قبول نہیں کر سکتا بجز اس کے کہ سکرائی موسوم علیہ کی حفظ آبرو کی غرض سے کی جائے (۲ انڈین اپیلز ص ۸۰۳) - قبولیت کو زبانی ہی کیوں نہ ہو رواج کے تحت کافی ہے مگر ایسی قبولیت قانون دستاویزات قابل بیع و شری کے تحت ناکافی ہے (۱۹۳۰ء لاہور ص ۱۷۳) -

Acceptance of an order, قبول حکم -

Acceptance, Partial, جزوی سکرائی یا قبولیت - قبول جزوی -

Acceptance, Proposal and, ایجاب و قبول -
ایجاب یہ ہے کہ ایک شخص کسی دوسرے سے کسی امر کے کرنے یا نہ کرنے یا اس سے اجتناب کرنے کے لیے اپنی مرضی اس غرض سے ظاہر کرے کہ دوسرے شخص سے اس کی منظوری حاصل کی جائے اور قبولیت یا منظوری یہ ہے کہ وہ شخص اپنی رضامندی ظاہر کر دے - ایسی قبولیت صرف الفاظ ہی کے ذریعہ نہیں حرکات و سکنات اور سکوت

کے ذریعہ بھی ہو سکتی ہے -

ایجاب و قبول معاہدات کی اساس ہیں - اگر ایجاب و قبول قانوناً قابل نفاذ ہوں تو معاہدہ ہے ورنہ ایک ناجائز اقرار ہوگا - (۱۹۵۲ع کلکتہ ص ۳۲) -

Acceptance, Qualified, شرطیہ یا مقید سکرائی یا قبولیت - قبول موصوف -

Acceptance, Unauthorized, غیر مجاز یا غیر ذمہ دارانہ قبولیت -

Acceptability, *n.* قابل قبول ہونا -

Accepted, *a.* سکارا ہوا - قبول شدہ - قبول کردہ -

Accepted bill, قبول کردہ ہنڈی -

Accepted custom, مسلّمہ رواج -

Accepted standard, مسلّمہ معیار -

Accepting a bribe, قبول رشوت -

Acceptor, *n.* قبول کنندہ - سکارنے والا - سکارو-

جیسے ہی قبول کنندہ نے ہنڈی قبول کر لی اسی لمحہ اس پر یہ ذمہ داری عائد ہو جاتی ہے کہ وہ اس کی ادائی کرے (۳۶ انڈین کیسیز ص ۹۹۶) ہنڈی سکارنے والا یہ کہہ کر نہیں بچ سکتا کہ قبولیت بلا بدل ہے (۵۷ کلکتہ ص ۶۹۵) -

Acceptor's liability, سکارنے والے کی ذمہ داری -

Acceptor for Honour, بغرض آبرو سکارنے والا -

کسی مبادلہ ہنڈی کی نسبت یادداشت یا احتجاج لکھا جا چکا ہو تو کوئی شخص جو فریق کی حیثیت سے ذمہ دار نہ ہو چکا ہو قابض کی رضامندی سے ہنڈی کو کسی فریق کی حفظ آبرو کے لیے سکار سکتا ہے لیکن ایسا کرتے وقت اس کو چاہیے کہ وہ ہنڈی کی پیشانی پر یہ تحریر کرے کہ وہ کس فریق کے تحفظ آبرو کی خاطر سکار رہا ہے : (ملاحظہ ہو شرح قانون دستاویزات قابل بیع و شرئ ۱۸۸۱ع ؛ مؤلف ہذا) -

Access, *n.* پہنچ - رسائی - دخول -

لفظ "رسائی" مستعملہ دفعہ ۱۱۲ قانون شہادت سے مراد مباشرت واقعی نہیں ہے - دفعہ مذکورہ کے تحت قیاس قانونی لازمی کے استرداد کا ایک ہی طریقہ ہے اور وہ ہے اثبات اس واقعہ کا کہ زوجین کو اس زمانے میں جب کہ استقرار حمل کا امکان ہو سکتا تھا ، باہمی ارتباط جنسی کا موقع حاصل نہ ہوا (۱۹۵۳ع مدراس ص ۳۳) - چنانچہ کسی بچہ کی صحیح النسبی کے قیاس کو رد کرنے کے لیے اگر یہ ثابت کر دیا جائے کہ شوہر ایک بار بھی بیوی کے پاس اس مدت میں جس میں کہ استقرار حمل کا امکان تھا ، نہ پہنچ سکا تو یہ ثابت ہو جائے گا کہ وہ بچہ اس کا نہیں ہے -

Accessary or accessory, *n.* شریک - معین - شریک جرم - تابع -

قانون فوجداری میں یہ اصطلاح اس شخص کے لیے استعمال ہوتی ہے جو اگرچہ خود مجرم نہ ہو مگر کسی نہ کسی اعتبار سے شریک جرم سمجھا جائے -

Accessary after the fact, شریک بعد وقوع جرم - معین بعد جرم -

یہ اصطلاح انگریزی قانون کی ہے اور انگلستان میں مستعمل ہے -

Fact سے مراد وقوع جرم ہے اور شریک بعد وقوع جرم وہ شخص کہلاتا ہے جو یہ جاننے کے بعد کہ فلاں شخص فلاں جرم کا مرتکب ہوا ہے اس کو بچانے کی خاطر چھپا دے کہ اس کا جرم ظاہر نہ ہو اور وہ سزا سے محفوظ رہے - علاوہ ازیں شریک بعد وقوع جرم اس شخص کو بھی کہتے ہیں جو جرائم مسلسل میں بعد ابتدا کسی نوبت پر شریک ہوا ہو -

Accessary before the fact, شریک قبول وقوع جرم - معین قبل جرم -

یہ اصطلاح انگریزی قانون کی ہے اور انگلستان میں مستعمل ہے چنانچہ وہ شخص جو وقوع جرم سے قبل مجرم کو ارتکاب جرم کے سلسلے میں مشورے وغیرہ دیتا رہا ہو Accessary before the fact کہلاتا ہے-

Accessary rights, حقوق متعلقہ (بغرض تکمیل حق آسائش) -

(ملاحظہ ہو دفعہ ۴ قانون آسائش) -

نقصان ہے لیکن فی الحقیقت یہ ایک معینہ رقم کی ادائی کی ایک خاص ذمہ داری ہے جو کسی شخص کے کسی حادثہ میں متضرر ہونے یا موت واقع ہونے کی صورت میں بیمہ کمپنی پر عائد ہوتی ہے ۔ اسلامی قانون کی رو سے معاہدۂ تامین حادثہ قمار (جوے) کی قبیل سے ہے ' علاوہ ازیں اس میں ربا کا بھی دخل ہے جو شرعاً حرام ہے ۔

بیمہ کمپنی کے ، بصورت حادثہ ، متضرر کو جس کا نام پالیسی میں درج ہو روپیہ ادا کر دینے سے اس شخص متضرر کا یا بصورت وفات اس کے قدیم مقامان قانونی کا وہ حق جو انہیں مضرت پہنچانے والے کے خلاف ارجاع نالش ہرجہ کا پیدا ہوتا ہے ، اس وجہ سے زائل نہیں ہو سکتا کہ متضرر یا متوفی نے ایسے حادثہ کے خلاف مضرت یا موت کا بیمہ کرا لیا تھا ۔

Accident proneness, حادثاتی میلان ۔

Accident, Unavoidable, ناگزیر حادثہ ۔

ناگزیر یا اٹل حادثہ وہ ہے جس کو معمولی توجہ ، احتیاط یا سوجھ بوجھ سے کام لے کر روکنا ممکن نہ ہو (لا رپورٹ نمبر ۴ پریوی کونسل ص ۲۱۲) ۔

ناگزیر حادثات کی وجوہ کو دو حصوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے (۱) قدرتی حادثات جن کے وقوع میں انسانی افعال کا کوئی دخل نہیں ۔ (۲) غیر قدرتی حادثات جن کے وقوع میں کلی یا جزوی طور پر انسانی تعلق ہوتا ہے *See "Act of God" also* ۔

Accidental injury, ناگہانی مضرت ۔

Accidental mistake, اتفاقی غلطی ۔

Accidental omission, اتفاقی فروگذاشت ۔

Accidental slip, اتفاقی سہو ۔

ضابطہ دیوانی کی دفعہ ۱۵۲ کے تحت کسی عدالتی فیصلہ یا ڈگری میں اگر کوئی اتفاقی سہو ہو گیا ہو تو عدالت کسی فریق کی درخواست پر یا خود اپنی مرضی سے اس کی تصحیح کر سکتی ہے لیکن اگر وہ اتفاقی سہو نہیں ہے تو باضابطہ کارروائی ضروری ہے مثلاً نظرثانی ، اپیل یا نگرانی (اے ۔ آئی ۔ آر ۱۹۵۲ء کلکتہ ص ۵۵۵) ۔

Accessary to adultery, شریک جرم زنا ۔

کوئی شوہر یا بیوی جو کسی ایک کو زنا کی ترغیب دیں یا اس پر رضامند ہوں یا زنا کے ارتکاب میں اعانت کریں تو ایسا ترغیب دہندہ یا اعانت کنندہ جرم زنا کی بنا پر طلاق کا مطالبہ نہیں کر سکتا ۔

Accessible, *a.* قابل رسائی (مقام) ۔

Accession, *n.* تخت نشینی ۔ شرکت وفاق ۔ انضمام ۔ اندراج (کتب) ۔

ایک ریاست کا بربنائے معاہدہ کسی دوسری ریاست یا وفاق میں ضم ہو جانا ۔

Accident, *n.* حادثہ ۔ ناگہانی واقعہ ۔ اتفاق ۔

حادثہ ایک ایسی غیر متوقع مضرت ہے جو کسی ان دیکھی مصیبت یا واقعہ سے پہنچ جائے ۔ حادثہ ایک ایسا واقعہ ہے جو غیر متوقع یا ناگہانی ہو ۔ ان واقعات کی نسبت جو اس تعریف کے تحت آ سکتے ہیں اختلاف رائے ہے ۔ اس لحاظ سے اصطلاح حادثہ ہنوز مبہم اور غیر واضح ہے مثلاً معمولی کام کے دوران میں زیادہ مشقت کو ایک حادثہ قرار دیا گیا ہے ۔ قتل یا حادثہ سے موت ، سنگباری سے موت ، لو سے موت ، کسی جانور کے حملے سے موت ، جسم کو سن کرنے والی دوائی سے موت وغیرہ یہ سب حادثہ کی مثالیں ہیں ۔

کوئی ایسا امر جو اتفاق سے اور بغیر مجرمانہ نیت یا علم کے کسی فعل جائز کے کرنے میں صادر ہوا ہو اور فعل جائز طریق کے ساتھ کیا جائے تو ایسا امر مستوجب سزا نہیں ہے (دفعہ ۸۰ تعزیرات پاکستان) ۔

قانون معاہدہ کے تحت اگر ہرجہ و تاوان کے مقدمہ میں اتفاقی حادثہ ہو جائے بشرطیکہ اس میں غفلت ، بداطواری یا ناکارکردگی نہ پائی جائے تو یہ ایک مناسب جواب دہی سمجھی جاتی ہے ۔

Accident Insurance, *n.* حادثہ بیمہ ۔ تامین حادثہ ۔

بیمہ کی یہ قسم کو ایک حد تک معاہدہ حفاظت

Accommenda, *n*. مالک مال اور مالک جہاز (بحری) کے مابین ایک معاہدہ ۔

اس معاہدہ کے تحت مالک اپنا مال مالک جہاز کے سپرد اس شرط پر کرتا ہے کہ اس کی فروخت سے جو نفع ہوگا وہ دونوں کا ہوگا اور اگر مال میں منافع نہ ہو تو مالک جہاز کچھ منافع پانے کا مستحق نہ ہوگا ۔

Accommodation, *n*. جگہ ۔ جائے سکونت ۔ سہولت ۔ گنجائش ۔ تسہیل ۔

یوپی قانون انضباط (عارضی) کرایہ و اخلا کی دفعہ ۲ (الف) کے تحت جائے سکونت (Accommodation) کی تعریف میں خالی آراضی شامل نہیں ہے ۔

Accommodation bill, سہولتی ہنڈی ۔

دفعہ ۴۳ قانون دستاویزات قابل بیع و شری کے تحت ہنڈی بغیر بدل بھی لکھی اور سکاری جا سکتی ہے ۔ بعض لوگ اپنے دوستوں کی خاطر بلا بدل ہنڈی لکھ دیتے ہیں ۔ یہ ہنڈی بالبدل منتقل کی جا سکتی ہے ۔ جو اشخاص ایسی ہنڈیاں جاری کرتے یا قبول کرتے ہیں یا تحریر ظہری لکھتے ہیں وہ سہولتی فریق کہلاتے ہیں ۔ ہنڈی اس وقت خارج ہو جاتی ہے جب کوئی شخص جو حقیقی قرض گیرندہ ہو ، ہنڈی کا روپیہ ادا کر دے ۔

Accommodation land, شاملی زمین ۔

وہ زمین جو دوسری زمین میں شامل کرنے کی غرض سے لی جائے ۔

Accommodation works, سہولتی تعمیرات ۔

وہ تعمیرات جو ریلوے کمپنی ریلوے کی متصلہ زمین کے قابضان اور آباد لوگوں کی رہائش کے لیے کرتی ہے ۔

Accompany, *v*. ساتھ ہونا ۔ ہم راہ ہونا ۔

Accompanied by, بہ ہمراہ ۔

قانون محصول آمدنی کی دفعہ ۶۶ (الف) کے تحت Accompanied by کی بہت زیادہ لفظی تعبیر نہیں کرنی چاہیے ۔ اس کے معنی ساتھ جانے کے ہیں (اے ۔ آئی ۔ آر ۱۹۵۱ع ناگپور ص ۲۲۳ ، ۱۹۵۳ع بمبئی ص ۲۰۰ ، ۱۹۵۵ع مدراس ص ۱۰۶۲) ۔

Accompaniments, *n*. منسلکات ۔

Accompanying, *a*. منسلکہ ۔

Accomplice, *n*. شریک ۔ معین (جرم) ۔

جو شخص کسی دوسرے مجرم کے ساتھ مل کر جرم کا ارتکاب کرے وہ شریک جرم (Accomplice) کہلاتا ہے ۔ اگر وہ اقبال جرم اور معافی کے بعد گواہ سلطانی بن جائے اور دوسرے مجرموں کے خلاف شہادت دے تو اسے انگریزی اصطلاح میں Approver کہتے ہیں ۔

ایک شریک جرم کی شہادت دوسرے شریک جرم کے بیان کی توثیق کے لیے پیش کی جا سکتی ہے (پی ۔ ایل ۔ ڈی ۱۹۵۸ع سپریم کورٹ پاکستان ص ۳۱۵) ۔ اگرچہ شریک جرم کی گواہی ہر عدالت تامل کے ساتھ عمل پیرا ہوگی (پی ۔ ایل ۔ ڈی ۔ ۱۹۵۵ع لاہور ص ۲۰۱) ۔

Accord, *n.* & *v*. (۱) راضی نامہ ۔ تصفیہ باہمی ۔ (۲) عطا کرنا ۔ مطابق ہونا ۔

راضی نامہ اور اس کے مطابق معاوضہ لے کر حق سے دست برداری ۔

Accord and satisfaction, تراضی و تصفیہ ۔

Accordance, مطابقت ۔

Accordance with, In, بموجب ۔ حسب ۔

According to, بلحاظ ۔ باعتبار ۔ بنظر ۔ بموجب ۔

According to custom, حسب رواج ۔

According to discretion, حسب مرضی ۔

حسب مرضی کی اصطلاح کا قانونی مفہوم یہ ہے کہ مرضی کا استعمال قانون ، انصاف اور نیک نیتی کے تقاضوں کی حدود میں رہ کر کیا جائے ۔ اس کا مطلب ذاتی رائے نہیں ہے ۔ (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو مکسیویل انٹر پریٹیشن آف اسٹیچوٹ نواں ایڈیشن صفحات ۱۲۹ - ۱۳۰ و پی ایل ڈی ۱۹۵۷ع لاہور ۶۱۵) ۔

According to equity, justice and good conscience, نصفت ، انصاف و نیک نیتی کے مطابق ۔

جب کسی امر کے متعلق قانون میں کوئی حکم موجود نہ ہو تو مقدمہ اصول مذکورہ کے مطابق فیصل کیا جاتا ہے۔ نصفت سے مراد اخلاق، قدرتی انصاف، ایمانداری اور معاملہ کی صفائی ہے جس کے تعین کے لیے اس کے معین اصولوں سے مدد لی جاتی ہے اور معاملہ محض عدالتی حکام کی نیک ضمیری پر نہیں چھوڑا جاتا۔

According to Law, حسب قانون۔ قانون کے بموجب۔

According to order, حسب الحکم۔ حکم کے مطابق۔

According to rule, حسب قاعدہ۔

According to requirements of the case, ضروریات مقدمہ کے مطابق۔

Accordingly, حسبہ۔

Account, *n. & v.* حساب۔ حساب کتاب۔ حال۔ کیفیت۔ بیان۔ حساب دینا۔ وجہ بیان کرنا۔ جواب دینا۔

Account of Receipt and Balances, حساب واصل باقیات۔

Account of Receipt and Disbursement, حساب آمد و خرج۔

Account, Action of, دعویٰ حساب فہمی۔

Account, Closing of, حساب بند کرنا۔ چٹھہ بندی۔

Account, Credit, حساب جمع۔

Account, Current, چالو کھاتہ۔ حساب جاریہ۔ کھاتہ جاریہ۔

کھاتہ جاریہ کا مطلب یہ ہے کہ حساب چالو ہو یعنی ایک ایسا حساب جو جاری رہے اور ملتوی یا بند نہ ہو (۱۹۳۳ع بمبئی ص ۴۵۰) ایک چالو کھاتہ کو کھلا حساب اس وقت کہا جائے گا جب کہ اس کا بقایا نہ نکالا گیا ہو اور اگر نکالا گیا ہو تو قبول نہ کیا گیا ہو۔ یا فریقین نے اس کی صحت کی تصدیق نہ کی ہو اور حساب چالو اس صورت میں بھی ہوگا جب کہ فریقین کے درمیان مسلسل جاری رہے (۱۹۲۲ع لاہور ص ۳۱۶)۔

Account, Debit, حساب خرچ۔

Account, Joint, حساب مشترک۔

Account, Mutual, باہمی حساب۔

Account, On, علی الحساب۔

Account, Rough, کچا حساب۔

Account, Settled, تصفیہ شدہ حساب۔

Account, Stated, تسلیم شدہ حساب۔

Account, Suspense, لا پتہ حساب۔

Account, To balance an, جمع خرچ ملانا۔ جمع خرچ کی مد ملانا۔

Account, To credit in, جمع کرنا۔ جمع میں لکھنا۔

Account, To debit in, نام پر لکھنا۔ نام میں ڈالنا۔

Account, To draw up an, حساب کتاب لکھنا۔ جمع خرچ کرنا۔

Account, To keep an, حساب رکھنا۔

Account, To open an, حساب کھولنا۔ کھاتہ کھولنا۔

Account, To place to, حساب میں چڑھانا۔

Account, To post an, کھاتا کرنا۔ کھتیان کرنا۔

Account, Writ of, حکم نامہ برائے پیشی حساب۔

Accountable, *a.* جواب دہ۔ ذمہ دار۔

Accountability, *n.* ذمہ داری۔ جواب دہی۔

Accounts, *n.* حساب کتاب۔ حسابات۔

Accounts irregularities, حسابی بے ضابطگیاں۔

Accounts objections, حسابی اعتراضات۔

Accounts, Abstract of, خلاصۂ حساب۔

Accounts, Adjustment of, تطابق حساب۔

Accounts, Election, حسابات انتخاب۔

جمہوری اداروں کے انتخابات میں امیدواروں کو انتخاب کے اخراجات کا حساب ایک معینہ مدت میں داخل کرنا ضروری ہوتا ہے۔ بہ صورت عدم ادخال انتخاب کالعدم قرار دیا جا سکتا ہے۔

Accounts, Falsification of, جعلی حساب بنانا۔ حساب میں جعل سازی کرنا۔

جب کوئی شخص جو ملازم ہو یا بطور ملازم کام

Accountant, *n.* محاسب ۔

Accountant, Chartered, چارٹرڈ اکاؤنٹینٹ ۔ منشوری محاسب ۔

Accountant General, اکاؤنٹینٹ جنرل ۔ صدر محاسب ۔

Accountant in Bankruptcy, محاسب جائداد دوالہ ۔

Accountant, Incorporated, سند یافتہ محاسب ۔

Accountant, Registered, رجسٹرڈ اکاؤنٹینٹ ۔ رجسٹری شدہ محاسب ۔

Accountantship, *n.* محاسبی ۔

Accountancy, *n.* فن حساب نویسی ۔

Accredit, *v.* اعتماد حاصل کرنا ۔ اثر پیدا کرنا ۔

کسی سیاسی نمایندہ یا سفیر کو ایسے اختیارات اور اسناد دینا جو اس کی سرکاری حیثیت کے درجہ اور مرتبہ کے لحاظ سے اس کی توقیر و مشایعت کو متعین کرتے ہوں ۔

یہ اصطلاح اخباری نمایندوں کے لیے بھی مستعمل ہے ۔

Accredited, *a.* معتبر ۔ معتمد علیہ ۔ مستند ۔ سند یافتہ ۔

Accredited Agent, کارندہ معتبر ۔ مختار ذی اعتبار ۔

Accredited Representative, نمایندۂ معتمد علیہ ۔

Accredition, *n.* اعتماد ۔

Accredition papers, کاغذات اعتماد ۔

Accretion, *n.* اضافہ مثلاً کسی وارث کے حصہ میں کسی دوسرے حصہ دار کی وفات کے سبب ۔

Accretion of land, اضافہ زمین ۔ دریا بر آر زمین ۔

یہ اضافہ دو طرح سے ہوتا ہے ۔ ایک یہ کہ ریت اور دریا کے کنارے بہہ جائیں اور پختہ زمین نکل آئے ۔ دوسرے یہ کہ دریا یا سمندر کی سطح آب نیچے آجائے ۔ اگر یہ زمین معمولی مقدار میں ہو تو عام طور پر متصلہ زمین کے مالک کی ملکیت ہو جاتی ہے اور زیادہ ہو تو سرکاری ملکیت قرار پاتی ہے ۔

Accrimination, *n.* الزام تراشی ۔

Accroach, *v.* دبا لینا (آراضی) ۔ دست اندازی کرنا ۔ (کسی کے حق پر) ۔

کرتا ہو حساب و کتاب میں کوئی جھوٹا اندراج کرے یا کوئی اندراج نکال دے یا چھوڑ دے تو ایسا فعل یا ترک فعل قابل سزا جرم ہے ۔ (دفعہ ۴۷۷ الف تعزیرات پاکستان) ۔

Accounts, Private, خانگی حسابات ۔

Accounts, Public, سرکاری حسابات ۔ حسابات عامہ ۔

Accounts, Suit for rendition of, دعویٰ حساب فہمی ۔

اگر کوئی شخص جو دوسرے شخص کو حساب دینے کا قانوناً پابند ہو حساب دینے سے انکار کرے تو اس کے خلاف حساب فہمی کا دعویٰ دائر کیا جا سکتا ہے ۔ چنانچہ ہندو خاندان مشترکہ کا منتظم (کرتا) دوسرے ارکان خاندان کو حساب دینے کا پابند ہے ۔ ایک کارندہ بھی قانون معاہدہ کی دفعہ ۲۱۳ کے تحت اپنے مالک کو حساب دینے کا ذمہ دار اور پابند ہے ۔

دعویٰ حساب فہمی میں مدعی کو یہ بتلانا ہوگا کہ مدعا علیہ حسابی فریق ہے (۱ الہ آباد لا جرنل ص ۳۴۷) اور ایسے خاص واقعات کا انکشاف بھی کرنا ہوگا جس سے فریق ثانی کے خلاف بادی النظر میں مواخذہ داری قائم ہو جائے (۱۹۳۸ء پٹنہ ص ۳۹۲) ایک شخص جو خواہ دوسرے کی جائداد یا رقم میں مداخلت کرتا ہو حساب رکھنے کا ذمہ دار ہے گو اس کے ساتھ معاہداتی تعلق قائم نہ ہوا ہو (کلکتہ لا جرنل ص ۸۸) ۔

کسی کمپنی کے حسابات کی تنقیح بلاشبہ تنقیح کے تعلق سے کسی فریب یا غلطی کے ثبوت کی عدم موجودگی میں یہ اثر رکھتی ہے کہ حصہ داروں اور ڈائریکٹروں کے درمیان حسابات پاک ہوگئے ہیں اور ان کا تعین ہو چکا ہے مگر اس کی وجہ سے کمپنی کا اپنے کارندوں سے حساب طلب کرنے کا حق زائل نہیں ہوتا (۴۲ انڈین کیسیز ص ۳۷۵) ۔

Accounts, To make up, حساب کتاب درست کرنا یا تیار کرنا

Accounts, Written off, حساب سے خارج شدہ ۔ ناقابل وصول (اصطلاحاً) ۔

Accroachment, *n.* دست اندازی ۔ تصرف بے جا ۔

Accrue, *v.* پیدا ہونا ۔ (حق) حاصل ہونا ۔ واجب الوصول ہونا ۔

Accrue اور arise کی اصطلاحیں ایک دوسرے کی مترادف نہیں ہیں ۔ (پی ۔ ٹی ۔ ڈی ۱۹۵۹ع ص ۳۲۰)

Accrued, *a.* محصلہ ۔ حاصل ہوا ۔ ملا ۔ نکلا (حساب میں) ۔ مستحقہ ۔

Accrued by alluvion, دریا سے نکلی ہوئی دریا برآمد ۔ دریا برآر ۔

Accrued expenses, ادا طلب مصارف ۔

Accrued income, محصلہ آمدنی ۔ واجب الوصول آمدنی ۔

دفعہ ۴ قانون محصول آمدنی کے تحت اس اصطلاح کے معنی آمدنی کا حقیقی طور پر حاصل ہونا نہیں ہے صرف آمدنی کے حاصل یا وصول کرنے کا حق پیدا ہونا کافی ہے ۔

Accrued, Cause of action, بنائے دعویٰ پیدا ہوئی ۔

Accumulate, *v.* جمع ہونا ۔ جمع کرنا ۔ سمیٹنا (دولت) ۔

Accumulation, *n.* جمع ہونا ۔ اجتماع (زر) ۔

Accumulation, Direction for, ہدایت برائے اجتماع (زر) ۔

(ملاحظہ ہو دفعہ ۱۷ قانون انتقال جائداد ۱۸۸۲ع) ۔

Accumulated profit, جمع شدہ نفع ۔

Accumulated wealth, مجتمع دولت ۔ جمع شدہ دولت ۔

Accumulative judgement, اجتماعی فیصلہ ۔

وہ فیصلہ جس میں ایک سے زیادہ جرائم کی بابت مختلف سزائیں دی جائیں ۔

Accumulative sentence, سزا یکے بعد دیگرے (اجتماعی) ،

جس میں حکم سزا کی تعمیل سزائے اول کے ختم ہو جانے کے بعد شروع ہو ۔

Accuracy, *n.* صحت ۔ درستی ۔

Accurate, *a.* صحیح ۔ درست ۔

Accurate version, روایت صحیحہ ۔ صحیح روایت ۔ صحیح بیانی ۔

Accusation, *n.* الزام ، جو کسی شخص پر لگایا جائے ۔ تہمت ۔ اتہام ۔

Accusatiou, False, جھوٹا الزام ۔

Accusation of adultery, تہمت زنا ۔

کسی شخص کا کسی دوسرے پر زنا کی تہمت لگانا جو محض اتہام ہو اور جس میں کوئی صداقت نہ ہو ، عدم ثبوت کے سبب اتہام لگانے والا شخص ، شرع اسلام کی رو سے ، ۸۰ درّے سزا کا مستوجب قرار دیا گیا ہے ۔ اس سزا کو "حد قذف" کہتے ہیں ۔

Accuse, *v.* الزام لگانا ۔ تہمت لگانا ۔ مجرم قرار دینا ۔

Accused, *n.* ملزم ۔ ماخوذ ۔ متہم ۔

ملزم سے وہ شخص مراد ہے جس کے خلاف مجموعہ تعزیرات پاکستان یا کسی قانون مختص الامر یا مختص المقام کے تحت کسی جرم کے ارتکاب کا الزام لگایا گیا ہو لیکن وہ شخص جس کے خلاف فوجداری عدالت میں زیر دفعہ ۴۸۸ ضابطہ فوجداری نان نفقہ کی غرض سے استغاثہ پیش کیا جائے ملزم کی تعریف میں نہیں آتا ۔

قانون شہادت کی دفعہ ۱۰۵ کے تحت جب ملزم پر کوئی الزام عاید کیا جائے تو ان حالات کا بار ثبوت جن کی وجہ سے وہ جرم تعزیرات یا کسی دوسرے قانون کے استثنیٰ میں آ جاتا ہے، ہمیشہ ملزم پر عاید ہوگا عدالت تو یہی تصور کرے گی کہ ایسے (استثنائی) حالات کا کوئی وجود نہ تھا (۱۹۲۸ع الہ آباد ص ۱۸۶) لیکن بمبئی ہائی کورٹ کے اجلاس کامل نے یہ طے کیا ہے کہ اس دفعہ سے جج کا یہ فرض ختم نہیں ہو جاتا کہ وہ خود اس بات کا خیال رکھے کہ آیا ملزم کا فعل داخل استثنیٰ ہے یا نہیں ۔ اگر ملزم نے یہ عذر نہ بھی اٹھایا ہو تو جج خود اس کا خیال رکھے تاکہ وہ جیوری کو قیام رائے میں صحیح مشورہ دے سکے ۔ (۱۹۳۵ع بمبئی ص ۳۲۷ اجلاس کامل) ۔

مزید ملاحظہ ہو پی ایل ڈی ۱۹۶۰ع لاہور ۳۴۴)

سمجھا جائے گا ۔

اقرار نامہ ۔ اقبال ۔ **Acknowledgement, Deed of,**

اقبال قرضہ ۔ **Acknowledgement of debt,**

اقرار ملکیت ۔ **Acknowledgement of ownership,**

اقرار بالنسب ۔ **Acknowledgement of Paternity,**

جب کسی بچے کا نسب غیر متعین ہو تو شرع اسلام کے مطابق اقرار کے ذریعہ نسب ثابت کیا جا سکے گا مگر لازم ہے کہ اس اقرار کا اثر سوائے ماں باپ اور بچے کے دیگر اشخاص پر ان کی تصدیق کے بغیر نہ پڑے گا (دفعہ ۱۵۰ مجموعہ قوانین اسلام ، جلد سوم ، مؤلفہ تنزیل الرحمن) ۔

جب کسی بچے کا نسب بطریق معمول اپنے باپ سے ثابت نہ ہو یعنی یہ امر ثابت نہ ہو کہ اس کے نطفہ قرار پکڑنے کے وقت اس کے والدین میں صحیح ازدواجی تعلق قائم تھا تو شرع اسلام کے تحت اقرار بالنسب کے ذریعہ نسب ثابت کیا جا سکتا ہے لیکن اگر بچے کا کسی دیگر شخص کے تعلق سے صحیح النسب ہونا ثابت ہو جائے تو اقرار بالنسب غیر مؤثر ہوگا ۔ بالفاظ دیگر اقرار بالنسب کے اصول کا اطلاق صرف ایسی صورت میں ہوگا جب کہ نسب غیر متعین اور مبہم ہو ۔

اقرار بالنسب کا بنیادی اصول یہ ہے کہ صحیح النسبی شرعاً ، عادتاً و عرفاً ممکن ہو مثلاً باعتبار عمر وہ شخص اس بچے کا باپ ہو سکتا ہو ، وہ عورت محرمات میں سے نہ ہو اور وہ بچہ کسی دوسرے شخص کی مشہور و معروف اولاد نہ ہو ۔

اقرار بالنسب کے اصول کی حیثیت ایک قاعدۂ شہادت کی نہیں ہے بلکہ یہ قانون اصلی کا ایک جزو ہے ۔ اقرار بالنسب کا صریح ہونا ضروری نہیں ۔ اگر ایک شخص عادتاً اور علانیہ طور پر اس بچے کے ساتھ مثل اپنی صحیح النسب اولاد کے سلوک کرتا رہے تو اس واقعہ سے صحیح النسبی کا قیاس کیا جا سکتا ہے (مجموعہ قوانین اسلام ، مؤلف ہذا ، جلد ۳ ص ۸۲۷) اقرار بالنسب جو بہ پابندی احکام شرع کیا جائے ناقابل رجوع ہوگا چنانچہ اگر کوئی باپ

ایک شخص جس کے خلاف زیر دفعہ ۱۰۷ ضابطہ فوجداری کارروائی کی جا رہی ہو اس مقدمہ کے مقاصد کے تحت ملزم نہیں ہے (پی ایل ڈی ۱۹۶۰ع لاہور ص ۱۲۲۳) ۔

ملزم مجنون ۔ **Accused, Lunatic,**

ملزم مجنون کے خلاف فوجداری کارروائی اس وقت تک کے لیے ملتوی رکھی جائے گی ، جب تک کہ اس کو افاقہ نہ ہو یہ صورت اس وقت ہوگی جب کہ جرم کے وقت وہ مجنون (پاگل) نہ تھا ، لیکن اگر جرم کا ارتکاب ہی جنون کی حالت میں کیا گیا ہو تو اس پر فوجداری کارروائی قائم نہ ہوگی ۔

اقرار کرنا ۔ تسلیم کرنا ۔ **Acknowledge, *v.***
اعتراف کرنا ۔ قبول کرنا ۔

اقرار ۔ تسلیم ۔ قبولیت ۔ **Acknowledgement, *n.***
اقبال تحریری ۔ رسید ۔ اصطلاحاً اقرار صحت قرضہ ۔

زر قرضہ کے واجب الادا ہونے کا تحریری اقرار قرضہ کی رقم کو خارج المیعاد ہونے سے محفوظ رکھتا ہے اور تاریخ اقرار سے از روئے دفعہ ۱۹ قانون میعاد سماعت نئی مدت کا آغاز ہوگا بشرطیکہ ایسا اقرار اس مدت کے اندر کیا گیا ہو جو ارجاع نالش کے لیے مقرر ہے ۔ (۳۳ کلکتہ ص ۱۰۴۷ پریوی کونسل) لیکن اگر بعد انقضائے میعاد مقررہ اقرار کیا گیا ہو تو ایسا اقرار غیر مؤثر ہوگا ۔ (۱۹۲۴ع لاہور ص ۳۸۴) اگر کسی قرضہ کے لیے تین سالہ میعاد مقرر ہے اور اندرون تین سال اقرار ادائی ہو اور پھر اس کے بعد تین سال کے اندر ایسا اقرار ادائی ہو تو مقدمہ دائر کرنے کی میعاد بالکل محفوظ رہے گی خواہ یہ مرحلہ کتنا ہی دراز کیوں نہ ہو جائے (۶ کلکتہ ص ۳۴۰) مگر یہ ثابت کرنا مدعی کے ذمہ ہوگا کہ مدعا علیہ نے اندرون میعاد ادائی کا اقرار کیا ہے ۔ (۱۹۲۹ع الہ آباد ص ۲۰۹) اگر اقرار ادائی کارندہ نے کیا ہو تو میعاد محفوظ ہو جائے گی ۔ یہ سوال کہ کارندہ ایسا کرنے کا مجاز تھا یا نہیں اس کا تصفیہ حالات پر منحصر ہوگا ۔

یہ ضروری نہیں کہ ''اقرار'' میں ادائی کا وعدہ کیا جائے ۔ مدت کے تحفظ کے لیے اقرار صحت قرضہ کافی

کسی بچے کے بارے میں یہ اقرار کرے کہ وہ اس کا ہے اور وہ رشتہ شرعی اور واقعاتی اعتبار سے ممکنات میں سے ہو تو پھر اس مرد کو یہ اختیار نہ ہوگا کہ اس سے منحرف ہو جائے ۔ چنانچہ جو اقرار بالنسب ایک بار کر لیا جائے اس سے رجوع نہیں کیا جا سکتا ۔ (مجموعہ قوانین اسلام ، مؤلف ہذا جلد ۳ ص ۸۷۵) ۔

Acknowledgement of payment, اقرار ادائی ۔

Acknowledgement receipt, *n.* قبض الوصول ۔ رسید وصولیابی ۔

Acknowledged, *a.* مسلّمہ ۔ تسلیم شدہ ۔

Acknowledged fact, حقیقت مسلّمہ ۔

Acknowledged owner, مسلّم مالک ۔ تسلیم شدہ مالک ۔

Acquest, *n.* غیر وراثتی قبضہ ۔

بالعموم یہ اصطلاح اس مال سے متعلق ہوتی ہے جو بذریعہ خریداری یا بطور تحفہ ملا ہو نہ کہ بذریعہ توریث ۔

Acquiesce, *v.* ماننا ۔ تسلیم کرنا ۔ روا رکھنا ۔ راضی ہونا ۔ (صریحی یا معنوی طور پر) ۔

Acquiescence, *n.* قبولیت ۔ تسلیم ۔ موافقت (صریحی یا معنوی) ۔

جب کسی شخص کو اپنی حقیت کا پورا علم ہو اور اس کی حقیت کسی دوسرے شخص کے فعل سے متاثر ہوتی ہو اور وہ شخص اس کے باوجود بوقت خلاف ورزی یا اس کے بعد اپنی حقیت کے نفاذ کے لیے چارہ کار قانونی اختیار نہ کرے تو یہ سمجھا جائے گا کہ اس شخص نے اپنے اس فعل یا ترک فعل کی بنا پر دوسرے شخص کو یہ باور کرایا کہ وہ اپنی حقیت سے دست بردار ہوگیا ، چنانچہ بالنتیجہ یہ کہا جائے گا کہ اس نے دوسرے شخص کی حقیت کو معنوی طور پر قبول یا تسلیم کر لیا اور اپنے حق چارہ کار قانونی کو زائل کر دیا (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو دفعہ ۳۶ قانون حق آسائش) ۔

Acquire, *v.* حاصل کرنا ۔ لے لینا ۔

Acquire by purchase, مول لینا ۔ خریدنا ۔

Acquire possession, قبضہ پانا ۔ دخل ملنا ۔

Acquire wrongfully, ناجائز طور پر حاصل کرنا ۔

Acquired, *a.* حاصل شدہ ۔ مکسوبہ ۔

Acquired Right, حق مکسوبہ ۔

Acquisition, *n.* حصول ۔ اکتساب ۔

Acquisition by accession اکتساب بذریعہ الحاق ۔

Acquisition by contract, اکتساب بموجب معاہدہ ۔

Acquisition by Pre-emption, اکتساب بالشفعہ ۔

Acquisition by prescription, اکتساب بذریعہ قدامت ۔

Acquisition of citizenship, حصول شہریت ۔

Acquisition of easement, حصول حق آسایش ۔

Acquisition of land or property, حصول اراضی یا جائداد ۔

Acquisition of land by private negotiations, حصول آراضی بذریعہ نجی یا خانگی گفت و شنید ۔

Acquisition of land for public purposes, حصول آراضی باغراض عامہ ۔

حکومت باغراض عامہ کسی شخص کی زمین یا جائداد کو جبراً اپنے قبضہ میں لے سکتی ہے ۔ ایسی صورت میں جائداد لے لینے کے لیے مالک کی رضامندی یا نا رضامندی کوئی اثر نہیں رکھتی لیکن اس کے لینے کے بعد معاوضہ ادا کیا جاتا ہے ۔ لفظ ''حصول اراضی یا جائداد'' اپنے اندر ایک وسیع مفہوم رکھتا ہے ۔ چنانچہ جائداد کو مستقلاً یا عارضی طور پر قبضہ میں لیا جا سکتا ہے ۔ لیکن جائداد کو قبضہ میں لینے کا یہ مطلب لازماً نہیں ہے کہ حکومت جائداد میں قانونی حقیت حاصل کر لیتی ہے اور مالک جائداد کی حقیت قطعی طور پر ختم ہو جاتی ہے ۔ (اے ۔ آئی ۔ آر ۱۹۵۳ع سپریم کورٹ ص ۱۰۹) مزید ملاحظہ ہو پی ایل ڈی ۱۹۵۹ع سپریم کورٹ ص ۳۷۰ ۔

Acquit, *v.* بری کرنا ۔ بے جرم قرار دینا ۔ آزاد

کرنا (کسی قرض یا وجوب سے) ۔

Acquittal, *n.* بریّت (بے جرمی کے اعلان کے ساتھ) ۔ کسی قرض یا وجوب کی بے باقی ۔

قبل ترتیب فرد جرم جب کہ مقدمہ بوجہ عدم ثبوت یا کسی اور وجہ سے خارج ہو تو ملزم کی نسبت رہائی (discharge) کا حکم صادر ہوگا اور بعد قرارداد جرم ملزم کو رہا کیا جائے تو اس کی بریت (acquittal) کا حکم دیا جائے گا ۔ جب ایک مرتبہ حکم بریت دیا جائے تو پھر اسی الزام میں ملزم پر ضابطہ فوجداری کے تحت مقدمہ نہیں چلایا جا سکتا مگر رہائی (discharge) کے بعد دوبارہ مقدمہ چلایا جا سکتا ہے ۔

Acquittal in law, بریت قانونی ۔

Acquittance, *n.* (۱) بے باقی ۔ فارغ خطی ۔ کامل ادائی قرضہ یا دعویٰ کا تصفیہ ۔
(۲) کسی قرض یا وجوب سے برأت ۔
(۳) تحریری بیان جس میں کامل زر قرضہ کی ادائی درج ہو یا ادائی کی رسید ۔

Acquittance, Deed of, دستاویز فارغ خطی ۔

Acquitted, *a.* بری ۔ بری الذمہ ۔

Acre, *n.* ایکڑ ۔ زمین کے ناپ کا ایک پیمانہ (۴۸۴۰ مربع گز) ۔

Acreage, *n.* ایکڑ رقبہ (ایکڑائی) ۔

Act, *n.* (۱) ایکٹ ۔ قانون ۔ لائحہ قانون ۔
(۲) فعل ۔ عمل ۔ کام ۔ حرکت ۔

Act, *v.* عمل پیرا ہونا ۔ کاربند ہونا ۔ انجام دینا ۔ سوال جواب کرنا ۔

کسی وکیل کا اپنے مؤکل کی جانب سے مقدمہ میں تمام ضروری اقدامات کرنا جن کے صحیح طور پر کرنے کی اس سے توقع کی جائے ۔ (پی ایل ڈی ۱۹۵۷ع کراچی ص ۸۵۸) ۔

Act, Criminal, فعل مجرمانہ ۔

Act of pias, فعل بیرون عدالت ۔

Act of attainder, مخصوص قانون تعزیری ۔

Act of court, فعل عدالت ۔

جب کہ عدالت کی غلطی سے ڈگری میں غلط تاریخ ڈالی گئی ہو اور درخواست تعمیل ڈگری اس تاریخ ڈگری کے لحاظ سے خارج المیعاد ہو مگر صحیح تاریخ سے اندرون میعاد ہو تو ایسی صورت میں یہ قرار دیا گیا ہے کہ درخواست اندرون میعاد ہوگی کیونکہ عدالت کے فعل سے کسی فریق کا حق متاثر نہ ہونا چاہیے ۔ (کلکتہ ۱۹۳۳ع ص ۲۳۹) ۔

مزید ملاحظہ ہو پی ایل ڈی ۱۹۵۴ع لاہور ص ۱۷۲ و پی ایل ڈی ۱۹۶۵ع لاہور ص ۶۲۸ ، پی ایل ڈی ۱۹۶۱ع لاہور ۱۹۹ ، پی ایل ڈی ۱۹۶۰ع کراچی ص ۱۷۴ ، پی ایل ڈی ۱۹۶۵ع لاہور ص ۳۷۴ ۔

Act of God, فعل خداوندی ۔ مشیت ایزدی ۔ منشاء قدرت ۔

فعل جس کا وقوع یا عدم وقوع انسانی قدرت و اختیار سے باہر ہو ۔ واقعہ جس کے متعلق پہلے سے علم نہ ہو اور اس کے روکنے کی تدبیر نہ کی جا سکے ۔

جب کوئی شخص کسی معاہدہ کی تکمیل کسی ایسے واقعہ کے وجود میں آنے کی بناء پر نہ کر سکے جو اس کے دائرہ اختیار سے باہر ہو تو ایسی صورت میں عدم تکمیل معاہدہ کے نقصان کی بابہ جانی کی ذمہ داری اس پر عائد نہیں کی جا سکتی ۔ مثلاً سمندر میں طوفان آ جانے کے سبب جہاز دیر میں پہنچے اور مال کی حوالگی میں تاخیر ہو یا جہاز ڈوب جانے کی صورت میں تکمیل معاہدہ ناممکن ہو جائے تو ایسی صورت میں تکمیل معاہدہ ناممکن ہو جانے کے سبب برجہ کی ذمہ داری سے وہ فریق بری الذمہ خیال کیا جائے گا ۔

یہ اصطلاح صرف اس وقت متعلق ہوگی جب کہ حادثات اٹل اور ان کا وقوع قدرتی طاقتوں کے تصادم کا نتیجہ ہو جس میں انسانی عمل کا کوئی دخل نہ ہو اور نہ مناسب پیش بندی سے نقصان سے محفوظ رہنے کی کوئی صورت ممکن ہو (۹۴ انڈین کیسیز ص ۴۴) ۔ قانوناً منشاء خداوندی یا مشیت ایزدی قرار دینے کے لیے اس فعل کا صرف ناقابل پیش بینی ہی

نہیں بلکہ ناقابل پیش بندی اور قطعاً ناقابل مدافعت و محافظت ہونا ضروری ہے (۴ بمبئی لا رپورٹر ص ۹۱۴) قبل اس کے کہ فعل خداوندی کو بطور جواب دہی استعمال کیا جائے ایک فریق کا یہ فرض ہوتا ہے کہ وہ سب کچھ کرنا ثابت کرے جو اس کے اختیار و امکان میں تھا (۵۲ انڈین کیسیز ص ۶۱۵) - مزید ملاحظہ ہو پی ایل ڈی ۱۹۶۷ء ڈھاکہ ص ۱۵۹ -

Act of grace, معافی - رعایت -

Act of indemnity, قانون معافی - امرعفوعام -
معافی سزا یا تاوان ان افعال کی نسبت جو خلاف قانون کیے گئے ہوں -

Act of Insolvency, فعل دوالہ -
فعل جس سے دیوالیہ ہونا ثابت ہو مثلاً (۱) عام جائے کاروبار سے روپوشی - (۲) قرضخواہوں کو ان کے دعووں سے محروم کرنے کی غرض سے جائداد کی منتقلی - (۳) قرضہ جات کی ادائی سے انکار - (۴) عدالت مجاز کی جانب سے عدم ادائی زر ڈگری کی بناء پر گرفتاری - (۵) خود دیوالیہ قرار دیے جانے کی درخواست - (مزید تفصیل کے لیے ملاحظہ ہوں دفعہ ۶ صوبائی قانون دوالہ و دفعہ ۹ پریذیڈنسی قانون دوالہ) -

Act of insubordination, فعل نافرمانی - باغیانہ فعل - عمداً کسی نظم و ضبط کی خلاف ورزی -

Act of Law, عمل موافق قانون - عمل قانون -

Act of Legislature, فعل مقننہ -
عدالت ہائے دیوانی اس سوال کا فیصلہ کر سکتی ہیں کہ آیا قانون منظورہ مقننہ کے اختیار حاصلہ کے تحت منظور کیا گیا ہے یا نہیں ، لیکن کوئی قانون مقننہ کے اختیار کے تحت منظور ہوا ہو تو عدالت اس کے حسن و قبح پر غور نہیں کر سکتی (۱۹۰۵ء مدراس ص ۸۳۷) -

Act of Parliament, - ایکٹ پارلیمان - پارلیمانی قانون
کسی مقننہ کا کوئی قانون منظور کرنا فعل پارلیمان کہلاتا ہے -

Acts of Parliament (Commencement) Act, قانون آغاز قوانین پارلیمان -

Act of parties, فعل فریقین - فریقین کا عمل یا فعل (باہمی) -

Act of settlement, - قانون بندوبست - قانون انتظام -

Act of state, فعل سرکار -
حسب ذیل افعال فعل سرکار کہلائیں گے -
(۱) حکومت کا مقتدر اعلیٰ کی حیثیت سے کسی دوسری حکومت یا دوسری حکومت کے کسی شہری کے ساتھ کوئی فعل -
(۲) حکومت کا بطور میثاق کوئی فعل خواہ قانون نے اس کی اجازت دی ہو یا نہ ، جس کی بناء پر نیا علاقہ حاصل کیا جائے اور اس کے تحت حقوق عطا کئے جائیں -
(۳) حکومت کا کوئی ایسا فعل جس کے کرنے کے لیے براہ راست کوئی قانون موجود نہ ہو ، مگر یہ افعال اپنی رعایا کے حقوق پر اثر انداز نہ ہوں گے -

Act of violence, فعل تشدد -

Act, Wrongful, فعل ناجائز -

Acting, *a*. قائم مقام -

Acting Judge, قائمقام جج -

Acting in judicial capacity, فعل بہ حیثیت عدالتی -

Action, *n*. عمل - فعل - حرکت - دعویٰ -

To bring an action against,
ایک فریق کی طرف سے دوسرے کے مقابل قانونی کارروائی کرنا (کسی حق کے نفاذ یا غلطی کی پاداش کے لیے) -

Action, Amicable, نالش بہ تراضی طرفین -
See "Amicable action"

Action, Bring an, دعویٰ دائر کرنا -

Action, Cause of, - بنائے دعویٰ - بناء مخاصمت
See "Cause of action"

Action, Chose in, نالشی حق زر -
See "Chose in action"

Action, Civil, - دیوانی نالش - دعویٰ دیوانی

Action, Criminal, فوجداری نالش - دعویٰ فوجداری - استغاثہ فوجداری -

See "Criminal action"

Action, Government, عمل سرکار - دعویٰ سرکاری -

Action, Ground of, وجہ نالش - بنائے دعویٰ -

Action in personam, شخصی نالش -

Action in rem, تعمیمی نالش -

Action, Real, دعویٰ نسبت جائداد -

Actionable, *a*. قابل ارجاع نالش - قابل چارہ جوئی -

Actionable claim, دعویٰ قابل نالش - دعویٰ قابل ارجاع نالش -

ایسا حق جس کی بابت بنائے دعویٰ پیدا ہو گئی ہو - (مزید ملاحظہ ہو دفعہ ۳ قانون انتقال جائداد ۱۸۸۲ع) -

Actionable wrongs, افعال بے جا قابل ارجاع نالش -

Actionable claim, Transfer of, منتقلی دعویٰ قابل ارجاع نالش -

Active *a*. مستعد - فعال - عامل -

Active bond, وہ بانڈ جس کی شرح سود معین ہو اور جو تاریخ اجراء سے قابل ادا ہو -

Active debt, سودی قرضہ -

وہ قرض جس کا سود ادا شدہ ہو -

Active partner, عملی شریک - شریک عامل -

Active trust, عاملی وقف -

Actor, *n*. مدعی -

Actrix, *n*. مدعیہ -

Actual, *a*. واقعی - اصلی - حقیقی -

Actual assets, حقیقی اثاثے -

Actual damage, نقصان حقیقی -

Actual date of occurrence, اصل تاریخ وقوع -

Actual loss, خسارۂ حقیقی -

Actual price, اصلی قیمت - قیمت واقعی یا اصلی -

Actual payee's receipt, اصل وصول کنندہ کی رسید -

Actual possession, حقیقی قبضہ -

جب جائداد کرایہ دار کے قبضہ میں ہو تو اس کا قبضہ حقیقی کہلائے گا اور مالک جائداد کا تعبیری - (Constructive)

See 'Possession' also.

Actuary, *n*. بیمہ پڑتالیہ - ماہر بیمہ - عوامی ادارہ کا رجسٹرار -

قانون بیمہ کی دفعہ ۲ کے تحت ماہر بیمہ یا بیمہ پڑتالیہ سے وہ شخص مراد ہے جو بیمہ کے کاروبار و حسابات کی جانچ پڑتال میں خاص مہارت رکھتا ہو -

Actuary duty, زائد محصول -

Actuary expenses, زائد اخراجات -

Actuary supply, زائد سپلائی - رسد زائد -

Acumen, *n*.
Acumenship, } جودت - فراست - زیرکی - ذکاوت - تیز فہمی -

Adapt, *v*. مطابقت یا سازگاری کرنا -

Adoptation, *n*. تطبیق -

دوسرے ملک کے قوانین کو مناسب ترمیمات کے ساتھ محدود مقصد کے لیے اختیار کرنا (ملاحظہ ہو پی ایل ڈی ۱۹۶۳ع ڈھاکہ ص ۶۶۹) قانون سازی کے بغیر قانون کو اختیار یا اپنایا نہیں جا سکتا (پی ایل ڈی ۱۹۵۸ع سپریم کورٹ، ص ۹۹ م) -

Adaptation of Indian Laws, تطبیق قوانین ہند -

تقسیم ہند کے بعد پاکستان میں فوری طور پر قوانین ہند کی تطبیق کے ایکٹ کے ذریعہ بہت سے قوانین کو پاکستان میں اختیار کیا گیا جن میں لفظ "انڈیا" کو حذف کرتے ہوئے قانون کے اطلاق کی حدود وسعت کی ' پاکستان کی حدود کے اعتبار سے' صراحت کی گئی -

Addition, *n*. اضافہ - ابزاد - بیشی -

Addition and alteration, اضافہ اور رد و بدل -

Additional, *a*. زائد - اضافہ شدہ - اضافی -

Additional Assessment, زائد - تشخیص -

Additional capital, مزید سرمایہ -

Additional evidence, مزید شہادت -

Additional Judge, زائد جج -

Additional Session Judge, زائد سیشن جج ۔

Address, n. (۱) وہ تحریر جو رسمی ہو ۔ (۲) کسی شخص کا ٹھکانہ جہاں وہ معمولاً اپنی ڈاک وصول کرتا ہو ۔ پتہ ۔

Addressee, مکتوب الیہ ۔ مرسل الیہ ۔

Adduce, v. پیش کرنا ۔ بیان کرنا ۔ گزارنا ۔

Adduced, a. پیش کردہ ۔ گذاردہ ۔

Adeem, v. وصیت کا خارج کرنا یا رد کرنا ۔

Ademption, n. استرداد وصیت ۔

اگر کوئی موصی اپنی وفات سے قبل اپنی وصیت کو بدلنا یا رد کرنا چاہے تو اسے ایسا کرنے کا اختیار حاصل ہے ۔

Adequate, a. مناسب ۔ حسب ضرورت ۔ کافی ۔ معقول ۔

Adequate justification, معقول وجہ ۔

Adequate remedy, مناسب و معقول چارۂ کار (قانونی)

عدالت عالیہ اپنے خصوصی اختیارات کے تحت صرف اسی صورت میں پروانہ (رٹ) جاری کر سکتی ہے جب کہ کوئی دوسرا مناسب چارۂ کار قانونی موجود نہ ہو ملاحظہ ہو ڈھاکہ لا رپورٹ ۱۹۶۳ع سپریم کورٹ ص ۶۲۳ ۔

Adequate safeguards, مناسب تحفظات ۔

Adequate security, معقول ضمانت ۔

Adequacy, n. کفایت ۔ کافی ہونا (کسی خاص ضرورت کے لیے) ۔

یہ اصطلاح اضافی ہے جو کسی شے یا واقعہ کے تعلق کے ساتھ ہی سمجھ میں آ سکتی ہے ۔ (ملاحظہ ہو پی ایل ڈی ۱۹۶۳ع لاہور ص ۵۷۵) ۔

Adhere, v. مضبوط پکڑے رہنا ۔ پابند رہنا ۔ لگا رہنا ۔

Adherence, n. حمایت ۔ ہوا خواہی ۔ وابستگی ۔

Adherent, v. وفادار ۔ مؤید ۔

Adhesion n. چپکاؤ ۔

Adhesive a. چسپانی ۔ جو سے چسپاں کیا جا سکے ۔

Adhesive court fees stamp, رسوم عدالت کے چسپانی ٹکٹ ۔

Adhesive stamp, چسپانی ٹکٹ ۔

اسٹامپ جو دستاویز پر چسپاں کیا جائے ۔

Ad-hoc, a. بغرض خاص ۔ وقتی ۔

Ad-hoc law, قانون مؤقتی ۔

Ad-infiniutm, غیر محدود ۔

Ad-interim, a. دریں اثناء ۔ درمیانی ۔ مؤقتی ۔

Ad-interim injunction, درمیانی (یکطرفہ) حکم امتناعی ۔

اگر ملتجی کو اپنی کسی ملکیت یا حق کے فوری زائل ہونے کا اندیشہ ہو اور ایسا نقصان ہو جانے کا امکان ہو جو ناقابل تلافی ہو تو وہ عدالت سے یکطرفہ حکم امتناعی درمیانی جاری کرنے کی درخواست کر سکتا ہے ۔ (ملاحظہ ہو حکم ۳۹ قاعدہ ۱ و ۲ ضابطہ دیوانی) ۔ *See "Injunction" also.*

Adjacency, n. قربت ۔ پیوستگی ۔

Adjacent, a. ملحق ۔ پیوستہ ۔

Adjective Law, a. قانون اضافی ۔

قانون کی دو بڑی قسمیں ہیں ، ایک قانون اصلی (substantive law) جس کا تعلق قانونی موضوعات اور تشریح قانون سے ہے مثلاً قانون معاہدہ ۔ دوسری قسم قانون اضافی کی ہے ، جس کا تعلق اس ضابطہ اور طریق کار سے ہے جس سے عدالتوں کا طریق کار متعین کیا جاتا ہے ۔ مثلاً ضابطہ دیوانی ، ضابطہ فوجداری وغیرہ ۔

قانون کی اس قسم کو قانون ضابطہ (Procedural law) بھی کہا جاتا ہے ۔

قانون اصلی (Substantive law) اور قانون اضافی یا قانون ضابطہ (Adjective or procedural law) میں ایک اور فرق یہ ہے کہ قانون اصلی موثر بہ ماضی (retrospective) نہیں ہوتا الا یہ کہ قانون میں خود اس کی صراحت کردی گئی ہو یا دلالتاً (By necessary intendment) ایسا ظاہر ہو اور قانون اضافی یا ضابطہ موثر بہ ماضی ہوتا ہے ، (پی ایل ڈی ۱۹۶۵ع سپریم کورٹ ، انٹرپریٹیشن آف اسٹیچوٹ ، میکسویل)

Adjoin, v. ملانا ۔ ملصق ہونا ۔ ملصق کرنا ۔ پیوست کرنا ۔

Adjoining, a. ملحقہ ۔ منصل ۔ متصلہ ۔

Adjoining estate, n. ملحقہ جائداد ۔ جائداد ملحقہ ۔

Adjoining Land, n. ملحقہ زمین ۔ زمین ملحقہ ۔

Adjourn, v. ملتوی کرنا ۔

Adjourned, a. ملتویہ ۔

Adjourned hearing, ملتویہ ساعت ۔

Adjournment, n. التواء ۔

ضابطہ دیوانی کے حکم ۱۷ قاعدہ ۱ کے تحت عدالت کو اس امر کا اختیار حاصل ہے کہ کسی مقدمہ کو ایک تاریخ سے دوسری تاریخ پر ملتوی کر دے ۔ اسی طرح عدالت کو التوائے نیلام کا اختیار بھی حکم ۲۱ قاعدہ ۶۹ کے تحت حاصل ہے مگر یہ امر عدالت کی صواب دید پر منحصر ہے ۔

حکم التواء کے خلاف اپیل نہیں ہو سکتی ۔ (۱۹۱۷ء ناگپور ص ۳۸) البتہ نگرانی کی درخواست دی جا سکتی ہے ۔ عدالت حکم التواء مقدمہ بشرط ادائی خرچہ دے سکتی ہے (۶ رنگون ص ۵۶۱) مگر خرچہ ایسا نہ دلایا جائے جو بمنزلہ سزا یا تاوان ہو (۱۹۳۰ء ص ۱۷۱) جب مسل میں مناسب فیصلہ کے لیے کافی مواد موجود نہ ہو تو عدالت کو چاہیے کہ مقدمہ میں مزید التواء دے (۱۹۳۳ء ناگپور ص ۲۳۳) ۔

Adjournment Motion, تحریک التواء ۔

صوبائی یا قومی اسمبلی کا کوئی رکن کسی اہم مسئلہ حاضرہ پر بحث کرنے کے لیے ایوان کی کارروائی کو ملتوی کروا سکتا ہے ۔ یہ اختیار سپیکر کو حاصل ہوتا ہے کہ وہ ایسی تحریک پر تقریر کی اجازت دے یا اسے خلاف ضابطہ قرار دے ۔ اس سے ملک کی رائے عامہ متاثر ہوتی ہے جو مسئلہ کی فوری نوعیت اور اہمیت سے واقف ہو سکتی ہے ۔

Adjournment of Meeting, التوائے اجلاس ۔

Adjournment, Sine-die, التواء بلا تعین تاریخ ۔

Adjudge, v. تجویز کرنا ۔ فیصلہ کرنا یا دینا ۔ سزا دینا ۔ مجرم قرار دینا ۔

Adjudicate, v. فیصلہ عدالتی کرنا ۔ فتویٰ دینا ۔ طے کرنا ۔ دیوالیہ قرار دینا ۔

Adjudicating creditor, دوالہ برآر دائن ۔ دوالہ طلب دائن ۔ دیوالیہ قرار دلانے والا دائن ۔

Adjudication, n. تجویز ۔ انفصال ۔ فیصلہ ۔ فتویٰ ۔ فیصلہ یا ڈگری یا حکم سزا جو عدالت سے صادر ہو ۔

اس اصطلاح کا قانونی مفہوم یہ ہے کہ مقدمہ کا جو مواد ریکارڈ پر موجود ہے اس پر غور کرنے اور فریقین کو سننے کے بعد مقدمہ کا عدالتی تصفیہ کیا جائے (ملاحظہ ہو پی ایل ڈی ۱۹۵۵ء لاہور ص ۱۰۳) ۔

یہ اصطلاح خصوصیت سے دیوالیہ کی کارروائی سے متعلق استعمال کی جاتی ہے ۔ عدالت کسی شخص مدیون کو اس وقت دیوالیہ قرار دیتی ہے جب کہ وہ اس بات سے مطمئن ہو جاتی ہے کہ ایسا کرنے کے وجوہ موجود ہیں ۔ تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو قانون دوالہ ۔

Adjudication fee, فیس تکملہ ۔

فیس جو کلکٹر کو زیر دفعہ ۳۱ قانون رسوم ادا کی جاتی ہے ۔

Adjudication order, حکم دوالہ ۔ عدالتی حکم ۔ جس کے تحت کسی شخص کو دیوالیہ قرار دیا جائے ۔

Adjudicator, n. دوالہ قرار دہندہ ۔ حاکم ۔ محکم ۔

Adjunct, n. پیوستہ ۔ متعلق ۔ ملحق ۔ وہ چیز جو کسی دوسری چیز سے ملی ہو ۔

Adjunction, n. ایک چیز کی دوسری چیز میں شمولیت ۔ پیوستگی ۔

جب کوئی چیز جو کسی ایک شخص کی ملکیت ہے کسی دوسری چیز سے ، جو کسی دوسرے کی ملکیت ہے ، مل کر ایک ہو جائے اور علیحدہ نہ کی جا سکے تو وہ کل چیز بالعموم اُس دوسرے شخص کی ہو جاتی ہے جو اُس شے میں زیادہ حصہ رکھتا ہو مثلاً

کاغذ تصویر کشی کے بعد ۔

اسلامی قانون بیع (Sale) کے تحت خرید کردہ شئے میں عیب پائے جانے کے سبب تاریخ خرید سے تین یوم کے اندر خریدار کو اس شئے کے واپس کرنے کا اختیار ہوتا ہے لیکن اگر خریدار نے اس میں کوئی ایسا اضافہ کیا جو اس سے علیحدہ نہیں کیا جا سکتا تو اس کی واپسی کا حق ساقط ہو جاتا ہے مثلاً کپڑا خریدا، اس کو رنگ لیا، اب عیب ظاہر ہوا، چونکہ رنگ علیحدہ نہیں کیا جا سکتا اس لیے خریدار کا خیار عیب ساقط ہو جائے گا۔

Adjure, *v.* قسم دلانا ۔ پابند حلف کرنا ۔

Adjust, *v.* مطابق کرنا ۔

Adjustable, *a.* تطابق پذیر ۔

Adjustment, *n.* تعدیل ۔ تطبیق ۔ تسویہ ۔ ہم آہنگی ۔ رفعداد ۔

ترتیب و تطبیق عام استعمال کے الفاظ ہیں ۔ ان کا اطلاق عام طور پر فریقین کے باہمی دعوؤں، مواخذوں اور معمولی مطالبوں کے اصولوں کے تعلق سے کیا جاتا ہے ۔ اس لفظ کا صرف اسی طرح اطلاق نہیں ہوتا بلکہ دوسرے معاملات پر بھی ہوتا ہے اور خصوصیت کے ساتھ بحری بیمہ میں ہوتا ہے جب کہ ان کو نئی ترتیب دینے یا باضابطہ یا مساوی کرنے کی ضرورت ہوتی ہے تاکہ صحیح توازن برقرار رہے ۔ وہ کارروائی جس کے ذریعہ نئی ترتیب دی جائے یا معاملات کو باضابطہ یا مساوی کیا جائے تطبیق کہلاتی ہے، (۱۸۹۹ع لا جرنل ۸۸ کنگز بینچ ص ۲۱۷) ۔

Adjustment by transfer, تطابق بذریعہ انتقال ۔

Adjustment of Account, تطبیق حساب ۔ تسویہ حساب ۔

جہاں کہ فسخ شدہ شراکت کے بعض شراکتی حسابات کی تطبیق فریقین کے درمیان ہوئی ہو اور اس تطبیق کی بنیاد پر مدعی رقم بقایا کا دعویدار ہو تو قانون میعاد سماعت کی مد ۱۱۵ یا ۱۲۰ متعلق ہوگی ۔ (۱۹۲۳ع سندھ ص ۳۲۴) ۔ مدعی کو صرف یہ بتلانا ہوگا کہ مدعا علیہ ایک حسابی فریق ہے ۔ (۳۲ الہ آباد لا جرنل ص ۳۵۴) ۔

Adjustment of Arrears, تسویہ بقایا ۔

Adjustment of decree, تطبیق ڈگری ۔ تسویہ ڈگری ۔

ایک مدیون ڈگری جس نے زر ڈگری بیرون عدالت ڈگری دار کو ادا کر دیا ہے اس بات پر مجبور ہے کہ فوراً عدالت سے تصدیق کی درخواست کرے، وہ اس بات کا انتظار نہیں کر سکتا کہ ڈگری دار عدالت کو بے باقی کی اطلاع دے ۔ (۱۹۳۰ع الہ آباد ص ۴۴۱) ۔

کارروائی تعمیل کے فریقین اپنے تنازعہ کو ثالث کے سپرد کر سکتے ہیں اور ثالث کا فیصلہ بمنزلہ تطبیق ڈگری متصور ہوگا جس کو تحت حکم ۲۱ قاعدہ ۲ عدالت اندراج کر لے گی ۔ لیکن ایسے اندراج کے معنی یہ نہ ہوں گے کہ ایک نئی ڈگری صادر کی گئی ۔ ایسے اندراج یا عدم اندراج کی بابت اپیل ہو سکے گی ۔ (۱۹۳۹ع بمبئی ص ۲۵۵) ۔

Adjustment of property, تطبیق یا تسویہ جائداد ۔

جب کہ دو رقبوں کو تقسیم کیا گیا ہو اور ہر حصہ اپنی ضروریات کا خود کفیل ہو تو تقسیم میں ایسی تطبیق ہونی چاہیے کہ تقسیم سے قبل اس عمارت میں جس طرح قبضہ تھا اس سے مناسبت باقی رہے (۱۹۰۳ع اپیل کیسیز ص ۱۷۱) ۔

Ad-Libitum, حسب ضرورت ۔ حسب دل خواہ ۔ بلا قید ۔ بلا شرط ۔

Admeasurement, *n.* معین پیمائش ۔

Adminicle, *n.* ثبوت ذیلی یا تائیدی ۔

Administer, *v.* بندوبست کرنا ۔ انجام دینا ۔ اہتمام کرنا ۔ انتظام کرنا ۔

Administer an oath, حلف دینا ۔ سوگند دینا ۔

Administer justice, عدل کرنا ۔ انصاف کرنا ۔

Administer property, جائداد کا اہتمام کرنا ۔

Administration, *n.* انتظام ۔ بندوبست ۔ نظم و نسق ۔ ادارہ ۔

کسی ایسے شخص نے کیا ہو جو اس میں حقیقی مفاد رکھتا ہو تو ایسا اقبال اس کے خلاف استعمال کیا جا سکتا ہے لیکن جب کہ وہ فریق مقدمہ واقعی مفاد نہ رکھتا ہو اور محض برائے نام فریق بنایا گیا ہو تو اس کے اقبال سے حقیقی مفاد رکھنے والے فریق پر کوئی اثر نہ پڑے گا۔ اگر دو یا دو سے زیادہ اشخاص کا مفاد مشترک ہو تو ایک کا اقبال سب کو پابند بنا دے گا۔ کارندے کا اقبال، ایسے معاملات کے متعلق جو اس کے دائرۂ اختیار کے اندر ہوں، اصل مالک کو پابند کر دیتا ہے۔ اقبال صرف صریح ہی نہیں بلکہ معنوی بھی ہوتا ہے جو اقبال کنندہ کے طرز عمل سے مستنبط کیا جاتا ہے۔ عدالتی کارروائیوں میں جو زبانی اقبالات ہوئے ہوں یا جو دستاویزات میں کیے گئے ہوں اقبال کنندہ کے خلاف قطعیت رکھتے ہیں۔

Admission by lawyer, اقبال یا اقرار وکیل۔

کسی نکتہ قانونی یا مشترک نکتہ قانونی و امر واقعہ پر وکیل کا اقرار یا اقبال کر لینا اس کے مؤکل کے لیے قابل پابندی نہ ہوگا (پی ایل ڈی ۱۹۵۲ء لاہور ص ۲۰۷) مزید ملاحظہ ہو پی ایل ڈی لاہور ۱۹۷۵ء ص ۲۸۷

Admission by misrepresentation, اقبال بذریعہ غلط بیانی۔

Admission of claim, اقبال دعویٰ۔ تسلیم دعویٰ۔

Admission of guilt, اقبال جرم۔

Admission of minor to profits, شمولیت نابالغ بغرض منافع۔

کسی شراکتی کاروبار میں نابالغ صرف منافع میں شریک کیا جا سکتا ہے۔ وہ ایک باقاعدہ شریک نہیں بن سکتا اور فرم کے نقصان کا ذمہ دار نہ ہوگا۔ بلوغت کے بعد اگر وہ شریک نہ ہونا چاہے تو آسے بالغ ہونے کے چھ ماہ کے اندر دیگر شرکاء کو مطلع کر دینا چاہیے ورنہ یہ سمجھا جائے گا کہ اس نے شریک ہونا منظور کر لیا ہے۔

Admission of partner, شمولیت شریک۔

Admit, v. تسلیم کرنا۔ اقبال کرنا۔ داخل کرنا۔

Admittance, n. ادخال۔ دخول۔ قبول۔

Admitted, a. تسلیم شدہ۔

Admitted mruder, اقبالی قتل۔

Admitted set off, منظور شدہ مجرائی یا مجرا دہی (دعویٰ دائر کرنے سے پہلے)۔

Admitted, The thing, مقربہٖ۔

Admixture, n. آمیزش۔

Admonition, n. تنبیہہ۔ تہدید۔

قانون فوجداری کے تحت عدالت نوعمر مجرمین (youthful offenders) یا ایسے مجرمین کو جو پہلی بار جرم کے مرتکب ہوئے ہوں سزا دینے کے بجائے بعد تنبیہہ کارروائی ختم کر سکتی ہے۔

Adolescence, n. نوخیزی۔ نوعمری۔

انگریزی قانون میں لڑکی کی عمر کے ۱۲ سال تک اور لڑکے کی عمر کے ۱۴ سال سے ۲۱ سال کی عمر تک نوعمری کا زمانہ قرار دیا گیا ہے اور اگر ان سے کوئی جرم سرزد ہو تو اس کی سزا میں عام طور پر نرمی برتی گئی ہے۔

قانون کارخانہ جات کی دفعہ ۲ کے تحت ۱۵ سال سے ۱۸ سال تک کی عمر کو نوعمری کا زمانہ قرار دیا گیا ہے۔

Adolescent convict, نوخیز سزا یاب۔ نوعمر سزا یاب۔

Adolescent offender, نوخیز مجرم۔ نوعمر مجرم۔

انگریزی قانون میں کوئی لڑکی جس کی عمر ۱۲ سال یا لڑکا ۱۴ سال سے ۲۱ سال تک ہو، کسی جرم کا مرتکب ہوا ہو اور ملزم قرار دیا گیا ہو تو وہ نوعمر مجرم کہلاتا ہے۔

Adopt, v. متبنّی کر لینا۔ گود لینا۔ تسلیم کرنا۔ اختیار کرنا۔ پسند کرنا۔

Adopted child, طفل متبنیٰ۔

Adopted (father), منہ بولا باپ۔

Adopted (son), لے پالک لڑکا۔ متبنیٰ۔

Adopted country, وطن مختار۔ اختیار کردہ وطن۔

Adopter, n. متبنیٰ کر لینے والا۔ تبنیت گیرندہ۔

Adoption, *n.* تبنیت ۔ گود لینا ۔ قبول ۔

کسی دوسرے کے لڑکے کو مثل اپنے لڑکے کے گود لینا ۔ اپنا لڑکا بنا لینا ۔

اسلام میں تبنیت کا رواج نہیں ۔ لیکن ہندو قانون میں تبنیت کو تسلیم کیا جاتا ہے اور متبنیٰ کی حیثیت بہ اغراض وراثت و جانشینی صلبی اولاد کے مماثل ہوتی ہے ۔ ایک بار کسی کو تبنیت میں لینے کے بعد اسے واپس نہیں کیا جا سکتا ۔

ایک جائز تبنیت کے لیے لازمی ہے کہ جو شخص کسی کو متبنیٰ بنا رہا ہو وہ قانونی طور پر اس کا اہل ہو ، نیز یہ کہ وہ شخص جو اس کو تبنیت میں دے رہا ہو وہ بھی قانونی طور پر ایسا کرنے کا اہل ہو اور جس شخص کو تبنیت میں دیا جا رہا ہو وہ بھی اس کا اہل ہو ۔ نیز یہ کہ تبنیت میں دینے اور لینے کی رسم حقیقی طور پر ادا کی جائے ۔ تبنیت کے بعد متبنیٰ اپنے اصلی خاندان سے نکل کر تبنیت گیرندہ کے خاندان کا ایک فرد بن جاتا ہے اور اس کو وہ جملہ حقوق و اختیارات حاصل ہو جاتے ہیں جو ایک صلبی لڑکے کے ہوتے ہیں ۔ اس طرح وہ ان جملہ حقوق و اختیارات سے محروم ہو جاتا ہے جو اس کو اپنے اصلی خاندان میں حاصل ہو سکتے تھے ۔ مگر توریث کے حصہ رسدی کے سلسلے میں بعض صورتوں میں فرق ہے ۔

ترکی کے قانون کے تحت بعض صورتوں میں تبنیت کی اجازت ہے ۔

Adoption, Ceremonies of, رسوم تبنیت ۔

Adoption of argument, اختیار یا قبول بحث ۔

Adoption of contract, قبول معاہدہ ۔

Adoption of resolution, منظوری قرارداد ۔

Adoptive, *a.* متبنیٰ ۔ لے پالک ۔

Ad-promiser, (Rom. Law), *n.* ضامن ۔

Ad-seriatum, سلسلہ وار ۔

Adult, *n.* بالغ ۔

قانوناً ہر وہ شخص بالغ ہے جس کی عمر کا اٹھارواں سال ختم ہو گیا ہے کورٹ آف وارڈز کے تحت بالغان کی عمر کی حد اکیس سال ہے ۔ (قانون بالغان) قانون میں بلوغ کو بہت اہمیت حاصل ہے ۔ چنانچہ قانون معاہدہ کی رو سے ایسے اشخاص سے معاہدات جو اٹھارہ سال سے کم عمر ہوں کالعدم قرار دیے گئے ہیں ۔ الاّ یہ کہ نابالغ نے وہ معاہدہ اپنی زندگی کی ضروریات محض مثلاً روٹی ، کپڑے کے حصول کے لیے کیا ہو ۔ (۳۔ انڈین لا رپورٹ ص ۵۳۹) ۔

Adult by majority, قانونی بالغ ۔

Adult by puberty, جسمانی بالغ ۔

اسلامی قانون میں بنیادی طور پر جسمانی بلوغ معتبر ہے ۔ جسمانی بلوغ کے عدم تعین کی صورت میں ۱۵ سال کا لڑکا بالغ تسلیم کیا گیا ہے ۔

Adult prisoner, بالغ قیدی ۔

Adulteration, *n.* آمیزش غیر شے کی ۔ آمیزش ۔ ملاوٹ ۔

قانون آمیزش اشیاء کی رو سے کسی شے میں دوسری شے اس طرح ملا دینا کہ ملی ہوئی شے محسوس نہ کی جا سکے اور دوسرا شخص دھوکا کھا جائے کہ شے جو دی جا رہی ہے ، وہی ہے جس کا خریدنا مقصود تھا ، درآن حالیکہ وہ اس کے برعکس ہو ، قابل سزا جرم ہے ۔

Adulterant, *n.* آمیزہ ۔ آمیزش کنندہ ۔ آمیزش کرنے والا ۔

Adulterine, *n.* ولد الزنا ۔

Adulterer, *n.* زانی ۔ زنا کار ۔ حرام کار ۔

Adulteress, *n.* زانیہ ۔

Adulterous connection, ناجائز جنسی تعلق ۔

Adultery, *n.* زنا ۔ بدکاری ۔ حرام کاری ۔

تعزیرات پاکستان کے تحت نہ عصمت فروشی کوئی جرم ہے اور نہ زنا لائق تعزیر بجز اس کے کہ عورت کسی شخص کی زوجہ ہو اور جس شخص نے اس عورت کے ساتھ زنا کیا ہو یہ جانتا ہو یا باور کرنے کی وجہ رکھتا ہو کہ وہ عورت کسی دوسرے شخص کی زوجہ ہے ۔ قانون نے اس جرم میں استغاثہ کا حق صرف اس عورت کے شوہر کو دیا ہے بشرطیکہ یہ فعل اس کی

سزا دینے کا قانون بنانا خصوصاً جب کہ قانون شوہر کو یہ آزادی دیتا ہو کہ وہ عورتوں سے اپنا گھر بھر لے ، ایک ایسا کام ہے جس کی انجام دہی میں ہم اپنے آپ کو سخت متامل پاتے ہیں۔ ہم اس قدر خیالی نہیں ہیں کہ قانون کے ذریعہ سے ایک ایسی برائی پر حملہ کرنے کا تصور کریں جو اس ملک کے لوگوں کے رسم و رواج میں تعدد ازدواج کی صورت میں اتنی جڑیں پکڑ چکی ہے - ہم اس کام کو ڈھیلا چھوڑ دیں گے - ہمیں کامل اعتماد ہے کہ تعلیم کے اثر اور مرور زمانہ سے بالاخر یہ خرابی دور ہو کر رہے گی مگر جب تک یہ خرابی باقی ہے اور جب تک اس کے اثرات عورتوں کی مسرت ، شادمانی اور ان کی عزت و احترام پر پڑتے ہیں ہم اس میزان میں تعزیری قانون کا بوجھ ڈالنے پر آمادہ نہ ہوں گے جو پہلے ہی سے بہت زیادہ جھکی ہوئی ہے -''

قانون تعزیرات کا مسودہ لارڈ میکالے کا مرتب شدہ ہے - جس کو انہوں نے قانون کمیشن اول کے چیئرمین کی حیثیت سے پیش کیا تھا اور چونکہ یہ جرم قانون انگلستان میں موجود نہ تھا اس لیے انہوں نے تعزیرات ہند سے بھی اس کو خارج کر دیا تھا لیکن اس کے بعد قانون کمیشن دوئم کے ارکان ، جن میں سر بارنس پیکاک اور سر کالوائیل شامل تھے ، بعد غور و فکر اس نتیجہ پر پہنچے کہ اس دفعہ کا مجموعہ میں شامل ہونا ضروری ہے چنانچہ موجودہ شکل میں اس دفعہ کو شامل کر لیا گیا -

فرانس میں زنا کاری جرم ہے اور عورت بھی لائق تعزیر ہے - ریاست حیدر آباد (دکن) کی مقننہ نے ۱۹۰۳ع میں جب قانون تعزیرات آصفیہ منظور کیا تو جرم زنا میں عورت کو شریک جرم اور لائق سزا قرار دیا تھا - اسلام نے زنا کو سخت تعزیری جرم اور عورت و مرد دونوں کو لائق حد زنی قرار دیا ہے -

اور اب جب کہ سماجی حالات میں گذشتہ سو سال کے بعد خاصی تبدیلیاں رونما ہو چکی ہیں ، تعدد ازدواج پر پابندی عائد ہے اور خود پاکستان ہی اسلامی قانون کے نفاذ اور روایات کے تحفظ و بقا کے

رضامندی یا تسامح (Acquiescence) سے نہ ہوا ہو - لفظ تسامح کی تعریف الہ آباد ہائی کورٹ نے یہ کی ہے کہ تسامح ایک غیر حقیقی اظہار ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ کسی فعل کے وقوعہ یا کسی طرز عمل کی طرف سے دیدہ و دانستہ چشم پوشی اختیار کو لی جائے اور آنکھوں کے سامنے جو کچھ ہو رہا ہو یا ہونے والا ہو اس کو کسی اعتراض ، مداخلت ، یا مزاحمت کی خواہش کے بغیر ہونے دیا جائے (۱۹۲۶ع الہ آباد ص ۱۸۹) - مزید ملاحظہ ہو مقدمہ محمد یوسف بنام گردیزی پی ایل ڈی ۱۹۶۳ع سپریم کورٹ - ص ۵۱

مقدمہ دائر کرنے کے بعد شوہر کو یہ حق حاصل رہتا ہے کہ مقدمہ کی کسی نوبت پر ملزم سے سمجھوتہ کر لے اور مقدمہ سے دست بردار ہو جائے - اس جرم میں پولیس دست اندازی نہیں کر سکتی - قانوناً جرم لائق ضمانت اور قابل راضی نامہ ہے - جرم زنا کو عورت کی رضامندی سے عمل میں آتا ہے مگر تعزیرات پاکستان کے تحت عورت کو مجرم قرار نہیں دیا گیا ہے - عورت کو کیوں سزا نہ دی جائے اس کے متعلق آج سے ایک سو دس سال قابل تعزیرات ہند کی منظوری کے وقت واضعان قانون نے جو وضاحت کی تھی وہ حسب ذیل ہے -

''ہم یہ اچھی طرح جانتے ہیں کہ نسل انسانی کے عزیز تر مفادات عورت کی عصمت اور رشتہ ازدواج کے تقدس سے وابستہ ہیں مگر ہم یہ محسوس کیے بغیر نہیں رہ سکتے کہ ملک (بر کوچک ہند) کی سماجی حالت کی بعض خصوصیات ایسی ہیں جو ایک کریم النفس اور ہمدرد انسان کی راہ میں قبل اس کے کہ وہ زوجہ کی سزا کا ارادہ کرے حائل ہو جاتی ہیں - اس ملک کی عورتوں کے حالات ، افسوس ہے کہ انگلستان اور فرانس کی عورتوں سے بالکل مختلف ہیں - بچپن ہی میں ان کی شادیاں ہو جاتی ہیں اور ان کے شباب ہی کے زمانے میں اکثر اوقات دوسری بیویوں کی خاطر ان سے غفلت برتی جاتی ہے اور شوہر کی توجہات میں دوسرے حصہ دار ہو جاتے ہیں - ایسی صورت میں عورتوں کو بے وفائی کی

لیے وجود میں آیا ہے تو یہ مطالبہ بے جا نہ ہوگا کہ اسلامی قانونی حدود و تعزرات نافذ ہونے تک (کم از کم) زنا کو لائق تعزیر جرم قرار دیتے ہوئے عورت کو بھی مجرم قرار دیا جائے اور یہ ایک ایسا جرم ہے جو اپنی نوعیت و اثرات کے لحاظ سے معاشرہ کے خلاف ہے اس لیے اس کو ناقابل راضی نامہ قرار دیا جائے ۔

Ad valorem (According to value), *a.*
حسب مالیت ۔ مالیت واری ۔ بقدر مالیت ۔

Ad valorem duty, مالیت واری محصول ۔

Ad valorem stamp, مالیت واری ٹکٹ ۔

Advance, *n. & v.* (۱) پیشگی (قرضہ) ۔ (۲) آگے ملانا یا رکھنا ۔ پیش کرنا ۔ قرض دینا ۔

Advance against security, طمانیتی پیشگی ۔

Advance payable, واجب الادا پیشگی ۔

Advance payment, ادائی پیشگی ۔

Advanced, Secured, طمانیتی پیشگی ۔

Advance, Unsecured, غیر طمانیت پیشگی ۔

Advanced, *a.* (۱) پیش کردہ ۔ (۲) ترقی یافتہ ۔

Advancement, *n.* (۱) انگریزی قانون کے تحت وہ مال جو لڑکے کو کاروبار شروع کرنے کے لیے دیا جائے ۔ (۲) ترقی ۔

Advantage, *n.* فائدہ ۔ مفاد ۔

Advantageous, *a.* مفید ۔ نفع بخش ۔

Adventure, Bill of, بائع کی تحریر ۔
کہ مال جو جہاز پر لادا گیا ہے اس کی ملکیت خریدار کو حاصل ہے اور اسی کی ہدایت پر مال روانہ کیا گیا ہے ۔

Adversary, *n.* فریق مخالف ۔

Adversary system, نظام یا طریقہ مخالفانہ ۔
انصاف کا یہ طریقہ کہ ایک فریق دوسرے کے خلاف صف آراء ہے اور اپنے مقدمہ کو دوسرے کے خلاف ثابت کرتا ہے، اگرچہ اصولی طور پر صحیح ہے لیکن اس پر سخت پابندی کی صورت میں عدالتیں زیادہ فعّال نہیں ہوتیں ۔ بالفرض ایک فریق دوسرے فریق یا اس کے گواہوں پر صحیح طریقہ پر جرح نہیں کر سکتا یا جرح میں کوئی ضروری سوال نہیں پوچھتا تو عدالتیں عام طور پر خاموش رہتی ہیں ، یہ اس سسٹم کی خرابی ہے ، عدالتوں کو بہر حال انصاف کرنا ہے اور اس کے لیے انہیں معاملہ کو محض فریقین پر نہیں چھوڑنا چاہیے بلکہ اپنا قرار واقعی کردار بھی ادا کرنا چاہیے جو انصاف کا ضامن ہے ۔

Adverse, *a.* مخالفانہ ۔ خلاف ۔

Adverse claim, دعویٰ مخالفانہ ۔

Adverse entry, اندراج مخالفانہ ۔

Adverse interest, مفاد مخالفانہ ۔

Adverse party, فریق مخالف ۔ فریق ثانی ۔
از روئے دفعہ ۳۳ قانون شہادت فریق مخالف وہ فریق ہے جس نے گواہ طلب نہ کیا ہو چنانچہ اگر گواہ منحرف ہو جائے یا دوسرے فریق کی تائید کرے تو اس سے وہ فریق جس نے کہ اس گواہ کو طلب کیا ہے مخالف نہیں ہو جاتا ۔ (پی ایل ڈی ۱۹۵۰ء سندھ صفحہ ۷۲) ۔

Adverse possession, قبضہ مخالفانہ ۔
جب کہ ایک مدعا علیہ خریداری کے ذریعہ اپنی حقیت ثابت نہ کر سکے ، اس لیے کہ اس کی دستاویز غیر رجسٹری شدہ تھی اور اس کے بجائے زبانی شہادت بھی پیش نہ کر سکے ، اس لیے کہ دستاویز کی موجودگی میں زبانی شہادت ناقابل ادخال شہادت ہے ، تو یہ قرار دیا گیا کہ مدعا علیہ کے لیے یہ موقع باقی ہے کہ بغیر دستاویز بیع کی امداد کے اپنی مخالفانہ حقیت ثابت کرے وہ یہ کہ جائے متنازعہ پر نالش سے پہلے اس کا بارہ سالہ مخالفانہ قبضہ تھا (۱۹۲۹ء کلکتہ ص ۲۱۸) ۔ قبضہ مخالفانہ سے حقیت حاصل ہونے کے لیے یہ ضروری ہے کہ قبضہ واقعی ہو اور بارہ سالہ ہو (۱۹۴۱ء مدراس ص ۸۶۶) ۔ لیکن حکومت کے مقابلے میں قبضہ مخالفانہ کی میعاد ۶۰ سال ہے (۱۹۲۶ء مدراس ص ۸۲۵) ۔ قبضہ مخالفانہ کا واقعی کھلا ، ظاہری ، قبضہ مخالفانہ ، مسلسل ، بلاشرکت غیرے اور بلا مداخلت ہونا ضروری ہے (۲۶ بمبئی ص ۱۴۰) ۔

قبضہ مخالفانہ کی بنیاد پر مدعا علیہ کو جو حقیت حاصل ہوتی ہے گو ملکی قانون کی نظر میں کافی مضبوط ہوتی ہے اور مدعی حقیقی حقیت رکھنے کے باوجود بعض اوقات ناکام رہتا ہے، یاد رکھنا چاہیے کہ شرع اسلام کی نگاہ میں مدعا علیہ گناہ گار ہوگا۔

Adverse title, حقیت مخالفانہ۔

Adverse Witness, گواہ مخالف۔

Adversely, *ad.* مخالفانہ۔

Advert, *v.* توجہ دلانا۔ مخاطب ہونا۔ ذکر کرنا۔

Advertence, *n.* توجہ۔

Advertise, *v.* مشتہر کرنا۔ اعلان کرنا۔

Advertised, *a.* مشتہرہ۔

Advertised for sale, مشتہرہ بغرض نیلام۔

Advertisement, *n.* اشتہار۔ مشتہری۔ اعلان۔

Advice, *n.* (۱) صلاح۔ مشورہ۔ (۲) اطلاع۔

Advice, Legal, مشورۂ قانونی۔

Advice, Letter of, اطلاع نامہ۔ چٹھی اطلاع۔

Advice Note, یادداشت اطلاع۔

Advice of a bill, اطلاع ہنڈی۔

Advice of cancellation, اطلاع تنسیخ۔

Advice of dispatch, اطلاع ترسیل۔

Advice of enfacement, اطلاع مہر زدگی۔

Advise, *v.* مشورہ دینا۔ اطلاع دینا۔

Adviser, *n.* مشیر۔ صلاح کار۔

Adviser, Legal, مشیر قانونی۔

Adviser, Technical, مشیر فنی۔

Advisable, *a.* مناسب۔ معقول۔

Advisory Council, مشاورتی کونسل۔

Advisory jurisdiction, مشاورتی اختیار سماعت۔

بعض مسائل میں عدالت عظمیٰ کو دستور پاکستان کی رو سے مشاورتی اختیار سماعت بھی حاصل ہے۔ چنانچہ وہ متعلقہ حکومت کو طلب کرنے پر مشورہ دے سکتی ہے۔ ہندوستان کے دستور کی رو سے بھی صدر سپریم کورٹ سے کسی بھی اہم قانونی مسئلہ میں مشاورتی رائے طلب کر سکتا ہے اور سپریم کورٹ پر لازم ہے کہ وہ صدر کو اپنی رائے دے۔

امریکہ میں صدر واشنگٹن نے امریکہ کی سپریم کورٹ کے چیف جسٹس مارشل سے مشورہ طلب کیا تھا لیکن چیف جسٹس مارشل نے صدر کو مشورہ دینے سے انکار کر دیا اور اپنے جواز میں یہ کہا کہ ہم فرضی معاملات پر رائے نہیں دے سکتے بلکہ فریقین کی سماعت کے بعد فیصلہ دیتے ہیں جو آخری، قطعی اور ہر ایک کے لیے قابل قبول ہوتا ہے اس کے بعد امریکہ میں یہ نظیر بن گئی کہ سپریم کورٹ کسی بھی معاملہ میں مشورہ نہیں دے گا۔

Advisory opinion, فتویٰ۔ مشاورتی رائے۔

Advocate, *n. & v.* ایڈووکیٹ۔ وکیل۔ وکالت کرنا۔ مقدمہ کی پیروی کرنا۔ حمایت کرنا۔

Advocate General, اعلیٰ وکیل سرکار۔ (صوبائی حکومت کا)

ایڈووکیٹ جنرل کا تقرر آئین پاکستان کے تحت ہوتا ہے۔ صوبائی اسمبلی میں حکومت کو قانون سازی کے مسائل میں مشورہ دینا اس کے فرائض میں داخل ہے۔

اعلیٰ وکیل سرکار دراصل صوبائی حکومت کا مشیر قانونی ہے لیکن حسب منشاء دفعہ ۴۹۲ مجموعہ ضابطہ فوجداری پیروکار نہیں ہے۔

ایڈووکیٹ جنرل کسی مقدمہ کو اٹھا لے سکتا ہے خواہ اس کی سماعت عدالت عالیہ میں بہ امداد جیوری ہی کیوں نہ ہو رہی ہو۔

Advocacy, *n.* وکالت۔ مدافعت۔

Advocation, *n.* دفاع۔

Aeroplane, *n.* ہوائی جہاز۔

Aerodrome, *n.* طیران گاہ۔ ہوائی اڈا۔

Affair, *n.* امر۔ واقعہ۔ ماجرا۔ مسئلہ۔

Affair, Human, انسانی یا دنیاوی معاملہ۔

Affairs, Foreign, امور خارجہ۔

Affairs, Home, امور داخلہ۔

Affairs, Internal, امور داخلی۔

Affair, Political, سیاسی معاملہ۔

Affairs of State, معاملات سرکار -

زیر دفعہ ۱۲۳ قانون شہادت صرف وہ امور ''معاملات سرکار'' کی تعریف میں آتے ہیں جن کا اظہار حکومت کے کسی اہم مفاد کو متاثر کر سکتا ہو - (پی ایل ڈی ۱۹۵۵ ع لاہور ص ۳۹)

Affect, *v.* اثر انداز ہونا -

Affect adversely, مخالفانہ اثر انداز ہونا -

Affect ignorance, لاعلمی ظاہر ہونا -

Affect injuriously, مضر ہونا - نقصان پہنچنا -

Affecting the decision of the case, فیصلہ مقدمہ پر اثر انداز ہونا -

Affection, *n.* اثر پذیری - ظاہری اخلاق - محبت - میلان -

Affiant, *n.* حلف نامہ داخل کرنے والا -

Affiance, *n.* عہد - قول - اقرار (نکاح) -

Affidavit, *n.* حلف نامہ - بیان حلفی -

تحریری بیان حلفی جو مجسٹریٹ ، نوٹری پبلک ، اوتھ کمشنر یا کسی ایسے شخص کے سامنے دیا جائے جس کو از روئے قانون حلف دینے کا اختیار حاصل ہو -

ایک تحریری بیان جو حلفاً کسی شخص مجاز مثلاً مجسٹریٹ ، نوٹری پبلک ، کمشنر ، جسٹس آف پیس کے روبرو دیا جائے -

حلف نامہ لکھنے والے کا فرض ہے کہ وہ حلف نامہ دینے والے کو یہ تاکید کر دے کہ وہ حلف نامہ میں اپنے آپ کو صرف ان واقعات تک محدود رکھے جو اس کے ذاتی علم میں ہوں - اگر اس کو یہ یقین ہے کہ بعض دستاویزات بالکل صحیح ہیں تو اس کو اپنے اس یقین کی وجہ ظاہر کرنا چاہیے - حلف نامہ پر اس شخص کی تصدیق بھی لازمی ہے جس کے روبرو حلف نامہ کی تکمیل کی گئی ہو - پاکستان میں حلف نامہ چار روپے کے کاغذ پر لکھا جاتا ہے -

Affidavit of cost, بیان حلفی مصارف -

بیان حلفی جس میں اخراجات مقدمہ کے متعلق بیان ہوتا ہے اور جو ڈگری کی تیاری کے موقعہ پر داخل کیا جاتا ہے -

Affidavit of documents, حلف نامہ دستاویزات -

ضابطہ دیوانی کے حکم ۱۱ قاعدہ ۱۲ کے مطابق کسی فریق کی درخواست پر عدالت دوسرے فریق کو ان تمام کاغذات کی فہرست بیان حلفی کے ساتھ داخل کرنے کا حکم دے سکتی ہے جن پر وہ فریق اپنے دعویٰ کے سلسلے میں انحصار کرتا ہے ، خواہ وہ اس کے قبضہ میں ہوں یا نہ ہوں -

Affidavit of increase, حلف نامہ ازدیاد - حلف نامہ اضافہ -

Affidavit of means, بیان حلفی مقدرت -

تحریری بیان حلفی جس میں یہ بیان کیا جائے کہ مدیون ڈگری ادائی رقم کی استطاعت رکھتا ہے -

Affidavit of plight, بیان حلفی اصلیت -

تحریری بیان حلفی جس میں یہ بیان کیا جائے کہ وصیت مذکورہ وہی اصلی وصیت ہے اور اسی حالت میں ہے جس میں کہ موصی نے بوقت وفات چھوڑی -

Affiliation, *n.* الحاق - تحقیق ولدیت -

طفل کی اس کے والد کو حوالگی -

انگریزی قانون کے تحت تحقیق ولدیت کی کارروائی کے لیے ماں بچے کی پیدائش سے قبل یا پیدائش سے بارہ ماہ کے اندر مجسٹریٹ کی عدالت میں درخواست داخل کر سکتی ہے -

Affiliation of college to a University, کالج کا یونیورسٹی سے الحاق -

Affiliated, *a.* ملحق - ملحقہ - الحاق -

Affiliated Company, الحاقی کمپنی -

Affinity, *n.* رشتہ - تعلق - ربط - میل - مصاہرت - (خاندانی ، نسلی یا ازدواجی) -

Affinity, Prohibition by, امتناع مصاہرت - حرمت مصاہرت -

Affirm, *v.* اقرار صالح کرنا - کسی بات کو باوثوق کہنا - اثبات میں تصدیق کرنا -

Affirmance, *n.* تصدیق - اقرار -

Affirmant, *n.* تصدیق کنندہ - مقر (صالح) -

Affirmation, *n.* اقرار - اعتراف - قول -

Affirmation, Solemn, اقرار صالح - حلفیہ اقرار - اقرار حلفی -

Affirmative, *a*. ایجابی - اقراری -

Affirmative pregnant, ایسا اقرار جس میں نفی مضمر ہو -

Affirmative, In the, بالایجاب -

Affix, *v*. چسپاں کرنا (ٹکٹ وغیرہ) - ثبت کرنا - لگانا -

Affixation, *n*. ثبت - چسپاندگی -

Affixation of s al, ثبت مہر -

Afflict, *v*. عائد کرنا - لگانا (ضرب)

Afflicted estate, جائداد و املاک جن پر واجبات (ٹیکس وغیرہ) عائد ہوں -

Afforce, *v*. جبوری میں اضافہ کرنا -

Aforesaid, مذکورہ بالا -

Afore-thought, پہلے سے سوچا ہوا -

Affranchies, *v*. حق رائے دہی دینا -

Affray, *n*. ہنگامہ - جھگڑا -

جب دو یا دو سے زیادہ اشخاص عام مقام پر لڑنے، ہنگامہ کرنے یا جھگڑا کرنے سے امن عامہ (Public Peace) میں خلل انداز ہوں تو ان میں سے ہر ایک "ہنگامہ" کرنے کا مرتکب ہوگا - "جھگڑالو دھمکی آمیز الفاظ کا استعمال ہنگامہ نہیں کہلائے گا -"

حملہ اور ہنگامہ میں فرق یہ ہے کہ ہنگامہ کسی مقام عام پر ہوگا اور حملہ کے لیے کوئی جگہ مخصوص نہیں ہے - مقام عام میں بسیں، ریلوے پلیٹ فارم، عام بیت الخلاء، گودی وغیرہ داخل ہیں، لیکن ریلوے پلیٹ فارم یا اسٹیشن جب کہ کسی گاڑی کی آمد کا بجز سال گاڑی کے وقت نہ ہو مقام عام نہیں ہے -

ہنگامہ یا جھگڑے میں دو طرف جنگ ضروری ہے - ایک فریق دب کر پٹتا رہے (اور کچھ نہ بولے) تو وہ ہنگامہ کی تعریف میں نہ آئے گا (پی ایل ڈی ۱۹۶۰ء لاہور ص ۱۰۱۸ء) -

Affreight, *v*. جہاز کرایہ پر لینا (بار برادری کے لیے) -

Affront, *n*. خفت - اہانت - ناگواری -

After act, پس کردہ -

After born children, باپ کے مرنے کے بعد پیدا ہونے والے بچے -

انگلستان کے قانون میں ایسے بچوں کے لیے ہبہ بالوصیت سے مراد وہ ہبہ ہے جو ان بچوں کو ملتا ہے جو تاریخ تحریر وصیت اور موصی کی وفات کے دوران پیدا ہوں -

After date, پس تاریخ -

Afternoon, دوپہر -

دوپہر کے دو مفہوم ہیں - ایک یہ کہ اس سے مراد وہ تمام وقت ہے جو دن کے دوپہر سے شروع ہو کر آدھی رات کو ختم ہوتا ہے اور دوسرا مفہوم یہ ہے کہ وہ وقت جو دوپہر کے آغاز سے شروع ہو اور شام ہونے سے پہلے ختم ہو جائے -

After sight, بعد معائنہ - بعد المعائنہ - بعد اطلاع -

Against, بمقابلہ - بنام - برخلاف - بہ ناراضی -

Against all risks, بمقابل جملہ خطرات -

Against the documents, بہ مقابل دستاویزات -

Against the will, خلاف مرضی -

ایک اغوا شدہ نابالغ لڑکی کی شادی بہ رضامندی باغراض دفعہ ۳۶۶ تعزیرات پاکستان "رضامندی" نہیں کہلاتی اور ایسے حالات میں فوجداری مقدمہ قائم ہو سکتا ہے اور وہ شادی اس کی مرضی کے خلاف متصور ہوگی (اے - آئی - آر ۱۹۵۱ء مدراس ص ۹) -

Age, *n*. عمر - سن - زمانہ -

کسی شخص کا صداقت نامہ پیدائش اس کی عمر سے متعلق قطعی شہادت ہے تاوقتیکہ اس کی تردید مخالف فریق کی طرف سے نہ ہو (۱۹۳۵ء پٹنہ ص ۴۷۴) بلدیہ کے رجسٹر اموات و پیدائش تعین عمر کے لیے قابل ادخال شہادت ہیں - (۱۵۹ انڈین کیسز ص ۹۶۱) -

صداقت نامہ پیدائش یا سکول کسی شخص کو کسی انتخابی ادارہ کی رکنیت کے لیے عمر کی بنیاد پر نااہل ثابت کرنے کے لیے غیر قطعی قرار دیے گئے ہیں (پی

ایل ڈی ۱۹۶۰ء لاہور ص ۱۱۲۳)۔

Age bar, امتناع عمر۔

Age limit, حد عمر۔

Age of discretion, سن تمیز ۔ سن شعور ۔

قانون کی نظر میں وہ افعال جو عمر کے کسی خاص حصہ میں سرزد ہوں قابل سزا نہیں ہوتے مثلاً سات سال سے کم عمر بچے سے اگر کوئی فعل لائق تعزیر سرزد ہو یا سات اور بارہ سال کے درمیانی عمر والے بچے سے جسے ابھی اتنی تمیز پیدا نہ ہوئی کہ وہ نیک و بد میں فرق کر سکے اور اپنے فعل کی نوعیت یا نتیجہ کا علم ہو ۔

Age of puberty, سن بلوغ (جسمانی) ۔

Age, Under, کم عمر (جو قانونی عمر کو نہ پہنچا ہو) ۔

Agency, *n.* کارندگی ۔ مختاری ۔ نمائندگی ۔ شاخ (کاروبارکی) ۔ وکالت ۔ (بہ اصطلاح شریعت) ۔

Agency, Deed of, دستاویز مختاری ۔ دستاویز کارندگی ۔

Agency, Elements of, ارکان وکالت ۔

Agency functions, فرائض مختاری ۔

Agency, News, خبر رساں ادارہ ۔ خبر رساں ایجنسی ۔ نائب ۔

Agent, *n.* کارندہ ۔ مختار ۔ ایجنٹ ۔

کارندہ وہ شخص ہے جو دوسرے کی طرف سے کسی فعل کے عمل میں لانے کے لیے یا دیگر اشخاص کے ساتھ معاملات میں اس کے قائم مقام کی حیثیت سے عمل کرنے کے واسطے مامور ہو (دفعہ ۱۸۲ قانون معاہدہ) ۔

Agent, Authorised, مختار مجاز ۔ کارندہ مجاز ۔

Agent, Buying, کارندۂ خرید ۔

Agent, Comission, کمیشن ایجنٹ ۔

Agent, Merchant, تجارتی کارندہ ۔

Agent, Politied, معتمد سیاسی ۔ نائب السیاست ۔

Agent's lien, قانونی حق کارندہ ۔

کارندہ اپنی تنخواہ یا ان اخراجات کو جو اس نے مالک کے کام کی انجام دہی کے لیے کیے ہوں مالک کے حساب اور املاک میں سے وضع کر سکتا ہے (ملاحظہ ہو دفعہ ۲۲۱ قانون معاہدہ) ۔

Agents, Secret, خفیہ مخبر ۔

Agent, Selling, کارندۂ فروخت ۔

Agent, Sub-, نائب کارندہ ۔ نائب مختار ۔

Agenda, *n.* ایجنڈا ۔ پیش نامہ ۔

Agenda book, کتاب ایجنڈا ۔

genda committee, ایجنڈا کمیٹی ، جس کو ایجنڈا مرتب کرنے کا اختیار سپرد کیا جائے ۔

Agenda, Draft, مسودۂ ایجنڈا ۔

Aggravate, *v.* سنگین کرنا ۔ زیادہ کرنا ۔ مبالغہ کرنا ۔

Aggravated, *a.* سنگین ۔ شدید ۔ سخت ۔

Aggravated assault, حملۂ شدید ۔

Aggravation, *n.* سنگینی ۔

Aggravating, *a.* سنگین تر کرنے والی ۔ شدید تر کرنے والی ۔

Aggravating circumstance, سنگین تر صورت حال ۔

Aggregate, *a.* مجموعی ۔

Aggregate value, مجموعی قیمت یا مالیت ۔

Aggregate punishment, مجموعی سزا ۔

Aggression, *n.* تشدد ۔ جارحانہ اقدام ۔ حملہ ۔ زیادتی ۔

Aggressor, *n.* حملہ آور ۔ جارح ۔

Aggrieved, *n.* داد خواہ ۔ فریادی ۔ مظلوم ۔ ستم رسیدہ ۔ ناراض ۔ رنجیدہ ۔

زیر دفعہ ۹۸ دستور پاکستان ۱۹۶۲ء ایک شخص جس کی جائداد ، حق رائے دہی یا ذاتی حق کو مضرت پہونچے شخص متضرر کہلانے کا (ڈی ۔ ایل ۔ آر ۱۹۶۶ء ڈھاکہ ص ۳۵۷) ۔

جس شخص کو قانونی اعتبار سے کوئی مضرت پہنچی ہو وہ عدالت کے ذریعہ چارہ کار قانونی اختیار کر سکتا ہے ۔

Aggrieved by an order, بہ ناراضگی حکم ۔

Agist, v. چرانا - کھلانا (مویشیوں وغیرہ کا) - محصول لگانا - رقم عائد کرنا (کسی زمین یا اس کے مالک پر) -

Agistment, n. بن چرائی - محصول آراضی -

انگریزی قانون کے تحت مویشیوں کی چرائی کے لیے آراضی کرایہ پر دیے جانے کی صورت میں اگر کرایہ ادا نہ کیا جائے تو مالک آراضی کرایہ کے عوض مویشیوں کو نہیں پکڑ سکتا -

Agitate, v. جوش پیدا کرنا - تہلکہ مچانا - تحریک چلانا (سماجی یا سیاسی) - جذبات مشتعل کرنا - جد و جہد کرنا - ہر پہلو سے غور کرنا -

Agitation, n. جوش - تہلکہ - تحریک (سیاسی یا سماجی) - ہلچل یا شورش - اضطراب -

Agitator, n. جوش پیدا کرنے والا - جذبات ابھارنے والا - تحریک چلانے والا (سیاسی ، سماجی) -

Agnate, a. یک جدی (سلسلہ ذکور میں) - عصبہ -

Agnation, n. ہم نسبی - برادری -

Agrarian, a. آراضی یا زراعت کے متعلق - زراعتی -

Agrarian Law, قانون زراعت -

Agree, v. اتفاق کرنا - منظور کرنا - قبول کرنا -

Agreed, a. متفقہ -

Agreed sum, متفق علیہ رقم - طے شدہ یا باہمی منظور شدہ رقم -

Agreement, n. قرار داد - اقرار نامہ - اقرار (زبانی یا تحریری) - اتفاق رائے -

یہ اصطلاح اس بات کی علامت ہے کہ باہمی سمجھوتہ ہو چکا ہے جو تحریری ہوگا یا زبانی ، صریحی ہوگا یا معنوی -

اس اقرار کی تکمیل کے لیے ایک طرف سے ایجاب اور دوسری طرف سے قبولیت ضروری ہے -

اقرار نامہ بغیر بدل کے ناجائز ہے کیونکہ اقرار کے بدل میں کچھ نہ کچھ ، خواہ کتنا ہی قلیل کیوں نہ ہوا یک دوسرے پر منتقل ہوتا ہے -

خلاف ورزی معاہدہ کی صورت میں ہرجہ کا دعویٰ کیا جا سکتا ہے یا بعض صورتوں میں تعمیل مختص کے ذریعہ داد رسی حاصل کی جا سکتی ہے -

Agreement Form, ورقہ اقرار نامہ - نمونہ اقرار نامہ -

Agreement, Lawful, قانونی معاہدہ - معاہدہ جائز -

Agreement, Mutual, قرارداد باہمی -

Agreement of arbitration, اقرار ثالثی -

Agreement of price, تصفیہ قیمت -

Agreement, Oral, اقرار زبانی -

Agreement, Supplementary, معاہدہ ضمنی -

Agreement to assign, معاہدہ تفویض -

Agreement, To enter into, معاہدہ کرنا -

Agreement to refer to arbitration, اقرار نامہ رجوع بہ ثالثی -

اگر فریقین کا کسی اقرار نامہ کی رو سے اپنے تنازعات ثالثی کے ذریعے طے کرانا ظاہر ہوتا ہو تو عدالت میں مقدمہ قابل سماعت نہ ہوگا - اگر کوئی فریق عدالت میں مقدمہ دائر کر دے تو دفعہ ۳۴ قانون ثالثی ۱۹۴۰ع کے تحت جواب دعویٰ داخل کرنے یا کارروائی مقدمہ میں کوئی اقدام کرنے سے پہلے کارروائی کو روکنے کی درخواست کی جا سکتی ہے کہ مقدمہ ثالثی کے ذریعہ طے ہونا چاہیے -

Agreement, Void, معاہدۂ باطل -

قانون معاہدہ کے تحت ایسے جملہ معاہدات باطل اور کالعدم تصور کیے جاتے ہیں جو مصلحت عامہ کے خلاف ہوں - مثلاً ایسے معاہدات جن کے تحت قانونی چارہ جوئی سے باز رکھا جائے باطل اور کالعدم ہیں -

Agreement, Written, اقرار تحریری -

Agriculture, n. زراعت -

زراعت کی اصطلاح میں باغات بھی شامل ہیں - عام طور پر یہ کہا جا سکتا ہے کہ وہ تمام چیزیں جو انسانوں اور حیوانوں کی غذا کے کام آتی ہیں زراعت میں شامل ہیں (۴۲ مدراس ص ۴۲۱) -

Agricultural, a. زرعی -

Agricultural Bank, بنک زرعی - زرعی بنک -

Agricultural income, زرعی آمدنی -

زرعی آمدنی انکم ٹیکس سے مستثنیٰ ہے (دفعہ ۴ قانون محصول آمدنی ۱۹۲۲ع) -

انگریز حکومت ہند نے زمینداروں کی حمایت حاصل کرنے کے لیے زرعی آمدنی پر آمدنی ٹیکس عائد نہیں کیا تھا - تا کہ زمینداران اپنے حلقہ اثر میں انگریزوں کے مفادات کے خلاف کام نہ کریں - یہ ایک طرح کی سیاسی رشوت تھی ، اب نئی سماجی اور معاشرتی تبدیلیوں کے پیش نظر زرعی آمدنی کو ٹیکس سے مستثنیٰ رکھنے کا جواز باقی نہیں رہا -

Agricultural land, زرعی آراضی -

Agricultural produce, زرعی پیداوار -

Agricultural property, زرعی جائداد -

Agricultural receipts, زرعی مداخل -

Agricultural revenue, زرعی محاصل -

پاکستان میں نافذ زرعی محاصل کی موجودہ شرح غیر حقیقی ہے - اسلامی نظام آراضی کے تحت زرعی پیداوار کا زمین کی نوعیت کے اعتبار سے دسواں یا بیسواں حصہ حکومت کو لینا چاہیے - نیز زرعی محاصل میں باغات کی پیداوار اور نسل کشی کے ذریعہ جانوروں کی افزائش (Live Stock) کی مدات بھی زرعی پیداوار میں داخل کی جانی چاہییں -

Agricultural year, زرعی سال -

زرعی سال عام طور پر فصلوں کے اعتبار سے متعین ہوتا ہے اس لیے آسے فصلی سال بھی کہا جا سکتا ہے -

Agriculturist, *n.* زراعت پیشہ - کاشت کار -

دفعہ ۶۰ (۱) ضابطہ دیوانی کے تحت وہ شخص جو اپنی گزر اوقات کے لیے کاشت کرتا ہے یا ایک مختصر سی زمین کا مالک ہے اور اس کی گزر اوقات کا انحصار اسی قطعہ آراضی پر ہے ، زراعت پیشہ کہلائے گا - قانون میں ایسے زراعت پیشہ اشخاص کے لیے ڈگری کی تعمیل (Execution) کے سلسلے میں کچھ مراعات دی گئی ہیں -

ایک زمیندار زراعت پیشہ (کاشت کار) کی تعریف

میں نہیں آتا -

Aid, *n.* مدد - امداد - اعانت -

Aided, *a.* امدادی -

Aiding, امدادی (فعل یا شخص) -

Air Mail, ہوائی ڈاک -

Air, Purchasing of, ایسا حق خریدنا جس کا وجود نہ ہو -

Air, Right to, حق ہوا -

Airway, فضائی راستہ - ہوائی راستہ -

Akin, *n.* رشتہ دار -

Alacrity, *n.* مستعدی - پھرتی -

Alarm, *n. v.* خطرہ کا بگل - خطرہ سے خبردار ہونا - خطرے کی دہشت -

Alarmist, *n.* گھبرایا - جو ذرا سی بات پر خطرے کا شور مچائے -

Alcohol, *n.* الکحل - روح شراب -

Aleatory Contract, معاہدہ جس کا نتیجہ کسی واقعہ غیر معین پر منحصر ہو -

Alert, *a.* چوکنا - ہوشیار - مستعد -

Alias, لقب - عرف - وہ نام جس سے کوئی شخص مشہور ہو جائے - دوسرا نام -

Alibi, *n.* عدم موجودگی - موقعہ واردات پر غیر موجودگی -

اس اصطلاح کا مفہوم یہ ہے کہ کوئی شخص یہ ثابت کرے کہ کسی خاص جرم کے وقوع کے وقت جس کا اس پر الزام لگایا گیا ہے وہ کسی اور مقام پر موجود تھا جہاں سے مقام واردات پر پہنچنا اور وقوع واردات کے وقت پر جرم کرنا ناممکن تھا -

Alien, *n.* غیر ملکی - پردیسی - اجنبی - غیر -

ایسا شخص جو غیر ملکی ہو اور عارضی طور پر دوسرے ممالک میں مقیم ہو -

کوئی غیر ملکی کسی ایسے جرم کا ارتکاب کرے جو اس کے ملک میں جرم نہ ہو تب بھی قانون کی نظر میں وہ شخص قابل معافی نہیں ہے ، بلکہ اس مقام کے قانون کے لحاظ سے جہاں جرم کا ارتکاب ہوا ہے

وہ مستوجب سزا ہے ۔

Alien, *v.* منتقل کرنا ۔ انتقال ملکیت کرنا ۔ علیحدہ کرنا ۔

Alien enemy, غیر ملکی دشمن ۔

"غیر ملکی دشمن" کی اصطلاح ضابطہ دیوانی کی دفعہ ۸۳ اور ڈیفنس آف پاکستان آرڈی ننس و قواعد اور دشمن کی جائدادوں کے قانون کے تحت استعمال کی گئی ہیں ۔ غیر ملکی دشمن جس کا ملک پاکستان سے برسرپیکار ہو یا پاکستان کے خلاف جنگ کی تیاریوں پر مشغول ہو پاکستان کی عدالتوں میں نہ کوئی مقدمہ دائر نہیں کر سکتا اور نہ اسے جاری رکھ سکتا ہے ۔ البتہ وہ مدعا علیہ ہو سکتا ہے ۔ (ملاحظہ ہو پی ایل ڈی ۱۹۶۶ء کراچی ۱۶۰ وحید الدین احمد و الہی بخش خیسانی ججان) ۔

Alienable, *a.* قابل انتقال ۔

Alienate, *v.* منتقل یا بیع کر دینا ۔ برگشتہ کرنا ۔

Alienation, *n.* انتقال حقیت ۔

انتقال حقیت آراضی کے معنی یہ ہیں کہ آراضی کی منتقلی ایسی ہے کہ منتقل الیہ کو علیحدہ ممیز حقیت حاصل ہو جائے (۳۳ الہ آباد ص ۳۵۶) ۔

اگر کوئی ہندو بیوہ اپنا حین حیاتی حق منتقل کر دے تو عودی ورثاء (Reversionary heirs) کے لیے کوئی بنائے دعویٰ پیدا نہیں ہوتی ۔

(۱۹۳۳ء پریوی کونسل ص ۳۱۳) ۔

منتقلی حقیت کا ہمیشہ بالمعاوضہ ہونا ضروری نہیں ، منتقلی بذریعہ ہبہ بھی ہو سکتی ہے ۔ (۱۳ مدراس ۶۵۰) ۔

Alienation of land revenue, انتقال حقیت مالیہ آراضی ۔

Alienation of succession to right to occupancy, توریث حق تصرف کا انتقال حقیت ۔

Alienee, *n.* منتقل الیہ ۔

Alienor, *n.* منتقل کنندہ ۔ انتقال کنندہ ۔

Aliens Act, قانون اجانب ۔

Alignment, *n.* خط بندی ۔

Alight, *v.* نیچے اترنا ۔

Alimony, *n.* گزارہ وظیفہ یا الاؤنس ۔ نفقہ ۔

یہ اصطلاح انگریزی قانون کی ہے ۔ وظیفہ جو زوجہ کے شوہر یا اس کی جائداد سے بزمانہ نالش افتراق یا طلاق یا بعد فسخ ازدواج دلایا جائے ۔ مدعیہ کی درخواست پر عدالت بموجب قانون طلاق بدوران مقدمہ فسخ ازدواج ، شوہر کو اپنی بیوی کی گزر اوقات کے لیے نقد ماہانہ ادا کرنے کا حکم دے سکتی ہے جو بالعموم اس کی آمدنی کا ⅕ حصہ ہوتا ہے ۔ لیکن اگر بیوی نے شوہر کا گھر بلا کسی قانونی سبب کے چھوڑا ہو تو وہ اس کی مستحق نہ ہوگی ۔ (۳۳ آئی ۔ ایل ۔ آر ، ص ۳۰) ۔

Alive, *a.* زندہ ۔ قائم ۔ جس کی معیاد نہ گزری ہو ۔

Alive, To keep a decree, ڈگری کو قائم رکھنا ۔

یعنی تمادی پذیر یا خارج المعیاد نہ ہونے دینا ۔

All fours, کلیۃً مطابق ۔ (جب کوئی فیصلہ کسی دوسرے فیصلہ کے بالکل مماثل ہو) ۔

All rights reserved, جملہ حقوق محفوظ ۔

کسی کتاب یا مضمون پر مصنف یا ناشر کا "جملہ حقوق محفوظ" درج کرنا اس امر کی دلالت کرتا ہے کہ اس کی خلاف ورزی کرنے والے کے خلاف قانونی چارہ جوئی کی جائے گی ۔

Allege, بیان کرنا ۔ دلیل کرنا ۔ گزارش کرنا ۔

Alleged, *a.* مظہرہ ۔ پیش کردہ ۔

Allegation, *n.* الزام ۔ ادّعا ۔

Allegation of fact, بیان واقعہ ۔

امر واقعہ جو ایک فریق عدالتی کارروائی میں بیان کرے ۔

Allegiance, *n.* وفا داری ۔ اطاعت ۔ فرمانبرداری ۔

جو غیر ملکی شخص پاکستان کا شہری بننے کا خواہشمند ہوتا ہے وہ قانون شہریت پاکستان ۱۹۵۱ء کے تحت ایک بیان حلفی داخل کرنے کا پابند ہوتا ہے جس میں وہ پاکستان کا وفادار رہنے کا اقرار صالح کرتا ہے ۔

Alliance, *n.* رابطہ ۔ قرابت ۔ عہد نامہ ۔

Allocate, *v.* تعین کرنا ۔ تقسیم کرنا ۔

Allocation, *n.* تعین ۔ تقسیم ۔ تعیین ۔

Allocature, *n.* کلمۂ منظوری عدالت ۔

Allodium, *n.* آراضی معاف یا دوامی ۔

وہ آراضیات جو قطعی ملکیت ہوں اور کسی کے حق سے متاثر نہ ہوں ۔

Allograph, *n.* دستاویز جو کسی فریق کے ہاتھ کی لکھی ہوئی نہ ہو بلکہ کسی دوسرے نے تحریر کی ہو ۔

Allot, *v.* تعین کرنا ۔ تقسیم کرنا ۔ حصہ دینا ۔ حصہ مقرر کرنا ۔

Allotment, *n.* الاٹ منٹ ۔ تعین ۔ تعیین ۔

Allotment, Letter of, مراسلۂ تعین ۔

جب کوئی کمپنی درخواست دہندہ کی تعداد حصص کا تعین کرتی ہے تو وہ اسے ایک مراسلۂ تعین حصص ارسال کرتی ہے جس پر ٹکٹ چسپاں ہونا چاہیے ۔ اگر کوئی ٹکٹ چسپاں نہ ہو تو ایسا مراسلہ تعین حصص کی اطلاع کے مترادف سمجھا جائے گا اور بجائے خود مراسلۂ تعین نہ ہوگا ۔

Allotment note, - یادداشت تعین ۔ یادداشت تعیین ۔

انگریزی قانون کے تحت یادداشت تعین سے مراد منتقلی نامہ ہے جس کے تحت بحری آدمی (Sea Man) اپنی مزدوری یا تنخواہ کا کچھ حصہ اپنے خاندان کے کسی شخص کے نام منتقل کرتا ہے ۔ یہ منتقلی تجارتی بورڈ کی منظوری سے عمل میں آتی ہے ۔

Allotment of share, - تعین حصص ۔ تقسیم حصص ۔

قانون کمپنی میں کمپنی کا سرمایہ پہلے حصص میں تقسیم کیا جاتا ہے کہ کتنی رقم کے اور کس کس رقم کے کتنے حصص ہوں گے ۔ اس کے بعد درخواست دہندگان میں اس سرمایہ کا تعین کر دیا جاتا ہے ۔ چنانچہ کسی حصہ دار کے حصص کو ضبط کرکے کسی دوسرے شخص کے نام تعین کرنا تعین حصص کی تعریف میں نہیں آتا بلکہ ایسا فعل باز اجرائی (Re-issue) کہلائے گا ۔

Allotment order, حکم تعین ۔

Allottee, *n.* الاٹی ۔ تعین دار ۔

Allow, *v.* منظور کرنا ۔ قبول کرنا ۔ عطا کرنا ۔ اجازت دینا ۔

Allow an appeal, اپیل منظور کرنا ۔

Allow time, مہلت دینا ۔ میعاد بڑھانا ۔

Allowable, *a.* روا ۔ جائز ۔ مباح ۔

Allowed, *a.* جائز ۔ منظور ۔

Allowed by Law, قانوناً جائز ۔

Allowance, *n.* وظیفہ ۔ بھتہ ۔

Allowance, Subsistence, گزارہ الاؤنس ۔

Allowance, To make, لحاظ کرنا ۔

Alloy, *n.* میل ۔ ملاوٹ ۔

Allusion, *n.* تلمیح ۔ اشارہ ۔ کنایہ ۔

Alluvion, *n.* برآمدگی (بالعموم دریائی) ۔

Alluvial, *a.* دریا برآر ۔ دریا برآمد ۔

Alluvial land, دریائی زمین ۔ آراضی دریا برآمد یا دریا برآر ۔

جب دریا کا رخ بدل دیا جائے جس کے سبب سے نئی زمین برآمد ہو یا اس کے سبب کسی ایک شخص کی زمین دوسرے کی زمین سے مل جائے تو ان ہر دو صورتوں میں وہ "آراضی دریا برآر" کہلائے گی ۔

Alluviated portions of land, - دریا برآمد قطعات ۔

Ally, *n.* حلیف ۔ بادشاہ یا حکومت جس سے بذریعہ عہد و پیمان تعلق قائم ہو ۔

Almanac-nautical, *n.* - تقویم برائے جہاز رانان ۔ ماہرین علم سیارگان ۔

Alter, *v.* تبدیل کرنا ۔ ترمیم کرنا ۔ رد و بدل کرنا ۔

Alter the finding, تجویز تبدیل کرنا ۔

بالعموم تبدیلی تجویز سے مراد ہے کسی مجرم کی سزا کو ایک دفعہ کے تحت سے دوسری دفعہ کے تحت تبدیل کرنا ۔ تبدیلی کا مطلب ظاہرا تبدیلی ہے ، گو شے تبدیل طلب میں کوئی بنیادی تبدیلی واقع نہ ہو ۔ مثلاً ایک مجرم کو زیر دفعہ ۳۷۹ سرقہ کے جرم کی سزا دی گئی ۔ مگر عدالت مرافعہ اس مجرم کو دفعہ ۳۷۹ کے بجائے دفعہ ۴۱۱ کے تحت مجرم قرار دے تو

ایسی تبدیلی کو تبدیلی تجویز کہا جائے گا ۔
حکم برأت (Acquittal) کو سزایابی (Conviction) میں تبدیل کر دینا تبدیلی تجویز نہیں ہے (پی ۔ ایل ۔ ڈی ۱۹۵۹ء فیڈرل کورٹ ص ۱۰۱) ۔

Alteration, *n.* تبدیلی ۔ تغیر ۔ رد و بدل ۔
تبدیلی خواہ رسم خط میں کی جائے یا ظاہری شکل و صورت میں ، تبدیلی کہلائے گی ۔ اسی طرح خواہ تبدیلی الفاظ کے اضافہ سے کی جائے یا ایک لفظ کی جگہ دوسرا لفظ رکھ دینے سے وہ تبدیلی کہلائے گا ۔ چنانچہ ایک فیصلہ تبدیل شدہ کہا جائے گا اگر عدالت میں اس کی کوئی تبدیلی کی جائے ۔ (پی ۔ ایل ۔ ڈی ۱۹۵۲ء لاہور ص ۵۵۸) ۔

Alteration, Material, اہم تبدیلی ۔
(جس سے فریقین کے حقوق میں فرق آ جائے) ۔

Altered, *a.* متغیر ۔ متبدل ۔ تبدیل شدہ ۔

Altercation, *n.* تکرار ۔ حجت ۔ قیل و قال ۔ تو تو میں میں ۔

Alternative, *a.* متبادل (ایک بجائے دوسرے کے) ۔

Alternative charge, متبادل الزام ۔
جب کسی ملزم کے متعلق یقین سے یہ نہ کہا جا سکے کہ اس نے دو جرائم میں سے فی الواقع کون سا جرم کیا ہے تو اس پر متبادل الزام کے تحت مقدمہ چلایا جائے گا ۔ مثلاً زید کے قبضہ سے مال مسروقہ کی برآمدگی پر جب کہ وہ خود کوئی مناسب وجہ بیان کرنے سے قاصر سمجھا جائے دو دفعات یعنی دفعہ ۳۸۰ اور ۴۱۱ تعزیرات پاکستان کے تحت متبادل الزام (Charge) لگایا جا سکتا ہے یعنی یہ کہ یا تو اس نے وہ مال خود چوری کیا ہے یا چوری کا مال جان کر خریدا ہے ۔ (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو دفعہ ۲۳۶ ضابطہ فوجداری پاکستان) ۔

Alternative obligation, متبادل ذمہ داری یا وجوب ۔
عام قاعدہ کے تحت کسی شخص کو اگر متبادل فرض کی انجام دہی درپیش ہوتی ہے تو اس کو دونوں میں سے کسی ایک کے انتخاب کا حق ہوتا ہے لیکن ایک بار منتخب کر لینے کے بعد اس کا یہ حق باقی نہیں رہتا کہ وہ اپنی ذمہ داری کو تبدیل کر دے ۔ اگر دو متبادل فرائض میں سے ایک فرض کی انجام دہی ناممکن ہو جائے تو ایسی صورت میں اس پر دوسرے فرض کے ادا کرنے کی ذمہ داری قطعی ہو جاتی ہے ۔

Alternative pleas, متبادل عذرات ۔
ایسے دو عذرات جن میں سے ایک پر قائم رہنے کا موقع ہو ۔

Alternative relief, متبادل داد رسی ۔
بعض اوقات دعوے میں دو یا دو سے زیادہ متبادل داد رسیاں طلب کی جاتی ہیں ۔ مثلاً کسی جائداد کے مقدمہ تعمیل مختص میں عدالت سے درخواست کی جا سکتی ہے کہ مدعا علیہ کو یا تو جائداد منتقل کرنے کا حکم دیا جائے یا اس سے ہرجہ دلایا جائے ۔

Alternative, There is no, کوئی چارۂ کار نہیں ۔

Alternatively, *ad.* متبادل ۔ متبادل صورت میں ۔

Amalgamation, *n.* انضمام ۔
جب کوئی ایک یا ایک سے زائد کمپنیاں اپنے کاروبار کو ختم کرکے دوسری کمپنی میں شامل ہو جائیں یا مل کر کوئی نئی کمپنی بنائیں تو اسے انضمام کہتے ہیں ۔

Amalgamation & Absorption, انضمام اور ادغام ۔

Amalgamated, *a.* ضم شدہ ۔ انضامی ۔

Amalgamated Society, انجمن انضامی ۔

Amalgamated statement of reports and returns, رودادوں اور گوشواروں کا انضامی کیفیت نامہ ۔

Amanuensia, *n.* املا نویس عورت ۔

Amaze, *v.* متحیر کرنا ۔ تعجب میں ڈالنا ۔ اچنبھا پیدا کرنا ۔ ہکا بکا کرنا ۔

Ambiguity, *n.* ابہام ۔

Ambiguity, Latent, ابہام خفی ۔

Ambiguity, Patent, ابہام جلی ۔

Ambiguous, *a.* مبہم ۔ غیر واضح ۔

Ambiguous document, مبہم دستاویز ۔

Ambit, *n*. پھیلاؤ ـ وسعت ـ

Ambassador, *n*. سفیر ـ ایلچی ـ

Ambulance, *n*. ایمبولینس ـ بیمار بردار گاڑی ـ

Ambulatory, *a*. عارضی ـ انتقال پذیر ـ غیر مستقل ـ

قانوناً غیر معین ، جس میں تبدیلی ہو سکتی ہے ـ مثلاً وصیت تا وفات موصی قابل تبدیلی رہتی ہے ـ اسے موصی جب چاہے تبدیل یا منسوخ کر سکتا ہے ـ

Amenable, *a*. جوابدہ ـ ذمہ دار ـ

Amenable to discipline, انضباط پذیر ـ

Amenable to jurisdiction, تابع اختیار سماعت ـ

Amenable to Law, قانون کے سامنے جواب دہ ـ

Amenability to discipline, انضباط پذیری ـ

Amenability to Law, انضباط پذیری قانون ـ

Amend, *v*. ترمیم کرنا ـ اصلاح کرنا ـ

Amended, *a*. ترمیم شدہ ـ مرممہ ـ

Amended Certificate, ترمیم شدہ صداقت نامہ ـ

Amending Act, ترمیمی ایکٹ ـ ترمیمی قانون ـ

Amendment, *n*. ترمیم ـ اصلاح ـ درستی ـ

Amendment of Decree, ترمیم ڈگری ـ

عدالت کو یہ اختیار حاصل ہے کہ وہ اس ڈگری میں ترمیم کر دے جو فیصلہ سے مطابقت نہ رکھتی ہو (۱۹۲۳ع کلکتہ ص ۸۹۵) ـ جب ڈگری میں کسی فریق کا نام رہ گیا ہو تو عدالت اپنے خاص اختیار کے تحت ڈگری میں ترمیم کر سکتی ہے (۱۹۲۶ع لاہور ص ۹۹م) ـ تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو دفعہ ۱۵۲ ضابطہ دیوانی ۱۹۰۸ع) ـ

Amendment of Plaint, ترمیم عرضی دعویٰ ـ

عدالت عرضی دعویٰ کی ترمیم کی اجازت دے سکتی ہے ، گو کہ ایک نئی داد رسی ہی کیوں نہ طلب کی گئی ہو بشرطیکہ فریق ثانی کے حق میں اس سے ناانصافی نہ ہوتی ہو ـ (۱۹۳۳ع مدراس ص ۲۹۷) ـ محض ترمیم کی درخواست میں تاخیر درخواست کی نامنظوری کی وجہ نہیں ہو سکتی ـ (۱۹۳۳ع الہ آباد ص ۳۲۴)

Amendments of Pleadings, ترمیم پلیڈنگس ـ

پلیڈنگس (عرضی دعویٰ ، جواب دعویٰ ، جواب الجواب) کی ترمیم سے متعلق عدالتوں کو حکم ٦ قاعدہ ١٧ ضابطہ دیوانی کے تحت وسیع اختیارات حاصل ہیں لیکن ان پر عدالتی اصولوں کے تحت عمل ہونا چاہیے (۱۹۵۰ع پریوی کونسل ص ٦٨) ـ

(*Also See 'Amendment of Plaint'*)

Amends, *n*. بدلہ ـ تاوان ـ معاوضہ ـ تلافی ـ

Amends, To make, نقصان کا معاوضہ دینا ـ نقصان پورا کرنا ـ

Amenity, *n*. خوش گواری ـ

Amerce, *v*. جرمانہ کرنا ـ تاوان دلانا ـ ڈنڈ لینا ـ

Amercement, *n*. جرمانہ اختیاری عدالت ـ

جرمانہ (Fine) اور جرمانہ اختیاری عدالت (Amercement) میں یہ فرق ہے کہ قسم اول میں عدالت کا اختیار محدود ہوتا ہے یعنی قانون یا ضابطہ میں اس امر کی صراحت ہوتی ہے کہ عدالت کس حد تک جرمانہ عائد کر سکتی ہے ، جب کہ قسم دوم میں اس قسم کی کوئی صراحت نہیں ہوتی بلکہ عدالت اپنی صوابدید سے حالات مقدمہ کے پیش نظر جرمانہ کا تعین کرتی ہے ـ

یہ اصطلاح قدیم قانون عامہ انگلستان کی ہے ـ یہ اختیار علاوہ بادشاہ کے لارڈ یا بیرن کو بھی حاصل تھا کہ ایسے جرمانے افراد یا شہروں پر عاید کر سکیں ـ

Ami or Amy, *n*. دوست ـ

Amicable, *a*. دوستانہ ـ

Amicable action, دوستانہ دعویٰ ـ

جب فریقین اس پر متفق ہوں کہ مابین نزاع کے تصفیہ کے لیے کسی عدالت مجاز سے رجوع کیا جائے اور ایسا دعویٰ برضامندی باہمی عدالت میں پیش کر دیا جائے تو اسے دوستانہ دعویٰ کہا جاتا ہے ـ ضابطہ دیوانی ۱۹۰۸ع میں اس کی گنجائش موجود ہے ـ

Amicable settlement, دوستانہ تصفیہ ـ

Amicus Curiae, دوست عدالت ـ صدیق العدالت ـ

بعض اوقات کسی پیچیدہ قانونی مسئلہ میں عدالت کسی فاضل وکیل کو ازخود بلاتی ہے کہ وہ اس

موضوع پر عدالت کو اپنے نظریات سے آگاہ کرے ۔ ایسا وکیل ''دوست عدالت'' کہلاتا ہے ۔ علاوہ ازیں کوئی وکیل جو کسی مقدمہ میں وکیل نہ ہو از خود عدالت سے اجازت لے کر کسی امر قانونی سے متعلق اپنے خیالات کا اظہار کر سکتا ہے ۔ ایسی رضا کارانہ امداد دہی کی وجہ سے اسے دوست عدالت کہا جاتا ہے ۔ وہ کسی فریق کا مقرر کردہ نہیں ہوتا ۔

Amity, n. دوستی ۔ اتفاق ۔ ربط و ضبط ۔

Amunition, n. گولی باورد ۔ سامان حرب ۔

دفعہ ۴ قانون اسلحہ کے تحت محض کارآمد کارتوس ہی سامان حرب کی تعریف میں نہیں آتے بلکہ پرانے کارتوس اور چھرے بھی اس تعریف میں شامل ہیں ، چنانچہ بغیر اجازت نامہ (لائسنس) ان کا رکھنا بھی جرم ہے ۔

(آئی ۔ ایل ۔ آر ۔ ۱۹۴۷ء کراچی ص ۶۹) ۔

Amnesty, n. عام معافی بحکم سرکار ۔ عام معافی بحکم سلطان ۔ عفو عام ۔

جب صدر مملکت کسی قانون یا عام اعلان کے ذریعہ ان اشخاص کے جرم سے درگزر کرے جو کسی جرم میں ماخوذ کیے جا سکتے ہوں یا ان کی سزائیں معاف کر دے یا ان میں تخفیف کر دے جو ماخوذ کر لیے گئے ہوں یا مجرم قرار دیے جا چکے ہوں تو اسے عام معافی بحکم سرکار یا صدر مملکت کہا جاتا ہے ۔

Amortization, n. انتقال آراضی ۔

حق منتقل کرنا آراضی کا بحق کسی جماعت سندیافتہ کے ۔

Amortization of loans, بے باقی قرضہ جات ۔

Amortye, v. بے باق کرنا ۔

Amount, n. مبلغ ۔ رقم ۔ کل تعداد ۔ مقدار ۔ حاصل ۔ نتیجہ ۔

Amount v. تعداد مجموعی ہونا ۔ نتیجہ یا اثر رکھنا ۔

Amount allowed, رقم منظورہ ۔ منظور شدہ رقم ۔

Amount, Capitalized, اثاثی رقم ۔ سرمایہ قرار دادہ رقم ۔

Amount charged, عائد کردہ رقم ۔

Amount collected, رقم وصول شدہ ۔

Amount covered, رقم بیمہ شدہ ۔ بیمہ کی وہ رقم جو کمپنی ادا کرنے کی پابند ہو ۔

Amount deposited, مدخلہ رقم ۔ داخل کردہ رقم ۔

Amount disallowed, رقم نامنظورہ ۔ نامنظور شدہ رقم ۔

Amount drawn, برآوردہ رقم ۔

Amount due, رقم واجب الوصول ۔ رقم واجب الادا ۔

Amount expended, صرف شدہ رقم ۔

Amount realized, وصول شدہ رقم ۔

Amount recovered, رقم موصولہ ۔

Amount required, رقم مطلوبہ ۔

Amount in controversy, رقم زیر نزاع ۔ رقم متنازعہ ۔

Amount of allotment, مقدار تعین ۔ رقم تعیین ۔

Amount of appropriation, رقم صرف ۔

Amount of charge, رقم بار کفالت ۔

Amount of gratuity, رقم انعام ۔

Amount of insurance, بیمائی رقم ۔ رقم بیمہ ۔

Amount of re-assessment, رقم باز تشخیص ۔

Amount of security deposit, رقم ضمانت مدخلہ ۔

Amounts to, مساوی ہے ۔

Amounts to nothing, بے نتیجہ ۔ بے اثر ۔ لاحاصل ۔

Amove, v. برخاست کرنا ۔

Amplification, n. توضیح ۔ تشریح ۔

Amusement or entertainment, تفریح ۔

Amusement or entertainment tax, محصول تفریح ۔

Analogy, n. مشابہت ۔ مماثلت ۔ تمثیل ۔ استدلال ۔ قیاس استقرائی ۔

Analogous, a. مماثل ۔ مشابہ ۔

Analyse, v. تشریح کرنا ۔ جانچنا ۔ تجزیہ کرنا ۔

Analysis, n. تجزیہ ۔

Analyst, n. تجزیہ کار ۔

Analyst, Public, تجزیہ کار عامہ ۔

سرکاری افسر جو غذا اور ادویات میں ملاوٹ کا تجزیہ کرتا ہے ۔ ملاوٹ کے مقدمات میں استغاثہ کی جانب سے تجزیہ کار عامہ کی رپورٹ خاص اہمیت رکھتی ہے ۔

Anarchy, *n.* طوائف الملوکی ۔

Anatomy Act, قانون علم تشریح جسم انسانی

Ancestor, *n.* مورث ۔

Ancestor, Common, مورث اعلیٰ ۔

Ancestral, *a.* جدی ۔ آبائی ۔ موروثی ۔

Ancestral calling, آبائی پیشہ ۔

Ancestral property, موروثی جائداد ۔ آبائی جائداد ۔

جو جائداد ماں ، باپ ، دادا یا پردادا کے ذریعہ سے پہنچی ہو موروثی جائداد کہلاتی ہے ۔ چنانچہ جو جائداد بھائی ، بھتیجہ یا چچا کے ذریعہ سے پہنچی ہو وہ موروثی جائداد کی تعریف میں نہیں آتی ۔ (۵ ۲ مدراس ص ۶۷۸)۔

آبائی جائداد کے مقابل مکسوبہ جائداد (Self acquired Property) کی اصطلاح آتی ہے ۔ ہندو قانون میں ان ہر دو جائدادوں کے تصرف میں فرق کیا گیا ہے چنانچہ قانون وصیت ہنود ۱۹۵۶ء میں صرف جائداد مکسوبہ کی حد تک اب اختیار وصیت کو تسلیم کیا گیا ہے (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو مجموعہ قوانین اسلام ، مؤلفہ تنزیل الرحمن ، جلد ۳ مقدمہ)

Ancestry, *n.* خاندان ۔

Ancient, *a.* قدیم ۔ دیرینہ ۔

Ancient document, قدیم دستاویز ۔

تیس (۳۰) سال پرانی دستاویز قدیم دستاویز کی تعریف میں داخل ہے ۔ اس کے متعلق بلا مزید ثبوت یہ قیاس کر لیا جاتا ہے کہ وہ صحیح و درست ہے بشرطیکہ صحیح قبضہ سے برآمد ہوئی ہو ۔ (ملاحظہ ہو قانون شہادت) ۔

Ancient lights, قدیم روشنیاں ۔

روزن یا کھڑکیاں جن کے ذریعہ سے روشنی آتی ہے اور جو ۲۰ سال سے زیادہ عرصہ سے بلا مزاحمت قائم ہوں اور جن میں حق قائم ہو چکا ہو وہ بند نہیں کرائی جا سکتیں ۔

Ancient monuments, آثار قدیمہ ۔

Ancillary, *a.* ضمنی ۔ ذیلی ۔

Ancillary Administration, ذیلی نظم و نسق ۔

Ancillary decision, ضمنی فیصلہ ۔

وہ فیصلہ جس کا انحصار کسی دوسرے فیصلہ پر ہو ۔

Ancillary Power, ذیلی اختیار ۔

And, اور ۔

کبھی کبھی اس لفظ سے "یا" کے معنی بھی مراد لیے جاتے ہیں ۔ (ملاحظہ ہو میکسویل ، انٹرپریٹیشن آف اسٹیچوٹ) ۔

Anew, از سر نو ۔

Animal, *n.* جانور ۔

سوائے انسان کے ہر جاندار شے ۔

Animosity, *n.* بغض ۔ خصومت ۔ عداوت ۔

Anglo-Muhammadan Law, قوانین شرعی ،

جن کو انگریزوں نے ہندوستان میں اپنے دور حکومت میں مسلمانوں کے لیے نافذ کیا تھا ۔

Annex, *v.* شامل کرنا ۔ منسلک کرنا ۔

Annexation, *n.* شمول ۔ ضبطی ۔

Annexure(s), *n.* منسلکہ ۔ منسلکات ۔

Annexed conditions, شرائط منسلکہ ۔ مشمولہ شرائط ۔

Annotation, *n.* تحشی ۔ حاشیہ ۔

Announce, *v.* اعلان عام کرنا ۔ مطلع کرنا ۔ حکم سنانا ۔

Announcement, *n.* اعلان عام ۔

Announcer, *n.* معلن ۔ اعلانی ۔ اعلان کرنے والا ۔

Annoy, *n.* تکلیف دینا ۔ رنج پہنچانا ۔ ایذا پہنچانا ۔

Annoyance, *n.* ایذا ۔ تکلیف ۔ تصدیعہ ۔ زحمت ۔

یہ اصطلاح Nuisance کے مقابلہ میں زیادہ وسیع مفہوم رکھتی ہے ۔ اگر کوئی شخص کسی آدمی کے آرام میں خلل ڈالے تو ایسا شخص ایذا رسانی کا مرتکب ہوگا ۔

Annoyance, Giving, ایذا رسانی ۔

Annoyance, To cause, ایذا ، رنج یا تکلیف پہنچانا ۔

Annual, *a.* سالانہ ۔

Annual charge, سالانہ محصول ۔

Annual earning, سالانہ کمائی ۔

Annual interest, سالانہ سود ۔

Annual income, سالانہ آمدنی ۔

Annual tenancy, سالانہ کرایہ داری ۔

Annual lease, سالانہ پٹہ ۔

Annual list of shareholders of company, حصہ داران کی سالانہ فہرست ۔

دفعہ ۳۲ قانون کمپنیات کے تحت ہر کمپنی کو رجسٹرار کے دفتر میں حصہ داران کمپنی کی ایک سالانہ فہرست داخل کرنا لازمی ہے جس میں منظورہ سرمایہ ، ادا شدہ سرمایہ ، حصہ داران کے نام اور ہر ایک حصہ دار کے حصوں کی تعداد اور مالیت درج ہوتی ہیں ۔

Annual return, سالانہ گوشوارہ ۔

Annual value, سالانہ مالیت ۔

Annual letting value, سالانہ مالیت کرایہ داری ۔

جائداد پر محصول بالعموم سالانہ کرایہ داری کی مالیت کی بنیاد پر عائد کیا جاتا ہے ۔ چنانچہ اس کے لیے ضروری نہیں ہے کہ جائداد لازماً کرایہ پر اٹھی ہوئی ہو ۔ اگر مالک جائداد ذاتی رہائش رکھتا ہو تو اس صورت میں اس جائداد کی سالانہ مالیت کرایہ کی تشخیص اندازاً ہوگی اور اسی پر محصول عائد ہوگا ۔ البتہ اگر جائداد خالی پڑی ہے تو اطلاع دینے پر اس مدت کا محصول نہیں لگایا جاتا ۔

Annual letting value, Assessed, مشخصہ سالانہ مالیت کرایہ داری ۔

سالانہ مالیت کرایہ داری کا تعین اس اندازہ پر کیا جاتا ہے کہ وہ جائداد کرایہ پر اٹھائے جانے کی صورت میں کس قدر کرایہ پر اٹھائی جا سکتی ہے ، اس کے لیے قرب و جوار کی عمارتیں ، استعمال ، آبادی ، شہری سہولتیں اور تعمیر کی نوعیت کا لحاظ رکھا جاتا ہے ۔

Annual letting value, Fixed, مقرر کردہ سالانہ مالیت کرایہ داری ۔

Annual letting value, Proposed, مجوزہ سالانہ مالیت کرایہ داری ۔

صوبائی حکومت کا محکمہ ایکسائز و ٹیکسیشن غیر منقولہ جائداد ٹیکس ایکٹ کے تحت ہر پانچ سال کی مدت کے لیے شہری جائدادوں کا سروے کرتا ہے ۔ اس سروے کا مقصد جائداد کی سالانہ مالیت کرایہ داری کی تشخیص ہوتا ہے ۔ مجوزہ تشخیص کی فہرست اطلاع عام کی غرض سے مشتہر کی جاتی ہے جس کے خلاف عذرات (objections) پیش کیے جا سکتے ہیں اور ان عذرات کے تصفیہ کے بعد سالانہ مالیت کرایہ داری کا تعین کیا جاتا ہے جس کی بنیاد پر مالک جائداد ، جائداد ٹیکس و دیگر محصولات ادا کرنے کا پابند ہوتا ہے ۔

Annuity, *n.* سالیانہ ۔ سالانہ وظیفہ ۔ رقم سالانہ جو قابل ادا ہو ۔

Annuitant, *n.* سالیانہ یاب ۔ سالیانہ دار ۔ سالانہ وظیفہ دار ۔

Annul, *v.* منسوخ کرنا ۔ فسخ کرنا ۔ کالعدم کرنا ۔

Anomalous, *a.* بے ربط ۔ بے ضابطہ ۔

Anomalous mortgage, بے ضابطہ رہن ۔

وہ رہن جو رہن سادہ یا رہن بیع بالوفا یا رہن انگریزی نہ ہو ۔ (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو دفعہ ۵۶ قانون انتقال جائداد) ۔

Anomaly, *n.* بے ترتیبی ۔ بے ضابطگی ۔

Anonymous, *a.* گمنام ۔ بے نام ۔

Answer, *n.* جواب ۔ جواب دہی ۔

ضابطہ دیوانی کے حکم ۱۱ قاعدہ ۸ کے تحت سوالنامہ کا جواب دینا ۔

لازم ہے کہ سوالنامہ میں دیے ہوئے سوالات کے جوابات صحیح دیے جائیں ۔

Answer, Definite, قطعی جواب ۔

Answer, Evasive, ٹالنے والا جواب ۔

Answerable, *v.* جواب دہ ۔ قابل باز پرس ۔

Ante, *pref.* مقدم ۔ ماقبل ۔ پیش ۔

Antecedent, مقدم ۔ ماقبل ۔

Antecedent breach, خلاف ورزی ماقبل ۔

Antecedent debts, ماقبل قرضہ جات ۔

Antecedents, *n.* حالات ماقبل ۔ حالات گزشتہ ۔ کیفیت ماضیہ (کسی شخص کی) ۔

Antedate, *v.* تاریخ ماقبل ڈالنا یا ثبت کرنا ۔

Antenuptial, *a.* قبل ازدواج ۔ قبل نکاح ۔

Ante-nuptial agreement, معاہدہ قبل ازدواج ۔
معاہدہ قبل ازدواج یا بعد ازدواج میں کوئی حقیقی فرق نہیں ہے (۲ کراچی وبکلی لا رپورٹ ۱۹۶۰ع محمد یاسین بنام خوشنما خاتون ۲۹) ۔

Ate-nuptial child, طفل ماقبل ازدواج ۔
وہ بچہ جو شادی سے قبل پیدا ہو جائے ۔

Anthropometry, بشر پیمائی ۔ پیمائش جسم انسانی ۔

Anti, مخالف ۔ ضد ۔

Anticipate, *v.* پیش دستی کرنا ۔ پیش بندی کرنا ۔ پیش بینی کرنا ۔ قبل از وقت محسوس کرنا یا عمل میں لانا ۔

Anticipated, *a.* متوقع ۔

Anticipated decrease, متوقع کمی ۔

Anticipated increase, متوقع اضافہ ۔

Anticipated profit, متوقع آمدنی ۔

Anticipated realization, متوقع وصولی ۔

Anticipation, *n.* توقع ۔ پیش بندی ۔ قبل از معمول ۔

Anticipatory pension, قبل از وقت پنشن ۔

Anti-corruption, انسداد رشوت ستانی ۔

Anti-hoarding, انسداد ذخیرہ اندوزی ۔

Anti-religion, مذہب دشمن ۔

Anti-social elements, سماج دشمن عناصر ۔

Anti-social activities, سماج دشمن سرگرمیاں ۔

Anti-profiteering, انسداد منافع خوری ۔ انسداد منافع بازی ۔

Antimony, *n.* قانونی تضاد ۔
دو قوانین یا ایک قانون کی دو دفعات میں باہمی تضاد ۔

Antimonian, *a.* قانون منکر ۔
جرمانیا میں ایک جماعت قائم ہوئی تھی ، جس کا نام انٹی سونی تھا ۔ اس جماعت کا عقیدہ تھا کہ عیسائیوں پر اخلاقی قانون کی پابندی لازمی نہیں ہے ۔ اسی نسبت سے اس اصطلاح کے معنی منکر قانون کے ہیں ۔

Antiquated, *a.* قدیم ۔ کہنہ ۔ غیر مروج ۔ متروک ۔

Antiquity, *n.* زمانہ ۔ سلف ۔ قدامت ۔
وہ شے جس کے قدیم ہونے کے سبب اس کا تحفظ اور دیکھ بھال حکومت کرتی ہے (قانون تحفظ آثار قدیمہ) ۔

Anxiety, *n.* اضطراب ۔ بے چینی ۔

Anxious, *a.* متفکر ۔ مضطرب ۔ مشوش ۔

Any, کوئی ۔ جو کوئی ۔ ہر کوئی ۔

Any Court, کوئی عدالت ۔
جب یہ لفظ ضابطہ دیوانی کے تحت استعمال ہو تو اس کا مطلب عدالت دیوانی سے ہوتا ہے اور جب یہ لفظ ضابطہ فوجداری کے تحت استعمال ہو تو اس کا مطلب عدالت فوجداری سے ہوتا ہے ۔

Any matter, کوئی معاملہ ۔ کوئی مقدمہ یا نالش ۔

Any other cause, کوئی اور سبب ۔ کوئی بنائے دیگر ۔

Apart, *ad.* جدا ۔ علیحدہ ۔ قطع نظر ۔
کسی امر کو نظر انداز کر کے ۔

Apartment, *n.* کمرہ ۔
مکان کا حصہ جو اور حصوں سے بذریعہ دیوار علیحدہ ہو ۔

Apology, *n.* معافی ۔ معذرت ۔

Apology, To make an, معافی مانگنا ۔ معذرت کرنا ۔
مقدمہ ہتک عزت یا کارروائی ہتک عزت میں مدعا علیہ (جواب دار) کے اقرار جرم کو لینے اور معافی مانگ لینے سے بہ منظوری مدعی یا مستغیث وہ کارروائی ختم کی جا سکتی ہے ۔

Apology, Unconditional, غیر مشروط معافی یا معذرت ۔

Apostasy, *n.* ارتداد ۔ مذہب یا عقیدے سے انحراف ۔
ارتداد کے لفظی معنی کسی شے سے پلٹ جانے

کے ہیں اصطلاحاً اس کے معنیٰ "مسلمان کا اسلام سے پھر جانا ' لوٹ جانا" ہیں ۔ ارتداد در اصل اسلام سے کفر کی طرف انتقال کا نام ہے ۔ اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا کہ وہ مرتد دین معین کی طرف پلٹے یا کوئی دین ہی اختیار نہ کرے یا اسلام سے قبل جس دین پر تھا ' اس کے علاوہ کسی اور دین کو اختیار کر لے ' ان تمام صورتوں میں وہ مرتد ہی کہلائے گا اور اس پر ارتداد کے احکام مرتب ہوں گے ۔

شیخ الاسلام حضرت مولانا شبیر احمد عثمانیؒ نے ارتداد کے موضوع پر ایک مختصر رسالہ "الشہاب لرجم خاطف المرتاب" لکھا تھا اس میں ارتداد یعنی اسلام سے کفر کی طرف پھر جانے کی دو صورتیں لکھی ہیں ۔ ایک یہ کہ کوئی مسلمان صریحاً اسلام سے انکار کر بیٹھے اور دوسرے یہ کہ ایسا نہ ہو مگر بعض ضروریات دینیہ اور قطعیات شرعیہ سے انکار کرے ۔ بہ الفاظ دیگر ایسے صاف ' قطعی اور بدیہی امر دین کا انکار کرے جو انکار رسالت کو مستلزم ہو ۔ دونوں صورتوں میں ایسا شخص اسلام سے نکل کر کفر میں جانے والا کہلائے گا ۔ (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو مرتد کے احکام ' مؤلف ہذا ' سلسلہ مقالات شائع شدہ ماہنامہ البلاغ ۱۳۹۰ھ) ۔

اینگلو محمڈن قانون کے تحت شوہر یا زوجہ کے مذہب تبدیل کر لینے سے نکاح خود بخود فسخ نہیں ہوتا بلکہ اس بناء پر عدالت میں فسخ نکاح کی ڈگری کے لیے مقدمہ دائر کیا جا سکتا ہے ۔ لیکن شرعی قانون کے تحت تبدیلی مذہب سے نکاح خود بخود فسخ ہو جاتا ہے ۔ (دفعہ ۳۲۱ محمڈن لا مؤلفہ ملا چودہواں ایڈیشن ۔ نیز ملاحظہ ہو مجموعہ قوانین اسلام ، مؤلفہ تنزیل الرحمن ، جلد دوم) ۔

Apostate, *n.* ملحد ۔ مرتد ۔ برگشتۂ مذہب ۔ ناقض عہد ۔ عہد شکن ۔

Apostile, Ille, (Fr. Law). تحشیہ ۔ تشریح ۔ اضافہ (کسی تحریر میں) ۔

Apothecaries Act, قانون عطاران ۔

Apparent, *n.* ظاہر ۔ ظاہری ۔ صاف ۔ عیاں ۔ صریح ۔

Apparent easement, ظاہری حق آسائش ۔

Apparent on the face of record, مسل سے ظاہر ۔

Apparent heir, ولی عہد ۔ وارث جس کا حق عیاں ہو ۔

Apparently, *ad.* ظاہراً ۔

Appeal, *n.* & *v.* (۱) اپیل ۔ مرافعہ ۔ التجا ۔ (۲) اپیل کرنا ۔ التجا کرنا ۔ درخواست کرنا ۔

Appeal, Court of, عدالت مرافعہ ۔

Appeal, Cross, مرافعہ عکسی ۔ جوابی مرافعہ ۔ جوابی اپیل ۔

Appeal, First, اپیل اول ۔ مرافعہ اول ۔

Appeal from or against a decision, اپیل بہ ناراضی فیصلہ ۔ مرافعہ بہ ناراضگی فیصلہ ۔

Appeal, Grounds of, موجبات اپیل ۔ وجوہات اپیل ۔ موجبات مرافعہ ۔

Appeal, Memorandum of, عرضداشت اپیل ۔ یادداشت مرافعہ ۔ روداد مرافعہ یا اپیل ۔

Appeal, Miscellaneous, متفرق اپیل ۔ اپیل متفرقہ ۔ مرافعہ متفرق ۔

Appeal, Regular, باقاعدہ اپیل ۔ اپیل حسب معمول ۔

Appeal, Second, مرافعہ ثانی ۔

Appeal, Special, اپیل خاص ۔ مرافعہ خاص ۔

Appealable, *a.* قابل مرافعہ ۔ قابل اپیل ۔

Appear, *v.* حاضر عدالت ہونا ۔ حاضر ہونا ۔

Appear in person or by pleader, اصالتاً یا وکالتاً حاضر ہونا ۔

Appearance, *n.* حاضری (عدالت میں) ۔

کوئی شخص اگرچہ کمرۂ عدالت میں موجود ہو مگر کارروائی مقدمہ میں حصہ نہ لے تو یہ سمجھا جائے گا کہ وہ عدالت میں حاضر نہ تھا ۔

Appearance, Non, *n.* عدم حاضری (عدالت میں) ۔

اگر کوئی فریق مقدمہ باوجود علم و اطلاع عدالت میں حاضر نہ آئے تو کارروائی یک طرفہ عمل میں لائی جا سکتی ہے ۔ لیکن عدالت معقول وجوہ کی موجودگی

میں اس یک طرفہ کارروائی کو ختم کر سکتی ہے ۔
Also see "Application for Restoration".

Appellant, *n.* — مترافع ۔ اپیلانٹ ۔ مرافع ۔ مرافعہ گذار ۔ اپیل گذار ۔ اپیل کرنے والا ۔ مرافعہ پیش کرنے والا ۔

Appellate, *n.* — متعلق بہ اپیل ۔

Appellate authority, — حاکم مجاز مرافعہ ۔

Appellate Court, — عدالت مرافعہ ۔

Appellate Jurisdiction, — اختیار سماعت مرافعہ ۔ اپیل سننے کا اختیار ۔

Appellate proceedings, — کارروائی مرافعہ ۔ کارروائی اپیل ۔

Appellee, *n.* — مرافعہ علیہ ۔

Append, *v.* — منسلک کرنا ۔ شامل کرنا ۔

Appendage, *n.* — ضمیمہ ۔ تتمہ ۔

Appended, *a.* — منسلکہ ۔

Appendent, — متعلق ۔
(کسی جائداد کا دوسری جائداد سے متعلق ہونا) ۔ کسی ایسی جائداد کی حقیت اور اس کا استعمال جو دوسری جائداد سے متعلق ہو بذریعہ قدامت (Prescrip-tion) حاصل کی جا سکتی ہے ۔ اگر کسی اور ذریعہ سے حاصل کی جائے تو Appurtenant کہلائے گی ۔

Appendix, *n.* — ضمیمہ ۔ تتمہ ۔

Appertain, *v.* — متعلق ہونا ۔ موزوں ہونا ۔

Appliance, *n.* — اطلاق ۔ ذریعہ ۔ وسیلہ ۔

Applicable, *a.* — قابل اطلاق ۔ منطبق ۔ مناسب ۔ موزوں ۔

Applicability, *n.* — اطلاق پذیری ۔ انطباق ۔

Applicant, *n.* — سائل ۔ درخواست گذار ۔

Application, *n.* — (۱) درخواست ۔ سوال ۔ عرضی ۔ گذارش ۔ (۲) اطلاق ۔ انطباق ۔

Application fee, — فیس درخواست ۔ اجرت درخواست ۔

Application form, — فارم درخواست ۔

Application for amendment, — درخواست برائے ترمیم ۔

Application for execution of decree, — درخواست اجراء یا تعمیل ڈگری ۔
اگر درخواست تعمیل ڈگری ، تاریخ ڈگری سے ایک سال بعد پیش کی جائے تو عدالت کے لیے مدیون ڈگری کو اس درخواست کا نوٹس دینا ضروری ہوگا ۔
See "Execution of decree"

Application for leave to appeal, — درخواست برائے اجازت مرافعہ ۔
عدالت عالیہ کے فیصلہ کے خلاف سپریم کورٹ میں اپیل کرنے کے لیے عدالت عالیہ سے مرافعہ کرنے کی اجازت کا صداقت نامہ حاصل کرنا ہوتا ہے بجز اس کے کہ سپریم کورٹ کو باعتبار مالیت دعوی یا اپیل اختیار سماعت حاصل ہو ۔ لیکن بعض صورتوں میں سپریم کورٹ (عدالت عظمیٰ) کو خاص اجازت مرافعہ دینے کا اختیار حاصل ہے ۔

Application for restoration, — درخواست باز قائمی (بہ نمبر سابق) ۔
اگر کوئی دعویٰ مدعی کی عدم موجودگی کے سبب خارج کر دیا جائے تو مدعی اس خارج شدہ مقدمہ کو باز بہ نمبر سابق قائم کرنے کی درخواست کر سکتا ہے ۔ ایسی صورت میں عدالت مدعی کے حلف نامہ کی روشنی میں یہ طے کرے گی کہ آیا اس کی عدم حاضری کی از روئے قانون کافی وجوہ موجود ہیں ۔ بصورت اثبات مقدمہ خرچہ کے ساتھ یا بلا خرچہ جیسا عدالت مناسب خیال کرے پھر نمبر سابق پر لے لیا جاتا ہے ۔

عدم موجودگی کے سبب دعویٰ خارج ہو جانے کی صورت میں مدعی کے لیے یہ چارہ کار ہے کہ حکم ۹ قاعدہ ۹ مجموعہ ضابطہ دیوانی کے تحت حکم اخراج کے مقدمہ کے خلاف اندرون ۳۰ یوم درخواست باز قائمی پیش کرے ۔ (پی ایل ڈی ۱۹۵۶ء بی ۔ جے ص ۶۰) ۔

Application for substitution of legal heirs, — درخواست قائم مقامی ورثاء قانونی ۔

دوران مقدمہ یا اپیل اگر مدعی یا مدعا علیہ میں سے کوئی فوت ہو جائے تو اندرون ۹۰ یوم قائم مقام ورثاء قانونی کی درخواست عدالت میں پیش کر دینی چاہیے - بصورت دیگر وہ مقدمہ یا اپیل ساقط ہو جاتی تھی لیکن اب لاء ریفارمس آرڈی نینس ۱۹۷۲ع کی رو سے وہ مقدمہ یا اپیل ساقط نہیں ہوتی ، بشرطیکہ بناء دعویٰ باقی رہے - (ملاحظہ ہو حکم ۲۲ قاعدہ ۳ و ۹ ضابطہ دیوانی) -

Application for withdrawal of suit, درخواست دست برداری مقدمہ - مقدمہ اٹھا لینے کی درخواست - درخواست واپسی مقدمہ -

کسی دیوانی مقدمے میں کوئی مدعی اپنے دعوے کے کل یا جز سے کسی بھی نوبت پر کسی ایک یا زاید مدعا علیہم کے خلاف اپنا دعویٰ واپس لے سکتا ہے - دعویٰ واپس لے لینے کی صورت میں مدعی اسی بنائے مخاصمت کی بنیاد پر دوبارہ مقدمہ دائر نہیں کر سکتا - الا یہ کہ عدالت نے دست برادری مقدمہ کے وقت نیا مقدمہ دائر کرنے کی اجازت دے دی ہو - (ملاحظہ ہو حکم ۲۳ قاعدہ ۱ ضابطہ دیوانی)

Application in aid of execution, درخواست بہ ضمن اجرائے ڈگری -

Application to certify payment, درخواست تصدیق ادائی -

یہ درخواست زر ڈگری کی ادائی کی تصدیق کے سلسلے میں دی جاتی ہے کہ ڈگری دار نے زر ڈگری وصول کر لیا ہے -

(Also see 'Adjustment of decree')

Apply, *v.* درخواست کرنا - سوال پیش کرنا - اطلاق کرنا - استعمال کرنا -

Applied, Uniformly, یکساں اطلاق کیا گیا -

Appoint, *v.* مقرر کرنا - تقرر کرنا - تعینات کرنا - تعین کرنا -

Appointed, *v.* مقرر شدہ - مقرر کیا گیا -

''مقرر کیا گیا'' کے الفاظ میں لازمی طور پر ''پہلے مقرر کیا ہوا'' شامل نہیں ہے اس کے معنی ''آئندہ مقرر کیا جائے'' بھی ہو سکتے ہیں - (اے - آئی - آر - ۱۹۵۸ع سپریم کورٹ آف انڈیا ص ۱۳۸) -

Appointee, *n.* تقرر یاب - مقرر شدہ - (شخص) - مامور -

Appointing Authority, تقرر کنندہ حاکم -

Appointment. *n.* تقرر - تقرری - نامزدگی - تعین یا قرار -

Appointment Board, مجلس تقررات -

Appointment letter, مراسلہ تقرر - پروانہ تقرری -

Appointer, *n.* تقرر کنندہ -

Apportion, *v.* بانٹنا - بٹوارہ کرنا -

Apportionment, *n.* بٹوارہ - تقسیم -

Apportionment of costs (of suit), تقسیم مصارف (مقدمہ) -

Apposition, *n.* (۱) لگانا - ثبت کرنا - (مہر کا) - (۲) دوش بدوش رکھنا -

Appraise, *v.* تخمینہ کرنا - آنکنا - جانچنا - تشخیص کرنا -

Appraisal, *n.* تخمینہ (جائداد یا سامان کا) -

Appraised value, تخمینی قیمت - قیمت مشخصہ -

Appraisement, *n.* تخمینہ - اندازہ - جانچ - تشخیص -

Appraiser *n.* تخمینہ کار - تخمینہ کرنے والا -

قانون کرگیری کے تحت ایک افسر جو باہر سے درآمد کیے ہوئے مال کی قیمت کا تخمینہ لگاتا ہے اور اس امر کی جانچ کرتا ہے کہ درآمد کنندہ نے بیجک (Invoice) میں صحیح اور حقیقی قیمت درج کی ہے یا نہیں تاکہ محصول کا تعین کیا جا سکے -

Appreciable, *a.* قابل قدر - پسندیدہ - نمایاں - بین - اندازہ لگانا - احساس کرنا -

Appreciation *n.* اندازہ - تخمینہ - جانچ - پرکھ -

Apprehend, *v.* (۱) پکڑنا - گرفتار کرنا - ماخوذ کرنا - حراست میں لینا - (۲) خائف ہونا - اندیشہ ہونا - (۳) سمجھنا -

Apprehension, *n.* (۱) خدشہ - (۲) سمجھ بوجھ - ادراک - (۳) حراست - گرفتاری -

Apprehensible, *a.* قابل فہم ۔ قابل درک ۔

Apprentice, *n.* شاگرد ۔ نو آموز ۔ چیلا ۔

Apprentice, To bind, شاگرد کرنا ۔
کسی اہل حرفہ کے پاس تعلیم کے لیے سپرد کرنا ۔ شاگردی میں تفویض کرنا ۔

Apprenticeship, *n.* کار آموزی - زمانہ یا حالت شاگردی

Approach, *n.* (۱) رسائی ۔ (۲) گفت و شنید ۔

Approach road, متصلہ سڑک ۔

Approbate & Reprobate, ایک جزو دستاویز کو قبول کرنا اور دوسرے کو رد کرنا ۔
کوئی شخص دستاویز کے ایک حصے کو قبول اور اس کے دوسرے حصہ کو رد کرنے کا اختیار نہیں رکھتا ۔ یہ اصول قدیم قانون روما کا ہے جس کے تحت ایک عمل سے فائدہ اٹھائیں اور اسی کے ساتھ دوسرے سے منکر ہوں اس کو قدیم قانون روما کے تحت منع کیا گیا تھا ۔

Approbation, *n.* منظوری ۔ رضامندی ۔ اجازت ۔ پسندیدگی ۔

Appropriate, *a, & v.* (۱) مناسب ۔ حسب حال ۔ (۲) قبضہ کر لینا ۔ مالک بن بیٹھنا - اپنے تصرف میں لے آنا ۔

Appropriate cost, خرچہ مناسب ۔

Appropriation, *n.* (۱) تصرف ۔ قبضہ ۔ (۲) اختصاص ۔
اگر کسی شخص کے ذمے ایک شخص کے متعدد قرضے ہیں تو قرض دار مذکور بوقت ادائی قرض خواہ کو یہ ہدایت کر سکتا ہے کہ وہ ادائی فلاں قرض میں قبول کی جائے لیکن اگر کسی قسم کی کوئی صراحت نہ کی گئی ہو تو قرض خواہ کو اختیار ہے کہ وہ جس قرضہ کے حساب میں چاہے جمع کرے خواہ وہ قرضہ خارج المیعاد ہی کیوں نہ ہو ۔

Appropriation, Wrongful, تصرف بے جا ۔
اس کو فوجداری قانون کی اصطلاح میں (Misap-propriation) کہتے ہیں ۔

Approve, *v.* صاد کرنا ۔ پسند کرنا ۔ منظور کرنا ۔ توثیق کرنا ۔

Approved, *a.* منظور شدہ ۔ منظورہ ۔

Approval, *n.* منظوری ۔ پسندیدگی ۔

Approver, *n.* گواہ سرکاری ۔
وہ شخص جو معافی مل جانے کے سبب جرم کا اقبال کر لے اور اپنے شریک جرم کے خلاف گواہی دے ۔ ایسے شخص کو سلطانی گواہ یا وعدہ معاف گواہ بھی کہا جاتا ہے ۔
یہ ایک مسلمہ اصول ہے کہ وعدہ معاف گواہ کے بیان کی بناء پر کسی شخص کو مجرم نہیں گردانا جا سکتا الا یہ کہ اس بیان کی دوسری اہم تفصیلات سے توثیق ہوتی ہو لیکن مطلوبہ توثیق محض عام توثیق کے انداز کی نہیں ہونی چاہیے بلکہ ہر ہر ملزم کے خلاف اس کے بیان کی توثیق ہونا ضروری ہے ۔ (ملاحظہ ہو پی ۔ ایل ۔ ڈی ۱۹۵۵ء لاہور ص ۳۰۱)۔
See "Accomplice" also

Appurtenant, *n.* شے متعلقہ عمارت یا آراضی یا حقیت جو کسی جائداد سے متعلق ہو ۔

Arable, *a.* قابل زراعت ۔ قابل کاشت ۔

Arbiter, Arbitrator, *n.* ثالث ۔ پنچ ۔ حکم ۔

Arbitral tribunal, عدالت ثالثی ۔

Arbitrament, *n.* ثالثی ۔

Arbitrary, *a.* خود اختیاری ۔ بے قاعدہ ۔ بے اصول ۔ من مانا ۔

Arbitrate, *v.* تصفیہ کرنا ۔ فیصلہ کرنا ۔

Arbitrarily fixed, اپنی مرضی کے مقرر کردہ ۔

Arbitration, *n.* ثالثی ۔ تحکیم ۔ پنچایت ۔
ثالثی کے لیے یہ ضروری شرط ہے کہ فریقین کے مابین کچھ ایسے امور ہوں جو قابل تصفیہ ہوں ۔

Arbitration Act, قانون ثالثی ۔
قانون ثالثی، ۱۹۴۰ء کے تحت جب تک اقرار نامہ ثالثی باضابطہ تکمیل نہ پا چکا ہو ثالث کا فیصلہ بے اثر رہے گا ۔ محض زبانی اقرار کی بناء پر ثالثی کی کارروائی اور فیصلہ کسی عدالت میں پیش نہیں ہو

سکتا اور نہ وہ عدالتی فیصلہ قرار دیا جا سکتا ہے۔ (۱۹۵۱ء مدراس ص ۶۷۳)۔

Arbitration Agreement, معاہدۂ ثالثی - اقرار نامہ سپرد ثالثی -

جب فریقین یہ اقرار کر لیں کہ ان کے مابین کسی معاہدہ سے متعلق جو تنازعہ پیدا ہو وہ عدالت کے بجائے ثالثی کے ذریعہ سے طے کیا جائے تو کوئی بھی فریق عدالت سے رجوع کرنے کا مجاز نہیں ہے اور اگر کوئی فریق تنازعہ کے تصفیہ کے لیے عدالت سے رجوع کرے تو دوسرا فریق عدالتی کارروائی کو رکوا سکتا ہے اور فریق ثانی کو بذریعہ ثالثی فیصلہ کرانے پر مجبور کر سکتا ہے۔ (دیکھیے دفعہ ۳۴ قانون ثالثی)۔

اقرار نامہ ثالثی کی تکمیل کے بعد فریقین اس سے منحرف نہیں ہو سکتے بجز اس کے کہ یہ ظاہر کیا جائے کہ اقرار نامہ کا مقصد قابل تعمیل نہیں رہا یا یہ کہ اگر اقرار نامہ باقی رہے تو شدید نا انصافی کا امکان ہے۔ (۱۰ ایم - آئی - اے ص ۱۱۲)۔

Arbitration Board, مجلس ثالثی -

Arbitration Clause, فقرۂ ثالثی -

فقرۂ ثالثی سے مراد اقرار نامہ کا وہ فقرہ ہے جس کے تحت فریقین معاہدہ متنازعہ امور کا تصفیہ بذریعہ ثالثی طے کرانا منظور کرتے ہیں۔

Arbitration Council, ثالثی کونسل -

زیر دفعہ ۲ (الف) عائلی قوانین آرڈی ننس ۱۹۶۱ء ثالثی کونسل سے مراد وہ جماعت ہے جو چیئرمین یونین کمیٹی اور فریقین مقدمہ کے ایک ایک نمائندہ پر مشتمل ہو۔

Arbitration, International, بین الاقوامی ثالثی -

تجارت کے بڑھتے ہوئے تقاضوں کے پیش نظر بین الاقوامی ثالثی مجلس کا قیام عمل میں آ چکا ہے جس کے تحت دو مختلف ممالک کے تاجروں کے مابین تجارتی تنازعات بین الاقوامی ثالثی کے سپرد کیے جا سکتے ہیں۔ اس قسم کا انتظام ملکی تجارتی انجمنوں کے ذریعہ ہوتا ہے۔

Arbitration, Private, نجی ثالثی - خانگی پنچایت -

Arbitration Proceedings, ثالثی کارروائی -

Arbitration through court, ثالثی بذریعہ عدالت -

Arbitrator, *n.* ثالث - پنچ - حکم -

ثالث، پنچ یا حکم اس شخص کو کہتے ہیں جو کسی مفوضہ تنازعہ کو کسی ایک فریق یا سب فریقوں کی طرف سے طے کرنے کے لیے منظور کیا جاتا ہے۔

ثالث کے لیے لازم ہے کہ وہ انصاف رسانی کے مسلمہ اصولوں اور قاعدوں پر عمل پیرا ہو اور فریقین کو جواب دہی کا مناسب موقع دے۔

ایک بار ثالث مقرر کرنے کے بعد مقرر کنندہ کو یہ اختیار باقی نہیں رہتا کہ وہ اسے موقوف کرکے دوسرے ثالث کو مقرر کرے، الا یہ کہ وہ ثالث فوت ہو جائے یا قانوناً نا اہل ہو یا خود انکار کر دے۔ (دیکھیے دفعہ ۵ قانون ثالثی)۔

Architect, *n.* میر عمارت - آرکیٹکٹ - نقشہ نویس -

Archive, *n.* محافظ خانہ -

دستاویزات و کاغذات رکھنے کی جگہ۔

Archon, *n.* آرکن -

ایتھنز کے نو مجسٹریٹوں میں سے ایک۔

Area, *n.* رقبہ -

Area, Assessable, قابل تشخیص رقبہ -

Area, Assessed, بندوبستی رقبہ،

جس پر مال گزاری تشخیص ہوئی ہو۔

Area, Cultivated, مزروعہ رقبہ -

Area, Harvested, فصل برداشت رقبہ -

Area, Irrigated, رقبہ آبپاشی -

Area of supply, رقبہ برقابی -

وہ رقبہ جس کی حدود میں بجلی کمپنی کو بجلی کی بہم رسانی کی اجازت دی جاتی ہے۔ (دیکھیے قانون بجلی)۔

Area of taxation, محصولی رقبہ -

Area, Planted, نخل بند رقبہ -

Argue, *v.* بحث کرنا - حجت کرنا -

Argument, *n*. بحث - حجت - دلیل -

جب مقدمہ میں شہادت ختم ہو جائے تو فریقین کو یہ موقع حاصل رہتا ہے کہ وہ اپنے مقدمہ میں بحث کریں - یہ فیصلہ کرنا انہیں کا کام ہے کہ آیا وہ اس اختیار سے فائدہ اٹھائیں یا نہ اٹھائیں (۱۹۲۰ع لاہور ص ۲۴۶) - ایک فیصلہ جو بغیر سماعت بحث صادر ہوا ہو ناجائز نہیں ہے جب کہ فریقین نے بحث کے موقع سے فائدہ نہ اٹھایا ہو (۱۹۲۴ع لاہور ص ۱۰۷)-

لیکن ایک جج جس کے سامنے نہ کوئی شہادت ہوئی ہو اور نہ اس کے سامنے کوئی کارروائی ہوئی ہو فیصلہ سنانے میں حق بجانب نہیں ہے جب تک کہ وہ اپنے اجلاس پر فریقین کو پیش ہونے کا موقع نہ دے - ایسا فیصلہ منسوخ ہو جانا چاہیے - (۹۱ پٹنہ رپورٹر ۱۹۰۳ع) -

Argumentative, *a*. مدلل -

Aristocracy, *n*. چند خاص افراد کی حکومت - طبقہ امراء -

Ariyat, *n*. عاریت -

یہ اصطلاح اسلامی قانون کی ہے -

کسی شے سے استفادہ کرنے کی ایسی اجازت جسے اس کا مالک جب چاہے منسوخ کر دے ''عاریت'' ہے -

عاریت (Licence) سے حق ملکیت پیدا نہیں ہوتا بلکہ عارضی طور پر اس شے کے جس حد تک اور جس وقت تک استفادہ کرنے کی اجازت دی گئی ہے اس وقت تک حق استفادہ اس شے کی نسبت پیدا ہو جاتا ہے - اسلامی قانون میں ہبہ کے برخلاف عاریت ہر وقت منسوخ کی جا سکتی ہے - عاریت اپنی اصل میں قابل رجوع ہے - (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو (مجموعہ' قوانین اسلام، مؤلف ہذا، جلد ۳ ص ۱۰۴۱)-

Arm, *n*. & *v*. ہتھیار - ہتھیار باندھنا - مسلح ہونا -

Armed, *a*. مسلح - ہتھیار بند -

Armistice, *n*. التوائے جنگ -

Armoury, *n*. اسلحہ خانہ -

Arms, *n*. اسلحہ - ہتھیار -

Arms, In, مسلح - ہتھیار بند -

Arms length, To be at, دور رہنا - بے تعلق رہنا -

Arms of the Law, قوت قانونی - قانونی ہاتھ -

Arms, To take, جنگ کرنا - آمادۂ پیکار ہونا - مقابلہ کرنا -

Arraign, *v*. الزام لگانا - تہمت لگانا - استغاثہ دائر کرنا -

Arrangement *n*. انتظام - تصفیہ خانگی - ترتیب -

Arrangement, To make an, آپس میں طے کرنا -

Array, *n*. & *v*. قطار - صف - ترتیب - جیوری - جیوری کا بالترتیب بٹھانا -

Array, To challenge the, جیوری کی نسبت اعتراض کرنا -

Arrear, *a*. باقی - زر باقی -

Arrears, *n*. باقیات - بقایا (وصول طلب) -

Arrears of rent, بقایا جات کرایہ -

بقایا جات کرایہ کے معنیٰ ہیں وہ کرایہ جو قانونی طور پر واجب اور قابل وصول ہو - جو کرایہ خارج از میعاد ہو چکا ہو وہ کرایہ قابل وصولی نہیں کہلایا جا سکتا لہذا اس کے متعلق یہ نہیں کہا جا سکتا کہ وہ قانوناً واجب (due) ہے -

Arrears, In, باقی - پس ماندہ -

Arrears, To fall in, باقی میں ہونا -

Arrention *n*. آراضی جنگل کو محیط کرنا یا کرایہ پر اٹھانا -

Arrest, *n*. & *v*. گرفتاری - حراست - گرفتار کرنا - حراست میں لینا - روکنا - بند کرنا -

Arrest of judgement, التوائے فیصلہ - فیصلہ کو روکنا -

Arrest under Civil Law, گرفتاری تحت قانون دیوانی -

دیوانی قانون میں کوئی ڈگری دار (Decree Holder) زر ڈگری کی عدم ادائی کی بناء پر مدیون ڈگری کو گرفتار کرا سکتا ہے - مگر ایسی گرفتاری

کی صورت میں آسے مدیون ڈگری کے خور و نوش کا خرچ عدالت میں جمع کرنا ہوگا ۔ مدت گرفتاری چھ ماہ سے تجاوز نہیں کر سکتی ۔ نیز یہ کہ اسی ڈگری کے تحت ایک بار گرفتاری اور قید کے بعد مدیون ڈگری کو دوبارہ گرفتار اور قید نہیں کیا جا سکتا ، خواہ زر ڈگری ادا شدنی ہو ۔

Arrest under Criminal Law, گرفتاری تحت قانون فوجداری ۔

فوجداری قانون کے تحت گرفتاری کی صورت میں پولیس پر لازم ہے کہ وہ گرفتار شخص کو بعجلت ممکنہ مجسٹریٹ کے روبرو پیش کرے ۔ (مزید تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو ضابطہ فوجداری و تعزیرات پاکستان) ۔

Arrestment *n.* استناع ۔ روک ۔ قرقی ۔ قید ۔

Arrival, *n.* آمد ۔ ورود ۔

Arrival, Notice of, اطلاع ورود ۔ اطلاع آمد ۔

Arrogate, *v.* ناجائز حق کا دعویٰ کرنا ۔

کسی حق یا اختیار کا بہ طریق بے جا دعویٰ کرنا ۔

Arrogation, *n.* جھوٹا دعویٰ ۔

Arsenal, *n.* اسلحہ خانہ ۔

Arsenic, *n.* سنکھیا ۔

Arson, *n.* & *v.* آتش زنی ۔ آگ لگانا ۔

جو شخص آگ یا بھک سے اڑ جانے والے مادے کے ذریعہ سے بالارادہ نقصان رسانی کا مرتکب ہو مستوجب سزا ہے ۔

Article, *n.* فقرہ ۔ دفعہ ۔ حکم ۔ شرط ۔ شئے ۔ مضمون ۔ مقالہ ۔

Article, *v.* دفعہ وار لکھنا ۔ دفعہ عائد کرنا ۔ پابند شرائط کرنا ۔

Articled, *a.* آموز گار ۔

جس نے آموزگار ہونے کی دستاویز تحریر کی ہو ۔

Articles of agreement, شرائط اقرار نامہ ۔

Articles of association, قواعد و ضوابط کمپنی ۔

وہ قواعد و ضوابط جو کمپنی کے کاروبار کو چلانے اور اس کے اغراض و مقاصد کو رو بہ عمل لانے کی غرض سے مرتب کیے جاتے ہیں اور حسب ضابطہ رجسٹر کرائے جاتے ہیں ۔

کمپنی کے قواعد و ضوابط میں تبدیلی کی جا سکتی ہے لیکن اس تبدیلی کو رجسٹرار کمپنیات کے دفتر میں رجسٹر کرانا ضروری ہوتا ہے ۔

Articles of Navy, ضوابط بحریہ ۔

Articles of Partnership, شرائط شراکت ۔

Articles of Peace, شرائط امن ۔

Articles of War, ضوابط جنگ ۔ آئین جنگ ۔

Artificial, *a.* مصنوعی ۔ بناوٹی ۔ غیر حقیقی ۔

Artificial argument, مصنوعی دلیل ۔

Artificial coin, جعلی سکہ ۔

Artificial gold, مصنوعی سونا ۔

Artificial person, مصنوعی شخص ۔

کمپنی یا جماعت متحدہ مصنوعی شخص کی تعریف میں آتی ہیں ۔

Artificial stream, مصنوعی چشمہ ۔

اگر کوئی شخص اپنی زمین میں کوئی مصنوعی چشمہ بنائے ، جس سے اس کی زمین سیراب ہوتی ہو ، تو وہی اس کا مالک ہوگا ۔

Artisan, *n.* دستکار ۔ کاری گر ۔ صناع ۔ اہل حرفہ ۔

مکینک بھی اہل حرفہ کی تعریف میں شامل ہے ۔ (اے ۔ آئی ۔ آر ۱۹۵۵ء کلکتہ ص ۹۰۲) ۔

Artist, *n.* فن کار ۔

Ascend, *v.* اوپر جانا یا چڑھنا ۔

Ascendants, *n.* آباء و اجداد ۔

Ascending line, سلسلۂ اجداد ۔ سلسلۂ اصول ۔

Ascertain, *v.* دریافت کرنا ۔ تحقیق کرنا ۔

Ascertained, *a.* تحقیق شدہ ۔ دریافت شدہ ۔

Ascertainment, *n.* دریافت ۔ تحقیق ۔

Ascribe, *v.* منسوب کرنا ۔ قرار دینا ۔ انتساب کرنا ۔

Ashamed, *a.* شرمندہ ۔ نادم ۔

Aside, *ad.* علیحدہ ۔ الگ ۔

Aside, To set, منسوخ کرنا (فیصلہ کا) ۔

Aspect, *n.* شکل ۔ پہلو ۔ صورت ۔

Aspersion, n. تہمت ۔ الزام ۔ بہتان ۔

Aspotation, n. مال کی منتقلی اس جگہ سے جہاں رکھا ہو ۔ (چوری کی نیت سے) ۔

Assail, v. حملہ کرنا ۔

Assailant, n. حملہ آور ۔

Assassin, n. قاتل ۔ دغا یا فریب سے قتل کرنے والا ۔

Assassination, n. قتل (دغا سے) ۔

بالعموم یہ اصطلاح کسی بڑے اور مشہور آدمی کے قتل کے لیے استعمال ہوتی ہے ۔

Assault, n. حملہ ۔ مار پیٹ ۔

جو شخص کوئی ایسا انداز اختیار کرے یا کوئی ایسی تیاری اس نیت یا اس امر کے احتمال کے علم سے کرے کہ اس صورت کے بنانے یا کرنے سے کوئی شخص حاضر موقع سمجھ لے کہ صورت بنانے والا یا تیاری کرنے والا شخص اس پر مجرمانہ حملہ کرنے والا ہے تو کہا جائے گا کہ شخص مذکور حملے کا مرتکب ہوا (ملاحظہ ہو دفعہ ۳۵۱ تعزیرات پاکستان) ۔

Assault, v. حملہ کرنا ۔ مارنا ۔ بے عزت کرنا ۔

Assay n. & v. عیار ۔ پرکھ ۔ کسوٹی ۔ جانچنا ۔ پرکھنا ۔ جد و جہد کرنا ۔

Assay office, دارالعیار ۔ دارالضرب ۔ ٹکسال ۔

Assayer, n. عیار شناس ۔ نقاد ۔ پرکھیا ۔

Assemblage, n. اجتماع ۔ ہجوم ۔ ذخیرہ ۔

Assembly, n. اسمبلی ۔ جماعت ۔ مجمع ۔

Assemblyman, n. رکن اسمبلی ۔

Assembly, Unlawful, مجمع خلاف قانون ۔

پانچ یا اس سے زائد افراد کا مجمع جس سے امن عامہ میں خلل اندازی کا خطرہ ہو۔ اس کو منتشر ہونے کا حکم ہر وہ مجسٹریٹ یا افسر دے سکتا ہے جو پولیس تھانہ کا انچارج ہو ۔ حکم پر اس مجمع کے افراد کو منتشر ہو جانا چاہیے ۔ (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو باب ۹ ضابطہ فوجداری) ۔

Assent, n. & v. منظوری ۔ رضامندی ۔ منظوری دینا ۔ منظور کرنا ۔

قانون جو قومی اسمبلی یا صوبائی اسمبلی منظور کرتی ہے وہ بغرض منظوری صدر مملکت اور گورنر (جیسی صورت ہو) کے پاس بھیجا جاتا ہے جب صدر یا گورنر اپنی منظوری کے دستخط اس مسودہ قانون پر ثبت کر دیتا ہے تو وہ ملک کا یا صوبہ کا قانون منظورہ بن جاتا ہے اور گزٹ میں اشاعت کے بعد قابل تعمیل ۔

Assentation, n. بے عذر تسلیم ۔

Assert, v. دعویٰ کرنا ۔ ادعا کرنا ۔ بیان کرنا ۔ حق کا ظاہر کرنا ۔ حق پر جمے رہنا ۔

Assertion, n. بیان ۔ اظہار ۔ ادعائے حق ۔ بیان یا دعویٰ جس کی جانچ نہ کی ہوئی ہو ۔

Assertion of one's right, اپنے حق کا اظہار ۔

Assertive, a. ادعائی ۔ قطعی ۔

Assertory-covenant, ادعائی شرط ۔ معاہدہ ادعائی ۔

Assess, v. تشخیص کرنا ۔ محصول عاید کرنا ۔

Assessable, a. قابل تشخیص ۔

Assessed, a. مشخصہ ۔ تشخیص شدہ ۔

Assessed value, مشخصہ مالیت ۔

Assessee, n. مشخص الیہ ۔

Assessing officer, عہدہ دار تشخیص کنندہ ۔

Assessment, n. تشخیص ۔

Assessment, Average rate of, اوسط شرح تشخیص ۔

Assessment order, حکم تشخیص ۔

Assessment of compensation, تشخیص معاوضہ ۔

Assessment of Income Tax, تشخیص آمدنی محصول ۔

Assessment of Revenue, تشخیص مال گزاری ۔

Assessor, n. اسیسر ۔ مشاور ۔ تشخیص کنندہ ۔ مشخص ۔

وہ شخص جو بحیثیت مشیر کے کسی جج یا ٹریبونل کو امداد دے ۔ وہ عہدہ دار جو محصول عائد کرنے کے لیے جائداد کی ملکیت یا اس کے کرایہ کی تشخیص کرے ۔

قانون فوجداری کے تحت سیشن کے مقدمہ کی سماعت

یا تو بذریعہ جیوری کی جاتی ہے یا اس کی سماعت جج بہ معاونت اسیسر صاحبان کرتا ہے ۔ صورت آخرالذکر میں اسیسر صاحبان کی معاونت بمنزلہ مشورہ ہوتی ہے ان کی رائے جج کے لیے قابل پابندی نہیں ہے ۔
پاکستان کے ترمیم شدہ قانون فوجداری کے تحت اب سماعت مقدمہ بہ امداد جیوری یا اسیسرز کا طریقہ ختم کر دیا گیا ہے ۔

Asset, *n.* اثاثہ ۔ واصلات ۔

Asset, Dobutful, غیر معین اثاثہ ۔

Asset, Fixed, قائم اثاثہ ۔

Asset, Fluctuating, گھٹتا بڑھتا اثاثہ ۔

Asset, Immovable, غیر منقولی اثاثہ ۔

Asset, Movable, منقولی اثاثہ ۔

Asset, Intangible, غیر مادی اثاثہ ۔

Asset, Personal, ذاتی اثاثہ ۔

Asset, Real, جائداد غیر منقولہ ۔

Asseveration, *n.* اقرار حلفی ۔ اقرار واثق ۔

Assign, or Assignee, منتقل الیہ ۔ مفوض الیہ ۔ جس کو جائداد یا حقوق منتقل ہوں ۔

Assign, *v.* تفویض کرنا ۔ سپرد کرنا ۔ کسی دوسرے کے نام منتقل کرنا ۔

Assigned, *a.* مفوضہ ۔ تفویض کردہ ۔ منتقلہ ۔ مقرر کردہ ۔ معینہ ۔

Assigned debt, قرضہ منتقلہ ۔

Assignee, *n.* مفوض الیہ ۔ منتقل الیہ ۔

Assignee, Official, سرکاری مہتمم قرضہ ۔
وہ عہدہ دار جو سرکار سے برائے اہتمام جائداد و املاک دیوالیہ مقرر ہو ۔

Assignee of Revenue, معافی دار ۔

Assigner, *n.* منتقل کنندہ ۔

Assignment, *n.* انتقال ۔ منتقلی ۔

Assignment, Deed of, انتقال نامہ ۔

Assignment for the benefit of creditors, دائنان کے فائدے کے لیے انتقال یا منتقلی ۔

Assignment, Legal, انتقال قانونی ۔

Assignment of choses in action, انتقال نالشی حقوق زر ۔ انتقال حقوق نالش زر ۔
نالشی حقوق زر مثلاً قرضہ جات وغیرہ کی منتقلی از روئے قانون جائز قرار دی گئی ہے اور منتقل الیہ قرض دار پر مقدمہ دائر کر سکتا ہے مگر اس کے لیے لازم ہے کہ وہ منتقلی قطعی اور تحریری ہو جس پر منتقل کنندہ کے دستخط ثبت ہوں ۔ نیز یہ کہ اس منتقلی کی نسبت قرض دار کو نوٹس مل چکا ہو ۔
See "Chose in action"

Assignment of land revenue, تفویض مالیہ ۔ منتقلی مالیہ ۔

Assist, *v.* امداد کرنا ۔ اعانت کرنا ۔
اگر کوئی شخص جس پر کسی سرکاری ملازم کو اس کے فرائض منصبی کی انجام دہی میں مدد دینی قانوناً واجب ہو ، قصداً ایسی مدد نہ دے تو وہ شخص سزا کا مستوجب ہوگا ۔ (دیکھیے دفعہ ۱۸[illegible] تعزیرات پاکستان) ۔

Assistance, *n.* امداد ۔ اعانت ۔

Assistant Judge, نائب جج ۔ اسسٹنٹ جج ۔

Assize, *n.* محکمۂ عدالت ۔ کچہری ۔

Assize Judge, اسائز جج ۔

Associate, *n.* رفیق ۔ ساتھی ۔ شریک ۔

Associate of crime, شریک جرم ۔

Association, *n.* جماعت ۔ انجمن ۔

Association, Articles of, ضوابط انجمن ۔

Association, Memorandum of, اغراض و مقاصد انجمن ۔
کمپنی کے وہ اغراض و مقاصد جن کے لیے کوئی کمپنی قائم کی جاتی ہے از روئے قانون رجسٹر کرانا لازمی ہے ۔ ان میں تبدیلی کمپنی کے حصے داروں کی خاص قرارداد (ریزولیشن) اور عدالت عالیہ کی منظوری سے کی جا سکتی ہے ۔

Association of persons, جماعت اشخاص ۔
اگر کوئی جماعت باضابطہ رجسٹری شدہ نہیں ہے تو وہ جماعت کے نام سے مقدمہ دائر نہیں کر سکتی ۔

Assume, v. فرض کرنا ۔ خود اپنے طور پر اختیار کرنا ۔ اپنے ذمہ لینا ۔ قبول کرنا ۔

Assumed, a. فرضی ۔

Assumed name, فرضی نام ۔

Assumed liability, فرضی ذمہ داری ۔

Assumpsit, n. (O. E. Law) نالش ہرجہ بر بنائے معاہدہ ۔

Assumption, n. فرض ۔ قیاس ۔

Assurance n. دستاویز ۔ وثیقہ ۔ بیمہ ۔ یقین ۔ قول ۔

Assurance company, بیمہ کمپنی ۔

Assurance, Endowment, میعادی بیمہ ۔

Assurance money, زر بیمہ ۔

Assure v. بیمہ کرنا ۔ بیمہ کرانا ۔ بیمیانا ۔

Assured, a. بیمہ شدہ شخص جس کے حق میں بیمہ کیا گیا ہو ۔

Assurer, n. بیمہ کرنے والا ۔

Asylum, n. جائے پناہ ۔

Asylum, Lunatic, پاگل خانہ ۔ دارالمجانین ۔

Assythment, n. ہرجہ ۔ خون بہا ۔
معاوضہ جو ہلاک شدہ کے ورثاء کو ہلاک کنندہ سے دلایا جائے ۔

At call, بر طلب ۔ طلب پر ۔

At large, مفرور ۔

At Notice, بر اطلاع ۔ اطلاع پر ۔

Atone, v. بدل دینا ۔

Atheist, n. دہریہ ۔ لا مذہب ۔

Atrocity, n. سنگ دلی ۔ بے رحمی ۔

At sight, عندالمعائنہ ۔

Attach, v. قرق کرنا ۔ ملحق کرنا ۔ متعلق ہونا ۔

Attached, a. قرق شدہ ۔ ضبط شدہ ۔ منضبطہ ۔ ملصق ۔ منسلک ۔

Attached to the earth, ملصق بہ زمین ۔ زمین سے ملصق ۔
وہ شے جو زمین سے ملصق ہو یا جو چیز زمین سے ملصقہ شے سے ملصق ہو جائداد غیر منقولہ کی تعریف میں آتی ہے۔ (ملاحظہ ہو قانون انتقال جائداد ۱۸۸۲ ع)

Attachee, n. ایلچی ۔ سفیر ۔ ہمراہی ۔

Attaching, n. قارق ۔ قرق کرنے یا کرانے والا ۔

Attaching creditor, دائن قارق ۔

Attaching officer, اہلکار قارق ۔ قرق امین ۔

Attachment, n. قرق ۔ ضبطی ۔
کسی شخص یا جائداد کو قانونی تحویل میں لینا قرق یا ضبطی کہلاتا ہے ۔ بالعموم یہ اصطلاح جائداد یا مال و اسباب کی قرق کے لیے مستعمل ہے ۔
کسی شخص کی قرق ذات بالعموم اس وقت عمل میں آتی ہے جب کہ وہ حقیر عدالت یا عدول حکمی کا مجرم ہوتا ہے ۔ یہ عمل بمنزلہ گرفتاری ہوتا ہے ۔
جائداد کے خلاف قرق بعض اوقات آغاز مقدمہ کے ساتھ عمل میں آتی ہے ، بالخصوص جب کہ وہ شخص جس کے خلاف مقدمہ دائر ہوتا ہے اس ملک کا باشندہ نہ ہو اور جائداد اس عدالت کی حدود میں موجود ہو جہاں کہ دعویٰ دائر ہوا ہے یا یہ کہ مدعا علیہ اگر اسی حدود عدالت میں سکونت رکھتا ہے لیکن جائداد کو دائن سے بچانے کے لیے یا کسی اور فریب سے منتقل یا تلف کرنے والا ہے ۔ ایسی قرق کو قرق قبل از فیصلہ (Attachment before judgement) کہا جاتا ہے۔ (ملاحظہ ہو حکم ۳۸ قاعدہ ۵ ضابطہ دیوانی)۔

Attachment before judgement قرق قبل از فیصلہ ۔

Attachment after judgement, قرق بعد از فیصلہ ۔
قرق عام طور پر مقدمہ کے فیصلہ کے بعد کی جاتی ہے جس کو قرق بہ دوران تعمیل (Attachment in execution) کہا جاتا ہے اور یہ عمل ایفائے ڈگری کے لیے کیا جاتا ہے اگر وجہ موجہ کے بغیر کسی مدعی یا ڈگری دار نے قرق کروائی ہو تو وہ اس غیر قانونی مضرت کے لیے قانون ٹارٹ کے تحت مستوجب ادائی ہرجانہ ہوگا۔

Attachment, Liable to, مستوجب قرق ۔

Attachment of agricultural produce, قرق پیداوار زرعی ۔
(ملاحظہ ہو حکم ۲۱ قاعدہ ۴۴ ضابطہ دیوانی) ۔

Attachment of debt, قرق قرضہ ۔ (قابل وصول) ۔
(ملاحظہ ہو حکم ۲۱ قاعدہ ۴۶ ضابطہ دیوانی)۔

Attachment of decree, قرقی ڈگری ۔
(ملاحظہ ہو حکم ۲۱ قاعدہ ۵۳ ضابطہ دیوانی) ۔

Attachment of Negotiable Instrument,
قرقی دستاویز قابل بیع و شراء ۔
(ملاحظہ ہو حکم ۲۱ قاعدہ ۵۱ ضابطہ دیوانی) ۔

Attachment of Partnership property,
قرقی جائداد شراکتی ۔
(ملاحظہ ہو حکم ۲۱ قاعدہ ۴۹ ضابطہ دیوانی)

Attachment of Pay, قرقی تنخواہ ۔
(ملاحظہ ہو حکم ۲۱ قاعدہ ۴۸ و دفعہ ۶۰ ضابطہ دیوانی) ۔

Attachment, Removal or withdrawal of,
قرقی سے واگزاشت ۔

Attachment, Under, زیر قرقی ۔

Attack, *n. & v.* حملہ ۔ الزام ۔ اعتراض ۔
حملہ کرنا ۔ اعتراض کرنا ۔ الزام لگانا ۔

Attain, *v.* پہنچنا (اختتام کو) ۔ حاصل ہونا
(کسی مقصد یا عہدہ کا) ۔

Attain to age, بالغ ہونا ۔
قانوناً عمر بلوغ ۱۸ سال قرار دی گئی ہے لیکن اگر نابالغ کی جائداد کورٹ آف وارڈز کے زیر انتظام ہے تو اس کی عمر بلوغ ۲۱ سال ہے ۔

Attainder, *n.* سزائے موت یا جلا وطنی کی صورت میں شہری و قانونی حقوق کی ضبطی ۔
انگلستان کا ایک قانون جس کی رو سے بغاوت یا کسی سنگین جرم کی پاداش میں علاوہ سزائے موت یا جلاوطنی کے مجرم کی جائداد ضبط کی جائے اور اس کی جائداد اس کے ورثاء کو نہ پہنچ سکے ۔

Attempt, *n.* اقدام ۔ کوشش ۔ ارتکاب (جرم) ۔
تعزیرات پاکستان کی رو سے ہر جرم کی تین منزلیں ہیں ۔
(۱) ارتکاب جرم کی نیت (Intention) ۔
(۲) اس کے ارتکاب کی کوشش یا تیاری (Attempt or Preparation) اور
(۳) جرم کا ارتکاب (Commission) ۔
اگر وہ جرم یا فعل تکمیل کو پہنچ جائے تو جرم مکمل ہو جاتا ہے اور اگر فعل تکمیل کو نہ پہنچے تو ''اقدام'' کہلائے گا ۔

Attempt at murder, اقدام قتل ۔
اقدام قتل کی سزا زیر دفعہ ۳۰۷ تعزیرات پاکستان ۷ سال قید بامشقت مقرر ہے ۔

Attempt to commit a crime, اقدام جرم ۔
اقدام ارتکاب جرم جو ایسی تیاری سے کیا جائے کہ اگر کوئی امر حارج نہ ہو تو جرم وقوع میں آ جائے ۔

Attend, *v.* حاضر ہونا ۔ توجہ کرنا ۔
غور و فکر کرنا ۔ لحاظ کرنا ۔ ساتھ دینا ۔

Attendance, *n.* حاضری ۔

Attendance at trial, سماعت مقدمہ پر حاضری ۔

Attendance, Personal, اصالتاً حاضری ۔

Attendant, *n.* خدمت گار ۔

Attention, *n.* توجہ ۔ لحاظ ۔ احتیاط ۔ تاکید ۔

Attention, To draw, توجہ کرنا ۔ توجہ دلانا ۔

Attenuate, *v.* تخفیف کرنا ۔ کم کرنا ۔

Attest, *v.* تصدیق کرنا ۔

Attestation, *n.* تصدیق ۔
دستاویز پر مقر کے دستخط ثبت ہونے کی تصدیق صرف وہی اشخاص کر سکتے ہیں جن کو اس امر کا اختیار حاصل ہو مثلاً جسٹس آف پیس ، نوٹری پبلک یا گزیٹیڈ آفیسر ۔

Attester or Attestor, مصدّق ۔ تصدیق کرنے والا ۔

Attestation clause, فقرۂ تصدیق ۔

Attested, *a.* مصدّقہ ۔

Attested copy, مصدّقہ نقل ۔

Attesting Officer, افسر تصدیق کنندہ ۔

Attesting Witness, گواہ حاشیہ ۔ گواہ دستاویز ۔
گواہ حاشیہ وہ شخص ہے جس نے نہ صرف دستاویز تکمیل ہوتی دیکھی ہو بلکہ اس پر بحیثیت گواہ دستخط ثبت کیے ہوں ۔ گواہ حاشیہ کو بالعموم طلب کرنا ضروری نہیں ہوتا ، بجز اس کے کہ قانوناً حاشیہ کی گواہی ضروری ہو مثلاً وصیت نامہ کی صورت میں ۔

Attorn, *n.* آسامی بننا ۔ رعیت یا کرایہ دار ہونے کا اقرار کرنا ۔

بجز اس کے کہ ان کا وکالت نامہ داخل کیا جائے ۔ وکیل کو یہ حق حاصل ہے کہ درخواست باز دائری یا کارروائی یک طرفہ میں فریق ثانی کے عذرات تسلیم کر لے ۔ مگر کسی عدالتی نیلام میں وہ اپنے موکل کی طرف سے بولی دینے کا مجاز نہیں ہے ۔ وکیل یا وکالت قبول کرنے کا مطلب یہ ہے کہ وہ یہ ذمہ داری لینا ہے کہ پیروی مقدمہ میں حزم و احتیاط اور فہم و تن دہی سے کام کرے گا ۔ اس کا فرض ہے کہ اپنے موکل کو کارروائی مقدمہ سے باخبر رکھے ۔ یہ بھی اس کا فرض ہے کہ موکل کے راز جو اس کو موکل سے ملے ہیں کسی شہادت میں ظاہر نہ کرے ۔ وکیل کی اپنے فرائض سے غفلت یا اس کی لاپرواہی یا غفلت سے موکل کو کوئی مضرت پہنچے تو وکیل کے خلاف ہرجہ کا دعویٰ دائر کیا جا سکتا ہے ۔ وکیل کو دوران مقدمہ موکل سے جو اطلاعات حاصل ہوتی ہیں وہ امتیازی ہوتی ہیں، ان کے متعلق وکیل کو یہ استحقاق ہوتا ہے کہ وہ ان کو فاش نہ کرے ۔

Attorney General, **اٹارنی جنرل ۔ مرکزی حکومت کا سب سے بڑا افسر قانون ۔**

دستور پاکستان کے تحت اٹارنی جنرل کو قومی اسمبلی یا اس کی کسی کمیٹی کی کارروائی میں حصہ لینے کا حق حاصل ہے مگر ووٹ دینے کا اختیار حاصل نہیں کیونکہ وہ اسمبلی کا رکن نہیں ہوتا ۔

Attorney of fact, **کاروباری مختار ۔**

کاروباری مختار سے وہ شخص مراد ہے جو مختار نامہ یا خصوصی اقرار نامہ کی بناء پر کسی خاص کام کے لیے مقرر کیا گیا ہے ۔ جس تحریر کے ذریعہ اس کو اختیار دیا گیا ہے اس کو مختار نامہ یا نوشتہ مختاری کہتے ہیں ۔ کاروباری مختار شرائط مختار نامہ کا پابند ہوتا ہے ۔

Attorney, Duly constitued, **مختار مجاز ۔**

Attorney, Power of, **مختار نامہ ۔ وکالت نامہ ۔**

وہ دستاویز جس کے ذریعہ کسی شخص کو مختار بنایا جائے ۔

Attorney, General Power of, **مختار نامہ عام ۔**

ttorney, n. **اٹارنی ۔ مختار ۔ وکیل ۔**

ایسا شخص جس کو کوئی شخص اپنی طرف ـ پیروی کے لیے مقرر کرے ۔ عام طور پر اس غرض کے لیے جو اشخاص مقرر کیے جاتے ہیں ان کی قسمیں ہیں :

(۱) وکیل یا مختار قانونی یعنی ایک ایسا شخص ج اپنے مقرر کرنے والے کی طرف سے وکالتاً پیروی کا مجاز ہو

(۲) ایسا شخص جس کو کسی خاص غرض یا اغراض کے لیے بذریعہ مختار نامہ مجاز کیا گیا ہو، تا کہ و شخص مقرر کنندہ کی نمائندگی کرے ۔

ttorney at law, **وکیل یا مختار قانونی ۔**

وکیل یا مختار قانونی دراصل اپنے موکل کا کارند بھی ہوتا ہے اور دوران پیروی مقدمہ عدالت ک بحیثیت ایک وکیل کے عہدہ دار بھی سمجھا جاتا ہے اس لیے اس کو چاہیے کہ دونوں کا وفادار رہے ۔ و مفاد جس کی حفاظت کے لیے وہ مقرر ہوا ہے مبنی بر انصاف ہونا چاہیے اور کسی حال میں وکیل کو اپنے موکل کے علانیہ غلط اقدام میں امداد نہ دینی چاہیے ۔ بالعموم وکیل کا اپنے اختیارات حاصلہ کے اندر کوئی اقرار بالخصوص کوئی ایسا اقرار جو ضابطہ یا طریقہ کارروائی سے متعلق ہو موکل کے لیے لائق پابندی ہوگا ۔ وکیل کا کسی مقدمہ کو سپرد ثالثی کا اقرار بلکہ عدالت میں مقدمہ نہ لے جانے کا اقرار بھی موکل کے لیے لائق پابندی ہے ۔ اپنے موکل کے لیے رقم پر بے باق کا اختیار حاصل کرنے کا بھی وکیل کو اختیار حاصل ہے مگر زر متدعویہ سے کم رقم پر بے باق کا اختیار موکل کی صریح منظوری کے بغیر نہیں ہے ۔ وکیل کو شہادت کے متعلق اعتراضات سے دست برداری کا حق حاصل ہے ۔ اس کو یہ بھی حق ہے کہ واقعات کو تسلیم کرے یا مطلوبہ نوٹس سے دست بردار ہو جائے ۔ لیکن وکیل کو یہ اختیار نہیں ہے کہ ضامنوں کو ذمہ داری سے بری کر دے، یا مقدمہ سے اس طرح دست برداری اختیار کرے کہ حق بنائے دعویٰ ہی ختم ہو جائے ۔ وکیل اپنے موکل کی وفات کے بعد اس کے ورثاء کی طرف سے پیروی کا مجاز نہیں،

دستاویز جس میں بلاتخصیص عام امور کی انجام دہی کا اختیار دیا جائے۔ جولائی ۱۹۷۰ء سے پاکستان میں یہ مختار نامہ پچیس روپے کے اسٹامپ پر لکھا جاتا ہے۔

Attorney, Special power of, مختار نامہ خاص۔

دستاویز جس میں بالتخصیص کسی خاص امر کی انجام دہی کا اختیار دیا جائے۔ پاکستان میں یہ مختار نامہ جولائی ۱۹۷۰ء سے پانچ روپیہ کے اسٹامپ پر لکھا جاتا ہے۔

Attornment, *n.* آسامی بننے کا قول۔

رعیت یا کرایہ دار ہونے کا اقرار۔

Auban, *n.* وراثت شخص غیر جو ملکی باشندہ نہ ہو۔

Auction, *n.* نیلام۔

مال و جائداد کی فروخت کا ایک طریقہ جس میں اشخاص ایک دوسرے کے مقابل بولیاں لگائیں۔

آج کل فروخت بذریعہ نیلام مختلف تجارتوں، مختلف مقامات اور مختلف متاثرہ رسم و رواج اور عمل درآمد کے بموجب مختلف اصولوں کے تحت عمل میں آتی ہے۔ ایک عام طریقہ جو ایک پیشہ ور آدمی کے لیے جس کو نیلامی یا آکشنر کہتے ہیں، یہ ہے کہ مال کو بغرض فروخت ان لوگوں کے سامنے پیش کرے جو اعلان کی وجہ سے اس کے پاس جمع ہوگئے ہوں، جو بولیوں اور رقمی پیشکشوں کے ذریعہ ایک دوسرے کا مقابلہ کریں اور جس شخص کی بولی سب سے زیادہ ہو اس کے خریدار ہونے کا اعلان کر دیا جائے۔ ایسی خرید و فروخت آن خرید و فروخت کنندگان کو ان شرائط کا پابند کر دیتی ہے جن کا اعلان کیا گیا ہو۔ جیسے ہی نیلام میں نیلامی بولی ختم ہو عام قاعدہ یہ ہے کہ کچھ رقم فوراً ادا کر دی جائے اور مابقیہ بموجب شرائط ادا کی جائے۔ یہ پیشگی رقم ضمانت نہیں ہوتی بلکہ جزوی ادائی ہوتی ہے۔ اگر خریدار باقی رقم ادا نہ کر سکے تو بائع زر پیشگی روک سکتا ہے اور عدم تکمیل معاہدہ کی بناء پر ہرجہ کا مطالبہ کر سکتا ہے۔ اگر نیلامی معاہدہ کی پابندی سے قاصر ہے تو زر پیشگی خریدار کو واپس ہو جائے گا اور نیلامی کے خلاف نقض معاہدہ کی بناء پر خریدار کو تعمیل مختص یا ہرجانہ کا دعویٰ کرنے کا حق ہوگا، الا یہ کہ نیلام کی شرائط میں اس کے خلاف مذکور ہو۔

Auction, Dutch, ولندیزی نیلام۔

نیلامی شے کی انتہائی قیمت قائم کرکے نیلام کرنا اور رفتہ رفتہ قیمت کم کرتے جانا یہاں تک کہ کوئی خرید لے۔

Auction Purchaser, خریدار نیلام۔ نیلامی خریدار۔

Auction sale, بیع بذریعہ نیلام۔ نیلامی فروخت۔

Auctioneer, *n.* نیلام کنندہ۔ نیلامی۔

Audience, *n.* سماعت۔ سامعین۔ ناظرین۔

Audience, Private, خاص باریابی۔

Audience, Public, عام باریابی۔

Audit, *n.* & *v.* (۱) حساب کی جانچ پڑتال۔ تنقیح۔ (۲) حساب جانچنا۔ محاسبہ کرنا۔ تنقیح کرنا۔

Audit Certificate, صداقت نامہ تنقیح۔

Audit, Internal, داخلی تنقیح۔

Audit Note, یادداشت تنقیح۔

Audit Report, رپورٹ تنقیح۔

Auditor, *n.* تنقیح کنندہ حسابات۔ آڈیٹر۔

Auditors Certificates Rules, قواعد صداقت نامہ جات تنقیح کنندگان۔

Auditor, Duties of, فرائض تنقیح کنندہ۔

Auditor General, آڈیٹر جنرل۔ صدر ناظم تنقیح حسابات۔

Augmentation, *n.* کثرت۔

Authentic, *a.* جائز۔ مستند۔ باضابطہ۔ مصدّقہ۔ قابل اعتماد۔

Authentic act, فعل مصدّقہ (مثلاً روبرو نوٹری پبلک یا رجسٹرار)۔

Authentic Document, مستند دستاویز۔ دستاویز مصدّقہ۔

Authenticate, *v.* توثیق کرنا۔ تصدیق کرنا۔

Authenticated, *a.* مصدّقہ۔ موثّقہ۔

Authentication, *n.* توثیق۔ تصدیق۔

Autocrat, n. مطلق العنان حاکم ۔

Autonomy, n. خود اختیاری یا خود مختاری ۔

Auxiliary, a. امدادی ۔ مؤید ۔ معین ۔ معاون ۔ مدد گار ۔

Aval or Avalum, ضامن ادائے زر ۔

Avail, v. کارآمد ہونا ۔ نفع بخش ہونا ۔

Avail, The plea will not, عذر بے سود ہوگا ۔

Aventure (old law) اتفاق یا حادثہ جس سے قتل واقع ہوگیا ہو ۔

Aver, v. حلفاً بیان کرنا ۔

Averment, n. بیان صالح ۔

Average, n. اوسط ۔ حصہ رسدی ۔

Average Insurance, بیمہ بغرض تعین ذمہ داری ۔ حصہ رسدی ۔

Average Loss, اوسط نقصان بحری ۔

Aviation law, قانون ہوا بازی ۔

Avitions, (old law) موروثی ۔

Avoid, v. باز رہنا ۔ تردید کرنا ۔ رد کرنا ۔ منسوخ کر دینا ۔ احتراز کرنا ۔ گریز کرنا ۔

To avoid execution of decree, اجرائے ڈگری سے بچنا ۔

To avoid punishment سزا سے بچنا ۔

To avoid service of summons, تعمیل سمن سے بچنے کے لیے ۔

Avoidable, a. قابل اجتناب ۔ قابل انفساخ ۔

Avoidance, n. اجتناب ۔ احتراز ۔

Avoidance of Litigation مقدمہ بازی سے احتراز ۔

Avouch, v. ضمانت لینا یا کرنا ۔ ادعا کرنا ۔ تسلیم کرنا ۔ اقرار کرنا ۔

Avow v. اعتراف کرنا اور اس کو حق بجانب ثابت کرنے کی کوشش کرنا ۔ صحت یا جواز پر استدلال کرنا ۔

Award, n. & v. (۱) فیصلہ ثالثی ۔ حکم ۔ تجویز ۔ (۲) تصفیہ کرنا ۔ دینا ۔

کسی ثالث یا ثالثوں یا حکم یا پنچ کی تجویز یا

Author, n. مصنف ۔ بانی ۔ موجد ۔

وہ شخص جو خود کوئی کتاب لکھے جو نہ کسی کی نقل ہو اور نہ ترجمہ اور نہ دوسرے کے خیالات اپنا ملمع ۔

کسی دوسری شہادت کی عدم موجودگی میں محض یہ واقعہ کہ کسی کتابچہ یا کتاب کے سرورق پر ایک خاص نام لکھا ہوا ہے اس قیاس کو حق بجانب قرار نہیں دیتا کہ وہی شخص اس کا مصنف یا ناشر ہے ۔ ایسا قیاس اس وقت قائم کیا جا سکتا ہے جب شہادت سے یہ ظاہر ہو جائے کہ کوئی اور اس کا ہم نام نہیں ہے یا یہ کہ اس کا نام کوئی اور شخص استعمال نہیں کر سکتا تھا ۔ (۱۹۲۵ع لاہور ص ۵۶۹) ۔

Authoritative, a. مستند ۔ حاکمانہ ۔ حکمی ۔

Authoritative bodies, ادارہ ہائے مجاز ۔

Authority, حاکم مقتدر ۔ سند ۔ نظیر ۔ اختیار ۔ اجازت ۔ صاحب اقتدار شخص یا جماعت ۔

Authority by delegation, اختیار بہ تفویض ۔

Authority by law, قانوناً اختیار ۔

Authority, Executive, عاملانہ اختیار ۔

Authority, Express, صریحی اختیار ۔

Authority, Implied, معنوی اختیار ۔

See "Implied Power"

Authority, Judicial, عدالتی اختیار ۔

Authority, Legislative, اختیار قانون سازی ۔

Authority Letter, اختیار نامہ ۔ اجازتی مراسلہ ۔ سند اختیار ۔

Authorize, v. مختار کرنا ۔ مجاز کرنا ۔

Authorization, n. اختیار ۔ اختیار نامہ ۔

Authorized, a. مستند ۔ مجاز ۔

Authorized Agent, کارندۂ مجاز ۔

Athorized Capital, منظور شدہ سرمایہ ۔ سرمایۂ منظورہ ۔

Autograph, n. خود خطی ۔ خود تحریری ۔

یہ لفظ ان دستاویزات کے متعلق استعمال کیا جاتا ہے جو کلیۃً فریق کے اپنے خط میں ہوں ۔

Autocracy, n. مطلق العنان حکومت ۔

کا دبا ہوا فیصلہ ناجائز ہوگا ۔ (۶۰ ایم لا ڈبلو ص ۴۹۸)، الا یہ کہ عدالت زیر دفعہ ۲۸ قانون ثالثی مدت میں توسیع منظور کرے ۔

حنفی فقہ کے مطابق مجلۃ الاحکام العدلیہ میں تحکیم یعنی ثالث بنانے کے احکام بیان کیے گئے ہیں جن میں سے چند یہ ہیں :

(۱) تحکیم یعنی ثالث مقرر کرنا مال کے ان دعاوی میں جائز ہے جن کا تعلق لوگوں کے حقوق سے ہے ۔

(۲) ثالث کا فیصلہ صرف ان ہی فریقوں کے حق میں جائز اور نافذ ہوگا جنھوں نے اسے ثالث بنایا ہے اور صرف اسی معاملہ میں جائز اور نافذ ہوگا جس کے لیے ثالث بنایا گیا ہے ۔ فریقین کے دوسرے اختلافات پر اس کا کوئی اثر نہ ہوگا ۔

(۳) حکم یعنی ثالث ایک سے زیادہ بھی ہو سکتے ہیں یعنی یہ جائز ہے کہ دو یا تین یا اس سے زائد ثالث مقرر کیے جائیں ، اس خصوصیت کی وجہ سے کہ مدعی اور مدعا علیہ دونوں اپنے اپنے علیحدہ حکم (ثالث) مقرر کر سکتے ہیں ۔

(۴) اگر کسی معاملہ میں ایک سے زیادہ ثالث ہوں تو ان میں باہمی اتفاق رائے ضروری ہے ۔ ان میں سے کوئی ایک تنہا کوئی حکم نہیں دے سکتا ۔

(۵) حکم کو اگر فریقین کی اجازت حاصل ہو تو دوسرے حکم بنانے کا بھی حق حاصل ہوگا ، ورنہ نہیں ۔

(۶) اگر تحکیم یعنی ثالث میں میعاد کی قید ہوگی تو اس میعاد کے گذرنے پر ثالثی ختم ہو جائے گی ۔ مثلاً حکم مقرر کیا گیا کہ فلاں دن سے ایک مہینہ کے اندر فیصلہ کر دے تو اسے صرف اسی مدت کے اندر فیصلہ کرنے کا اختیار حاصل ہوگا ۔ اس کے بعد یہ اختیار حاصل نہ رہے گا اور اگر وہ مدت مقررہ کے بعد فیصلہ کرے گا تو یہ فیصلہ نافذ نہ ہوگا ۔

(۷) اگر ثالث کا فیصلہ سلطان کے مقرر کردہ حاکم (عدالت) کے سامنے پیش ہوگا تو وہ اس فیصلہ کی ، موافق شرع ہونے کی صورت میں تصدیق کر دے گا ورنہ اس فیصلہ کو توڑ دے گا اور باطل قرار دے گا ۔

فیصلہ کے لیے قانوناً کوئی خاص نمونہ نہیں بنایا گیا جس کے مطابق فیصلہ ہو ۔ نہ اس کی ضرورت ہے کہ فیصلہ تحریری ہو ، لیکن تحریری فیصلہ اس وقت ضروری ہو جاتا ہے جب اقرار نامہ سپرد ثالثی تحریری ہوا ہو بجز اس کے کہ اس کے خلاف کوئی صریحی ارادہ ظاہر ہوتا ہے اور اگر ایک سے زیادہ ثالث ہوں تو فیصلہ پر ایک ہی مجلس میں سب کے ایک ساتھ دستخط ہونے چاہئیں ۔ بجز اس کے کہ ثالث کی کوئی بد اعمالی ثابت ہو، اس کا فیصلہ قطعی ہوگا ۔ اگر ثالث عدالت کے ذریعہ مقرر ہوئے ہوں تو مدت معینہ میں فیصلہ کرنے کے پابند ہوں گے بجز اس کے کہ عدالت میعاد میں توسیع کرے ۔

یہ واقعہ کہ ثالث نے قانون شہادت کے احکام کو کافی وزن نہیں دیا ایسی وجہ نہیں ہے کہ فیصلہ ثالثی کو عدالتی ڈگری قرار دیے جانے سے انکار کیا جائے ۔ ثالث کسی معاملے کے قطعی جج ہوتے ہیں جب تک کہ وہ دیانت داری سے عمل کرتے ہیں فریقین ان کے فیصلہ کے پابند ہیں اور عدالت کو یہ نہیں کہنا چاہیے کہ شہادت اس نتیجہ تک پہنچنے کے لیے ناکافی ہے جو ثالثوں نے اخذ کیا ہے (۳۷ انڈین کیسیز ص ۸۰۷) ۔

ثالثی میں کسی فریق کی غیر موجودگی میں کارروائی نہیں کی جا سکتی (۱۹۴۳ع لاہور ص ۱۳۹) الا یہ کہ فریق کو حاضر ہونے اور اپنا معاملہ پیش کرنے کے لیے متعدد بار اطلاع دی گئی ہو اور فریق عمداً غیر حاضر رہا ہو ۔

اگر کسی ثالث کا تقرر غلط طور پر ہوا ہو تو اس کا فیصلہ ناجائز ہوگا (۱۹۴۱ع سندھ ص ۱۱۱) ۔

اگر فیصلہ ثالثی کے لیے کوئی وقت از روئے قانون یا معاہدہ باہمی مقرر ہو تو لازمی ہے کہ فیصلہ مدت کے اندر کر دیا جائے ۔ اگر فیصلہ مدت مقررہ کے بعد کیا گیا تو وہ ناجائز قرار پائے گا (پی ۔ ایل ۔ ڈی ۱۹۵۳ع سندھ ص ۱۸) ۔

اگر ثالث قانونی بد اعمالی (Legal misconduct) کا مرتکب ہو تو اس کا فیصلہ قابل منسوخی ہے ۔ (۱۹۵۱ع کلکتہ ص ۴۸، ۱۹۵۲ع الہ آباد ص ۶۹) ۔

اگر ثالثان وقت مقررہ کے اندر فیصلہ نہ دیں تو ان

B

انگریزی حروف تہجی کا دوسرا حرف -
اردو میں اس کے لیے "ب" استعمال ہوتا ہے -

aalism, *n*. باطل پرستی -

aalist, *n*. باطل پرست -

achelor, *n*. کنوارا - ناکتخدا - طیلسانی -
وہ شخص جس نے یونیورسٹی کی ڈگری یا خطاب حاصل کیا ہو - ڈگری یا خطاب یونیورسٹی -

achelor of Laws, ایل ایل، بی - قانونی ڈگری - طیلسانی قانون -

ack, *n*. واپسی - پشت - پیٹھ - کمر -

ack Bacadation, یہ اصطلاح انگریزی قانون کے تحت اسٹاک ایکسچینج (Stock Exchange) میں استعمال ہوتی ہے -
(Back Bacadation) وہ رقم جو خریدار فروخت کنندہ کے تاریخ مقررہ پر مال حوالہ نہ کرنے کی صورت میں اُس کے نام لکھ دیتا ہے -
مزید دیکھیے - "Backwardation"

Back Bond, تمسک واپسی -
تمسک واپسی جس کے ذریعہ مالک اپنی جائداد کے قبضہ کو امانت (Trusteeship) میں تبدیل کر لے اس شرط کے ساتھ کہ ادائی رقم کے بعد وہ جائداد اس کو واپس مل جائے گی -

Back freight, کرایہ واپسی مال -
جب جہاز کسی وجہ سے جو جہاز کے مالک یا کپتان کے قبضہ قدرت سے باہر ہو مال کو منزل مقصود پر نہ پہنچا سکے اور واپس لانے پر مجبور ہو تو ایسی صورت میں مالک مال اس مال کو واپس لانے کا کرایہ ادا کرنے کا پابند ہوگا -

Back Order, ناقابل فراہمی آرڈر یا فرمائش -

Back side, پشت - عقبی -

Back, *v*. تائید کرنا - تقویت دینا - پیروی کرنا - تصدیق کرنا - دستخط کرنا -

Back friend, چھپا دشمن -

Back ground, پس منظر -

Back out, *v*. پھر جانا (کسی معاہدے یا وعدے سے)

Back Stroke, جوابی ضرب -

Backing, *n*. تائید -

Backing a bill, مبادلہ ہنڈی کا سکارنا - مبادلہ ہنڈی پر بغرض سکرائی دستخط کرنا -
بالعموم یہ اصطلاح قانون دستاویزات قابل بیع و شریٰ میں سہولتی ہنڈی (Accommodation Bill) کی سکرائی کے سلسلے میں استعمال ہوتی ہے -

Backing a document, دستاویز پر عبارت ظہری لکھنا -

Backing a warrant, وارنٹ پر تحریری ظہری (بغرض تعمیل) لکھنا -
جب کسی مفرور ملزم کے خلاف حکم نامہ گرفتاری جاری کیا جائے اور وہ ملزم کسی اور جگہ پناہ گزین ہو تو وہ عہدیدار کوتوالی جو حکم نامہ گرفتاری کا حامل ہو اس عہدہ دار کوتوالی کے پاس حکم نامہ گرفتاری پیش کرے گا جس کی حدود آراضی میں وہ ملزم پناہ گزین ہو جس پر یہ عہدہ دار اپنے دستخط ثبت کرے گا - اس کے بعد یہ حکم نامہ گرفتاری ایسا ہی موثر ہوگا جیسا کہ خود اس عہدہ دار کوتوالی کا جاری کیا ہوا اس کی حدود آراضی میں موثر ہوتا - (دیکھیے ضابطہ فوجداری پاکستان) -

Backwardat on, تاوان تاخیر - دیر تاوان -
اسٹاک ایکسچینج میں جب ایک شخص کسی ایسے مال کو دوسرے شخص کے ہاتھ فروخت کرتا ہے جو بوقت فروخت اس کے قبضہ میں نہیں ہے اور تاریخ مقررہ پر مال خریدار کے حوالے نہیں کرتا تو ایسی صورت میں فروخت کنندہ مال کی قیمت میں

جو فرق تاریخ معاہدہ اور تاریخ حوالگی کے درمیان پایا جائے ، خریدار کو ادا کرنے کا پابند ہوگا۔

Backward Classes, پست طبقات ۔

Backward Countries, غیر ترقی یافتہ ممالک ۔

Backward Nations, غیر ترقی یافتہ اقوام ۔

Backward Tribes, غیر ترقی یافتہ قبائل ۔

Bad, *a.* ناقص ۔ کھوٹا ۔ خراب ۔ بد ۔ برا ۔

Bad Character, بدچلن ۔ بدمعاش ۔ بدروش ۔

Bad coin, کھوٹا سکہ ۔

Bad condition, خراب حالت ۔

Bad debt, ناقابل وصول قرضہ ۔ کھوٹا قرضہ ۔
(ایسا قرضہ جس کی ادائیگی کی امید نہ ہو) ۔
وہ قرضہ جو قانون معیاد سماعت (Limitation Act) کے تحت خارج المعیاد ہوگیا ہو یا کسی اور بناء پر ناممکن الوصول ہو گیا ہو ۔

Bad debts, Provision for, ناقابل وصول قرضوں کا مد محفوظ ۔

Bad delivery, غیر ذمہ دارانہ حوالگی ۔

Bad in Law, قانوناً ناقص ۔

Bad Law, ناقص قانون ۔

Bad title, ناقص حقیت ۔

Badge, *n.* تمغہ ۔ نشان ۔ نشان عہدہ ۔ چپراس ۔

Badger, *v.* تکلیف دینا ۔ ستانا ۔

Badgering, ایذا دہی ۔
کسی گواہ پر اس انداز سے جرح کرنا کہ وہ سخت پریشان و بلکان ہو جائے ۔ سوالات کا ایک ایسا سلسلہ قائم کرنا جس سے بچنا گواہ کے لیے ناممکن ہو ۔ جرح اور بیجرنگ میں فرق کرنا اور خط امتیاز کھینچنا آسان کام نہیں ہے ۔ یہ صرف اس وقت ہو سکتا ہے جب کہ تمام حقائق عدالت کے سامنے ہوں اور یہ دیکھا جا سکے کہ کوئی مخصوص سوال یا سلسلہ سوالات حقیقی طور پر پوچھا گیا ہے اور حقیقت حال معلوم کرنے کی غرض سے ضروری ہے ۔
(پی ۔ ایل ۔ ڈی ۔ ۱۹۵۰ء لاہور ص ۱)

Badger, *n.* جو شخص غلہ کو ایک جگہ سے خریدکر بغرض منافع دوسری جگہ لے جائے ۔

Badly, *ad.* بری طرح ۔ شدت سے ۔ سختی سے ۔ بے تحاشہ ۔

Badness, *n.* کھوٹا پن ۔ برائی ۔ نقص ۔

Baggage, *n.* اسباب ۔ سامان ۔
ذاتی ضروریات کا وہ سامان جو بالعموم مسافر دوران سفر اپنے ہمراہ لے جاتے ہیں ۔ اس مال پر کسٹم (Custom) نہیں لگتا ۔

Bail, *v.* ضمانت پر رہا کرنا ۔ ضمانت لینا ۔ ضامن ہونا ۔ امانتاً حوالہ کرنا ۔
ضابطہ فوجداری کے تحت مجرم کو کسی قابل ضمانت جرم میں ماخوذ ہونے کی صورت میں ضمانت پر رہا کیا جا سکتا ہے جب کہ ضامن اس امر کی ضمانت دے کہ وہ ملزم کو تاریخ مقررہ پر عدالت میں برابر حاضر کرتا رہے گا اور اگر ملزم حاضر عدالت نہ ہوا تو رقم ضمانت بطور تاوان سرکار کو ادا کرے گا ۔

Bail, *n.* ضمانت ۔
ضمانت کا مفہوم یہ ہے کہ کسی ملزم کو پولیس کی حراست سے آزاد کرکے ضامنوں کے حوالہ کر دینا جو اس امر کا اقرار کرتے ہیں کہ عدالت کے حکم پر مجرم کو عدالت میں پیش کریں گے اور بصورت خلاف ورزی جرمانہ ادا کرنے کے پابند ہوں گے ۔

Admit to Bail, ضمانت پر رہا کرنا ۔

Enlarge on bail, ضمانت پر رہا کرنا ۔

Forfeit one's bail, ضمانت ضبط کرنا ۔

Stand to bail, ضمانت دینا ۔ ضامن ہونا ۔

Bail (Admiralty), ضمانت (بحریہ) ۔
بحریہ کارروائی کے تحت اگر کوئی جہاز یا کوئی اور چیز پکڑی جائے تو اس کا مالک ضمانت دے کر اس جہاز یا شئے کو واپس لے سکتا ہے ۔ ضمانت اس امر کی دی جاتی ہے کہ مقدمہ کے تصفیہ کے بعد اگر مالک تاوان کی رقم ادا کرنے سے قاصر رہا تو وہ رقم ضامن اپنے پاس سے ادا کرے گا ۔

Bail application, درخواست ضمانت ۔
درخواست ضمانت خود ملزم یا اس کے کسی قریبی

رشتہ دار کی جانب سے پیش کی جا سکتی ہے۔

Bail Bond, ضمانت نامہ۔

Bail, Civil, دیوانی ضمانت۔ دیوانی مقدمات میں ضمانت۔

Bail for good conduct, ضمانت نیک چلنی۔

Bail for public peace, ضمانت حفظ امن عامہ۔

Bail, Personal, ضمانت شخصی۔

Bailable, *a.* قابل ضمانت۔

Bailable, Non, ناقابل ضمانت۔

Bailable offence, جرم قابل ضمانت۔

تعزیرات پاکستان میں جرائم کی دو اقسام بیان کی گئی ہیں، ایک قابل ضمانت اور دوسری ناقابل ضمانت۔ جو جرائم معمولی نوعیت کے ہوتے ہیں وہ قابل ضمانت ہیں، لیکن سنگین نوعیت کے جرائم کو ناقابل ضمانت قرار دیا گیا ہے۔

Bailee, *n.* تحویل دار۔

وہ شخص جس کے سپرد کوئی مال بطور امانت کیا جائے اور جس کو باغراض امانت اس مال پر محدود حق قبضہ بھی حاصل ہو۔ (ملاحظہ ہوں دفعات ۱۴۸-۱۸۱ قانون معاہدہ۔

Bailee, Gratuitous, تحویل دار بلا بدل یا بلا معاوضہ۔

Bailee, Negligence of, تحویل دار کی غفلت۔

Bailee's particular lien, تحویل دار کا مال روکنے کا مخصوص قانونی حق۔

Bailie, *n.* منصف بلدیہ (اسکاچ)۔

Bailiff, *n.* بیلف۔ قرق امین۔

Bailment on Trust, تحویل بہ امانت۔ امانتی تحویل

Bailor, *n.* تحویل کنندہ۔ تحویل گزار۔

Bailpiece, *n.* مچلکہ۔ ضمانت نامہ۔

Baiting, *n.* طعمہ یا چارہ لگانا۔

Baiting animals, شرط باندھ کر جانور لڑانا جیسے مرغ بازی، کبوتر بازی، تیتر بازی وغیرہ۔

Bai'-al-Wafa, بیع الوفا۔ بیع بالوفا۔

ایک ایسی بیع (Sale) جس میں مشتری (Buyer) کی جانب سے یہ شرط قبول کر لی گئی ہو کہ مقررہ مدت میں بائع (Seller) زر ثمن مشتری کو واپس کر دے گا۔ ایسی بیع ایک لحاظ سے بیع صحیح (valid sale) کا حکم رکھتی ہے کہ مشتری مبیعہ (جو شے فروخت کی گئی ہو) سے نفع اٹھانے کا مالک ہو جاتا ہے اور دوسرے لحاظ سے بیع فاسد (irregular) کا حکم رکھتی ہے کیونکہ اس مشتری کو معاہدہ کی بناء پر یہ حق نہیں رہتا کہ وہ مبیعہ کو کسی دوسرے شخص کے ہاتھ فروخت کر دے۔ اس اعتبار سے یہ بیع رہن (mortgage) کے مشابہ ہوتی ہے۔ (ملاحظہ ہو دفعہ ۱۱۸ مجلۃ الاحکام العدلیہ)

بیع بالوفا کی حیثیت قانونی اور اس کے اطلاقات کی متعدد تعبیریں فقہ اسلام میں پائی جاتی ہیں۔ عدالت کی نظر میں جو تعبیر فریقین کے منشاء و مقصود سے قریب تر ہو اس کو اختیار کیا جا سکتا ہے۔

Balance, *n. & v.* (۱) باقی۔ زر باقی۔ توازن۔ ترازو۔ (۲) باقی نکالنا۔ بدھ ملانا۔ وزن کرنا۔

To strike Balance, باقی نکالنا۔

Balance book, رجسٹر وصول باقی۔

Balance, Closing, اختتامی بقایا۔

Balance, Current, بقایا رواں۔

Balance, Doubtful, مشتبہ الوصول بقایا۔

Balance due, بقایا واجب الادا۔

Balance, Net, خالص بقایا۔

Balance, Nominal, برائے نام بقایا۔

Balance of Export & Import, توازن برآمد و درآمد۔

اس مال کی قیمت کا جو ملک سے باہر بھیجا گیا اور جو ملک کے اندر آیا برابر ہونا۔

تجارتی امور میں لفظ "توازن" اس فرق کو ظاہر کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے جو درآمد و برآمد میں پایا جائے چنانچہ اگر برآمد زیادہ ہو اور درآمد کم، تو کہا جائے گا کہ توازن موافق (favourable) رہا۔ اور اگر درآمد زیادہ ہو اور برآمد کم، ہو تو کہا جائے گا کہ توازن ناموافق (unfavourable) رہا۔

Balance of Convenience, **توازن سہولت -**

اس اصول کا اطلاق بالعموم داد رسی مختص (Specific relief) یا حکم امتناعی (Injunction) یا اجرائے پروانہ (Issue of writ) کے سلسلہ میں کیا جاتا ہے - اس کا مطلب یہ ہے کہ درخواست گزار اور فریق مقابل جس کے خلاف حکم حاصل کیا جا رہا ہے ، دونوں کے درمیان توازن سہولت کو معلوم کرنے کے لیے یہ دیکھا جائے کہ کس فریق کو زیادہ دقت و دشواری کا سامنا کرنا پڑے گا - اگر حکم امتناعی جاری نہ کیا جائے تو یہ ثابت کرنے کی ذمہ داری مدعی پر عائد ہوتی ہے کہ وہ حکم امتناعی جاری نہ کیے جانے کی صورت میں مدعا علیہ کے مقابلہ میں زیادہ دقت طلب صورت حال سے دوچار ہوگا -

Balance of Payment, **توازن ادائی -**

Balance of trade, **توازن تجارت -**

Balance Order, **طلب نامہ باقی -**

وہ مطالبہ جو کمپنی اپنے حصہ داران سے حصص کی باقی ماندہ رقم کی ادائی کے لیے کرتی ہے طلب نامہ باقی کہلاتا ہے -

Balance, Outstanding, **ادا طلب بقایا -**

Balance payable, **بقایا واجب الادا -**

Balance recoverable, **قابل وصول بقایا -**

Balance Sheet, **تختہ واصل باقی - چٹھا - تختہ توازن -**

یہ ایک تجارتی دستاویز ہے جس میں حساب کی تفصیلات درج ہوتی ہیں - اس دستاویز میں موجودہ سامان تجارت ، واجب الوصول رقم کی تفصیل و نیز دیگر جائداد مقبوضہ و مملوکہ کی مالیت اور اس کے مقابل اس تاجر یا فرم کے قرضوں اور اس کی دوسری ذمہ داریوں کی تفصیلات درج ہوتی ہیں - تجارتی نقطہ نظر سے تختہ واصل باقی فرم یا کمپنی کی صورت حال کی حقیقی تصویر ہونی چاہیے - اس میں جان بوجھ کر کسی مالی کمزوری کو مخفی رکھنے یا ایسی چیز ظاہر کرنے کی کوشش نہ ہونا چاہیے جو صحیح نہ ہو - قانوناً تمام محدود (Limited) عامہ کمپنیوں کا فرض ہے کہ رجسٹرار جوائنٹ اسٹاک کمپنیز کے دفتر میں سالانہ ایک نقشہ (Return) داخل کریں جس میں سرمایہ ، واجبات اور اثاثوں کی پوری تفصیل درج ہو اور اس کی ایک نقل کمپنی کے صدر دفتر اور شاخوں میں برائے ملاحظہ عوام موجود رہے -

(مزید تفصیل کے لیے ملاحظہ ہوں دفعات ۳۲ ، ۷۸ قانون کمپنیات ۱۹۱۳ء) -

Balance Sheet, Aggregate, **مجموعی چٹھا -**

Balance Sheet of Assets & Liabilities,

تختہ واصلات و واجبات -

(رقوم واجب الوصول اور واجب الادا کا چٹھا) -

Balance, Trial, **آزمائشی سلک بنی -**

Ballot, n. & v. **(۱) قرعہ - پرچی - پرچہ اندازی -**

(۲) رائے دینا (بذریعہ پرچی) -

Ballot Act, **قانون رائے دہی -**

Ballot Box, n. **صندوق پرچی -**

صندوق پرچہ ہائے انتخاب -

وہ صندوق جس میں انتخابی پرچیاں ڈالی جاتی ہیں - صندوق ہذا کو پرچہ اندازی کا وقت (Polling time) ختم ہونے کے بعد سر بمہر کر دیا جاتا ہے اور رائے شماری کے وقت امیدوار یا اس کے ایجنٹ (کارندہ) کی موجودگی میں (یا بعد اطلاع اس کی غیر موجودگی میں) کھولا جاتا ہے -

Ballot paper, n. **پرچہ انتخاب - پرچہ رائے دہی -**

Ban, n. & v. **(۱) امتناع - ممانعت -**

(۲) ممنوع کرنا -

Banco, **انگلستان کی قانون عمومی کی عدالت -**

Band, n. **گروہ - مجمع - جماعت -**

Banned Literature, **ممنوعہ ادب -**

Bandit, n. **غارت گر - لٹیرا -**

Banian, n. **بنیا - اصطلاحاً وہ شخص جو کفالت مال پر روپیہ قرض دے -**

Banish, v. **جلا وطن کرنا -**

Banishment, n. **جلا وطنی - دیس نکالا -**

Bank, n. & v. **(۱) بنک - ساہوکار -**

ہوتا ہے کہ اس رقم کے مساوی رقم کی حد تک اپنے حکم پر یا اگر وقت کے متعلق کوئی باہمی سمجھوتہ ہوا تو اس وقت کے لحاظ سے ، ادائی کا مطالبہ کرے ۔ بنکار پر ادائی رقم کی خاص ذمہ داری ہوتی ہے کہ مطالبہ پر رقم ادا کر دی جائے اگر کسی کھاتہ دار کی ہنڈی کو سکارنے میں بنکار ناکام رہا ہو درآں حالیکہ اس کی رقم بنک کے کھاتہ میں ہنڈی کی رقم سے زیادہ باقی ہو تو ایسی صورت میں کھاتہ دار کی ساکھ اور حیثیت کو جو مضرت پہنچی ہے اس کی بابت بنکار پر ہرجہ کی ذمہ داری عائد ہوگی ۔

بنکار کسی کھاتہ دار کے کھاتہ کی تفصیلات بغیر کسی وجہ جائز کے ظاہر نہیں کر سکتا ۔ وجہ جائز کیا ہے ؟ اس کا انحصار ہر ایک مقدمہ کے خاص حالات پر ہوگا ۔ مگر کسی عدالت میں گواہی دیتے ہوئے بنکار حساب کے انکشاف سے معذوری کا اظہار نہیں کر سکتا ۔ اسی طرح بنک کھاتے بھی عدالت میں طلب اور پیش کیے جا سکتے ہیں ۔

اکثر صورتوں میں بنک یا ساہوکارہ کے پاس زیورات یا دوسری اشیاء رہن رکھ کر رقم حاصل کی جاتی ہے اگر ایسی چیزوں کو بنکار دوسرے شخص کو استعمال کے لیے کرایہ پر یا بلا کرایہ دے اور اس کی وجہ سے ان چیزوں کو کوئی نقصان پہنچے تو اس کی نسبت بنک پر ہرجہ کا دعویٰ ہو سکتا ہے ۔

یہ ایک معروف حقیقت ہے کہ "بنکار ایک شخص ہوتا ہے جو دوسروں کا مال اپنے قبضہ میں رکھتا ہے ۔" اسی نظریہ کے تحت اگر بنکار دیوالیہ بھی ہو جائے تو ایسا مال جو محفوظ تحویل (Safe custody) میں رکھا جاتا ہے ، مالکوں کو واپس مل جاتا ہے ۔

Bank, Agricultural Development, زرعی ترقیاتی بینک ۔

Bank Bill. رقعہ بنک ۔ بنک ہنڈی ۔

ایک بنک جب کسی دوسرے کے نام کوئی رقعہ یا ہنڈی جاری کرتا ہے تو اسے بنک بل کہا جاتا ہے ۔ اسے بنک ڈرافٹ بھی کہا جاتا ہے اور بنک ہنڈی بھی ۔

Bank Book. بنک کی کتاب جس میں کھاتہ دار

رقمی لین دین کی کوٹھی ۔

(۲) بنک میں روپیہ جمع کرنا ۔ ساہوکاری کرنا ۔

بنک سے ایسا مقام مراد ہے جہاں رقمی لین د
کی معاملت ہوتی ہے ۔ تجارتی اور کاروباری لحاظ
بنک ایک ایسا ادارہ یا کاروباری مقام ہے جہاں ر
امانت رکھنے کے لیے وصول کی جاتی ہے اور مطال
پر واپس کر دی جاتی ہے یا اس کے متعلق کوئی ا
انتظام کیا جاتا ہے ۔ اس کے علاوہ قرضوں کے کاروبا
ہوتے ہیں ۔ ہنڈیاں سکاری جاتی ہیں اور دیگر رقم
لین دین کے کام انجام پاتے ہیں ۔ بنکار اپنے ایس
کھاتہ داروں کا جو خود کاروبار میں مشغول نہ ہو
بحیثیت مالی نمائندہ کے ان کھاتہ داروں کو دوسر
ذرائع سے ملنے والی رقوم یا منافع حصص وغیرہ ک
وصولی کا کام بھی کرتے ہیں اور کھاتے داروں ک
قیمتی جائداد اور کفالت ناموں ، ریلوے رسید ی
بار نامہ جہاز (Bill of Lading) کی کفالت پر قرض
بھی دیتے ہیں لیکن اس کے ساتھ بنکار پر یہ ذمہ داری
عائد ہوتی ہے کہ ایک خاص رقم ہر وقت محفوظ
رکھے تاکہ وہ کھاتہ دار جنہیں بغیر نوٹس د
ہوئے بنک سے روپیہ نکالنے کا حق حاصل ہے اگر
روپیہ کا مطالبہ کریں تو فوراً ادائی کی جا سکے ۔
بعض اوقات کسی خاص احساس کے تحت یا کسی تجارتی بحران کے خوف سے کسی بنک پر روپیہ نکالنے والوں کی دوڑ لگ جاتی ہے اس امکانی صورت حال کا مقابلہ کرنے کے لیے بالعموم ایک خاص رقم سرکاری بنک میں محفوظ رکھی جاتی ہے جس کو سرمایہ محفوظ کہتے ہیں ۔

بنکار اور کھاتے دار میں وہی تعلق ہوتا ہے جو قرض دہندہ اور قرض لینے والے میں ہوتا ہے ۔ البتہ بنکار پر یہ مزید ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ کھاتہ دار کے ڈرافٹ یا حکم پر رقم ادا کر دے ۔ بنکار کسی معنی میں اس رقم کا جو کھاتہ داروں نے جمع کرائی ہو ، امین نہیں ہوتا بلکہ در حقیقت وہ رقم کو لے لیتا ہے اور اس کو جس طرح مناسب سمجھے استعمال کر سکتا ہے ۔ کھاتہ دار کو صرف یہ حق حاصل

کے حساب کی پوری تفصیل ہوتی ہے ۔

Bank charges, بنک مصارف ۔

Bank, Commercial, تجارتی بنک ۔

Bank credit, قرضہ بنک ۔

بنک اپنے صاحب استطاعت کھاتہ داروں کی سہولت کے لیے کسی ضمانت پر ایک معہودہ رقم کی حد تک اس کے کھاتہ میں جمع کر دیتا ہے جو کھاتہ دار بہ وقت ضرورت بذریعہ چیک وصول کر سکتا ہے ۔ یہ ایک قسم کا قرض ہوتا ہے ۔

Bank deposit, بنک امانت ۔

Bank discount, بنک بٹہ ۔ بنک کمیشن ۔

Bank draft, بنک ہنڈی ۔

Bank holidays, تعطیلات بنک ۔

تعطیلات بنک کا اعلان قانون دستاویزات قابل بیع و شریٰ کے تحت اسٹیٹ بنک ، پاکستان کی جانب سے کیا جاتا ہے ۔

Bank, Land Mortgage, زمین گروی بنک ۔

Bank loans, قرضہ جات بنک ۔

Bank note, بنک نوٹ ۔ بنک کا پرامیسری نوٹ یا کرنسی نوٹ ۔

بنک کا جاری کردہ نوٹ جو حامل کو عندالطلب قابل ادا ہوتا ہے ۔

پاکستان میں بنک نوٹ کے اجراء کا حق صرف بنک دولت پاکستان کو حاصل ہے ۔ اسی طرح انگلستان میں یہ حق بنک آف انگلینڈ کو اور بھارت میں ریزرو بنک آف انڈیا کو حاصل ہے ۔

Bank of Issue, بنک اجرائی ۔ نوٹ جاری کرنے والا بینک ۔

Bank note-detector, بنک نوٹ شناس ۔

بنک کا وہ رجسٹر جس میں اصلی اور نقلی نوٹ کی شناخت سے متعلق ہدایات درج ہوتی ہیں ۔

Bank rate, شرح بنک (سود) ۔

شرح بنک سے مراد وہ شرح ہے جس پر ملک کا سرکاری بنک اپنے جدول بنکوں کو بہترین کفالتوں کے عوض رقم قرض دیتا ہے ۔ بعض ملکوں میں اس کی بجائے شرح چھوٹ (Discount rate) کی اصطلاح رائج ہے ۔

Bank return, گوشوارہ بنک ۔

ہر جدول بنک پر یہ فرض عائد ہوتا ہے کہ وہ مقررہ مدت کے اندر سرکاری بنک اور مرکزی حکومت کے دفتر میں گوشوارہ حسابات جس میں قرضہ جات اور امانتوں کی تفصیلات درج ہوں ، داخل کرے ۔ (ملاحظہ ہو بنکنگ کمپنیز آرڈی نینس ۱۹۶۲ء)

Bank, Saving, سیونگ بنک ۔

Bank Share, حصہ بنک ۔

Bank stock, کفالت نامہ جات بنک ۔

Banker, n. بنکار ۔ ساہوکار ۔

Banker & Customer, Relationship of,
تعلق مابین بنکار و گاہک (کھاتہ دار) ۔

بنکار اور اس کے کھاتہ دار کے مابین قرض خواہ کا تعلق ہوتا ہے ۔ بنکار اپنے کھاتہ دار کا امین (Trustee) نہیں ہوتا ۔ جو روپیہ کھاتہ دار اپنے کھاتہ میں جمع کرنے کے لیے بنکار کے حوالہ کرتا ہے وہ بنک کا ہو جاتا ہے مگر وہ اس روپیہ کو واپس کرنے کا ذمہ دار ہوتا ہے ۔ چنانچہ اگر کوئی چیک بنکار کی کسی مجبوری (مثلاً روپیہ بنکار کی تحویل میں نہ ہونے کے سبب) کی بناء پر نہ بھن سکے اور نا منظور (Dishonour) ہو جائے تو بنکار دفعہ ۴۰۵ ، ۴۰۹ تعزیرات پاکستان کے تحت خیانت مجرمانہ کا مرتکب نہ ہوگا ۔ اس کے خلاف چارہ کار قانونی فوجداری عدالت میں اختیار کرنے کی بجائے قانون دستاویزات قابل بیع و شریٰ (.Negotiable Instruments Act) 1881 کے تحت چیک کی رقم ادا کرنے سے انکار کی بناء پر اصل رقم و ہرجہ کی نالش ہو سکتی ہے ۔ (۱۹ نظائر ہند ص ۷۴) ۔

Banker's Books Evidence Act,
قانون شہادت کتب بنکاران ۔

بنکاران کی کتابوں کی شہادت کے سلسلہ میں یہ قانون ہے کہ بنک کی کتاب کے اندراجات کی نقل جس کو بنک کا افسر تصدیق کے ساتھ پیش کرتا ہے

قابل ادخال شہادت ہے - اصل کتاب کی عدالت میں
پیش کرنے کی چنداں ضرورت نہیں - اُن کی تنقیح شدہ
نقل اُن کی بادی النظری شہادت ہوتی ہے -

Banker's guarantee, ضمانت بنک کار -

Banker's lien, حق قانونی ساہوکار یا بنکار - بنکار کا حق قانونی -

بنکار کو اس امر کا حق قانونی حاصل ہے کہ اپنی قرض کی رقم کو کھاتہ دار کے حساب میں سے منہا کر لے -

Banking, *n*. بنکاری - متعلق بنک - مہاجنی کاروبار -

Banking business, مہاجنی کاروبار -

Banking Company, کمپنی بنکاری -

Banking firm, مہاجنی کوٹھی - بنکاری فرم -

Banking legislation, آئین بنکاری - بنکاری قانون سازی -

Bankrupt, *n*. دیوالیہ -

قانون شراکت میں دیوالہ کی یہ تعریف بیان کی گئی ہے کہ جو شخص بہ دوران کاروبار معمول اپنے قرضوں کی ادائی بند کر دے یا ادائی کے قابل نہ رہے وہ دیوالیہ ہے -

قانون دیوالہ میں قرض خواہ اور مقروض کے تعلق سے حسب ذیل تین اصول بیان کیے گئے ہیں جو عام قوانین سے ممیز ہیں :

(۱) مقروض کی جملہ جائداد کی فوری ضبطی -
(۲) تمام قرضخواہوں میں بحصہ رسدی بلحاظ دین (قرض) اس کی تقسیم -
(۳) باقی ماندہ قرضوں کی ادائی کی ذمہ داری سے آئندہ کے لیے مقروض کی برأت -

فی الحقیقت قانون دیوالیہ مدیون (دیوالیہ) کے فائدہ اور حفاظت کی غرض سے وضع کیا گیا ہے -

Bankrupt's Certificate, صداقت نامہ دیوالیہ -

Bankrupt, Discharged, بری الذمہ دیوالیہ - بے باق دیوالیہ - تصفیہ شدہ دیوالیہ -

Bankrupt law, قانون دیوالیہ -

Bankrupt, Undischarged, غیر بری الذمہ دیوالیہ -

Bankrupt, Voluntary, ارادی یا اختیاری دیوالیہ -

Bankruptcy, *n*. دوالہ - دیوالیہ پن -

Bankruptcy, Acts of, افعال دیوالہ -

ایسے افعال جن سے دیوالیہ ہونا قیاس کیا جائے - مثلاً :

(۱) روپوشی عام جائے کاروبار یا سکونت سے -
(۲) منتقلی جائداد بغرض محروم کرنے قرضخواہان کو ان کے دعووں سے -
(۳) اس کے خود دیوالیہ قرار دیے جانے کی درخواست سے -
(۴) گرفتاری دوران تعمیل ڈگری عدالت مجاز برائے ادائی رقم -

(تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو دفعہ ۹ صوبائی قانون دوالہ و دفعہ ۹ پریذیڈنسی قانون دوالہ) -

Also see "Acts of Insolvency"

Bankruptcy, Adjudication of, عدالت کا کسی کو دیوالیہ قرار دینا -

Bankruptcy petition, درخواست دوالہ -

Bankruptcy proceedings, کاروائی دوالہ -

Baptism, *n*. اصطباغ -

Bar, *n*. & *v*. (۱) جماعت - وکلاء عدالت - کٹہرہ - امر مانع - عارض - روک -
(۲) عارض ہونا - مانع ہونا - روکنا -

Call to the bar, پیشہ وکالت اختیار کرنا -

Bar Association, مجلس وکلاء - انجمن وکلاء -

Bar, At the, حاضر عدالت -

Bar, Case at, مقدمہ پیشی میں -

Bar, Defence in, جواب دہی امر عارض یا مانع -

Bar examination, امتحان بیرسٹری -

Bar, For the, وکالت کے لیے - منجانب جماعت وکلاء -

Bar, Legal, عارض قانونی - مانع قانونی -

Bar, Matter in, عذر امتناع -

Bar of resjudicata, امتناع امر منفصلہ -

دفعہ ۱۱ ضابطہ دیوانی کے تحت اگر کوئی مقدمہ کسی عدالت مجاز سے فیصل ہو چکا ہے تو انہیں فریقین کے مابین پھر دوسرا مقدمہ اسی بناء دعویٰ پر

دائر نہیں کیا جا سکتا ۔ (*Also see "Resjudicata"*)

Bar, Plea in, عذر قاطع مقدمہ ۔

Bar to further suit, امتناع مقدمہ دیگر ۔

اگر کوئی مقدمہ عدالت میں دائر کرنے کے بعد بلا اجازت عدالت سے واپس لے لیا جائے تو پھر اسی بناء پر اُسی فریق کے خلاف مقدمہ دوبارہ دائر نہیں کیا جا سکتا ۔

(ملاحظہ ہو ضابطہ دیوانی حکم ۲۳ قاعدہ ۱) ۔

نیز یہ کہ اگر کوئی مقدمہ کسی عدالت مجاز میں دائر شدہ ہے تو پھر اُسی بناء دعوی پر دوسرا مقدمہ اُسی فریق کے خلاف دائر نہیں کیا جا سکتا ۔

(تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو دفعہ ۲ (۲) ضابطہ دیوانی ۱۹۰۸ء) ۔

Bar, Trial at, محاکمہ روبرو عدالت ۔

Bare, *a*. محض ۔ اکیلا ۔ تنہا ۔ خالی ۔ برہنہ ۔

Bare, *v*. بے نقاب کرنا ۔ ننگا کرنا ۔ ظاہر کرنا ۔

Bare Act, ایکٹ سادہ (بلا شرح) ۔

Bare trustee, امین محض ۔

ایسا امین جس کے فرائض ختم ہوگئے ہوں مگر جائداد اُس کے قبضہ میں ہو ۔

Bare words, محض الفاظ ۔ خالی خولی باتیں ۔

Bargain, *n*. معاملہ ۔ معاہدہ ۔ قول و قرار ۔ سودا ۔

To strike a bargain, سودا کرنا ۔ معاملہ کرنا ۔

Bargainee, *n*. مشتری ۔ خریدار ۔ سودا کنندہ ۔

Bargaining, سودے بازی ۔ سودے کاری ۔

Bargaining, Collective, اجتماعی سودے کاری ۔

Bargaining Agent, Collective, اجتماعی سودا کاری ایجنٹ ۔

یہ اصطلاح قوانین محنت (Labour laws) کے تحت استعمال ہوتی ہے اور اس لیبر یونین کے لیے مستعمل ہے جو مزدوروں کی جانب سے انتظامیہ سے مزدوروں کے مطالبات ، مذاکرات اور تصفیہ کرنے کا اختیار رکھتی ہے ۔ اگر کسی صنعتی ادارہ میں ایک سے زائد مزدور یونین نمائندگی کا دعوی کرتی ہوں تو رجسٹرار ٹریڈ یونینز اور محکمہ لیبر ان میں استصواب (referundum) کے ذریعہ یہ طے کرے گا کہ کون سی یونین مستحق ہے ۔ چنانچہ جس کے حق میں ووٹ زیادہ آئیں گے وہ یونین مزدوروں کی سودا کار ایجنٹ کی حیثیت سے مزدوروں کی طرف سے مذاکرات اور عمل کرنے کی مختار اور مجاز ہوگی ۔

(تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو صنعتی تعلقات آرڈی نینس ۱۹۶۹ء) ۔

Bargainor, *n*. سودے کار ۔

Barleycorn, *n*. بدل یا لگان برائے نام ۔

Baron, *n*. ادنیٰ درجہ کا امیر انگلستان ۔

Barrator, *n*. مقدمہ باز ۔ فسادی ۔ جھگڑالو ۔

Barratry, بحری قانون ۔

(۱) پریشان کن مقدمہ بازی کی ترغیب ۔

(۲) رشوت لے کر تجویز صادر کرنا ۔

(۳) بحری جہازوں کے ملازمین کی غفلت یا دغا بازی جس سے مالکوں کو نقصان ہو ۔

Barred, *a*. ممنوع ۔ خارج ۔

Barred by Law, از روئے قانون ممنوع ۔

Barred by limitation, ممنوع از روئے (قانون) میعاد سماعت ۔ خارج المعیاد ۔ خارج از معیاد ۔

Barred by time, خارج از میعاد ۔

Barred debt, خارج المیعاد قرضہ ۔

وہ قرض جس کے بذریعہ عدالت وصول کرنے کی مدت گزر چکی ہو ۔

قانون میعاد سماعت کے تحت زر قرض کی وصولیابی کے لیے مقدمہ دائر کرنے کی مدت تین سال مقرر ہے ۔ بجز چند صورتوں کے ، بعد گزرنے میعاد تین سال مقدمہ قابل پیش رفت نہ ہوگا (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہوں دفعات ۱۹ ، ۲۰ قانون میعاد سماعت) ۔

(*See also 'Acknowledgment*)

Barren, *a*. بنجر ۔ بانجھ ۔

Barren land, بنجر زمین ۔

Barren money, قرض حسنہ (بلا سودی) ۔

Barrier, *n*. حد ۔ روک ۔ باڑ ۔ چنگی دروازہ ۔

Barring, *prep*. قطع نظر ۔ باستثناء ۔ بجز ۔

Barrister, *n*. بیرسٹر ۔

وہ شخص جس نے انگلستان کے قانون کا امتحان

کامیاب کیا ہو اور جس کو بحیثیت ایڈووکیٹ وکال
کی اجازت دی گئی ہو -

بیرسٹر انگلستان کی آن چار انز آف کورٹس می
سے کسی ایک ان (Inn) کا ممبر ہوتا ہے جہاں قانو
تعلیم کی تکمیل کے بعد اس کو اعلیٰ عدالتوں می
پیروی کی اجازت دی جاتی ہے - (تفصیل کے لی
ملاحظہ ہو Inns of Courts) -

از روئے قانون کوئی بیرسٹر اپنی فیس کی بابت دعوی
دائر نہیں کر سکتا، خواہ معاوضہ بطور مشاہرہ یا محنتا
کے ہو اور موکل نے صراحتاً ادائی کا اقرار بھی کیا ہو
کیونکہ جو کچھ بھی معاوضہ بیرسٹر کو دیا جات
ہے وہ اعزازی یا بطور نذرانہ سمجھا جاتا ہ
(لی برسیور بنام آکلے (۱۸۹۶ع) ۲ چانسری ص ۵۹
یہاں تک کہ اگر موکل نے سالیسیٹر کو فیس دے دی
ہو اور سالیسیٹر نے بیرسٹر کو ادا نہ کی ہو تو اس ک
بابت بھی دعویٰ نہیں ہو سکتا - (ویلس بنام ویلس
۱۹۱۳ع ص ۱۵۷) - یہ صورت پہلے تھی لیکن اب
انگلستان میں بھی دعویٰ کیا جا سکتا ہے -

کسی بیرسٹر کے خلاف غفلت یا عدم مہارت یا عدم
پیروی کی بابت دعویٰ نہیں ہو سکتا برخلاف اس کے
ایڈووکیٹ یا وکیل پر ایسا دعویٰ کیا جا سکتا ہے -
یہ صورت انگلستان میں ہے - پاکستان میں بیرسٹر
یا ایڈووکیٹ کے درمیان کوئی فرق نہیں کیا
گیا ہے -

Barter, n. مبادلہ اشیاء - تبادلہ مال بہ مال -

Base, a پستہ قد - بونا - بزدل - خود غرض - کمینہ - سفلہ -

Base n. & v. (۱) بنیاد - اساس - اصول -
(۲) مبنی کرنا - بنیاد رکھنا - بنیاد - اعتماد کرنا -

Base coin, کھوٹا سکہ -

Base estate, جاگیر بعوض انجام دہی خدمت -

Base fee, لگان جاگیر -

Base holding, جاگیرداری -

Basic, a. اساسی - بنیادی - زیریں -

Basic democracy, بنیادی جمہوریت -

فیلڈ مارشل محمد ایوب خان کے دور حکومت میں
پاکستان میں جمہوریت کے نئے تجربہ کے طور پر
بنیادی جمہوریت کے نظام کو بنیادی جمہوریتوں کے
حکم مجریہ ۱۹۵۹ع کے تحت نافذ کیا گیا - بنیادی
جمہوریت قدیم پنچائتی نظام کی ایک ترقی یافتہ شکل
تھی- دراصل پنچائتی دیہی نظام برصغیر ہند و پاکستان
کا بہت قدیم نظام ہے جہاں قدیم زمانہ میں دیہاتی اپنے
مقامی اور ذات برادری کے قضیے دیہی مجلس مشاورت
کے ذریعہ طے کرا لیا کرتے تھے - برطانوی عہد
حکومت میں اس نظام کو ترقی دے کر حکومت مقامی
کے نام سے موسوم کیا گیا - دیہات میں دیہی پنچائتیں
قائم کی گئیں اور تحصیل و ضلع ، لوکل کمیٹیاں اور
لوکل بورڈ قائم کیے گئے اور بڑے بڑے شہروں میں
میونسپلٹیوں اور میونسپل کارپوریشنوں کا قیام عمل
میں آیا تاکہ شہریوں کو جمہوری نظام حکومت کو
سمجھنے اور اس پر عمل کرنے کی تربیت دی جائے۔
ان اداروں میں عہدہ داران و ارکان نامزد اور منتخبہ
ہوتے تھے -

پاکستان کا نظام بنیادی جمہوریت پانچ درجوں پر
مشتمل تھا :

(۱) دیہات میں یونین کونسل (۲) شہری آبادیوں
میں محلوں کے لیے یونین کمیٹیاں (۳) تحصیل یا تھانہ
کونسل (۴) ضلع کے لیے ضلع کونسلیں اور (۵) صوبوں
کے لیے مجلس مشاورت -

بعد میں صوبائی مجالس مشاورت ختم کر دی گئیں -

فیلڈ مارشل کے دس سالہ دور حکومت کے خاتمہ کے
ساتھ ہی بنیادی جمہوریت کا نظام بھی رخصت ہوا -

Basic Industries, بنیادی صنعتیں -

Basic wages, بنیادی اجرت - کم سے کم اجرت -

Basis, n. بنیاد - بناء - مدار -

Basis of application, بنائے درخواست -

Bastard, n. حرامی - ولدالزنا -

ولدالزنا اس اولاد کو کہتے ہیں جو مرد و عورت
کے درمیان بلا رشتہ ازدواج زنا (بدفعلی) کا نتیجہ ہو -
حنفی فقہ کی رو سے ولدالزنا اس ماں اور مادری

قرابتداروں کا وارث ہوتا ہے لیکن شیعی فقہ میں نہ وہ خود کسی کا وارث ہو سکتا ہے اور نہ کوئی اس کا وارث ہوگا ۔ (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو مجموعہ قوانین اسلام مؤلف ہذا جلد پنجم ، باب ۳۰ ، دفعہ ۲۷۵) ۔

Bastardize, *v.* غیر صحیح النسب قرار دینا ۔ ناجائز یا حرامی قرار دینا ۔

Bate, *v.* کم کر دینا ۔ منہا کرنا ۔ زور گھٹ جانا ۔

Batter, *v.* (۱) مار مار کر گرا دینا ۔ مسمار کر دینا ۔ گولہ باری کرنا ۔
(۲) صورت بگاڑ دینا ۔ خوب خبر لینا ۔ سخت نکتہ چینی کرنا ۔

Battery, *n.* زد و کوب ۔ مار پیٹ ۔
خفیف تشدد یا غصے کی حالت میں کسی دوسرے کے جسم پر ہاتھ رکھنا بھی (Battery) کی حد میں داخل ہے ۔ والدین ، سرپرست یا استاد بغرض تہدید خفیف مار لگانے کا حق رکھتے ہیں ۔

Battle, *v.* لڑنا ۔ مقابلہ کرنا ۔ جنگ کرنا ۔

Battle Ship, جنگی جہاز ۔

Battle, Trial by, محاکمہ بذریعہ جدال ۔
انگلستان میں ایک قدیم رواج یہ پایا جاتا تھا کہ فریقین آپس میں لڑ کر تصفیہ طلب امور کا فیصلہ کر لیا کرتے تھے ۔

Bayonet, *n. & v.* (۱) سنگین ۔ سیدھی تلوار (چھوٹی) ۔
(۲) سنگین بھونکنا ۔

Bear, *n.* مندی والا ۔
اسٹاک ایکسچینج کی اصطلاح میں اس شخص کو کہتے ہیں جو قیمت گر جانے کے خوف سے اپنے حصص وغیرہ ، جن کی خریداری بذریعہ حوالگی تکمیل طلب ہے ، فروخت کر دے ۔ وہ شخص جو قیمت بڑھ جانے کی امید میں خریدتا ہے تیزی والا (Bull) کہلاتا ہے ۔

Bear, *v.* متحمل ہونا ۔ برداشت کرنا ۔ مؤثر ہونا ۔ ہاتھ پیر مارنا ۔ زور ڈالنا ۔ حملہ کرنا ۔

Bear out, *v.* تصدیق کرنا ۔ سچا بنانا ۔

Bear witness, شہادت دینا ۔

Bear Testimony, شہادت دینا ۔

Bearer, *n.* حامل ۔

Bearer bill, حاملی ہنڈی ۔

Bearer bond, حاملی بانڈ ۔

Bearer cheque, حاملی چیک ۔
رقم مندرجہ حاملی چیک ہر اس شخص کو قابل ادا ہوتی ہے جو اس کا قابض ہے اور بنک کے پاس برائے ادائی پیش کرتا ہے ۔

Bearer, Payable to, حامل کو قابل ادا ۔

Bearer securities, حاملی کفالت نامجات ۔ حامل کو قابل ادا کفالت نامے ۔

Bearing, *n.* (۱) اثر ۔ تعلق ۔ طریق عمل ۔ معنی ۔
(۲) محصول طلب ۔ مطلب ۔

Bearing interest, سودی ۔

Bearing the market, قیمتیں گرانا ۔

Bearing signature, دستخطی ۔ بہ دستخط ۔ دستخط شدہ ۔

Beast, *n.* (۱) جانور ۔ چوپایہ ۔ (۲) وحشی ۔

Beast of chase, جانوران شکار ۔

Beat, *n.* گشت ۔ علاقہ ۔

Beat, *v.* زد و کوب کرنا ۔ ہرا دینا ۔

Beat about the bush, ٹابک ٹوئیاں مارنا ۔ مطلب کی بات نہ کہنا ۔

Bed or Bedding, بستر ۔

Bed of river, سطح آب ۔

Bed of sickness, بستر علالت ۔

Bed ridden, شدید بیمار ۔ صاحب فراش ۔
بیمار جو پلنگ سے حرکت نہ کر سکے ۔

Beer, *n.* جو کی شراب ۔

Bees, *n.* شہد کی مکھیاں ۔
شہد کی مکھیوں پر اس وقت تک ملکیت قائم نہیں ہو سکتی جب تک کہ انہیں پکڑ نہ لیا جائے لیکن اگر وہ کسی درخت یا مکان میں چھتہ بنا کر جمع ہو

جائیں تو وہ اس شخص کی ملکیت متصور ہوں
جس کا وہ درخت یا مکان ملکیت ہے ۔

Beg, v. (۱) درخواست کرنا ۔ گزارش کرنا ۔
(۲) بھیک مانگنا ۔

Beg a question, اس امر کا فرض کرنا جو ثابت کرنا مقصود ہو ۔

Beggar, n. بھکاری ۔ گداگر ۔ بھیک منگا ۔

Beggary, n. گداگری ۔

Beget, v. پیدا کرنا ۔

Begin, v. آغاز کرنا ۔ شروع کرنا ۔ شروع ہونا ۔

Begin, Right to حق آغاز ۔ حق شروع کرنے کا ۔
بالعموم مدعی کو مقدمہ شروع کرنے کا حق ہوتا ہے ۔ لیکن اگر بار ثبوت مدعا علیہ پر ہو تو وہ شروع کرتا ہے ۔ دیکھیے حکم ۱۸ قاعدہ ۱ ضابطہ دیوانی) ۔ مقدمات سیشن میں اگر ملزم گواہان صفائی پیش نہ کرے تو بحث کا آغاز سرکار کی طرف سے ہوتا ہے اور اگر گواہان صفائی پیش کیے جائیں تو آغاز کا حق ملزم کا ہے ۔

Beguilement n. فریب دہی ۔ چکمہ ۔

Behave, v. برتاؤ کرنا ۔ پیش آنا ۔

Behaviour, n. برتاؤ ۔ طور طریق ۔ روش ۔ چال چلن ۔ طرز عمل ۔ کردار ۔

Behaviourist, a. کرداریت کا حامی ۔

Behead, v. سر کاٹ ڈالنا ۔

Behind, ad. پیچھے ۔ پوشیدہ ۔ پیچھے پیچھے ۔

Behind one's back, پیٹھ پیچھے (کسی کے)

Behind time, بعد از وقت ۔ وقت کے بعد ۔

Behind a decree, To go, ڈگری سے پہلے کے حالات پر استدلال کرنا ۔
جس عدالت کے روبرو ڈگری برائے تعمیل ہو وہ اس امر کی مجاز نہیں کہ ڈگری کے جواز یا عدم جواز پر غور کرے یا اس سے پہلے کے حالات پر استدلال کرے بجز اس کے کہ جس عدالت نے ڈگری دی ہو وہ اختیار سماعت نہ رکھتی ہو یا ڈگری شخص متوفی کے خلاف ہو یا کسی اور قانونی بناء پر باطل اور کالعدم ہو ۔

Behold, v. مشاہدہ کرنا ۔ دیکھنا ۔

Belabour, v. خوب مارنا ۔ شدت سے مار پیٹ کرنا ۔

Belated, a. دیر رسیدہ ۔ دیر میں پہنچنے والا ۔ بعد از وقت ۔

Belated application, دیر رسیدہ یا بعد از وقت درخواست ۔

Belief, n. یقین ۔ اعتقاد ۔ گمان قوی ۔

To the best of my belief, میرے پورے یقین کے مطابق ۔

Belie, v. جھٹلانا ۔ مغالطہ پیدا کرنا ۔

Believe v. یقین کرنا ۔ باور کرنا ۔ اعتقاد کرنا ۔

Believe, Reason to, باور کرنے کی وجہ ۔

Believable, a. قابل اعتبار ۔ قابل یقین ۔

Believable, Un, ناقابل اعتبار ۔ ناقابل یقین ۔

Belittle, v. کم کرکے دکھانا یا بیان کرنا ۔

Belligerency n. حربیت ۔

Belligerent, a. جنگ جو ۔ حربی ۔ متحاربہ ۔

Belligerent countries, جنگ جو مملکتیں ۔

Belligerent nations, دول متحاربہ ۔

Belligerent right of capture, فریقین جنگ کا حق گرفتاری ۔

Belong, v. متعلق ہونا ۔ تعلق رکھنا ۔ ملکیت ہونا ۔ باشندہ ہونا ۔

Belongings, n مال و اسباب ۔ متعلقات ۔
یہ اصطلاح آرڈر ۳۳ قاعدہ ۲ ضابطہ دیوانی میں استعمال کی گئی ہیں ۔ اس میں نہ صرف منقولہ و غیر منقولہ اشیاء داخل ہیں بلکہ اس کا اطلاق ان املاک پر بھی ہوگا جن میں درخواست گزاران کوئی مفاد رکھتے ہوں ۔ (پی ایل ڈی ۱۹۵۲ ع ڈھاکہ ص ۳۴۴) ۔

Below, ad. تحت ۔ ذیل ۔

Below, Court, عدالت ماتحت ۔

Below-par, اصل قیمت سے کم قیمت پر ۔
قیمتیں جب اصلی سے بھی کم ہوں تو (Below-Par) کہلاتی ہیں ۔

Benami, a. بے نامی ۔

Benami creditor, بے نامی قرض خواہ ۔

Benami owner, بے نامی مالک ۔

Benami transaction, بے نامی معاملہ ۔ بے نامی سودا ۔

بے نامی سودے کی اصطلاح کے دو مفہوم ہیں اور یہ دونوں اصطلاحیں اپنی حیثیت قانونی میں ایک دوسرے سے مختلف ہیں - پہلا مفہوم یہ ہے کہ معاملہ اگرچہ حقیقی ہے مگر جس شخص کے نام میں جائداد خریدی گئی ہے ، در حقیقت وہ اس کا خریدار نہیں - مثال کے طور پر الف ب کے ہاتھ جائداد فروخت کرتا ہے ،مگر بیع نامہ بجائے ب کے ج کے حق میں تکمیل پاتا ہے - اس صورت میں یہ کہا جائے گا کہ بیع تو حقیقی ہے مگر ج ب کا بینامی دار ہے - آج کل یہی مفہوم اس اصطلاح سے لیا جاتا ہے -

دوسرا مفہوم اس اصطلاح کا یہ ہے کہ معاملہ بیع ہی فرضی ہو یعنی اگرچہ الف اپنی جائداد ب کے حق میں بیع کرتا ہے مگر در حقیت بیع مقصود نہیں ہے - ان مفاہیم کے درمیان یہ فرق ہے کہ پہلی صورت میں حقیت جائداد منتقل الیہ کو حاصل ہو جائے گی جب کہ دوسری صورت میں بیع نامہ کی تکمیل کے باوجود اس کو حقیت حاصل نہ ہو سکے گی اور بیع نامہ کی تکمیل کے باوصف بائع ہی مالک متصور ہوگا - (پی ایل ڈی ۱۹۵۷ء سپریم کورٹ (انڈیا) ۱۸۸) -

Bench, *n*. اجلاس عدالت - عدالت - حکام عدالت -

To be raised to the bench, جج بنایا جانا -

Bench, Division, اجلاس متفقہ -

دو ججوں کا مشترکہ اجلاس بغرض سماعت مقدمہ - اگر دو ججوں کے درمیان رائے میں اختلاف ہو تو مقدمہ تیسرے جج کے سپرد کیا جاتا ہے -

اسلامی نظام عدالت میں اجلاس متفقہ کا وجود نہیں ملتا -

Bench, Full, اجلاس کاملہ -

تین یا پانچ یا اس عدالت کے تمام ججوں کا مشترکہ اجلاس بغرض سماعت مقدمہ - فیصلے میں اختلاف کی صورت میں کثرت آراء کے مطابق فیصلہ کیا جاتا ہے لیکن اگر اجلاس عدالت کے تمام ججوں پر مشتمل ہو اور آراء مساوی ہوں تو مقدمہ خارج کیا جاتا ہے -

اسلامی نظام عدالت میں اجلاس کاملہ کا وجود نہیں ملتا -

Bench, Single, اجلاس منفردہ -

Bench warrant, عدالتی وارنٹ گرفتاری -

Bencher, *n*. انز آف کورٹ (Inns of Court) کی مجلس منتظمہ کا رکن -

Benefice, *n*. وقف مذہبی -

Beneficial, *a*. نافع - سود مند - فائدہ مند - حق انتفاع کے متعلق -

Beneficial construction, تعبیر مفید -

جب کسی قانون کی دو تعبیریں یکساں طور پر ممکن ہوں تو جو تعبیر زیادہ مفید ہوگی اس کو اختیار کیا جانا چاہیے اور اسی وقت اس قاعدہ کا اطلاق بھی کیا جائے گا -

مالی قوانین کی تعبیر سے متعلق یہ اصول مسلّم ہے کہ وہ تعبیر جو رعایا (Subject) کے حق میں ہو اختیار کی جانی چاہیے -

Beneficial interest, حق استفادہ - حق تصرف - متصرف ہونے کا حق -

Beneficial owner, مالک انتفاعی - مالک مستحق افادہ - مالک جس کو جائداد سے مستفید ہونے کا حق حاصل ہو -

Beneficial ownership, ملکیت انتفاعی -

ملکیت انتفاعی سے مراد جائداد سے استفادہ کا حق ہے، ایسی صورت میں کہ قانونی حقیت ایک شخص کو حاصل ہو اور اسے انتفاعی حق کے استعمال کا اختیار یا اس میں انتفاعی مفاد دوسرے شخص کو حاصل ہو اور نیز ایسے حق کو قانون نے تسلیم کیا ہو اور مالک یا اس کی جانب سے کوئی اور شخص ارجاع نالش کے ذریعہ ایسے حق کو نافذ کرا سکتا ہو - اے - آئی - آر - ۱۹۵۷ء پنجاب ص ۲۶۱) -

Beneficial tax, رفاہی محصول -

Beneficially, *ad*. سودمندانہ - حق انتفاع کے طور پر -

Beneficiary, *n*. منتفع - مستحق افادہ -

جس شخص کو جائداد موقوفہ سے استفادہ کرنے کا حق حاصل ہوتا ہے - وہ اصطلاحاً Beneficiary کہلاتا ہے -

Benefit, *n*. فائدہ - نفع - مراعت -

فائدہ کے قبول کرنے کی رضا مندی کا قیاس کیا

جاتا ہے ۔

nefit of agreement, — مفاد معاہدہ ۔

nefit of clergy, — مراعت کلیسا ۔

nefit of doubt, — شبہ کا فائدہ ۔

یہ ایک مسلمہ قاعدہ قانونی ہے کہ شبہ کا فائدہ ما
کو دیا جاتا ہے ۔

اسلامی فقہ کا مسلمہ قاعدہ ہے کہ "تندر الحد
بالشبهة" شبہ واقع ہونے کے سبب حدود (قرآنی سزائی
ساقط ہو جاتی ہیں ۔ (ابن ماجہ)

شبہ کا فائدہ ملزم کو دینے کا یہ مطلب نہیں ہے
عدالت کے ذہن میں شبہ آئے بلکہ اس کے معنی
ہیں کہ شبہ حقیقی ہو اور شہادت اور واقعات مقدم
سے اصلی طور پر پیدا ہو ۔ (پی ایل ڈی 1965
سپریم کورٹ ۲۶) ۔

اس اصول کا اطلاق ان مقدمات میں کیا جانا چاہی
جن میں واقعات مقدمہ کے پیش نظر تقاضائے انصاف
کو فروغ دینے کی خاطر اس کا اطلاق ضروری ہو ۔

Benevolences, *n.* — جبری محصولات ۔

اس اصطلاح کا آغاز انگلستان میں شاہ ایڈورڈ چہار
کے عہد میں ہوا ۔

Bequeath, *v.* — ہبہ بالوصیت کرنا ۔

Bequest, *n.* — ہبہ بالوصیت ۔

شرع اسلام کی رو سے موصی (وصیت کرنے والے) کی
تجہیز و تکفین اور اس کے ذمہ جملہ دین کی ادائی کے
بعد بقیہ ترکہ کی ایک تہائی کی حد تک ہبہ بالوصیت
جائز ہوگا ۔ ایک تہائی سے زائد میں وصیتی ہبہ کا نفاذ
موصی کی وفات کے بعد ورثاء کی اجازت پر منحصر
ہوگا ۔ البتہ جس شخص پر کچھ دین نہ ہو اور اس کا
کوئی وارث بھی نہ ہو، اس کو یہ حق حاصل ہوگا کہ
وہ اپنے کل مال کے بارے میں جس کے حق میں چاہے
وصیت کر سکتا ہے کیونکہ وصیتی ہبہ کے لیے ایک
تہائی کی مقدار مقرر کرنے میں جو شرعی مصلحت
پنہاں تھی کہ ورثاء کی حق تلفی نہ ہو، اب اس کی
ضرورت باقی نہ رہی ۔ (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو،
مجموعہ قوانین اسلام، تنزیل الرحمٰن، جلد چہارم
قانون وصیت دفعات ۲۲۶ - ۲۲۷ صفحات ۱۳۰۰ -
۱۳۸۵) ۔

Bequest, Absolute, — مطلق ہبہ بالوصیت ۔ غیر مشروط وصیت ۔

وصیت مطلق سے مراد ایسی وصیت ہے جو باعتبار
وقت یا موصی بہ (جس شے کی وصیت کی جائے) مطلق
ہو، کسی قسم کی کوئی قید اس کے ساتھ نہ لگائی
گئی ہو (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو مجموعہ قوانین
اسلام، تنزیل الرحمٰن، قانون وصیت، جلد چہارم دفعہ
۲۰۵ صفحہ ۱۲۵۱) ۔

Bequest, Conditional, — مشروط ہبہ بالوصیت ۔

جو وصیت کسی شرط کے ساتھ مقید کی گئی ہو وہ
وصیت مشروط کہلائے گی، ایسی مشروط وصیت جائز
ہوگی بشرطیکہ وہ شرط شرعاً جائز ہو ۔ مثلاً وصیتی
ہبہ کا وقت کے ساتھ مقید و مشروط ہونا ۔ (تفصیل
کے لیے ملاحظہ ہو مجموعہ قوانین اسلام جلد چہارم
ص ۵۳ - ۱۲۵۲) ۔

Bequest, Contingent, — موقوف ہبہ بالوصیت ۔

ہبہ جو کسی دیگر امر کے وقوع میں آنے پر نافذ ہو ۔

وصیتی ہبہ کو کسی شرط پر موقوف بھی کیا جا
سکتا ہے ۔ ایسی صورت میں وہ وصیت اس شرط پر معلق
ہوگی لیکن شرط کا صحیح ہونا ضروری ہے ورنہ شرط
باطل ہو کر وصیت قابل نفاذ ہوگی ۔ (تفصیل کے لیے
ملاحظہ ہو، مجموعہ قوانین اسلام، مؤلف ہذا، جلد
چہارم ص ۵۳ - ۱۲۵۲) ۔

Bequest, Executory, — تکمیل طلب ہبہ بالوصیت ۔

Bequest, Onerous, — وجوبی ہبہ بالوصیت ۔

Bequest, Prior, — مقدم ہبہ بالوصیت ۔

Bequest, Residuary, — ہبہ بالوصیت مال مابقی ۔

(مثلاً موصی یہ کہے کہ فلاں فلاں کو دینے کے
بعد جو باقی بچے وہ فلاں کو دیا جائے) ۔

Bequest, Usufructuary, — انتفاعی ہبہ بالوصیت ۔

Bequest, Ulterior, — ہبہ بالوصیت بعیدہ ۔

یعنی وہ ہبہ جو اس شرط کے ساتھ ہو کہ اگر فلاں
غیر یقینی امر وقوع میں آئے یا نہ آئے (جیسی کہ

صورت ہو) تو شئے موہوبہ فلاں شخص کو ملے ۔

لگان چرائی مویشیاں ۔ **Berbiage,** *n.*

درخواست کرنا ۔ **Beseech,** *v.*

محاصرہ کرنا ۔ گھیرنا ۔ **Besiege,** *v.*

کسی چیز کا حکم دینا ۔ فرمائش کرنا ۔ **Bespeak,** *v.*

وحشیانہ پن ۔ **Bestiality,** *n.*

مرد کا جانوروں سے ہم صحبت ہونا ایک وحشیانہ فعل ہے ۔ یہ قابل سزا جرم ہے ۔

بخشنا ۔ ہبہ کرنا ۔ خیرات کرنا ۔ **Bestow,** *v.*

بازی بدنا ۔ شرط لگانا ۔ **Bet,** *v.*

بازی ۔ شرط ۔ داؤ ۔ **Bet,** *n.*

دھوکا دینا ۔ گمراہ کرنا ۔ بے وفائی کرنا ۔ راز ظاہر کر دینا ۔ **Betray,** *n.*

دغا ۔ غداری ۔ بے وفائی ۔ افشائے راز ۔ **Betrayal,**

غدار ۔ دغا باز ۔ بے وفا ۔ **Betrayer,** *n.*

منسوب کرنا ۔ منگنی کرنا ۔ نسبت کرنا ۔ آئندہ شادی کا قول و قرار کرنا ۔ **Betroth,** *v.*

نسبت ۔ منگنی ۔ قرارداد ازدواج ۔ **Betrothal,** *n.*

درستی ۔ اصلاح ۔ **Betterment,** *n.*

محصول اصلاح یا بہتری ۔ **Betterment tax,**

حکومت سندھ نے حال ہی میں یہ نیا ٹیکس تجارتی عمارتوں پر عائد کیا ہے ۔ اگر کسی عمارت کا کوئی حصہ تجارتی اغراض کے لیے مستعمل ہے اور باقی رہائشی تو صرف تجارتی حصہ' عمارت پر مربع فٹ کی بنیاد پر لگایا گیا ہے ۔

شرط باندھنا ۔ جوا ۔ **Betting,** *n.*

یہ (Wagering contract) کی ایک قسم ہے جس کے تحت کسی غیر یقینی امر کے وقوع پذیر ہونے پر روپیہ کی ادائی کا معاہدہ کیا جاتا ہے ۔ یہ معاہدہ از روئے قانون قابل نفاذ نہیں ہے ۔ (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہوں دفعات ۳۰-۳۰ قانون معاہدہ ۱۸۷۲ع) ۔

Betting and Loans (Infants) Act,
قانون میسر و دیون (اطفال) ایکٹ ۔

جوا خانہ ۔ **Betting house,**

شرط لگانے والا ۔ بازی لگانے والا ۔ **Bettor,** *n.*

حیران کرنا ۔ پریشان کرنا ۔ **Bewilder,** *v.*

الجھاؤ میں ڈالنا ۔

گھبراہٹ ۔ بوکھلاہٹ ۔ پریشانی ۔ **Bewilderment,** *n.*

باہر ۔ متجاوز ۔ **Beyond,** *ad.*

خارج از مقدمہ ۔ **Beyond the case,**

سمندر پار ۔ **Beyond the seas,**

بعد از وقت (معینہ) ۔ **Beyond time,**

ناجائز اثر ڈالنا ۔ تعصب پیدا کرنا ۔ **Bias,** *v.*

بے جا مخالفت یا طرف داری ۔ تعصب ۔ اثر ۔ **Bias,** *n.*

طرفداری یا تعصب گواہ کے اعتبار کو متاثر کرتا ہے ۔

متعصب ۔ طرف دار ۔ **Biased,** *a.*

دو ایوانی ۔ **Bicameral,** *a.*

دو ایوانی مقننہ ۔ **Bicameral legislature,**

دو ایوانی قانون سازی ۔ **Bicameral legislation,**

دو ایوانی نظام ۔ **Bicameral System,**

بولی لگانا (نیلام میں) ۔ حکم دینا ۔ دعوت دینا ۔ **Bid,** *v.*

بولی (نیلام کے وقت) ۔ **Bid,** *n.*

نیلام کی بولی ہتھوڑے کی ضرب سے لگنے سے پہلے واپس لی جا سکتی ہے کیونکہ قبولیت ضرب لگنے سے ظاہر کی جا سکتی ہے اور بغیر قبولیت کے معاہدہ مکمل نہیں ہوتا ۔

نیلام بہ سلسلہ تعمیل ڈگری میں ڈگری دار یا اس کا قائم مقام عدالت نیلام کنندہ کی صریح اجازت کے بغیر بولی نہیں لگا سکتا ۔ (حکم ۲۱ قاعدہ ۷۲-۳۰) ۔

بولی کی قیمت ۔ **Bid price,**

بولی دینے والا ۔ (نیلام میں) ۔ **Bidder,** *n.*

بولی ۔ **Bidding,** *n.*

فرضی بولی (نیلام میں قیمت بڑھانے کی غرض سے) ۔ **Bidding, Pretended,**

دو زوج ۔ دو خصمی ۔ **Bigamist,** *n.*

دو شوہر یا دو بیوی رکھنے والا ۔ **Bigamous,** *a.*

وقت واحد میں دو شوہر یا دو زوجگان ۔ دو زوجیت ۔ دو ازدواجی ۔ دو زوجی ۔ **Bigamy,** *n.*

ایک عورت یا مرد کا دوسرے شادی شدہ مرد یا عورت سے بہ جان بوجھ کر کہ وہ جائز طور پر شادی شدہ

ہے، شادی کرنا دو زوجی کہلاتا ہے ۔

انگریزی قانون میں دو زوجی کا اطلاق مرد
عورت دونوں پر ہوتا ہے لیکن اسلامی قانون میں ا
کا اطلاق صرف عورت پر ہوتا ہے، مرد کو بیک وقت
چار عورتوں کو نکاح میں رکھنے کی شرعاً اجازت
ہے، البتہ عائلی قوانین آرڈی ننس ۱۹۶۱ع کے تحت
مرد کے لیے ایک زوجہ کی موجودگی میں دوسری عورت
سے نکاح کرنے کے لیے باضابطہ اجازت کا حصول
لازمی قرار دیا گیا ہے ۔ ایک زوجہ کی موجودگی میں
بلا اجازت نکاح کرنے کی صورت میں مرد کو ایک سال
قید بامشقت یا جرمانہ یا دونوں سزائیں دی جا سکتی
ہیں ، لیکن نکاح شرعاً جائز قرار پائے گا ۔

انگریزی قانون شہادت کی رو سے سات سال کی
غیر حاضری سے جرم دو زوجی عائد نہیں ہوتا ہے ۔
اسی طرح اگر زوجہ' اول کے مرنے کے یقین کی بناء
پر سات سال کے اندر بھی دوسری عورت سے شادی
کی جائے تو جرم دو زوجی عائد نہیں ہوتا ۔

Bigoted, *a*. متعصب ۔ ہٹ دھرم ۔
مذہبی عقیدہ پر حد سے زیادہ جمنے والا ۔

Bilateral, *a*. دو رویہ ۔ دو طرفہ ۔ دو طرفی ۔

Bilateral contract, دو طرفہ معاہدہ ۔
ایسا معاہدہ جس میں فریقین پر معاہدہ باہمی کا ایفاء
کرنا لازمی ہے ۔

Bilinguist, *n*. دو بھاشی ۔
وہ شخص جو دو زبانیں استعمال کرے ۔

Bill, *n*. مسودہ قانون ۔ ہنڈی ۔ درخواست ۔

Bill book, ہنڈی بہی ۔

Bill broker, ہنڈی دلال ۔

Bill, Discharged, مختتمہ ہنڈی ۔

Bill, Dishonoured, انکاری ہنڈی ۔

Bill, Duplicate, مثنیٰ ہنڈی ۔

Bill Holder, ہنڈی دار ۔ ہنڈی کا قابض ۔

Bill, Honoured, منظورہ ہنڈی ۔

Bill in equity, عرضداشت نصفت ۔

Bill of adventure, جو کھم ہنڈی ۔
تحریر جس میں یہ درج ہو کہ مال مالک کی
ذمہ داری اور جو کھم پر روانہ کیا جاتا ہے ۔

Bill of attainder, مخصوص قانون تعزیری
(متعلق ضبطی جائداد) ۔

Bill of conformity, درخواست منجانب وصی
بغرض اہتمام ترکہ بہ ہدایت عدالت ۔

Bill of cost, یاداشت خرچہ' مصارف (مقدمہ) ۔
مقدمہ کے تصفیہ کے بعد وکلاء فریقین کو صداقت
نامہ' اخراجات مقدمہ عدالت میں پیش کرنا ہوتا ہے ۔
قواعد عدالتہائے دیوانی سندھ (Sind Civil Courts
Rules) مجریہ ۱۹۲۷ع کے تحت وکیل کو فیصلہ کے
بعد اندرون مدت پانچ یوم اپنے محنتانہ کا صداقت نامہ
داخل کر دینا چاہیے ۔

Bill of credit, اعتباری ہنڈی ۔

Bill of entry, بیجک یا تختہ درآمدات و برآمدات
مال کسٹم ۔

Bill of exchange, مبادلہ ہنڈی ۔
بل آف ایکسچینج (مبادلہ ہنڈی) وہ تحریری دستاویز
ہے جس میں بہ دستخط نویسندہ (Drawer) کسی
خاص شخص کو بلا شرط یہ حکم دیا جائے کہ ایک
معین رقم کسی خاص شخص کو یا اس کے حکم پر
یا حامل دستاویز کو ادا کرے ۔ (ملاحظہ ہو دفعہ ۵
قانون دستاویزات قابل بیع و شرئ) ۔

ایک مبادلہ ہنڈی کے جائز ہونے کے لیے حسب
ذیل لوازم کا ہونا ضروری ہے :

(۱) وہ تحریری ہو ۔ (۲) اس میں ادائی زر کا حکم
ہو ۔ (۳) ادائی زر کا حکم غیر مشروط ہو ۔ (۴) اس
پر نویسندہ کے دستخط ثبت ہوں ۔ (۵) جس شخص کے
نام روپیہ ادا کرنے کا حکم ہو وہ معین ہو ۔ (۶)
واجب الادا رقم معین ہو ۔ (۷) صرف روپیہ کی ادائی کا
حکم دیا گیا ہو ۔ (۸) موسوم لہہ (یا بندہ) معین ہو ۔

Bill of exchange, Acceptance of,
سکرانی یا قبولیت ہنڈی ۔
ہنڈی کی سکرانی یا قبولیت سے یہ مراد ہے کہ
موسوم علیہ (Drawee) نے نویسندہ (Drawer) کے
حکم کو منظور کر لیا ہے ۔ اس کے لیے ضروری ہے
کہ ہنڈی کی پیشانی پر "قبول کیا" لکھا جائے ۔

اور موسوم علیہ اپنے دستخط کرے اگر بل پر صرف دستخط کیے تب بھی یہ قبولیت کے مترادف ہوگا لیکن اگر صرف قبول کیا لکھا مگر دستخط نہ کیے تو قبولیت نہ ہوگی۔ اسی طرح اگر بل کی نقل پر قبول کیا لکھا اور اس کی اصل پر نہ لکھا تب بھی یہ جائز قبولیت نہ سمجھی جائے گی۔ قبولیت تحریری ہونی چاہیے۔ زبانی قبولیت قانون کی نگاہ میں کافی نہیں ہے۔

Bill of exchange, Drawee of,
موسوم علیہ مبادلہ ہنڈی۔

وہ شخص جس کے نام ہنڈی لکھی جائے یعنی جس کے نام روپیہ ادا کرنے کا حکم ہو وہ موسوم علیہ (Drawee) کہلاتا ہے۔ (ملاحظہ ہو دفعہ ۷ قانون دستاویزات قابل بیع و شریٰ)۔

Bill of exchange, Drawer of, نویسندۂ مبادلہ ہنڈی۔

مبادلہ ہنڈی یا چیک لکھنے والا "نویسندہ" کہلاتا ہے۔ (ملاحظہ ہو دفعہ ۷ قانون دستاویزات قابل بیع و شریٰ)۔

Bill of exchange, Duplicate, مثنیٰ مبادلہ ہنڈی۔

اگر اصل مبادلہ ہنڈی گم ہو جائے تو اس کا قابض بہ طریق معمول (Holder in due course) ہنڈی کے نویسندہ سے اس کے مثنیٰ کے دیے جانے کا مطالبہ کر سکتا ہے بشرطیکہ وہ اس بات کی ضمانت دے کہ گم شدہ اصل ہنڈی کے مل جانے کی صورت میں وہ نویسندہ کے نقصان و ہرجہ کا ذمہ دار ہوگا۔

Bill of exchange, Payee of, موسوم لہہ یا بندہ زر۔

وہ شخص جس کا نام دستاویز میں ہو یا جس کے حکم سے کسی اور شخص کو حسب ہدایت دستاویز رقم دلائی جائے۔ "یا بندہ" یا "موسوم لہہ" کہلاتا ہے۔ (ملاحظہ ہو دفعہ ۷ قانون دستاویزات قابل بیع و شریٰ)۔

Bill of exchange, To dishonour, ہنڈی کے سکارنے یا اس کی رقم ادا کرنے سے انکار کرنا۔

Bill of exchange, To honour, رقم ہنڈی ادا کرنا۔

سکارنے کے بعد ہنڈی کی رقم تاریخ پختگی پر ادا کی جاتی ہے۔

Bill of exchange, Triplicate, مثلث مبادلہ ہنڈی۔

Bill of indictment, فرد جرم۔

تحریری استغاثہ جو بڑی جیوری کے سامنے پیش ہوتا ہے۔ یہ اصطلاح انگریزی قانون میں مستعمل ہے۔

Bill of lading, بارنامہ، جہاز۔ جہاز کے مال کی بلٹی۔

بار نامہ، جہاز میں جہاز کے ماسٹر کا نام، جہاز کی منزل مقصود، مال کی تفصیل، مرسل الیہ (Consignee) کا نام و کرایہ درج ہوتا ہے۔

بار نامہ، جہاز اس نقطہ نظر سے ایک دستاویز قابل بیع و شریٰ کے مماثل ہے کہ وہ شخص مندرجہ کے حکم پر بذریعہ حوالگی قابل منتقلی ہے لیکن اس لحاظ سے یہ دستاویز قابل بیع و شریٰ نہیں ہے کہ اس کا قابض منتقل کنندہ سے بہتر حقیقت کا ادعا نہیں کر سکتا۔

Bill of mortality, نقشہ فوتی۔

Bill of particulars, فرد تفصیلات۔

Bill of right, عرضداشت حقوق (رعایا)۔ مسودۂ حقوق۔

Bill of sale, یادداشت فروخت۔ انتقال نامہ، (جائداد منقولہ)۔ کفالت نامہ۔

انگریزی قانون میں بالعموم یہ اصطلاح مویشیوں، فرنیچر اور مال تجارت کی یادداشت فروخت کے لیے استعمال ہوتی ہے۔

Bill of sight, یادداشت معائنہ (مال)۔

Bill of store, یادداشت اشیاء ضروری۔

یہ اصطلاح انگریزی قانون میں بلا ادا کیے محصول سفر کی ضروری اشیاء لے جانے کے اجازت نامہ کے لیے استعمال ہوتی ہے۔

Bill of sufferance, مراعاتی اجازت نامہ۔

ایک قسم کا اجازت نامہ جس کے تحت ایک تاجر بلا ادائے محصول کسٹم (Custom duty) مال کو ایک بندرگاہ سے لے جا کر دوسری بندرگاہ پر فروخت کر سکتا ہے۔

Bill, Overdrawn, زائد اجراء ہنڈی۔

Bill Payable, واجب الادا ہنڈی ۔

Bill payable to bearer, حاملی ہنڈی ۔

Bill payable to order, حکمی ہنڈی ۔

Bill receivable, واجب الوصول ہنڈی ۔

Bill, Sets of, ہنڈی کے پرت ۔

Bill, Skeleton, سادی ہنڈی ۔

Bill, Undated, غیر مورخہ ہنڈی ۔

Bimmetallism, *n.* رواج یا قانون استعمال مسکوکات (چاندی و سونے کا) ۔

Bind, *v.* پابند کرنا ۔ ذمہ دار ٹھہرانا ۔

Bind over, مچلکہ لینا ۔ ضمانت لینا (حاضری کی) ۔

Binding, *a.* قابل پابندی ۔ لازمی ۔ واجب التعمیل ۔

Binding over, مچلکہ لینا ۔

Birds, *n.* چڑیاں ۔

ان میں مرغیاں ، بطخیں ، پالتو کبوتر وغیرہ شامل ہیں ۔ ان کی دو قسمیں ہیں ۔ ایک خانگی اور دوسری جنگلی ۔ خانگی چڑیاں پکڑنا ، یا چرانا یا چرانے کی نیت سے مارنا جرم ہے ۔

Birth, *n.* پیدائش ۔

Birth control, ضبط تولید ۔

ضبط تولید کا لفظی معنی ولادت (پیدائش) کا روکنا ہے ۔ اس کا مطلب ہے ایسی تدابیر اختیار کرنا کہ نطفہ قرار نہ پکڑے اور حمل نہ ٹھہرے ۔

Birth, Concealment, of, اخفائے پیدائش ۔

Birthday, سال گرہ ۔ جنم دن ۔

Birth place, مقام پیدائش ۔ مولد ۔

مقام پیدائش مقام توطن ہوتا ہے اس وقت تک جب تک کہ دوسرا مقام مقام توطن ظاہر نہ کیا جائے ۔

Birth rate, شرح پیدائش ۔

Birth Register, رجسٹر پیدائش ۔

رجسٹر پیدائش واقعہ پیدائش اور تاریخ پیدائش کی شہادت ہوتا ہے ۔

Birth, Registration, اندراج پیدائش ۔

Birth right, پیدائشی حق ۔

Black, *n.* سیاہ ۔ کالا ۔ تاریک ۔

Black Act, کالا قانون ۔

یہ انگلستان کے ایکٹ مجریہ ۱۷۲۳ء کے متعلق کہا جاتا تھا ۔ اب اصطلاح میں اس ایکٹ سے ایسا قانون مراد ہے جس کے ذریعہ نہایت سخت سزائیں مقرر کی گئی ہوں یا رعایا کو عام حق چارہ جوئی سے محروم کیا گیا ہو ۔ فرنٹیر کرائمز ریگولیشن ۱۹۱۱ء کے بارے میں ہماری عدالت نے اسی خیال کا اظہار کیا ہے کہ یہ سیاہ قانون ہے اور حقیقت بھی یہی ہے کہ انگریزوں نے اس علاقہ میں من مانی کرنے کیے اس قانون کو رائج کیا تھا ، جو قانون انصاف کے مسلمہ اصولوں کے خلاف تھا ۔ افسوس ہے کہ آزادی کے بعد بھی اسے جاری رکھا گیا ۔

Black and white, عیاں ۔ ظاہر ۔ لکھا یا چھپا ہوا ۔

Black ball, *n.* کسی کے خلاف رائے یا ووٹ دینا ۔

Black book, *n.* سیاہ کتاب ۔

اس کتاب میں بد اطواریوں کا اندراج ہوتا ہے ۔

Black cap, سیاہ ٹوپی ۔

سیاہ ٹوپی جج صاحبان بالعموم سزائے موت سنانے کے وقت پہنتے ہیں ۔ سیاہ ٹوپی عدالت کے لباس میں شامل ہے جو خاص خاص موقعوں پر پہنی جاتی ہے لہذا ضروری نہیں کہ صرف سزائے موت سنانے کے وقت ہی پہنی جائے ۔ یہ طریقہ انگلستان کی عدالت میں رائج ہے ۔

Black code, سیاہ قانون ۔

Black deed, سنگین جرم ۔

Black guard, *n.* & *v.* (۱) بد زبان ۔ (۲) گالی دینا ۔ برا کہنا ۔

Black Hole, *n.* تاریک قید خانہ ۔ کال کوٹھڑی ۔

ایک من گھڑت افسانہ جو انگریزوں نے نواب سراج الدولہ کو بدنام کرنے کے لیے مشہور کر دیا تھا کہ ایک تنگ و تاریک کوٹھری میں دو سو (۲۰۰) انگریزوں کو قید کر دیا تھا اور صبح وہ تمام مردہ پائے گئے تھے ۔

Black law, سیاہ قانون ۔

جو قانون فطری طریقہ انصاف اور عدالتی چارہ جوئی کے خلاف ہو اور جرم کے مقابلہ میں سخت سزائیں مقرر کی گئی ہوں ۔

سپریم کورٹ پاکستان نے فرنٹیر کرائمز ریگولیشن ۱۹۱۱ء کے بارے میں اسی نقطہ نظر کا اظہار کیا ہے کہ وہ ایک کالا قانون ہے جو انگریزوں نے قبائلی علاقوں میں بسنے والے لوگوں کے خلاف رائج کیا تھا - کالے قانون میں معروضی (objective) تحقیق نہیں کی جاتی بلکہ موضوعی (subjective) انداز میں سرسری سماعت کے بعد ملزم کو سزا سنا دی جاتی ہے -

Black leg, n. - جواری - دغا باز (مشہور و معروف) - ہڑتالی - بھگوڑا - فراری -

قدیم قانون انگلستان میں یہ اصطلاح مخصوص طور پر مشہور جواری کے لیے مستعمل تھی -

Black list, n. ان اشخاص کی فہرست جن کا رویہ غیر معتبر ہے - سیاہ فہرستی -

Black list, v. فہرست اشخاص غیر معتبر میں نام لکھنا -

Black listing of contractors, ٹھیکیداروں کی سیاہ فہرستی -

Black mail, n. بلیک میل - افشائے راز کی دھمکی دے کر منفعت حاصل کرنا -

عام طور پر "بلیک میل" سے ایسی کوشش مراد ہے جس سے کسی شخص کو کسی کی جان و مال اور عزت و آبرو کو ضرر پہنچانے کی دھمکی دے کر کوئی رقم یا منفعت حاصل کی جائے یا کسی شخص کو افشائے راز یا کسی کے مجرمانہ فعل یا جرم کے انکشاف کی دھمکی سے کوئی رقم یا منفعت حاصل کی جائے - یہ بات غیر اہم ہے کہ جس شخص کو دھمکی دی گئی ہے وہ فی الواقع مجرم یا بے گناہ ہے -

Black mail, n. انتفاع بربنائے افشائے راز -

Black mailor, n. افشائے راز کی دھمکی دے کر منفعت حاصل کرنے والا -

Black marketing, چور بازاری -

مال کو اس کی مقررہ قیمت سے زائد پر فروخت کرنا یا جس مال کا بلا اجازت نامہ (Permit) فروخت کرنا قانوناً ممنوع ہو اسے بغیر اجازت نامہ فروخت کرنا -

Black rate, اونچی شرح (ناجائز حد تک) -

Black republic, وسطی امریکہ کی ریاست ہیٹی جہاں حبشی بستے ہیں -

Black sheep, پاجی - بدمعاش - اچھے آدمیوں میں ایک برا -

Blame, n. & v. الزام - الزام لگانا -

Blameless, بے قصور - بے گناہ -

Blank, a. سادہ - بلا تحریر - بے دستخطی -

Blank acceptance, سادہ سکرائی -

اس سے قبل کہ ہنڈی تحریر کی جائے اگر سکار لی جائے تو اسے سادہ سکرائی کہا جائے گا اور یہ سکرائی اس رقم کی حد تک جو اس دستاویز میں درج ہو یہ حد کفایت اسٹامپ درست سمجھی جائے گی -

Blank cheque, سادہ چیک -

Blank form, سادہ فارم -

Blank endorsement, تحریر ظہری معرا -

اگر ظہر نویس دستاویز کی پشت پر صرف اپنا نام لکھ دے تو وہ تحریر ظہری معرا کہلائے گی اور اگر وہ اس ہدایت کا اضافہ کر دے کہ دستاویز کی رقم کسی خاص شخص کو یا اس کے حکم پر ادا کی جائے تو اسے تحریری ظہری مصرح کہا جائے گا -

Blank transfer, - منتقلی سادہ - منتقلی بلا خانہ پری -

بالعموم کمپنیوں کے حصص دستخط کرکے منتقل الیہ کا نام اور دوسرے خانہ جات خالی چھوڑ کر بنک کو بغرض ضمانت حوالے کو دے جاتے ہیں -

Blaspheme, v. کفر بکنا - توہین کرنا - بے حرمتی کرنا - بے ادبی کے کلمات کہنا -

Blasphemy, n. توہین مذہب -

تعزیرات پاکستان کے تحت توہین مذہب تعزیری جرم ہے - دستور پاکستان کی رو سے ہر شخص کو مذہب کی آزادی حاصل ہے -

Bleached, a. سپید (کیمیاوی طریقہ سے) -

لازمی طور پر اس اصطلاح کے معنی صاف رنگ نہیں ہے - (پی ایل ڈی ۱۹۶۱ء کراچی ص ۲۰۳)

Blend, n. مرکب (شئے) -

Blended fund, مجموعی سرمایہ - مجموعی زر ثمن -

(مثلاً جائداد منقولہ و غیر منقولہ) ۔

Blind, *a.* — اندھا ۔

Blind, *v.* — اندھا کر دینا ۔

Blind person, — شخص نابینا ۔
انگلستان میں وہ ملازم سرکار جو نابینا ہو جائے اس کو از روئے قانون اشخاص نابینا ۱۹۴۸ع ۳۰ سال کی عمر میں پنشن دے دی جاتی ہے ۔

Block, *n. & v.* — (۱) رکاوٹ ۔ ناکہ بندی ۔ بندش (سامان رسد کی) ۔ (۲) رکاوٹ ڈالنا ۔ روڑے اٹکانا ۔

Blockade, *n.* — بندش (سامان رسد کی ۔

Blockade, Economic, — معاشی ناکہ بندی ۔

Blockade, Public, — سرکاری ناکہ بندی ۔

Blockade running, — ناکہ بندی سے بچ نکلنا ۔

Blood, *n.* — خون ۔ رشتہ (بذریعہ نسب) ۔

Blood, Full, — حقیقی ۔

Blood, Half, — علاتی یا اخیافی ۔ سوتیلا ۔

Blood, In cold, — عمداً ۔ بغیر کسی اشتعال کے ۔

Blood money, *n.* — خون بہا ۔ دیت ۔

Blood poisoning, — خون میں زہر یا سمیت پیدا ہو جانا ۔

Blood relation, — رشتہ دار نسبی ۔ رشتہ دار یک جدی ۔

Bloodshed, *n.* — کشت و خون ۔

Blood stained, — خون آلودہ ۔

Blood thirsty, — خون کا پیاسا ۔ ظالم ۔ خونخوار ۔

Bloody, *a.* — خونی ۔ ظالم ۔ خون آلودہ ۔

Bloody assize, — خونی عدالت ۔

Blow, *n.* — ضرب ۔ مار ۔ چوٹ ۔ وار ۔

Blow, At a, — ایک ہی وار میں ۔ ایک ہی ہاتھ میں ۔

Blow hot and cold, — ایک ہی امر کی نسبت دو متضاد عذرات پیش کرنا ۔
مثلاً ایک ہی مقدمہ کی نسبت کبھی قابل سماعت عدالت دیوانی کہنا اور کبھی قابل سماعت مال ۔

Blow, Severe, — ضرب شدید ۔

Blue Book, — پارلیمان یا پریوی کونسل کی رپورٹ ۔

Blunder, *n.* — فاش غلطی ۔

Blunt, *n.* — کند ۔

Blunt weapon, — کند ہتھیار ۔

Bluntly, *ad.* — کھرے پن سے ۔ دو ٹوک ۔

Board, *n.* — مجلس ۔ جماعت ۔

Board of Arbitrators, — مجلس ثالثان ۔

Board of Conciliation, — مجلس مصالحت ۔

Board of Control, — مجلس نگرانی ۔

Board of Directors, — مجلس نظماء ۔

Board of Education, — مجلس تعلیمی ۔

Board of Examiners, — مجلس ممتحنان ۔

Board of Inquiry, — مجلس تحقیقات ۔

Board of Investment, — مجلس سرمایہ کاری ۔

Board of Trade, — مجلس تجارت ۔

Board of Revenue, — مجلس مال ۔

Board of Trustee, — مجلس امناء ۔ مجلس امینان ۔

Board, Wage, — مجلس تعین اجرت یا مشاہرہ ۔

Board, *v.* — کھانا پینا دینا ۔

Boarding House, — بورڈنگ ہاؤس ۔ اقامت گاہ ۔

Bodily injury, — ضرر جسمانی ۔

Body, *n.* — (۱) جسم ۔ (۲) جماعت ۔ (۳) متن (دستاویز) ۔

Body, Artificial, — مصنوعی جماعت ۔
غیر حقیقی جماعت، ایسی جماعت جس کا کوئی حقیقی وجود نہ ہو صرف دکھاوے کے لیے بنائی جائے ۔

Body, Dead, — نعش ۔ لاش ۔
قتل کا مجرم قرار دینے کے لیے نعش کا ملنا ضروری ہے، ساتھ ہی اس کی شناخت بھی ۔

Body, Legislative, — مجلس قانون ساز ۔ مقننہ ۔

Body of a deed or Body of an instrument, — متن دستاویز ۔

Body of Laws, — مجموعہ قوانین ۔ متون قوانین ۔

Body, Political, — جماعت سیاسی ۔

Bolshevik, — بالشویک ۔ انقلاب پسند ۔

Bolshevism, — بالشویت ۔ انقلاب پسندی ۔

Bolster up, — جھوٹی تائید کرنا (مقدمہ کی) ۔

Bolt, *v.* — مقدمات فرضی میں بحث کرنا ۔

Bomb, *n.* — بم ۔

Bomb, Aerial, ہوائی بم ۔

Bomb, Atomic, جوہری بم ۔

Bomb, Radio, نشری بم ۔

Bomb, Time, میعادی بم ۔

Bombard *v.* بمباری کرنا ۔

Bombardment, *n.* بمباری ۔

Bomber, *n.* بمبار ۔

Bona, (Rom. Law) مال ۔

Bonafide, *a.* حقیقی ۔

Bonafide, *n.* حسن نیت ۔ نیک نیتی ۔

یہ اصطلاح عوام اور وکلاء تقریباً ایک ہی معنی میں استعمال کرتے ہیں ۔ وہ یہ کہ کسی امر میں بے ایمانی ، فریب ، اخفا یا غلط بیانی سے کام نہیں لیا گیا اور صداقت پر پردہ نہیں ڈالا گیا تو کہا جانے گا کہ اس میں نیک نیتی سے کام لیا گیا ہے ۔

تمام معاہدات کی تکمیل کے لیے نیک نیتی سب سے اہم جزو ہوتا ہے۔ قانون بیع مال اور قانون دستاویزات قابل بیع و شرکا میں عام طور پر یہ اصطلاح استعمال ہوتی ہے ۔ قانون میں "نیک نیتی کے ساتھ" جو اصطلاحً استعمال ہوتی ہے اس کے معنی ہیں کہ وہ کام حقیقتاً ایمان داری کے ساتھ کیا گیا ہے خواہ اس کام میں غفلت ہوئی ہو یا نہ ہوئی ہو مگر بے ایمانی کا شائبہ نہ ہو ۔

Bond, *n.* بانڈ ۔ تمسک ۔

تمسک کی بناء پر دعوے ہیں بدل کے ناجائز ہونے کا عذر کیا جا سکتا ہے ۔

Bond, Administration, تمسک اہتمام ترکہ ۔

جب کسی شخص کو عدالت دستاویز اہتمام ترکہ عطا کرتی ہے تو شخص مذکور ایک تمسک اہتمام ترکہ عدالت میں داخل کرتا ہے جس کے تحت وہ ترکہ کے اہتمام کو بحسن و خوبی انجام دینے کا اقرار کرتا ہے اور بصورت نقصان یا غفلت پابہ جائی کا ذمہ لیتا ہے ۔

Bond, Bottomry, اقرار نامہ مابین مالک جہاز و قرض دار ۔

جس کے تحت قرضدار جہاز کے کامیابی کے ساتھ سفر سے واپسی پر رقم قرضہ معہ سود ادا کرنے کا اقرار کرتا ہے ۔

Bond, Conditional, تمسک مشروط ۔

ایک ایسی دستاویز جس کی رو سے ایک شخص دوسرے کو اس شرط پر روپیہ ادا کرنے کا اقرار کرے کہ اگر ایک خاص فعل عمل میں آئے یا عمل میں نہ آئے تو اقرار مذکور فسخ ہوگا ۔

Bond, Convertible, بدل پذیر تمسک ۔

Bond of Corroboratian, تمسک تصدیقی ۔

Bond, Counter, متوازی یا متقابل تمسک ۔

Bond-Creditor, *n.* داین تمسک ۔

داین تمسک وہ شخص کہلاتا ہے جس کے پاس تمسک قرضہ ہو جو قرض دار نے بطور ضمانت قرضہ اس کے پاس رکھ دیا ہو ۔

Bond, Custom, کسٹم بانڈ ۔

Bond-Debt, *n.* قرضہ تمسکی ۔

Bond-Holder, تمسک دار ۔

Bond, Indemnity, ابراء نامہ ۔

یہ ایک اقرار نامہ ہوتا ہے جس کے تحت ایک شخص دوسرے کو نقصان و ہرجہ سے محفوظ رکھنے اور تاوان ادا کرنے کا اقرار کرتا ہے ۔ (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو قانون معاہدہ) ۔

See "*Indemnity*" also.

Bond, Instalments, تمسک قسط بندی ۔

Bond ,Mortgage, گرو نامہ ۔ گروی نامہ ۔ رہن نامہ ۔

Bond, Official, سرکاری تمسک ۔

Bond, Private, نجی تمسک ۔

Bond, Public, سرکاری تمسک ۔

Bond, Respondetia, یہ ایک ایسی دستاویز قرضہ ہے جو مال محمولہ کی کفالت پر مبنی ہو اور ایسے مال کی نسبت ہو جو جہاز پر چڑھنے والا ہو اور اس میں یہ شرط ہو کہ روپیہ اس وقت ادا کیا جائے جب مال محمولہ بندرگاہ مقصود پر پہنچے ۔

Bond, Security, کفالتی تمسک ۔

Bond-tenants, *n.* اسامیان موروثی ۔

Bond to keep the peace, مچلکہ حفظ امن ۔

دفعہ ۱۰۷ و ۱۱۷ ضابطہ فوجداری پاکستان کے تحت اگر کسی شخص سے امن عامہ کو خدشہ لاحق ہو تو عدالت مجاز اس شخص کو کسی مقررہ مدت کے لیے ایک خاص رقم کے مچلکہ حفظ امن کا پابند کر سکتی ہے ۔

Bond, War, تمسک جنگ ۔

Bondage, *n.* غلامی ۔ قید ۔ پابندی ۔

Bonded, *a.* مکفول ۔

Bonded-goods, محصول طلب مال ۔

مال جس پر محصول ادا نہ ہوا ہو ۔ ایسا مال جس جگہ رہتا ہے اسے (Bonded Ware-House) کہتے ہیں ۔

Bonded warehouse, محصول طلب مال خانہ ۔

ایسے مال کا مال خانہ جس پر محصول ادا نہ کیا گیا ہو ۔

Bondsman, *n.* ضامن ۔

Bone of contention, وجہ اختلاف ۔ بنائے فساد ۔

Bonitarian right, حق قبضہ ۔

Bonus, *n.* منفعت ۔ زر پیشگی ۔ پیشکش ۔ زائد ۔

منافع جو کمپنی اپنے حصہ داران کو دے ۔ وہ رقم جو صنعتی کارخانوں یا تجارتی اداروں کے مزدوروں اور ملازمین کو علاوہ معمولی اجرت اور تنخواہ کے ختم سال پر منافع میں سے دی جاتی ہے ۔

زمانہ حال میں صنعتی قوانین کو ایک ترقی یافتہ شکل دے دی گئی ہے ۔ جن میں مزدوروں کے حقوق کا بیش از بیش تحفظ کیا گیا ہے ۔ چنانچہ بونس کی بنیاد اس نظریہ پر رکھی گئی ہے کہ صنعتی اور تجارتی اداروں کے نفع میں مزدوروں اور کارکنوں کو بھی حصہ پانے کا حق حاصل ہے لہذا بونس کو ایک ملتویہ ادائی کہا جا سکتا ہے ۔

جسٹس بھارگوانے باسنتی شوگر ملز لمیٹڈ بنام اسٹیٹ آف اتر پردیش کے مقدمہ میں بونس کے متعلق قرار دیا کہ بونس کو صرف طور پر ملتویہ اجرت خیال کیا جا سکتا ہے جو مزدور اور کارکنان ، شرائط ملازمت کے تحت ، بطور حق طلب کر سکتے ہیں ۔ اسی مقدمہ کے فیصلہ میں جسٹس سپرو نے لکھا ہے کہ بونس عطا کرنا کوئی خیراتی کام نہیں بلکہ کسی حد تک کمپنی کے منافع میں حصہ پانے کا مزدوروں کا حق ہے ۔ (اے ۔ آئی ۔ آر ۱۹۵۳ء الہ آباد ص ۵۳۸ اجلاس کامل) ۔

لیکن بعد میں مدراس ہائی کورٹ کے ایک فیصلہ میں بونس کے متعلق یہ قرار دیا گیا کہ یہ اجرت کا کوئی باقاعدہ حصہ نہیں ہے خواہ وہ اجرت ملتویہ ہو یا کوئی اور ، بلکہ بونس اپنے حقیقی معنی میں ایک ادائی ہے جو بطور انعام کی جاتی ہے لیکن بذریعہ قانون یا بذریعہ معاہدہ اس نے ایک مستقل شکل اختیار کر لی ہے اور وہ اجرت کا ایک حصہ بن گیا ہے (منشی وامی بنام وسونتھا نائر (۱۹۵۷ء) ۲ مدراس جرنل ص ۴۰۰) ۔

قانون ادائی اجرت مزدوران کی دفعہ ۲ (۲) کے تحت بونس اجرت کی تعریف میں داخل ہے (پی ۔ ایل ۔ ڈی ۔ ۱۹۵۹ء لاہور صفحہ ۸۰۶)

پریوی کونسل نے ایک مقدمہ میں قرار دیا کہ بونس ایک انعامی (ex-gratia) فعل ہے جب کہ منافع حصص یا کمیشن کی رقم ایک قانونی حق ہے (پی ایل ڈی ۱۹۵۲ء پریوی کونسل ص ۱۲) ۔

پاکستان میں حالیہ صنعتی قوانین کے تحت بونس کو مزدوروں کا ایک قانونی حق قرار دیا جا چکا ہے جس میں اس کی شرح اور ادائی کے متعلق ضابطہ مقرر شدہ ہے ۔ لہذا اب نہ یہ ملتویہ ادائی ہے اور نہ اجرت کا حصہ اور نہ انعام بلکہ ایک خاص حق ہے جو بذریعہ قانون عطا ہوا ہے اگرچہ اس کی بنیاد تجارتی اور صنعتی اداروں کے مزدوروں اور کارکنان کی کارکردگی پر قائم ہے ۔

Book, *n. & v.* (۱) کتاب ۔ کھاتہ ۔ (۲) درج کرنا ۔

Book, Account, بہی کھاتہ ۔

Book adjustment, عمل جمع خرج ۔ کتابی جمع خرج ۔

Book, Bill or Hundi, ہنڈی بہی ۔

Book, Bring to, مواخذہ کرنا ۔ باز پرس کرنا ۔

Book, Cash, روزنامچہ ـ روکڑ بہی ـ
حساب کی وہ کتاب جس میں روزمرہ نقد لین دین کا اندراج کیا جائے ـ

Book debt, قرضہ بربنائے بہی کھاتہ ـ

Book entry, کتابی اندراج ـ

Book keeper, روزنامچہ نویس ـ جمع خرچ نویس ـ

Book keeping, فن ترتیب حساب یا فن کھاتہ نویسی ـ

Book keeping, Commercial, تجارتی حساب نویسی ـ

Book keeping, Industrial, صنعتی حساب نویسی ـ

Book, Law, کتاب قانونی ـ

Book profit, کتابی منافع ـ

Book, Reference, کتاب حوالہ ـ کتاب استناد ـ

Book transfer, کتابی انتقال جس میں حقیقی لین دین نہ کیا جائے ـ

Book value, کتابی قیمت ـ
فرسودگی (depreciation) عام طور پر کتابی قیمت کی بنیاد پر وضع کی جاتی ہے ـ

Book, Waste, وہ کتاب یا بہی جس میں اس ضائع شدہ مال کی تفصیلات درج کی جاتی ہیں جو دوران تیاری ضائع ہو جائے ـ

Booty, *n*. مال غنیمت ـ

Booty of war, عطیہ جنگ ـ مال غنیمت ـ
مال جو جنگ سے حاصل کیا گیا ہو ـ

Border, *n*. سرحد ـ حد ـ کنارہ ـ حاشیہ ـ

Border dispute, سرحدی تنازعہ ـ

Border land, زمین سرحد ـ سرحدی زمین ـ

Border line, حد فاصل ـ

Born, Twice, دو جنمی ـ دوج ـ

Borough, *n*. برو ـ مضافات ـ قصبہ ـ شہر ـ
یہ اصطلاح انگلستان کی ہے ـ ایسا قصبہ جس کو فرمان شاہی کے تحت انتظامی حقوق حاصل ہوں یا جس کو پارلیمان میں نمائندہ بھیجنے کا حق حاصل ہو ـ

Borough council, مجلس قصبہ ـ

Borough, English, انگلستان کا ایک قدیم قانون اراضی جس کی رو سے حق وراثت سب سے چھوٹے بیٹے کو منتقل ہوتا تھا ـ یہ قانون انگلستان کے صرف چند حصوں میں نافذ تھا ـ

Borough Fund, سرمایہ میونسپلٹی (بلدیہ) ـ
یہ اصطلاح بالعموم اراضیات بلدیہ کے سرمایہ آمدنی کے لیے استعمال ہوتی ہے ـ

Borstal system, کمسن مجرموں کی اصلاح کا ایک خاص طریقہ ـ

Borrow, *v*. قرض لینا ـ عاریتاً لینا ـ مستعار لینا ـ

Borrowed, *a*. مستعار ـ عاریتی ـ

Borrower, *n*. قرض لینے والا ـ مقروض ـ

Borrowing power, اختیار قرض ـ
کمپنی کو جن شرائط کے تحت قرضہ لینے کے اختیارات کمپنی کے میمورنڈم و آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں دیے گئے ہیں ان کی سختی کے ساتھ پابندی کرنی چاہیے ـ

Bote, (E.L.) معاوضہ ـ

Bote-less, (E.L.) بلا منافع ـ

Botleas, *n*. کلیسا کے خلاف سنگین جرائم ـ

Bottom, *n*. (۱) تلی ـ پیندا ـ تہہ ـ (۲) بنیاد ـ اساس ـ

Bottom price, کم سے کم قیمت ـ

Bottomry, *n*. جہاز کو اس شرط پر مکفول کرنا کہ اگر جہاز ڈوب گیا تو روپیہ بھی ڈوب جائے گا ـ
(See under "Bond")

Bought and sold notes, یادداشت خرید و فروخت ـ
یہ اصطلاح بالعموم دلالوں کی یادداشت خرید و فروخت مال کے لیے استعمال ہوتی ہے اور دلال یہ یادداشتیں خریدار و بائع کو کسی مال کی نسبت دیتے ہیں اور اس کی نقول اپنے پاس رکھتے ہیں ـ ایسی یادداشتیں تجارتی معاملوں میں اثبات خرید و فروخت کے لیے قابل ادخال شہادت ہیں ـ

Bound, *a*. پابند ـ

Boundary, *n*. حد ـ سرحد ـ مینڈ ـ حد بندی ـ
ضلع کی حدود کے متعلق شہادت بذریعہ سرکاری نقشہ جات ثابت کی جانی چاہیے ـ

Boundary, Artificial, مصنوعی حد بندی ـ

Boundary case, مقدمہ حد بندی ۔ مقدمہ سرحد ۔

یہ اصطلاح بالعموم ایسے کمزور مقدمہ کے لئے بھی استعمال ہوتی ہے جس میں صرف ایک ہی نکتہ ہو اور وہ بھی کمزور سا ۔

Boundary line, خط حد بندی ۔

Boundary Mark, نشان حد بندی ۔

Boundary, Natural, قدرتی حد بندی ۔

Boundary partition, تقسیم حد بندی ۔

Bounty, *n.* مالی امداد ۔ عطیہ ۔

Bourgeois, بورژوا ۔ متوسط طبقہ ۔ شہری طبقہ ۔

Box, Ballot, بیلٹ بکس ۔ صندوق پرچی ۔ رائے دہندگان ۔

انتخاب میں صندوق پرچی رائے دہندگان، امیدواران کے ناموں کے حروف تہجی کے اعتبار سے رکھے جانے چاہییں ۔ یہ سوال کہ اردو حروف تہجی کے اعتبار سے یا انگریزی حروف تہجی کے اعتبار سے، تو اس کا تعین قانون انتخابات میں کیا جانا چاہیے ۔ اگر نہ کیا جائے تو اس زبان کا اعتبار کیا جانا چاہیے جس میں پرچہ ہائے انتخاب لکھے گئے ہیں ۔

Box, Letter, لیٹر بکس ۔ خط صندوق ۔

شخص غیر مجاز کا لیٹر بکس کو توڑ کر یا بلا توڑے اس میں سے ڈاک نکالنا قانوناً جرم ہے (ملاحظہ ہو قانون ڈاک خانہ جات)

Box, Witness, *n.* کٹہرہ گواہان ۔

شخص ملزم کی شہادت یا بیان ملزم کٹہرہ سے دیا جانا چاہیے ۔

Boycott, *n.* مقاطعہ ۔ (خصوصاً تجارتی معاملہ میں) ۔

Branch, *n.* شعبہ ۔ شاخ ۔

Brand *n.* & *v.* (۱) مارکہ ۔ داغ ۔

(لوہے کا) داغ لگانے کا ٹھپہ ۔

(۲) داغنا ۔ گرم دھات سے نشان لگانا ۔

Branded, *a.* نشان زدہ ۔ داغ زدہ ۔

Breeding, *n.* افزائش نسل ۔ تولید ۔

Brawling, *v.* فساد کرنا ۔

Brawler, Common, عام مفسد یا فسادی ۔ مخل آسائش ہمسائیگان ۔

Breach, *n.* نقض ۔ خلاف ورزی ۔ انحراف ۔

Breach of bond, خلاف ورزی مچلکہ یا دستاویز ۔

مچلکہ کی خلاف ورزی کی صورت میں جو رقم اس مچلکہ میں درج کی گئی ہوگی وہ اس شخص سے وصول کر لی جائے گی ۔

Breach of conditions, خلاف ورزی شرائط ۔

Breach of close, مداخلت بے جا بہ آراضی محصورہ ۔

Breach of confidence, نقض اعتماد ۔

Breach of contract, نقض معاہدہ ۔ خلاف ورزی معاہدہ ۔

اس وجوب کی خلاف ورزی جو کسی معاہدہ کی وجہ سے عاید ہو ۔ اس فرض یا عہد کی عدم تعمیل یا عدم ایفا جس کی تکمیل کا وعدہ کیا گیا ہو ۔ اس حق کی خلاف ورزی جو معاہدہ سے پیدا ہوا ہو ۔

قانوناً ہر فریق معاہدہ پر لازم ہے کہ اپنے عہد کی تعمیل کرے یا تعمیل پر آمادگی کا اظہار کرے، بجز اس کے کہ قانون معاہدہ یا کسی اور حکم قانونی کے بموجب تعمیل سے درگزر کیا جائے ۔

قانون میں ایفاء عہد پر اس قدر زور دیا گیا ہے کہ اگر فریق معاہدہ قبل از تعمیل عہد فوت ہو جائے تو عہد کی تعمیل اس کے قائم مقام قانونی پر عاید کی گئی ہے، الا یہ کہ معاہدہ کا منشاء اس کے خلاف ہو ۔

اگر فریق معاہدہ اپنے عہد کی تعمیل سے انکار کر دے یا اس نے اپنے آپ کو تعمیل کے ناقابل کر لیا ہو تو یہ ایسا نقض معاہدہ ہے جس کی وجہ سے معدیلہ (جس کے حق میں معاہدہ ہو) کو یہ اختیار حاصل ہو جاتا ہے کہ معاہدہ کو منسوخ کر دے ۔

کسی نقض معاہدہ سے جس فریق کا نقصان ہوا ہو وہ اس فریق سے جس نے نقض معاہدہ کیا ہے اپنے نقصان یا ہرجہ کی بابت معاوضہ پانے کا مستحق ہے مگر شرط یہ ہے کہ ایسا نقصان یا ہرجہ بہ طریق معمول اس نقض معاہدہ کا نتیجہ ہو یا فریقین بوقت معاہدہ یہ جانتے ہوں کہ نقض معاہدہ سے غالباً ایسے نتیجہ کے وقوع کا امکان ہے ۔ (ملاحظہ ہو دفعات ۷۳-۷۵ قانون معاہدہ ۱۸۷۲ء) ۔

ہوتا ہے - (پی ایل ڈی ۱۹۵۸ء لاہور ص ۶۸۲) -

Breach of peace, Apprehension of, - احتمال نقض امن -

Breach of prison, نقض قید خانہ - نقض محبس -

Breach of privilege, - نقض مراعت - نقض استحقاق -

قومی اسمبلی اور صوبائی اسمبلیوں کے ارکان کو قانوناً چند استحقاقات عطا کیے جاتے ہیں ، مثلاً جب کہ اجلاس ہو رہا ہو یا اس کے شروع ہونے سے دو ہفتے قبل رکن اسمبلی کو گرفتار نہیں کیا جا سکتا اور نہ اسے عدالت میں حاضری پر مجبور کیا جا سکتا ہے ، اگر اس استحقاق کی خلاف ورزی کی جائے تو اسمبلی میں نکتہ استحقاق اٹھایا جا سکتا ہے -

Breach of promise, خلاف ورزی اقرار نامہ - وعدہ خلافی - عہد شکنی -

See "Breach of Contract"

Breach of Promise of Marriage, خلاف ورزی اقرار نکاح

اس کی نالشات میں ضروری نہیں کہ اقرار تحریری ہو- ان میں فریقین گواہی کے اہل ہوتے ہیں - لیکن مدعی کی گواہی کی تائید دوسری شہادت سے ہونی چاہیے -

Breach of trust, n. خیانت - نقض امانت - نقض اعتماد -

کوئی شخص جس کو کسی طرح سے کوئی مال یا مال کا اہتمام امانتاً سپرد ہو ، قانون کی ایسی ہدایت کی خلاف ورزی کرے جس میں امانت مذکورہ کے ادا کرنے کا طریقہ معین ہو ، یا کسی معاہدہ جائز کی خلاف ورزی کرے جو شخص مذکور نے لفظاً یا معناً امانت مذکور کے ادا کرنے کے طریق کی نسبت کیا ہو یا مال مذکور کو بددیانتی سے اپنے تصرف بے جا میں یا اپنے کام میں لائے یا اس مال کو اپنے استعمال میں لائے یا علیحدہ کرے یا کسی دوسرے شخص کو عمداً ایسا کرنے دے تو شخص مذکور خیانت مجرمانہ (Criminal breach of trust) کا مرتکب ہوگا- (ملاحظہ ہو دفعہ ۴۰۵ ، ۴۰۶ تعزیرات پاکستان) -

Breach of warranty, خلاف ورزی ظمانیت - (مثلاً مال کے اچھے ہونے کی) (*See "Warranty"*)

Bread winner, n. کنبہ پرور (شخص، پیشہ) -

Breach of Contract and Tort, Difference of, فرق مابین خلاف ورزی معاہدہ و ٹارٹ

ٹارٹ اور نقض معاہدہ کی وجہ سے ادائی ہرجہ کی ذمہ داری میں یہ فرق ہے کہ ٹارٹ ایک ایسے حق کی خلاف ورزی ہے جو کسی شخص کو ذاتی طور پر یا بحیثیت کسی فرد یا جماعت یا فرقہ کے رکن کے حاصل ہو - وہ تمام دنیا کے خلاف اس حق کو نافذ کرا سکتا ہے لیکن نقض معاہدہ (تحت قانون معاہدہ) سے کسی شخص متضرر کو ایک ایسا شخصی حق حاصل ہوتا ہے جس کو صرف کسی خاص شخص یا ادارہ کے خلاف استعمال کیا جا سکتا ہے - کسی طبقہ ، جماعت یا فرقہ کو اس سے کچھ واسطہ نہیں - دوسرا فرق نقض معاہدہ اور خلاف ورزی مبینہ ٹارٹ میں یہ ہے کہ نقض معاہدہ میں غرض یا مقصد کو کوئی اہمیت نہیں لیکن اس کے برخلاف ٹارٹ میں اس کا لحاظ کیا جاتا ہے - تیسرا فرق یہ ہے کہ نقض معاہدہ کی صورت میں صرف ہرجہ ہی معاوضہ ہوتا ہے اور گو جائداد کے تعلق سے ٹارٹ کے مقدمات میں بھی عام طور پر اسی اصول پر عمل کیا جاتا ہے مگر جہاں مضرت کسی شخص کے کردار یا احساسات کو پہنچائی گئی ہو اور واقعات سے فریب ، کینہ ، تشدد یا بے رحمی کا انکشاف ہو تو ایسی صورت میں مدعا علیہ پر بطور سزا ہرجہ تنبیہی عاید کیا جاتا ہے - نقض معاہدہ میں ایسا ہرجہ تنبیہی نہیں دلایا جا سکتا بجز اس کے کہ وہ معاہدۂ ازدواج ہو-

ایک ہی فعل نقض معاہدہ مبینہ قانون معاہدہ بھی ہو سکتا ہے اور ٹارٹ مستوجب ادائی ہرجہ بھی -

Breach of law, قانون شکنی -

Breach of peace, نقض امن -

نقض امن کی اصطلاح اپنے مفہوم میں کافی وسعت رکھتی ہے - اس کا اطلاق نقض امن عام اور نقض امن خاص اور جماعت یا فرد دونوں پر ہو سکتا ہے - ضابطہ فوجداری کی دفعہ ۱۰۷ لازمی طور پر نقض امن عام ہی سے متعلق نہیں ہے ، اس کا اطلاق ایک فرد کے نقض امن پر بھی کیا جا سکتا ہے - ایک فرد کا امن بھی امن عام کی طرح ایک ریاست کا فریضہ

Break, *v*. اکھاڑنا ـ توڑنا ـ شکست کرنا ـ

Break open, *v*. توڑ کر کھولنا (قفل وغیرہ) ـ

Break into a house, نقب لگانا ـ
زبردستی گھر میں گھسنا ـ

Breakage, *n*. ٹوٹ پھوٹ ـ

Breaking, House, نقب زنی ـ
جو شخص مداخلت بے جا بخانہ کا مرتکب ہو و نقب زنی بخانہ کا مرتکب ہوگا ـ (ملاحظہ ہو دفعہ ۴۵۵ تعزیرات پاکستان) ـ

Breve, *n*. حکم نامہ ـ

Bribe, *n*. رشوت ـ

Bribe, *v*. رشوت دینا ـ

Bribery, *n*. رشوت ستانی ـ
جو کوئی شخص سرکاری ملازم ہے یا سرکاری امیدوار ہے ، کوئی فرائض منصبی ادا کرنے یا ان سے باز رہنے کے لیے یا اپنے فرائض منصبی کے نفاذ میں کسی شخص کے خلاف ہونے یا اس سے باز رہنے کے لیے یا مرکزی حکومت یا صوبائی حکومت یا مجلس آئین ساز کے روبرو یا سرکاری ملازم کی حیثیت سے کسی سرکاری ملازم کے روبرو کسی شخص کے ساتھ بھلائی یا برائی کرنے کے لیے یا اس کا اقدام کرنے کے لیے اجر جائز کے سوا کسی شخص سے کسی طرح کا کوئی مابہ‌الاحتفاظ، وجہ تحریک یا حق المحنت کے طور پر اپنے واسطے یا کسی شخص کے واسطے قبول کرے یا حاصل کرنے کا اقدام کرے تو شخص مذکور رشوت ستانی کے جرم کا مرتکب سمجھا جائے گا ـ رشوت دینے والا ، یا اس قسم کا انتظام کرنے والا اور رشوت لینے والا یکساں مجرم ہیں ـ
اسلامی نقطہ نگاہ سے بھی رشوت ستانی نہ صرف ایک برا فعل بلکہ تعزیری جرم ہے ـ قرآن پاک میں اللہ تعالی حکم دیتا ہے ''لا تاکلوا اموالکم بینکم بالباطل'' تم اپنے اموال آپس میں باطل طریقہ پر مت کھاؤ ـ اس آیت کے عموم میں رشوت کا مال کھانا بھی داخل ہے ـ رشوت ایک حرام مال ہے ، دنیا کے علاوہ آخرت کا عذاب بھی بھگتنا ہوگا ـ

Bribery oath, حلف نفی رشوت ـ
(حلف کہ رشوت لے کر رائے نہیں دی گئی) ـ

Brief, *n*. خلاصہ مقدمہ (جو بغرض آگاہی وکیل لکھا جائے) ـ یادداشت مقدمہ ـ
کسی مقدمہ کے واقعات اور قانونی امور کا خلاصہ جو وکیل کے لیے لکھا جاتا ہے ـ

Brief, *v*. مقدمہ کا خلاصہ کرنا ـ
حالات مقدمہ سے آگاہ کرنا (موکل کا وکیل کو)

Brief account, مختصر بیان ـ

Brief, Holding, وکالت وکیل ـ
ایک وکیل کا دوسرے وکیل کی طرف سے مقدمہ کی پیروی کرنا ـ اس صورت میں اس دوسرے وکیل کو اپنا وکالت نامہ داخل کرنے کی ضرورت نہیں، صرف اس کا اظہار کافی ہے جو عدالت ریکارڈ کرے گی ـ

Briefless, *a*. جس کے پاس مرجوعہ مقدمات نہ ہوں (وکیل) ـ

Brief summary of the case, مقدمہ کا مختصر خلاصہ ـ

Brigand, *n*. غارت گر ـ راہ زن ـ

Bring, *v*. لے آنا ـ لانا ـ حاضر کرنا ـ

Bring forward, پیش آوردگی ـ پیش کرنا ـ
(پچھلے صفحہ کی رقمی میزان کو اگلے صفحہ پر درج کرنا) ـ

Bring on the record, مسل میں اندراج کرنا ـ
شامل مسل کرنا ـ

Bring out, *v*. ظاہر کرنا ـ واضح کرنا ـ شائع کرنا ـ

Bring over, *v*. ملا لینا ـ توڑ لینا ـ سازش کرنا ـ

Bring under, *v*. بس میں کرنا ـ زیر کرنا ـ

Bring up, *v*. پرورش کرنا ـ

Britain, Great, برطانیہ عظمیٰ ـ

British, *a*. برطانوی ـ

British India, برطانوی ہند ـ
تقسیم ہند سے قبل ہند و پاکستان کے وہ علاقے جو حکومت ہند کے زیر انتظام تھے ـ

British subject, رعیت برطانیہ ـ

British territory, قلمرو برطانیہ ـ برطانوی علاقہ ـ

Brocard, *n*. مسئلہ قانونی ـ

Broker, *n*. دلال ـ

Broker, Bill, ہنڈی دلال ۔

Broker, Exchange, صرافہ دلال ۔

Broker, Insurance, بیمہ دلال ۔

Broker, Policy, بیمہ دلال ۔

Brokerage, *n.* دلالی ۔

Brothel, *n.* عصمت فروشی کا اڈہ ۔

دفعہ ۲ مغربی پاکستان قانون انسداد عصمت فروشی آرڈی نینس ۱۹۶۱ء کے تحت کوئی مکان ، مکان کا حصہ ، کمرہ یا جگہ جہاں کوئی طوائف رہتی ہو یا عصمت فروشی کا کاروبار کرتی ہو یا عصمت فروشی کے کاروبار کے جاری کیے جانے کا امکان ہو یا کوئی جگہ یا ادارہ جہاں عصمت فروشی کے لیے سہولتوں کا مہیا ہونا معلوم ہو عصمت فروشی کے اڈے کی تعریف میں آ جائے گا ۔

Brother, *n.* بھائی ۔

Brother of the full blood,
Brother of the whole blood } حقیقی بھائی

Brother of the half blood, اخیافی یا علاتی بھائی ۔

وہ دو بھائی جو ایک ہی باپ کی اولاد ہوں اور ان کی مائیں مختلف ہوں ''علاتی بھائی'' کہلاتے ہیں ۔ اور وہ دو بھائی جن کی ماں ایک ہو مگر باپ مختلف ہوں ''اخیافی بھائی'' کہلاتے ہیں ۔

Brother, Step, سوتیلا بھائی ۔

Brother, Uterine, علاتی بھائی ۔

Brother, Foster, رضاعی بھائی ۔

Brother-in-law, سالا ۔ بہنوئی ۔ برادر نسبتی ۔

Brother-hood, برادری ۔ بھائی بندی ۔

Brought forward, پیش آوردہ ۔ برآوردہ ۔ آتارا ۔

مثلاً رقم یا رقموں کی میزان جو پچھلے صفحہ سے اگلے صفحہ پر اتاری جائے ۔

Brow-beating, *v.* دھمکانا ۔ گھڑکنا ۔

Brow-beating a witness, گواہ کو دھمکانا یا گھڑکنا ۔

Bruise, *n.* رگڑ ۔ خراش ۔ وہ چوٹ جو کسی کند آلہ سے پہنچائی جائے ۔

Budget, *n.* میزانیہ ۔ تخمینہ آمدنی و خرچ ۔

Budget, Deficit, خسارہ بجٹ ۔

Budget, Estimate, تخمینی بجٹ ۔

Budget, Manual, دستور العمل میزانیہ ۔

Budget, Surplus, فاضل بجٹ ۔

Budget year, سال میزانیہ ۔

Budget, To open, میزانیہ کا پارلیمان کے روبرو پیش کرنا ۔

Buffer state, فاضل ریاست ۔

Building, *n.* عمارت ۔ مکان ۔

Buildings lease, پٹہ تعمیرات ۔

Building site, قطعہ آراضی تعمیر ۔

Building Society, انجمن اسکنہ ۔

Building Co-operative Society, انجمن تعمیر اسکنہ امداد باہمی ۔

Built up area, تعمیر شدہ رقبہ ۔

کراچی ڈولپمنٹ اتھارٹی اور کراچی میونسپل کارپوریشن کے قواعد تعمیر کے تحت رقبہ وار رہائشی قطعات آراضی کا تعمیری رقبہ مقرر کر دیا گیا ہے چنانچہ ۵۹۹ گز کے پلاٹ تک تعمیری رقبہ نصف اور اس کے بعد کا یعنی ۶۰۰ یا اس سے زائد رقبہ کے قطعات آراضی کا ایک تہائی رقبہ تعمیری ہے یعنی اس قدر حصہ پر تعمیر کی جا سکتی ہے ۔ اس سے زائد تعمیر شدہ رقبہ اگر ہو تو کے ۔ ڈی ۔ اے کی طرف سے جرمانہ عاید کیا جائے گا جو ۱۰ روپے فی مربع فٹ تک ہو سکتا ہے ۔

Bulk, *n.* (۱) ڈھیر ۔ انبار ۔ (۲) کثرت ۔

Bulk purchase, کٹھی خریداری ۔

Bulk, Sale by, ٹھوک بکری (بلا وزن یا ناپ) ۔

Bull, *v.* نرخ بڑھانا ۔ نرخ بڑھانے کے لیے سٹہ کرنا ۔

Bull, *n.* تیزی کرنے والا (نرخ میں)

وہ شخص جو بازار میں حصص کی قیمتیں بڑھ جانے کی امید میں حصص خریدے ۔

Bulling the market, بازار تیز کرنا ۔

Bulletin, *n.* خبرنامہ ۔

Bullion, *n.* سونے چاندی کی اینٹیں اور سلاخیں ۔ غیر مضروب سونا چاندی ۔

rden, n. — بار۔

rden of proof, — بار ثبوت۔

عام قاعدہ کی رو سے بار ثبوت اس شخص پر ہوتا جو یہ چاہے کہ عدالت اس کے دعوے کو تسلیم کر (ملاحظہ ہو دفعہ ۱۰۱ قانون شہادت)۔

بار ثبوت کو منضبط کرنے والے چند قدر اصول ہیں۔ ان میں سب سے اہم اصول یہ ہے کہ ثبوت مدعی پر ہوتا ہے، دوسرا اہم اصول یہ ہے بار ثبوت اس فریق پر ہوتا ہے جو مثبت امر بیا کرتا ہے لیکن واضح رہے کہ بار ثبوت حقیقی مثب بیان کے لحاظ سے متعین ہوتا ہے نہ کہ ظاہراً مثب بیان سے۔ تیسرا اصول یہ ہے کہ بار ثبوت معلومات خاص وسائل رکھنے والے فریق پر عائد ہوتا ہے۔ ا عام قواعد سے قطع نظر بعض اوقات فریقین پر بار ثبوت بذریعہ قانون موضوعہ عائد کیا جاتا ہے۔ مثلاً قانو اقضباط زر مبادلہ کے تحت جس کسی شخص کے قبض سے زر مبادلہ برآمد ہو تو اس امر کا بار ثبوت خود اس پر عائد ہوتا ہے کہ وہ یہ ثابت کرکے کہ اس کے پاس زر مبادلہ پائے جانے کا قانونی جواز تھا۔ اسلامی قانون شہادت کا سب سے اہم اصول یہ ہے کہ مدعی کے ذمہ گواہی ہے اور منکر پر قسم۔ اس قاعدہ کی بنیاد آنحضرت کے اس فرمان پر ہے ''البینة علی المدعی والیمین علی المنکر''۔

Burden of taxation, — بار محصول۔ محصول کا بار۔

Bureau, n. — شعبہ۔ ادارہ۔ دفتر۔

Bureau of Information, — ادارۂ اطلاعات۔

Bureau of National Reconstruction, — ادارۂ قومی تعمیر نو۔

Bureau of Publications, — ادارۂ مطبوعات۔

Bureaucracy, n. — حکومت عہدہ داران عامل۔ دفتری حکومت۔ مرکزیت۔ نوکر شاہی۔

Burgage tenure, — حقیت آسامی کی ان مقامات میں جہاں مکانات اور اراضی مالک اعلیٰ کی تصور کی جاتی ہے۔ کرایہ پر اراضی اٹھانے کا قدیم دستور۔

Burglar, n. — نقب زن۔

Burglary, n. — نقب زنی۔

وہ شخص جو مداخلت بے جابخانہ کا مرتکب ہو نقب زنی کا مرتکب کہا جائے گا، اگر وہ شخص اس گھر یا گھر کے کسی حصہ میں ان چھ طریقوں میں سے کسی ایک طریقہ پر مداخلت کرے جن کا ذکر دفعہ ۴۴۵ تعزیرات پاکستان میں کیا گیا ہے۔
(ملاحظہ ہو دفعہ ۴۴۵ تعزیرات پاکستان)

Burglary Insurance, — نقب زنی بیمہ۔

Burial, n. — تدفین۔

Burial ground, n. — قبرستان۔

Burn, v. — جلنا۔ جلانا۔

Business, n. — کام۔ مشغلہ۔ کاروبار۔ دھندہ۔ تجارت۔ معاملہ۔

متوفی اشخاص کے بیانات جو اثنائے کاروبار میں کیے جائیں قابل ادخال شہادت ہوتے ہیں لیکن اگر وہ مفید ذات ہوں تو قابل ادخال نہیں ہوتے، البتہ ان بیانات کا زمانہ کاروبار کے ہم عصر ہونا ضروری ہے۔ کاروباری راز فاش نہ کیے جانے کا استحقاق نہیں ہوتا۔

Business, Carry on the, — کاروبار کرنا۔ کاروبار چلانا۔

In the course of business, — دوران کاروبار میں۔

Business community, — کاروباری طبقہ۔

Business, Completed, — کاروبار ختم۔ مختتم کاروبار

Business connection, — کاروباری تعلق۔

Business, Current, — چلتا کاروبار۔ چالو کاروبار

Business day, — کاروباری دن۔

Business hours, — کاروباری اوقات۔

سندھ شاپ ایکٹ کے تحت دکانوں کے کھلنے اور بند ہونے کے اوقات مقرر ہیں۔ چنانچہ وقت مقررہ سے پہلے دکان کھولنا یا وقت مقررہ کے بعد تک کھولے رکھنا خلاف ورزی قانون ہے جس پر جرمانہ عائد کیا جا سکتا ہے۔

Business is in thy hand, — امر بالید۔ تجھے اختیار ہے۔

Business Loss, — کاروباری گھاٹا یا نقصان۔

کسی بنک کا ڈاکہ کے سبب مالی نقصان اٹھانا کاروباری نقصان کہلائے گا اور وہ رقم اس کے منافع میں سے بطور تجارتی یا کاروباری نقصان کے منہا کی

جائے گی۔ (پی۔ ٹی۔ ڈی ۱۹۶۵ء سپریم کورٹ (انڈیا) ص ۳۵۸)۔

Business name, کاروباری نام۔

Business of money lending, بیوپار ساہوکارہ۔ روپیہ قرض پر چلانے کا کاروبار۔

قرض پر روپیہ چلانے کے کاروبار کے لیے لائسنس حاصل کرنا ہوتا ہے چنانچہ اگر کوئی شخص قرض پر روپیہ چلانے کا کاروبار بلا لائسنس کرتا ہو تو ایسا شخص اپنے قرض کی بازیابی کے لیے عدالت سے رجوع نہیں کر سکتا۔

Business of partnership, شراکتی کاروبار۔

Business of society, کاروبار انجمن۔

کسی انجمن امداد باہمی کے تعلق سے ''کاروبار انجمن'' کی اصطلاح وسیع معنی رکھتی ہے۔ (اے۔ آئی۔ آر۔ ۱۹۳۰ء سندھ)

ممبران کے تقرر، ان کا اخراج، مجالس عام کا انعقاد وغیرہ ایسے امور ہیں جو ایک کوآپریٹو سوسائٹی کے حدود کار میں آتے ہیں اور اس کے کاروبار سے تعلق رکھتے ہیں اس لیے یہ امور بصورت نزاع ثالثی (arbitration) کے ذریعہ طے کیے جانے چاہئیں۔ دیوانی عدالتوں کو ان کی سماعت کا اختیار نہیں ہے۔ (ملاحظہ ہو دفعہ ۵۴ کوآپریٹو سوسائٹیز ایکٹ ۱۹۲۵ء)۔

Business of speculation, سٹے کا کاروبار۔

Business, Place of, مقام کاروبار۔

Business profit, کاروباری منافع۔

Business usage, کاروباری عمل یا دستور۔ کاروباری چلن یا رواج۔ کاروباری تعامل۔

Butts and bounds, حدود اراضی (مندرجہ دستاویز)۔

Buy, *v.* خریدنا۔ مول لینا۔

Buy and sell, لین دین۔ خرید و فروخت۔

Buy on credit, ادھار خریدنا۔

Buying on bull, قیمتوں کے بڑھنے کی امید پر خریدنا۔

Buying and selling dividend, خرید و فروخت مقسومات۔

Buying back, واپس خرید یا خریداری۔

Buying outright, قطعی خرید۔

Buyer, *n.* ...ار مشتری۔

By, *prep*

By beat of drums, ...گ ڈھل۔

By Bidder, *n.* ...ی بولی والا۔

...شخص جو قیمت بڑھانے کی غرض سے نیلام کنندہ ...ی) کے فائدے کے لیے بولی دے۔

By-Bidding, ...ی بولی۔

By-election, *n.* ...انتخاب۔

...ب کوئی رکن فوت ہو جائے یا کسی اور بناء ...اعت کا رکن نہ رہے اور کسی دوسرے شخص ...ی خالی شدہ نشست کے لیے انتخاب کیا جائے تو ...ی انتخاب کہلاتا ہے۔

By hand, ...۔

By implication, ...ی طور پر۔

By-Law or Bye-law, ...۔ ضمنی یا ذیلی قانون۔

...احکام و ضوابط جو جماعت متحدہ بلدیہ یا عدود... ...ں کے ارکان نے اپنے اداروں کے اندرونی نظم و ...اور انتظام و انصرام کے لیے منظور کیے ہوں۔ ...کام و ضوابط کا اس قانون کے مطابق ہونا ضروری ...س کو مجلس قانون ساز یا مقننہ نے منظور کیا ہو ...س کے تحت وہ ادارے قائم ہوں۔

By order, ...۔ حسب الحکم۔

By post, ...ہ ڈاک۔

By proxy, ...۔

By return post, ...ی ڈاک۔

By-stander, ...ی غیر متعلق۔ شخص بلا تعلق۔ تماشائی۔

...شخص جو موقعہ واردات پر بوقت وقوع واردات ...د ہو لیکن وہ لوگ جو بعد وقوع واقعہ جائے ...ت پر آ جمع ہوں شخص بلا تعلق کی تعریف میں ...تے (اے آئی آر ۱۹۳۵ء لاہور ص ۷۴۳)۔

By street, ...ا۔

By these presents, ...ے دستاویز ہذا۔

By virtue of the powers, ...ے اختیارات۔ ...ن اختیارات کی رو سے۔

By virtue thereof, ...ی بنا پر۔

Bye, ...(شنے)۔

C

C, — انگریزی حروف تہجی کا تیسرا حرف ۔
اردو میں اس کے لیے عام طور پر ''ج'' استعمال ہوتا ہے ۔

C & F., — سی اینڈ ایف ۔
یہ اصطلاح Cost (مالیت مال) اور Freight (خرچ باربرداری) پر مشتمل ہے ۔

C.I.F., — سی ۔ آئی ۔ ایف ۔
یہ اصطلاح Cost (مالیت مال) Insurance (بیمہ) اور Freight (کرایہ باربرداری) کے مخففات پر مشتمل ہے ۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ بائع (Seller) نے شئے مبیعہ کی جو قیمت طلب کی ہے اس میں قیمت شئے (زرثمن) ، بیمہ کا خرچہ اور کرایہ باربرداری شامل ہے ۔

Cabal, *n.* — سازش ۔ساز باز ۔
شاہ انگلستان چارلس دوم کے وقت میں پانچ وزراء کلی فورڈ، النگٹن، بکنگھم، اشلے اور لینڈرا سازشی تھے ۔ ان کے ناموں کے پہلے حروف سے یہ لفظ بنا ہے ۔

Cabinet, *n.* — کابینہ ۔ مجلس وزراء مملکت بشمول وزیراعظم ۔

Cabinet Council, — مجلس کابینہ ۔

Cabinet Minister, — وزیر کابینہ ۔

Cabinet, Shadow, — خیالی کابینہ ۔
پارلیمان میں مخالف جماعت کی کابینہ جس میں آپس میں عہدوں کی تقسیم اس خیال اور امید پر کر لی جائے کہ اب ان کی جماعت برسر اقتدار آئے گی ۔

Caduca, *n.* — سوخت ہبہ بالوصیت ۔

Caduciary, *a.* — متعلق سوخت ۔

Caduciary clause, — فقرۂ سوخت ۔
دستاویز میں وہ شرط جس کے بموجب موہوبہ جائداد موہوب لہہ (Donee) کے حق میں باقی نہ رہے ۔

Caeterorum grant, — عطیہ پروبیٹ ۔
اہتمام ترکہ کی ایک قسم جس کے تحت بقیہ ترکہ کی دستاویز اہتمام عطا کی جاتی ہے ۔

Calamity, *n.* — مصیبت ۔ آفت ۔

Calamities of nature, — آفات ارضی و سماوی ۔ قدرتی حادثات ۔

Casheir, (Eng. Law) — رپورٹ کارروائی واضعان قانون ۔

Calculate, *v.* — حساب لگانا ۔ تخمینہ کرنا ۔ شمار کرنا ۔

Calculation, *n.* — حساب ۔ شمار ۔

Calculation, Rough, — کچا شمار ۔ سرسری حساب ۔

Calculation Sheet, — فرد شمار ۔

Calendar, *n.* — تقویم ۔ جنتری سال ۔
جب کسی دستاویز پر مقامی تقویم کی تاریخ درج ہو اور ادائی خاص مدت کے بعد مقرر ہو تو اغراض قانون میعاد سماعت کے لیے وہ مدت خواہ مہینوں کی ہو یا سالوں کی بلحاظ تقویم عیسوی منہا کی جائے گی ۔ (م بمبئی ص ۱۰۳) ۔

Calender, *n.* — استری کرنا ۔

Calendar month, — ماہ تقویم ۔ تقویمی مہینہ ۔

Calendar, New Style, Act, — قانون جنتری طرز جدید ۔

Calender year, — سال تقویم ۔
تقویمی ماہ و سال کا شمار ایام شماری کے ذریعہ نہیں بلکہ تقویم دیکھ کر کرنا چاہیے اور اس کا طریقہ یہ ہے کہ تاریخ شمار سے دوسرے مہینہ کی اسی تاریخ سے ایک یوم کم (۶ کلکتہ ص ۷۴۴)۔ لفظ ماہ کے عام معنی انگریزی زبان میں شمسی ماہ کے ہیں نہ کہ عیسائی تقویم کے مصنوعی ماہ کے (۳۶ کلکتہ ص ۶۱۵) ۔

Calendering, — کپڑے پر استری کرنا ۔
کپڑے پر استری کرنا، کپڑا بنانے (پارچہ سازی) کی تعریف میں نہیں آتا لہذا اس پر مرکزی محصول آبکاری کے قانون و قواعد مجریہ ۱۹۴۴ء کی دفعہ ۶ یا قاعدہ ۱۰ (۱) (سی) کا اطلاق نہیں کیا جا سکتا ۔ (پی ایل ڈی ۱۹۵۵ء لاہور ص ۶۰۹) ۔

Call, n. طلبی ۔ بلاوا ۔ ملاقات ۔

Call, v. طلب کرنا ۔

Call in, استرداد (مثلاً سکہ کا جو خراب ہوگیا ہو) ۔

Call to Bar, اجازت وکالت ۔

Calling, n. پیشہ ۔ کسب ۔

Calling a case, طلبیٔ مقدمہ ۔

Calling a party, طلبیٔ فریق ۔

Calling for an explanation, جواب طلبی ۔ کیفیت طلبی ۔

Calling the jury, طلبیٔ جیوری ۔

Calling the tender, طلبیٔ ٹنڈر ۔ طلبی پیشکش ۔

Calling upon constituencies, حلقہٴ ہائے انتخاب سے خطاب کرنا ۔

Calling upon a prisoner, قیدی سے جواب طلبی ۔

Calls, n. اقساط طلبی (حصص) ۔

قانون کمپنیات کے تحت ہر حصہ دار اپنے حصص کی بقدر کمپنی کی مالی ذمہ داریوں کا جواب دہ ہوتا ہے چنانچہ اگر کمپنی ختم کی جا رہی ہو تو کمپنی اپنے حصہ داروں سے الاٹ شدہ حصص کی بقیہ قسطیں طلب کر سکتی ہے ۔

Calumniate, v. جھوٹا الزام لگانا ۔ بہتان لگانا ۔

Calumny, n. جھوٹا الزام ۔ بہتان ۔ اتہام ۔

Calumny, Oath of, حلف (نسبت صحت بیانات) ۔

Camera, n. جج کا نجی کمرہ ۔ عدالت کا اجلاس جہاں عوام نہ ہوں ۔

کسی مقدمہ کی بند کمرہ میں سماعت اس وقت کہی جائے گی جب وہ بالکل علیحدہ کی جائے اور عوام کو آنے کی اجازت نہ ہو ۔ بالعموم ایسے مقدمات کی سماعت جن کے فریق شوہر و زوجہ ہوں یا کوئی پردہ نشین خاتون فریق ہو یا مقدمہ ایسے واقعات پر مبنی ہو جو فحش ہوں یا ایسا ہو جس کا کھلی عدالت میں پیش ہونا مصلحت عامہ کے خلاف ہو جج اپنے کمرہ خاص میں کرتا ہے، جہاں پبلک کا داخلہ ممنوع ہوتا ہے ۔ اس کو ''بند کمرہ عدالت'' کہا جاتا ہے ۔

بموجب قانون انگلستان کوئی مقدمہ فوجداری بند کمرہ میں سماعت نہیں کیا جا سکتا خواہ وہ سرسری تحقیقات ہی کا کیوں نہ ہو، لیکن اگر حکام عدالت مناسب سمجھیں تو جرم کی ابتدائی تحقیقات بند کمرہ میں کر سکتے ہیں نیز مقدمات تحت قانون رازہائے سرکاری کی ابتدائی تحقیقات بند کمرے میں کر سکتے ہیں ۔ دوسرے فوجداری مقدمات میں بھی خاص مقدمات کے مخصوص حصوں کی سماعت عوام کے لیے ممنوع کی جا سکتی ہے مگر فیصلہ کا اعلان برسر عام ہوگا ۔

شوہر کے نامرد ہونے کی بناء پر تنسیخ ازدواج یا مباشرت سے عمداً انکار کے مقدمات میں جنسی صلاحیت کے متعلق شہادت بند کمرے میں ہوگی الا یہ کہ جج کو اس بات کا اطمینان ہو کہ اغراض انصاف کے لیے ایسی شہادت کا کھلی عدالت میں ہونا ضروری ہے ۔

Camera, In, بہ غیر موجودگی عوام ۔ جج کی خلوت گاہ میں (سماعت مقدمہ) ۔ دیکھیے ''Camera''

Camouflage, v. مسخ کرنا ۔ تبدیل ہیئت کرنا ۔ مغالطہ میں ڈالنا ۔

Camp, n. کیمپ ۔ ڈیرہ ۔ خیمہ ۔ چھاؤنی ۔

Camp allowance, بھتہ بزمانہٴ کیمپ ۔

Camp Clerk, محرر کیمپ ۔

Camp Register, رجسٹر کیمپ ۔

Campbell's Act, قانون جس کی رو سے ورثاء متوفی کو حق نالش بمقابلہ اس شخص کے دیا گیا ہے جو متوفی کی ہلاکت کا باعث ہوا ہے ۔

Canal, n. نہر ۔

Canal (s) Act, قانون انہار ۔

Canal dues, آبیانہ ۔ محصول نہری ۔

Canal rates, شرح آبیانہ ۔

Canal Regulation, نہری ضابطہ ۔

Canal Revenue, حاصل نہری ۔

Canal royalty rate, شرح ملکیانہ نہر ۔ شرح حق مالکانہ نہر ۔

Cancel, v. منسوخ کرنا ۔ فسخ کرنا ۔ رد کرنا ۔

Cancellation, n. انفساخ ۔ تنسیخ ۔ منسوخی ۔

Cancellation of decree, تنسیخ ڈگری ۔

Cancellution of Instrument, تنسیخ دستاویز ۔

قلم زد کرنا تنسیخ دستاویز کی بادی النظری
شہادت ہے۔

کوئی شخص جس کے مقابل کوئی تحریری دستاویز ہو اور اس کو اس بات کا معقول اندیشہ ہو کہ اگر دستاویز کو اسی حالت میں رہنے دیا جائے تو اس کو سنگین نقصان پہنچے گا تو وہ شخص اس دستاویز کی تنسیخ کے لیے تحت قانون دادرسی مختص تنسیخ دستاویز کا دعویٰ کر سکتا ہے۔ عدالت اپنی صواب دید سے اس دستاویز کو منسوخ کر سکتی ہے۔ اگر دستاویز رجسٹری شدہ ہو تو عدالت اپنی ڈگری کی نقل اس عہدہ دار کے پاس روانہ کرے گی جس نے رجسٹری کی ہو اور وہ عہدہ دار دستاویز کی نقل اور دیگر متعلقہ رجسٹرات میں تنسیخ دستاویزات کی بابت اندراج کر دے گا۔

ایسے مقدمات میں عدالت صرف یہ داد رسی عطا کر سکتی ہے کہ دستاویز کالعدم یا لائق کالعدم ہے یا یہ قرار دے دے گی کہ وہ منسوخ کر دی گئی۔

تحریری دستاویزات کی اصطلاح جو دفعہ ۳۹ قانون داد رسی مختص میں استعمال کی گئی ہے اس کا مفہوم بہت زیادہ وسیع ہے۔ مثلاً کوئی دستاویز معاہدہ، ہبہ نامہ یا وصیت نامہ، فیصلہ ثالثی، مصالحتی ڈگری وغیرہ وغیرہ۔

یہ ضروری نہیں ہے کہ تنسیخ دستاویز کا مقدمہ ان ہی فریقوں میں سے کوئی شخص داخل کرے جو دستاویز کے فریق ہیں۔ قانون نے شخص کا لفظ استعمال کرکے مدعیان کے حلقہ کو وسیع کر دیا ہے۔ چنانچہ ایسا شخص جو جائداد پر قابض ہو اور اس کی حقیت اس دستاویز سے متاثر ہوتی ہو جو دیگر دو اشخاص نے تکمیل کی ہو اس دستاویز کی تنسیخ کے دعوے کا حق دار ہوگا۔

Cancelled, a. منسوخ۔ تنسیخ شدہ۔

Cancelment, n. تنسیخ۔

Candid, a. بین۔ صادق۔ قوی۔

Candidate, n. امیدوار۔

Candidature, n. امیدواری۔

Cannon, n. اصول۔ توپ۔

Canon Law, قانون کلیسا۔

Cannon of Inheritance, اصول وراثت۔

Cannon of Interpretation, اصول تعبیر۔

Canon Law, قانون مذہبی۔ کلیسائی قانون۔

Canonical punishment, تعزیر مذہبی مثلاً مذہبی حقوق سے محروم کرنا۔

Canteen, n. کینٹین۔ طعام خانہ۔

Cantonment n. چھاؤنی۔ فوج کے قیام کی جگہ۔

Cantonment Act, قانون چھاؤنی۔

Cantonment authorities, حکام چھاؤنی۔

Cantonment Board, چھاؤنی بورڈ۔

Cantonment Code, ضابطۂ چھاؤنی۔

Cantonment Officer, افسر چھاؤنی۔

Cantonment Taxes, محصولات چھاؤنی۔

Canvass, v. ووٹ حاصل کرنے کی کوشش کرنا۔ بحث کرنا رائے طلبی کے لیے۔ رائے طلب کرنا۔

Canvasser, n. طالب رائے۔ خریدار رائے۔

طالب رائے سے وہ شخص مراد ہے جو کسی انتخاب میں کسی رائے دہندہ سے کسی کے متعلق رائے دینے یا نہ دینے یا دینے سے غیر حاضر یا بلا تعلق رہنے کے متعلق بحث و مباحثہ کرے اور اس کی توجہ اپنی طرف منعطف کرائے۔

Canvassing, n. رائے طلبی۔

Capable, a. اہل۔ باصلاحیت۔

Capable of remedy, قابل تلافی۔ قابل دادرسی۔

Capability, n. صلاحیت۔ اہلیت۔

Capacitate, v. حق دار بنانا۔

Capacity, n. اہلیت۔ قابلیت۔ صلاحیت۔ استعداد۔ عہدہ۔

معاہدہ کے جواز کے لیے دیگر لوازم کے ساتھ فریقین معاہدہ میں قانونی اہلیت کا ہونا ضروری ہے یعنی یہ کہ معاہدہ کرنے کے اہل ہوں مثلاً بالغ ہوں، صحیح الدماغ ہوں وغیرہ وغیرہ۔

Capacity for marriage, قابلیت نکاح۔ اہلیت نکاح۔

ہر عاقل و بالغ مسلمان مرد اور عورت بلا وساطت ولی نکاح کے اہل ہیں۔ (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو مجموعہ قوانین اسلام، تنزیل الرحمن، جلد اول، دفعہ ۸ ص ۵۲)۔

Capacity, Legal اہلیت قانونی ۔

Capacity for exercise of rights and discharge of obligations اہلیت ادا ۔

Capacity for inherence of rights & obligations, اہلیت وجوب ۔

Capacity of, In the بحیثیت ۔

Capacity, Official برنبائے عہدہ ۔ بحیثیت عہدہ ۔

Capacity tax, محصول وسعت یا گنجائش ۔

صنعتی اداروں کی پیداوار پر ٹیکس لگانے کا ایک طریقہ تو یہ ہے کہ جتنی پیداوار ہو اس پر ٹیکس لگایا جائے اور دوسرا طریقہ یہ ہے کہ جس قدر پیداوار کی وسعت باعتبار مشینری وغیرہ ہو اس بنیاد پر ٹیکس لگایا جائے ۔ دوسری صورت کو محصول گنجائش (capacity tax) کہا جاتا ہے ۔

Capias, *n.* (E. Law) پروانہ گرفتاری ۔

یہ اصطلاح بالعموم اُس حکم نامہ کے لیے مستعمل تھی جو شیرف کے نام جاری کیا جاتا تھا کہ وہ شخص جس کا نام اُس حکم نامہ میں درج ہے ، گرفتار کیا جائے ۔

سابق میں اس حکم نامہ کا اطلاق مدیون مفرور کی گرفتاری کے لیے ہوتا تھا جس کی رو سے مدعا علیہ جس پر ڈگری صادر ہوئی ہو گرفتار کیا جاتا تھا اور تا ادائے زر ڈگری قید میں رکھا جاتا تھا ۔

Capita, *n.* سر ۔

Capita, Per فی کس ۔ نفری ۔

Capital, *a.* سنگین ۔

Capital, *n.* سرمایہ ۔ اصل سرمایہ ۔ راس المال ۔ دارالحکومت ۔

دولت کا وہ حصہ جو کسی فرد یا جماعت نے مزید حصول منافع کے لیے لگایا ہو ۔

معاشیاتی مفہوم میں سرمایہ سے مراد دولت کا وہ حصہ ہے جس کو آئندہ آمدنی کے لیے علیحدہ کر لیا گیا ہو ۔ اس لیے یہ بات غیر اہم ہو جاتی ہے کہ کسی خاص شخص کی دولت کن شکلوں میں بٹی ہوئی ہے ۔ دولت کا کوئی حصہ اس وقت تک سرمایہ نہ ہوگا جب تک کہ مالک کا یہ ارادہ نہ ہو کہ مزید آمدنی کی خاطر اس کو علیحدہ کیا جائے ۔ معاشی اصطلاح میں غیر استعمالی یا غیر مشغول دولت سرمایہ نہیں ہے ۔ سرمایہ کو ممیز کرنے کے لیے اس کی تین اقسام کی گئی ہیں :

۱۔ سرمایہ قائم یا سرمایہ مشغول ۔

۲۔ سرمایہ مثبت ۔

۳۔ سرمایہ منفی ۔

(۱) سرمایہ قائم وہ ہے جو زمینات ، عمارات ، مشینری وغیرہ میں لگایا گیا ہو ۔ لیکن حقیقتاً کوئی چیز قائم نہیں رہ سکتی کیوں کہ فرسودگی اور ٹوٹ پھوٹ بھی ناگزیر و لابدی ہے جس کے لیے تبدیلی اور ترمیم وغیرہ بھی ضروری ہے اس لیے اُس حصہ دولت کو جو مزید افزائش دولت کے لیے وقت واحد میں ختم نہ ہو جائے ، مشغولی سرمایہ کہا جاتا ہے ۔ اس کی مسلسل تجدید ضروری ہے ۔

(۲) سرمایہ مثبت وہ سرمایہ ہے جو تجارتی ذخیروں میں لگا ہوا ہو ۔

(۳) سرمایہ منفی وہ سرمایہ ہے جو قرضوں پر مشتمل ہو جیسے کہ کسی قرض کی ادائی کے مطالبہ کا حق ۔

تجارتی مفہوم میں سرمایہ میں ایک کاروباری ادارہ کی تمام جائداد اور اثاثہ داخل ہے ۔ شراکت میں وہ رقم اثاثہ ہوگی جو شرکاء نے مشترکہ طور پر کسی کاروبار میں لگائی ہو ۔ جوائنٹ سٹاک کمپنی اور متحدہ مشترکہ کمپنی کی وہ رقم جو حصہ داروں نے کمپنی کے قیام یا کاروبار کی توسیع کے سلسلے میں جمع کرائی ہو سرمایہ ہے ۔ متحدہ مشترکہ کمپنی کی صورت میں سرمایہ کی رقم مجوزہ یادداشت (Memorandum) میں ظاہر کر دی جاتی ہے ، جو کمپنی کا منظور شدہ سرمایہ کہلاتی ہے ۔ جب مجوزہ سرمایہ کاملاً جمع نہیں کیا جاتا تو وہ سرمایہ جو بوجب حصص جمع ہوتا ہے سرمایہ اجراء شدہ یا [illegible] لائے گا اور مابقی غیر اجراء شدہ ۔ اجراء شدہ سرمایہ کا وہ حصہ جو فی الواقعی حصہ داروں نے ادا کر دیا ہے سرمایہ ادا شدہ ہوگا اور وہ حصہ جس حصہ داروں نے ادائی نہیں کی واجب الادا یا غیر

مطلوبہ سرمایہ کہلائے گا۔

apital asset, اصل املاک۔

ipital, Authorized منظور شدہ سرمایہ۔

ipital, Called سرمایہ طلب کردہ۔

قانون کمپنیات کے تحت ایک سرمایہ تو او
منظور شدہ ہوتا ہے اور دوسرا وہ جو اس منظور ش
سرمایہ میں سے ایک حصہ عوام کے سامنے برا
خریداری حصص پیش کیا جاتا ہے اس کو apital
called کہتے ہیں اور جس قدر رقم کے حصہ
لوگوں کو جاری کر دیے جاتے ہیں یا جاری کر
منظور کیے جاتے ہیں اس کو apital issued
یا subscribed کہتے ہیں۔

Capital, Circulating دائر سرمایہ۔
وہ سرمایہ جو مال کی خرید یا عام کاروباری اخراجا
میں صرف ہو۔

Capital cost, اصل لاگت۔

Capital duty, وہ محصول جو کمپنی کی تشکیل کے
وقت سرمایہ کمپنی کے مطابق وصول کیا جاتا ہے

Capital Account, حساب سرمایہ۔ سرمایہ کھاتہ

Capital expenditure, مصارف سرمایہ۔
قائم مصارف۔

Capital, Fixed قائم سرمایہ۔
وہ سرمایہ جو غیر منقولہ اشیاء مثلاً عمارت، آراضی
یا فیکٹری کی مشینری وغیرہ میں لگایا جائے۔

Capital gains, حاصلات سرمایہ۔ یافت سرمایہ۔

Capital investment, اصل سرمایہ۔

Capital issue, اجرائی سرمایہ۔

Capital issued, جاری کردہ سرمایہ۔

Capital levy, محصول سرمایہ۔

Capital paid, ادا شدہ سرمایہ۔

Capital punishment, سزائے سنگین۔ سنگین سزا۔
سنگین جرائم جیسے قتل، لوٹ مار، ڈاکہ زنی،
زنا بالجبر وغیرہ کو سنگین جرائم میں شمار کیا گیا ہے
اور ان پر سنگین سزائیں مرتب ہوتی ہیں۔

Capital reserve, سرمایہ محفوظ۔
یہ سرمایہ حصہ داران میں تقسیم نہیں کیا جاتا۔

Capital sentence, حکم سزائے موت۔ سزائے موت۔

Capital stock, سرمایہ۔ پونجی۔

Capital, Subscribed سرمایہ وصول شدہ۔

Capital, Uncalled سرمایہ غیر مطلوبہ۔

Capital, Unpaid سرمایہ غیر مودئی۔

Capitalize, *v.* اثاثنا۔ بطور اصل کے استعمال کرنا۔

Capitalization, *n.* سرمایہ بندی۔

Capitation, *n.* آدم واری۔ فی کس۔

Capitation tax, فی کس محصول۔
(جو تعلیم یا فنی تربیت کے لیے جمع کیا جائے)۔

Capite, Tenure in بالراست بادشاہ کی طرف سے
آراضی پر قبضہ۔

Capitulary, *n.* مجموعہ قوانین۔

Capitulate, *v.* مشروط اطاعت کرنا۔

Capitulation, *n.* مشروط اطاعت۔

Caption, *n.* عنوان۔

Captive, *n.* قیدی۔

Capture, *n.* گرفتاری۔ قبضہ۔ حراست۔
یہ اصطلاح بالعموم زمانہ جنگ میں جہاز یا
مال بردار جہاز پر قبضہ کرنے کے لیے استعمال
ہوتی ہے۔

Carcass, *n.* نعش۔ لاش۔

Card, Business کاروباری کارڈ۔ وہ کارڈ جس پر
تاجر کا نام و پتہ اور مختصر نوعیت کاروبار
درج ہو۔

Cardinal Issue, اصل امر تنقیح طلب۔

Cardinal principle, اصل الاصول۔

Care, *n.* احتیاط۔ حفاظت۔ نگہداشت۔ حراست۔

Careful, *a.* محتاط۔

Carefully, *ad.* بہ احتیاط۔

Carelessness, عدم احتیاط۔ بے پروائی۔ لاپروائی۔

Care, Ordinary, معمولی احتیاط۔

Care-taker, نگہدار یا محافظ درمیانی۔

Cargo-ship, *n.* مال بردار جہاز۔

Caricature, *n.* مضحک تصویر۔

Carnal, *n.* مباشرت۔ جنسی تعلق۔

Carnal intercourse, مباشرت خلاف وضع فطری ۔

یہ اصطلاح اس خلاف وضع فطری مباشرت کے لیے استعمال کی جاتی ہے جو مرد یا عورت یا جانور کے ساتھ کی جائے ۔

زیر دفعہ ۳۷۷ تعزیرات پاکستان مجرم قرار دیے جانے کے لیے ضروری نہیں کہ ہر مقدمہ میں مقعد میں دخول ضروری ہو ملزم کے عضو تناسل کو دو چوتڑوں کے درمیان مصنوعی خلاء میں داخل کرنا دخول کے لیے کافی ہوگا اور وہ شخص فعل خلاف وضع فطری کا مرتکب سمجھا جائے گا (پی ایل ڈی ۱۹۶۱ء لاہور ص ۷۷۳)

دخول کا اقدام یا ایسی نیت ثابت کیے بغیر محض تیاری اقدام جرم نہیں ہے اس لیے دخول خواہ کتنا ہی کم کیوں نہ ہو ٹھیک اور صحیح طور پر ارتکاب جرم کے اظہار سرگرمی کے ساتھ ثابت کرنا چاہیے ۔

مفعول کی رضامندی جرم کی اہمیت کو کم کرنے پر مطلق اثر انداز نہیں ہوتی بلکہ رضامندی کی صورت میں خود مفعول بھی اعانت کا مجرم ہو سکتا ہے ۔

Carnal knowledge, زنا (بالجبر) ۔

ملاحظہ ہو Rape ۔

Carneage, (O. E. L.) محصول کلیسا ۔

مذہبی محصول ۔

Carriage, *n*. نقل و حمل ۔ بار برداری ۔ سواری ۔

خرچہ بار برداری ۔

قانوناً لفظ گاڑی میں ہر قسم کی چار پہیے والی گاڑی مثلاً بار برداری چھکڑے بیل ، اونٹ اور گدھا گاڑیاں اور ٹرک نیز وہ تمام سواریاں شامل ہیں جو بذریعہ سڑک مسافروں کی آمد و رفت اور مال کی منتقلی کے لیے کام آتی ہیں ۔

(دیکھیے دفعہ ۳ قانون ۱۱ بابتہ ۱۸۸۶ء)۔

Carriage free, بلا محصول ۔ محصول ادا شدہ ۔

Carriage of goods, بار برداری مال ۔

Carrier, *n*. برندۂ مال ۔ مال بردار ۔ حمال ۔

برندۂ مال وہ شخص ہوتا ہے جس کا کاروبار ایک مقام سے دوسرے مقام پر بعوض کرایہ مال پہنچانا ہو ۔ ایسے اشخاص ایک شہر یا ایک ملک سے دوسرے ملک ، گاڑیوں اور جہازوں وغیرہ کے ذریعہ سامان پہنچاتے ہیں ۔ ریلوے کمپنی صرف اسی حد تک ایک عام برندۂ مال سمجھی جاتی ہے ، جہاں تک کہ وہ عام کاروبار کے لحاظ سے مال لے جاتی ہے ۔ لیکن ایسے اشخاص جو صرف مسافروں کو لے جاتے ہیں برندۂ مال نہیں ہیں اور ایسا شخص بھی جو کسی خاص معاہدہ کے تحت مال پہنچانے کا ذمہ لے برندۂ مال نہیں ہے ۔

مال بردار کمپنی یا شخص کے لیے لازم ہے کہ وہ لے جانے والے مال کو نامناسب تاخیر کے بغیر مرسل الیہ (Consignee) کے حوالہ کر دے ۔ وہ راستہ میں مال کے خراب ہونے یا ضائع ہو جانے کی صورت میں ہرجہ کا ذمہ دار ہوگا ۔ الا یہ کہ وہ نقصان آفت سماوی یا دشمن کی چیرہ دستی سے واقع ہوا ہو ۔

برندۂ مال کے خلاف مال کے کھوئے جانے یا اس کو مضرت پہنچنے یا تاخیر سے پہنچانے کے خلاف تلافی نقصان کا دعویٰ کھوئے جانے ، مضرت یا تاخیر کے علم سے اندرون میعاد ایک سال ، دائر کر دینا چاہیے ۔ (ملاحظہ ہو قانون میعاد سماعت دفعات ۳۰ ، ۳۱)

Carrier (s) Act, قانون بار برداران ۔

Carrier, Common عام برندۂ مال ۔

ایک عام برندۂ مال قانوناً اس بات کا پابند ہے کہ جس قسم کا مال وہ عموماً لے جاتا ہے ویسا ہی مال اگر کوئی شخص واجبی رقم دے کر روانہ کرنا چاہے تو وہ اسے لے جانے سے انکار نہ کرے ۔ لیکن اگر برندۂ مال کی گاڑی کسی اور نے پہلے ہی سے محفوظ کرا لی ہو تو وہ دوسروں کا مال لینے پر مجبور نہیں ہے ۔ اسی طرح اگر کوئی خطرناک قسم کا مال ہو تو برندۂ مال اس کو لے جانے سے انکار کر سکتا ہے ۔

ایک عام برندۂ مال کسی خاص معاہدہ کی غیر موجودگی میں اس امر کا پابند ہے کہ وہ مناسب راستہ اختیار کرے اور نامناسب تاخیر کے بغیر مال کو مرسل الیہ کے حوالہ کر دے ۔

Carrier, Liability of Common برندۂ مال کی مواخذہ داری ۔

قانون کی نظر میں برندۂ مال پر بڑی اہم ذمہ داری عاید ہوتی ہے - نظریہ' قانون یہ ہے کہ اس نے مال کو حفاظت اور سلامتی سے پہنچانے کی ذمہ داری لی ہے اور واقعہ یہ ہے کہ اس کی حیثیت بعینہ بیمہ کرنے والے کی طرح ہوتی ہے - وہ اس وقت تک مواخذہ دار رہتا ہے جب تک کہ مال اس کی تحویل میں ہے - یعنی نہ صرف دوران حمل و نقل بلکہ اس کے بعد بھی ایک مناسب وقت تک جب کہ وہ مرسل الیہ کے حوالے نہ کر دیا جائے - مدت معقول گزرنے پر جس کا تعین گرد و پیش کے حالات پر منحصر ہے ، برندۂ مال صرف غفلت کی وجہ سے مستوجب مواخذہ ہوگا ، بجز اس کے کہ فریقین میں کوئی اور قرارداد ہوئی ہو - یہ زبردست ذمہ داری خواہ کسی وجہ سے عاید ہو ، بالعموم تین امور کے تابع ہوتی ہے - اولاً آفت سماوی جس کے متعلق یہ سمجھ لیا جاتا ہے کہ قدرتی اسباب کی بناء پر جو واقعہ یا حادثہ پیش آیا اس کی نسبت پہلے سے پیش بندی یا حفظ کا امکان نہ تھا - دوسرے برسر جنگ دشمن کی کارروائی اور تیسرا خود مال میں ذاتی نقص کا ہونا - ذاتی نقص کی اصطلاح کا مفہوم بہت وسیع ہے اس میں قدرتی بگاڑ اور غلط بندھائی (Packing) دونوں شامل ہیں - اگر لے جانے میں کسی خاص احتیاط کی ضرورت ہو تو ارسال کنندہ مال کو چاہیے کہ برندۂ مال کو مطلع کر دے تاکہ ذمہ داری عاید کرنے میں اس کا لحاظ ہو سکے - مذکورہ قانونی ذمہ داریوں کو کم یا زیادہ کرنا ہو تو فریقین خصوصی معاہدات کے ذریعہ ایسا کر سکتے ہیں -

Carrier, Private نجی برندۂ مال -

Carried forward, پیش بردہ -

حساب و کتاب کی اصطلاح میں رقم کی میزان کو اگلے صفحہ یا تاریخ پر درج کرنا -

Carry, v. لے جانا - پہنچانا - جاری رکھنا - نباہنا -

Carry arms, تسلیح - مسلح نکلنا - ہتھیار لے کر نکلنا -

Carry a point, کسی نکتہ پر کامیاب ہونا - غالب آنا -

Carry on (business),- جاری رکھنا یا چلانا (کاروبار) -

کاروبار جاری رکھنے یا چلانے کے معنی ہیں مقام کاروبار پر فرم کے نام سے قبضہ ہو اور وہاں فرم کی جانب سے کوئی شریک یا فرم کا تنخواہ یاب شخص یا اشخاص کاروبار چلائیں - اس بات سے کوئی فرق نہیں پڑتا کہ آیا شرکاء اس مقام کاروبار کی حدود میں رہتے ہیں یا نہیں اور اس حدود کے باہر کوئی اور مقام کاروبار ہے یا نہیں - (۱۸۹۴ع کوئنز بنچ ڈویژن ص ۱۸۴) -

Carry out, v. تعمیل کرنا - پورا کرنا -

Cartel, n. اجارہ داری -

(۱) چند مشترک مفاد رکھنے والے افراد کا بازار کا بھاؤ بڑھانے پر مجتمع ہونا تاکہ اپنی مصنوعات من مانے دام پر فروخت کر سکیں -

(۲) حکومتوں کے درمیان قیدیوں کے تبادلہ کا معاہدہ -

حکومت پاکستان کے نافذ کردہ اجارہ داری کنٹرول آرڈی ننس کے ذریعہ تجارتی اجارہ داریوں کو کنٹرول کرنے کی کوشش کی گئی ہے جو معاشی اصلاح کی طرف ایک اہم قدم ہے -

Carve out, v. تراشنا - بنانا - پیدا کرنا - نکالنا (چھوٹی حقیقت بڑی حقیقت سے) -

Case, n. مقدمہ - نالش - معاملہ - صورت حال -

لفظ Case بمقابلہ لفظ Suit زیادہ وسیع معنی میں استعمال ہوتا ہے - اس لفظ کے وسیع ترین اور بہت عام مفہوم میں وہ تمام تجاویز داخل ہو جاتی ہیں جو بلحاظ احکام مرافعہ و نگرانی ، اپیل یا نظرثانی کا موضوع ہوں - بہرحال اس میں وہ تمام تجاویز جن میں نامنظوری عرضی دعویٰ بھی شامل ہے داخل ہیں - (جسٹس محمود - الہ آباد ص ۶۶۱) -

لفظ کیس (Case) بہت وسیع ہے اس میں غیر قطعی یا عارضی حکم بھی داخل ہے - (چیف سارجنٹ ۱۸ بمبئی ص ۳۷) الا یہ کہ از روئے قانون لفظ case کو محدود معنی میں استعمال کیا گیا ہو -

اس لفظ کو وسیع مفہوم میں سمجھنا چاہیے - کوئی معاملہ جو فریقین کے حقوق کو متاثر کرے خواہ

ایک مقدمہ میں یا کسی اور کارروائی میں جو کسی قانون کے تحت ہو اس لفظ میں داخل ہے (جسٹس سین ۱۹۰۵ء ناگپور ص ۲۴۴)۔

یہ ضروری نہیں کہ لفظ کیس (Case) کے معنی ہر وقت پورے مقدمے سے مراد لیے جائیں اس کے معنی صرف غیر قطعی یا عارضی حکم تک ہی محدود ہو سکتے ہیں۔ (جسٹس چٹرجی ۱۸۹۷ء پنجاب ریکارڈ ص ۶۰)۔

مجموعہ ضابطہ دیوانی کے لحاظ سے لفظ کیس (Case) کے معنی میں پورا مقدمہ شامل ہے اور یہ لفظ suit یا Cause کے مترادف ہے۔ اس میں ایک فریق کا مقدمہ جو دوسرے فریق کے مقدمے سے جدا گانہ اور ممیز ہو شامل ہے۔ اس دلیل کی تائید میں مجموعہ ضابطہ دیوانی کا قاعدہ نمبر ۲ اور حکم نمبر ۱۸ کا حوالہ دیا جا سکتا ہے۔ جس میں ہر فریق کو یہ حق دیا گیا ہے کہ وہ اپنا کیس (مقدمہ) پیش کرے۔ (اے۔ آئی آر۔ ۱۹۵۳ء لیسپو ص ۱۲۰)۔

لفظ Case کا قانون میں سب سے پہلی بار استعمال بارھویں صدی میں ہوا ہے اور اس اصطلاح سے وہ تمام مقدمات (Actions) مراد لیے جاتے تھے جو کسی مروجہ رٹ (writ) کے تحت نہ آتے ہوں۔ چنانچہ Case کی یہ تعریف کی جا سکتی ہے کہ کسی مقدمہ (action) میں وہ تنازعہ جو عدالتی طور پر فیصل طلب ہو۔ (۱۹۵۴ء کچھ ص ۳۳)۔

دفعہ ۲۵۳ ضابطہ فوجداری کے تحت مجسٹریٹ کو یہ معلوم ہو کہ ملزم کے خلاف کوئی کیس نہیں ہے جس میں صورت اثبات وہ سزا دے سکے تو ملزم کو رہا کر دے گا۔

Case adduced, صورت حال پیش کردہ۔ مقدمہ پیش کردہ۔

Case decided, مقدمہ منفصلہ۔ مقدمہ فیصل شدہ۔

Case closed, مقدمہ بند۔

مقدمہ بند اس صورت میں کہا جائے گا جب کہ اس میں مزید شہادت نہ پیش کی جا سکے۔

Case diary, روزنامچہ مقدمات۔

Case history, روداد مقدمہ۔ روداد جرم۔

Case launched, مقدمہ متدائرہ۔ دائرکردہ مقدمہ۔

Case law, فیصلہ جات عدالتی۔ نظائر عدالت۔

Case, Merit of the روداد مقدمہ۔ محاسن و نقائص مقدمہ۔ کیفیت نامہ۔

Case of urgency, ضروری صورت حال۔ فوری صورت حال۔

Case, Session's مقدمہ قابل تجویز عدالت سیشن۔ مقدمہ قابل سماعت عدالت سیشن۔

Case, Special مقدمہ خاص۔ (ملاحظہ ہو دفعہ ۹ ضابطہ دیوانی)۔

Case, Summons مقدمہ قابل اجرائے سمن یا طلب نامہ۔

فوجداری قانون کی اصطلاح میں بغرض کارروائی و سماعت مقدمات کی دو تقسیمیں کی گئی ہیں ایک Warrant case اور دوسری Summons case (مقدمہ قابل اجرائے سمن اور قابل اجرائے وارنٹ) ان دونوں کے طریقہ سماعت میں فرق کیا گیا ہے (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو ضابطہ فوجداری پاکستان)۔

(See "Summons Case")

Case stated, مقدمہ مظہرہ۔ مقدمہ مفوضہ۔

مقدمہ مفوضہ یا مظہرہ سے مراد مقدمہ کا ایک عدالت سے دوسری عدالت میں کسی قانونی مسئلہ میں استصواب کے لیے روانہ کرنا ہے جس کو عدالتی زبان میں Reference کہتے ہیں۔ بالفاظ دیگر جب کوئی ایک عدالت کسی دوسری عدالت کو بربنائے قانون مروجہ کوئی مقدمہ استصواب کے لیے روانہ کرے تو اس عدالت کا ان حقائق کو بیان کرنا جو مسئلہ قانونی سے متعلق ہوں مقدمہ مظہرہ کہلائے گا۔

Case, To close a مقدمہ کو اختتام تک لانا۔ مقدمہ بند کرنا۔

Case, To make out a اثبات مقدمہ۔

Case, To open a مقدمہ کا آغاز کرنا۔ ابتداء مقدمہ کی صورت حال پیش کرنا۔

Case, Warrant مقدمہ قابل اجرائے وارنٹ یا حکمنامہ گرفتاری۔

(See "Warrant Case")

Cash, روکڑ ۔ زر نقد ۔ نقدی ۔ زر کاغذی ۔

لفظ نقد اپنے وسیع مفہوم میں نہ صرف موجود زر نقد پر حاوی ہے ۔ بلکہ اس میں تمام مبادلہ ہنڈیاں (Bills of Exchange) تمسکات ، کفالت نامے اور ہر قسم کی دستاویزات قابل بیع و شرئ داخل ہیں ۔ ان دستاویزات کو جو حکم پر قابل ادا ہوتی ہیں یا جو فوراً زر نقد کی شکل میں تبدیل ہو سکتی ہیں عموماً زر نقد ہی سمجھا جاتا ہے لیکن محدود معنی میں صرف نقد روپیہ یا سرکاری بنک کے اجراء شدہ کرنسی نوٹ زر نقد میں شامل ہیں ۔

Cash account, نقد حساب ۔ حساب روکڑ ۔ حساب نقدی ۔ حساب زر نقد ۔

فن کھاتہ نویسی میں نقد کے حساب سے ایسا حساب مراد ہے جس میں بجز اس کے اور کچھ نہیں ہوتا کہ ایک ہاتھ سے روپیہ وصول کیا جائے اور دوسرے ہاتھ سے تمام کاروباری ادائیاں کی جائیں ۔ چنانچہ جو باقی بچتا ہے اس کو نقد بہ دست کہا جاتا ہے ۔ جب میزان نقد کی طرف ہو تو سلک نقدی کہا جاتا ہے اور اگر میزان خرچ کی طرف زیادہ ہو تو اس کو سلک نادارد کہتے ہیں ۔

Cash book, روکڑ بہی ۔ نقد بہی ۔

وہ کتاب یا رجسٹر جس میں نقد رقم کی آمد و خرچ کا حساب رکھا جاتا ہے ۔ عام کاروباری اشخاص اور ادارے ایک نقد بہی رکھتے ہیں جس سے دو اغراض پوری ہوتی ہیں ایک تو یہ کہ جو رقم وصول یا خرچ ہوئی اس کی یادداشت رہتی ہے اور اس کے ساتھ اس کی متعلقہ تفصیلات بھی محفوظ ہو جاتی ہیں ۔ دوسرے یہ کہ روزنامچہ میں تفصیلی اندراج کی ضرورت باقی نہیں رہتی کیوں کہ جہاں نقد بہی ہوتی ہے اور نقد لین دین اس میں درج کیے جاتے ہیں تو وہ داخلے روزنامچہ کے ذریعہ نہیں گزرتے بلکہ نقد بہی سے راست کھاتے میں درج کیے جاتے ہیں ۔

بڑے اداروں میں اصل نقد بہی (Main Cash Book) کے علاوہ چھوٹی نقد بہی (Petty Cash Book) بھی رکھی جاتی ہے جس میں چھوٹے موٹے اخراجات اور مختصر ادائیوں کا اندراج کیا جاتا ہے اور اس کی میزان اصل نقد بہی میں درج کر لی جاتی ہے ۔

Cash bonus, نقد بونس ۔

Cash certificate, صداقت نامہ نقدی ۔

جب کہ ڈاک خانہ کے صداقت نامہ نقدی (کیش سرٹیفیکیٹ) کسی شخص کے نام پر ہوں اور انہیں کسی عدالت نے قرق کیا ہو تو پوسٹ ماسٹر جنرل تحت ضابطہ دیوانی مجریہ ۱۹۰۸ع عذرداری کرنے کا مجاز ہے ۔ (۱۹۲۸ع کلکتہ ص ۵۴۴) ۔

Cash credit, نقد جمع ۔

Cash Day book, روزنامچہ نقدی ۔

Cash delivery, نقد حوالگی ۔

Cash disbursement, تقسیم نقد ۔

Cash in hand, نقد بدست ۔

Cash keeper, محافظ نقدی ۔ خزانہ دار ۔ کیشیر ۔

Cash memo, رسید نقدی ۔

Cash Order, حکم نامہ نقدی ۔

Cash payment, نقد ادائی ۔

Cash profit, نقد منافع ۔

Cash receipt book, رسید بہی نقد ۔ روکڑ رسید بہی ۔

Cash remittance, ارسال نقدی ۔

Cash reward, نقد صلہ ۔ نقد انعام ۔

Cash sales, نقد فروخت ۔

Cas نقد ضمانت ۔

Cash security deposit, نقد داخل کردہ ضمانت ۔

Cash System, نقد نظام ۔ طریقہ نقد ۔

حساب و کتاب کا ایک معروف قاعدہ جو نقد رقم کی آمد و خرچ کی بنیاد پر قائم ہے ۔

Cashier, *n.* خزانچی ۔ خازن ۔ خزانہ دار ۔ محافظ نقد ۔

Cast, *v.* مقدمہ میں ہرا دینا ۔ مقدمہ جیتنا ۔ شمار کرنا ۔ استعمال کرنا ۔

Cast vote, ووٹ ڈالنا ۔ ووٹ دینا ۔ تحریری ووٹ دینا ۔

Cast blame, الزام دینا ۔ متہم کرنا ۔

Cast back, الٹ دینا ۔ عود کرنا ۔ پھیر دینا ۔

Cast in damages, ہرجہ عائد کرنا ۔

Cast in prison, مقید کرنا ۔ قید کرنا ۔

Cast light on. روشنی ڈالنا ۔ اچھی طرح واضح کرنا ۔

Caste, *n.* ذات ۔ برادری ۔

اسلامی قانون مسلمانوں میں ذات ، نسل، برادری ، رنگ، زبان اور خطہ کی بنیاد پر کسی تفریق و امتیاز کو تسلیم نہیں کرتا اس لیے کہ یہ اسلام کی روح کے منافی ہے (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو خطبۂ حجۃ الوداع ۹ ؁ھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم)

Caste Disabilities Act, قانون نا اہلیت ذات ۔

Caste, High اُونچی ذات ۔ اعلیٰ ذات ۔ اچھی ذات ۔

اسلام میں اعلی ذات یا نیچی ذات کا کوئی تصور نہیں ، وہ انسانی مساوات کا قائل ہے ، سب انسان انسانی حقوق میں بنیادی طور پر برابر ہیں ، جو کچھ بزرگی ہے وہ تقوی کی بناء پر ہے ''ان اکرمکم عنداللہ اتقا کم'' اللہ کے نزدیک تم میں زیادہ بزرگ وہ ہے جو تم میں زیادہ متقی اور پرہیزگار ہے'' (قرآن پاک) ۔

Caste, Low نیچی ذات ۔ ادنی ذات ۔ کم ذات ۔

Castigate, *v.* تنبیہہ کرنا ۔ سزا دینا ۔

یہ اصطلاح بالعموم تازیانہ کی سزا کے لیے استعمال ہوتی ہے ۔

Casting vote, تغلیبی ووٹ ۔ فیصلہ کن رائے ۔

وہ رائے جس سے رائے یا ووٹ کے مساوی ہونے پر ایک جانب غلبۂ آراء ہو جائے ۔ بالعموم صدر جلسہ کو رائے مساوی ہونے کی صورت میں ایک تغلیبی ووٹ کا حق حاصل ہوتا ہے ۔

Casual, *a.* اتفاقی ۔ ناگہانی ۔ عارضی ۔

Casual ejector, (E.L.), اتفاقی بے دخل کار ۔

Casual election, اتفاقی انتخاب ۔

وہ انتخاب جوکسی نشست کے اتفاقی طور پر خالی ہونے کے سبب کیا جائے ۔

Casual employment, اتفاقی یا وقتی ملازمت ۔

Casual evidence, اتفاقی شہادت ۔ شہادت اتفاقی ۔

Casual expenses, اتفاقی اخراجات ۔

Casual leave, اتفاقی رخصت ۔ رخصت اتفاقیہ ۔

Casual pauper, اتفاقی نادار یا مفلس ۔

Casual vacancy, اتفاقیہ خالی جگہ ۔ عارضی خالی جگہ ۔

کوئی اتفاقیہ خالی جگہ یا عہدہ کے معنی ہیں کوئی خالی جگہ جو مرور مدت کی وجہ سے خالی نہ ہوئی ہو بلکہ کسی موت ، استعفیٰ یا دیوالیہ ہونے کی وجہ سے خالی ہوئی ہو (۱۸۸۲ء کوئنز بنچ ڈویژن ص ۶۹۰) اسی طرح کوئی خالی جگہ سے مجلس نظماء کی کوئی جگہ خالی مراد ہے جو باری (rotation) سے علیحدگی کے علاوہ کسی اور صورت میں خالی ہوئی ہو ۔ (۱۹۳۷ء الہ آباد ص ۳۳۷) ۔

Casualty, *n.* حادثہ ۔

Casualty insurance, بیمہ حادثات ۔

Catalla or Catals, مال منقولہ ۔

Catching bargain, مجبوری کا سودا ۔

ایسا سودا جس میں دوسرے کی کمزوری اور ضرورت سے ناجائز فائدہ اٹھایا جائے ۔

Catchment, *n.* طاس ۔ آب گیرہ ۔

رقبہ زمین جہاں کا پانی بہہ کر کسی تالاب یا ندی میں جائے ۔

Category, *n.* زمرہ ۔ درجہ ۔ قسم ۔

Categorical, *a.* قطعی ۔ مطلق ۔ غیر مبہم ۔

Cattle, *n.* مویشی ۔

Cattle attendant, خدمت گر مویشیان ۔

Cattlegate, *n.* گذرگاہ مویشی ۔

Cattle-shed, *n.* باڑہ مویشیان ۔

Cattle tax, محصول مویشیان ۔

Cattle theft, سرقہ مویشیان ۔

کھلے میدان سے جانوروں کو ہانک لے جانا جہاں انہیں مالک نے گھاس چرنے کے لیے چھوڑ دیا ہو سرقہ ہے (۱۰ کلکتہ ویکلی نوٹس ص ۱۹۰۶) ۔

Cattle trespass, بے جا مداخلت مویشیان ۔

مویشی کا ملک غیر میں گھس جانا ۔

Causa, Mortis, سبب موت ۔

Cause, *n.* & *v.* ۱) وجہ ۔ سبب ۔ بناء ۔

۲) باعث ہونا ۔ بروئے کار لانا ۔ برپا کرنا ۔

Cause diary, روزنامچہ مقدمات ۔

Cause list, فہرست مقدمات ۔

Cause list of cases, فہرست مقدمات پیشی (روزانہ) ۔

وہ فہرست جس کے لحاظ سے اس روز کے مقدمات بغرض سماعت عدالت میں پیش ہوتے ہیں ۔

Cause, Small خفیف مقدمہ ۔ مقدمہ خفیفہ ۔

Cause, Without بلاوجہ ۔ ناحق ۔

Cause, Without reasonable and probable, بلا یا بغیر معقول و قرین قیاس وجہ کے ۔

Cause of action, بنائے دعویٰ ۔ بنائے نالش ۔

ایک بنائے دعویٰ پیدا ہونے کے لیے یہ بات صاف ہونی چاہیے کہ اگر بیان دعویٰ کو صحیح قرار دیا جائے تو وہ بناء ایک کامیاب امر تنقیح طلب امر ہو۔ (۱۹۳۹ء لاہور ص ۶) ۔

Cause (s) of Action, Joinder of شمول بناہائے دعویٰ ۔

جب دو یا دو سے زیادہ مدعیان مشترکاً دو یا دو سے زیادہ بناہائے دعویٰ ایک ہی مدعا علیہ کے خلاف رکھتے ہوں تو وہ ایک ہی مقدمہ میں مدعیان ہو سکتے ہیں (۱۹۱۳ء ص ۲۵۶) ۔

Cause(s) of action, Misjoinder of بے جا شمول بنا ہائے دعویٰ ۔

دو یا دو سے زیادہ مختلف اور ایک دوسرے سے بالکل مغائر بناہائے دعویٰ اگر ایک ہی دعویٰ میں شامل کر دی جائیں تو اسے بے جا شمول بناہائے دعویٰ کہا جائے گا ۔

Cause(s) of action, Multifarious کثیرالاشکال یا متعدد بنا ہائے دعویٰ ۔

Cause of failure, وجہ ناکامی ۔

Cause of remission, وجہ معافی ۔

Cause, To show اظہار وجہ یا صفائی ۔

Caution money, *n.* زر ضمانت ۔ کفالت ۔ زر طمانیت ۔

Cautioneer, *n.* طمانیت دہندہ ۔

Caveat, *n.* اطلاع نامہ ۔ عذر داری ۔ انتباہ ۔ ہشیار باش (لفظی معنی) ۔

یہ اصطلاح بالعموم کارروائی عطائے پروبیٹ (Grant of Probate) اور دستاویز اہتمام ترکہ میں استعمال ہوتی ہے ۔ (دیکھیے قانون جانشینی اور قانون پروبیٹ و اہتمام ترکہ) ۔ دراصل یہ ایک اطلاع ہے جو عدالت کے رجسٹرار کو دی جاتی ہے کہ وہ اطلاع دیے بغیر کوئی یک طرفہ کارروائی عمل میں نہ لائے ۔

اس اصطلاح کا استعمال قواعد سپریم کورٹ پاکستان مجریہ ۱۹۵۶ء میں بھی کیا گیا ہے جس کے تحت مدعا علیہ رجسٹرار کو اپنی عذرداری کی اطلاع دیتا ہے ۔

Caveat creditor دائن ہشیار باش ۔

یہ ایک مسلمہ ضابطہ ہے کہ دائن کو ہوشیار رہنا چاہیے ۔ مثلاً اگر زمیندار اسامی کو فارغ خطی بابت آخر قسط لگان دیدے تو قیاس یہ کیا جائے گا کہ کل لگان جو پیشتر واجب تھا بے باق ہو گیا ۔

Caveat emptor, خریدار ہشیار باش ۔

اس فقرہ کا منشاء یہ ہے کہ خریدار خود دیکھ لے ، اس طرح بائع کو ذمہ داری سے بری کرنا مقصود ہوتا ہے ۔

قانون یہ چاہتا ہے کہ خریدار کو ہوشیار رہنا چاہیے ۔ اس کو اس بات سے غافل نہ رہنا چاہیے کہ وہ دوسرے کا حق خریدتا ہے ۔ مثلاً اگر کوئی شخص بائع کی رائے معلوم کیے بغیر اس کا مال خریدے تو بائع اس کا ذمہ دار نہیں ہے کہ مال ایسا نہ نکلے جیسا کہ خریدار کو امید تھی ۔

قانون یہ ہے کہ اگر کوئی شخص کوئی مال اپنا کہہ کر فروخت کرے اور اس کی قیمت وصول کر لے بعد میں بائع کا استحقاق ملکیت ناقص نکلے تو بائع کو قیمت واپس کرنا ہوگی ۔ لیکن مال کے درست ہونے کی صورت میں بائع ذمہ دار نہیں ہے، الا یہ کہ اس نے یہ جان کر کہ مال ناقص ہے اسے اچھا مال بتلایا ہو یا اس کے درست ہونے کی ذمہ داری لی ہو ۔

عام قاعدہ یہ ہے کہ محض فروخت سے مال کے عمدہ ہونے کی ذمہ داری پیدا نہیں ہوتی، مال کی تعریف کرنا ذمہ داری کی حد تک نہیں پہونچتا ۔

خریدار پر لازم ہے کہ جب کوئی جائداد خریدے تو اس کا معائنہ کرے اور بائع کی دستاویزات استحقاق کو دیکھے تاہم بیع بوجہ غلط بیانی یا فریب کے قابل انفساخ ہو جاتی ہے اور خریدار کو بائع کے خلاف چارۂ کار قانونی کا حق حاصل ہو جاتا ہے مگر مال کے مالک اصلی کے خلاف اس کو کوئی حق حاصل

نہیں ہوتا، اگر مال کا اصل مالک بائع کے علاوہ کوئی دوسرا شخص ثابت ہو۔ البتہ کارندہ کی صورت میں خریدار کو مالک اصلی کے خلاف بھی چارہ جوئی کا حق حاصل ہوگا۔

Caveat, Enter a عذرداری کرنا - اطلاع نامہ داخل کرنا۔

یہ اطلاع تحریری کہ جب تک عذر کرنے والے کا عذر نہ سن لیا جائے وصیت کی مصدقہ نقول معہ دستاویز عدالت یا دستاویز اہتمام ترکہ عطا نہ کی جائے۔

Caveat Viator, مسافر ہشیار باش

اس قاعدہ کی بنیاد یہ ہے کہ اگر کوئی شخص کسی دوسرے شخص کی اراضی سے ہو کر گذرے اور آسے کسی وجہ سے کوئی مضرت پہونچے مثلاً گڈھے میں گر پڑے تو وہ مالک آراضی سے ہرجانہ کا مطالبہ نہیں کر سکتا، کیونکہ وہ گذر گاہ عام نہیں ہے۔ البتہ اس اصول کا اطلاق دکان، ہوٹل سرائے یا کسی ایسی جگہ سے متعلق نہیں ہے جہاں عوام آ جا سکتے ہیں۔ اسی طرح سڑک پر گڈھے ہونے کی صورت میں گر جانے کی صورت میں بلدیہ پر ہرجانہ کا دعوی دائر کیا جا سکتا ہے کیونکہ وہ گذر گاہ عام ہے اور بلدیہ کے فرائض میں سڑک کو درست حالت میں رکھنا شامل ہے۔

Cavetor, n. عذرداری کرنے والا۔

Cease, v. منقطع ہونا۔

Cede, n. تفویض۔ حوالگی۔

Ceded provinces, صوبہ جات مفوضہ۔ حوالہ کردہ صوبہ جات۔ صوبجات مشمولہ۔

Celebrate, v. ادا کرنا (رسوم کا)۔ بجا لانا۔ (کسی کام کا نمائش کے ساتھ)۔

Cell, Prison قید خانے کی کوٹھڑی۔

ایک قسم کی قید جس میں قیدی دوسرے قیدیوں کو دیکھ سکتا ہے مگر بات چیت نہیں کر سکتا۔

Cemetery, n. گورستان۔ قبرستان۔

سرمایہ وقف گورستان۔

Censor, n. محتسب۔ ناظر۔

خبروں، مطبوعات یا فلموں وغیرہ کو اشاعت یا نمائش کے لیے مناسب قرار دینے والا سرکاری عہدہ دار۔ اس احتسابی عہدہ دار کو فلموں اور اخبارات وغیرہ کی نمائش و اشاعت کے قبل ملاحظہ کا اختیار حاصل ہوتا ہے اور وہ کسی بھی فلم یا خبر کو نمائش یا اشاعت کے لیے ممنوع قرار دے سکتا ہے۔ آج کل فلموں کو سنسر کرنے کا یہ کام ایک باقاعدہ تشکیل شدہ بورڈ کے سپرد ہے جس میں فلمی صنعت سے وابستہ افراد، سرکاری افسران اور عوامی نمائندے شامل ہیں۔

Censorship, n. احتساب۔

Censure, n. ملامت۔

Census, n. مردم شماری۔

Census Act, قانون مردم شماری۔

قانون مردم شماری نشان ۔ بابتہ ۱۹۵۰ع کے تحت ناظم مردم شماری اور مردم شماری کے تمام منتظمین اور عہدہ داران اس معنی میں ملازم سرکار ہیں جس کی تعریف دفعہ ۲۱ تعزیرات پاکستان میں کی گئی ہے۔ صوبائی حکومت یا ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ جو کسی مقامی علاقہ کے انتظام کے لیے مقرر کیا گیا ہو تمام مالکان آراضی اور پٹہ داروں اور کاشتکاروں سے اور نیز ڈسٹرکٹ میونسپلٹیوں، یونین بورڈوں اور مقامی عہدہ داروں اور ان کے ملازمین سے اس کام میں مدد لے سکتا ہے۔ جس شخص کو حکم دیا جائے اس پر تعمیل واجب ہے۔ ورنہ حسب دفعہ ۱۲ قانون مردم شماری ملازم سرکار کے حکم کی خلاف ورزی کا جرم عائد ہوگا۔

ہر شخص پر، جس سے ایسا عہدہ دار سوالات کرے، جواب دینے کی قانونی ذمہ داری عائد ہوگی۔ لیکن کسی عورت کو اس کے شوہر کا نام بتلانے پر مجبور نہیں کیا جائے گا۔ عہدہ دار مردم شماری کی جائز امداد سے جو شخص غفلت برتے یا انکار کرے یا اس کے فرائض کے ادائیگی میں مزاحمت یا نافرمانی کرے تو اس پر ۲۰۰ روپے تک جرمانہ ہو سکے گا۔ نیز جو شخص بالارادہ غلط جواب دے یا جواب سے انکار کرے یا کسی مکان یا احاطہ میں عہدہ دار مردم شماری کو داخل نہ ہونے دے تو وہ بھی سزا

کا مستوجب ہوگا۔ کیونکہ عہدہ دار مردم شماری اپنے فرائض کی بجا طور پر انجام دہی کی غرض سے کسی شخص کے مکان، احاطہ یا جہاز میں داخل ہونے کا مجاز ہے۔

اگر کوئی عہدہ دار عمداً جارحانہ یا نامناسب سوالات کرے یا جان بوجھ کر غلط اندراج کرے یا مرکزی یا صوبائی حکومت کی منظوری کے بغیر حاصل کردہ اطلاعات کا انکشاف کرے تو وہ عہدہ دار بھی سزا کا مستوجب ہے۔

Census of traffic, آمد و رفت شماری۔

Central Act, مرکزی قانون۔

Central Administrative area, مرکزی انتظامی علاقہ۔ علاقہ زیر انتظام حکومت مرکزی۔

Central Board of Irrigation, مرکزی مجلس آب پاشی۔

Central Board of Revenue, مرکزی مجلس مال یا مال گذاری۔

Central Department, مرکزی محکمہ۔

Central Engineering Authority, مرکزی ادارہ یا ہیئت انجینئری۔

Central Government, مرکزی حکومت۔

Central Jail, صدر محبس۔ مرکزی جیل۔

Central Law, مرکزی قانون۔ قانون مرکزی۔

Central Legislative Assembly, مرکزی مجلس مقننہ۔

Central Legislature, مرکزی مقننہ۔

Central Loan, مرکزی قرضہ۔

Central Museum, مرکزی عجائب خانہ۔

Central Revenue, مرکزی محصول۔

Central Subject, مرکزی موضوع (اختیار)۔

Central Treasury, مرکزی خزانہ۔

Centralization, *n.* مرکزیت۔

Centre, *n.* مرکز۔

دستور پاکستان کے آخر میں تین جدول (فہرستیں) شامل ہیں۔ ایک جدول ان موضوعات کا ہے جن کے بارے میں مرکزی حکومت کو قانون سازی کا اختیار حاصل ہے۔

Centrifugal, مرکز گریز رجحان۔

Ceremony, *n.* رسم۔

Ceremonial, *a.* رسمی۔ رسوماتی۔

Ceremonial marriage, رسوماتی نکاح۔

Certain, معیّن۔ یقین۔ کوئی۔ خاص۔

ایک فرد یا شئے کے تعلق سے اس لفظ کا استعمال عام طور پر عدم تعین کا اظہار کرتا ہے۔

Certain date, تاریخ معینہ۔

Certain duty, فرض معین۔

ایک ایسا فرض جو بہرحال انجام دیا جانا چاہیے۔ جس کا طریق عمل اور موقع مقرر ہو۔

Certain person, شخص معین۔

اس اصطلاح میں وہ شخص بھی شامل ہے جو اس وقت معین ہونے کے قابل ہو جب کہ دستاویز قابل بیع و شرئی کی تکمیل ہوئی۔ (۴ انڈین کیسیز ص ۲۹۳)۔

Certain sum, معین رقم۔ رقم معینہ۔

Certainty, *n.* تیقن۔

Certificate, *n.* صداقت نامہ۔

صداقت نامہ ایک شہادت ہے جس میں تحریراً کسی چیز کی صحت کی توثیق یا تصدیق ہوتی ہے۔ مثلاً صداقت نامہ اہتمام ترکہ بموجب قانون ۳ بابتہ ۱۹۱۳ء صداقت نامہ ازدواج بہ موجب قانون ۱۶ بابتہ ۱۸۷۲ء یا صداقت نامہ ایفائے ڈگری بہ موجب ضابطہ دیوانی حکم ۲۱ قاعدہ ۲ یا صداقت نامہ جس میں مدیون ڈگری کو مرہونہ آراضی کی فروخت کا اختیار دیا گیا ہو بموجب حکم ۲۱ قاعدہ ۸۳ یا صداقت نامہ ہائی کورٹ برائے ادخال اپیل سپریم کورٹ۔

ایسے صداقت نامے جو کسی قانون کی رو سے ضروری ہوں اور اغراض انصاف کے لیے انہیں بطور شہادت کسی مقدمہ میں پیش کیا جانے والا ہو اور کوئی شخص جان بوجھ کر ایسا کوئی جھوٹا صداقت نامہ جاری کرے یا اس پر دستخط کرے تو حسب دفعہ ۱۹۷ تعزیرات، لائق سزا جرم ہے اس کو اسی طرح سزا دی جائے گی جس طرح جھوٹی گواہی دینے والے کو دی جاتی ہے۔

Certificate of Analysis, صداقت نامہ' تجزیہ ۔

Certificate of appearance, صداقت نامہ' حضوری ۔

Certificate of attendance, صداقت نامہ' حاضری ۔

Certificate of clearance, صداقت نامہ' بے باقی ۔

Certificate of completion, صداقت نامہ' تکمیل ۔

Certificate of competency, صداقت نامہ' اہلیت ۔

Certificate of costs, (مقدمہ) صداقت نامہ' اخراجات

Certificate of death, صداقت نامہ' موت۔ فوتی نامہ ۔

Certificate of damage, صداقت نامہ' نقصان ۔

جب جہاز سے مال ضرر رسیدہ حالت میں برآمد ہوتا ہے تو بندرگاہ کے حکام صداقت نامہ نقصان جاری کرتے ہیں ۔ یہ صداقت نامہ شہادت میں معتبر ہے ۔

Certificate of depatch, صداقت نامہ' ترسیل ۔

Certificate of discharge, صداقت نامہ' فارغ خطی ۔

کسی شخص کے دیوالیہ ہو جانے کی صورت میں عدالت اس کے حق میں فارغ خطی کا صداقت نامہ جاری کرتی ہے کہ اب وہ کاروبار شروع کر سکتا ہے ۔

Certificate of efficiency, صداقت نامہ' کارکردگی ۔

Certificate of fitness, صداقت نامہ' درستی ۔

Certificate of guardianship, صداقت نامہ' ولایت ۔

Certificate of incorporation, صداقت نامہ تشکیل جسمیہ ۔

(دیکھیے دفعہ ۲۲ قانون کمپنیات ۱۹۱۳ء) ۔

Certificate of Indigence, صداقتَ نامہ ناداری ۔

Certificate of marriage, صداقت نامہ ازدواج ۔

Certificate of non-encumbrance, صداقت نامہ عدم زیر باری یا مواخذہ داری ۔

Certificate of origin, صداقت نامہ ساخت یا اصل ۔

Certificate of posting, (۱) سپرد ڈاک کرنے کی رسید ۔ (۲) رسید ڈاک میں ڈالے جانے کی ۔

اگر کوئی مراسلہ صحیح پتہ پر ارسال کیا جانا بذریعہ ڈاک ثابت کر دیا گیا ہو تو قیاس قانونی یہ ہوگا کہ وہ مراسلہ مکتوب الیہ تک پہنچ گیا ہے ، اِلّا یہ کہ اس کے خلاف ثابت کیا جائے ۔

Certificate of non-satisfaction, صداقت نامہ عدم ایفاء ۔

جب کوئی ڈگری بہ غرض تعمیل ایک عدالت سے دوسری عدالت میں منتقل کی جائے تو اس کے ساتھ باضابطہ صداقت نامہ اس امر کا ہونا ضروری ہے کہ ڈگری کی تعمیل نہیں ہوئی ۔ (۱۹۲۳ء بمبئی ۳۵۹) لیکن صداقت نامہ مخصوص نمونہ کا ہونا ضروری نہیں (۲۵ پٹنہ ص ۵۱۳) ۔

Certificate of recovery of tax, صداقت نامہ وصولی محصول ۔

Certificate of Registration, صداقت نامہ رجسٹری ۔

صداقت نامہ رجسٹری سے مراد ایسا صداقت نامہ ہے جو کسی عہدہ دار مجاز کی طرف سے جاری ہوا ہو اور اس میں اس بات کی تصدیق کی گئی ہو کہ متعلقہ قانون کے مطابق اس دستاویز یا شے کی باضابطہ رجسٹری ہو چکی ہے ۔

Certificate of Insurance, صداقت نامہ بیمہ ۔

صداقت نامہ بیمہ سے ایسا صداقت نامہ مراد ہے جس کو بیمہ کنندہ مجاز نے جاری کیا ہو اور اس میں صداقت نامہ کی نقل یا ایک ہی پالیسی کے تحت متعدد صداقت نامے بھی شامل ہیں ۔

Certificate of sale, صداقت نامہ بیع یا نیلام ۔

Certificate of shares, صداقت نامہ حصص ۔

Certificate of stability, صداقت نامہ پائیداری ۔

Certificate of succession, صداقت نامہ جانشینی ۔

Cerrificate of verification of conviction, توثیق نامہ سزا یابی ۔

Certification, *n.* تصدیق ۔

Certification of decree, تصدیق ڈگری ۔

اگر کسی ڈگری دار کو مدیون ڈگری سے رقم بیرون عدالت وصول ہوئی ہو تو لازم ہے کہ وہ عدالت میں تصدیق ادائی کی درخواست پیش کرے ۔

مدیون ڈگری کی درخواست تحت حکم ۲۱ قاعدہ ۲ برائے تصدیق ادائی بیرون عدالت کے متعلق عدالت کا حکم ، خواہ منظوری درخواست یا نامنظوری درخواست ، ہر حالت میں قابل مرافعہ ہے ۔ (اے ۔ آئی ۔ آر ۔ ۱۹۵۰ء اجمیر ص ۴) ۔

Certified, *a.* تصدیق شدہ ۔ مصدقہ ۔

Certified accountant, مصدقہ محاسب ۔

Certified cheque, چیک مصدقہ ۔
جس کی تصدیق بنک نے کر دی ہو ۔

Certified copy, نقل مصدقہ
حسب دفعہ ۶۵ قانون شہادت بعض صورتوں میں دستاویزات کی مصدقہ نقول قابل ادخال شہادت ہیں ۔

Certified payment مصدقہ ادائی ۔
ادائی جس کی عدالت میں حسب ضابطہ تصدیق ہو گئی ہو ۔

Certify, *v.* تصدیق کرنا ۔

Certiorari, سرشیاریری ۔ ایک قسم کا عدالتی پروانہ ۔
(Writ of certiorari دیکھیے)

Cess, *n.* محصول جو کسی خاص مقصد کے حصول کے لیے لگایا جائے ۔

Cess, Education *n.* محصول تعلیمی ۔
حکومت نے حال ہی میں صنعتی اداروں پر ایک خاص شرح فی مزدور کے حساب سے تعلیمی محصول عائد کیا ہے جس کی ادائی محکمۂ آبکاری کو کی جاتی ہے ۔

Cessation *n.* خاتمہ ۔ موقوفی ۔ انقطاع ۔

Cessation of right, انقطاع حق ۔

Ceasation of payments, انقطاع ادائی ۔
اگر مدیون اپنے قرضہ جات کی ادائی بند کر دے تو اس کا یہ فعل دوالہ شمار ہوگا ۔

Cessation of validity, موقوفی جواز ۔

Cessavit, (O.E. L.) نالش ایسی آسامی پر جس نے دو سال سے لگان بہ صورت نقد یا خدمت ادا نہ کیا ہو ۔

Cession, *n.* تفویض حقوق مالکانہ ۔
محض ایک اقرار منتقلی ایسی چیز نہیں ہے کہ اس کو حقوق مالکانہ کی تفویض کے مساوی سمجھ لیا جائے ، بجز اس کے کہ کوئی چیز صراحتاً اس کے خلاف طے ہو ۔ حقوق مالکانہ کی تفویض صرف اسی صورت میں موثر ہوگی جب کہ ملکیت واقعی منتقل کی جائے ۔ (۱۹۵۲ء الہ آباد ص ۶) ۔

Cessionary, *n.* منتقل الیہ ۔ مفوض الیہ ۔

Cessionary bankrupt, منتقل الیہ دیوالیہ ۔
وہ شخص جو اپنی جائداد دائنان میں تقسیم کی غرض سے منتقل کر دے ۔

Cestinqui trust, (E. L.) جس کے فائدہ کے لیے وقف کیا گیا ہو ۔
یہ لفظ فرانسیسی زبان سے مشتق ہے ۔ انگریزی میں اس کے لیے Beneficiary کی اصطلاح مستعمل ہے ۔

Chain (Also called Gunter's chain), جریب ۔
۱۰۰ مربع جریب کا ایک ایکڑ ہوتا ہے ۔

Chain-gang, زنجیر سے ایک ساتھ بندھے ہوئے قیدی ۔
وہ ٹولی جس کو زنجیر سے بندھے ہوئے کام کرنا پڑتا ہے ۔

Chain of Authorities in a Tradition, سلسلۂ اسناد ۔ سلسلۂ راویان حدیث ۔ سلسلۂ رواۃ حدیث ۔
یہ اصطلاح اسلامی اصول حدیث کی ہے ۔

Chair, *n.* حاکم جلسہ ۔ صدر جلسہ ۔ کرسی ۔

Chair, To take صدارت کرنا ۔ کرسی پر بیٹھنا ۔

Chairman, *n.* میر مجلس ۔ صدر نشین ۔ صدر ۔

Chairman, Deputy نائب صدر ۔ نائب میر مجلس ۔

Chairmanship, صدارت ۔

Chakbandi, *n.* چک بندی ۔

Challenge, *n.* مبارزت طلبی ۔ اعتراض ۔

Challenged, *a.* زیر اعتراض ۔ عذر کیا ہوا ۔ مقابلہ پر بلایا ہوا ۔ للکارا ہوا ۔

Challenged vote, زیر اعتراض پرچہ رائے دہی ۔

Chamber, *n.* کمرہ ۔ جج کا کمرۂ آرام یا کمرہ خاص ۔

Chamber of Commerce, ایوان تجارت ۔
ایک انجمن جو سوداگروں ، صناعوں اور دیگر افراد پر مشتمل ہوتی ہے ۔ اس انجمن کے قائم ہونے کی غرض و غایت یہ ہوتی ہے کہ ممبران کے مشترک تجارتی مفادات کو فروغ حاصل ہو اور وہ حکومت کے ساتھ اعداد و شمار کے حصول ، معاشیاتی قانون سازی اور

دیگر امور میں امداد و تعاون کر سکے ۔

Chamber, To sit in جج کا کمرہ میں بیٹھ کر کام کرنا ۔

Chamberlain, *n*. یورپ کی عدالتوں کا ایک حاکم ۔ دیوان ۔ خزانچی ۔

Chamber of Deputies, ایوان نائبین ۔

یہ اصطلاح فرانس کے دستور میں استعمال کی گئی ہے ۔

Chamber practice, وکالت مشورت ۔ (بدون پیشی عدالت) ۔

وکیل کا صرف اپنے کمرۂ خاص میں موکلوں کو مشورہ دینا اور عدالت میں مقدمہ کی پیروی نہ کرنا ۔

Champertor, مقدمہ میں اس شرط پر پیروی کرنے والا کہ کامیابی کی صورت میں اس کا حصہ ملے ۔

از روئے قانون ایسا معاہدہ مصلحت عامہ کے خلاف ہونے کے سبب غیر قانونی ہے اور قابل نفاذ نہیں ہے۔

Champerty, *n*. شام پارٹی ۔ مقدمہ میں امداد بشرط حصہ داری ۔

مقدمہ میں اس شرط پر پیروی کرنا کہ جب فائدہ ہو تب حصہ ملے ۔

شام پارٹی ایک لاطینی لفظ ہے جس کے لفظی معنی ہیں تقسیم آراضی۔ فرانسیسی زبان میں شام پارٹی اس منافع کی تقسیم کو کہتے ہیں جو مالک آراضی کو فصل کے حصہ کے طور پر دیا جائے ۔

قانون میں اس سودے بازی کو کہتے ہیں جو کسی مقدمے کے مدعی یا مدعا علیہ سے کوئی تیسرا شخص کرتا ہے کہ اگر مقدمہ میں کامیابی ہو تو آراضی یا دوسری جائداد متدعویہ آپس میں تقسیم کر لی جائے گی ۔ چنانچہ یہ تیسرا شخص اپنے خرچہ پر مقدمہ لڑتا ہے گویا یہ ایک طرح کی خریداری ہوتی ہے یعنی مفاد متنازعہ اس عوض پر خریدا جائے کہ مقدمہ میں پیروی کی جا سکے ۔ قانوناً ایسی معاملت ممنوع ہے کیونکہ یہ مصلحت عامہ کے خلاف ہے لیکن مقدمہ لڑنے کے لیے جائداد رہن رکھ کر روپیہ دینا شام پارٹی نہیں ہے ۔ کیونکہ مرتہن (Mortgagee) کا کوئی مفاد مقدمہ کے نتیجہ پر منحصر نہیں ہوتا ۔

Chancellor, *n*. چانسلر ۔ امیر ۔

Chancellor Lord, قاضی عدالت انگلستان ۔

Chancellor of university, رئیس الجامعہ ۔

Chancellor of the exchequer, وزیر خزانہ ۔

Chancery, *n*. عدالت عالیہ انگلستان ۔

انگلستان کی ایک اعلیٰ عدالت جس کا صدر لارڈ چانسلر ہوتا تھا اور جہاں قانون عامہ (Common law) کے علاوہ نصفت (equity) کے تحت بھی مقدمات کی سماعت کی جاتی تھی اور فیصلے کیے جاتے تھے ۔

Change, *n*. تبدیلی ۔ فرق ۔ تغیر ۔

Change in law or procedure, تبدیلی قانون یا ضابطہ قانون ۔

قانون کا یہ ایک مسلّمہ قاعدہ ہے کہ اگر ترمیم قانون میں کی گئی ہے جس سے زیر سماعت مقدمہ کے کسی فریق کا حق حاصلہ (Vested right) متاثر ہوتا ہو تو یہ ترمیم موثر بہ ماضی (Retrospective) نہ ہوگی لیکن اگر ترمیم صرف ضابطہ یا طریقۂ کار کی ہو تو یہ تبدیلی موثر بہ ماضی ہوگی ، الا یہ کہ دفعات قانون یا ضابطہ (ترمیم شدہ) میں اس کے خلاف صراحت پائی جائے۔ تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو پی ایل ڈی ۱۹۶۷ء سپریم کورٹ ص ۶۸۱) ۔

Change of venue, تبدیلی مقام ۔

Change over, کایا پلٹ ۔

Changer, *n*. (۱) صراف ۔ مبدّل ۔ (۲) عہدہ دار دارالضرب یا ٹکسال ۔

Changer, Money صراف ۔

Channel, *n*. آبنائے ۔ نہر ۔ ذریعہ ۔ طریقہ ۔

Channel, Administrative طرق انتظامی ۔

Channel, Political طرق سیاسی ۔

Channel, Official طرق رسمی ۔

Channel, Proper مناسب ذریعہ ۔ صحیح طریقہ ۔

Chapter, *n*. (O. E. Law), پادریوں کی جماعت ۔

Chapter of Qur'an, سورۃ ۔

Character, *n*. کردار ۔ چال چلن ۔ نشان ۔ خط ۔

haracter book, *n.* رجسٹر چال چلن ۔

haracter roll, کردار نامہ ۔

harge, *n.* & *v.* جائزہ ۔ مواخذہ ۔ بار الزام ۔ ذمہ داری ۔ تحویل ۔

۱۔ کسی شخص کے خلاف فوجداری الزام لگانا

۲۔ جج کا جیوری سے خطاب اور ان کے سام[ne]
پیش شدہ واقعات کے متعلق قانونی ہدایات دینا ۔

۳۔ زمین پر بار جس کی تعریف دفعہ ۱۰۰ قانو[ن]
انتقال جائداد میں کی گئی ہے ۔

۴۔ الزام لگانا ۔ ذمہ داری عائد کرنا ۔ قیمت طلب
کرنا ۔ مطالبہ کرنا ۔ ہدایت کرنا ۔

ضابطہ فوجداری کے تحت جن جرائم کی سماعت Warrant Case کے طور پر ہوتی ہے ان میں بعد تحقیقات اگر ملزم پر جرم بادی النظر میں قائم ہوتا ہے تو مجسٹریٹ ان الزامات کو جو کسی جرم کے تعلق سے اس ملزم پر عائد ہوتے ہوں ، ملزم کے سامنے لکھ کر سنائے گا تاکہ ملزم کو یہ معلوم ہو سکے کہ اس پر کیا الزامات لگائے گئے ہیں اور کس الزام کی اس کو جواب دہی کرنا ہے ۔ اس حصہ کارروائی کو (Framing of the charge) کہا جاتا ہے (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہوں دفعات ۲۲۲ تا ۲۳۹ ضابطہ فوجداری) ۔

بصیغہ دیوانی Charge یعنی بار محض شخصی نہیں ہے بلکہ ایک حق متعلق جائیداد ہے اور اس طرح قابل انتقال بھی ہے (۱۹۳۸ء مدراس ص ۳۵۷)
یہ ضروری نہیں کہ "بار" تحریری دستاویز ہی کے ذریعہ پیدا کیا جائے لیکن اگر بار دستاویز ہی کے ذریعہ سے قائم کیا جائے تو پھر اس کی رجسٹری لازمی ہوگی ۔ اگر اس بار کی مالیت ایک سو روپے سے زیادہ ہے ۔ (۱۹۳۶ء مدراس ص ۸۶۵) ۔

Charge, Parting وداعی نصیحت ۔ رخصت ہوتے وقت کی نصیحت ۔

Chargeable, قابل مواخذہ ۔ واجب الاخذ ۔ قابل مطالبہ ۔

Charge report, اطلاع جائزہ ۔

Charge sheet, فرد الزام ۔

عہدہ دار پولیس کی وہ رپورٹ جو مجسٹریٹ مجاز سماعت جرم کے پاس روانہ کی جاتی ہے اور جس میں واقعات جرم الزام کا لب لباب اور گواہوں کے نام معہ اس تفصیل کے کہ کون سا گواہ کیا شہادت دے گا درج کیے جاتے ہیں ۔
علاوہ ازیں کمپنیوں یا سرکاری ملازم کو بعض کوتاہیوں کے سبب سزا دہی سے قبل صفائی کا موقع دینے کی غرض سے بھی فرد الزام شخص متعلقہ کو دی جاتی ہے تاکہ وہ جواب دہی کر سکے ۔

Charge to Jury, جج کا جیوری کو ہدایت کرنا ۔ ہدایت جج بہ جیوری ۔

Charge, Amended ترمیم شدہ فرد الزام ۔ مرمّمہ فرد الزام ۔

Charge, Certificate of transfer of ــــ صداقت نامہ انتقال بار کفالت ۔

Charge, Formal باضابطہ فرد الزام ۔

Charge, To add to a فرد الزام میں اضافہ کرنا ۔

Charge, To answer a الزام کا جواب دینا ۔

Charge, To draw up a فرد الزام مرتب کرنا ۔

Charge, To take جائزہ لینا (کسی عہدہ یا کام کا) ۔

Charges, *n.* (۱) الزامات ۔ (۲) اخراجات ۔

Charges, Assessed اخراجات مشخصہ ۔ عائد شدہ اخراجات ۔ اخراجات عائدہ ۔

Charges of suit, اخراجات دعویٰ (مقدمہ) ۔

Charges of supply, اخراجات بہم رسانی ۔

Charges recoverable, اخراجات قابل الوصول ۔

Chargeable, *a.* قابل مواخذہ ۔ قابل باز پرس ۔ قابل مطالبہ زر ۔ قابل منہائی ۔ قابل احتساب واجب الادا ۔ واجب الاخذ ۔

Charity, *n.* خیرات ۔

یہ لفظ بڑے وسیع مفہوم میں استعمال ہوتا ہے اور اس میں خالص مذہبی ادارے بھی شامل ہیں ۔ صوبائی مقننہ ایسے اداروں کے لیے قانون وضع کر سکتی ہے ۔ (۱۹۵۰ء اڑیسہ ص ۳۷) ۔ ایک ایسے معاملے میں جس میں عام خیراتی امور زیر نزاع ہوں یہ ایک

نہایت غیر صحیح خابطہ ہوگا کہ مدعیان اور مدعا علیہ کو باہمی سمجھوتے کی اجازت دی جائے۔ خصوصاً ایسی صورت میں کہ جب معاملات بے حد پیچیدہ ہوں اور ٹرسٹیوں پر ٹرسٹ کی ہر طرح خلاف ورزیوں کے سنگین الزامات عائد کیے گئے ہوں۔ (۱۹۳۹ء رنگون ص ۱۰۸)۔

Charitable endowments, **خیراتی اوقاف۔**
خیراتی اوقاف قانونی مفہوم میں چار خاص اقسام میں تقسیم کیے جا سکتے ہیں:
۱۔ اوقاف برائے امداد غرباء۔
۲۔ اوقاف برائے فروغ تعلیم۔
۳۔ اوقاف برائے اشاعت و ترقی مذہب۔
۴۔ اوقاف برائے دیگر مقاصد فلاح معاشرہ۔
آخرالذکر اوقاف قانون کی نگاہ میں دوسرے اوقاف سے کم خیراتی ادارے نہیں ہیں۔ کیونکہ ان سے غریب اور امیر ہر دو مستفید ہوتے ہیں۔ لیکن اس کا مطلب یہ نہیں کہ ہر ہبہ یا تحفہ، جو عوام کے فائدے کے لیے ہو لازمی طور پر خیراتی ہوگا بلکہ اس کا مطلب یہ ہے کہ کوئی ہبہ قانونی مفہوم میں خیراتی نہیں ہے بجز اس کے کہ وہ لازمی طور پر عوامی حیثیت کا ہے۔ (۱۹۰۵ء چانسری ص ۱۲۳)

Charitable fund, **خیراتی سرمایہ۔**

Charitable Institution, **خیراتی ادارہ۔**
گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ ۱۹۳۵ء کی رو سے خیراتی ادارہ میں مذہبی ادارہ بھی شامل ہے۔

Charitable objects, **خیراتی اغراض۔**

Charitable purposes, **خیراتی مقاصد۔**
قانون اوقاف خیراتی مجریہ ۱۸۹۰ء کے تحت غربا کی تعلیمی، طبی سہولتیں اور عام پبلک کے فائدہ کا کوئی کام خیراتی مقاصد میں شامل ہے لیکن محض مذہبی تعلیم یا عبادت خیراتی مقصد کی تعریف میں نہیں آتی۔

Charitable Society, **خیراتی انجمن۔**

Charitable use, **رفاہی استعمال۔**

Chart, *n*. **نقشہ۔ خاکہ۔**

Chart writer, **نقشہ نویس۔ خاکہ نویس۔**

Charta, *n*. **قرطاس (وہ کاغذ یا پرچہ جس پر** دستاویز تحریر کی جائے)۔

Charter, *n*. **منشور۔ فرمان۔ سند شاہی۔ عہد نامہ۔**
دستاویز جس کے ذریعہ بادشاہ وقت سے جاگیر یا مراعات عطا کی ہوں۔

Charter party, **قرطاس پارٹی۔**
جہاز کے مالک اور سوداگر کے درمیان قول و قرار۔ سرخط کرایہ جس میں وہ شرائط مذکور ہوں جن پر جہاز کرایہ پر دیا گیا ہے۔

Charter of the king, **منشور شاہی۔**

Charter of pardon, **فرمان معافی۔**

Charter, Royal **فرمان شاہی۔**

Chartered Company, **شرکت منشوری۔**
وہ کمپنی جو شاہی فرمان کے ذریعہ قائم کی گئی ہو جس کے تحت اس کے اختیارات متعین کیے گئے ہوں۔

Chartered High Court, **عدالت العالیہ منشوری۔**

Chartered Ship or Plane, **محفوظ کردہ جہاز یا طیارہ۔**
وہ جہاز یا طیارہ جو کرایہ پر مخصوص کر لیا گیا ہو۔

Charterer, *n*. **محفوظ کنندۂ جہاز۔**

Chastisement, *n*. **تہدید۔ ملامت۔**

Chastity, *n*. **پاک دامنی۔ عفت۔**
پاک دامنی کی تردید کی شہادت زنا بالجبر کے مقدمات میں قابل ادخال ہوتی ہے۔

Chattel, *n*. **جائداد منقولہ۔ اثاث البیت۔ متاع۔ اسباب۔**

Chattel, Personal, **ذاتی اثاث البیت۔**
ذاتی جائیداد کی تعریف میں صرف اشیاء منقولہ ہی شامل نہیں ہیں بلکہ عام نالشی حقوق زر (Chose in action) بھی شامل ہیں۔

Chattel, Real, **جائیداد غیر منقولہ۔**

Cheap money, **سستا سرمایہ۔**
کم شرح سود پر دستیاب ہونے والا روپیہ۔

Cheat, *v*. **دھوکہ دینا۔ فریب دینا۔**

Cheating, *n*. **دغا۔ فریب۔ دھوکہ۔**
تعزیرات پاکستان کی دفعہ ۴۱۵ میں دغا کی حسب

ذیل تعریف بیان کی گئی ہے :

''جو کوئی شخص کسی شخص کو دھوکہ دے کر اس دھوکہ کھانے والے شخص کو فریب یا بددیانتی سے تحریک کرے یا اس پر رضامندی ظاہر کرنے کہ وہ کوئی مال لے رکھے یا دھوکہ کھانے والے شخص کو کسی ایسے امر کے کرنے سے باز رہنے کی قصداً تحریک کرے جس کو وہ نہ کرتا یا ترک نہ کرتا در آنحالیکہ اس کو اس طرح دھوکہ نہ دیا جاتا اور جو فعل یا ترک فعل اس شخص کے جسم، دماغ، نیک نامی یا مال کو مضرت پہونچانے یا اس کے پہونچانے کا احتمال ہو تو کہا جائے گا کہ اس نے دغا کی۔

ایسی صورت میں جرم دغا کا ارتکاب نہیں سمجھا جائے گا جب کہ کسی تیسرے شخص کو جسے دھوکہ نہیں دیا گیا تھا ملزم کے فعل سے نقصان پہنچا ہو (کریمنل لا جرنل ص ۳۷) دغا اور خلاف ورزی معاہدہ میں امتیاز تمام تر ملزم کی اس نیت پر منحصر ہے جو بوقت تحریر تھی اور اس کے افعال مابعد سے جانچی جا سکتی ہے مگر افعال مابعد با الکلیہ اصول نہیں ہو سکتے۔ محض خلاف ورزی معاہدہ کارروائی فوجداری کے لیے کافی نہیں ہے (۱۹۳۶ء۔ اودھ ۳۷۲) دغا کا جرم استحصال با الجبر کے مشابہہ ہے جس کا ارتکاب ناجائز منظوری کے ذریعہ ہوتا ہے۔ فرق اس قدر ہے کہ استحصال باالجبر میں منظوری دھمکی یا تخویف سے لی جاتی ہے اور دغا میں دھوکہ دہی سے۔ (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہوں دفعات ۴۱۵ تا ۴۲۰ تعزیرات پاکستان)۔

Cheating by personation, دغا یا دھوکہ دہی بذریعہ تلبیس شخصی۔

اگر کوئی شخص یہ ادعا کرنے سے کہ وہ کوئی اور شخص ہے یا جان بوجھ کر ایک شخص کو کوئی دوسرا شخص بنانے سے یا اپنے آپ کو یا کسی دوسرے شخص کو ایسا ظاہر کرنے سے جو وہ خود یا دوسرا شخص فی الواقع نہ ہو، دغا کرے تو کہا جائے گا کہ شخص مذکور نے دوسرا شخص بن کر دغا کی۔ مثال کے طور پر جب کہ ''الف'' نے خود کو ''ب'' ظاہر کرکے ''ب'' کے نام پر امتحان گاہ میں داخلہ کا اجازت نامہ (ہال ٹکٹ) حاصل کیا ہو اور ''ب'' ہی کے نام سے جواب لکھے ہوں تو قرار دیا گیا کہ ''الف'' نے جعلسازی اور دغا بذریعہ تلبیس شخصی کا ارتکاب کیا (۱۲ مدراس ص ۱۵۱)۔ (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو دفعہ ۴۱۶ تعزیرات پاکستان)۔

Check, n. & v. (۱) روک۔ مخالفت۔ انسداد۔ جانچ پڑتال۔
(۲) روکنا (یکایک) باز رکھنا۔ جانچنا۔

Check and Balance, تحدید و توازن۔

Chemical, a. کیمیائی۔

Chemical analysis, کیمیائی تجزیہ۔

Chemical Examiner, ممتحن کیمیائی۔

Chemist, n. دوا ساز۔

Chemist & Druggist, دوا ساز۔ دوا فروش۔

Cheque, n. چیک۔ ہنڈی۔ رقعہ۔

چیک وہ مبادلہ ہنڈی ہے جو کسی خاص بنک کے نام لکھا جائے اور جو سوائے عندالطلب کسی اور طریقہ پر قابل ادا قرار نہ دیا گیا ہو۔ (دفعہ ۶ قانون دستاویزات قابل بیع و شری) چیک ایک دستاویز قابل بیع و شرا ہے جو کسی مخصوص بنکار کے نام اجراء کیا جائے اور جس میں عندالطلب کے سوا کسی طرح ادائی کی صراحت نہ ہو۔

چیک پر اس کے جاری کرنے والے کے دستخط ضروری ہیں۔ اس میں ایک معین رقم کی صراحت ہونی چاہیے جو کسی خاص شخص کو یا اس کے حکم پر قابض دستاویز کو ادا شدنی ہو۔ تمام چیک بل آف ایکسچینج ہیں۔ مگر تمام بل آف ایکسچینج چیک نہیں ہیں۔

ایک کھاتے دار اور بنک کے تعلقات قرضخواہ اور مقروض کے سے ہیں اس کے علاوہ بنک پر یہ وجوب بھی عائد ہوتا ہے کہ جب تک کھاتہ دار کی رقم بنک میں جمع ہے اس کے چیک قبول کرے۔ (۳۰ مدراس ص ۱۳۴) جب کہ بنک نے یہ طے کر لیا کہ کھاتہ دار سے آئندہ لین دین نہیں کرے گا اور

جانے (۱۹۰۴ء ۲ کنگس بینچ ڈویژن ص ۴۳۲)
غرض اس کی محض یہ ہوتی ہے کہ رقم ایسے ذریعہ سے روانہ کی جائے کہ وقت ضرورت بہ آسانی معلوم ہو جائے کہ رقم کس کے فائدے کے لیے وصول کی گئی - (۱۸۷۳ء ۱- کوئنس بینچ ڈویژن ص ۳۱) -

Cheque, Specially crossed, خصوصی خط کشیدہ چیک -

جب کسی چیک پر بنکار کے نام کا اضافہ یا ''ناقابل بیع و شرئ'' کے الفاظ کے ساتھ کیا جائے تو ایسا اضافہ چیک کو ''خصوصی خط کشیدہ چیک'' بنا دے گا - قابض کو یہ اختیار ہے کہ غیر کشیدہ چیک کو کشیدہ عمومی یا خصوصی بنا دے -

Cheque, Dishonoured چیک نامنظورہ - نامنظور شدہ چیک -

Cheque, Traveller's مسافر چیک -

Chicanery, *n.* فریب - چال بازی -

Chief, *n.* سردار - حاکم اعلیٰ - خاص - اہم -

Chief complainant, اصل مستغیث -

Chief Customs Authority, حاکم اعلیٰ کسٹم - حاکم اعلیٰ کروڑ گیری -

Chief Controlling Revenue Authority, حاکم اعلیٰ مالیہ -

اس سے مراد وہ مرکزی مجلس ہے جو قانون مرکزی مجلس مال بابتہ ۱۹۲۴ء کے تحت قائم کی گئی ہو اور جس میں وہ اختیار اور فرائض بھی داخل ہیں جن کو مرکزی حکومت سرکاری جریدہ میں شائع کرنے کے بعد مرکزی مجلس مال سے کسی عہدہ دار صوبائی حکومت کو تحت دفعہ ۱۲۴ ایکٹ حکومت ہند بابت ۱۹۳۵ء تفویض کرے - اب یہ اختیارات دستور پاکستان اور دوسرے دستوری ایکٹوں کے تحت تفویض کیے جاتے ہیں -

Chief Court, عدالت اعلیٰ -

Chief, Examination in سوال ابتدائی - بیان ابتدائی -

See "Examination in Chief"

Chief Executive, صدر عاملہ - صدر انتظامی -

اس کے حساب میں جو باقی برآمد ہوئی اس کو کھاتہ دار کو واپس کرنے کی پیش کش بھی کی ، اس کے باوجود بنک مدعی کے چیک کو قبول کرنے سے انکار نہیں کر سکتا - (۱۰۱ پنجاب ریکارڈ ص ۱۸۸۵) -

اگر بنک نے کھاتہ دار کے جعلی دستخط کے چیک پر رقم کی ادائیگی کر دی تو بنک نقصان سے محفوظ نہیں رہ سکتا چونکہ جعلی دستخط کا چیک ، چیک ہی نہ تھا - بنک کا فرض تھا کہ اپنے کھاتہ دار کے دستخط شناخت کرکے رقم ادا کرتا - (۱۹۳۸ء - الہ آباد ص ۳۷۴) تاریخ آئندہ کا چیک جائز ہے لیکن تاریخ مقررہ سے قبل ایسے چیک کی تصدیق ناجائز ہے (۱۹۴۴ء - ہربوی کونسل ص ۵۸) رقم بقایا کی ادائیگی میں اس علم کے باوجود کہ بنک میں رقم موجود نہیں چیک دیا جائے تو یہ عمل ارتکاب جرم کی حد تک نہیں پہونچتا بلکہ صرف مضرت دیوانی ہے - (۱۴ پٹنہ لا جرنل ص ۸۶۹) - لیکن اگر کسی شخص نے کوئی مال لے کر چیک دیا ہے اور اس چیک کی رقم ادا کرنے سے بنک نے انکار کر دیا ہے اور بلحاظ حالات یہ قیاس کیا جا سکتا ہے کہ اسے اس بات کا علم تھا کہ چیک کی ادائیگی سے انکار ہو جائے گا ، اس طرح عدم ادائی کا واقعہ اتفاقی نہ ہو تو ایسی صورت میں وہ شخص دغا کا مرتکب ہو سکتا ہے -

Cheque, Bearer حاملی چیک -

Cheque, Blank سادہ چیک -

Cheque book, چیک بک -

Cheque, Certified مصدقہ چیک -

وہ چیک جس کی ادائی متعلقہ بنک نے قبول کر لی ہو -

Cheque, Crossed خط کشیدہ چیک -

Cheque, Generally crossed عمومی خط کشیدہ چیک -

جب چیک پر دو متوازی خطوط کھینچ کر اس میں ''اینڈ کمپنی'' کا اضافہ کر دیا جائے یا قابل بیع و شرئ لکھ دیا جائے تو ایسے اضافہ سے چیک خط کشیدہ عمومی ہو جائے گا - چیک کو ''کراس'' کرنا گویا بنک کو ہدایت کرنا ہے کہ رقم بنک کو ادا کی

اعلیٰ اہل کار عدالت ۔

Chief of protocol, رئیس التشریفات ۔

Chief Presidency Magistrate, چیف پریذیڈنسی مجسٹریٹ ۔

Chief Revenue Authority, حاکم اعلیٰ مالیہ ۔

Chief, Tribal رئیس قبیلہ ۔

Chief Variations, اہم تغیرات ۔

Child, *n.* بچہ ۔ طفل ۔

بچے کی تعریف میں بالعموم وہ بچے آتے ہیں جن کی عمر ۱۴ سال سے کم ہو ۔ فرنٹیر کرائمز ریگولیشن ۱۹۱۱ء میں ۲ سال سے زائد اور ۱۸ سال سے کم عمر کا شمار بچہ میں ہوگا ۔ لیکن دوکانات اور تجارتی اداروں کے قانون کے تحت ۱۴ سال سے کم عمر والوں کا شمار "بچوں" میں ہوگا ۔

دفعہ ۴۸۸ ضابطہ فوجداری کے تحت بچے کی عمر کا سوال فیصلہ کن صورت پیدا نہیں کرتا بلکہ زیر غور یہ امر ہوتا ہے کہ بچہ خود کی پرورش کر سکنے کا اہل ہے یا نہیں ۔ (اے آئی آر ۱۹۵۱ء کلکتہ ص ۶۶)

عام طور پر "بچے" کی تعریف میں "ناجائز بچہ" بھی شامل ہے لیکن از روئے قانون بچے سے جائز اولاد مراد لی جاتی ہے ۔ الا یہ کہ ظاہراً یا معناً ناجائز اولاد بھی مراد ہو ۔

قانون محصول آمدنی (انکم ٹیکس) کی دفعہ ۱۶ کے تحت "بچے" کے لفظ کا اطلاق ناجائز بچوں پر نہیں ہوتا ۔

بچہ کی گواہی کی صورت میں سوال جو اس کی اہلیت کے متعلق پیدا ہوتا ہے اس کا انحصار اس پر نہیں ہے کہ آیا وہ حلف کی ذمہ داری کو سمجھ سکتا ہے یا نہیں بلکہ دیکھا یہ جاتا ہے کہ آیا وہ ان سوالات کا جواب معقول طریقہ پر دے سکتا ہے یا نہیں جو اس سے کیے جائیں ۔ (۱۹۳۲ء) کلکتہ ص ۲۳۷) ۔

بچوں کے بیانات بطور گواہ قلم بند کرنے سے پہلے عدالت کو چاہیے کہ چند سادہ اور معمولی سوالات کرکے ان کی ذہانت کا امتحان لے لے اور اس تحقیقات کے متعلق مسل میں مختصر یادداشت لکھ دے تا کہ عدالت مرافعہ کسی بچہ کی شہادت کی اہلیت کے

[C]hief Judge, *n.* چیف جج ۔ صدر ناظم عدالت ۔

[C]hief Justice, چیف جسٹس ۔ میر مجلس ۔

آرٹیکل ۱۹۶ دستور پاکستان ۱۹۷۳ء کے تحت چی[ف] جسٹس کے چھٹی پر چلے جانے ، یا کسی اور سبب [سے] کام کرنے کے ناقابل ہونے (مثلاً بیمار یا انتقال وغیر[ہ]) کی بناء پر صدر مملکت عدالت عالیہ کے سب [سے] سینئر جج کو قائم مقام چیف جسٹس مقرر کرے گا

سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اگر صدر مملکت چیف جسٹس کی جگہ خالی ہو جانے پر فوری طور پر ا[س] کو آرٹیکل ۱۹۶ دستور پاکستان کی روشنی میں پر[ُ] کرے تو ہائی کورٹ کا وجود ہوگا ؟ کیونکہ ہائ[ی] کورٹ کی جو تعریف دستور میں کی گئی ہے وہ یہ [ہے] کہ وہ چیف جسٹس اور ججان ہائی کورٹ پر مشتمل ہوتی ہے ۔

اسی قسم کا سوال الہ آباد ہائی کورٹ میں بھی پیدا ہوا تھا ۔ جب کہ ججوں کی مقررہ تعداد میں کمی واقع ہو گئی تھی ، اس میں یہ قرار دیا گیا کہ عدالت عالیہ کا وجود قائم ہے اور وہ کام کرنے کی اہل ہے ۔ (اے ۔ آئی ۔ آر ۔ ۱۹۳۴ء ، الہ آباد)

ایسی ہی صورت حال عدالت عالیہ سندھ و بلوچستان کے چیف جسٹس طفیل علی عبدالرحمن مرحوم کی وفات پر واقع ہوئی ۔ مرحوم کا انتقال ۱۶ جنوری ۱۹۷۵ء کو ہوا ، دستور پاکستان کے مطابق سب سے سینئر جج ، مسٹر جسٹس نور العارفین کا تقرر بحیثیت قائم مقام چیف جسٹس ہو جانا چاہیے تھا ، لیکن بعض مصلحتوں کے سبب ، حکومت کی جانب سے اعلامیہ (Notification) جاری کرنے میں خاصی تاخیر سے کام کیا گیا ، نتیجۃً عدالت عالیہ کا کام پورے ایک ہفتہ بند رہا ۔ بالفاظ دیگر عدالت عالیہ کے جج صاحبان نے معنوی طور پر (عملاً) اس نقطۂ نظر کو قبول کر لیا کہ چیف جسٹس کے انتقال اور قائم مقام چیف جسٹس کے عدم تقرر کے سبب عدالت عالیہ کا وجود نہ رہا اور وہ اپنے عدالتی فرائض انجام دینے کی اہل نہ رہی ۔

Chief Justice, Acting قائم مقام چیف جسٹس ۔

Chief Ministerial Officer of the Court,

متعلق اپنا اطمینان کر سکے - (۱۹۲۸ء لاہور ص ۹۰۳) لیکن بعض مقدمات میں یہ بھی طے کیا گیا ہے کہ ایسی تحقیقات ضروری نہیں - بیان قلمبند کرنے کے دوران میں بھی ذہانت کا امتحان لیا جا سکتا ہے - (۱۹۳۰ء سندھ ص ۱۲۹) -

Child bearing, حمل سے ہونا -

Child in womb, جنین (رحم مادر میں بچہ) -

زندہ شخص کی تعریف میں وہ بچہ بھی شامل ہے جو رحم مادر میں ہو - (۱۹۰۷ء اپیل کیسیز ص ۱۹۳۳) -

جنین پر دست اندازی تعزیری جرم ہے -

اسلامی قانون وراثت کے تحت حمل اگر مورث کی زوجہ کا ہے تو اس کا حصہ روک لیا جائے گا - حصہ کے تعین میں طریقہ کار یہ ہونا چاہیے کہ اس کو لڑکا یا لڑکی تصور کرتے ہوئے یہ دیکھا جائے کہ زیادہ ترکہ کس صورت میں پہونچتا ہے - پس اگر لڑکی فرض کرنے سے زائد حصہ پہونچتا ہے تو لڑکی کا حصہ روک لینا چاہیے اور اگر لڑکا تصور کرکے اس کو زائد ترکہ پہونچتا ہے تو لڑکا تصور کرکے زائد حصہ روک لینا چاہیے - (ملاحظہ ہو مجموعہ قوانین اسلام ، تنزیل الرحمن ، جلد پنجم ، قانون وراثت ، باب وراثت حمل -

حمل کے لیے وصیت بھی جائز ہے مگر شرط یہ ہے کہ حاملہ کے شوہر کے موجود ہونے کی صورت میں موصی کی موت سے چھ ماہ کے اندر وضع حمل ہوگیا ہو - حاملہ کے معتدۂ طلاق یا معتدۂ وفات ہونے کی صورت میں وضع حمل کی آخری مدت دو سال ہوگی (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو مجموعہ قوانین اسلام ، مؤلف ہذا ، جلد چہارم ، قانون وصیت دفعہ ۲۲۳ صفحات ۱۳۸۱ - ۱۳۷۵) -

Child, Illegitimate ولدالزنا -

Child, Legitimate صحیح النسب بچہ -

قیاس قانونی یہ ہے کہ بچے صحیح النسب ہوتے ہیں -

Childless, *a.* لاولد - بے اولاد - عقیم -

Children, *n.* اطفال - بچے - child کی جمع -

Childreu Act, قانون اطفال -

Chirographer, *n.* کاتب (دستاویزات) -

Chirographist *n.* دستاویزات تحریر کرنے والا -

Choice, *n.* پسند - انتخاب -

Choose, *v.* چننا - انتخاب کرنا -

Chose, *n.* شئے - چیز -

Chose in action, حق نالش (زر) -

اس اصطلاح کے اصلی اور حقیقی معنی ہیں ایک ایسا حق نالش جو وصولی زر قرضہ یا ہرجہ کے لیے کسی کو مجاز کر دے - اس مفہوم میں اس کا اطلاق اثاث البیت اور ان اشیاء پر ہوتا ہے جو قبضہ میں واقعتاً موجود ہوں اور ذاتی جائداد محسوس ہوتی ہوں - (لیگل انسائیکلوپیڈیا) اب اس اصطلاح میں وہ تمام ذاتی مال منقولہ بھی شامل ہوگیا ہے جو قبضہ میں ہو - (لارڈ بلاک برن ۱۱ اپیل کیسیز ص ۱۱۵)

اس کا مطلب یہ ہے کہ ایک چیز جو قبضہ میں نہ ہو ، حوالہ بھی نہیں کی جا سکتی لیکن وجوب ایک ایسی چیز ہے کہ نالش کے ذریعہ نافذ کرایا جا سکتا ہے -

Chose in possession, حق شئے مقبوضہ -

کسی ایسی شے کی نسبت استحقاق جو حقیقی طور پر اس کے قبضہ و اختیار میں ہو -

ایک شئے جو فی الواقع قبضے میں ہو جیسے مال جس پر کسی شخص کو نہ صرف تصرف کا حق حاصل ہو بلکہ واقعتاً وہ اُس کے تصرف میں ہو -

اس قسم کے دعاوی میں بالعموم استقراریہ ڈگری عطا کیے جانے کی استدعا کی جاتی ہے -

Chose, Transitory شئے منقولہ - جائیداد منقولہ -

Christian era, سنہ عیسوی -

Chronic, *a.* کہنہ - دیرینہ - قدیم - مزمن -

Chronic disease, مرض کہنہ یا مزمنہ -

Chronogram, *n.* نثر یا نظم جس کے حروف کے اعداد سے تاریخ معلوم ہو -

Chronological Order, تاریخ وار ترتیب -

Cipher, *n.* & *v.* رموز- خفیہ رسم الخط یا خط رموز میں تحریر کرنا -

Circle, *n.* حلقہ - دائرہ -

Circuit, *n.* دائرہ ۔ دورہ ۔
ججوں کا اپنے حدود ارضی میں اس غرض سے دور کہ مقدمات کی مقامی تحقیق کی جانے اور ماتحت عدالتوں کی کارکردگی کا جائزہ لیا جائے سرکٹ کہلاتا ہے ۔ سال میں دو تین بار اعلیٰ عدالتوں کے حکام اس غرض سے دورہ کیا کرتے ہیں ۔

Circuit Court, دوری یا گشتی عدالت ۔

Circiut Judge, جج عدالت دوری ۔

Circular, *n.* گشتی مراسلہ ۔

Circulating Capital, گشتی سرمایہ ۔
وہ سرمایہ جو کاروبار چلانے کے لیے حقیقی طور پر استعمال میں ہو جیسے خام مال کی خریداری، تنخواہوں کی ادائی وغیرہ ۔

Circulation, *n.* حلقۂ اشاعت ۔ تعداد اشاعت ۔

Circulation of money, گردش زر ۔

Circumscribe, *v.* محدود کرنا ۔ مخصوص کرنا ۔

Circumstances, *n.* حالات ۔

Circumstantial evidence, قرائنی شہادت ۔
قرائنی شہادت سے مراد ایسی شہادت ہے جو عینی گواہوں کی فراہم کردہ نہ ہو بلکہ ایسے واقعہ یا واقعات متعلقہ پر مبنی ہو جس سے مبینہ امر واقعہ کی صحت کے سوا کوئی اور نتیجہ نہ نکالا جا سکتا ہو ۔

Circumstantially, *ad.* قرائن سے ۔

Circumvention, *n.* فریب دہی ۔ حیلہ ۔ دھوکا ۔ پھندا ۔ دام ۔

Citation, *n.* حوالہ (نظیر یا کسی مستند کتاب کا) استناد ۔ مقولہ ۔ طلبی ۔ طلب نامہ ۔ استدعاء ۔

Cite, *v.* حوالہ دینا ۔ نظیر لانا ۔ سمن جاری کرنا ۔ حکمنامہ جاری کرنا ۔

Cited above, محوّلہ بالا ۔

Cited cases, پیش کردہ نظائر ۔

Citizen, *n.* شہری ۔ متوطن ۔

Citizen of Pakistan, پاکستان کا شہری ۔

Citizen, Naturalized متجنس ۔

Citizen, World متوطن عالمی ۔ عالمی شہری ۔

Citizenship, *n.* شہریت ۔

Citizenship, Pakistan پاکستانی شہریت ۔

Civic, *a.* مدنی ۔ شہری ۔ سماجی ۔

Civil centre, مرکز مدنی ۔

Civil, *a.* دیوانی ۔ غیر فوجی ۔ غیر مصاف ۔ معاشرتی ۔ اجتماعی ۔

Civil accounts, حسابات دیوانی ۔

Civil action, دیوانی کارروائی ۔ دیوانی مقدمہ ۔

Civil Appeal, مرافعہ دیوانی ۔ اپیل دیوانی ۔

Civil Appellate Court, عدالت مرافعہ دیوانی ۔ عدالت اپیل دیوانی ۔

Civil Appellate Side, صیغۂ اپیل دیوانی ۔

Civil aviation, شہری ہوا بازی ۔ شہری جہاز رانی ۔ شہری طیارہ رانی ۔

Civil case, دیوانی مقدمہ ۔

Civil Court, *v.* عدالت دیوانی ۔
عدالت دیوانی سے مراد ایک ایسی عدالت ہے جس کو دیوانی نوعیت کے مقدمات اور کارروائی کی تحقیقات و سماعت کا اختیار حاصل ہو۔ (۹ کلکتہ ص ۲۹۵ پریوی کونسل)
الفاظ ''عدالت دیوانی'' مبینہ دفعہ ۳ قانون انتقال جائداد میں وہ تمام عدالتیں شامل ہیں جنہیں دیوانی نوعیت کے مقدمات کا اختیار سماعت حاصل ہے ۔ عدالت دیوانی میں عدالت مال (Revenue Court) شامل نہیں ہے ۔

Civil commotion, داخلی بے چینی ۔ اضطراب داخلی ۔ شہری بے چینی یا ہلچل ۔

Civil Custody, حراست دیوانی ۔

Civil Day, سرکاری دن ۔

Civil Death, وفات قانونی ۔ ترک وطن ۔ محرومی حقوق ۔

Civil Deposit, امانت دیوانی ۔

Civil Disobedience, شہری نافرمانی ۔

Civil Employee, شہری ملازم ۔ غیر مصافی یا غیر فوجی ملازم ۔

Civil Force, پولیس ۔

Civil Jail, محبس دیوانی ۔ دیوانی جیل ۔

Civil Judge, سول جج ۔

Civil Judgement, دیوانی فیصلہ ۔

دیوانی عدالتوں میں فریقین کے حقوق یا دعاوی کا آخری تصفیہ، دیوانی فیصلہ کہلاتا ہے جبکہ فوجداری مقدمہ میں ملزم کے ارتکاب جرم کی تحقیقات اور سماعت جرم کا نتیجہ فیصلہ کہلاتا ہے ۔

Civil Law, قانون دیوانی ۔

Civil liability, دیوانی ذمہ داری (مالی) ۔

Civil Liberty, سول آزادی ۔ شہری آزادی ۔

Civil Life, اجتماعی معاشرتی زندگی ۔

Civil List, فہرست ملازمین سرکار (غیر فوجی) ۔

Civil Marriage, سول میرج ۔

Civil miscellaneous application, متفرق درخواست دیوانی ۔

Civil nature, suit of نالش نوعیت دیوانی ۔

Civil Nazir, ناظر عدالت دیوانی ۔

Civil official, عہدہ دار سرکار ۔ سرکاری عہدہ دار غیر فوجی عہدہ دار سرکار ۔

Civil post, غیر فوجی خدمت یا عہدہ ۔

Civil prisoner, دیوانی قیدی ۔ محبوس بصیغہ دیوانی ۔

Civil proceeding, دیوانی کارروائی ۔

وہ کارروائی جو افراد کے حق دعویٰ یا حیثیت کے متعین کرنے اور بحالی کے لیے عدالت دیوانی میں کی جائے ۔

Civil Procedure Code, ضابطہ دیوانی ۔

Civil regular first appeal, باضابطہ مرافعہ اول دیوانی ۔

Civil regular second appeal, باضابطہ مرافعہ دوم دیوانی ۔

Civil Remedy, دیوانی چارہ جوئی ۔ دیوانی چارۂ کار ۔

بعض چارہ کار اس قسم کے ہوتے ہیں کہ اس میں دیوانی چارہ کار کے علاوہ فوجداری چارہ کار بھی اختیار کیا جا سکتا ہے ۔ مثلاً دعویٰ ازالہ حیثیت عرفی ۔

Civil revision, نگرانی بصیغہ دیوانی ۔

Civil rights, شہری حقوق ۔ حقوق مدنی ۔

شہری حقوق کے الفاظ اپنے سیدھے سادے معنوں میں بہت وسیع مفہوم رکھتے ہیں (۱۸۸۱ء اپیل کیسیز پریوی کونسل ص ۹۹) ۔

Civil service, سول سروس ۔ ملکی ملازمت ۔ غیر فوجی ملازمت ۔

Civil Service (Control and Appeal) Rules, قواعد (انضباط و اپیل) ملازمت ملکی ۔

Civil service regulations, ضوابط ملازمت ملکی ۔

Civil servant, سرکاری ملازم (غیر فوجی) ۔ ملکی ملازم ۔ ملازم دیوانی ۔

Civil suit مقدمہ دیوانی ۔

کوئی مقدمہ دیوانی ہے یا نہیں اس کے لیے فریقین کی حیثیت (Status) نہیں بلکہ شے متنازعہ کا لحاظ کیا جائے گا ۔ (۱۹۴۸ء الہ آباد ص ۳۸۲)

ابتدائی دیوانی عدالتوں کو دیوانی معاملات کی سماعت اور تصفیہ کا اختیار اس وقت تک حاصل نہیں ہوتا جب تک قانون متعلقہ میں اس کی صراحت نہ کر دی گئی ہو لیکن اعلیٰ عدالتوں کے اختیار سماعت کے بارے میں یہ تسلیم کیا گیا ہے کہ اعلیٰ عدالتیں ہر قسم کے دیوانی دعووں کی سماعت و تصفیہ کا اختیار رکھتی ہیں بجز اس کے کہ صراحتاً یا معناً اس کی ممانعت کی گئی ہو ۔

ایک شخص کو جسے دیوانی نوعیت کی شکایت ہو اس امر کی آزادی ہے کہ قانون کے تحت کسی عدالت میں بھی مقدمہ دائر کرے بجز اس کے کہ صراحتاً یا معناً اس کی ممانعت ہو ۔ (۱۹۲۵ء بمبئی ص ۱۸۸) ۔

عدالت ہر طرح کے دیوانی مقدمہ کی سماعت کر سکتی ہے مگر امور متنازعہ کا فیصلہ اس وقت تک نہیں کر سکتی جب تک کہ قانون میں صراحتاً اس کو یہ اختیار نہ دیا گیا ہو (۴۳ بمبئی ص ۶۷۶) ۔

عدالت دیوانی کو ان مقدمات کی سماعت کا اختیار نہیں ہے جو عدالت مال کی سماعت کے قابل ہوں یعنی اس کے دائرۂ اختیار میں آتے ہوں ۔ (۱۹۲۹ء الہ آباد ص ۶۱۳) ۔

عہدہ داران مال کو وصولی مال گزاری کے سلسلے میں مختلف قوانین کے تحت مخصوص اختیارات سماعت

دئے گئے ہیں - (۱۹۲۸ع پٹنہ ص ۲۰) اور بعض صورتوں میں تو عہدہ داران مال یا مالی عدالتوں کو حقیت کے تصفیہ کا بھی اختیار دیا گیا ہے (۱۹۳۵ع الہ آباد ص ۹۶۶) متعدد قوانین مال میں صراحتاً بعض خاص معاملات میں عدالت ہائے دیوانی کو مقدمات سماعت کرنے سے باز رکھا گیا ہے - اس کا مطلب یہ ہے کہ دیوانی عدالت کسی ایسی ڈگری یا کسی تجویز کو جو عدالت مال نے اپنے اختیار سماعت کے حدود میں صادر کی ہو منسوخ نہیں کر سکتی (۱۹۳۱ع اودھ ص ۲۳۲) اور نہ ایسی استقراری ڈگری دے سکتی ہے کہ فریقین کو عدالت مال نے جو حقوق دئے ہیں وہ جائز نہیں ہیں (۱۹۲۳ع اودھ ص ۶۹) یا یہ کہ عدالت مال نے جو نیلام کیا ہے ناجائز ہے (۱۹۳۳ع مدراس ص ۳۸۴) -

جب کہ مقننہ نے کسی قانون منظورہ کے ذریعہ ایک خصوصی عدالت ، بعض حقوق کے تصفیہ کے لیے ، قائم کی ہو تو اس عدالت خصوصی کا اختیار سماعت بھی مخصوص ہوگا اور عدالت دیوانی ایسے امور کی سماعت نہ کر سکے گی (۱۹۳۹ع الہ آباد ص ۵۰) لیکن اگر اس خصوصی عدالت نے اپنے دائرہ اختیار سماعت کی حدود سے تجاوز کیا ہو تو اس صورت میں عدالت دیوانی اس فیصلہ کو منسوخ کر سکتی ہے یا اس سلسلہ میں استقراری ڈگری دے سکتی ہے (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو دفعہ ۹ ضابطہ دیوانی) مزید برآں ہائی کورٹ تحت آرٹیکل ۹۹ ، دستور پاکستان ۱۹۷۳ع اپنے اختیار خصوصی نسبت اجرائے پروانہ کے تحت اس حکم یا فیصلہ کو کالعدم قرار دے سکتی ہے -

Civil Surgeon, سول سرجن -

Civil War, خانہ جنگی (داخلی) -

Civil wrong, خطاء مدنی- خطا منجر بہ نالش دیوانی-

Civilian, *n.* شہری - مدنی (برخلاف فوجی) -

Civilization, *n.* تمدن -

Civilized, *a.* متمدن -

Claim, *n.* دعویٰ - مطالبہ - حق - نالش

Claim, Accepted, منظورہ مطالبہ یا دعویٰ -

Claim, Admission of, قبول دعویٰ -

Claim, Admitted, دعویٰ مقبولہ -

Claim, False, جھوٹا دعویٰ -

جب کہ کوئی شخص فریب یا بددیانتی سے یا کسی کو نقصان پہونچانے یا انتقام لینے کی نیت سے یا خود کوئی ناجائز فائدہ حاصل کرنے کی نیت سے یا کسی دوسرے کو ناجائز فائدہ پہونچانے کی غرض سے کسی عدالت انصاف میں ایسا دعویٰ کرے جس کو وہ جھوٹ جانتا ہو تو ایسے دعویٰ کو جھوٹا دعویٰ کہا جائے گا -

Claim for damage, دعویٰ معاوضہ ضرر -

Claim, Preferential مرجح دعویٰ -

Claim, Rejected خارج شدہ دعویٰ -

Claimable, *a.* قابل دعویٰ - قابل مطالبہ -

Claim, Withdrawal of واپسی دعویٰ -

زیر حکم ۲۳ قاعدہ ۱ ضابطہ دیوانی مدعی کو اختیار حاصل ہے کہ وہ جب چاہے اپنے دعویٰ کے کل یا جزو کو واپس لے سکتا ہے ، زیادہ سے زیادہ عدالت اس کے ذمہ فریق ثانی کا خرچہ عائد کر سکتی ہے -

Claim, Whole جملہ دعویٰ -

(جملہ دعویٰ جو ایک بنائے دعویٰ سے پیدا ہو) -

حکم ۲ قاعدہ ۲ ضابطہ دیوانی کے تحت مدعی کے لیے لازم ہے کہ وہ جملہ دعوے جو ایک ہی بنائے دعویٰ سے پیدا ہوں ایک ہی دعویٰ کی شکل میں پیش کرے - اسے ایک دعویٰ متعدد اجزاء میں پیش کرنے کا اختیار حاصل نہیں ہے -

Claimant, *n.* دعویدار -

Claimant by pre-emption, دعویدار شفیع -

Claimant's title, حقیت دعویدار -

Clan, *n.* فرقہ

Clandestine, *a.* خفیہ - پوشیدہ - مخفی -

Clandestine mortgage, رہن مخفی -

اگر کوئی جائیداد پہلے سے رہن ہو مگر اس رہن کے متعلق ذکر کیے بغیر وہ جائیداد پھر رہن کر دی جائے تو دوسرے رہن کو "رہن مخفی" کہا جائے گا - ایسی صورت میں پہلے مرتہن کو دوسرے مرتہن پر فوقیت حاصل ہوگی -

Clarify, *v.* واضح کرنا ۔

Clarification, *n.*
Clarity, *n.* } وضاحت ۔ تشریح ۔

Class, *n.* طبقہ ۔ فرقہ ۔ درجہ ۔ جماعت ۔ قسم ۔

Class consciousness, طبقاتی شعور ۔

Class of application, قسم ۔ درخواست ۔

Class hatred, طبقاتی منافرت ۔

Class Legislation, طبقاتی قانون سازی ۔

Class of cases, قسم مقدمات ۔

Class of pension or gratuity, قسم پنشن یا رقم انعام ۔

Class of proceedings, قسم کارروائی ۔

Class of property, قسم جائیداد ۔

Class, Ruling طبقہ حاکمہ ۔

Class Struggle, طبقاتی جد و جہد ۔

Classification, *n.* درجہ‌بندی۔ ترتیب درجہ‌واری ۔

Classification of charges, درجہ بندی الزامات

Classification of crimes, درجہ بندی جرائم ۔

Classification of finger prints, درجہ بندی نشانات انگشت ۔

Classifieation of land, درجہ بندی آراضی ۔

Classification of law, درجہ بندی قانون ۔

Classifiation of offenders, درجہ بندی مجرمین ۔

Classification of things and property, تقسیم اشیاء و اموال (درجہ بندی) ۔

Classified, *a.* درجہ وار ۔ درجہ بند ۔

Clause, *n.* فقرہ ۔ ٹکڑا ۔ چھوٹا جملہ ۔ شق ۔ ضمن ۔

Clause, شرط (قانون یا عہد نامہ کی) ۔

Clauses, General فقرات عامہ ۔ عبارات عامہ ۔

Clause, Sub فقرۂ ضمنی ۔

Clean, *a.* صاف ۔ بے داغ ۔ بےگناہ ۔ بے قصور ۔

Clean hands, بے داغ ۔

جب کوئی مدعی انصاف کا طالب ہوکر عدالت میں جاتا ہے تو خود اس کو بے قصور ہونا چاہیے یعنی اس کا طرز عمل بے داغ اور شک و شبہ سے پاک ہو ۔ لیکن اس اصول کی حد بندی یہ ہے کہ اس کا طرز عمل شئے متدعویہ کے تعلق ہی سے قابل لحاظ ہوگا اور دوسری ہر چیز غیر اہم ہوگی ۔

Clean handedness, بے گناہی ۔ پاک دامانی ۔

Clean tongue, پاک زبان ۔ فحش کلامی سے احتراز کرنے والا ۔

Clean out, *v.* دیوالہ نکل دینا ۔ قلاش ہو جانا ۔

Clear, *a.* واضح ۔ غیر مبہم ۔ صریح ۔

Clear days, پورے دن ۔

جب کسی کام کے لیے چند دن مخصوص کیے جائیں یا اس کی مہلت دی جائے تو ان مقررہ ایام میں سے پہلا یا آخری دن خارج کرکے دنوں کا شمار کیا جائے گا ۔

Clear (from), بری ہونا یا کرنا (الزام یا شبہ سے) ۔

Clear out, سلجھا ہوا ۔

Clear sighted, تیز فہم ۔ تیز نظر ۔

Clear up, *v.* صاف کرنا ۔ رفع کرنا (شبہ) ۔

Clearance, *n.* تخلیص ۔

Clearance certificate, صداقت نامہ تخلیص ۔ سند تخلیص ۔

Clearing *n.* تخلیص ۔ چھڑانا (مال یا بلٹی کا) ۔

Clearing agent, کارندۂ تخلیص ۔

Clearing charges, اخراجات تخلیص ۔

Clearing house, تخلیص خانہ ۔

یہ اصطلاح قانون بنکاری کی ہے ۔

Clearance, Custom تخلیص گمرک۔ تخلیص کرگری۔ (جنگی) ۔

Clearance, Political تطہیر سیاسی ۔

Clemency, *n.* شفقت یا رحم ۔ خدا ترسی۔ حلم ۔

Clerical, *a.* دفتری ۔

Clerical or arithmetical error, غلطی تحریر یا حساب ۔

Clerk, *n.* اہلکار ۔ منشی ۔ محرر ۔ کاتب ۔

دور حاضر میں منشی یا محرر سے مراد کسی سرکاری یا نجی دفتر میں لکھنے والے سے ہے خواہ اس کے ذمہ

حساب کتاب رکھنا ہو یا دیگر تحریری کارروائی ۔
اگر کوئی محرر یا ملازم یا اس طرح کا کام کر
پر مامور شخص جس کی تحویل میں کوئی جائیداد
جائیداد کی نگرانی کا کام سپرد ہو اور وہ اس می
تغلب کرے تو تعزیرات پاکستان کی دفعہ نمبر ۸ .
کے تحت ۷ سال تک قید یا جرمانہ یا دونوں سزائی
دی جا سکتی ہیں ۔

Clerk of the Court, محرر عدالت ۔

Clerk of the crown, کاتب سرکار ۔ محرر سرکار ۔
پاکستان میں محرر سرکار کی اصطلاح میں و
عہدہ دار بھی داخل ہیں جنہیں چیف جسٹس نے محر
سرکاری کے ان فرائض کی انجام دہی کے لیے خاص طو
پر مقرر کیا ہو جو ضابطہ فوجداری کے تحت محر
سرکاری کے سپرد ہوں ۔ انگلستان کی عدالتوں میں اس
عہدہ دار کو کہتے ہیں جس کے ذمہ فرد جرم کی
ترتیب ، ملزم کے سامنے اس کی خواندگی اور جمل
الزامات کا اندراج کرنا ہوتا ہے ۔

Clerk, Registration محرر رجسٹری ۔

Clerkship, *n.* محرری ۔

Client, *n.* موکل ۔ گاہک ۔ آسامی ۔

Clientele, *n.* موکلین ۔

Clog, *n.* روک ۔ بندش ۔

Clog on the equity of redemption, شرط مانع نصفت انفکاک ۔
ایسی شرط ، روک یا بندش جو حق انفکاک پر
لگائی جائے ۔
کوئی ایسی شرط جو راہن کے حق انفکاک پر پابندی
عائد کرتی ہو یا راہن کے حق کو ساقط کرتی ہو
باطل اور کالعدم تصور کی جاتی ہے ۔ مثلاً کسی تمسک
معاہدہ کے ذریعہ راہن کا یہ اقرار کہ تاوقتیکہ اس
تمسک کا روپیہ ادا نہ کر دیا جائے وہ سابق رہن شدہ
جائیداد کو واپس نہ لے گا ، ناجائز شرط قرار دیا گیا ۔
(۲۶ الہ آباد ص ۹ ۵ ۵) ۔

Close, *n.* & *a.* (۱) خاتمہ ۔ احاطہ ۔ گھیرا ۔ دوالہ (کاروبار کا) ۔
(۲) ختم کرنا ۔ انجام کو پہنچنا ۔ مکمل کرنا ۔ بند ہونا یا کرنا ۔ طے کرنا ۔

Close argument, دلیل قاطع ۔ قوی استدلال ۔

Close attention, توجہ کامل ۔ گہری توجہ ۔

Close Borough, قصبہ یا مضافات جس کے خلاف حکم امتناعی جاری کر دیا گیا ہو ۔

Close contest, برابر کا مقابلہ ۔

Close Bankruptcy, اختتام دوالہ ۔
جب دیوالیہ کا قرضہ اور آمدنی جائیداد سے وصول
کر لی جائے اور اس کے جملہ قرض خواہوں کا قرض
بے باق کر دیا جائے تو یہ کارروائی دوالہ کا
اختتام ہوگا ۔

Close of pleadings, پلیڈنگس کا اختتام ۔
دیوانی مقدمہ میں جب کہ فریق ثانی بغیر کسی مزید
بیان کے اور دیگر پلیڈنگس کے اضافے کے تنقیحات کے
قیام میں شریک ہو جائے تو یہ تصور کیا جائے گا
کہ فریقین کی طرف سے پلیڈنگس ختم ہو گئیں ۔

Close prisoner, قیدی جو سخت نگرانی میں ہو ۔

Close resemblance, قریبی مشابہت ۔

Closed, *a.* بند ۔
دوکانات اور تجارتی اداروں کے قانون کے تحت بند
کا مفہوم یہ ہے کہ دوکان یا تجارتی ادارہ گاہکوں
یا عام تجارتی لین دین کے واسطے کھلا نہ ہو ۔

Closing session, جلسہ اختتامیہ ۔

Closely, *ad.* بغور ۔ نزدیک سے ۔ پوشیدہ طور پر ۔

Closure, *n.* بندش ۔ احاطہ ۔ اختتام ۔ بحث ۔
پارلیمانی امور کے تحت جب اسپیکر بحث ختم کرنے کا
حکم دے اور مسئلہ زیر غور پر رائے (ووٹ) طلب
کرے تو اس کو پارلیمانی اصطلاح میں اختتام بحث
(Closuer) کہا جاتا ہے ۔

Cloud on title, تشکیک حقیت ۔ حقیت کا مشکوک ہونا ۔

Club, *n.* سبھا ۔ کلب ۔ مجلس ۔ گرز ۔

Club Law, ڈنڈا شاہی ۔

Co-accused, شریک مجرم ۔

Coalition, اختلاط ۔

Coalition Government, مخلوط حکومت ۔

Coast, *n.* ساحل ۔

Coast-guard, محافظ ساحل ۔

Coastal trade, ساحلی تجارت ۔

پانی کے راستہ مسافروں کو لانے لیجانے کی تجارت ۔ (قانون کنٹرول جہازرانی دفعہ ۳ (الف) ۔

Cocket, *n.* ایک مہر شدہ پروانہ ۔

یہ پروانہ بندرگاہ سے خالی شدہ جہاز کو اس امر کے ثبوت میں دیا جاتا ہے کہ جہاز کو افسران کسٹم نے باضابطہ طور پر خالی کرا لیا ہے ۔

Cockpit, *n.* پریوی کونسل کی جوڈیشیل کمیٹی کا سابق نام ۔ اکھاڑا ۔

Code, *n.* مجموعۂ قوانین ۔ مرموز عبارت ۔ خفیہ لغت ۔ اشاروں کا کلام ۔

Code, Civil قانون مدنی ۔ مجموعہٗ قوانین دیوانی ۔

Code of Civil Procedure, مجموعہٗ ضابطہ دیوانی ۔

پاکستان میں اس وقت جو مجموعہ ضابطہ دیوانی نافذ ہے وہ مجریہ ۱۹۰۸ع ہے ۔ انگریزوں کے عہد میں پہلا مجموعہ ضابطہ دیوانی ۱۸۵۹ع میں منظور ہوا دوسرا ۱۸۷۷ع میں نافذ ہوا جس سے ضابطہ مجریہ ۱۸۵۹ع منسوخ ہوا ۔ موجودہ ضابطہ دیوانی کی نمایاں خصوصیت یہ ہے کہ یہ دو حصوں میں تقسیم کر دیا گیا ہے ۔ ایک عدالتی قوانین کی بناء پر اور دوسرا ان قواعد کی اساس پر جو ان قوانین کے تحت بنائے گئے ۔

تاہم یہ امر مسلّمہ ہے کہ ضابطہٗ دیوانی جامع (exhaustive) نہیں ہے، چنانچہ کسی خاص امر میں ضابطہ کی غیر موجودگی کا یہ مطلب نہیں لیا جانا چاہیے کہ عدالت کوئی طریقہ اختیار نہیں کر سکتی، اور وہ مجبور ہے، ہاں اگر کوئی طریقہ کار ضابطہ دیوانی میں مذکور ہے تو اس سے انحراف نہیں کیا جانا چاہیے ۔

Code of Criminal Procedure, مجموعہٗ ضابطہٗ فوجداری ۔

رائج الوقت ضابطہٗ فوجداری ۱۸۹۸ع میں نافذ ہوا تھا ۔ تقسیم ہند کے بعد دوسرے قوانین کی طرح پاکستان میں یہ ضابطہ بھی اپنا لیا گیا ہے ۔ اس سے قبل ۱۸۸۲ع کا ضابطہ نافذ تھا ۔ ضابطہٗ فوجداری ان طریقوں اور ضابطوں کا ایک مجموعہ ہے جو فوجداری مقدمات کی سماعت کے سلسلہ میں عدالتوں کے طریقہٗ کار کو متعین کرتے ہیں ۔

قانون ضابطہ فوجداری کی تدوین سے مجلس مقننہ کا مقصد یہ ہے کہ قانون کو ایسی صاف و صریح زبان میں بیان کر دیا جائے کہ جج کے دل میں طریقہ کار کے متعلق کوئی شبہ باقی نہ رہے ۔ (۱۲ الہ آباد ص ۲۲۶) مجموعہ ضابطہ فوجداری تمام معاملات پر جو صراحتاً اس سے متعلق کیے گئے ہوں حاوی ہے (۱۹۲۶ع کلکتہ ص ۵۶۸) لیکن کسی خاص معاملہ میں احکام کی عدم موجودگی کا یہ مطلب نہیں ہے کہ ایسا اختیار ہی نہیں ہے (۱۹۳۳ع کلکتہ ص ۲۸۰) ۔

Code of ethics, ضابطہٗ اخلاق ۔

Code of justinian, قانون جسٹینین مجریہ ۵۲۹ع ۔

Code of Napolean, قانون نپولین مجریہ ۱۸۰۳ع ۔

Code, Penal قانون تعزیری ۔ قانون تعزیرات ۔

Codicil, *n.* تتمہٗ وصیت نامہ ۔

Codification, *n.* تدوین ۔ ضابطہ بندی (قانون) ۔

Codification of Islamic Law, تدوین قانون اسلامی ۔

اسلامی قانون کتب فقہ میں موجود ہے لیکن جدید عہد کی ضرورتوں کے تحت اس کی دفعہ دار تدوین (ضابطہ بندی) ضروری ہے ۔ اس سلسلہ کی سب پہلی کوشش ترکی میں کی گئی اور مجلۃ الاحکام العدلیہ ۱۸۷۶ع میں شائع کیا گیا جو سولہ قوانین پر مشتمل ہے جس میں ۱۸۵۸ دفعات ہیں ۔ اس کے بعد مصر اور مشرق وسطیٰ کے اکثر اسلامی ممالک میں قانون اسلامی کی دفعہ دار تدوین کے کام کا آغاز ہوا ۔ پاکستان میں بھی اس طرف توجہ کی گئی ہے چنانچہ مجموعہ قوانین اسلام ، مؤلف ہذا، شائع کردہ ادارۂ تحقیقات اسلامی، (اسلام آباد) اس سلسلہ کی پہلی باضابطہ کوشش ہے، جو پاکستان میں اسلامی قانون کے نفاذ کی طرف ایک مثبت اور ٹھوس علمی اقدام ہے ۔

Codify, *v.* مدون کرنا (قانون) ۔

Coemption, *n.* خریداری ۔

دفعہ ۴۹۳ کے تحت اس شخص کو دس سال تک قید اور جرمانہ کی سزا دی جائے گی۔

Co-heir, - شریک وراثت ۔ ہم وراثت ۔ شریک وارث

Coif, n. ایک قسم کی ٹوپی جو انگلستان میں بعض جج پہنتے ہیں۔

Coin, n. سکہ ۔

سکہ ایک ایسی دھات ہے جو رائج الوقت زر کے طور پر ہوتا ہے اور جو کسی ریاست کے عہدہ دار مجاز یا مقتدر اعلیٰ کے حکم سے استعمال کی غرض سے مضروب کیا جاتا ہے۔ تعزیرات پاکستان کے تحت جعلی سکہ بنانا حسب دفعہ ۲۳۱ جرم ہے جس کی سزا ۷ سال تک قید اور جرمانہ یا دونوں ہو سکتی ہیں۔ جعلی سکے کے قبضہ سے بار ثبوت ملزم پر عاید ہوتا ہے۔

Coin, Current سکہ رائج الوقت ۔

Coin, False کھوٹا سکہ ۔ جھوٹا سکہ ۔

Coin, King's سکۂ شاہی ۔

Coin, Rubbed گھسا ہوا سکہ ۔

Coinage, n. سکہ ۔ مسکوکات ۔

Coincide, v. متفق ہونا ۔ اتفاق رائے کرنا ۔ ایک ہی وقت میں واقع ہونا ۔ منطبق ہونا ۔

Coiner, n. - سکہ بنانے والا ۔ سکہ ساز ۔ ٹکسالیہ

Co-incidence, اتفاقی مطابقت ۔

Coition, n. مباشرت ۔ صحبت ۔ مجامعت ۔

Cold-blood, بلا اشتعال ۔ بے رحم ۔

Cold-hearted, بے حس ۔ سرد مہر ۔

Collaborate, v. - ساتھ مل کر کام یا محنت کرنا ۔ ہاتھ بٹانا ۔ شریک کار ہونا ۔

Collaborator, n. شریک کار ۔ رفیق کار ۔ شریک محنت ۔ شریک ۔

Collate, v. مطابق کرنا ۔ موازنہ کرنا ۔ مقابلہ کرنا ۔ (نقل کا اصل سے) ۔

Collation, n. موازنہ ۔ مطابقت ۔

Collation of seal,- موازنہ مہر (بغرض دریافت اصل)

Collateral, - متوازی ۔ مزید ۔ اضافی ۔ ضمنی ۔ ملحق الحاق ۔ ہم جدی ۔

Coerce, v. - ڈرانا ۔ دھمکانا ۔ دباؤ ڈالنا ۔ جبر کرنا ۔ طاقت کا ناجائز استعمال کرنا ۔

Coercion, n. جبر ۔ زبردستی ۔ دباؤ ۔

Coercive measures, تخویفی تدابیر ۔

Coercive methods, جبری طریقے (حصول غرض کے لیے) ۔

Coercive process, تخویفی کارروائی ۔

Cogent, a, قوی ۔ چسپاں ۔ دل نشین ۔

Cogency, n. معقولیت ۔ دل نشینی ۔

Cogent reasons, قوی دلائل ۔

Cogitable, a. قریب القیاس ۔ قابل قبول ۔

Cogitate, v. غور کرنا ۔ خیال کرنا ۔

Cognate, - مادری رشتہ دار ۔ رشتہ دار بسلسلہ اناث

Cognition, n. - ادراک ۔ علم ۔ آگہی ۔ احساس

Cognizable, قابل دست اندازی (پولیس) ۔ قابل سماعت ۔

جرم قابل دست اندازی سے مراد ایسا جرم اور مقدمہ ہے جس میں عہدہ دار پولیس بموجب ضمیمہ دو ضابطہ فوجداری یا کسی اور قانون نافذ الوقت کے تحت بغیر وارنٹ ملزم کو گرفتار کر سکتا ہے۔ (دفعہ ۴ ضمن ایف ضابطہ فوجداری) ۔

Congizable, Non - ناقابل دست اندازی (پولیس)

بالعموم ایسے جرائم جو معمولی نوعیت کے ہوتے ہیں قابل دست اندازی پولیس نہیں ہوتے ۔

Cognizance, n. - اختیار سماعت ۔ دست اندازی

Cognizance, Judicial, عدالتی واقفیت ۔

Cognivit, n. اقبال دعویٰ ۔

Co-habit, ہم صحبت ہونا ۔ ہم بستری ۔

Co-habitation, ہم صحبتی ۔ ہم بستری ۔ مباشرت ۔

مل جل کر مثل شوہر و زوجہ کے رہنے سے نکاح کا قیاس ہوتا ہے ۔

کوئی شخص فریب سے کسی عورت کو جس سے جائز طریق پر اس نے شادی نہ کی ہو یہ باور کرائے کہ اس نے جائز طور پر شادی کی ہے اور اس سے ہم صحبت ہو یا مجامعت کرے تو تعزیرات پاکستان کی

یہ لفظ عام طور پر قانون میں اس وقت استعمال ہوتا ہے جب کہ متوازی یا مزید کا مفہوم ادا کرنا ہو ۔ مثلاً متوازی ضمانت ۔

Collateral agreement, متوازی اقرار ۔

Collateral assurace, مزید یقین دہانی یا تیقن ۔

مزید تیقن وہ ہے جو متعلقہ دستاویز کے علاوہ دلایا جائے ۔

Collateral circumstance, حالات ملحقہ ۔ الحاقی حالات ۔

Collateral consanguinity, ہم جدی قرابت ۔

Collateral contract, معاہدہ مزید ۔ متوازی معاہدہ ۔

جہاں کہیں تحریری معاہدہ کے ساتھ زبانی الفاظ میں بھی اسی وقت معاہدہ کیا جائے بلالحاظ اس عام اصول کے کہ ایک زبانی معاہدہ تحریری معاہدہ کی موجودگی میں ختم ہو جاتا ہے معاہدہ مزید کہلاتا ہے ۔ متوازی معاہدہ کی ایک مثال یہ ہو سکتی ہے کہ الف نے اپنی جائیداد ب کے ہاتھ فروخت کی اور اسی وقت ایک دوسرا معاہدہ تکمیل پایا کہ اگر الف ایک معینہ مدت کے اندر ب کو زر ثمن لوٹا دے تو ب جائیداد مذکورہ کو الف کے نام بیع کر دے گا ۔

Collateral evidence, اضافی شہادت ۔

Collateral fact, اضافی امر واقعہ ۔

Collateral inquiry, متوازی تحقیقات ۔

Collateral issue, ضمنی امر تنقیح طلب ۔

جرح کے دوران کسی سوال کے جواب میں گواہ اگر کوئی ایسا امر بیان کرے جو بظاہر امر تنقیح طلب سے براہ راست تعلق رکھتا ہو مگر ضمنی ہو تو اس کی بابت اعتراض نہیں کیا جا سکتا ۔

Collateral mortgage, اضافی رہن ۔

Collateral power, مزید اختیار ۔

Collateral relatives, ہم جدی رشتہ دار ۔

Collateral seeurity, کفالت مزید ۔ ضمان اضافی یا احتیاطی ۔

ایک کفالت کی موجودگی میں مزید کفالت کا مقصود یہ ہوتا ہے کہ فریق معاملہ کو زیادہ اعتماد ہو جائے ۔ مثلاً ایک قرض کی نسبت رہن نامہ کی موجودگی میں اسی قرض کی نسبت پرونوٹ بھی تحریر کرکے قرض دہندہ کے حوالہ کر دینا کفالت مزید کہلائے گا ۔

Collaterals, *n.* رشتہ داران جدی ۔

Collatory, *n.* شریک ۔

Colleague, ساتھی ۔ شریک ۔ رفیق ۔ ہم منصب ۔

Collect, *v.* وصول کرنا ۔ تحصیل کرنا ۔ جمع کرنا ۔

Collection, *n.* فراہمی ۔ مجموعہ ۔ وصولی ۔ تحصیل ۔ وصول شدہ (زر) ۔

Collection charges, اخراجات وصولی ۔

Collection of taxes, جمع محصولات ۔

Collection of rules and orders, مجموعہ قواعد و احکام ۔

Collecting Officer, افسر تحصیل ۔

Collective, *a.* مجموعی ۔ اجتماعی ۔ مشترک ۔

Collective appeal, اجتماعی مرافعہ ۔

Collective bargaining, اجتماعی سودے کاری ۔

Collective farming, اجتماعی کاشت ۔

Colective ownership, ملکیت اجتماعی ۔

Collective responsibilety, اجتماعی ذمہ داری ۔

Collective work, اجتماعی کام ۔ کار اجتماعی ۔

Collector, *n.* کلکٹر ۔ محصل ۔

کسی ضلع کے نظم و نسق کا اعلیٰ عہدہ دار ۔

Collectorate, *n.* کلکٹری ۔

Collision, *n.* تصادم ۔

Collude, *v.* سازش کرنا ۔ مل جانا ۔

Collusion, *n.* سازش ۔

Collusive, *a.* سازشی ۔

Colonial, *a.* استعماری ۔

Colonialism, استعماریت ۔ استعمار ۔

Colony, *n.* نو آبادی ۔

Colonize, *v.* آباد ہونا ۔ نئے ملک میں جا کر بسنا ۔

Colonization Officer, افسر نو آبادی ۔

Colour, *n.* بہانہ ۔ حیلہ ۔ رنگ ۔ فام ۔

Colourable, *a.* نمائشی ۔ ظاہر دار ۔ ظاہرا ۔

Colourable imitation, نقل رنگی۔ قریب المشابہت۔

Colourable transaction, نمائشی معاملہ ۔

Colour of Office, نمائش منصب ۔

Colour of right, نمائش حق (جو اصل میں نہ ہو)۔

Column, *n.* خانہ ۔ صف ۔ ستون ۔

Column, Filling up a خانہ پری کرنا ۔

Combat, *n.* مقابلہ ۔

Combine, *v.* ملانا ۔ ملنا ۔ ایک ہونا ۔ (بغرض ناجائز) سازش کرنا ۔

Combination, *n.* ۔ اتصال ۔ ایکا (بغرض ناجائز) سازش ۔

Come into force, نافذ ہونا ۔ جاری ہونا ۔

Come to terms, راضی ہو جانا ۔

Comity of nations, ارتباط اقوام ۔

Command, امر ۔ حکم ۔ فرمان ۔

Commander-in-chief, کمانڈر انچیف ۔ سپہ سالار اعلی ۔

Commandment, *n,* فرمان ۔ اصول ۔

Commando, فدائی ۔

Commencement, *n.* نفاذ ۔ آغاز ۔

اس لفظ کا جب کسی قانون یا دستور العمل کے حوالے سے استعمال کیا جائے تو اس کا مطلب ہوگا اس قانون یا دستور العمل کے نفاذ کا پہلا دن ۔

Commencement of Act, نفاذ قانون ۔ آغاز قانون ۔

عام طور پر قانون میں نفاذ کی تاریخ تحریر ہوتی ہے لیکن اگر تاریخ نفاذ نہ دی گئی ہو تو اس کی منظوری کی تاریخ ہی تاریخ نفاذ سمجھی جائے گی (۱۹۱۰ء کے ۔ بی ص ۴۴)۔ سید ابوالاعلیٰ مودودی کے مقدمہ میں سپریم کورٹ پاکستان نے قرار دیا کہ قانون اس دن سے عمل میں آتا ہے جب کہ وہ حکومت کے جریدہ (گورنمنٹ گزٹ) میں شائع کر دیا جائے (حکومت مغربی پاکستان بنام سید ابوالاعلی مودودی ، پی ایل ڈی ۱۹۶۴ء سپریم کورٹ) ۔

Commencement of business, آغاز کاروبار ۔

قانون کمپنیات کے تحت لازم ہوتا ہے کہ کمپنی کے رجسٹر ہو جانے کے مقررہ عرصے کے بعد کاروبار کا آغاز کر دیا جائے ۔ اس کے لیے رجسٹرار سے صداقت نامہ آغاز کاروبار بھی حاصل کیا جاتا ہے ۔

Commencement of legal proceedings, آغاز کارروائی قانونی ۔

Commencing, از ابتدائے ۔

Commendation, *n.* تعریف ۔

Comment, *n.* & *v.* (۱) تنقید و تبصرہ ۔ اظہار رائے ۔ (۲) رائے ظاہر کرنا ۔ تنقید کرنا ۔

حکومت کے کاموں پر اظہار ناپسندیدگی اس تصور سے کہ قانونی طریقوں سے انہیں تبدیل کیا جائے تعزیرات پاکستان کی دفعہ ۱۲۴ (الف) کے تحت کوئی جرم نہیں ہے بشرطیکہ وہ تنقید اشتعال دلانے والی یا نفرت و حقارت یا بے تعلقی کے جذبات ابھارنے والی نہ ہو ۔ (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو دفعہ ۱۲۴ (الف) توضیح ۲ تعزیرات پاکستان) ۔

(See "Criticism" also)

Commentary, *n.* شرح ۔ تفسیر ۔

Commentator, *n.* شارح ۔ مفسر ۔

Commerce, *n.* تجارت ۔ سوداگری ۔

Commerce, Chamber of, ایوان تجارت ۔

Commercial, *a.* تجارتی ۔

Commercial Attachee, ملحق تجارتی ۔

ایک عہدہ دار جو اپنے ملک کے تجارتی معاملات کی نگرانی دوسرے ملک میں رہ کر کرتا ہے ۔

Commercial court, تجارتی عدالت ۔

کوئنس بنچ ڈویژن کی ایک عدالت جس میں ایک جج ہوتا ہے جو تجارتی مقدمات کی سماعت کرتا ہے ۔

Commercial custom, تجارتی رواج ۔

Commercial discount, تجارتی چھوٹ، کمی یا کٹوتی ۔

Commercial establishment, تجارتی ادارہ ۔

بالعموم دوکان تجارتی ادارہ کی تعریف میں داخل ہے لیکن قانون دوکانات و تجارتی ادارہ جات کے تحت دوکان تجارتی ادارہ کی تعریف میں شامل نہیں ہے ۔

Commercial bank, تجارتی بنک ۔

Commercial individualism, تجارتی انفرادیت ۔

Commercial law, قانون تجارت ۔ قانون تجارتی

تجارتی قانون ۔

Commercial paper, تجارتی دستاویز ۔

Commercial premises, تجارتی عمارت ۔

مغربی پاکستان شہری جائداد تحدید کرایہ آرڈی نینس ۱۹۵۹ء کے تحت جو جائداد رہائشی مقصد کے لیے کرایہ پر لی گئی ہو اس کو تجارتی مقصد کے لیے استعمال نہیں کیا جا سکتا اور نہ تجارتی عمارت کو رہائشی مقصد کے لیے۔ تبدیلی استعمال کے سبب مالک مکان کو انخلاء کا حق پیدا ہو جاتا ہے۔

Commer.ial Profit, تجارتی منافع ۔

Commercial treaties, تجارتی معاہدات ۔

مختلف ممالک کے مابین وہ معاہدات جو باہمی تجارت کو منظم کرنے کے لیے کیے جائیں ۔

Commissary, *n.* گماشتہ ۔ نائب ۔ وکیل ۔ مندوب ۔

Commission, *n.* & *v.* (۱) کمیشن ۔ ماموریہ ۔ ارتکاب ۔ (۲) اختیار دینا ۔ مقرر کرنا ۔

Commission Agent, آڑھتیہ ۔ (کمیشن پر کام کرنے والا کارندہ) ۔

Commission, Atomic Energy ماموریہ جوہری توانائی ۔

Commission of Human Rights, ماموریۂ حقوق انسانی ۔

Commission of International law, ماموریۂ قانون بین الاقوامی ۔

Commission of Inquiry تحقیقاتی کمیشن ۔ ماموریہ تحقیقات ۔

Commission of peace, صلح کمیشن ۔ ماموریہ صلح ۔

Commission of pension, پنشن کمیشن ۔ ماموریہ پنشن ۔

Commission, To do business on کمیشن یا بٹہ پر کاروبار کرنا ۔

Commission, Application to issue درخواست اجراء ماموریہ (کمیشن) ۔

حسب دفعہ ۱۳۲ و حکم ۲۶ قاعدہ ۱ کے تحت کوئی بھی فریق اپنے گواہان یا کسی گواہ کی شہادت قلم بند کرنے کے لیے کمیشن جاری کرنے کی درخواست کر سکتا ہے بشرطیکہ وہ گواہ عدالت کی حدود اختیار سماعت سے باہر رہتا ہو یا وہ گواہ پردہ نشین عورت ہو یا کسی دوسری بناء پر وہ اصالتاً حاضری سے مستثنیٰ ہو (اس ضمن میں عدالت عالیہ کے قواعد کچھ مختلف ہیں) ۔

ان صورتوں میں سوال صرف اسی قدر ہوتا ہے کہ اجرائے کمیشن کی وجہ معقول ہے ۔

پردہ نشین خواتین کا بیان بالعموم بذریعہ کمیشن قلم بند کیا جاتا ہے کسی عدالت میں ایک دو مرتبہ بیان دینے سے یہ رعایت ساقط نہیں ہوتی (۲۶ کلکتہ ص ۶۰۵) اگر کسی عورت پر بدچلنی کا الزام ہو تب بھی وہ اس رعایت سے محروم نہیں ہو سکتی ۔

Commission, To examine witness on کمیشن پر اظہار گواہ ۔

Commission, To execute کمیشن کو تعمیل کرنا ۔

Commission, To return a رپورٹ تعمیل کمیشن ۔

Commissioner, کمشنر ۔ حاکم ڈویژن ۔ حاکم قسمت ۔ کمشنر مقررہ عدالت ۔ وہ شخص جسے کار خاص پر مامور کیا جائے۔

دفتری اصطلاح میں کمشنر سے مراد ڈویژن کے نظم و نسق کا ناظم اعلیٰ ہے اور کمشنر اس شخص کو بھی کہا جاتا ہے جسے عدالت کے حکم سے کسی کام پر مقرر کیا جاتا ہے ۔ چنانچہ گواہوں کے بیانات قلمبند کرنے یا حسابات کی جانچ پڑتال یا جائداد کی تقسیم یا مقامی تفتیش کے لیے کمیشن جاری کیا جاتا ہے ۔

کمشنر کی فیس عام طور پر وہی فریق داخل کرتا ہے جس کی درخواست پر عدالت کمیشن جاری کرتی ہے جو بعد کو مصارف مقدمہ میں شامل ہو جاتی ہے ۔

Commissioner, Judicial جوڈیشنل کمشنر ۔ عدالتی کمشنر ۔

Commit, *v.* ارتکاب کرنا ۔ سپرد کرنا ۔ مرتکب ہونا ۔

Commit to sessions, سیشن سپرد کرنا ۔

Commitment, *n*. - سپردگی - حوالات - قید - پابندی -

Committee, *n*. کمیٹی - مجلس -

Committee, Ad-hoc عارضی یا وقتی مجلس - خصوصی یا ہنگامی مجلس -

Committee, Advisory مشاورتی کمیٹی مجلس مشاورت -

Committee, Central مرکزی کمیٹی -

Committee, Co-ordination رابطہ کمیٹی -

Committee, Election مجلس انتخابات -

Committee, Executive مجلس انتظامیہ -

Committee, Finance مالیاتی کمیٹی -

Committee, Supervisory نگران کمیٹی -

Committee of inspection مجلس - معائنہ - معائنہ کمیٹی -

Committing Court, عدالت سپرد کنندہ -

Committing Magistrate, - مجسٹریٹ سپرد کنندہ مجسٹریٹ جو مقدمہ (لائق سپردگی سیشن) کی ابتدائی تحقیقات کرتا ہے -

Commodate, *n*. قرض بلا بدل -

Commodatum, *n*. معاہدہ قرض بلا بدل -

Common, *a*. مشترک - عام -

Common (s), House of ایوان عام - برطانوی دستور مملکت کی ایک اصطلاح -

Common ancestor, مشترک مورث اعلیٰ -

Common assault, یورش عام -

Common appendant, مشترک حق مشاع - ضمیمہ مشترک -

Commnn appurtenant, متعلقات مشترک -

Common Carrier, عام برندۂ مال -

Common defence, مشترک دفاع -

Common employment, ملازمت عام -

یہ اصطلاح انگریزی قانون کی ہے جس سے یہ مراد لی جاتی ہے کہ ایک ملازم ملازمت کے خطرات سے آگاہ ہے - اس کا اطلاق کسی حد تک ذمہ داری مالکان ایکٹ مجریہ ۱۹۳۸ء کے ذریعہ پاکستان میں بھی کیا جاتا ہے -

(۱) ضابطہ فوجداری میں جرائم کی تقسیم مقدمات کی نوعیت اور سنگینیت کے اعتبار سے کی گئی ہے - بعض مقدمات مجسٹریٹ صاحبان کی عدالتوں میں زیر سماعت آ سکتے ہیں اور بعض عدالت سیشن کے دائرۂ اختیار سماعت میں آتے ہیں - بعض مقدمات ایسے ہوتے ہیں جن کو مجسٹریٹ اور سیشن دونوں سماعت کر سکتے ہیں - آخرالذکر صورت میں مقدمہ مجسٹریٹ ہی کی عدالت میں پیش ہوگا اور اگر مجسٹریٹ یہ محسوس کرے کہ بادی النظر میں ملزم پر مقدمہ قائم ہوتا ہے مگر اس کے ثبوت کے بعد وہ اپنے اختیار حاصلہ کے تحت کافی سزا نہیں دے سکتا تو وہ مقدمہ سیشن جج کے پاس بھیج دے گا مثلاً ایک بڑھیا جس کی کل پونجی ۵۰۰ روپیہ تھی ایک شخص دھوکہ دے کر لے گیا - بڑھیا کے پاس کھانے کو کچھ نہ رہا اور وہ چند روز بعد مر گئی - اس صورت میں مجسٹریٹ محسوس کرتا ہے کہ دھوکہ دہی کی انتہائی سزا (سات سال) دی جائے لیکن چونکہ وہ دو سال سے زائد سزا دینے کا مجاز نہیں ہے تو ایسی صورت میں وہ بعد قرار داد جرم (Framing of charge) عدالت سیشن کو برائے سماعت بھیج دے گا -

(۲) جب کوئی مجسٹریٹ سپرد کنندہ (Committing Magistrate) کسی الزام کی ابتدائی تحقیقات کے بعد اس نتیجہ پر پہونچتا ہے کہ ملزم سے بظاہر ایسا قابل سزا جرم سرزد ہوا ہے جس کا مقدمہ لائق سماعت عدالت سیشن ہے تو وہ اس ملزم کو بغرض سماعت عدالت سیشن سپرد کر دیتا ہے -

مقدمات کی دوسری صورت میں جس کا ذکر اوپر کیا گیا ہے مجسٹریٹ تحقیقات کنندہ کو صرف یہی نہیں دیکھنا ہے کہ کوئی مقدمہ قائم ہوتا ہے بلکہ یہ دیکھنا ہوتا ہے کہ مقدمہ لائق سماعت عدالت سیشن بھی ہے یا نہیں - جہاں شہادت ایسی نوعیت کی ہو کہ جب تک اس کا موازنہ اور اندازہ نہ کیا جائے ملزم کا جرم ثابت یا ناثابت قرار نہ پا سکے تو ایسی صورت میں مقدمہ لائق سماعت عدالت سیشن سمجھا جائے گا -

Committal proceedings, - کارروائی سیشن سپردگی
ملاحظہ ہو "Commit to session"

Common fine, تاوان عام ۔ جرمانہ عام ۔

Common gaming house, قمار خانۂ عام ۔

Common ground, دلیل مشترک ۔

Common informer, عام مخبر ۔

Common intent, قصد مشترک ۔ ارادۂ مشترک ۔

Common interest, غرض مشترک ۔ مفاد مشترک ۔

Common jury. جیوری عامہ ۔ عام جیوری ۔

عدالت شہر کے ایسے معزز افراد کی فہرست تیار کرتی ہے جن کو رکن جیوری کی حیثیت سے طلب کیا جا سکتا ہے ۔

پاکستان میں اب سماعت بذریعہ جیوری کا طریقہ منسوخ کر دیا گیا ہے ۔

Common Law, قانون عامہ ۔

انگلستان میں قانون کا وہ حصہ جو جوڈی کیچر ایکٹ (Judicature Act) ۱۸۷۳-۷۵ء سے قبل عدالت ہائے قانون عامہ (Common Law Court) بالخصوص کوئنس بنچ ، عدالت عذرات عامہ (Court of Common Pleas) اور کورٹ آف ایکسچیکر (Court of Exchequer) یا عدالت چانسری نافذ کیا کرتی تھیں ۔ جو مقدمات قانون عامہ کے تحت نہ آتے تھے ان کی سماعت عدالت ہائے نصفت (Court of Equity) کیا کرتی تھیں ۔ کچھ عرصہ بعد یہ محسوس کیا گیا کہ ان عدالتوں کے جداگانہ اختیار سماعت کے سبب انصاف رسانی کے کام میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے تو ۱۸۷۳ء میں جوڈی کیچر ایکٹ نافذ کیا گیا جس کے تحت سپریم کورٹ کی جملہ شاخوں کو اس امر کا مجاز کر دیا گیا ہے کہ وہ قانون عامہ اور نصفت دونوں کو بیک وقت نافذ کر سکتی ہیں ۔ جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ اگر کوئی حکم یا نظیر قانون عامہ میں موجود نہ ہو تو اصول نصفت کے تحت مقدمات کے فیصلے کیے جاتے تھے ۔

قانون عامہ کی اصطلاح بعض اوقات قانون ساز ادارہ کے نافذ کیے ہوئے قانون کے مقابل استعمال کی جاتی ہے ۔ چنانچہ اس کو غیر تحریر شدہ قانون بھی سمجھا جاتا ہے ، خواہ وہ اپنی اصل کے اعتبار سے قانونی ہو یا نصفتی ۔ بالفاظ دیگر قانون عامہ قانون کا وہ حصہ ہے جو کسی قانون ساز ادارہ کے صریح احکام یا قانون نافذہ کے مثل ہے لیکن یہ ان رسوم اور رواجوں کا تابع ہے جو لوگوں کے درمیان ایک عرصہ دراز سے جاری و ساری ہوں ۔

انگریزی قانون میں قانون کے تحریری اور غیر تحریری ہونے کا فرق دراصل قانون روما سے آیا ہے ۔ قانون روما میں یہ تصور یونان سے لیا گیا ہے ۔

انگریزی حکومت کے غلبہ و اقتدار کے ساتھ ساتھ اُن کا تصور قانون عامہ بھی مختلف ممالک مثلاً امریکہ ، آسٹریلیا ، کناڈا ، انڈیا وغیرہ کے قانونی تصورات پر اثر انداز ہوا لیکن مقامی رسم و رواج اور عقائد سے مل کر اُن ممالک کا اپنا ایک علیحدہ قانون عامہ بن گیا ، اگرچہ وہ اپنی اصل کے اعتبار سے انگریزی قانون عامہ ہی رہا ۔ چنانچہ قانون عامہ کے اس جدید تصور کو ان الفاظ میں بیان کیا جا سکتا ہے کہ ''قانون عامہ قانون کے اُن بنیادی اصولوں کا نام ہے جو کسی ترقی پذیر معاشرہ کے ساتھ مسلسل پھیلتے رہتے ہیں اور اُس سوسائٹی کی زندگی کے مختلف شعبوں مثلاً تجارت ، آرٹ ، اختراعات اور سوسائٹی کے مختلف طبقوں یا افراد کے مابین تعلقات کی بدلتی ہوئی ضروریات سے ہم آہنگ ہو جاتے ہیں ۔ ان اصولوں کی بنیاد حقیقی انصاف ، مسلمہ رسم و رواج ، عام رضامندی ، پیروی اور عمل پر قائم ہوتی ہے جس کی صحت پر طویل عرصہ عمل اور پیروی کی بناء پر عدالتی فیصلے اپنی مہر تصدیق ثبت کر دیتے ہیں اور اس طرح وہ اصول قانونی قوت حاصل کر لیتے ہیں، جن سے بالعموم انحراف نہیں کیا جاتا ۔

Common nuisance, امر یا شئے باعث تکلیف عام ۔

Common object, مقصد عام ۔ غایت عام ۔

Common pasture, چراگاہ عام ۔

Common Pleas, Court of عدالت عذرات عامہ ۔

یہ اصطلاح انگریزی قانون کی ہے ۔ اس اصطلاح میں تمام دیوانی مقدمات شامل ہیں ۔ عدالت عذرات عامہ کو ان دیوانی مقدمات کی سماعت کا اختیار حاصل تھا ۔ اس کی حیثیت کورٹ آف ریکارڈ کی تھی ۔ کوک (Coke) نے اس عدالت کو قانون عامہ کا محافظ کہا

ہے کیونکہ اس عدالت کو اشیاء سے متعلق مقدمات کا ابتدائی اختیار سماعت حاصل تھا ۔ علاوہ ازیں کنگز بنچ ڈویژن کے ساتھ ساتھ اس عدالت کو بھی افراد کے مابین مقدمات شخصی (Personal actions) کا اختیار سماعت حاصل تھا ۔

Common seal, مہر عام ۔

کمپنی کی دستاویزات مثلاً حصص ، کفالت نامہ جات ، معاہدات وغیرہ پر کمپنی کی مہر عام کا لگایا جانا ضروری ہوتا ہے ۔ عام طور پر اس کی تحویل اور استعمال کے لیے کمپنی قرارداد منظور کرتی ہے ۔

Common sense, فہم عام ۔ معمولی سوجھ بوجھ ۔

Common, Tenancy in, دخل عام ۔ رعیتی مشترک ۔

Common utility, افادۂ عام ۔

Commonable, وہ شے جس کی نسبت حق مشترک حاصل ہو سکتا ہو مثلاً چراگاہ وغیرہ ۔

Commons, عوام ۔ عام رعایا ۔ متعلق بہ عوام ۔

Commons, House of دارالعوام ۔

Commonwealth, دولت مشترکہ ۔

دولت مشترکہ آزاد ممالک کا ایک ادارہ ہے جس کو برطانیہ کی قیادت حاصل ہے ۔ دولت مشترکہ میں تقریباً وہ ممالک شامل ہیں جو ایک زمانہ میں برطانیہ کے زیر حکومت تھے ۔ دولت مشترکہ میں نہ صرف وہ ممالک شامل ہیں جن کی حیثیت نوآبادیاتی یا قلمرو (Dominion) کی ہے بلکہ وہ ممالک بھی اس کے رکن ہیں جن کی حیثیت قلمرو کی نہیں چنانچہ آزاد جمہوریہ پاکستان ایک عرصہ تک اس کا رکن رہا ہے لیکن اب چند سال سے اس نے اس سے علیحدگی اختیار کر لی ہے ۔

Common wealth, Citizen of دولت مشترکہ کا شہری ۔

دولت مشترکہ کے شہری سے مراد ایسا شخص ہے جس کو برطانوی قومیت کے قانون بابتہ ۱۹۴۸ ع کے تحت دولت مشترکہ کے شہری کی حیثیت حاصل ہو ۔ قانون مذکور میں دولت مشترکہ کے شہری کی حسب ذیل تعریف کی گئی ہے :

''ہر شخص جو اس قانون کے تحت دولت مشترکہ اور نو آبادیات کا شہری ہو یا کسی ایسے ملک کے (جن کی صراحت قانون ہذا کی دفعہ ۳ میں کی گئی ہے) کسی قانون نافذ الوقت کے تحت برطانوی رعایا کی حیثیت حاصل کر چکا ہو ۔''

کوئی شخص جس نے مذکورہ بالا حیثیت حاصل کر لی ہو برطانوی رعایا یا دولت مشترکہ کا شہری سمجھا جائے گا برطانوی رعایا یا دولت مشترکہ کے شہری کے معنی وہی ہوں گے جو قانون ہذا میں کیے گئے ہیں ۔

Commorient, *a.* ایک وقت وفات ۔

جب چند اشخاص جہاز کے تباہ ہونے کے سبب یا کسی اور سبب سے ایک ساتھ ہلاک ہو جائیں تو اس وقت یہ قیاس نہیں کیا جا سکتا کہ کون شخص پہلے یا بعد مرا بلکہ یہ قیاس کیا جائے گا کہ سب ایک ساتھ فوت ہوئے ۔ البتہ ۱۹۲۵ ع میں انگلستان میں ایک قانون کے ذریعہ یہ قرار دیا گیا کہ اس قسم کی اموات میں یہ تصور کیا جائے گا کہ زیادہ عمر والا پہلے مرا کم عمر والا بعد میں ۔

اسلامی قانون وراثت میں ایک ساتھ جل کر مر جانے والوں ، یا ایک ساتھ دب کر مر جانے والوں یا ایک ساتھ ڈوب کر مر جانے والوں کے سلسلہ میں باغراض وراثت یہ قیاس کیا جاتا ہے کہ وہ ایک ساتھ اور ایک ہی وقت میں مرے ہیں ۔ (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو مجموعہ قوانین اسلام ، تنزیل الرحمن ، جلد پنجم قانون وراثت) ۔

Commotion, *n.* ہلچل ۔ بے چینی ۔ زبردست ہنگامہ ۔

Communal, *a.* فرقہ وارانہ ۔

Communal dispute, فرقہ وارانہ نزاع ۔

Communal disturbance, فرقہ وارانہ فساد ۔

Communicable, *a.* قابل اطلاع ۔

Communicate, *v.* اطلاع دینا ۔ مراسلت کرنا ۔

Communication, *n.* مراسلت ۔ اطلاع ۔

Communication board, *n.* مجلس مواصلات ۔

Communication of offer or proposal, اطلاع پیشکش ۔ اطلاع پیش نہاد ۔

Communication for acceptance,
ترسیل منظوری ۔

Communication (s) Ministry, وزارت مواصلات ۔

Communication, Privileged,
مراسلت بری الاظہار ۔ با افشاء ۔

قانون نے بعض مراسلتوں کو مصلحت عامہ کے پیش نظر یہ قرار دیا ہے کہ اُن کے اظہار پر شخص متعلقہ کو مجبور نہیں کیا جا سکتا ۔ چنانچہ از روئے دفعہ ۱۲۶ قانون شہادت کسی بیرسٹر ، اٹارنی ، پلیڈر یا وکیل کو اس کے موکل کی صریح رضامندی کے بغیر اس امر کی کسی وقت اجازت نہ ہوگی کہ وہ کسی ایسی بات کو ظاہر کرے جو مقدمہ کے تعلق سے اس کو اس کے موکل سے یا اس کے موکل کی طرف سے کسی اور سے معلوم ہوئی ہو اور نہ اُس کو اجازت ہوگی کہ کسی دستاویز کے مضمون یا اُس کی حالت کو بیان کرے جس سے وہ اپنے پیشہ کے کام کے دوران اور اپنے پیشہ ورانہ کام کی غرض سے مطلع ہوا ہو اور نہ اُسے اس بات کی اجازت ہوگی کہ وہ کسی ایسے مشورہ کو ظاہر کرے جو اس نے اپنے پیشہ کے کام کے دوران یا پیشہ ورانہ کام کی غرض سے اپنے موکل کو دیا ہو مگر شرط یہ ہے کہ اس دفعہ کی کسی عبارت کی رو سے امور مفصلہ ذیل افشاء سے محفوظ نہ رہیں گے ۔

(۱) ہر ایسی مراسلت جو کسی غرض ناجائز کی پیش رفت میں کی جائے ۔

(۲) ہر وہ واقعہ جس کو کسی بیرسٹر ، پلیڈر ، اٹارنی یا وکیل نے اپنی پیشہ ورانہ ماموری کے دوران میں دیکھا ہو جس سے یہ پایا جائے کہ اس کی ماموری کے بعد کوئی جرم یا فریب سرزد ہوا ہے ۔

اس سلسلہ میں یہ امر قابل ذکر ہے کہ بیرسٹر ، اٹارنی ، پلیڈر یا وکیل کا یہ استحقاق (Privilege) ماموری کے ختم ہو جانے کے بعد بھی قائم رہتا ہے ۔

Communique, *n.* اعلامیہ ۔ بیان ۔

Communique, Official سرکاری بیان ۔ بیان رسمی ۔
سرکاری اعلامیہ ۔

Communism, *n.* کمیونزم ۔ اشتراکیت ۔

Communist, *n.* اشتراکی ۔

Community, *n.* فرقہ ۔ جماعت ۔ اشتراک ۔

Community of Interest, اشتراک غرض ۔

Commute, *v.* تبدیلی کرنا ۔

Commutation, *n.* تبدیلی ۔ عوض ۔

Commutation Order, حکم تبدیلی (سزا) ۔
حکم تخفیف ۔

Commutation of pension, تعدیل وظیفہ ۔
تبدیلی وظیفہ ۔

بعض پنشن یافتہ حضرات اپنی پنشن کا کل یا جزو ایک مقررہ رقم کے عوض حکومت کے حوالے کر دیتے ہیں ۔ اصطلاحاً اس کو (Commutation of Pension) کہا جاتا ہے ۔ اس کا اثر یہ ہوتا ہے کہ بجائے تاحیات ہر ماہ پنشن لینے کے اس کے عوض ایک رقم جو قواعد تعدیل وظیفہ کے تحت معین ہوتی ہے ، فوری طور پر لے لینے پر اکتفا کر لیا جاتا ہے ۔

Commutation of Revenue, تبدیلی لگان ۔

قانون ملکیت آراضی کے تحت لگان کو جنس سے نقد کی صورت میں تبدیل کیا جا سکتا ہے ۔

Commutation of sentence, تخفیف یا تعدیل سزا ۔

عدالت مرافعہ کو اس امر کا اختیار حاصل ہے کہ وہ سزائے شدید کو سزائے خفیف میں یا سزائے قید کو سزائے جرمانہ میں تبدیل کر دے ۔

ہر اس مقدمہ میں جس میں سزائے موت صادر ہوئی ہو متعلقہ حکومت کو تحت دفعہ ۵۴ تعزیرات پاکستان یہ اختیار حاصل ہے کہ ملزم کی رضامندی کے بغیر سزائے موت کو کسی دوسری سزا مبینہ تعزیرات میں تبدیل کر دے ۔ اسی طرح دفعہ ۵۵ کے تحت یہ بھی اختیار ہے کہ قید حبس دوام کو قید بامشقت میں بدل دے جس کی مدت ۱۴ سال سے زائد نہ ہو ۔

دستور پاکستان مجریہ ۱۹۷۳ء کے آرٹیکل ۴۵ کے تحت صدر مملکت کو معافیاں دینے ، جان بخشیاں کرنے اور سزاؤں میں مہلت دینے ، نیز کسی عدالت ، ٹریبونل یا کسی حاکم کی دی گئی سزا کو معاف کرنے یا اسے معطل کرنے یا اُسے بدلنے کا اختیار حاصل ہے ۔

Commuted, *a*. تبدیل شدہ ۔ تعدیل شدہ ۔ تخفیف شدہ ۔

Commuted value of pension, زر معاوضہ پنشن ۔

Commutative Contract, معاہدہ بطریق تبادلہ ۔

Companionate marriage, بغیر نکاح شادی ۔
نکاح کے بغیر میاں بیوی کی طرح رہنا ۔
یہ اصطلاح امریکی قانون میں رائج ہے ۔

Companions of the prophet, صحابہؓ رسولؐ ۔

Company, *n*. کمپنی ۔ جماعت ۔
لفظ کمپنی اپنے عام معنی میں متعدد افراد کی ایک جماعت ہے جو ایک مشترکہ غرض سے قائم ہوتی ہے ۔ یہ دو تصورات کی حامل ہوتی ہے ۔ ایک یہ کہ ممبران کی تعداد اتنی زیادہ ہوتی ہے کہ اس کو فرم یا شراکت نہیں کہا جا سکتا اور دوسرے یہ کہ ایک ممبر اپنے حصص کو دوسرے ارکان کی رضامندی کے بغیر منتقل کر سکتا ہے البتہ پرائیویٹ محدود کمپنیوں کے ارکان پر حصص کو منتقل کرنے کے سلسلہ میں آرٹیکل آف ایسوسی ایشن کے تحت کچھ بندش عائد کی جا سکتی ہے ۔
پاکستان میں اس وقت جو قانون کمپنی نافذ ہے وہ ۱۹۱۳ع میں منظور ہوا تھا ۔ جس میں وقتاً فوقتاً متعدد ترمیمات کی گئی ہیں ۔ یہ قانون انگلستان کے قانون کمپنیات کی اساس پر مدون کیا گیا ۔
اس سے قبل ۱۸۸۳ع کا قانون نافذ العمل رہا ۔
قانون کمپنی بابتہ ۱۹۱۳ع میں کمپنی کی یہ تعریف کی گئی ہے کہ کمپنی وہ ہے جو قانون ہذا کے تحت قائم اور رجسٹر کی گئی ہو یا کوئی کمپنی جو اس وقت موجود ہو اور قانون کمپنی ۱۸۶۶ع کے تحت رجسٹری شدہ ہو یا کسی اور ایسے قانون یا قوانین کے تحت رجسٹر شدہ ہو جو ایکٹ مجریہ ۱۸۶۶ یا ۱۸۸۲ع کے ذریعہ منسوخ کیے جا چکے ہوں ۔
قانون کے تحت بعض کمپنیوں کو انکم ٹیکس چھوٹ کی بھی بعض سہولتیں حاصل ہوتی ہیں ۔
۱۹۷۲ع میں پاکستان میں قانون کمپنیات میں بعض انقلابی تبدیلیاں کی گئی ہیں جن میں مینجنگ ایجنسی کا خاتمہ خاص طور پر قابل ذکر ہے ۔

Company Limited by guarantee,
کمپنی محدود بہ ضمانت ۔
وہ کمپنی جس میں ہر ایک رکن ایک خاص رقم کی حد تک کمپنی کے ادائی قرض کی ذمہ داری لیتا ہے لیکن کمپنی کا سرمایہ عام طور پر حصص میں تقسیم نہیں ہوتا ۔

Company Limited by shares,
کمپنی محدود بہ حصص ۔
اس قسم کی کمپنی سے وہ کمپنی مراد ہوتی ہے جس میں ارکان کی ذمہ داری محدود بہ حصص ہوتی ہے ۔

Company, Private Limited
پرائیوٹ محدود کمپنی ۔ نجی محدود کمپنی ۔
نجی محدود کمپنیوں کو پہلی مرتبہ موجودہ قانون میں شریک کیا گیا ہے ۔ اس سے قبل پرائیوٹ محدود کمپنیوں کو وہ مراعات حاصل نہ تھیں جو موجودہ قانون میں دی گئی ہیں ۔ پرائیوٹ محدود کمپنی کی یادداشت اور قواعد و ضوابط میں عام طور پر حسب ذیل خصوصیات ہوتی ہیں :
۱۔ اگر کوئی حصہ ہو تو اس کی منتقلی کے حق پر پابندی ۔
۲۔ کمپنی کے ارکان کی تعداد (ان لوگوں کو چھوڑ کر جو کمپنی کی ملازمت میں ہوں) ۵۰ تک محدود ۔
۳۔ کمپنی کے حصص و ڈیبنچر کی فروخت عوام کے لیے ممنوع ۔
۴۔ اگر کسی حصہ کے دو یا دو سے زیادہ حصہ دار ہوں تو وہ اس تعریف کی اغراض کے لیے صرف ایک ہی شخص متصور ہوتے ہیں ۔ لیکن یہ تعداد بالعموم چار افراد سے زائد نہیں بڑھتی ۔
۵۔ قانوناً پرائیوٹ محدود کمپنی کے شرکاء کی کم سے کم تعداد دو ہوگی برخلاف عام محدود کمپنی کے جس میں کم از کم سات اشخاص کا ہونا ضروری ہے ۔
۶۔ پرائیوٹ محدود کمپنی پر یہ لزوم عائد ہوتا ہے کہ وہ عوام الناس کو کمپنی کے حصص خریدنے اور کمپنی میں شریک ہونے کی دعوت نہیں دے سکتی ۔

Company, Public Limited
پبلک محدود کمپنی ۔ عامہ کمپنی محدود ۔

بناء پر کم کر سکتی ہے ۔

Compel, v. مجبور کرنا ۔ دبانا ۔ کسی کام کو زبردستی کرا لینا ۔

دفعہ ۱۳۲ قانون شہادت کے تحت عدالت گواہ کو کسی سوال کا جواب دینے کے لیے مجبور کر سکتی ہے لیکن ایسا جواب مستوجب گرفتاری یا الزام فوجداری قرار نہیں دیا جا سکتا اور نہ وہ جواب کسی فوجداری مقدمہ میں اس کے مقابل بطور ثبوت پیش کیا جا سکے گا بجز ایسے مقدمہ فوجداری کے جو اسی جواب کی بناء پر جھوٹی گواہی دینے کی علت میں قائم کیا جائے۔

Compensate, v. معاوضہ دلانا ۔ معاوضہ دینا ۔ تلافی کرنا ۔

Compensation, n. معاوضہ ۔ تلافی ۔ عوض ۔ ہرجہ ۔ کفارہ ۔

مروجہ قانون میں کوئی منفعت جو کسی ایک شخص سے دوسرے کو ملتی ہے اس کی تین صورتیں ہو سکتی ہیں ۔ ایک بدل (Consideration) دوسری ہرجانہ (Damages) اور تیسری معاوضہ (Compensation)۔ بدل اس معاوضہ کا نام ہے جو فریقین کی مرضی سے دیا جاتا ہے ۔ ہرجانہ اس معاوضہ کو کہتے ہیں جو کسی شخص کو غیر قانونی مضرت مبینہ ٹارٹ پہونچانے کی صورت میں ادا کرنا پڑتا ہے معاوضہ (Compensation) ان دونوں اصطلاحوں کی درمیانی شکل ہے ۔ یہ اس مالی معاوضہ کا نام ہے جو مالک کی مرضی کے بغیر لیا جاتا ہے مثلاً کوئی زمین فروخت کی جائے تو اس کی قیمت بدل کہلائے گی ، کسی کی زمین پر مداخلت بے جا کا ارتکاب کیا جائے تو اس مضرت کی تلافی ہرجانہ کہلائے گی اور اگر زمین باغراض عامہ مثلاً ریلوے وغیرہ کے لیے (Acquire) لے لی جائے تو اس کی پا بہ جائی معاوضہ یعنی Compensation کہلائے گی۔

لفظ معاوضہ میں وہ دعویٰ بھی شامل ہے جو کسی جائیداد منقولہ یا قیمت مال کی بابت کیا گیا ہو جس کو مدعا علیہ نے غلطی سے ایک جائز قانونی کارروائی کے تحت قرق کرایا ہو (۲۳ مدراس ص ۶۳۱) ۔ اس میں وہ دعویٰ بھی شامل ہے جو نقصان کی بابت

پبلک محدود کمپنی کے ارکان کی ذمہ داری محدود بہ حصص ہوتی ہے ۔ اس کے کم از کم ارکان کی تعداد سات (۷) ہونی چاہیے ۔ یہ کمپنی اپنے حصص کو برائے خریداری عوام میں پیش کر سکتی ہے ۔ اس کے حصص کی فروخت پر پابندی نہیں ہوتی اور بغیر کمپنی کی منظوری کے فروخت کیے جا سکتے ہیں ۔ پبلک محدود کمپنی کی تشکیل کے سلسلے میں متعدد پابندیاں عائد ہیں ۔ تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو قانون کمپنیات ۱۹۱۳ء ۔

Company, Registered رجسٹری شدہ کمپنی ۔

وہ کمپنی جو بموجب قانون کمپنی رجسٹر ہوئی ہو۔

Company, Un-registered کمپنی غیر رجسٹری شدہ ۔

Companies Act, قانون کمپنیات ۔

Comparative, a. تقابلی ۔

Comparative Law, تقابلی قانون ۔

Comparative statement, تقابلی بیان ۔ تقابلی کیفیت نامہ ۔

Comparison, n. مقابلہ ۔ تقابل ۔

Comparison of hands, مقابلہ خط ۔

Compartment, کمرہ یا ڈبہ (ریلوے کا) ۔

قانون ریلوے میں یہ اصطلاح جن معنی میں استعمال ہوتی ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ ریلوے گاڑی کا وہ حصہ جو فرش سے چھت تک بذریعہ اوٹ متصلہ حصہ سے علیحدہ کر دیا گیا ہو ۔ (۴۲ بمبئی ص ۲۹۳) ۔

Compass, v. گھیرنا ۔ حاصل کرنا ۔ پورا کرنا ۔

Compassion, n. رحم دلی ۔ ترس ۔ دردمندی ۔

Compassionate pension, وظیفہ رعایتی ۔

Compatibility, n. مناسبت ۔ موافقت ۔

Compensatory allowance, رعایتی بھتہ یا الاؤنس یا وظیفہ ۔

Compensatory gratuity, رعایتی انعام ۔

Compensatory ground, On رحم دلانہ وجوہ کی بناء پر ۔

عدالت ملزم کی سزا اس کی ضعیف العمری یا شدید بیماری یا کسی اور سبب سے رحم دلانہ وجوہ کی

معاوضہ دلانے کے لیے کیا گیا ہو یا رقم کے سود بابت ہو ۔

قانون حصول آراضی کے تحت جو آراضی باغرا[illegible] عامہ حکومت حاصل کرتی ہے مالک آراضی کو اس معاوضہ ادا کرنا عام طور پر لازمی سمجھا جاتا ہے

اگر کوئی شخص کسی کے خلاف غلط اور بے بنی[illegible] استغاثہ عدالت میں پیش کرے تو عدالت ایسے شخ[illegible] کے خلاف بطور تاوان ادائی معاوضہ کا حکم د[illegible] سکتی ہے ۔

Compensation and Rehabilitation (Displaced Persons) Act, قانون معاوضہ و آبادکاری اشخاص خانماں برباد ۔

Compensation for advantage, معاوضہ مفاد ۔

یہ اصطلاح بظاہر معاوضہ نقصان کے متضاد معلو[illegible] ہوتی ہے لیکن دراصل اس کا مطلب ہے اس مفاد [illegible] معاوضہ جو فریق متضرر کے مقابل فریق ثانی [illegible] اٹھایا ہو ۔

اس کو قانونی اصطلاح میں Mesne Profit بھی کہا جاتا ہے ۔

Compensation grant, رقم تلافی ۔

Compensatory holdings, املاک معاوضہ ۔

Compensatory holiday, تعطیل معاوضہ ۔

جب کوئی ملازم منظورہ تعطیل مثلاً ہفتہ واری تعطیل یا تہوار کے دن کام کرے تو وہ اس کا مستحق ہوتا ہے کہ اس کے بجائے کسی اور دن چھٹی کر لے۔ اس تعطیل کو تعطیل معاوضہ کہا جاتا ہے ، جیسے کہ ریلوے یا جہاز کمپنی وغیرہ کے ملازمین جنھیں تعطیل کے دنوں میں عام دنوں کی طرح کام کرنا پڑتا ہے ۔

Compensatory leave, رخصت معاوضہ ۔

Competency, اہلیت ۔ استعداد ۔ صلاحیت ۔ اختیار ۔

Competency, Legal اہلیت قانونی ۔

Competency, Perfect اہلیت تام ۔ مکمل اہلیت ۔

Competency of witnesses, اہلیت گواہان ۔

از روئے قانون شہادت گواہان کے لیے بلحاظ عمر و عقل شہادت دینے کی اہلیت کا موجود ہونا ضروری ہے (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو دفعہ ۱۱۸ قانون شہادت)۔

Competent, *a.* مجاز ۔ با اختیار ۔ مقتدر (عدالت) ۔ قابل ۔ لائق ۔

Competent authority, حاکم مقتدر ۔ حاکم مجاز ۔ ہیئت مجاز ۔

Competent Court, عدالت مجاز (بہ لحاظ نوعیت مقدمہ و حدود ارضی)

عدالت مجاز سے مراد وہ عدالت ہے جس کو بلحاظ مالیت و نوعیت مقدمہ و حدود ارضی سماعت کا اختیار حاصل ہو (۲۷ الہ آباد ص ۲۳۹) ۔

Competent jurisdiction, مجاز سماعت ۔

عدالت کسی مقدمہ کی سماعت کے لیے اسی وقت مجاز سمجھی جائے گی جب کہ اسے بلحاظ نوعیت مقدمہ ، مالیت اور حدود ارضی مقدمہ کی سماعت کا اختیار حاصل ہو اور وہ اختیار کسی قانون مختص الامر یا مختص المقام کے ذریعہ اس سے نہ لے لیا گیا ہو ۔

Competent to contract, مجاز معاہدہ ۔

از روئے قانون ہر بالغ و عاقل شخص معاہدہ کرنے کا مجاز ہے بشرطیکہ معاہدہ کرنے میں اس کی آزاد مرضی شامل ہو لیکن ایک فاترالعقل یا دیوالیہ شخص معاہدہ کرنے کا مجاز نہیں ہے ۔

Competent to try, سماعت کا اہل ۔ مجاز عقبقات ۔

Competition, *n.* مسابقت ۔ مقابلہ ۔

Competitive examination, امتحان مقابلہ ۔

Compilation, *n.* جمع آوری ۔

Compilation of laws, جمع آوری قوانین ۔

Complainant, *n.* مستغیث ۔

Complaint, *n.* استغاثہ ۔ نالش ۔

استغاثہ سے مراد ایسا زبانی یا تحریری بیان ہے جس میں ایک مجسٹریٹ سے کسی شخص معلوم یا نامعلوم کی نسبت حسب مجموعہ ضابطہ فوجداری کارروائی کرنے کی درخواست کی جائے مگر اس میں پولیس نیز عہدہ دار کوتوالی کی رپورٹ داخل نہیں ہے (دفعہ ۴ ضمن ب ضابطہ فوجداری) ۔

استغاثہ اور اطلاع میں ایک اہم فرق یہ ہے کہ مجسٹریٹ استغاثے کی بناء پر کارروائی اس لیے کرتا ہے کہ مستغیث نے اس سے ایسی درخواست کی ہے مگر اطلاع پر مجسٹریٹ کو خود اقدام کرنا پڑتا ہے ۔

استغاثے میں مجسٹریٹ سے اس شخص کو سزا دینے کی درخواست کی جاتی ہے جو ملزم کہا جاتا ہے ۔ اب یہ مجسٹریٹ کا فرض ہوتا ہے کہ یہ فیصلہ کرے کہ مستغیث کی درخواست منظور کی جائے یا نہیں ۔ اگر اس کو اختلاف ہو تو پھر وہ حسب دفعہ ۲۰۲ وجوہ قلم بند کرکے خود تحقیقات کرے یا تحقیقات و تفتیش کی ہدایت کرے یا پھر وجوہ قلم بند کرنے کے بعد مقدمہ کو حسب دفعہ ۲۰۳ ضابطہ فوجداری خارج کر دے ۔ لیکن وصولی اطلاع کی صورت میں مجسٹریٹ سے کسی کارروائی کی درخواست نہیں ہوتی اور نہ اس کو وجوہ قلم بند کرنے کی ضرورت ہوتی ہے اور نہ کوئی حکم جاری کرنے کی ضرورت اور نہ کسی کا حلفی بیان لینے کی ۔ استغاثے میں بجز اس کے کہ کوئی سرکاری عہدہ دار مستغیث ہو مستغیث کے بیان حلفی کی ضرورت ہوتی ہے (۱۹۳۰ع الہ آباد ص ۸۲۰) ۔

Completion, *n*. تکمیل ۔

Completion Certificate, صداقت نامہ تکمیل ۔

ادارۂ ترقیات کراچی کے قواعد تعمیر عمارت کے تحت لازمی ہے کہ عمارت کی تکمیل تعمیر کے بعد تکمیلی نقشہ Completion Plan داخل کیا جائے اور ادارۂ مذکور سے صداقت نامہ تکمیل حاصل کر لیا جائے اس کارروائی سے اس جائداد سے متعلق متعدد تحفظات حاصل ہو جاتے ہیں ۔

Compliance, *n*. تعمیل حکم ۔ بجا آوری ۔

In Compliance of, بہ تعمیل ۔ بموجب (حکم)

Complication, *n*. پیچیدگی ۔ الجھن ۔

Complicity, *n*. ساز باز ۔ سازش ۔ شرکت (کسی برے کام میں) ۔

Complied, تعمیل شدہ ۔ تعمیل کی گئی ۔

Compliment, *n*. تحسین ۔ داد ۔ تعریف ۔ شاباشی ۔

Comply, *v*. تعمیل کرنا ۔

Comply with the Court order, حکم عدالت کی تعمیل کرنا ۔

Compose, *v*. بنانا ۔ مرکب کرنا ۔ تصنیف یا تالیف کرنا ۔ حرفوں کا جوڑنا یا ملانا ۔ تصفیہ کرنا ۔ طے کرنا ۔ تسکین دینا ۔

Composition, *n*. تصفیہ ۔ مصالحت ۔ راضی نامہ ۔ مصالحت قرضہ ۔ تصفیہ قرضہ ۔

یہ اصطلاح بالخصوص دیوالیہ کے اپنے قرض خواہوں کی واجب الادا رقوم کی ادائیگی کے تصفیہ کے لیے استعمال ہوتی ہے ۔ لیکن اس کے لیے ضروری ہے کہ وہ تصفیہ جملہ قرض خواہوں کے ساتھ ہونا چاہیے ، جس میں قرض خواہان اپنی رقم کا ایک جزو لے کر باقی ادا شدہ رقم کی نسبت دیوالیہ کے حق میں فارغ خطی لکھ دیتے ہیں ۔ جس محرر کے نتیجہ میں یہ تصفیہ عمل میں آتا ہے وہ مصالحت نامہ (Composition Deed) کہلاتا ہے ۔ اس تصفیہ نامہ کی رو سے مدیون کا کاروبار دائنان کے فائدہ کی غرض سے جاری رکھنے کا بندوبست کیا جاتا ہے ۔ جس کا بالراست نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ وہ کاروبار کلیتہ یا جزواً دائنان کے مشترک مفاد کے لیے مہتمم قرضہ کی زیر نگرانی چلایا جاتا ہے ۔

Composition Deed, صلح نامہ ۔ مصالحت نامہ ۔

Compound, *n*. & *v*. (۱) احاطہ ۔ (۲) باہمی رضامندی سے معاملہ طے کرنا ۔ تصفیہ کرنا ۔

جرائم کی بلحاظ تصفیہ باہمی دو قسمیں ہیں ۔ ایک جرائم قابل راضی نامہ (Compoundable Offences) اور دوسرے جرائم ناقابل راضی نامہ (Non-Compoundable Offences) ۔ جو جرائم قابل راضی نامہ ہیں وہ فریقین کی رضامندی سے طے ہو سکتے ہیں اور عدالت میں درخواست تصفیہ داخل کرکے کارروائی ختم کی جا سکتی ہے لیکن ناقابل راضی نامہ جرائم میں فریقین کو آپس میں مقدمہ طے کرنے کا اختیار نہیں ہے ۔ اول الذکر صورت میں بعض ایسے جرائم ہیں جو صرف بہ اجازت عدالت قابل راضی نامہ ہیں ۔

Compoundable, قابل راضی نامہ ۔ قابل مصالحت ۔

Compoundable, Non, ناقابل راضی نامہ ۔ ناقابل مصالحت ۔

Compound fracture, ہڈی کا اس طرح ٹوٹنا کہ گوشت اور کھال تک میں زخم ہو جائے ۔

Compound house-holder, کرایہ دار جس کے ذمہ کے محاصل مالک مکان ادا کرتا ہے اور کرایہ میں شامل کر دیتا ہے ۔

Compound interest, سود مرکب ۔ سود در سود ۔

Comprehend, *v.* سمجھنا ۔ تصور کرنا ۔
کسی شخص یا شے کو داخل کرنا ۔ شامل کرنا

Comprehensive, *a.* جامع ۔ وسیع ۔ محیط ۔

Comprint, *v.* ناجائز طباعت کرنا ۔
حق تصنیف کی خلاف ورزی کرکے کسی دوسرے ناشر کے کام کو کسی نفع کی خاطر طبع کرنا ناجائز اور خلاف قانون ہے ۔ اس کے متعلق تحت قانون حق تصنیف کارروائی کی جا سکتی ہے ۔

Comprise, *v.* شامل کرنا ۔ مشتمل ہونا ۔

Compromise, *n.* مصالحت ۔ مفاہمت ۔ سمجھوتہ ۔

Compromise by minor, نابالغ کی مصالحت ۔
حکم ۳۲ قاعدہ ۷ مجموعہ ضابطہ دیوانی کے ذریعہ کسی نابالغ کے قریبی دوست یا سرپرست کو نابالغ کی طرف سے بغیر عدالت کی صریح اجازت کے مصالحت کرنے کی ممانعت کی گئی ہے (۱۹۳۴ء مدراس ص ۵۲۴) لیکن یہ قاعدہ اس صورت میں متعلق نہ ہوگا جب کہ نابالغ فریق مقدمہ نہ ہو اور مصالحت سے اس کا مفاد متاثر ہو رہا ہو (۱۹۲۷ء کلکتہ ص ۸۷۰)۔ مصالحت کی اجازت کی درخواست پر عدالت کو یہ غور کرنا ہوگا کہ آیا ایسی اجازت کا دیا جانا نابالغ کے مفاد میں ہے یا نہیں (۱۹۳۴ء رنگون ص ۱۶۸)۔ کسی نابالغ کے خلاف اس کے ولی اور سرپرست کی مرضی کے خلاف عدالت مصالحت پر زور نہیں دے سکتی (۱۹۲۵ء الہ آباد ص ۵۷۰)، لیکن اگر عدالت سمجھوتہ کو نابالغ کے لیے مفید سمجھے اور سرپرست صحیح طور پر کام نہ کر رہا ہو تو وہ اس سرپرست یا ولی کو علیحدہ کرکے دوسرا ولی مقرر کر سکتی ہے (۱۹۲۳ء کلکتہ ص ۶۲۵)۔

Compromise by pleader, مصالحت بذریعہ وکیل ۔
وکیل کو موکل کی طرف سے صرف اسی صورت میں مصالحت کرنے کا اختیار ہے جب کہ وکالت نامہ میں اسے مصالحت کرنے کا اختیار دیا گیا ہو ۔

Compromise decree, مصالحتی ڈگری ۔
مصالحتی ڈگری کے خلاف اپیل نہیں کی جا سکتی (ملاحظہ ہو دفعہ ۹۶(۳) ضابطہ دیوانی مجریہ ۱۹۰۸ء)۔

Compromise, Deed of صلح نامہ ۔ راضی نامہ ۔

Compromise, Elements of ارکان صلح ۔

Compromise, To effect a صلح کرانا ۔ مفاہمت کرانا ۔
کسی مقدمہ میں ذاتی اثر و رسوخ کو کام میں لا کر سمجھوتہ کرا دینے کے معاوضہ کی بابت شخص ثالث کے حق میں اقرار نامہ کی تکمیل مصالحت عامہ کے خلاف نہیں ہے ۔ شخص ثالث معاوضہ پا سکتا ہے ۔

Comptroller, *n.* میر حساب ۔ حساب جانچنے والا ۔ (حاکم) ۔ عامل ۔ محافظ ۔

Compulsion, *n.* جبر ۔ زبردستی ۔ دباؤ ۔ زور ۔

Compulsory deposit, جبری یا لازمی امانت ۔
کسی پراویڈنٹ فنڈ میں جمع کی ہوئی اماتی رقم جو از روئے پراویڈنٹ فنڈ ایک مخصوص ناگہانی صورت کے وقوع کے سوا حاصل نہ کی جا سکتی ہو ۔ قانون مذکورہ کی دفعہ ۴ کے ذریعہ پراویڈنٹ فنڈ کی رقم جو حکومت یا ریلوے کے فنڈ میں جمع ہو کسی عدالت دیوانی یا فوجداری یا مال کے حکم سے کسی قرض کی ڈگری یا کسی اور ذمہ داری کے تحت قرق نہیں کی جا سکتی ۔ مقدمہ مندرجہ ۱۹۳۴ء مدراس ص ۴۴۰ میں یہ طے کیا گیا کہ پراویڈنٹ فنڈ کی رقم بصورت وفات چندہ دہندہ (Contributory) اس کے ورثا کو تحت قواعد پراویڈنٹ فنڈ قابل ادا ہوتی ہے ۔ اس لیے یہ رقم متوفی کے ترکہ کی حیثیت سے قرق نہیں کی جا سکتی ۔

Compulsory education, جبریہ تعلیم ۔ تعلیم جبری ۔

Compulsory insurance, لازمی بیمہ ۔
جدید صنعتی قوانین کے تحت مزدوروں کا بیمہ کرانا صنعتی و تجارتی اداروں کے لیے لازمی قرار دیا ہے ۔

Compulsory labour, جبریہ محنت ۔

Compulsory liquidation جبریہ تحلیل (کاروبار)۔

Compulsory winding up, جبریہ برخاستگی یا تحلیل کاروبار ۔
کسی کمپنی کے کاروبار کی برخاستگی یا تحلیل کا یہ طریقہ ہے کہ کوئی بھی قرض خواہ جس کا قرض ۵۰۰ روپے سے زائد ہو اور جسے باوجود مطالبہ کمپنی ادا کرنے سے قاصر رہی ہو ، عدالت میں کمپنی کی جبریہ برخاستگی کاروبار کی درخواست دے سکتا ہے اور عدالت

بعد اجرائے نوٹس اگر اس نتیجہ پر پہنچے کہ کمپنی کا سرمایہ اس کے قرضوں اور دینداریوں کو ادا کرنے کے لیے ناکافی ہے اور کمپنی قرض ادا کرنے سے قاصر ہے تو وہ جبری تصفیہ حساب و کتاب کا حکم جاری کر سکتی ہے ۔ اس صورت میں ایک منصرم مقرر کیا جائے گا جو کمپنی کے کاروبار کا جبریہ حساب و کتاب کرنے کا اہتمام کرے گا اور اس طرح کمپنی کی جبریہ برخاستگی عمل میں آئے گی ۔

Compunction, *n.* ندامت ۔ تاسّف ۔ تردّد ۔

Compurgation, *n.* الزام سے برأت ۔ بریّت بذریعہ حلف ۔

Compurgator, *n.* بذریعہ حلف بری ہونے والا (الزام سے) ۔

Computation, *n.* گنتی ۔ شمار ۔ تخمینہ ۔

Compute, *v.* شمار کرنا ۔ حساب لگانا ۔

Computer, *n.* شمار کنندہ ۔

Concealment, *n.* اخفاء ۔ پوشیدگی ۔

اخفاء اس وقت دھوکہ دہی اور فریب سمجھا جائے گا جب کہ اس کا اظہار شخص متعلقہ پر لازمی ہو (دیکھیے قانون معاہدہ ۱۸۷۲ع) ۔

Concealment, Active, عملاً اخفاء ۔ اخفاء بذریعہ عمل ۔

Concealment of birth, اخفائے ولادت ۔

Concealment of evidence, اخفائے شہادت ۔

Concealment of fact, اخفاء امر واقعہ ۔ کتمان حقیقت ۔

Concealment of stolen property, اخفاء مال مسروقہ ۔

Concede, *v.* منظور کرنا ۔ قبول کرنا ۔

Conceive, *v.* قیاس کرنا ۔ تصور کرنا ۔ نطفہ قبول کرنا ۔ حاملہ ہونا ۔

Concept, *n.* تصور ۔ مافی الذہن ۔ نظریہ ۔

Concern, *n.* تعلق ۔ کاروبار ۔

Concern, Business }
Concern, Commercial } تجارتی کاروبار ۔ تجارتی ادارہ ۔

Concern, Industrial صنعتی کاروبار ۔ صنعتی ادارہ ۔

Concerned, *a.* متعلق ۔ متعلقہ ۔

Concerned Party, فریق متعلقہ ۔

Concession, *n.* رعایت ۔ امتیاز ۔

Concession right, حق امتیاز ۔ حق رعایت ۔

Conciliate, *n.* صلح کرانا ۔ میل کرانا ۔ منانا ۔ راضی کرنا ۔

Conciliation, *v.* صلح و اتفاق ۔ مصالحت ۔

Conciliation Court, مصالحتی عدالت ۔ عدالت مصالحت ۔ وہ عدالت جو فریقین کو مصالحت کا موقعہ دے اور اُن میں مصالحت کرائے ۔

Conciliation Officer, عہدہ دار مصالحت ۔

صنعتی تعلقات کے قانون کے تحت متعلقہ حکومت سرکاری گزٹ میں اعلان کے ذریعہ عہدہ داران مصالحت جتنی تعداد میں مناسب تصور کرے مقرر کر سکتی ہے تا کہ وہ صنعتی تنازعات کے تصفیہ اور مصالحت میں مالکان اور کارکنان کے درمیان افسر رابطہ کی حیثیت سے اپنے فرائض انجام دیں ۔

Conciliation Proceedings, کارروائی مصالحت ۔

جہاں کہیں صنعتی تنازعہ موجود ہو یا تنازعہ کا اندیشہ ہو تو افسر مصالحت مصالحتی کارروائی کا آغاز کرتا ہے ۔

Conciliative, *a.* مصالحتی ۔

Conciliator, *n.* ثالث بالخیر ۔ صلح کرانے والا ۔

Concentrate, *v.* مرکوز کرنا ۔

Concentration, *n.* اجتماع ۔ ارتکاز ۔

Concentration Jail, محبس مرکزی ۔

Concentration of powers, اجتماع اختیارات ۔

Concise, *a.* مختصر ۔ مجمل ۔

Concise statement, بیان مجمل ۔

سپریم کورٹ قواعد ۱۹۵۷ع کی رو سے فریقین کے لیے لازمی قرار دیا گیا ہے کہ وہ بحث سے قبل ایک بیان مجمل عدالت میں داخل کریں جس میں واقعات مقدمہ اور قانونی نکات مختصراً درج ہوں ۔

Conclude, *v.* ختم کرنا ۔ نتیجہ نکالنا ۔ طے کرنا ۔ فیصل کرنا ۔

Concluding, *a.* اختتامی ۔

Conclusion, *n.* اختتام ۔ نتیجہ ۔ خاتمہ ۔

Conclusion to the contrary, نتیجہ برعکس ۔

Conclusive, *a.* فیصلہ کن ۔ قطعی ۔

Conclusive evidence, شہادت قطعی ۔
ایسی شہادت جس کی تردید نہ ہو سکے ۔

Conclusive presumption, قیاس قطعی ۔
ایسا قیاس جس کی تردید ممکن نہ ہو ۔

Conclusive proof, ثبوت قطعی ۔
جب قانون شہادت کے بموجب ایک واقعہ کو دوسرے کسی واقعہ کا ثبوت قطعی قرار دیا گیا ہو تو عدالت ایک واقعہ کے ثابت ہونے پر دوسرے واقعہ کو ثابت شدہ قرار دے دے گی اور اس کی اجازت نہ دے گی کہ اس دوسرے واقعہ کو ناثابت قرار دینے کے لیے شہادت پیش کی جائے (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو دفعہ ۴ قانون شہادت) ۔

Conclusively, *ad.* قطعاً ۔ قطعیت کے ساتھ ۔

Conclusively binding, قطعاً قابل پابندی ۔

Concoct, *v.* بنانا ۔ گڑھنا ۔ اختراع کرنا ۔

Concocted, *a.* اختراعی ۔ اختراع کردہ ۔

Concord, اتفاق (رائے) ۔

Concubinage, *n.* ناجائز تعلق ۔ آشنائی ۔

Concubine, *n.* داشتہ ۔ زن مدخولہ ۔ خواص ۔

Concur, *v.* اتفاق کرنا ۔ متفق ہونا ۔
متفق الرائے ہونا ۔

Concurrence, *n.* موافقت ۔ اتفاق رائے ۔

Concurrent, باہم موافق ۔ متصل ۔ مسلسل ۔

Concurrent finding, موافق تجویز ۔
موافق نتیجہ اول ۔ تجویز متفقہ ۔
جب عدالت ابتدائی اور عدالت اپیل اول مقدمہ کے واقعاتی نتائج میں باہم موافق ہوں تو ہائی کورٹ اپیل ثانی میں عام طور پر مداخلت نہیں کرتی (ملاحظہ ہو دفعہ ۱۰۰ ضابطہ دیوانی) ۔ الا یہ کہ شہادت کو غلط پڑھا گیا ہو یا جس واقعاتی شہادت کی بناء پر نتائج اخذ کیے گئے ہوں اس کا سرے سے کوئی وجود ہی نہ ہو ۔

Concurrent covenant, متفقہ شرط ۔

Concurrent judgement, متفقہ فیصلہ ۔

Concurrent jurisdiction, ہم درجہ اختیار سماعت (عدالت کا) ۔
جب متعدد عدالتوں کو کسی ایک مقدمہ کی نسبت اختیار سماعت حاصل ہو تو مدعی جس عدالت میں چاہے دعویٰ دائر کر سکتا ہے ۔ ہم درجہ اختیار سماعت کا اصول فوجداری مقدمات پر بھی منطبق ہوتا ہے لیکن اس ضمن میں تھوڑا سا فرق ہے ، مثلاً فوجداری مقدمہ میں عدالت عالیہ اور عدالت سماعت کنندہ دونوں کو ضمانت کی درخواست کی سماعت کا اختیار حاصل ہے اور ملزم بجائے عدالت سماعت کنندہ کے عدالت عالیہ میں درخواست ضمانت پیش کرتا ہے جو نامنظور کر دی جاتی ہے ۔ اس کے باوجود ملزم کا یہ حق ساقط نہیں ہوتا کہ وہ عدالت سماعت کنندہ میں دوبارہ پیش کرے ۔ البتہ یہ ضروری ہوتا ہے کہ اس درخواست میں کوئی نئی توجیہہ پیش کی گئی ہو ۔
قانون داد رسی مختص (Specific Relief Act) کے تحت ایک ہم درجہ عدالت دوسری ہم درجہ عدالت میں کسی کارروائی مقدمہ کو نہیں روک سکتی ۔ (دفعہ ۵۶ (ب) قانون داد رسی مختص ۱۸۷۷ء) ۔

Concurrent lease, مسلسل پٹہ ۔

Concurrent list, ہم درجہ فہرست ۔
ہم درجہ فہرست سے وہ فہرست مراد لی جاتی ہے جس میں مندرجہ موضوعات پر مرکزی اور صوبائی حکومتیں قانون سازی کرنے کی مجاز ہوتی ہیں ۔ یہ فہرست دستور پاکستان کے آخر میں شامل ہے ۔

Concurrent sentences, مختلف سزائیں جو ایک ساتھ شروع ہوں ۔
جب کبھی ملزم کو چند مختلف جرائم کے تحت الگ الگ سزا دی جائے تو عدالت ان کی ایک ساتھ تعمیل کا حکم دے سکتی ہے ۔

Concurrent writs, پروانہ جات جو ایک ہی شخص کے لیے مختلف مقامات کے لیے جاری کیے جائیں ۔

Concuss, *v.* مجبور کرنا ۔ دباؤ ڈالنا ۔ دھمکی دینا ۔

Condemn, *n.* قصوروار ٹھہرانا ۔ مجرم قرار دینا ۔ ناقص قرار دینا ۔ موت کا حکم سنانا ۔ ضبطی کا حکم دینا ۔

Condemnable, *a.* قابل تعزیر ۔ قابل ملامت ۔

Condemnation, *n.* سزائے موت ۔ ضبطی ۔

Condemned act, فعل مکروہ ۔

Condemned act approximating to unlawfulness, مکروہ تحریمی ۔

یہ اصطلاح اسلامی فقہ کی ہے اس کا مطلب ہے ایسا مکروہ فعل جو حرام کے درجہ تک پہنچ جائے ۔

Condemned act approximating to lawfulness مکروہ تنزیہی ۔

یہ اصطلاح اسلامی فقہ کی ہے ۔ اس کا مطلب ہے ایسا مکروہ فعل جو اگرچہ مباح ہو مگر مکروہ ہو ۔

Condemned prisoner, قیدی زیر سزائے موت ۔

Condition, *n.* شرط ۔ قرار ۔ کیفیت ۔ حالت ۔

Condition Imposed, شرط عائد کردہ ۔

Condition of allotment, شرط تعین ۔

Condition of contract, شرط معاہدہ ۔

Condition of service, شرط ملازمت ۔

Condition of sale, شرط نیلام ۔ شرط فروخت ۔

Condition of supply, شرط بہم رسانی ۔ شرط رسد ۔

Condition of tenure of land, شرط پٹہ آراضی ۔

یہ اصطلاح مغربی پاکستان لینڈ ریونیو ایکٹ ۱۹۶۷ء میں استعمال ہوئی ہے ۔ اس سے مراد وہ شرائط ہیں جو سرکاری آراضی کے پٹہ کے ساتھ وابستہ ہوتی ہیں اور جنکی پابندی پٹہ گیرندہ (Lessee) پر واجب ہے ۔

Condition of tenure of service, شرط میعاد ملازمت ۔

Condition Precedent, شرط ماقبل ۔

ایسی شرط جو معاہدہ یا کام کی انجام دہی سے پہلے پوری کی جائے ، مثلاً اگر عدالت کسی مقدمہ کو اس شرط ماقبل کے ساتھ واپس لینے کی اجازت دے کہ نیا مقدمہ داخل کرنے سے پہلے فریق ثانی (مدعا علیہ) کو ہرجہ ادا کرے اور اگر مدعی دوسرا مقدمہ بغیر اس شرط ماقبل کے پورا کیے یعنی سابقہ مقدمہ کا خرچ مدعا علیہ کو ادا کیے بغیر مقدمہ دائر کرے تو تا ادائی خرچہ عدالت اس مقدمہ میں ڈگری صادر نہیں کرے گی ۔

Condition Subseqent, شرط مابعد ۔

Conditional decree, مشروط ڈگری ۔

Conditional guarantee, ضمانت مشروط ۔ ضمان شرطی ۔

Conditional legacy, مشروط ترکہ ۔ ترکہ مشروط ۔

جب وصی اپنے وصیت نامہ میں کسی شخص کی نسبت ترکہ میں حصہ ملنے کو کسی واقعہ کے وقوع پر موقوف کر دے تو اس ترکہ کو مشروط یا موقوف ترکہ کہا جاتا ہے ۔

Conditional payment, مشروط ادائی ۔

Conditional promise, مشروط وعدہ ۔

Conditional release, مشروط رہائی ۔ مشروط برأت ۔

Conditional sale, مشروط فروخت ۔ بیع بالوفاء ۔

See "Sale, conditional")

Conditional sentence, مشروط یا موقوف سزا ۔

وہ سزا جو کسی امر واقعہ کے وقوع یا شرط پر موقوف ہو ۔

Condonation, *n.* معافی ۔ چشم پوشی ۔ عفوو درگذر ۔

Condone, *v.* چشم پوشی کرنا ۔ نظر انداز کرنا ۔ معاف کرنا ۔

Conduct *n.* & *v.* (۱) برتاؤ ۔ طریقہ کار ۔ پیروی ۔ رہ نمائی ۔
(۲) رہبری کرنا ۔ اہتمام کرنا ۔ انتظام کرنا ۔ عمل کرنا ۔

Conduct money, طلبانہ (گواہ کے مصارف سفر) ۔

سندھ سول کورٹس رولز کے تحت گواہوں کے طلبانے اور سفر خرچ وغیرہ کا تعین کر دیا گیا ہے ۔

Conduct, Evidence of ثبوت چال چلن ۔

Conduct, Rules of قواعد چال چلن ۔

Conducting the sale, اہتمام نیلام یا فروخت ۔

Conductor, *n.* رہ نما ۔ نگہدار ۔ لے جانے والا ۔ منتظم ۔

Confederacy, *n.* سازش ۔ اتحاد (کسی خلاف قانون کام کے لیے) ۔

Confederation, *n.* اتحادیہ ۔ عہدیہ ۔ متحدہ ریاستیں جو اندرونی معاملات میں آزاد ہوں ۔

Confer, *v.* مرحمت کرنا ۔ عطا کرنا ۔

Confer with, خطاب کرنا ۔ مشورہ کرنا ۔

Conference, *n.* مشاورت - مشورہ - جلسہ - مؤتمر -

Conferment of powers, عطائے اختیارات -

Conferrable powers, قابل مرحمت اختیارات -

Confess, *v.* اقبال کرنا - اعتراف کرنا -

Confession, *n.* اقبال - اعتراف -

فوجداری مقدمات میں جرم کے ارتکاب کے اقرار کا نام اقبال یعنی (Confession) ہے - یہ اقبال دو صورتوں میں ہوتا ہے - ایک یہ کہ ملزم کسی مجسٹریٹ کے روبرو یہ بیان دے کہ اس نے جرم کا ارتکاب کیا ہے - اس اقبال کو تحریر میں لانے کے سلسلہ میں کچھ شرائط عائد کی گئی ہیں - اس کو عدالتی اقبال (Judicial Confession) کہا جاتا ہے لیکن اگر ملزم یہ اقبال عدالت کے علاوہ کسی اور شخص کے روبرو کرے تو اس کو زائد عدالتی (Extra-Judicial Confession) کہا جاتا ہے -

اقبال اس صورت میں قابل ادخال شہادت ہے جبکہ وہ کسی مجسٹریٹ کے روبرو کیا جائے اور کسی دھمکی یا ترغیب کا نتیجہ نہ ہو - اقبالی بیان قلمبند کرنے سے پہلے مجسٹریٹ کو چاہیے کہ وہ ملزم سے دریافت کرے کہ وہ کتنے عرصے سے زیر حراست ہے (۱۹۳۱ع لاہور صفحہ ۷۶۳) - مجسٹریٹ کو ایسے سوالات ضرور کرنے چاہییں جس سے یہ اطمینان ہو جائے کہ اقبال رضاکارانہ کیا جا رہا ہے (۱۹۴۰ع پٹنہ صفحہ ۱۶۳)-

جو اقبال کسی پولیس افسر کے روبرو کیا جائے یا وہ اقرار جو ملزم نے پولیس کی حراست میں رہ کر کیا ہو ، ملزم کے خلاف ثابت نہیں کیا جا سکتا (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہوں دفعات ۲۴ تا ۳۰ قانون شہادت ۱۸۷۲ع) -

Confersion, Extra-judicial اقبال غیر عدالتی -

Confession, To extort جبراً اقبال جرم کرانا -

از روئے قانون اقبال جرم کا آزادانہ اور رضاکارانہ ہونا ضروری ہے - چنانچہ جو مجسٹریٹ اقبال جرم تحریر کرے ، اس پر لازم ہے کہ وہ اس امر کی بابت ملزم سے دریافت کرے کہ آیا وہ بیان آزادانہ و رضاکارانہ اور بلا جبرو اکراہ دے رہا ہے - جو اقبال جرم کسی دھمکی ، ترغیب یا دباؤ کے زیر اثر حاصل کیا جائے وہ از روئے قانون شہادت بے اثر ہوگا (دیکھیے دفعات ۲۴ تا ۳۰ قانون شہادت ۱۸۷۲ع) -

Confidence, *n.* اعتماد -

Confidential, *a.* بصیغہ راز -

Confidential Communication, مراسلت رازدارانہ - مراسلت بصیغہ راز -

وہ صلاح و مشورہ جو میاں بیوی یا وکیل و موکل کے مابین ہو مراسلت بصیغہ راز ہے اور اس کے اظہار کے لیے مجبور نہیں کیا جا سکتا (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہوں دفعہ ۱۲۲ و ۱۲۶ قانون شہادت) -

Also see "Communication, Privibged"

Confidential debts, قرضہ جات راز -

Confidential document, دستاویز راز - دستاویز بصیغہ راز -

Confidential Information, اطلاع بصیغہ راز -

Confidential Section, شعبہ راز -

Confine, *v.* محدود کرنا - روک رکھنا - حد سے باہر نہ ہونے دینا -

Confinement, *n.* قید - حد - روک -

Confinement, Solitary قید تنہائی -

قید تنہائی قید کی ایک سخت قسم ہے - کسی قیدی کو چھ ماہ سے زائد عرصہ قید تنہائی میں نہیں رکھا جا سکتا - قید تنہائی کا حکم دینے سے پہلے ملزم کی صحت دماغی کا لحاظ ضروری ہوتا ہے -

Confinement, Wrongful حبس بے جا -

Confirm, *n.* توثیق کرنا - مستقل کرنا -

Confirmation, *n.* توثیق - مستقلی -

Confirmation, Deed of دستاویز توثیق -

Confirmation of death sentence, توثیق سزائے موت -

عدالت سیشن سے اگر کسی مجرم کو سزائے موت ہو جائے تو اس کی توثیق عدالت عالیہ سے ہونی لازمی ہوتی ہے جس کی سماعت اجلاس متفقہ میں ہوتی ہے -

Confirmation of divorce, توثیق طلاق -

عائلی قوانین آرڈی ننس ۱۹۶۱ع دفعہ ۷ کے تحت لازمی قرار دیا گیا ہے کہ شوہر طلاق دینے کے بعد بعجلت ممکنہ چیئرمین یونین کمیٹی کو اپنے اس فعل

سے تحریراً مطلع کر لے تاکہ طلاق کی توثیق کرنے کی کارروائی کی جا سکے ۔

Confirmation of marriage, توثیق نکاح ۔
نکاح کے لیے عدالتی توثیق کی ضرورت نہیں ۔

Confirmation of sale by court, توثیق نیلام بذریعہ عدالت ۔
جو فروخت عدالتی حکم کے تحت کی جاتی ہے اس کا معاملہ توثیق کے لیے عدالت کے سامنے پیش کیا جاتا ہے ۔ چنانچہ عدالت بعد فروخت ایک صداقت نامہ توثیق نیلام جاری کرتی ہے جس کی رو سے فروخت قطعی ہو جاتی ہے (ملاحظہ ہو حکم ۲۱ قاعدہ ۹۴ ضابطہ دیوانی) ۔

Confirmed, *a.* مستقل ۔ موثق ۔

Confirmed tradition, سنت موکدہ ۔ سنت موثقہ ۔
سنت موکدہ کی اصطلاح فقہ اسلامی سے متعلق ہے ۔ اس کے معنی ہیں وہ سنت رسول اللہؐ جس کے بجا لانے کی تاکید کی گئی ہو ۔ اصول شرع اسلام میں سنت مؤکدہ کا درجہ واجب کے قریب قریب ہوتا ہے ۔

Confiscate, *v.* ضبط کرنا ۔ مال سرکار قرار دینا ۔

Confiscation, *n.* ضبطی ۔

Conflict, *n.* & *v.* تصادم ۔ اختلاف ۔ مختلف ہونا ۔

Conflict of laws, تصادم قوانین ۔ اختلاف قوانین ۔
اصول قانون میں تصادم قوانین کی بحث خاص اہمیت رکھتی ہے ۔ دستور پاکستان مجریہ ۱۹۷۳ء کے تحت اگر مرکزی اور صوبائی قوانین میں (ایک ہی موضوع پر) تصادم ہو تو مرکزی قانون کو بالادستی حاصل ہوگی ۔

Conflicting, *a.* متخالف ۔

Conform, *v.* پابندی کرنا ۔ تعمیل یا پیروی کرنا ۔ مطابق کرنا ۔

Conformity, *n.* مطابقت ۔ تطابق ۔

Confront, *v.* روبرو ہونا ۔ سامنا کرنا ۔ مقابلہ کرنا ۔

Confrontation, *n.* آمنا سامنا ۔ مقابلہ ۔

Confusion, *n.* انتشار ۔ ابتری ۔ بے ترتیبی ۔ الجھن ۔

Confusion of goods or property, بے ترتیبی مال و جائداد ۔ مال یا جائداد کا خلط ملط ہونا ۔
جب دو اشخاص کا مال اس طرح مخلوط ہو کہ بے ترتیبی ہو جائے اور علیحدہ نہ کیا جا سکے ۔ اگر یہ امر فریقین کی باہمی رضامندی سے ہوا ہے تو مال مذکور میں دونوں کا مشترک حصہ قرار دیا جائے گا جس حد تک کہ وہ جداگانہ حیثیت میں تھے ۔ لیکن اگر مال کو اس طرح مخلوط کیے جانے کا فعل اراداتاً اور فریق ثانی کی رضامندی کے بغیر عمل میں آیا ہو تو ایسی صورت میں عدالت مال اس شخص کے قبضے میں دے دے گی جو مال کا اصل مالک تھا یا جس کی ملکیت کو اس کی مرضی کے بغیر متاثر اور غیر یقینی بنانے کی کوشش کی گئی ہو ۔

Confute, *v.* تردید کرنا ۔ باطل کرنا ۔

Congregation, *n.* اجتماع ۔

Congress, *n.* مؤتمر ۔ اجتماع ۔

Conjecture, *n.* خیال ۔ گمان ۔
عدالتی فیصلہ محض خیال و گمان پر نہیں بلکہ حقائق و شواہد پیش آمدہ کی معروضی (objective) تنقید و تجزیہ پر مبنی اور قانون کے مطابق ہونا چاہیے ۔

Conjectural, *n.* قیاسی ۔ خیالی ۔

Conjugal rights, حقوق زوجیت ۔

Conjugal rights, Suit for restitution of مقدمہ اعادہ حقوق زوجیت ۔ مقدمہ بحالی حقوق زنا شوئی ۔
جب کہ زوجہ بغیر کسی جائز وجہ کے شوہر کے ساتھ رہنا چھوڑ دے تو شوہر حقوق زوجیت کے اعادہ کے لیے دعویٰ کر سکتا ہے (۱۱ مدراس انڈین اپیل ص ۵۵۱) ۔
جب کسی ایسے مقدمے میں ظالمانہ برتاؤ کی جواب دہی کی جائے اور عورت کی سلامتی کے خطرے کا اظہار کیا جائے تو ایسی جواب دہی جائز ہوگی ۔ یہ بہت افسوسناک ہوگا کہ شوہر ان ذمہ داریوں کو پورا نہ کرے جو معاہدہ نکاح نے اس پر بیوی کے مفاد کے لیے عائد کی ہیں ۔ یہ صحیح طور پر ثابت ہو جائے تو عدالت شوہر کی داد رسی سے انکار کر سکتی ہے (۲ الہ آباد ص ۲۲۲) ۔
اگر شوہر نے مہر معجل (Prompt dower) زوجہ

کو ادا نہ کیا ہو اور خلوت صحیحہ نہ ہوئی ہو تو عدالت شوہر کے اعادۂ حقوق زوجیت کے دعویٰ میں ڈگری عطا نہیں کرے گی، لیکن اگر خلوت صحیحہ ہو چکی ہے اور اعادۂ حقوق زوجیت کے دعویٰ میں زوجہ کی جانب سے عدم ادائی مہر معجل بطور جواب دہی امر تنقیح ہے تو ایسی صورت میں عدالت ڈگری کو مہر معجل کی ادائی پر منحصر کر دے گی۔ بالفاظ دیگر شوہر کو ڈگری تو مل سکتی ہے مگر ادائی مہر معجل ہی کے بعد اس کا نفاذ ہو سکتا ہے ۔ اگر شوہر نے بیوی کے خلاف بدچلنی کی تہمت لگائی ہے تو ایسی صورت میں حقوق زوجیت کی ڈگری عورت کے خلاف دینے سے عدالت انکار کر دے گی (۱۰۱ انڈین کیسیز ص ۲۶۱) ۔ اگر کوئی مسلمان مذہب تبدیل کرلے تو وہ بیوی کے خلاف حقوق زوجیت کی ڈگری حاصل نہ کر سکے گا (۳۱ بمبئی ص ۳۶۶)۔

یہ دعویٰ بالعموم شوہر کی طرف سے بیوی کے خلاف دائر کیا جاتا ہے جو بلا کسی معقول وجہ کے شوہر کے پاس سے چلی گئی ہو اور اس کے پاس آنے اور ساتھ رہنے سے انکاری ہو ۔ بیوی بھی شوہر کے خلاف ایسا دعویٰ کر سکتی ہے کہ وہ زوجہ کو اپنے ساتھ لے جائے اور حقوق زوجیت ادا کرے ۔

اگر یہ ثابت ہو جائے کہ بیوی بلا کسی وجہ معقول و حق قانونی کے شوہر کے پاس سے چلی آئی ہے تو عدالت اس کے خلاف اعادہ حقوق زوجیت کی ڈگری دے دے گی لیکن ڈگری حاصل ہو جانے کے باوجود شوہر اس ڈگری کا اجراء بیوی کی ذات پر نہیں کرا سکتا ۔ البتہ بعد نوٹس ڈگری دار شوہر کو یہ حق ضرور پہنچتا ہے کہ وہ عدالت سے بیوی کی ذاتی املاک کے قرق کیے جانے کی درخواست کرے ۔ (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو حکم ۲۱ قاعدہ ۳۲ ضابطہ دیوانی)

Conjunction of sisters, جمع بین الاختین ۔

شرع اسلام میں بیک وقت دو سگی بہنوں کو (ایک مرد کے) نکاح میں رکھنے کی قرآن پاک میں ممانعت آئی ہے ۔ چنانچہ ”حرمت علیکم ۔۔۔ ان تجمعوا بن الاختین“ ”دو سگی بہنوں کو (ایک مرد کے نکاح میں) جمع کرنا تم پر حرام کیا گیا“ کے صریح حکم کے پیش نظر ایک بہن کے نکاح میں ہونے کی صورت میں اس کی دوسری سگی بہن (یعنی سالی) سے نکاح حرام ہے ۔ چنانچہ اگر ایک ساتھ دونوں بہنوں سے نکاح کیا جائے تو دونوں نکاح باطل ہوں گے اور اگر یکے بعد دیگرے کیا جائے تو پہلا نکاح صحیح اور دوسرا باطل ہوگا (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو، مجموعہ قوانین اسلام، تنزیل الرحمن، جلد اول صفحات ۱۶۳ تا ۱۷۱) ۔

Conjuration, *n.* حلف ۔ مجالفہ ۔ استدعا ۔

Connected, *a.* مربوط ۔ جڑا ہوا ۔ ملا ہوا ۔

Connected case, مقدمہ متعلقہ ۔

Connection, *n.* تعلق ۔ رشتہ ۔ واسطہ ۔

Connection, Marriage تعلق زوجیت ۔

Connivance, *n.* چشم پوشی ۔ اغماض ۔

Connidial, *a.* ازدواجی ۔ زن و شو سے متعلق ۔

Connidiality, *n.* زوجیت ۔

Connotation, *n.* اشارہ ۔

Connubium, حالت زوجیت شرعی ۔

Consanguinity, *n.* قرابت ۔ خونی رشتہ ۔

وہ تعلق جو ان اشخاص کے باہم ہو جو ایک ہی اصل یا مورث اعلیٰ کی اولاد سے ہوں ۔

Consanguinity, Collateral قرابت یک جدی ۔ متوازی قرابت ۔

(دیکھیے دفعہ ۲۲ قانون جانشینی ۱۹۲۵ء) ۔

Consanguinity, Lineal قرابت مستقیمہ ۔

ایسے دو اشخاص کی قرابت کو قرابت مستقیمہ کہا جاتا ہے جو ایک دوسرے کے ساتھ اونچے درجے میں یا نیچے درجے میں براہ راست تعلق رکھتے ہوں، مثلاً کسی شخص کی قرابت اپنے دادا یا نانا سے یا اس کی قرابت اپنے پوتے سے یا نواسے سے (ملاحظہ ہو دفعہ ۲۱ قانون جانشینی ۱۹۲۵ء) ۔

Conscience, *n.* ضمیر ۔ ایمان ۔ اچھے اور برے کی اخلاقی تمیز ۔

Conscience, Good نیک اندیشی ۔

Consecutive, *a.* مسلسل ۔ لگاتار ۔ متواتر ۔

Consensual agreement or contract, رضامندانہ معاہدہ ۔

Consesnus of opinion, اجماع ۔ اتفاق آراء ۔

جب قانون کا منشاء یہ پایا جائے کہ رضامندی تحریری ہونی چاہیے تو اس کے لیے لازم ہے کہ جس دستاویز کی نسبت یہ ثابت کرنا ہو کہ رضامندی تحریری حاصل کی گئی ہے تو ایسی رضامندی اسی دستاویز سے ثابت کی جانی چاہیے - دفعہ ۹۱ قانون شہادت کے تحت کسی علیحدہ حلف نامہ یا بیان روبرو عدالت سے رضامندی مذکور کو ثابت نہیں کیا جا سکتا اور ایسی شہادت قابل قبول نہ ہوگی (اے - آئی - آر ۱۹۵۳ع الہ آباد ص ۳۲۵) -

Consent order, حکم برضامندی فریقین -
کسی ایسے حکم کے خلاف جو عدالت نے فریقین کی باہمی رضامندی سے جاری کیا ہو کسی فریق کو اپیل کرنے کا اختیار حاصل نہیں ہے - (ملاحظہ ہو دفعہ ۹۶ (۲) ضابطہ دیوانی ۱۹۰۸ع) -

Consent, Written تحریری رضامندی -
See "Consent in writing" also.

Consequence, *n.* نتیجہ - حاصل - اہمیت - قدر -

Consequential damage, ہرجہ مستلزمہ - ہرجہ منتجہ -

Consequential relief, داد رسی مستلزمہ -

Conservancy, *n.* صفائی - حفظان صحت -
عملہ جو دریاؤں یا جنگلات کی محافظت، حفظان صحت یا صفائی کے لیے مقرر ہو -

Conservancy tax, محصول حفظان صحت -

Conservative, *a.* محافظ - قدامت پسند - محتاط - لکیر کا فقیر - نگہبان -

Consider, *v.* غور کرنا - اندازہ کرنا - جانچنا - توجہ کرنا -
لفظ Consider کا مطلب یہ ہے کہ کسی مسئلہ کے تمام پہلوؤں پر پیش شدہ واقعات و شہادت کی روشنی میں تحقیق و تفتیش کے ساتھ غور کرنا -

Consideration, *n.* بدل - عوض - توجہ - غور -
قانون معاہدہ ۱۸۷۲ع کی دفعہ ۲ میں بدل کی حسب ذیل تعریف بیان کی گئی ہے -
جب معاہد (Promisor) کی خواہش پر معاہد لہ (Promisee) یا کسی دوسرے شخص نے کوئی فعل کیا ہو یا فعل سے مجتنب رہا ہو یا ایسا کرنے یا

کسی غیر منصوص مسئلہ میں مسلمان علماء وقت کا اتفاق رائے - اجماع کی یہ اصطلاح اسلامی اصول فقہ (jurisprudence) کی ہے - *See "Ijma" also.*

Consent, *n.* رضامندی - مرضی -
معاہدہ میں رضامندی یا راضی ہونا اس کو کہا جائے گا جب دو یا دو سے زائد اشخاص ایک ہی امر پر ایک ہی معنی میں باہم راضی ہوں (دفعہ ۱۳ قانون معاہدہ ۱۸۷۲ع) -

Consent, Age of عمر اختیار رضا -
قانون نافذ الوقت کے بموجب نابالغ شخص یعنی ۱۸ سال سے کم عمر شخص کو قانوناً اختیار رضا حاصل نہیں ہے چنانچہ ایسی رضامندی پر مبنی معاہدہ باطل ہوگا - (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو دفعہ ۱۱ قانون معاہدہ ۱۸۷۲ع) -

Consent decree, رضامندانہ ڈگری - ڈگری بہ رضا -
صلحی ڈگری جو فریقین کی باہمی رضامندی سے دی جائے - ایسی ڈگری کے خلاف اپیل نہیں کی جا سکتی (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو دفعہ ۹۶ [۳] ضابطہ دیوانی ۱۹۰۸ع) -

Consent, Free رضامندی بلا اکراہ -
رضامندی بلا اکراہ کے لیے ضروری ہے کہ وہ کسی دھوکہ، فریب، ناجائز دباؤ، غلطی یا غلط فہمی کے تحت حاصل نہ کی گئی ہو (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو دفعہ ۱۴ قانون معاہدہ ۱۸۷۲ع) -

Consent, Implied معنوی رضامندی -

Consent, Intelligent ہوشمندانہ رضامندی -

Consent in writing, تحریری رضامندی - تحریری مرضی -
تحریری رضامندی کا مفہوم یہ ہے کہ رضامندی دیتے وقت یعنی دستخط کرتے وقت سمجھ بوجھ کر رضامندی دی ہو - اگر کسی شخص نے درخواست انتقال حصص پر (جب کہ وہ سادہ تھا اور منتقل الیہ وغیرہ کا نام و دیگر تفصیلات درج نہ تھیں) اپنے دستخط کر دیے تو وہ تحریری رضامندی نہیں کہلائی جا سکتی، خواہ شخص مذکور یا اس کے کارندۂ مجاز کے بیان حلفی یا بازبانی شہادت سے رضامندی کو تحریری ثابت کیا جائے (دیکھیے دفعہ ۱۵۳ قانون کمپنیات ۱۹۱۳ع) -

Consideration, Good مناسب بدل ۔ عمدہ بدل ۔ بدل جائز ۔

Consideration, Immoral غیر اخلاقی بدل ۔ مخرب اخلاق بدل ۔

معاہدہ کے جواز کے لیے یہ امر لازمی ہے کہ وہ قیمتی (Valuable) اور قانونی (Lawful) بدل کے عوض کیا گیا ہو ۔ اگر بدل غیر قانونی (Unlawful)، مخرب اخلاق (Immoral) یا مصلحت عامہ (Public Policy) کے خلاف ہو تو معاہدہ قانونی نہیں کہلائے گا اور اس کے تحت جو رقم قابل ادا ہو یا ادا کی جا چکی ہو بذریعہ عدالت وصول نہیں کی جا سکتی ۔ تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو قانون معاہدہ ۱۸۷۲ع ۔

Consideration, lawful بدل قانونی ۔

Consideration of, In بعوض ۔ بعد بدل ۔

Consideration, Sale زر نیلام ۔ زر ثمن ۔

Consideration, Unlawful بدل غیر قانونی ۔

Consideration, Valuable بدل قیمتی ۔

Consign to record, *v.* داخل دفتر کرنا ۔

Consignee, *n.* مرسل الیہ ۔ پانے والا ۔

Consignment, *n.* شے مرسلہ ۔ مال مرسلہ ۔

Consignor, *n.* مرسل ۔ بھیجنے والا (مال) ۔

Consol, *n.* سرکاری تمسکات قرضہ ۔ برطانوی حکومت کے تمسکات قرضہ ۔

Consolidated accounts, حسابات مجموعی ۔

Consolidated funds, سرمایہ مجتمع ۔

Consolidated pay, مجموعی تنخواہ ۔

Consolidated shares, مجموعی حصص ۔

Consolidation, *n.* اشتمال ۔ انضمام ۔

Consolidation of holdings, اشتمال آراضی ۔

قانون اشتمال آراضی (کاشت) (پنجاب) مجریہ ۱۹۳۶ع کے تحت چھوٹے چھوٹے قطعات کاشت کو یکجا کرنے کا قانون نافذ کیا گیا تا کہ حد بندی میں ضائع جانے والی زمین محفوظ رہے اور بڑا قطعہ آراضی ہو جانے کے سبب جدید میکانکی طریقوں سے کاشت کی جا سکے ۔ پنجاب میں اس مقصد کو حاصل کرنے کے لیے بعد میں مزید قانون سازی کی گئی ہے ۔

مجتنب رہنے کا وعدہ کیا ہو تو ایسا فعل یا اجتناب ''بدل عہد'' کہلاتا ہے ۔

قانون معاہدہ کی رو سے معاہدہ کا بالبدل ہونا ضروری ہے البتہ قدرتی لگاؤ اور محبت کے جذبہ کے تحت کیے جانے والا بلابدل معاہدہ بشرطیکہ وہ تحریر میں آ گیا ہو باوجود عدم بدل جائز قرار دیا گیا ہے کیونکہ محبت حقیقی بجائے خود بدل جائز کی حیثیت رکھتی ہے (ملاحظہ ہو دفعہ ۲۵ قانون معاہدہ ۱۸۷۲ع) ۔

ذیل کی صورتوں میں قرار دیا گیا کہ بدل جائز ہے:

ایک قرضہ جو خارج المیعاد ہو گیا ایک اچھا بدل ہو سکتا ہے کیونکہ قرضہ ہنوز باقی ہے گو اس کی داد رسی کا حق باقی نہیں رہا (۱۹۳۹ع الہ آباد ص ۶۵۷) ۔

شادی ایک قیمتی بدل ہے (۲۴ مدراس ص ۱۵۸) ۔

جائیداد کا انتقال جائز ہے اگرچہ وہ قرضہ جس کے بدل میں جائیداد منتقل کی جا رہی ہے خارج المیعاد کیوں نہ ہو گیا ہو (۱۲۵ اودھ ص ۲۵۷) ۔

جب کوئی معاہدہ مصلحت عامہ کے خلاف ہو تو کوئی فریق اس زر بدل کے واپس پانے کا مستحق نہ ہو گا جو اس نے معاہدہ کی قانونی ناجوازی کے علم کے باوجود ادا کیا تھا (۲ مدراس لا جرنل ص ۱۷) ۔ چنانچہ ایک طوائف کو اس کے کاروبار کے فروغ کے لیے جو روپیہ دیا گیا وہ قانوناً ناقابل واپسی ہے ۔ اسی طرح اس مکان کا کرایہ جو مالک مکان نے کسی طوائف کو اپنا کاروبار چلانے کے لیے کرایہ پر دیا ہو قانوناً نہیں لے سکتا ۔ (یہ صورت اس وقت ہوگی جبکہ اس قسم کے کاروبار کو ممنوع قرار دیا جا چکا ہو) ۔

Consideration, Executed بدل تعمیل شدہ ۔

بدل تعمیل شدہ بھی ہو سکتا ہے اور تعمیل شدنی بھی ۔ تعمیل شدہ بدل ایک فعل ہو سکتا ہے جو کیا جا چکا ہو یا وہ قیمت ہو سکتی ہے جو ادا کر دی گئی ہو ۔

Consideration, Executory بدل تعمیل طلب یا تعمیل شدنی ۔

جب کوئی عہد کسی دوسرے عہد کا بدل ہو تو کہا جائے گا کہ وہ تعمیل طلب معاہدہ کا بدل ہے ۔

Consolidation of mortgages, یکجائی املاک مرہونہ ۔ اشتمال رہنات ۔

اگر ایک راہن مختلف جائیدادوں کو کسی ایک مرتہن کے پاس علیحدہ علیحدہ رہن ناموں کے ذریعہ رہن رکھتا ہے اور اس کے بعد ان میں سے کسی ایک جائیداد کا انفکاک یعنی چھڑانا (Redemption) چاہے تو مرتہن اس کو تمام دیگر جائیدادوں کے چھڑانے کے لیے مجبور کر سکتا تھا لیکن اب مرتہن کا یہ حق ختم کر دیا گیا ہے کیونکہ یہ شرط حق انفکاک پر ایک قسم کی پابندی کے مترادف ہے ۔

Consolidation of suits, *n.* یکجائی مقدمات ۔ اشتمال مقدمات ۔

اگرچہ مجموعہ ضابطہ دیوانی میں اس کے لیے صریح احکام موجود نہیں ہیں مگر عدالت کو بہم رسانی انصاف کے لیے اپنے اختیارات تمیزی کے تحت ایسی کارروائیوں کا اختیار حاصل ہے (.م کلکتہ ص ۹۵۵) ۔

Consort, *n.* زوج (شوہر یا زوجہ) ۔ ساتھی ۔

Conspicuous, *a.* نمایاں ۔ معروف ۔

Conspiracy, *n.* سازش ۔ سازباز ۔ مجرمانہ منصوبہ ۔

جب دو یا دو سے زائد اشخاص کسی ناجائز فعل کے ارتکاب یا کسی ایسے فعل کے ارتکاب پر ہم خیال ہوں جو کہ ناجائز نہ ہو مگر ناجائز طریقہ سے کیا جائے تو ایسی سازش مجرمانہ سازش (Criminal Conspiracy) ہوگی مگر شرط یہ ہے کہ کوئی اقرار بجز اقرار ارتکاب جرم کے سازش مجرمانہ نہ ہوگا ۔ تاوقتیکہ سازش کے علاوہ کوئی فعل سازش کا مقصد حاصل کرنے کے لیے ایک یا ایک سے زائد سازشی شرکاء کی جانب سے عمل میں نہ آئے (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو دفعہ ۱۲۰ الف و ب تعزیرات پاکستان) ۔

Conspirator, *n.* سازشی ۔

Conspire, *v.* سازش کرنا ۔

Constable, *n.* کانسٹیبل ۔ پولیس کا سپاہی ۔ سرہنگ ۔

Co stable, Special خاص کانسٹیبل ۔ وقتی کانسٹیبل ۔

وہ نجی شخص جسے حفظ امن کی خاطر عارضی طور پر پولیس کی ذمہ داری و فرائض سے مفوض کیا جائے اصطلاحاً خاص کانسٹیبل کہلاتا ہے ۔

Constabulary, *n.* جمعیت کوتوالی ۔ جمعیت سرہنگاں ۔

Constablewick, *n.* حلقۂ اختیار کانسٹیبل ۔

Constituency, *n.* حلقۂ انتخاب ۔ جماعت رائے دہندگان ۔ آبادی یا مقام جہاں انتخاب ہو ۔

Constituent, *n.* رائے دہندہ ۔ انتخاب کنندہ ۔ مختار ۔ نمائندہ ۔ رکن ۔

Constituent Assembly, مجلس دستور ساز ۔

Constitute, *v.* وجود دینا ۔ بنانا ۔

Constituted authorities, مقررہ حکام ۔

Constitution, *n.* دستور ۔ دستور اساسی ۔ آئین ضابطہ ۔

Constitution of Islamic Republic of Pakistan, آئین جمہوریہ اسلامیہ پاکستان ۔

Constitutional, *a.* آئینی ۔ دستوری ۔

Constitutional amendment, دستوری ترمیم ۔

Constitutional Conventions, دستوری روایات ۔

برطانیہ میں تحریری دستور نافذ نہیں ہے لیکن برطانوی عوام اپنی دستوری روایات کا اس درجہ احترام کرتے ہیں کہ بعض ممالک میں مدونہ دستور کا بھی نہیں کیا جاتا ۔

Constitutional government, دستوری حکومت ۔ آئینی حکومت ۔ حکومت مطابق آئین ۔

Constitutional Law, دستوری قانون ۔ آئینی قانون ۔

کسی مملکت کا وہ اساسی قانون جو اس مملکت کے نظریات ، تصورات ، اس کے اندرونی نظم و نسق کے بنیادی اصولوں اور اس کے مختلف شعبوں کے درمیان ان کے فرائض اور اختیارات کی حدود متعین کرتا ہے ۔ جملہ قوانین دستوری قانون کے تابع ہوتے ہیں ۔ اگر کوئی قانون دستوری قانون سے مطابقت نہیں رکھتا تو وہ اس عدم تطابق یا انحراف کی بنا پر کالعدم تصور کیا جائے گا ۔

Constitutional limitations, تحدیدات دستوری ۔ دستوری پابندیاں ۔

Constitutional rights, دستوری حقوق ۔

Constitutionality, جواز قانونی از روئے آئین ۔

Constrain, *n.* جبر ۔ دباؤ ۔ روک ۔ گرفتاری ۔ قید ۔

Construction, *n.* تعبیر ۔ تاویل ۔ تشریح ۔ توجیہہ ۔

قانون کی تعبیر کا بنیادی اصول یہ ہے کہ عدالت انصاف قانون کی وہ تعبیر کرے جو مقننہ کا منشا ہو یا اس منشا سے قریب تر ہو ، لیکن اگر عام الفاظ یا فقروں کی تعبیر میں کوئی دشواری ہو تو ایسی صورت میں آن اصولوں پر عمل کرنا چاہیے جو اس ضمن میں معین کیے گئے ہیں ۔ چنانچہ کسی دستاویز یا قانونی دفعہ یا فقرہ کی تعبیر کے لیے بالخصوص دو امور کا لحاظ ضروری ہے ۔ ایک یہ کہ لفظ یا الفاظ کے صحیح معنی کیا ہیں اور دوسرے یہ کہ ان معانی سے دستاویز مذکور یا قانون پر کیا قانونی اثر مرتب ہوتا ہے اور یہ کہ وہ اثر دستاویز یا قانون کے (سیاق و سباق کے پیش نظر) مطابق ہے یا نہیں ۔

Construction, Liberal تعبیر وسیع ۔

فیاضانہ یا آزاد توضیح و تشریح ۔

Construction, Literal تعبیر لفظی یا لغوی ۔

Construction of Decree, ۔ تعبیر یا تاویل ڈگری

کسی ڈگری کی تاویل یا تعبیر کے لیے کوئی خاص قاعدہ مقرر نہیں ہے ۔ اس کا انحصار ہر ایک مقدمہ کے حالات پر ہے (۳۵ مدراس ص ۵۶)۔ تاہم اس خصوص میں چند کارآمد اور عام اصول حسب ذیل ہیں ۔

۱۔ ڈگری کی تاویل بموجب قانون ہونی چاہیے (۱۹۲۴ع پریوی کونسل ص ۱۲۳) ۔

۲۔ جب فیصلہ سے دو معنی لیے جا سکتے ہوں تو یہ غلط ہوگا کہ اس کی تاویل اس طرح کی جائے کہ قانون اور نصفت دونوں کی خلاف ورزی ہو (۶۰ انڈین کیسز ص ۳۴۵) ۔

۳۔ شبہ کا فائدہ ہمیشہ مدیون ڈگری کو دیا جائے گا (۱۹۲۱ع اودھ ص ۱۳۸) ۔

۴۔ اگر ڈگری برمبناء فیصلہ ثالثی مرتب ہو تو اس کی تعبیر فیصلہ ثالثی کی روشنی میں ہونی چاہیے (۱۹۲۳ع لاہور ص ۵۰۵) ۔

Construction of Deed, ۔ تعبیر یا تاویل دستاویز

بنیادی طور پر تعبیر یا تاویل دستاویز کے بھی وہی اصول ہیں جو تعبیر قانون منظورہ کے ہیں ۔ ایک مبہم دستاویز کی تعبیر یا تاویل کے لیے یہ شہادت کہ بوقت تکمیل دستاویز اس کی کس طرح تعبیر کی گئی تھی شہادت متعلقہ ہے (۱۹۲۳ع پریوی کونسل ص ۲۰۶)۔ اگر کسی دستاویز کی عبارت سے دو معنی نہیں پیدا ہوتے تو پھر اس کی تعبیر و تاویل کا کوئی سوال ہی پیدا نہیں ہوتا (۹۳ انڈین کیسز ص ۵۵۷) ۔

ایک تمسک کی انہی احکام قانونی کے تحت تعبیر ہونی چاہیے جن کے تحت اس کی تکمیل ہوئی ہو (۱۹۲۷ع رنگون ص ۳۱۶) ۔ کسی جائیداد کی سابقہ دستاویز حدود کے متعلق تعبیر کے لیے بہترین شہادت ہوگی (۱۹۳۱ع پٹنہ ص ۳۷۳)۔ اغراض تعبیر و تاویل کے لیے پوری دستاویز قابل لحاظ ہوگی (۱۹۲۹ع پریوی کونسل ص ۱۱۵) ۔

لیٹر آف کریڈٹ کی تاویل اس خاص کاروبار یا تجارت کے عمل درآمد اور حالات کے لحاظ سے ہونی چاہیے (۱۵ کلکتہ ص ۳۳) ۔ اگر معنی مشتبہ ہوں تو فریقین کا رویہ دیکھا جا سکتا ہے (۱۹۲۳ع کلکتہ ۳۰۰) ۔ کسی دستاویز کی تاویل اسی دستاویز کی شرائط کے لحاظ سے کی جانی چاہیے نہ کہ کسی دوسری دستاویز کے حوالہ سے (۱۹۲۲ع بمبئی ص ۳۵۲)۔ جب دستاویز بالکل صاف اور واضح ہو تو زبانی شہادت پیش نہیں ہو سکتی (۱۹۳۴ع پشاور ص ۱۵)۔ لفظ توضیح و تاویل جب کسی دستاویز کے سلسلے میں استعمال ہوتا ہے تو اس میں دو یا تین چیزیں شامل ہوتی ہیں ۔ اولاً الفاظ کے معنی اور دوسرے ان کا قانونی اثر ۔ اول الذکر ایک واقعاتی اور آخرالذکر ایک قانونی سوال ہے ، اس لیے کسی رہن نامہ کے واقعاتی جزو کی تجویز (Finding of fact) سے متعلق فیصلے کے خلاف اپیل ثانی نہیں ہو سکتی (۱۹۲۳ع الہ آباد ص ۳۳۷) ۔

Construction, Strict سخت یا محدود تعبیر ۔

Construction, Unwarranted تعبیر بیجا ۔

تعبیر ناجائز ۔ ناروا تعبیر ۔

تعبیر بیجا اس تعبیر کو کہتے ہیں جو بلحاظ معنی جائز نہ ہو یعنی ایسے معنی مراد لیے جائیں جو صریحاً غلط ہوں ۔

Constructive, *a.* تعمیری ۔

Constructive criticism, تعمیری تنقید ۔

Constructive delivery, تعبیری حوالگی ۔
حوالگی دو قسم کی ہوتی ہے ۔ جب کہ شے مذکور حقیقی معنی میں شخص حقیقی کے قبضہ و اختیار میں دے دی جائے تو وہ حقیقی حوالگی (Actual delivery) کہلائے گی اور جب کارندہ مجاز کے ہاتھ میں مال دیا جائے گا تو یہ حق مالک تعبیری حوالگی کہلائے گی ۔ قانون دستاویزات قابل بیع و شرا (Negotiable Instruments Act) کے تحت یہ ضروری نہیں کہ حوالگی دستاویز حقیقی ہو ۔ اگر حوالگی محض تعبیری ہو تو کافی سمجھی جائے گی ۔ چنانچہ اگر کوئی دستاویز کسی فریق کے بااختیار نمائندہ کے حوالہ کر دی گئی تو یہ کہا جائے گا کہ وہ دستاویز اس فریق کے تعبیری قبضہ میں ہے ۔ اسی طرح اگر مبادلہ ہنڈی (Bill of exchange) کے بذریعہ ڈاک ارسال کرنے کا اختیار حاصل ہو تو اس کا سپرد ڈاک کر دینا بھی تعبیری حوالگی کہلائے گا ۔

Constructive fraud, تعبیری فریب ۔
تعبیری فریب حقیقی فریب سے مختلف ہے ، کیونکہ اس میں حقائق کو نہ تو فریب سے چھپایا جاتا ہے نہ غلط رنگ میں پیش کیا جاتا ہے بلکہ اس کا استنباط معاہدہ کے حقائق کی نوعیت اور عاقدین (Contract-ing parties) کے باہمی تعلق سے ہوتا ہے مثلاً موکل کا بحق وکیل ہبہ کرنا جب کہ یہ ثابت کیا جائے کہ وکیل نے اپنی پوزیشن کا ناجائز فائدہ اٹھا کر موکل سے ہبہ نامہ لکھا لیا ۔

Constructive liability, تعبیری مواخذہ داری ۔
دفعہ ۳۴ تعزیرات پاکستان کے تحت جب کئی اشخاص شامل ہو کر کسی مشترک ارادہ کی پیش رفت میں کسی مجرمانہ فعل کا ارتکاب کریں تو قانون تعبیر و اطلاق کی رو سے ہر ایک شریک جرم اسی طرح مواخذہ دار ہے گویا وہ شخص تنہا فعل مذکور کا مرتکب ہوا ۔ اس قسم کی مواخذہ داری کو تعبیری مواخذہ داری کہا جاتا ہے ۔

Constructive notice, اطلاع تعبیری ۔
اطلاع تعبیری سے مراد وہ اطلاع ، خبر یا واقفیت ہے جو اگرچہ حقیقی نہ ہو ، مگر از روئے قانون یہ قیاس کر لیا جائے کہ شخص مذکور کو اس کی تعبیری اطلاع ، خبر یا واقفیت تھی مثلاً شکمی پٹہ دار کو اصل پٹہ دار کی شرائط پٹہ کی واقفیت یا خریدار جائیداد کو جائیداد خرید کردہ کی نسبت بار کفالت کا علم جو عام تحقیق و تفتیش سے ہونا ممکن تصور کیا گیا ہے ۔

Constructive offence, جرم تعبیری ۔
اس شخص کے خلاف ارتکاب جرم کا الزام عائد کرنا جس نے فی الحقیقت جرم نہیں کیا ہے یا جس کے خلاف کسی معین جرم کا کرنا ثابت نہ ہو ۔ ''الف ، شب میں نقب زنی کا ارتکاب کرتا ہے ۔ ''ب'' اس کا شریک جرم موقع واردات کے قریب نگہبانی یا خطرہ کی اطلاع دہی کی غرض سے موجود رہتا ہے تو ''ب'' مجرم متصور ہوگا ، اگرچہ اس کا جرم تعبیری نوعیت کا ہے ۔

Constructive possession, قبضہ تعبیری ۔
قبضہ کی دو قسمیں ہیں ۔ ایک حقیقی قبضہ اور دوسرا تعبیری ۔ جس شخص کو تعبیری قبضہ حاصل ہو اس کو حقیقی قبضہ حاصل کرنے کا اختیار ہوتا ہے ۔ اگر کوئی جائیداد کرایہ پر دی ہوئی ہے تو کہا جائے گا کہ وہ جائیداد کرایہ دار کے حقیقی قبضہ میں ہے جب کہ مالک کو اس کا تعبیری قبضہ حاصل ہے ۔ تعبیری قبضہ کی اصطلاح مختلف قوانین میں مختلف معنی میں استعمال ہوتی ہے ۔ چنانچہ وہ ایسے قبضہ کے لیے بھی استعمال ہوتی ہے جب کہ بجز چند صورتوں کے حقیقی قبضہ لینا ممکن نہ ہو مگر اس کے حقیقی قبضہ لینے کا اختیار ہو ۔

Constructive Trust, امانت تعبیری ۔
جب کوئی امانت صریحاً نہ ہو مگر بہ اغراض انصاف فریقین کے افعال سے قانوناً یہ خیال کیا جائے کہ امانت ہے تو ایسی امانت ''تعبیری امانت'' کہلائے گی ۔ مثلاً ''الف'' کچھ روپیہ جو ''ب'' کی ملکیت ہے وصول کرتا ہے اور اس سے ایک مکان خرید لیتا ہے ۔ تو ''الف'' سے متعلق یہ کہا جائے گا کہ وہ مکان مذکور ''ب'' کی تعبیری امانت ہے اور وہ مکان مذکور کا ''ب'' کی جانب سے امین ہے ۔

Construe, v. معنی پہنانا ۔ تعبیر کرنا یا نکالنا ۔

onsul, *n.* — قونصل ۔
کسی حکومت کا ایک افسر جو غیر ملک میں ا
غرض سے مقرر کیا جائے کہ اس میں رہ کر اپ
ملک کے بالخصوص تجارتی مفادات کی نگہدار
کرے ۔

Consular invoice, *n.* — قونصلی بیجک ۔
قونصل کی طرف سے یہ ایک صداقت نامہ ہوتا ـ
جو اپنے ملک میں مال بھیجے جانے کی تصدیق
کرتا ہے ۔

Consulate, *n.* — قونصل خانہ ۔

Consult, *v.* — مشورہ کرنا ۔ صلاح کرنا ۔ ہدایت یا اطلاع طلب کرنا ۔
مشورہ کرنے کے مفہوم میں دو یا دو سے زیاد
اشخاص کی کانفرنس یا دو یا دو سے زیادہ اشخاص ک
ذہنوں کا اجتماع ہے جو کسی مسئلہ کے تعلق سے
کسی صحیح یا کم از کم قابل اطمینان حل کی تلاش
میں مصروف ہوں ۔ یہ مشاورت ایک ناواقف شخص
اور ماہرین میں ہو سکتی ہے یا دو ماہرین میں بھی
باہمی مشورہ ہو سکتا ہے (۱۹۵۳ء مدراس ص ۳۹۲)۔

Consultation, *n.* — مشورہ ۔ صلاح ۔ مشاورت ۔

Consultant, *n.* — مشیر ۔

Consultive Committee of the Board of Education, — مشاورتی مجلس تعلیمی بورڈ ۔

Consultory response, — جواب استصواب ۔
کسی خاص مقدمہ میں عدالت انصاف کی رائے ۔

Consumable Articles, — قابل صرف اشیاء ۔

Consume, *v.* — صرف کرنا ۔ خرچ کر ڈالنا ۔ ضائع کر دینا ۔ اڑا دینا ۔

Consumer, *n.* — صارف ۔

Consumer goods, — اشیائے صرف ۔

Consumers' Co-operative Society, — انجمن امداد باہمی صارفین ۔

Consummation, — تکمیل ۔ تکمیل شدہ شے ۔

Consummation of marriage, — صحبت زن و شو ۔ خلوت صحیحہ ۔ تکمیل زنا شوئی ۔

Consumption, *n.* — صرف ۔ کھپت ۔

Contagious, *a.* — متعدی ۔

Contagious disease, — مرض متعدی ۔

Contagious Diseases Act, — قانون امراض متعدی ۔

Contemner, *n.* — تحقیر کرنے والا ۔ اہانتی ۔

Contemplate *v.* — غور و فکر کرنا ۔ ارادہ کرنا ۔ مشغول ہونا ۔ نیت یا تصور کرنا ۔

Contemporaneous, — ہم عصر ۔ ہم زمانہ ۔ ہم زماں ۔

Contemporaneous agreement, — ہمزمان اقرارنامہ ۔

Contemporary, — معاصر ۔ ہم عصر ۔ ہم زمانہ ۔

Contemporary legislation, — ہم زمان قانون سازی ۔

Contempt, *n.* — تحقیر ۔ ہتک ۔ توہین ۔

Contempt of authority, — توہین حاکم ۔

Contempt of Court, — توہین عدالت ۔
کوئی ایسا عمل کیا جائے یا تحریر شائع کی جائے
جو کسی عدالت یا جج کی ، بحیثیت جج ، توہین کا
باعث ہو سکتی ہو یا اس کی وقعت و عزت کو کم
کر سکتی ہو یا دوران انصاف رسانی یا جائز کارروائی
عدالت میں مزاحمت یا مداخلت کا باعث ہو تو وہ
عمل یا تحریر باعث توہین عدالت ہے (۱۹۳۵ء
الہ آباد ص ۱۱۷) ۔

اصطلاح ''عدالت'' کی تعریف ، قانون توہین عدالت
بابتہ ۱۹۲۶ء میں نہیں کی گئی لیکن قانون مذکور
میں بہرکیف عدالت یا جج کے الفاظ موجود ہیں ۔
دفعہ ۲ مجموعہ تعزیرات بابتہ ۱۸۶۰ء میں جج کی یہ
تعریف کی گئی ہے کہ جج وہ شخص ہے جس کو
قانون نے عدالتی فرائض تفویض کیے ہوں (۱۹۵۴ء
ناگپور ص ۱۷) ۔ یہ ضروری نہیں ہے کہ جج واقعی
طور پر کرسی اجلاس پر موجود ہو (۱۹۵۲ء کلکتہ
ص ۲۵۸) ۔

عدالت العالیہ کو ان جرائم میں سزا دینے کا اختیار
حاصل ہے جو عدالت کے باہر وقوع میں آئے ہوں ۔
جیسے کارروائیوں کے متعلق جو عدالت العالیہ کی زیر
سماعت ہوں ، اخبارات میں تنقید کرنا (۱۹۳۵ء لاہور
ص ۲۰۶) یا یہ کہنا کہ عدلیہ نے اپنی آزادی کھو
دی ہے توہین عدالت ہے (۱۹۳۵ء کلکتہ ص ۴۱۹)۔
توہین عدالت نہ تو ایسا جرم ہے جو دفعہ ۵

تعزیرات کی تعریف میں آتا ہے اور نہ ضابطہ فوجداری میں اس کی تفتیش و تحقیقات کا کوئی طریقہ بیان کیا گیا ہے جو اس کارروائی سے متعلق ہو جو مرتکب کے مقابلے میں ہائی کورٹ میں کی جاتی ہے (۱۹۵۴ع الہ آباد ص ۵۰۲) ۔

ہائی کورٹ کو اختیار ہے کہ اپنی ماتحت عدالتوں میں سرزد شدہ توہین عدالت کے جرم کی سزا دے (۱۹۳۵ع الہ آباد ص ۱۱۷)۔ عدالت ماتحت کو توہین عدالت کی کارروائی کرنے کا اختیار نہیں ہے اگر جرم کا ارتکاب اس کے روبرو نہ ہوا ہو (۱۹۴۳ع ناگپور ص ۳۲۴) ۔ فریقین کے کردار پر اخباری تنقید بمنزلہ توہین عدالت ہے (۱۹۳۰ع چانسری ص ۳۶۸) ۔ کسی گواہ یا اجنبی شخص کی عدالت سے پرائیوٹ مراسلت کرنا کسی زیر سماعت مقدمہ میں اثر ڈالنے کے مترادف ہے ۔ اس لیے توہین عدالت فاش میں داخل ہے (۱۹۳۸ع اودھ ص ۱۱۳) ۔ کسی ایک فریق کے عرضی دعویٰ یا جواب دعویٰ کی اشاعت جو کسی مقدمہ میں داخل کی گئی ہو توہین عدالت ہے (اٹارنی جنرل پاکستان بنام عبدالحمید وغیرہ پی ۔ ایل ۔ ڈی ۱۹۶۳ع ص ۱۷۰) ۔

اخبارات پر یہ خصوصی ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ اس امر کی پوری احتیاط کریں کہ اخبار کے کالموں میں کوئی ایسا حوالہ تو موجود نہیں ہے جو زیر سماعت مقدمہ سے متعلق ہو (خواہ وہ دیوانی ہو یا فوجداری) جس سے کسی گواہ یا عدالتی عہدہ دار یا جیوری کے ذہن کے متاثر ہونے کا امکان ہو ورنہ ان پر توہین عدالت کی مواخذہ داری عائد ہوگی (۱۹۳۶ع الہ آباد ص ۲۹۸) ۔

عدالت کو یہ اختیار حاصل ہے کہ ایسے اشخاص کو جو عدالت کی توہین کے مرتکب ہوں یا اس کے جاری کردہ احکام یا قواعد کی خلاف ورزی کریں یا کوئی ہنگامہ آرائی کریں انہیں اس کی پاداش میں قید یا جرمانے یا دونوں سزائیں دے ۔

تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو اسٹیٹ بنام سر ایڈورڈ سینیلسن ، پی ۔ ایل ۔ ڈی ۱۹۶۱ع لاہور ص ۷۸ و سر ایڈورڈ سینیلسن بنام جج صاحبان عدالت عالیہ مغربی پاکستان پی ۔ ایل ۔ ڈی ۱۹۶۱ع سپریم کورٹ ص ۴۳۷ ۔

Contempt of Parliament, اہانت پارلیمانی ۔

Contend, *v.* حجت کرنا ۔ بحث کرنا ۔ تکرار کرنا ۔

Contending claim, زیر بحث دعویٰ ۔

Contention, *n.* حجت ۔ نزاع ۔ بحث ۔ ادعا ۔

Contentious, *a.* نزاعی ۔ حجتی ۔ جھگڑالو ۔ تکراری ۔

Contentious business, جھگڑالو کاروبار ۔
یہ اصطلاح بالعموم وکلاء کے پیشہ کے لیے استعمال ہوتی ہے ۔

Contentious jurisdiction, نزاعی اختیار سماعت ۔

Contentious suit, نزاعی مقدمہ ۔

Contest, *v.* مقابلہ کرنا ۔ لڑنا ۔ مبارزت کرنا ۔

Contestant, *n.* حریف ۔ مقابلہ کرنے والا ۔

Contested, *a.* متنازعہ فیہ ۔

Contested mutation, متنازعہ اندراج ۔ متنازعہ داخل خارج ۔ متنازعہ انتقال ۔

Context, *n.* سیاق و سباق ۔

Contiguous, *a.* متصل ۔ ملصق ۔

Contingency staff, اتفاقی عملہ ۔ ضرورتی عملہ ۔ عارضی عملہ ۔
ملازمین جو باقاعدہ مسلسل ملازمت میں نہ ہوں بلکہ جنہیں بوقت ضرورت کسی خاص کام کی انجام دہی کے لیے وقتی طور پر ملازم رکھ لیا جائے ۔ بموجب قواعد ملازمت دیوانی پیپسو جزء دوم مجریہ ۱۹۵۲ع اتفاقی عملہ، ریاست کی کسی باضابطہ ملازمت کا رکن یا حصہ قرار نہیں دیا جا سکتا ۔ ایسے عملہ کی ختم ملازمت کے لیے کسی نوٹس کی ضرورت نہیں ہے (اے ۔ آئی ۔ آر ۱۹۵۵ع پیپسو) ۔

Contingent, *a.* عارضی ۔ ناگہانی ۔ اتفاقیہ ۔
جس کا انحصار کسی واقعہ کے وقوع یا غیر وقوع پر ہو ۔

Contingent contract, معاہدۂ محتمل علیہ ۔
معاہدہ جو کسی اتفاق پر مبنی ہو ۔ معاہدہ احتمالی ۔ معاہدۂ موقوف ۔

احتمالی معاہدہ ایک ایسا معاہدہ ہے جس میں کچ
کرنے یا کرنے کا اقرار کیا جاتا ہے بشرطیکہ ا
معاہدہ کے پہلو بہ پہلو کوئی خاص واقعہ ظہور پذ
ہو یا نہ ہو (ملاحظہ ہو دفعہ ۳۱ قانون معاہدہ) مث
الف، ب سے یہ معاہدہ کرتا ہے کہ اگر ب کا گھ
جل گیا تو وہ اسے دس ہزار روپیہ ادا کرے گا۔ ایسے
معاہدہ کو احتمالی معاہدہ کہا جاتا ہے۔

Contingent decree, ڈگری جو کسی امر اتفاقی پر مبنی ہو۔

Contingent estate, مشروط ملکیت۔
حق ملکیت جو کسی امر کے وقوع پر منحصر ہو۔

Contingent interest, مفاد مشروط۔ غرض مشروط
غرض جو کسی اتفاق پر مبنی ہو۔

Contingent legacy, احتمالی ورثہ۔
ورثہ جو کسی واقعہ کے وقوع پر مبنی ہو۔
وہ ورثہ جو موصیٰ لہ کو کسی خاص واقعہ کے رونما ہونے پر ملے، مثلاً شادی کے موقعہ پر یا بالغ ہونے پر۔

Contingent liability, احتمالی مواخذہ داری۔
وہ مواخذہ داری جو کسی امر کے وقوع پذیر ہونے پر موقوف ہو۔

Contingent remainder, بقایا موقوف بر واقعہ۔

Contingent right, حق احتمالی۔

Contingent use, اتفاقی استعمال۔

Continuance, *n.* تسلسل۔

Continuation, *n.* سلسلہ۔ تسلسل۔

Continued, *a.* مسلسل۔

Continuing cause of action, استمراری بناء دعویٰ۔
بناء دعویٰ مستمرہ سے ایسی بناء دعویٰ مراد ہے جو ایسے افعال یا ترک افعال کی تکرار سے پیدا ہوئی ہو جن کی بابت نالش دائر کی گئی ہو (۱۸۹۴ - ۱ چانسری ص ۲۹۳)۔

Continuing guarantee, ضمانت استمراری۔
جو ضمانت چند معاملات پر متواتر حاوی ہو وہ استمراری ضمانت کہلاتی ہے (ملاحظہ ہو دفعہ ۱۲۹ قانون معاہدہ)۔ یہ امر فیصلہ کرنے کے لیے کہ آیا ضمانت، ضمانت استمراری ہے، صرف دستاویز کی عبارت پر ہی غور کرنا کافی نہیں ہے بلکہ گرد و پیش کے حالات کو بھی دیکھنا چاہیے اور معلوم کرنا چاہیے کہ جب ضمانت دی گئی تھی اس وقت فریقین کا مقصد کیا تھا۔
استمراری ضمانت ضامن کی طرف سے دائن کو اطلاع دے کر آئندہ معاملات کی نسبت ہر وقت منسوخ کی جا سکتی ہے (دیکھیے دفعہ ۱۳۰ قانون معاہدہ)۔

Continuing offence, جرم مسلسل۔

Continuing wrong, مضرت مسلسل۔

Continuous, *a.* مسلسل۔

Continuous easement, مسلسل حق آسائش۔

Continuous possession, قبضۂ مسلسل۔

Continuous service, مسلسل ملازمت یا خدمت۔

Contra, خلاف۔ اختلافی (فیصلہ)۔

Contraband, ممنوع۔ خلاف قانون۔

Contraband goods, ممنوعہ مال۔
مال جو بلا ادائی محصول لایا گیا ہو۔ مال جس کا لانا ممنوع ہو۔

Contract, *n.* معاہدہ۔ عقد۔
جب ایک شخص دوسرے سے کسی امر کے کرنے یا اُس سے اجتناب کرنے کے لیے اپنی مرضی اس غرض سے ظاہر کرے کہ شخص آخرالذکر کی منظوری اس کی نسبت حاصل ہو تو کہا جائے گا کہ اس شخص نے ایجاب (Proposal) کیا اور جب کہ وہ شخص جس سے ایجاب کیا جائے اس کی نسبت اپنی رضامندی ظاہر کر دے تو کہا جائے گا کہ اُس نے قبول کیا۔ ایجاب کے قبول ہونے سے عہد (Promise) ہو جاتا ہے اور ہر عہد اور ہر اجتماع عہود، جو باہم ایک دوسرے کا بدل ہوں، اقرار نامہ (agreement) ہے اور جو اقرار نامہ از روئے قانون قابل نفاذ ہو وہ معاہدہ (Contract) ہے۔
اقرار نامہ اور معاہدہ میں فرق یہ ہے کہ ہر امر جس کا ایجاب قبول ہو اقرار نامہ ہے مگر جب تک وہ از روئے قانون قابل نفاذ نہ ہو، معاہدہ نہیں بن سکتا۔

کا خرچہ بذمہ فروخت کنندہ ہوتا ہے اس معاہدہ کو (Free on Board)F.O.B. یا F .O.R. (Free on rail) کہا جاتا ہے ۔

Contract, Continuing معاہدہ مسلسل ۔

معاہدہ مسلسل وہ ہے جس میں وقتاً فوقتاً متعدد کاموں کی تکمیل کا اقرار کیا جاتا ہے ۔

Contract, Executed معاہدہ تعمیل شدہ ۔

جب معاہدہ کی تعمیل دونوں فریق کی طرف سے ہو جائے تو کہا جائے گا کہ معاہدہ تعمیل شدہ ہے یا جب صرف ایک ہی فریق نے اس کی تعمیل کی ہو تو اس فریق کی حد تک معاہدہ تعمیل شدہ ہے ۔

Contract, Executory معاہدۂ تعمیل طلب ۔

جہاں کسی فریق معاہدہ کے ذمہ کچھ نہ کچھ کرنا باقی ہو تو اس حد تک معاہدہ تعمیل طلب ہے ۔

Contract, Forward معاہدۂ آئندہ ۔

Contract note, یادداشت معاہدہ ۔

ایک اقرار تحریری کہ مال ایک مقررہ قیمت پر فراہم یا فروخت کیا جائے ۔ درحقیقت یہ تحریر معاہدہ کی شرائط کا مختصر خلاصہ ہوتی ہے جو بالعموم دلال لوگ اپنے پاس رکھتے ہیں ۔

Contract of enjoyment, معاہدۂ استفادہ ۔

Contract of Guarantee, معاہدۂ ضمانت ۔

معاہدۂ ضمانت وہ معاہدہ ہے جو کوئی شخص کسی دوسرے شخص سے اس شرط پر کرے کہ تیسرا شخص اگر اپنے عہد کے ایفاء یا ذمہ داری کی ادائی میں قاصر رہے گا تو وہ اس عہد یا ذمہ داری کا ایفاء کرے گا (دفعہ ۱۲۶ قانون معاہدہ ۱۸۷۲ع) ۔

Contract of Indemnity, معاہدۂ ابراء ۔ معاہدۂ طمانیت ۔ معاہدۂ کفالت ۔

جس معاہدہ کے ذریعہ سے ایک فریق دوسرے فریق کو اس نقصان سے بری رکھنے کا عہد کرے جو خود اس کو معاہدہ یا کسی اور شخص کے فعل سے پہنچے ، وہ معاہدۂ طمانیت یا کفالت یا معاہدۂ ابراء کہلاتا ہے ۔ اس سے مراد صرف یہ ہوتی ہے کہ معاہد لہ کو اس نقصان سے بچایا جائے جو ایک دوسرے شخص کے فعل سے ہونے والا ہو ۔ اس

لوازم معاہدہ میں ایجاب و قبول کے علاوہ بلوغت ، صحت دماغی ، آزاد رضامندی اور قانونی بدل لازمی شرائط ہیں ۔

جب ایک اقرار زبانی یا تحریری کیا جائے تو اس کو معاہدہ صریح (Express Contract) کہتے ہیں اور جب اقرار کسی عمل یا واقعہ سے مستخرج کیا جائے تو معاہدۂ معنوی (Implied Contract) کہلاتا ہے ۔ وہ تعلق مشابہ معاہدہ جو فریقین کی نیت کی بناء پر قانوناً مستنبط کیا جائے معاہدۂ مشابہ عقد (Qausi Contract) کہلاتا ہے ۔ قانونی اصطلاح میں ایجاب کرنے والا معاہد (Promisor) اور قبول کرنے والا معاہد لہ (Promisee) کہلاتا ہے اور جب معاہد کی خواہش پر معاہد لہ یا کوئی اور شخص کوئی عمل یا اجتناب کرے یا اس کا وعدہ کرے تو وہ بدل عہد (Consideration for promise) کہلائے گا ۔ معاہدہ جو بلا بدل ہو قابل نفاذ نہیں ہے الا یہ کہ معاہدہ کسی فطری محبت یا لگاؤ کی بناء پر کیا جائے ۔ اس صورت میں اس کی رجسٹری لازم ہوگی ۔

ہر معاہدہ کا فوری اور راست نتیجہ وہ وجوب ہوتا ہے جس کے ایفاء کی ذمہ داری ہر فریق معاہدہ نے قبول کی ہے ۔ اگر وہ شخص جس پر وجوب عائد ہوتا ہے اس کی بجا آوری میں ناکام رہے تو دوسرے فریق کو یہ حق حاصل ہو جاتا ہے کہ یا تو قصور وار فریق (Defaulting party) کو معاہدہ کے واقعی ایفاء پر مجبور کرے یا عدم ایفاء کی صورت میں معاہدہ کی بابت ہرجہ وصول کرے (اصول قانون مؤلفہ آسٹن ص ۱۶۵) ۔

Contract Act, قانون معاہدہ ۔

پاکستان میں معاہدہ ایکٹ ۱۸۷۲ع نافذ ہے ۔

Contract, Bilateral معاہدہ مابین فریقین ۔ دو فریقی معاہدہ ۔

Contract, C & F معاہدہ بقیمت و کرایہ ۔

اس قسم کے معاہدہ کے تحت مال کی قیمت میں کرایہ حمل و نقل شامل ہوتا ہے جو خریدار کی ذمہ داری ہوتی ہے ۔ عام طور پر یہ مال بیمہ کرا کر بھیجا جاتا ہے ۔ بیمہ کے پریمیم کی ادائی بذمہ خریدار ہوتی ہے ۔ جس معاہدہ میں حمل و نقل کا کرایہ مثلاً ریل یا جہاز

معاہدہ میں دو فریق ہوتے ہیں ۔

اس کے برخلاف معاہدہ ضمانت میں تین فریق ہو۔ ہیں اور وہ ایک قرض خواہ (دائن) کے فائدہ کے لیے کیا جاتا ہے نہ کہ کسی نقصان کی تلافی کی ذمہ داری کے لیے ۔ ضمانت کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ قرض خواہ کو بجائے ایک شخص مقروض کے دو اشخاص سے قرضہ وصول کرنے کا اختیار حاصل ہو جاتا ہے

Contract, Personal معاہدۂ شخصی ۔

شخصی معاہدہ وہ ہے جس کا انحصار فریقین معاہد میں سے کسی ایک فریق کے وجود یا ذاتی صلاحیتوں یا ذاتی فہم یا خدمت پر ہوتا ہے ' جیسے معاہد ازدواج یا تصویر بنانے کا معاہدہ ۔ یہ اپنی نوعیت کے اعتبار سے محض شخصی معاہدات ہیں جن کی تعمیل ان شخصیتوں کے سوائے کسی اور سے نہیں ہو سکتی ۔ یہ معاہدات ایسے فریق کی موت سے ختم ہو جاتے ہیں ۔ ان کی تعمیل مختص (Specific performance) نہیں کرائی نہیں جا سکتی ۔

Contractee, n. معاہدہ ۔ عاقد ۔

Contractor, n. ٹھیکہ دار ۔

Contractors, n. ٹھیکیداران ۔ عاقدین ۔

Contractual relation, تعلق عقد ۔ معاہداتی تعلق ۔

Contradict, v. تردید کرنا ۔

Contradiction, n. تردید ۔

Contradictory statement, متضاد بیان ۔

Contrary, n. خلاف ۔ مخالف ۔ برعکس ۔

Contrary to law, خلاف قانون ۔

Contravene, v. خلاف ورزی کرنا ۔

Contravention, n. خلاف ورزی ۔

Contribute, v. حصہ رسدی دینا ۔ چندہ دینا ۔

Contribution, n. حصہ رسدی ۔ چندہ ۔

اگر کوئی ڈگری' چند قرض داران مشترک کے خلاف' عدالت صادر کرے اور ڈگری داران قرض داران مشترک میں سے کسی ایک قرض دار سے زر ڈگری وصول کرے تو ایسی صورت میں شخص مذکور کو دیگر قرض داران مشترک سے ان کے حصہ رسدی کی رقم وصول کرنے کا اختیار ہے ۔

اسی طرح اگر دو مرتکبین افعال غیر قانونی کے خلاف کوئی ڈگری صادر ہو اور ڈگری دار کل رقم ڈگری کسی ایک مرتکب افعال غیر قانونی سے وصول کرے تو وہ دوسرے شریک مرتکب افعال غیر قانونی سے اس کا حصہ رسدی وصول کر سکتا ہے لیکن اگر وہ غیر قانونی فعل کسی سوچے سمجھے منصوبہ اور اسکیم کے تحت کیا گیا ہو اور ان چند مشترک مرتکبین افعال غیر قانونی (-Joint Tort feasers) کے خلاف کوئی ڈگری صادر کی جائے اور اور اس کی کل رقم کسی ایک مرتکب افعال غیر قانونی سے وصول کر لی جائے تو ایسی صورت میں شخص مذکور کو دیگر مرتکبین افعال غیر قانونی سے ان کی حصہ رسدی کی رقم وصول کرنے کا اختیار نہ ہوگا ۔

Contributory, n. امدادی ۔ مساعد ۔

وہ شخص جو کمپنی ٹوٹ جانے کی صورت میں اس کے قرضوں کی ادائی کا ذمہ دار ہو ۔

ان اشخاص پر کمپنی کے قرضوں کی ادائی کی ذمہ داری بہ حصص محدود ہوتی ہے ۔

Contributory factor, امدادی عنصر ۔ مساعدی عنصر ۔

Contributory negligence, امدادی غفلت ۔ (جس سے نقصان پہنچنے میں مدد ملی ہو) ۔

اگر کسی نالش میں خود مدعی کی غفلت پائی جائے جس سے یہ ظاہر ہو کہ واقع شدہ نقصان میں خود اس کی غفلت مد و معاون ثابت ہوتی ہے اور اگر مدعی نے عام حزم و احتیاط سے کام لیا ہوتا تو نقصان واقع نہ ہوتا تو ایسی صورت میں مدعا علیہ کی مواخذہ داری کم ہو سکتی ہے ۔

Contributory Provident Fund, سرمایہ کفالت یا حصہ رسدی ۔

Contrivance, n. حیلہ ۔ ترکیب ۔

Control, n. انضباط ۔ نگرانی ۔ اختیار ۔ قابو ۔

Control, v. قابو میں رکھنا ۔ روکنا ۔ منضبط کرنا ۔ باقاعدہ کرنا ۔ تعدیل کرنا ۔

زیر دفعہ ۶ مغربی پاکستان اوقاف جائداد آرڈی نینس ۱۹۶۰ء کنٹرول کا لفظ باقاعدہ کرنے (Regulate) کے معنی میں استعمال ہوا ہے (پی ایل ڈی ۱۹۶۳ سپریم کورٹ ۱۲۶) ۔

Control Board, مجلس انضباط ۔ مجلس نگرانی ۔

Controller, *n.* کنٹرولر ۔ نگران ۔ عامل ۔

Controller General, کنٹرولر جنرل ۔ نگران اعلیٰ ۔ عامل اعلیٰ ۔

Controlling authority, ہیئت حاکمہ ۔

Controlling interest, تعدیلی مفاد ۔

یہ اصطلاح تجارتی قانون کی ہے ۔ بالعموم جب کوئی شخص یا اشخاص کا مجموعہ کسی کمپنی کا پچاس فیصد حصہ کا مالک ہوتا ہے تو اس کو کہا جاتا ہے کہ وہ شخص تعدیلی قوت رکھتا ہے ۔ اسی اعتبار سے اس کا مفاد بھی تعدیلی قرار پاتا ہے ۔

Controversial, *a.* متنازعہ ۔ نزاعی ۔

Controversy, *n.* نزاع ۔ اختلاف ۔ مناقشہ ۔

Contumacious, *a.* سرکش ۔ متمرد ۔ نافرمانی کرنے والا (عدالت کے احکام کی) ۔

Contused wound, ۔ اندرونی زخم، چوٹ یا صدمہ

چوٹ یا صدمہ جو اندرونی رگوں کو پہنچا ہو اور جس میں خون کھال کے اندر نکلا ہو مگر باہر زخم نہ ہو ۔ عام طور پر یہ اصطلاح اس اندرونی رگڑ یا خراش کے لیے استعمال ہوتی ہے جس سے کھال پر کوئی زخم نہ آئے ۔

Contusion, *n.* زبردست مار یا چوٹ ۔

Convene, *v.* طلب کرنا (اجلاس) ۔

Convenience, *n.* سہولت ۔

Convenience, Balance of توازن سہولت ۔

یہ اصلاح دراصل توازنِ عدم سہولت پر دلالت کرتی ہے ۔ حکم امتناعی کے اجراء کے وقت عدالت کو اس عدم سہولت کا لحاظ کرنا لازمی ہوتا ہے جو مدعی (درخواست گذار) کے حق میں حکم امتناعی جاری نہ کرنے سے واقع ہو سکتی ہے (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو پی ایل ڈی لاہور ۱۹۵۰ء) ۔

Convenience, Marriage of, ۔ روپے کے لیے شادی

Convenor, *n.* داعی ۔ طلب کرنے والا ۔ (کمیٹی یا جلسہ) ۔

Convention, *n.* اجتماع ۔ انعقاد مجلس ۔ روایت ۔ رواج ۔ (*See Custom also*)

Conversaot, *a.* باخبر ۔ واقف ۔ آگاہ ۔

Conversation, *n.* گفتگو ۔ بات چیت ۔

Conversation, Criminal, زنا ۔

Conversion, *n.* تصرف ۔ تقلیب ۔ تبدیلی ۔

Conversion, Constructive, تصرف تعبیری ۔ تقلیب تعبیری ۔ تعبیری تبدیلی ۔

جب کوئی شخص کسی شخص کی ملکیت کو حقیقی طور پر اپنے تصرف میں نہ لائے یا کسی دوسرے کے تصرف میں نہ لانے دے مگر نوعیت معاملہ کے پیش نظر یہ ظاہر ہو کہ اس کا تصرف ہوا ہے تو یہ تعبیری تصرف کہلائے گا ۔

Conversion, Equitable تصرف نصفتی ۔

Conversion of Original Entries, اصل اندراجات میں تبدیلی ۔

Convert, *n.* مذہب تبدیل کرنے والا ۔ نو مسلم ۔

شریعت اسلام میں ایک پیدائشی مسلم اور نو مسلم میں کوئی فرق نہیں ۔ جو کوئی بھی دائرہ اسلام میں آتا ہے وہ تمام مسلمانوں کا دینی بھائی ہو جاتا ہے ۔

Convertible Security, لائق تبدیل کفالت ۔ لائق تبدیل ضمانت ۔

ایسی کفالتیں جو بوقت ضرورت نقد میں تبدیل کی جا سکیں ، بھنائی جا سکیں ۔

Convey, *v.* منتقل کرنا ۔

Conveyance, *n.* منتقلی ۔ انتقال ۔

اس کی یہ تعریف ہے کہ ایک ایسی دستاویز جو جائداد کو ایک شخص سے دوسرے پر منتقل کر دے ۔

قانون اسٹامپ کی دفعہ ۲ میں اس اصطلاح کی جو تعریف کی گئی ہے اس میں بذریعہ نیلام اور ہر وہ دستاویز شامل کر لی گئی ہے جس کے ذریعہ جائداد خواہ منقولہ ہو یا غیر منقولہ منتقل کی گئی ہو ۔

Conveyance, Fraudulent, عیارانہ منتقلی ۔
وہ منتقلی جو بلا بدل ہو اور قرض خواہوں دیگر اشخاص کو دھوکہ و فریب دینے کی غرض سے کی جائے ۔

Conveyancing, منتقلی ۔ انتقال جائیداد ۔

Convict, n. سزایاب مجرم ۔

Convict, Appellant سزایاب مرافعہ گذار ۔ سزایاب اپیل گذار ۔

Convict, Life تا حیات سزایاب ۔
ملزم جس کو حبس دوام کی سزا دی گئی ہو ۔

Convicted person, سزایاب شخص ۔

Convicted Prisoner, سزایاب قیدی ۔

Convicting, Court, سزا دہندہ عدالت ۔

Conviction, n. سزا دہی ۔ سزایابی ۔ تجویز ثبوت جرم ۔ یقین ۔ اعتقاد ۔
کسی ملزم پر جرم ثابت ہو جانے کے بعد سزا دہی کا وجوب (Conviction) کہلاتا ہے ۔

Conviction, Previous سابقہ سزا یابی ۔
پاکستانی فوجداری قانون کے تحت اگر ملزم سابقہ سزا یاب ہے تو بعض جرائم اور بعض حالات میں اس کی سزا میں اضافہ کیا جا سکتا ہے لیکن اس کا لزوم نہیں ہے کہ ہر سابقہ سزا یابی کی وجہ سے ضرور سزا میں اضافہ کیا جائے بلکہ سزا دینے کے لیے ہر مقدمہ کے حالات کا لحاظ رکھنا ضروری ہے (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو دفعہ ۷۵ تعزیرات پاکستان) ۔

Conviction Slip, پرچہ سزا ۔
پرچہ سزا کا اطلاق عام طور پر اس اطلاع نامہ پر کیا جاتا ہے جو عدالت حکام جیل کے نام سزا یاب قیدی کے ساتھ ارسال کرتی ہے ۔

Convincing, a. یقینی ۔ قائل کر دینے والا ۔ موثق ۔

Convincing proof, موثق ثبوت ۔

Convocation, n. سالانہ جلسہ تقسیم اسناد ۔

Convoy, v. حفاظت کے لیے ہم رکاب ہونا ۔
بالعموم یہ اصطلاح ان جنگی جہازوں کی ہم رکابی کے لیے استعمال ہوتی ہے جو تجارتی جہازوں کی حفاظت کے لیے جاتے ہیں ۔

Co-operation, n. اشتراک عمل ۔ امداد باہمی ۔

Co-operative farming, کاشت بذریعہ امداد باہمی ۔

Co-operative Housing Society, انجمن امکنہ امداد باہمی ۔

Co-operative Society, انجمن امداد باہمی ۔

Co-operative Societies Act, قانون انجمن ہائے امداد باہمی ۔

Co-operative Union, اتحادیہ امداد باہمی ۔

Co-opponent, شریک مدعا علیہ ۔

Co-ordinate Courts, ہم رتبہ عدالتیں ۔ مساوی الاختیار عدالتیں ۔

Co-owner, n. شریک مالک ۔ مشترک مالک ۔

Co-parcenary, n. شرکت وراثت ۔
یہ اصطلاح قانون ہنود کی ہے (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو قانون ہنود ، مؤلفہ ملا) ۔

Co-parcener, n. شریک وارث ۔

Co-partner, n. شریک حصہ دار ۔ رفیق ۔

Co-partnership, n. شراکت باہمی ۔ مشارکت ۔

Co-plaintiff, شریک مدعی ۔
اگر ایک سے زائد افراد مشترکہ طور پر عدالت میں مقدمہ دائر کریں تو باقی افراد شریک مدعیان کہلائیں گے ۔

Co-respondent, شریک مسئول الیہ ۔
اگر کسی اپیل یا درخواست کے جوابداران ایک سے زائد ہوں تو باقی افراد شریک مسؤل الیہم یا جواب داران کہلائیں گے ۔

Co-sharer, شریک ۔ حصہ دار ۔ شریک حصہ ۔

Co-surety, شریک ضامن ۔

Co-wife, سوت ۔ سوکن ۔

Copy, n. نقل ۔

Copying, نقل ۔ نقل نویسی ۔

Copying agency, صیغہ نقول ۔

Copying agent, کارندۂ نقول ۔

Copying Branch, صیغہ نقول ۔

Copying clerk, محرر نقول ۔

Copying fee, اجرت نقل ۔

Copyist, n. نقل نویس ۔

Copy right, حق تصنیف (حق نقل) ۔

حق تصنیف کے قانون کا لب لباب یہ ہے کہ علوم و فنون کے میدان میں نقالی سے محفوظ رکھنے کے لیے ایک منفی حق عطا کیا جائے ۔ اس کا تعلق نقالی سے ہے، ذہنی اعتبار سے نہیں ۔ اس لیے خیالات کا اعادہ کوئی جرم نہیں ہے ۔ اس حق اور ان حقوق میں جو کسی اختراع نشان تجارت کے متعلق قانون نے دیے ہیں، ایک نمایاں فرق ہے ۔ حق تصنیف کی خلاف ورزی کی صورت میں مدعی کو ہرجہ پانے اور احکام امتناعی جاری کرانے کا حق حاصل ہے خلاف ورزی مستوجب سزا بھی ہے ۔ لیکن چند استثنائی صورتیں ہیں کہ کسی رپورٹ میں اس کا استعمال کیا جائے یا عدالتی کارروائی میں استعمال ہو یا عام جلسوں میں مناسب اقتباس سنایا جائے ۔ یا طلبہ کے استعمال کے لیے مختصر حوالے نقل کیے جائیں تو کوئی جرم نہیں ۔ حق تصنیف کے تحفظ کے لیے ایک بین الاقوامی کنونشن بھی ۱۸۸۶ع میں بمقام بون منعقد ہوا ۔ ۱۹۰۸ع میں برلن میں اس پر نظر ثانی ہوئی ۔ روم میں ۱۹۲۸ع میں اور برسلز میں اس پر ۱۹۴۸ع میں پھر نظر ثانی ہوئی ۔ اس میثاق کا اساسی اصول یہ ہے کہ اس میثاق کے شریک ممالک کے مصنفین یا ان کے قانونی قائم مقاموں کو ان تمام شریک ممالک میں وہی حق تصنیف حاصل ہوگا جو وہاں کے مصنفوں کو حاصل ہے ۔ ۱۹۵۲ع میں ایک کنونشن جنیوا میں منعقد ہوا، جس میں شریک ممالک نے دوسرے شریک ممالک کے باشندوں کے غیر مطبوعہ کام کی حفاظت کی ذمہ داری قبول کی ہے ۔ اور پہلی مرتبہ طبع ہونے والی مطبوعات کی حفاظت کو بھی وہی حقوق عطا کیے ہیں جو ان کے اپنے ملک کے مصنفوں کو حاصل ہیں ۔ پاکستان بھی اس کا رکن ہے ۔

Coroner, n. (E.L.) افسر تحقیقات کنندہ مرگ غیرطبعی ۔ عہدہ دار تحقیقات کنندہ مرگ غیرطبعی ۔

انگلستان میں اس عہدے دار کو بعض امور انتظامی کے علاوہ ایک خاص حد تک عدلیہ کے فرائض بھی حاصل ہوتے ہیں، جن میں قتل یا کسی دیگر غیر طبعی موت کے اسباب کی چھان بین بھی شامل ہے ۔

Corporal, a. جسمانی ۔ مادی ۔

Corporal oath, مذہبی حلف ۔ کسی مقدس چیز کو ہاتھ لگا کر حلف لینا ۔

Corporal punishment, سزائے جسمانی مثلاً سزائے تازیانہ ۔

Corporation, n. کارپوریشن ۔ جماعت متحدہ ۔

جماعت جو کسی فرمان شاہی یا قانون کے تحت قائم کی گئی ہو اور متعدد اشخاص پر مبنی ہو ۔

کارپوریشن قانون کی نظر میں ایک ایسی متحدہ جماعت ہے جس کو شخصیت حاصل ہے ۔ اس کا وجود اس کے فرائض اور اس کے حقوق ان اشخاص کے حقوق و فرائض سے بالکل علیحدہ ہوتے ہیں جو اس کو قائم کرتے ہیں ۔ کارپوریشن اپنے قیام کے ساتھ ہی ان تمام اشخاص کو ایک جماعت کی شکل میں متحد کر دیتی ہے ۔ اس کی نمایاں مثال متحدہ کمپنیاں یا بلدیاتی کارپوریشنیں ہیں ۔ اس کی خصوصیت اس کی توریث دائمی ہے ۔ اس کا نام، اس کی اپنی مہر، اس کے ارادہ اور نیت کا ثبوت ہوتے ہیں کہ وہ قانون کی ایک ایسی تخلیق ہے جو کبھی شخصی تعلقات پیدا نہیں کر سکتی ۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ ارکان کی اکثریت (جن کے اختیارات، رائے دہی کا انحصار، ان کے حصص کی تعداد یا اور طور پر ہوتا ہے) یہ اختیار رکھتے ہیں کہ کارپوریشن کے معاملات میں اقلیت کو اپنے فیصلہ کا پابند کریں ۔ متحدہ کمپنی یا کارپوریشن کے معاہدات با اختیار اشخاص کے ذریعہ اس طرح تکمیل پاتے ہیں جس طرح ان کی انفرادی طور پر تکمیل ہوتی ہے ۔ قانون انتقال جائیداد میں ایسے احکام موجود ہیں جن میں وہ طریقے بتلائے گئے ہیں جو کارپوریشن کی طرف سے اس کے حق میں تکمیل پانے والی دستاویزات ملکیت سے متعلق ہیں ۔

کسی کارپوریشن کے خلاف یا اس کی جانب سے کوئی دعویٰ اس کے ملازمین یا کارندہ کے نام سے دائر نہیں ہو سکتا بلکہ کارپوریشن کے نام سے ہونا چاہیے (۱۹۳۹ع کچھ ص ۵) ۔ لیکن اگر کسی

کارندہ کو مختار نامہ دیا گیا ہو تو وہ اس بات کا
مجاز ہوگا کہ کارپوریشن کی طرف سے عرضی دعویٰ
پر دستخط اور اس کی تصدیق کرے (۱۹۲۵ء لاہور
ص ۳۳۸) - یہ ضروری ہے کہ بلڈنگس کی کارپوریشن
کی طرف سے تصدیق کرنے والے شخص کے با اختیار
ہونے کے متعلق حلف نامہ کے ذریعہ ثبوت فراہم کر
لیا جائے (۱۹۳۶ء بمبئی ص ۳۰۸) - اگر مدعا علیہ
کی طرف سے کارپوریشن کے ڈائرکٹر کی تصدیق
(عرضی دعویٰ پر) اور دستخط کرنے کی اہلیت کا
سوال اٹھایا جائے تو مدعا علیہ اس نقطہ پر بحاف جرح
کر سکتا ہے (۱۹۳۱ء رنگون) - مگر نا اہلیت کا
سوال عدالت اپیل میں نہیں اٹھایا جا سکتا، اگر
عدالت ابتدائی میں ایسا اعتراض نہ کیا گیا ہو
(۵ کلکتہ ویکلی نوٹس ص ۹۸) - کارپوریشن پر ان
افعال کی بابت جو اس کے ملازمین یا کارندوں نے
کیے ہوں رٹ کی نالشات ہو سکتی ہیں بشرطیکہ وہ
افعال نالش یا رٹ کے موجب ہونے ہوں اور
کارپوریشن کے اختیاری دائرہ کار کے دوران وقوع
پذیر ہونے ہوں (۱۵ اپیل کیسیز ص ۳۱۷) -
کارپوریشن پر دھوکہ یا کینہ کی بناء پر یا دوسرے
افعال ضرر رساں کی بابت جس میں نیت
(Intention) کا مسئلہ غیر اہم ہوتا ہے، نالش ہو
سکتی ہے (۱۹۱۸ء اپیل کیسیز ص ۶۲۶) -

Corporation aggregate, جماعت بمنزلہ فرد -

Corporation, Municipal بلدیہ - میونسپل کارپوریشن -

Corporation, Sole فرد بمنزلہ جماعت -

Corporation tax, کارپوریشن ٹیکس - محصول جماعت متحدہ -

یہ ٹیکس کمپنیوں سے وصول کیا جاتا ہے -

Corporeal, *a.* مادی - جسمانی (بمقابلہ حقوق غیر مادی) -

Corpos, *n.* حصہ فوج -

Corpse, *n.* نعش -

جب کوئی انسانی جسم یا اس کا کوئی حصہ یا
حنوط شدہ نعش جو عجائب خانے یا سائنسی
درسگاہوں میں رکھی ہو اور وہاں سے چوری ہو
جائے تو رائج الوقت قانون کے تحت سرقہ ہے -

اسلامی قانون میں نعش مال متقوم (قیمتی مال)
نہیں ہے لہذا اس کی خرید و فروخت جائز نہیں ہے -

Corpus (of property), *n.* نفس جائیداد -

Correct, *v.* درست کرنا - صحیح کرنا -

Correction, *n.* اصلاح - تادیب -

Correction, House of اصلاح خانہ - تادیب خانہ -

نو عمر مجرموں کا اصلاح خانہ جس میں انہیں بطور
سزا رکھ کر جرم سے بچانے کے لیے اصلاح و تادیب
کی جاتی ہے -

Corrective, *a.* اصلاحی -

Correctness, *n.* درستی - صحت -

Correspond, *v.* مطابق ہونا - مراسلت کرنا -

Correspondence *n.* مراسلت -

Corresponding, مطابق -

Corrigeodum, *n.* صحت نامہ - درستی نامہ -

Corroborate, *v.* تائید کرنا -

Corroborating; Corroborative, تائیدی-تقویتی -

Corroborating officer, تائیدی افسر -

Corroborating witness, تائیدی گواہ -

Corroboration, *n.* تائید -

Corroborative evidence, تائیدی شہادت -

Corrupt, *a.* رشوت خور - بد اعمال -

Corrupt blood, فساد خون -

یہ اصطلاح بعض یورپی قوانین میں وراثت سے
عدم اہلیت کے لیے مستعمل ہوتی ہے -

Corrupt practice, بد عنوانی -

Corruption, *n.* رشوت ستانی - بے ایمانی - بد عنوانی - بد اعمالی -

Co-sharer, *n.* شریک حصہ دار -

Cost, *n.* خرچہ - صرفہ - قیمت -

Cost of living allowance, بھتہ مصارف زندگی -

Cost, Parties to bear their own خرچہ بذمہ فریقین -

مدعی و مدعا علیہ اپنا اپنا خرچہ خود برداشت
کریں -

اگر مقدمہ میں کوئی قانونی نکتہ پیش ہو یا ہر دو فریق کی فروگذاشت پائی جائے یا مقدمہ جزواً خارج اور جزواً ڈگری ہو تو ان صورتوں میں عدالت بالعموم خرچہ فریقین بذمہ فریقین کا حکم صادر کرتی ہے۔

Cost, Proportionate, خرچہ متناسب۔
دعویٰ کا جتنا حصہ ڈگری ہوا ہے اُس کے بقدر خرچہ۔

Cost price, ثمن اصلی۔

Cost to abide the result, خرچہ کا انحصار نتیجہ مقدمہ پر۔
یہ حکم عام طور پر درمیانی درخواستوں کے خرچہ کے بارے میں دیا جاتا ہے جبکہ اصل مقدمہ قائم ہو۔

Cost, With معہ خرچہ۔ خرچہ سمیت۔

Council, In بہ اجلاس کونسل۔

Council, Legislative مجلس واضعان قانون۔

Council of elders, جرگہ۔

Council of Ministers مجلس وزراء۔

Council of Republic, مجلس جمہوریہ۔

Council, Privy پریوی کونسل۔ برطانیہ کی اعلیٰ عدالت۔

Counsel, *n*. وکیل۔ مشیر۔ مشورہ۔

Counsel, *v*. مشورہ کرنا۔ صلاح دینا۔

Counsel fee, محنتانہ وکیل۔

Counsellor, *n*. مستشار۔ مشیر۔ ممبر کونسل۔

Counsellor at law, مشیر قانونی۔ مستشار قانونی۔

Counter, *n*. مخالفت۔ مخاصمت۔ عوض۔ بدل۔

Counter act, مزاحمت۔ روک تھام جوابی۔

Counter affidavit, جوابی حلف نامہ۔

Counter attack, جوابی حملہ۔

Counter blast, سخت اعتراض۔ دندان شکن جواب۔

Counter charge, جوابی الزام۔

Counter claim, عکسی دعویٰ۔ جوابی دعویٰ۔
مدعی کے خلاف مدعا علیہ کا جوابی دعویٰ جو اُسی مقدمہ میں پیش کیا جائے۔ اس پر مدعا علیہ کو کورٹ فیس دینا پڑتی ہے تاکہ مدعا علیہ کے حق یں مدعی کے خلاف ڈگری دی جا سکے۔

Counter deed, تردیدی دستاویز۔
وہ دوسری دستاویز جس سے پہلی دستاویز جو کہ پہلے تحریر کی جا چکی ہو تبدیل یا منسوخ کی جائے۔

Counter proposal, جوابی تجویز۔

Counterfeit, *n*. & *v*. (۱) تلبیس۔ نقلی۔ مصنوعی۔ بناوٹی۔ (سکہ یا تحریر)۔ (۲) نقل کرنا۔ جعل کرنا۔ (۳) مشابہ ہونا۔ ہو بہو ہونا۔
ایک شخص جس کے متعلق نقلی چیز بنانا اس وقت کہا جائے گا جب کہ اس نے دوسرے سے مشابہ یز اس لیے بنائی ہو کہ اس کے ذریعہ دھوکہ دیا انے یا یہ جان کر وہ اس جعلی چیز کو بھی اصل ی حیثیت سے کام میں لائے۔ مگر یہ ضروری نہیں ہے کہ مصنوعی چیز اصل سے ہو بہو مشابہ ہو تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو تعزیرات پاکستان دفعہ ۲)۔
یہ لفظ عام طور پر جرائم متعلقہ سکہ محولہ باب ۱۲ ر جرائم متعلقہ نشان تجارت محولہ باب ۸ تعزیرات کستان اور قانون نشان تجارت ۱۹۴۰ء میں استعمال رتا ہے۔

Counterfeit coin, لتبس سکہ۔ جعلی سکہ۔ کھوٹا سکہ۔
ملتبس یا جعلی سکے بنانا تعزیرات پاکستان کی دفعہ ۲۳ کے تحت قابل سزا جرم ہے جس کی سزا ۷ سال د ہو سکتی ہے اور جرمانہ بھی عائد کیا جا سکتا ہے۔ جعلی سکہ جان بوجھ کر اصل کی حیثیت سے لانا بھی اسی طرح جرم ہے۔ ایک ملتبس سکہ سے راد ایسا سکہ ہے جو اصلی نہ ہو مگر اس کے مشابہ اور مشابہت اس لیے پیدا کی گئی ہو کہ اصلی سکہ بجائے چلایا جائے۔

Counterfoil, *n*. نیٰ۔

Countermand, *v*. سترد کرنا۔ منسوخ کرنا۔ رد کرنا۔ حکم بدلنا۔

Countermark, نان مقابل۔ نشان مقابلہ۔

Counterpart, *n*. نیٰ۔

Counter plea, واب دہی بالمقابل۔

Counter security, نت مقابل (ایزادی ضمانت)۔

پہلے ضامن کی موجودگی میں اس کے اطمینان کے لیے دوسرا شخص جو ضمانت بطور کفالت دیتا ہے وہ ضمانت مقابل کہلاتی ہے ۔

Countersign, *v*. تصدیقی دستخط کرنا ۔

Counter signature, *n*. تصدیقی دستخط (دوسرے کے دستخط پر) ۔

Countersigned, تصدیقی دستخط کردہ ۔

Counting, *n*. شمار ۔ گنتی ۔

انتخابات کے تحت ووٹوں کی گنتی اور شمار کی اس اصطلاح میں ووٹ کو صحیح قرار دینا یا مسترد کر دینا بھی شامل ہے کیونکہ بغیر اختیار کے صحیح اور موثر شمار یا گنتی کا مقصد پورا نہیں ہو سکتا ۔

Country, *n*. ملک ۔ ولایت ۔ دیہات ۔ دیس ۔

Country, Developed ترقی یافتہ ملک ۔

Country, Developing ترقی پذیر ملک ۔

Country liquor, دیسی شراب ۔ ٹھرا ۔

Counts, *n*. مدات (دعویٰ) ۔ مدات (جرم یا الزام ۔)

County Court, عدالت ادنیٰ ۔

یہ عدالت انگلستان میں ہوتی ہے ۔

Course, in nue یہ طریق معمول ۔ حسب ضابطہ ۔

Court, *n*. عدالت ۔

لفظ عدالت اپنے سیاق و سباق کے لحاظ سے عام زبان میں مختلف معنی رکھتا ہے ۔ لفظ عدالت سے قانونی زبان میں وہ عدالت مراد ہے جو حکومت وقت کی طرف سے متنازعین کے مابین فیصلہ کرنے کی مجاز ہو اور عدلیہ کے فرائض اس کے سپرد کیے گئے ہوں ۔ چنانچہ اگر خانگی طور پر متنازعین کوئی عدالت بنا لیں اور اس سے اپنے تنازعہ کا تصفیہ چاہیں تو وہ باضابطہ عدالت کی تعریف میں نہیں آتی ۔

رینٹ کنٹرولر عدالت نہیں ہے (ملاحظہ ہو پی ایل ڈی ۱۹۶۵ء سپریم کورٹ ، پی ایل ڈی ۱۹۶۸ء لاہور) ۔

قانون توہین عدالت کی دفعہ ۲ کے تحت عدالت وسیع معنی میں مراد ہے (اے ۔ آئی ۔ آر ۱۹۵۳ء الہ آباد ص ۴۱۹) ۔

Court Certificate, صداقت نامہ عدالت ۔

Court, Chief چیف کورٹ ۔ عدالت اعلیٰ ۔

Court, Civil دیوانی عدالت ۔

دیوانی عدالت سے مراد وہ عدالت ہے جو عام شہریوں کے مابین یا عام شہریوں اور حکومت کے مابین دیوانی حقوق کے متعلق تصفیہ کرنے کی مجاز ہو (اے ۔ آئی ۔ آر ۔ ۱۹۵۲ء مدراس ص ۳۴۰) ۔

Court, Closed بند عدالت ۔ عدالت جو بند ہو ۔

عدالت جب بوجہ تعطیل بند ہو یا وقت عدالت ختم ہو جائے ۔

دفعہ ۴ قانون میعاد سماعت کے تحت عدالت کا بند ہونا واقعہ کا سوال ہے جو عدالت متعلقہ کے طریقۂ کار سے تعلق رکھتا ہے (۵۵ کلکتہ ویکلی نوٹس ص ۱۲۷) ۔

Court, Criminal فوجداری عدالت ۔

Court Day, یوم عدالت ۔ کچہری کا دن ۔

وہ دن جس دن عدالت کھلی ہو ۔

Court Duties, عدالتی فرائض ۔

Court Fees Act, قانون رسوم عدالت ۔

قانون رسوم عدالت ایک مالی قانون ہے ۔ بصورت ابہام اس کی تعبیر عوام کے حق میں ہونی چاہیے (۱۹۳۷ء سندھ ص ۱۶۸) ۔ اگر کسی مالی قانون کی دو مساوی ممکنہ اور معقول تعبیریں کی جا سکتی ہوں تو وہی تعبیر کی جانی چاہیے جو رعایا کے حق میں زیادہ مفید ہو لیکن اس سلسلہ میں الفاظ کے حقیقی اور صاف معنی لیے جانے چاہییں (۱۹۳۵ء بمبئی ص ۳۴۷) ۔ جب تک غیر مبہم اور صاف لفظوں میں قانون نہ ہو رعایا پر کوئی مزید مواخذہ داری عائد نہیں کی جا سکتی (۱۹۲۸ء ناگپور ص ۳۱۶) ۔

قانون مذکور کی تعبیر کے لیے پوری دفعہ کو ملحوظ رکھ کر یہ دیکھنا چاہیے کہ کسی مسئلہ میں واضعان قانون کا منشاء کیا تھا ۔

رسوم عدالت کا حساب لگانے میں عدالت کو واقعات مندرجہ دعویٰ کو بادی النظر میں صحیح متصور کرنا چاہیے اور اس کے بموجب رسوم عائد کرنا چاہیے (۱۹۲۷ء مدراس ص ۱۰۲) ۔

Court, High ہائی کورٹ ۔ عدالت عالیہ ۔

Court, Industrial صنعتی عدالت ۔

Court, Labour عدالت مزدوران ۔

Court Martial, فوجی عدالت ۔ کورٹ مارشل ۔

Court of Appeal, عدالت مرافعہ ۔

Court of first instance, عدالت ابتدائی ۔

Court of inquiry, تحقیقاتی عدالت ۔

Court of Justice, عدالت انصاف ۔

الفاظ ''عدالت انصاف'' دلالت کرتے ہیں ایک ایسے جج پر جو قانوناً تنہا عدالتی کام انجام دینے کا مجاز کیا گیا ہو یا ججوں کی ایسی جماعت پر جس کو قانون نے عدالتی کام کا مجاز کیا ہو جب کہ ایسا جج یا جماعت عدالتی کام انجام دے رہی ہو (ملاحظہ ہو دفعہ ۲۰ تعزیرات پاکستان) ۔

عدالت انصاف سے مراد وہ مقام یا عمارت نہیں ہے جہاں مقدمات فیصل ہوتے ہیں، بلکہ وہ جج یا ججوں کی جماعت مراد ہے جو انصاف رسانی کے لیے عدالتی کارروائیاں عمل میں لاتے ہیں ۔

Court of personal statute, عدالت احوال شخصی ۔

Court of Record, *n.* کورٹ آف ریکارڈ ۔ اعلیٰ مستقل عدالت ۔

وہ اعلیٰ مستقل عدالت جہاں اس عدالت میں دائر شدہ مقدمات کا ریکارڈ باقاعدہ رہتا ہے ۔

کورٹ آف ریکارڈ کے قدیم اصطلاحی معنی صرف اُس مستقل عدالت کے تھے جہاں اُس عدالت میں دائر شدہ مقدمات کا باقاعدہ ریکارڈ رہتا ہو ۔ اس میں ادنیٰ یا اعلیٰ کا تصور نہ تھا، لیکن زمانۂ حال میں اس کی تعریف میں اعلیٰ عدالتیں مراد ہیں مثلاً ہائی کورٹ، سپریم کورٹ ۔

چنانچہ کورٹ آف ریکارڈ کی یہ تعریف کی جا سکتی ہے کہ ''کورٹ آف ریکارڈ وہ اعلیٰ عدالت ہے جس کے دائرۂ اختیار سماعت کے متعلق یہ قیاس ہو کہ اس کا اختیار لامحدود ہے الا یہ کہ کسی قانون منظورہ کے تحت اس کے اختیارات کو محدود کر دیا گیا ہو''

جرم توہین عدالت کے اختیار سماعت کے لیے کورٹ آف ریکارڈ کی بحث خاص اہمیت رکھتی ہے (ملاحظہ ہو قانون توہین عدالت ۱۹۲۶ء) ۔

Court of Sessions, سیشن کورٹ ۔ عدالت سیشن ۔

مقامی حکومت صوبہ کے ہر سیشن ڈویژن میں ایک عدالت سیشن قائم کرتی ہے اور اس کے لیے ایک سیشن جج کا تقرر عمل میں آتا ہے ۔ اس طرح اس کو یہ بھی اختیار ہوتا ہے کہ حسب ضرورت زائد سیشن جج یا مددگار سیشن جج کا تقرر کرے ۔ یہ جج حسب ہدایت حکومت ڈویژن کے کسی مقام پر اجلاس کرتے ہیں ۔ ضابطہ فوجداری میں جہاں کہیں الفاظ عدالت سیشن استعمال ہوتے ہیں ان سے مراد ایسی عدالت سیشن ہے جو تحت دفعہ ۹ ضابطہ فوجداری قائم ہوتی ہے (۱۹۲۵ء ص ۳۸۵) ۔ جب ایک عدالت العالیہ اپنے ابتدائی اختیار سماعت فوجداری کے تحت اجلاس کر رہی ہو یا کوئی اور عدالت جو کسی خصوصی یا مقامی قانون کے تحت عدالت سیشن کے مساوی اختیارات استعمال کر رہی ہو تو وہ دفعہ ۹ ضابطہ فوجداری کے تحت عدالت سیشن کی تعریف میں داخل نہیں ہے (۱۵ بمبئی ص ۲۶۳) ۔

Court of Small Causes, عدالت خفیفہ ۔ عدالت مطالبات خفیفہ ۔

برطانوی حکومت کے آغاز ہی سے برصغیر پاک و ہند میں دو طرح کی عدالت ہائے مطالبات خفیفہ قائم ہیں ۔ ایک صوبائی عدالت خفیفہ کہلاتی ہے اور دوسری پریسیڈنسی عدالت خفیفہ، جو پریسیڈنسی شہروں جیسے کلکتہ، بمبئی اور مدراس میں قائم ہیں اور دوسرے مختلف شہروں میں صوبائی عدالت خفیفہ کام کر رہی ہیں ۔ جس زمانہ میں کراچی بمبئی میں شامل تھا اس کی دن بدن بڑھتی ہوئی تجارت اور چوتھے نمبر پر بندرگاہ اور برصغیر کے سب سے بڑے طیران گاہ کی خصوصیت کے پیش نظر باوجود اس کے کہ یہ پریسیڈنسی شہر نہیں تھا یہاں صوبائی عدالت خفیفہ کی بجائے علیحدہ کراچی عدالت خفیفہ کا قیام عمل میں آیا ۔ اور اس کے لیے کراچی عدالت مطالبات خفیفہ ایکٹ منظور ہوا ۔ چنانچہ یہ عمل تقسیم کے بعد بھی قائم رہا ۔ اس عدالت میں دو ہزار روپیہ تک کی مالیت کے مقدمات دائر ہو سکتے تھے ۔ اس کے علاوہ کرایہ مکان کی عدم ادائی پر مال منقولہ اور اثاث البیت کی قرقی کے لیے ڈسٹرس وارنٹ (Distress Warrant) جاری کیا جا سکتا تھا ۔ نیز جائداد غیر

مغربی پاکستان لینڈ ریونیو ایکٹ ۱۹۶۷ء کے تحت ''ریونیو کورٹ'' کی اصطلاح استعمال کی گئی ہے لیکن خود اس ایکٹ میں اس کی تعریف بیان نہیں ہوئی ، اس لیے ضابطۂ دیوانی ہی میں دی گئی تعریف اس پر صادق آئے گی ۔

Court, Subordinate عدالت ماتحت ۔

Courtesy title تکریمی خطاب (غیر سرکاری جس کی کوئی قانونی حیثیت نہ ہو) ۔

Cousin, First قریب ترین رشتہ دار ۔ پھوپھی زاد ۔ ماموں زاد ۔ خالہ زاد ۔

Cousin, Second ابن عم، بنت عم وغیرہ ۔

Cousin, Second ایک دادا یا نانا کی اولاد میں بھائی بہن ۔

Covenant, n. شرط ۔ عہد ۔ پیمان ۔ معاہدہ ۔ اقرار نامہ ۔

ایک ایسا اقرار جو بذریعہ دستاویز تکمیل پائے یعنی ایسی دستاویز تحریری جس کے ذریعہ ایک فریق ایک خاص کام یا کاموں کو انجام دینے یا ان کو نہ کرنے کا عہد کرے، یا صراحت کردہ چیزوں کو جاری رکھنے یا ان کو بالکل ختم کر دینے کا اقرار کیا جائے ۔

جہاں ایک فریق اپنے معاہدہ کے ایفاء پر تیار ہو اور دوسرا اپنی ذمہ داریوں کے ایفاء میں غفلت برتے یا انکار کرے تو اول الذکر کو دوسرے کے خلاف کارروائی کرنے کا حق حاصل ہوتا ہے ۔ گو معاہدہ میں اس کی صراحت نہ ہو کہ اولاً کس کو ایفائے عہد کرنا چاہیے مگر یہ اس صورت میں صحیح نہ ہوگا جب کہ معاملات کی نوعیت کے لحاظ سے یا خود معاہدہ کی خصوصیت کے اعتبار سے ایک خاص فریق کو دوسرے سے پہلے عمل کے کرنے کی ضرورت ہو یا دوسرے فریق کے عمل سے پہلے ایفاء موثر ہو سکتا ہو ۔ یہ قرار دینے کے لیے کہ پہلے کس کو اپنے عہد کا ایفاء کرنا چاہیے فریقین کی نیت قابل لحاظ ہوگی، نہ کہ دستاویز میں معاہدہ کی ترتیب ۔

ایسا معاہدہ جس کو قانون نے صریحاً ممنوع کیا ہو ناجائز و کالعدم ہوگا ۔ اگر کوئی معاہدہ عرف

منقولہ سے کرایہ دار کی بے دخلی کا حکم نامہ بھ جاری ہو سکتا تھا ۔ لیکن ۷ جون ۱۹۶۲ء ک آرڈیننس کے ذریعہ یہ ایکٹ منسوخ ہو گیا اور صوبا عدالت خفیفہ کا قانون نافذ کر دیا گیا ۔ عدالت ہا خفیفہ کی سب سے بڑی اہمیت یہ ہے کہ ان ک فیصلوں کا مرافعہ نہیں ہو سکتا البتہ کسی قانو مسئلہ یا اہم بے ضابطگی پر عدالت عالیہ بصیغ نگرانی مداخلت کر سکتی ہے ۔ اس عدالت خفیفہ ک پانچ ہزار روپے تک کی مالیت کے مقدمات کی سماعت ک اختیار ہے ۔

Court of Star Chamber, عدالت ایوان انجم ۔

Court of summary jurisdiction, عدالت سرسری ۔

یہ عدالتیں فوری فیصلے کرتی ہیں ۔ ان کے لیے تفصیلی بیانات لینا، بحثیں سننا، لمبے لمبے (عدالتی) فیصلے لکھنا لازم نہیں ہوتا ۔

Court of Wards, کورٹ آف وارڈ ۔ محکمۂ تحفظ نابالغان ۔

Court, Open برسر اجلاس ۔ کھلے اجلاس ۔

Court, Outside بیرون عدالت ۔

Court, Revenue عدالت مال ۔

مجموعۂ ضابطہ دیوانی کی دفعہ ۲ میں عدالت مال کی یہ تعریف کی گئی ہے کہ ''ایک ایسی عدالت جس کو کسی مقامی قانون کے تحت لگان، کرایہ یا آراضی کے زرعی استعمال کی بابت منافع کے مقدمات یا کارروائیوں کی سماعت کا اختیار حاصل ہو، لیکن اس میں عدالت دیوانی شامل نہیں ہے جس کو ضابطہ دیوانی کے تحت ایسے مقدمات یا کارروائیوں کی نوعیت دیوانی ہونے کی وجہ سے ابتدائی اختیار سماعت حاصل ہو ۔''

عدالت مال میں وہ انتظامی افسر شامل نہیں ہے جو محصولات جمع کرنے کی غرض سے مقرر کیا گیا ہو ۔ عدالت مال سے وہ حاکم مراد ہے جو ایک عدالت کی طرح کسی مقررہ قانون کے تحت مال سے متعلق اعتراضات، یا دعاوی اور درخواستوں کی سماعت اور اور تصفیہ کرنے کا مجاز ہو (اے ۔ آئی ۔ آر ۱۹۵۲ء سپریم کورٹ [انڈیا] ۲۵۷) ۔

اخلاق یا مصلحت عامہ کے منافی یا عام تجارت کے مانع یا مبنی بہ فریب ہو تو ایسا معاہدہ بھی ناجائز ہوگا ۔

Covenant, Collateral عہد و پیمان متوازی ۔

یہ عہد و پیمان ضمنی نوعیت کا ہوتا ہے جو اصل معاہدہ کے متوازی ہوتا ہے ۔

Covenant, Concurrent ہم زمان عہد و پیمان ۔

یہ عہد و پیمان کی ایک اور قسم ہے جس کے تحت فریقین معاہدہ کے لیے بیک وقت باہمی عہد و پیمان کی تکمیل کرنا لازمی ہے ۔ چنانچہ اگر ایک فریق اپنی ذمہ کی شرائط کی تکمیل پر آمادہ و تیار ہو اور دوسرا فریق اپنے ذمہ کی شرائط کو پورا کرنے میں تساہل برتے یا غفلت سے کام لے یا انکار کرے تو ایسی صورت میں اس کے خلاف قانونی چارہ جوئی کا استحقاق حاصل ہو جاتا ہے اور اس کو یا تو تعمیل معاہدہ مختص کے لیے مجبور کیا جا سکتا ہے یا اس پر ہرجہ کا دعویٰ کیا جا سکتا ہے ۔

Covenant, Dependent عہد و پیمان مبنی بر شرط ۔

یہ عہد و پیمان کی وہ قسم ہے جس کی تعمیل کسی دوسری شرط کے پوری ہونے پر منحصر ہے ۔ چنانچہ جب تک کہ پہلی شرط تکمیل پذیر نہ ہو اس شرط یا عہد و پیمان کی تکمیل کے لیے کسی فریق کو بذریعہ ارجاع نالش مجبور نہیں کیا جا سکتا ہے ۔

Covenant, Express عہد و پیمان صریح ۔

ایسا عہد و پیمان جو دستاویز معاہدہ میں صراحت کے ساتھ کیا گیا ہو اور اس کے تعین کے متعلق کسی قسم کا شبہ نہ کیا جا سکے ۔

Covenant, Implied شرط یا اقرار معنوی ۔ اقرار مضمر ۔

کوئی عہد و پیمان جو دستاویز معاہدہ میں صراحتاً مذکور نہ ہو مگر از روئے قانون معاہدہ یا معاملہ کی نوعیت و واقعات اور دستاویز میں استعمال شدہ الفاظ سے اس اقرار کا مفہوم نکلے تو ایسے شرط یا اقرار معنوی کہا جائے گا ۔

Covenant, Independent اقرار نامہ بلا شرط ۔

Covenant, Personal اقرار شخصی ۔

کوئی ایسا عہد و پیمان جس کا تعلق براہ راست کسی مخصوص شئے سے نہ ہو بلکہ مخصوص شخص سے ہو ۔

Cover, v. شامل ہونا ۔ مساوی ہونا ۔ ڈھانکنا ۔

Cover, n. تحفظ ۔ ضمانت یا کفالت ۔

Cover, Extended کفالت مزید ۔

Covering note, یادداشت تحفظ ۔

یہ ایک یادداشت ہوتی ہے جو بیمہ کمپنیاں بیمہ شدہ شخص کو اس کے نقصان کے تحفظ کے طور پر دیتی ہیں ۔ لیکن بیمہ پالیسی کے اجراء کے بعد یہ یادداشت تحفظ کوئی اہمیت نہیں رکھتی ۔

Covert, a. پوشیدہ ۔ محفوظ ۔ مخفی ۔

Covert, Fame, زن منکوحہ ۔

Coverture, حالت ازدواج ۔ منکوحیت ۔

Covin, سازش ۔ ساز باز ۔ سازشی ۔

معاہدہ جو کسی تیسرے شخص کو نقصان پہنچانے کی غرض سے کیا گیا ہو ۔

Craft, n. دست کاری ۔ کاریگری ۔

Craftsman, n. اہل حرفہ ۔

Create, v. وجود میں لانا ۔ بنانا ۔ پیدا کرنا ۔

Creator of trust or waqf, واقف ۔

Credential, n. مراسلہ تعارف ۔ سند تقرر ۔

Credible, a. قابل اعتبار ۔ معتبر ۔

Credit, n. جمع (رقم) قرض ۔ ادھار ۔ قدر ۔ اعتبار ۔ ساکھ ۔

To claim credit, جمع چاہنا ۔

To lose credit, ساکھ یا اعتبار کھو دینا ۔

Credit, Letter, of, لیٹر آف کریڈٹ ۔ ہنڈی ۔

پرچہ یا رقعہ (دوسرے شخص کے وصول زر کے لیے)۔

ایک رقعہ یا خط جو کسی بنک، فرم یا کسی دوسرے کے نام لکھا جائے اور جس میں ایک تیسرے شخص کو معینہ رقم کی ادائیگی کا اختیار دیا جائے اور جس کی بابت رقعہ لکھنے والے نے ذمہ داری قبول کی ہو ۔

Credit Note, یادداشت جمع (رقم) ۔

Credit, On ادھار ۔ قرض ۔

Credit, Public قرض عامہ ۔

Credit Sale, ادھار فروخت ۔

Creditable, *a*. معتبر ۔ ذی عزت ۔ باوقار ۔

Creditor, *n*. دائن ۔ قرض خواہ ۔

قانون دیوالہ صوبائی کی دفعہ ۲ (ب) ''ے'' و(... اور ۵۳ کے تحت دائن کی تعریف میں وہ شخص شام(ل) نہیں ہے جو مدیون سے جائیداد منتقل کرنے کی تار(یخ) یا کسی دیگر فعل دوالہ کے ارتکاب کے بعد دائن ب(نا) ہو (اے ۔ آئی ۔ آر ۱۹۳۷ء ص ۳۸۳) ۔

Creditor, Adjudicating دیوالہ طلب دائن ۔
دیوالہ برار دائن ۔

وہ دائن جو مدیون کے دیوالیہ قرار دے جانے (کا) مستدعی ہو ۔ قانون دیوالہ میں کوئی بھی دائن جس کی رقم قرضہ پانچ سو روپیہ یا اس سے زائد مدیون پ(ر) واجب الادا ہو ، اور باوجود نوٹس ادائی وصول (نہ) ہوا ہو عدالت مجاز میں مدیون کے دیوالیہ قرار دے(ے) جانے کی درخواست پیش کر سکتا ہے ۔

Creditor, Judgement ڈگری دار ۔

یہ اصطلاح Decree Holder کے مترادف ہے ۔

Crew, *n*. عملہ جہاز ۔ اہل جہاز ۔ ملاحان ۔

یہ اصطلاح جہاز کے ماسٹر کے علاوہ باقی جملہ عملہ جہاز کے لیے استعمال ہوتی ہے ۔

Crime, *n*. جرم ۔

Crime and Punishment, جرم و سزا ۔

Crime against society, جرم خلاف معاشرہ ۔

ایسا جرم جس کے اثرات معاشرہ پر پڑتے ہوں ۔

Crime against nature, جرم خلاف فطرت ۔

Crime, Capital سنگین جرم ۔ جرم قابل سزائے موت ۔

Criminal *n*. & *a*. فوجداری ۔ مجرم ۔ مجرمانہ ۔

Criminal action, فوجداری مقدمہ ۔
فوجداری کارروائی ۔

استغاثہ متعلق بہ جرائم ، جو سرکار یا حکومت یا اقتدار اعلیٰ کے نام سے پیش ہوتا ہے ، وہ اس مفروضہ قانون پر مبنی ہوتا ہے کہ جو مضرت پہنچائی گئی ہے وہ عوام کو پہنچائی گئی ہے اور جرم معاشرہ کے خلاف کیا گیا ہے ۔ نجی شخص کو جو مضرت پہنچتی ہے اس کی تلافی دیوانی مقدمہ میں بذریعہ ہرجہ ہو سکتی ہے گو کہ وہ مضرت ایسی ہی کیوں نہ ہو کہ وہ ایک جرم بن جائے ۔ اسی بناء پر جب ایک حملہ مجرمانہ یا مار پیٹ کا جرم وقوع میں آئے تو حکومت ان جرائم کے خلاف فوجداری کارروائی کا آغاز کرے گی اور شخص متضرر کو یہ حق حاصل ہوگا کہ مرتکب جرم کے خلاف عدالت دیوانی میں ہرجہ کی نالش دائر کر دے ۔ یہ صحیح ہے کہ شخص متضرر عام طور پر فوجداری مقدمات میں مستغیث ہوتا ہے مگر ایسا ہونا ضروری نہیں ہے ۔ کوئی بھی شخص کسی مجسٹریٹ کے روبرو معلومات کی فراہمی اور اپنے بیان حلفی کی تائید سے قانون کی مشینری کو حرکت میں لا سکتا ہے ۔ عہدہ داران پولیس کے لیے یہ ضروری نہیں ہے کہ آغاز کارروائی کے لیے بیان حلفی دیں کیونکہ وہ نہ کسی مقدمہ کے فریق ہوتے ہیں اور نہ بالعموم موقعہ واردات پر موجود ہوتے ہیں ۔ لیکن یہ ضروری ہے کہ انہیں جرم کے واقعات اور شہادت کا پورا علم ہو اور چالان پیش کرنے کے لیے ان کے پاس معقول وجوہ موجود ہوں ۔ اگر کسی بے گناہ شخص پر کینہ یا عداوت سے استغاثہ دائر کیا جائے تو مستغیث دیوانی مقدمہ میں مستوجب ادائی ہرجہ ہوگا ۔

اخلاقی اعتبار سے جرم ایک بدترین اور شنیع فعل ہے لیکن بعض افعال ایسے ہیں جو اخلاقی اعتبار سے فی نفسہ برے اور قابل مذمت جرم ہیں لیکن قانون نے ان کو جرم قرار نہیں دیا ۔

قانون نے ملزمان کے لیے بہت سے تحفظات بھی دیے ہیں ، مثلاً ہر شخص بے قصور سمجھا جائے گا تاوقتیکہ اس کے خلاف جرم ثابت نہ ہو جائے اور اگر ملزم کے ارتکاب جرم کے متعلق معقول شبہ پیدا ہو جائے تو فائدہ ملزم ہی کو دیا جائے ۔ اگرچہ مقننہ کے وضع کردہ قوانین کے مطابق جرائم واضح طور پر مدون کیے گئے ہیں لیکن اگر کبھی ان کے معانی و مطالب میں شبہ واقع ہو تو اس کی تعبیر ملزم کے حق میں کی جاتی ہے ۔ اکثر اوقات فوجداری عدالتوں میں کسی ملزم کا بیان حلفی نہیں لیا جاتا بجز اس کے کہ وہ اپنی صفائی میں خود ایسا بیان دینا چاہے ۔ کسی ملزم پر ایک ہی الزام کی بابت دو مرتبہ مقدمہ نہیں چلایا جا سکتا ، اگر پہلے مقدمہ میں ملزم بری (Acquit) یا

سزا یاب ہو چکا ہو اور نہ ارتکاب جرم کے بعد منظور ہونے والے کسی قانون کے تحت اس کو سزا دی جا سکتی ہے ۔ کسی جرم کے ثابت قرار دیے جانے کے لیے نہ صرف واقعی ارتکاب جرم ضروری ہے بلکہ نیت مجرمانہ کا ہونا بھی ضروری ہے لیکن نیت مجرمانہ کا استنباط افعال جرم ہی سے کیا جائے گا جس کی بہر کیف حالات سے تردید ہو سکتی ہے ۔ بالعموم یہ فرض کیا جاتا ہے کہ افعال مجرمانہ سے وہی نتائج پیدا کرنے کی نیت تھی جو ان افعال کا قدرتی یا امکانی نتیجہ ہو سکتے تھے ۔ جب کہ ایک شخص کسی ایسے فعل مجرمانہ میں ناکام رہا ہو جس کی نیت تھی مگر اس سے دوسرا جرم سرزد ہو جائے تو قانوناً یہی فرض کیا جائے گا کہ ملزم کی نیت وہی تھی جس کا ارتکاب کیا گیا ہو ۔ ان تمام تحفظات کے باوجود کسی شخص کو محض اس لیے معاف نہیں کیا جا سکتا کہ وہ اس سے لاعلم ہے کہ جو کچھ کر رہا ہے وہ جرم ہے کیونکہ قانون سے لاعلمی نہ جواب دہی ہو سکتی ہے اور نہ صفائی ، البتہ دماغی عدم صلاحیت جو نوعیت جرم نہ سمجھ سکے وجہ صفائی ہو سکتی ہے ۔ ایک ایسا غیر ملکی جو ایسے جرم کا ارتکاب کرے جو اس کے ملک میں جرم نہ ہو تو یہ اس کی معافی کی وجہ نہیں سمجھی جائے گی اگر مقامی قانون کے بموجب اس پر مقدمہ چلایا جائے ۔

Criminal activities, حرکات مجرمانہ ۔ افعال مجرمانہ ۔

Criminal Appeal, مرافعہ فوجداری ۔ اپیل فوجداری ۔

Criminal Breach of Trust, خیانت مجرمانہ ۔

کوئی شخص جس کو کسی طریقہ سے کوئی مال یا کسی مال کا اہتمام امانتاً سپرد ہو ، قانون کی کسی ایسی ہدایت کے خلاف جس میں امانت مذکور کے ادا کرنے کا طریق معین ہو ، یا کسی جائز معاہدہ کے خلاف جو لفظاً یا معناً شخص مذکور نے امانت کے ادا کرنے کے طریق کی نسبت کیا ہو ، مال مذکور کو بد دیانتی سے اپنے تصرف بے جا یا کام میں لائے یا اس مال کو بد دیانتی سے اپنے استعمال میں لائے یا علیحدہ کرے یا کسی دوسرے شخص کو عمد ایسا کرنے دے تو شخص مذکور خیانت مجرمانہ کا مرتکب ہوگا (دفعہ ۴۰۵ تعزیرات پاکستان ۱۸۶۰ء)

Criminal Case, فوجداری مقدمہ ۔

Criminal Characteristic, مجرمانہ خصوصیت ۔

Criminal Conspiracy, مجرمانہ سازش ۔

Criminal Conversation, زنا ۔

Criminal Court, فوجداری عدالت ۔ عدالت فوجداری ۔

Criminal Force, جبر مجرمانہ ۔ مجرمانہ تشدد ۔

جو کوئی شخص کسی جرم کے ارتکاب کے لیے ، کسی شخص پر ، اس کی بلا رضامندی ، قصداً جبر کرے یا اس نیت سے یا اس امر کے احتمال کی نیت کے علم سے کہ ایسا جبر کرنے سے وہ اس شخص کو جس پر جبر کیا گیا ہے نقصان یا خوف یا رنج پہنچائے گا، تو کہا جائے گا کہ اس شخص نے دوسرے شخص پر مجرمانہ جبر کیا (دفعہ ۳۵۰ تعزیرات پاکستان ۱۸۶۰ء) ۔

Criminal, Habitual عادی مجرم ۔

Criminal History, سوانح جرم ۔ روداد جرم ۔ روداد مجرمانہ ۔

Criminal Intention, نیت مجرمانہ ۔

نیت مجرمانہ کے صاف معنی یہ ہیں کہ ایسا کام کرنے کا منصوبہ یا مقصد جو بغیر کسی وجہ جائز کے فوجداری قانون کی رو سے ممنوع ہو ۔ ایک فعل اس وقت بالارادہ سمجھا جائے گا جب کہ وہ وقوع واقعہ سے قبل تصور میں موجود ہو ، کیونکہ جو چیز تصور میں ہو اس کا واقعہ کی صورت میں نمودار ہو جانا اس خواہش کا پتہ دیتا ہے جو اس کے ساتھ موجود تھی ۔ لفظ ''نیت'' کا مطلب قطعی غرض اور مقصد نہیں ہے (۲۳ کریمنل لاء جرنل ص ۱۰۵۵)۔

اگر ایک شخص جانتا ہے کہ اس کے فعل سے کیا نتائج برآمد ہوں گے تو قانونی تصور یہ ہوگا کہ اس کا ارادہ تھا کہ وہ نتائج پیدا ہوں گو اس فعل کے عمل کا موجب کچھ اور ہی بات ہو (۱۹۳۷ء الہ آباد ص ۱۳)۔

قانون تعزیرات کے تحت کسی شخص پر محض وہم و گمان کی بناء پر مقدمہ نہیں چلایا جا سکتا گو وہ کیسا ہی مجرمانہ معلوم ہوتا ہو (۱۹۲۸ء پٹنہ ص ۳۶)۔

Criminal Intimidation, تخویف مجرمانہ ۔

جو کوئی شخص کسی اور شخص کو اس کے جسم یا نیک نامی یا مال کو جس سے وہ شخص غرض رکھتا ہے، ضرر پہنچانے کی دھمکی اس نیت سے دے کہ اس کو خوف میں ڈالے یا اس سے کوئی ایسا فعل کرائے جس کا کرنا اس پر قانوناً واجب نہیں ہے یا اس سے کوئی ایسا فعل ترک کرائے جس کے کرنے کا وہ قانوناً مستحق ہے تا کہ وہ ارتکاب یا ترک فعل اس دھمکی کی تکمیل کے انسداد کا وسیلہ ہو تو شخص مذکور تخویف مجرمانہ کا مرتکب ہوگا (دفعہ ۳۸۴ تعزیرات پاکستان ۱۸۶۰ء)۔

Criminal Investigation, تفتیش جرائم۔ فوجداری تحقیقات۔

Criminal Investigation Agency, ادارۂ تحقیقات فوجداری۔

Criminal Investigation Department, محکمۂ تحقیقات فوجداری۔

Criminal Investigation Gazette, گزٹ تحقیقات فوجداری۔ جریدۂ تفتیش جرائم۔

Criminal jurisdiction, اختیار سماعت فوجداری (مقدمات)۔

Criminal Jurisdiction Act, قانون اختیار سماعت فوجداری۔

Criminal Law, فوجداری قانون۔

قانون کی یہ قسم جرائم کی نوعیت اور سزا وغیرہ سے بحث کرتی ہے اور عملاً دیوانی قانون (Civil law) کے متضاد استعمال ہوتی ہے۔

Criminal Misappropriation, مجرمانہ تصرف بے جا۔

مجرمانہ تصرف بے جا سے مراد ہے کسی شخص کا کسی دوسرے شخص کے مال کو بد دیانتی سے اپنے تصرف یا کام میں لانا۔ چنانچہ اگر کوئی شخص بد دیانتی سے کسی دوسرے کے مال کو اپنے بے جا تصرف میں لائے تو وہ سزا کا مستوجب ہوگا۔ لیکن دفعہ ہذا کا اطلاق ایسے مال کی نسبت نہ ہوگا جو مالک نے بے ضرورت یا ناکارہ سمجھ کر پھینک دیا ہو (ملاحظہ ہو دفعہ ۲۰۴ تعزیرات پاکستان، ۱۸۶۰ء)۔

Criminal misconduct, مجرمانہ بد اطواری۔

Criminal Negligence, مجرمانہ غفلت۔

Criminal Proceeding, فوجداری کارروائی۔

Criminal Procedure Code, مجموعہ ضابطہ فوجداری۔

Criminal Rashness, مجرمانہ جلد بازی۔ مجرمانہ تیزی۔

Criminal Tendency, مجرمانہ رجحان۔

Criminal Responsibitily, مجرمانہ مسئولیت۔ جواب دہی یا ذمہ داری نسبت بہ جرم۔

Criminal Trespass, مجرمانہ مداخلت بے جا۔

جو کوئی شخص کسی ایسی ملکیت (جائیداد) کے اندر جو کسی دوسرے شخص کے قبضہ میں ہے، اس نیت سے داخل ہو کہ کسی جرم کا ارتکاب کرے یا اس شخص کی، جو ملکیت (جائیداد) پر قابض ہے، تخویف یا توہین کرے یا اس کو رنج دے یا اس ملکیت (جائیداد) کے اندر جائز طور پر داخل ہو کر ناجائز طور پر اس نیت سے ٹھہرا رہے کہ اس کے ذریعہ سے اس شخص کی تخویف یا توہین کرے یا اس کو رنج دے یا اس نیت سے کہ کسی جرم کا ارتکاب کرے تو کہا جائے گا کہ شخص مذکور مداخلت بے جا مجرمانہ کا مرتکب ہوا (ملاحظہ ہو دفعہ ۴۴۱ تعزیرات پاکستان ۱۸۶۰ء)۔

Criminality, *n.* مجرمیت۔ جرائم کاری۔ جرمیت۔

Criminating question, سوال منجریہ جرم۔ مجرم ٹھہرانے والا سوال۔

سوال منجریہ جرم سے ایسا سوال مراد ہے جو گواہ کے کردار، شہرت، نیک نامی یا اس کی سابقہ سزایابی کے متعلق کیا جائے تا کہ اس کی شہادت عدالت کی نگاہ میں قابل قبول نہ رہے۔

قانون شہادت صرف ایسی شہادت پیش کرنے کی اجازت دیتا ہے جو ایسے واقعات سے متعلق ہوں جو متنازعہ ہوں یا جنہیں قانون شہادت نے متعلقہ قرار دیا ہو۔ اسی طرح جب کسی گواہ کا بیان کسی واقعہ تنقیح طلب کی یا واقعہ متعلقہ کی بابت ہو رہا ہو تو قانون نے بعض اور سوالات کرنے کی بھی اجازت دی ہے۔ جو سختی کے ساتھ واقعہ متعلقہ کی تعریف میں نہیں آتے۔ جیسے دفعہ ۱۴۶ کے تحت گواہ کی شہرت اور نیک نامی پر نکتہ چینی کرکے اس کی حیثیت کو مجروح کرنا۔ ایسے سوال کے جواب دینے کا گواہ پابند

نہیں ہے بجز اس کے کہ عدالت نے اپنی صواب دید سے جواب دینے کا حکم دیا ہو - بہر کیف اگر گواہ نے جواب دے دیے ہوں تو وہ کسی دیوانی کارروائی مابعد میں بطور شہادت پیش کیے جا سکتے ہیں مگر فوجداری کارروائی میں گواہ کے خلاف پیش نہیں کیے جا سکتے۔ اگر سوال کسی واقعہ متعلقہ سے تعلق رکھتا ہو اور وہ گواہ کی نیک نامی یا شہرت کو متاثر کرنے کے لیے کیا گیا ہو تو ایسا سوال قابل قبول نہیں ہے اور نہ گواہ اس کا جواب دینے کا پابند ہوگا - اگر غلطی سے ایسا سوال کر لیا گیا تو اس کا جواب کسی فوجداری کارروائی مابعد میں اس گواہ کے مقابلے میں پیش نہیں کیا جا سکتا بجز استغاثہ دروغ حلفی کے (۱۹۳۰ع الہ آباد ص ۹۳م) -

دیوانی مقدمات میں کسی شخص کا کردار بجز اس کے کہ وہ واقعہ تنقیح طلب ہونا قابل ادخال شہادت ہے ، مگر کردار سے متعلق شہادت کی پیشی کا یہ قاعدہ اس صورت میں متعلق نہیں ہوتا جہاں کہ کسی فریق کا چال چلن واقعہ تنقیح ہو - ازالۂ حیثیت عرفی کے عام قانون میں اچھا یا برا چال چلن ایک امر واقعہ ہے اور اس کے متعلق شہادت پیش ہو سکتی ہے -

مقدمات فوجداری میں ملزم کی نیک چلنی واقعہ متعلقہ ہوتی ہے -

ایک سزایاب شخص کو سزا ملنے کے بعد اس کی سابقہ سزایابی کے متعلق شہادت ہو سکتی ہے تاکہ اس کی سزا میں اضافہ کیا جائے (۱۹۲۹ع مدراس ص ۳۰۶) ، لیکن یہ شہادت جو اضافہ سزا کے سلسلے میں پیش ہو سزایابی کی شہادت سے بالکل علیحدہ ہونی چاہیے (۱۹۲۸ع اودھ ۲۱۵) -

Criminology, *n*. جرمیات - فن جرائم - علم جرائم -

Criterion, *n*. معیار -

Criticism, *n*. نکتہ چینی - تنقیدی مضمون - تنقید -

ہر شخص کو تحریر کی آزادی حاصل ہے - وہ جو مناسب سمجھتا ہے لکھ سکتا ہے ، مگر جو کچھ لکھے گا اس کے لیے قانون کے سامنے اس کو ذمہ دار ہونا پڑے گا - اس کو یہ حق نہیں ہے کہ آزادی کے بہانے معاشرہ اور اس کے افراد کی عزت و آبرو اور ان کے حقوق پر حملہ آور ہو یا دستور کی خلاف ورزی کرے یا باغیانہ خیالات کو ہوا دے یا امن عامہ کو خطرے میں ڈالے یا عوام میں بے اطمینانی پیدا کرے یا عدالت انصاف کی تحقیر کرے یا اس کے فرائض کو مشکل میں ڈال دے -

سیاسی تحریریں، جب کہ وہ مناسب اور جائز حدود کے اندر ہوں ، نہ صرف جائز ہیں بلکہ بہبود عامہ کے لیے ان کا تحفظ کیا گیا ہے اور ایسی تحریروں کے متعلق سمجھا جاتا ہے کہ وہ ایک آزاد اور معقول جذبہ کے تحت لکھی گئی ہیں -

ایک لکھنے والا سرکاری عہدہ داران کے طرز عمل یا حکومت کے افعال پر نکتہ چینی یا ان کی مذمت کر سکتا ہے بشرطیکہ وہ کینہ توزی سے مبراء ہو اور کسی ناجائز اور کینہ ورانہ مقصد کے لیے نہ ہو -

حکومت پر نکتہ چینی اور تنقید ، خواہ کتنی ہی تلخ اور شدید کیوں نہ ہو ، کی جا سکتی ہے کیونکہ نکتہ چینی بغاوت نہیں ہے - کسی حکومت کو آئینی طریقہ پر کسی دوسری حکومت سے بدل دینا بھی بغاوت نہیں ہے بلکہ دستوری فعل ہے - بغاوت اس وقت سمجھی جائے گی جب نیت یا کوشش یہ ہو کہ لوگوں کو قانون کی فرماں برداری سے انحراف اور جائز اقتدار کی تائید ختم کرانے کی ترغیب دی جائے (۱۹۳۶ع ناگپور ص ۸۶۵) - چنانچہ اگر کوئی شخص اپنی تنقید سے حکومت وقت کو معرض نفرت و حقارت میں لائے یا بدلنے کا اقدام کرے یا اس کی نسبت بدخواہی پیدا کرے یا پیدا کرنے کا اقدام کرے تو دفعہ ۱۲۴ الف تعزیرات پاکستان کے تحت مجرم ہوگا (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو اے - آئی - آر - پریوی کونسل ۱۹۴۷ع صفحہ ۸۲) -

Crop, *n*. غلہ یا چارہ کی فصل -

ایسی فصل جو کاٹی جاتی ہے -

Crop, Autumnal فصل خریف -

Crop, Standing فصل ایستادہ -

فصل جو پک چکی ہو اور کاٹے جانے کے تیار ہو -

Crop, Vernal فصل ربیع -

Cross, *a*. جوابی - مخالف - مقابل -

Cross Action, جوابی مقدمہ ۔ مقابل نالش ۔

Cross Appeal, مرافعہ مقابل ۔ جوابی اپیل ۔
اگر عدالت ماتحت کے فیصلہ کے خلاف اپیل کنندہ کے اپیل دائر کرنے کے بعد جواب دہ فریق بھی اپیل دائر کر دے تو اس دوسری اپیل کو جوابی اپیل کہا جائے گا ۔

Cross (ed) cheque, خط کشیدہ چیک ۔
جب کسی چیک کے اوپر الفاظ ''اور کمپنی'' (اینڈ کمپنی) یا الفاظ ''ناقابل بیع و شریٰ'' اضافہ کیے جائیں تو ایسا اضافہ خط کشیدہ کرنا تصور ہوگا (دیکھیے دفعہ ۱۲۳ قانون قابل دستاویز قابل بیع و شریٰ) ۔
خط کشیدہ کی دو اقسام ہیں :
(۱) بالخصوص خط کشیدہ چیک (Specially Crossed) اور (۲) بالعموم خط کشیدہ چیک (Generally Crossed) ۔
جب کسی چیک کے اوپر آڑی شکل میں کسی بینکار کا نام معہ یا بغیر الفاظ ''قابل بیع و شریٰ'' درج ہوگا تو وہ اضافہ خط کشیدہ کرنا ہوگا اور چیک مذکور بالخصوص خط کشیدہ اور اس بینکار کے نام خط کشیدہ تصور کیا جائے گا ۔ اگر کسی بینکار کے نام کا اضافہ کیا جائے تو بالعموم خط کشیدہ تصور ہوگا ۔
بالخصوص خط کشیدہ چیک ہونے کی صورت میں رقم سوائے مذکورہ بینک یا اس کے کسی کارندہ کے کسی اور بینک کو ادا نہیں کی جا سکتی جب کہ بالعموم خط کشیدہ ہونے کی صورت میں رقم کسی بھی بینک کے ذریعہ ادا کرنے کی ہدایت مقصود ہوتی ہے (دیکھیے دفعات ۱۲۳ ، ۱۲۴ ، ۱۲۶ قانون دستاویزات قابل بیع و شریٰ) ۔

Crors Claim, جوابی دعویٰ ۔ مقابل دعویٰ ۔

Cross Decree, جوابی ڈگری ۔ مقابل ڈگری ۔
ڈگری جو ایک دوسرے پر ہو ۔

Cross-examination, سوالات جرح ۔
سوالات جرح وہ ہیں جو گواہ سے پیش کنندہ فریق کے سوالات کے بعد اس کا فریق مخالف کرتا ہے ۔ بیان ابتدائی اور سوالات جرح ، واقعات متعلقہ تک محدود ہونے چاہییں ، مگر یہ ضروری نہیں کہ انہی واقعات تک محدود رہے جو بیان ادائی میں پوچھے گئے ہیں ۔ قانون شہادت میں ایسا کوئی حکم نہیں جو یہ اجازت دیتا ہو کہ بیان ابتدائی سے پہلے گواہ پر جرح کی جا سکے ۔ بعض اوقات سوال مکرر (Re-examination) کے بعد عدالت کی اجازت سے بھی جرح کی جا سکتی ہے ۔
اگر گواہ کو محض رسم الخط یا دستخط کی شناخت کی غرض سے طلب کیا جائے تب بھی اس پر جرح کی جا سکتی ہے لیکن جس گواہ کو محض کوئی دستاویز پیش کرنے کے لیے طلب کیا گیا ہو اس پر جرح نہیں کی جا سکتی (دفعہ ۱۳۹ قانون شہادت) ۔
جرح میں ہدایتی سوالات یعنی سوال جوابی (Leading Questions) کیے جا سکتے ہیں لیکن ابتدائی بیان میں اس کی اجازت نہیں ہے ۔ اگر کسی شہادت سے اس کے سابقہ بیان کی تردید مقصود ہو تو گواہ پر ظاہر کر دینی چاہیے تاکہ اس کو انکار یا وضاحت کا موقع مل جائے ۔ گواہ اگر منحرف ہو جائے تو گواہ کو منحرف قرار دلوا کر عدالت کی اجازت سے فریق پیش کنندہ کو بھی اس پر جرح کی اجازت دی جا سکتی ہے ۔ متعدد ہائی کورٹوں نے یہ قرار دیا ہے کہ انکشاف صداقت کے لیے جرح لازمی امر ہے اور زبانی شہادت اس وقت تک قابل قبول نہیں ہو سکتی جب تک کہ فریق ثانی کو جرح کا موقعہ نہ دیا جائے ۔
اگر باوجود موقع دیے جانے کے گواہ پر جرح نہ کی جائے تو وہ بیان قابل ادخال شہادت سمجھا جائے گا ۔

Cross mark, نشان عکسی ۔

Cross Objection, عکسی عذرات ۔ عکسی عذر داری ۔

Cross Out, قلم زد کرنا ۔ کاٹ دینا ۔

Cross, Red صلیب احمر ۔

Cross Suit, جوابی مقدمہ ۔ عکسی مقدمہ ۔
جوابی نالش ۔ متقابل نالش ۔

Cross Voting, خود اپنے فریق کے خلاف رائے دہی ۔

Crown, n. سرکار ۔ بادشاہ ۔ تاج ۔

Crown Case, سرکاری مقدمہ ۔ شاہی مقدمہ ۔
فوجداری مقدمات میں اکثر سرکار مدعی ہوتی ہے ۔

Crown Debt, سرکاری قرضہ ۔ شاہی قرضہ ۔

Crown Land, سرکاری آراضی ۔

Crown Lawyer, سرکاری وکیل ۔

Crown Prerogative, شاہی اختیار ۔ اختیار خصوصی (شاہی) ۔

Crown Prince, ولی عہد ۔

Crown Privilege, استحقاق حکومت ۔

مثلاً بادشاہ یا صدر حکومت کا وہ حق جس کی بناء پر کسی دستاویز کی عدالت میں پیش سازی سے اس وجہ سے انکار کیا جائے کہ دستاویز کا عدالت میں پیش ہونا مصلحت عامہ کے خلاف ہے (۱۹۶۲ء اے ۔ سی صفحہ ۳۶۳) ۔

Crown Suits Act, قانون مقدمات تاج ۔ (سرکار) ۔

Crown Versus, سرکار بنام ۔

Crown witness, سرکاری گواہ ۔

Cruelty, *n.* بے رحمی ۔ ظلم ۔

مقدمات طلاق و تنسیخ ازدواج میں شوہر کا وہ کردار ایک قانونی بے رحمی ہے جو عورت کی زندگی، صحت و عافیت کے لیے خطرہ بن جاتا ہے یا ایسے خطرے کا معقول امکان پیدا کرتا ہے ۔ ایسے مقدمات میں مدعا علیہ کی بے رحمی کا اثبات مدعیہ کی درخواست کی منظوری کے لیے کافی ہے ۔ بے رحمی کی بناء پر مقدمات نان نفقہ میں زوجہ علیحدہ رہ کر نفقہ پانے کی مستحق ہو جاتی ہے ۔

Cruelty to Animals, بے رحمی حیوانات ۔

کوئی ایسا فعل، ترک فعل یا غفلت جس سے کسی جانور کو نامناسب جسمانی تکلیف پہنچے یا اس سے موت واقع ہو جائے یا اس کا امکان ہو بے رحمی حیوانات کے زمرہ میں آتا ہے ۔

اسلام نے حیوانوں پر ظلم کرنے کی سختی کے ساتھ ممانعت کی ہے ۔ چنانچہ ہدایت ہے کہ باربرداری کے جانوروں سے ان کی طاقت برداشت سے زائد کام نہ لو ۔

صحیح بخاری میں ایک حدیث ہے جس میں ایک عورت کو، جس نے اپنی بلی کو بھوکا پیاسا رکھا تھا حتیٰ کہ وہ مر گئی، جہنم کی سزا کی خبر دی گئی ۔ اور ایک شخص نے جس نے ایک پیاسے کتے کو اپنی جرّاب میں پانی بھر کر پلایا تھا، جنت کی خوشخبری دی گئی ۔

Cryer, *n.* اعلانی ۔ منادی کرنے والا ۔ اعلان کرنے والا ۔

Crude, *a.* خام ۔

Crude Drugs, *a.* خام ادویہ ۔

Culpable, *a.* مستوجب سزا ۔ مستلزم سزا ۔ سزاوار ۔ قصور وار ۔

Culpable Homicide, قتل انسان مستلزم سزا ۔

جو شخص کسی فعل کے ارتکاب سے ہلاکت کا باعث ہو اس نیت سے کہ ہلاکت وقوع میں آئے، جس سے ہلاک ہو جانے کا احتمال ہو یا اس علم سے کہ غالباً اس فعل کے کرنے سے وہ ہلاکت کا باعث ہوگا تو وہ شخص جرم قتل انسان مستلزم سزا کا مرتکب ہے ۔ واضح رہے کہ تمام ''قتل انسان مستلزم سزا'' قتل عمد نہیں ہوا کرتے (دیکھیے دفعہ ۲۹۹ ۔ ۳۰۰ تعزیرات پاکستان، ۱۸۶۰ء) ۔

Culpable negligence, سخت غفلت ۔ غفلت فاش ۔

Culprit, *n.* مجرم ۔ گنہگار ۔ قصور وار ۔

Cultivable, *a.* قابل کاشت ۔

Cultivate, *v.* کاشت کرنا ۔ آراستہ کرنا ۔

Cultivation, *n.* کاشت ۔

Cultivator, *n.* کاشت کار ۔ مزارع ۔

از روئے قانون صرف وہ اشخاص ''کاشت کار'' کی تعریف میں شامل ہیں جو بذات خود کاشت کرتے ہیں یا اپنے ملازمین کے ذریعے کراتے ہیں ۔

Cultivator, Hereditary موروثی کاشت کار ۔

Cumulative, *a.* مجموعی ۔

Cumulative Leave, مجموعی رخصت ۔

Cumulative legacy, مجموعی ترکہ ۔

Cumulative remedy, مجموعی انسداد ۔

Cumulative sentence, مجموعی سزا یا حکم سزا ۔

Curator, *n.* محافظ ۔ مہتمم ۔

Cure, *n.* اصلاح ۔ علاج ۔

Curia, *n.* عدالت ۔

Currency, *n.* کرنسی ۔

Curreney Chest, کرنسی پیٹی ۔

Currency note, کرنسی نوٹ ۔

سرکاری نوٹ جو عندالطلب واجب الادا ہو ۔

Currency Office, دفتر اجرائے زر ۔

Currency Officer, افسر اجرائے زر ۔

Currency rate, کرنسی نرخ ۔ شرح کرنسی ۔

Current, *a.* رائج الوقت ۔ رواں ۔ جاری ۔

Current account, چالو کھاتہ ۔ حساب رواں ۔

(See under "Account")

Current month, ماہ رواں ۔

Current session, اجلاس جاری یا جاریہ ۔

Current valuation, مالیت رائج الوقت ۔ موجودہ مالیت ۔

Current year, سال رواں ۔

Cursory, *a.* سرسری ۔

Curtail, *v.* مختصر کرنا ۔ کم کرنا ۔

Curtilage, *n.* صحن یا باغ متعلق مکان سکونت ۔

Custodian, *n.* کسٹوڈین ۔ نگران ۔ محافظ ۔

Custodian of Evacuee Property, نگران یا محافظ جائیداد متروکہ ۔

Custody, *n.* تحویل ۔

Custody of minor, *n.* تحویل نابالغ ۔ حضانت ۔

حضانت کے مقدمات کی سماعت کا اختیار مغربی پاکستان عائلی عدالتوں کے قانون مجریہ ۱۹۶۴ء کے تحت فیملی کورٹ کو دے دیا گیا ہے جو بہ حیثیت ڈسٹرکٹ کورٹ بموجب طریقہ کار گارجین اینڈ وارڈز ایکٹ کارروائی کرے گی (ملاحظہ ہو دفعہ ۲۵ قانون عدالت ہائے عائلی ۱۹۶۴ء و پی ایل ۔ ڈی ۱۹۷۵ء لاہور صفحہ ۳۳ بمقدمہ مسماۃ پروین بنام محمد اشہر) ۔

Also see "Hizanat"

Custody, Pending trial تحویل زیر سماعت ملزمان ۔

Custody, Police حراست پولیس ۔

Custom, *n.* رسم و رواج ۔

جہاں کوئی کام ایک سے زیادہ طریقوں سے کیا جا سکتا ہے مگر تقریباً بلا اختلاف ہمیشہ وہ ایک ہی خاص طریقہ سے کیا جاتا ہے تو یہ کہا جائے گا کہ اس کام کو اس خاص طریقہ سے کرنے کا رواج ہے ۔ رہا یہ امر کہ آیا یہ رواج قانون رواجی ہے جو رواج محض سے بالکل جدا ہے ، اس کا انحصار اس پر ہے کہ اگر اس کو عدالت میں پیش کیا جائے تو کیا وہ تسلیم کیا جائے گا ؟ اگر رواج عام اور معقول ہے اور قانون کے کسی معین قاعدے کے خلاف بھی نہیں ہے تو وہ تقریباً ہمیشہ صحیح رواجی قانون مانا جائے گا ۔ اور اس کی پابندی اجباری ہو جائے گی نہ کہ اختیاری ۔

مشہور فرانسیسی مقنن کوموبل نے اپنی لغت میں رسم و رواج کی یہ تعریف کی ہے کہ "ایک قانون یا حق جو تحریر نہ ہوا ہو بلکہ ہمارے آباء و اجداد کی منظوری سے ایک عرصہ تک استعمال ہونے کی وجہ سے قائم ہوا ہو اور روزانہ اس پر عمل ہو رہا ہو" ۔

اگر رسم و رواج عام ہے تو وہ ایک رواجی قانون ہے ۔ اگر وہ خاص رسم ہے تو صحیح طریقہ پر وہ ایک رواج ہی ہے ۔ کسی خاص رواج کو قانون کا درجہ حاصل ہونے کے لیے اس پر اتنے عرصہ دراز تک عمل درآمد ہونا چاہیے کہ انسانی حافظہ اس کی ابتداء یاد نہ کر سکے ۔ یہ ضروری ہے کہ رواج مسلسل ، امن پسند ، معقول ، معین اور لازمی ہو اور ہر شخص کے لیے اس کا کرنا یا نہ کرنا اس کی مرضی پر نہ چھوڑا جائے ، دوسرے رسوم اور رواجوں سے مطابقت رکھتا ہو اور ایک رسم یا رواج دوسرے رسم و رواج کے خلاف قائم نہ ہوا ہو (بلیک اسٹون کمنٹری آن لاز آف انگلینڈ ص ۷۶) ۔

رواج کی مختلف اقسام ہیں جیسے تجارتی رواج ، ساہوکاری رواج ، امداد یا خیرات خاص کے رواج یا کسی جاگیر یا تعلقہ کا مخصوص رواج وغیرہ ۔ اگر کسی مقام یا کسی خاص تجارت سے متعلق کوئی عام رواج یا عمل درآمد علانیہ طور پر موجود ہو تو قانوناً یہ تصور کیا جائے گا کہ فریقین کا منشاء یہ تھا کہ معاہدہ اس رواج یا عمل درآمد کے تحت منعقد ہو ۔

رواج کے معنی ہیں ایک قائم شدہ عمل یا عمل درآمد جس کو قانون کی قوت حاصل ہو چکی ہو (۱۹۳۱ء الہ آباد ص ۴۹۹) ۔ رسم و رواج ایک ثبوت طلب مسئلہ ہے نہ کہ کوئی نتیجہ جو قانون کے تقابلی مطالعہ سے وجوہ اور دلائل کی بنیاد پر نکالا گیا ہو (۱۹۲۷ء لاہور ص ۴۴۱) ۔ رسم و رواج اپنے قانونی

مفہوم میں عام قانون کے خلاف ایک طرح قائم شدہ عمل درآمد ہے (۱۹۳۳ء اودھ ص ۲۳۱) - کسی تجارتی عمل درآمد کا ثبوت موجود نہ ہو تو عدالت امر کا وجود تسلیم نہیں کرے گی (۱۹۴۴ء بمبئی ص ۲۷)۔

رواج کی حیثیت اس حق سے مختلف ہے جو قدامت یا طویل عرصہ تک تصرف کی بناء پر حاصل ہوا ہو، کیونکہ قدامت یا طویل تصرف سے ایک حق پیدا ہوتا ہے مگر رواج قانون بناتا ہے (۶۶ انڈین کیسیز ص ۶۳۰)۔ ایک رواج کو جائز قرار دینے کے لیے یہ ضروری ہے کہ وہ قدیم ہو، مسلسل ہو، معقول ہو، معین ہو اور غیر اخلاقی نہ ہو (۱۹۲۲ء پریوی کونسل ص ۵۷)۔ اگر کوئی رواج مقننہ کے منظورہ قانون سے متصادم ہو تو وہ باقی نہیں رہ سکتا (۱۹۴۰ء الہ آباد ویکلی رپورٹر ص ۲۱۹)۔

اسلامی نظام قانون بھی عُرف و عادت اور رسم و رواج کی قانونی قوت و حیثیت کو تسلیم کرتا ہے۔ قرآن پاک میں لفظ ''معروف'' اسی جانب اشارہ ہے۔ چنانچہ جو رسوم اور دستور حضرت محمد مصطفیٰؐ کے زمانہ رسالت میں رائج تھے اور قرآن نے انھیں منسوخ نہیں کیا، یا آنحضرتؐ نے آن کے بارے میں سکوت فرمایا، وہ قانونی جواز کی حد میں داخل سمجھے گئے لیکن اگر رسم و رواج الہامی قانون یا اجماع کے خلاف ہو تو وہ قابل عمل نہیں۔ رسم و رواج کا کسی خاص زمانہ سے رائج ہونا لازمی نہیں لیکن آن کو حکمی حیثیت دینے کے لیے آن کا عام طور سے شائع ہونا ضروری ہے۔ رسم و رواج زمانہ اور مقام کے ساتھ مختص ہوتے ہیں اور رائج رہنے تک قابل نفاذ رہتے ہیں۔

Custom *n.* کسٹم - سرکاری محصول - محکمہ کروڑ گیری - محکمہ کرگری۔

Custom Bond, کسٹم بانڈ۔

اقرار نامہ محصول جس کے تحت محصول اور دیگر محصولات ادا کرنے کا اقرار کیا جاتا ہے۔

Custom duty, محصول گمرک۔ محصول کروڑ گیری - محصول کرگری۔

Custom, Family خاندانی رسم و رواج۔

Custom Frontier, سرحد محصول۔

Custom House, کسٹم ہاؤس۔

Custom, Local - مقامی دستور - مقامی رسم و رواج۔

Custom, Trade تجارتی رواج۔

Customary, *a.* رواجی۔

Customary Dower, مہر مثل - کسی خاندان کا مروجہ مہر۔

مہر مثل اسلامی قانون کی اصطلاح ہے اس کا مفہوم ہے وہ مہر جو دلہن کی بہن یا پھوپھی وغیرہ کا ہو۔ تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو مجموعہ قوانین اسلام، مؤلف ہذا، جلد اول، باب ۹ ''مہر''۔

Customavy Easement, رواجی حق آسائش۔

Customary Law, رواجی قانون۔

Customary right, رواجی حق۔

Customer, *n.* خریدار - مشتری۔

Cyphonism, گردن میں طوق ڈالنے کی سزا۔

Cypher, رمز نویس۔

Cypres, Doctrine of سائپرس - قاعدہ تقریبی۔

اس اصطلاح کے لغوی معنی تا حد امکان کے ہیں۔ یہ اصطلاح بالعموم وصیت ناموں اور وقف ناموں کے املاک کے صرف و استعمال سے متعلق استعمال ہوتی ہے۔ چنانچہ جب حالات کے بدل جانے یا زمانہ کے گزر جانے کے سبب وصیت نامہ یا وقف نامہ میں دی ہوئی شرائط کے ماتحت موصی یا واقف کی خواہش کے بموجب وقف کی آمدنی یا املاک کا استعمال لفظاً لفظاً ممکن نہ رہے تو ایسی املاک یا رقوم کو ان اغراض سے ملتے جلتے اغراض میں صرف کیا جا سکتا ہے جو کہ موصی یا واقف کی تھیں۔ مثال کے طور پر اگر کوئی جائیداد یا ملک یا اس کی آمدنی کسی مخصوص ادارے کی امداد و اعانت کے لیے وقف کی جائے اور وہ ادارہ کسی وجہ سے باقی نہ رہے تو اس وقف کی آمدنی یا املاک کا استعمال اسی جیسے کسی دوسرے ادارے کے لیے کیا جا سکتا ہے۔ اسی اصول کا نام 'اصول سائپرس' یا ''قاعدہ تقریبی'' ہے۔

D

نہیں ہے کہ مضرت عمداً پہنچائی جائے یا معاندانہ ہو بلکہ یہ اتفاقی بھی ہو سکتی ہے ۔ مقدمات ٹارٹ میں مضرت قانونی کی تلافی ہرجہ سے کی جاتی ہے ۔

Damage, Actual نقصان حقیقی ۔ ضرر واقعی ۔

Damage-Feasant نقصان رساں ۔

Damage, Measure of معیار ہرجہ ۔ مقیاس نقصان ۔

Damage, Remoteness of نقصان کا بعید ہونا ۔

بعض افعال ضرر کا فوری سبب ہوتے ہیں جب کہ کچھ دیگر افعال ضرر کا باعث تو ہوتے ہیں مگر ان کا سبب بعید ہوتا ہے' فوری اور براہ راست نتیجہ نہیں ہوتا ۔ چنانچہ اگر نقصان یا ہرجہ سبب بعید سے واقع ہو تو ایسی صورت میں عدالت ہرجانہ نہیں دلائے گی ۔

Damage, Substantial نقصان اصلی ۔ معقول نقصان ۔

Damages, *n.* ہرجانہ ۔ ہرجہ ۔

وہ رقم جو شخص متضرر اس مضرت کے معاوضہ میں پانے کا مستحق ہے جو کسی دوسرے شخص کے کسی فعل یا قصور کی وجہ سے اس شخص کی ذات یا جائیداد یا کسی اور متعلقہ حق کو پہنچی ہو ۔

ہرجانہ محض رقمی یا مالی نقصان ہی کی بابت نہیں دلایا جاتا بلکہ ایسی صورتوں میں بھی دلایا جاتا ہے جہاں احساسات مجروح کیے گئے ہوں یا شہرت عامہ یا ساکھ کو نقصان پہنچایا گیا ہو یا کسی جسمانی یا روحانی کرب میں مبتلا کیا گیا ہو ۔ جہاں کسی شخص کی غفلت یا کوتاہی کے باعث کسی شخص کو نقصان یا مضرت پہنچی ہو تو ایسی صورت میں بھی نقصان کی تلافی بذریعہ ہرجہ کی جائے گی ۔ ایسی صورتوں میں جہاں فریب یا کینہ یا عداوت سے نقصان پہنچایا گیا ہو' حقیقی نقصان سے زیادہ ہرجہ دلایا جائے گا ۔

ہرجہ دراصل ایک تاوانی معاوضہ ہے جو عدالت شخص متضرر کو غیر قانونی فعل کی وجہ سے مضرت کے معاوضہ میں شخص خاطی سے دلواتی ہے ۔ ہرجہ دلانے کا مقصد صرف یہی نہیں ہے کہ متضرر کو

Dacoity, *n.* ڈکیتی ۔

جب پانچ یا پانچ سے زیادہ اشخاص شامل ہو ک سرقہ بالجبر کا ارتکاب کریں جب کہ ان اشخاص کل تعداد جو سرقہ بالجبر کا ارتکاب یا اقدام شامل ہو ک کرتے ہوں معہ تعداد ان اشخاص کے جو حاضر ہو اور اس کے ارتکاب یا اقدام میں مدد کرتے ہوں یا یا پانچ سے زیادہ ہو تو ہر ایک شخص ارتکاب کرنے وا یا اس میں مدد کرنے والا ڈکیتی کا مرتکب سمجھ جائے گا (دفعہ ۳۹۱ تعزیرات پاکستان ۱۸۶۰ء) ۔

ڈکیتی سرقہ بالجبر کی ایک سنگین صورت ہے چنانچہ جب مرتکبین کی تعداد پانچ یا پانچ سے زیادہ ہ تو سرقہ بالجبر ڈکیتی ہو جاتا ہے ۔ یہ ضروری نہیں کہ ارتکاب جرم میں فی الواقع کسی کو جسمانی ضرب پہنچی ہو ۔ یہ کافی ہے کہ مجرمین مسلح ہو کر تیاری کے ساتھ ارتکاب جرم کے لیے موقع واردات پر گئے تھے اور انہوں نے ارتکاب جرم کی کوشش کی تھی خوا اس کے ارتکاب میں ناکام رہے ہوں ۔

واضح رہے کہ سرقہ بالجبر کا ارتکاب اور اس ک اقدام دو علیحدہ علیحدہ جرم ہیں لیکن ڈکیتی کا ارتکاب او اس کا اقدام علیحدہ جرم نہیں ہیں، بلکہ ڈکیتی کا اقدام ڈاکہ زنی کے جرم کی تکمیل کے لیے کافی ہے ۔

Dagger, *n.* خنجر ۔

Damage, *n.* نقصان ۔ مضرت ۔ ضرر ۔

قانون کی نظر میں ہر مضرت مضرت نہیں ہے جب تک کہ وہ قانونی مضرت نہ ہو اور قانونی مضرت وہ ہے جو کسی شخص کے حق پر اثر انداز ہو یا اس کی جائیداد میں بلا اختیار جائز یا اجازت (صریح یا معنوی) کے بغیر مداخلت کی وجہ سے مستوجب ادائی ہرجہ ہو ۔ ہو سکتا ہے کہ ایک شخص کسی فعل ناجائز کی بناء پر قانون کی نگاہ میں متضرر ہو لیکن فی الواقع اس کو کوئی حقیقی نقصان نہ پہنچا ہو ۔ اس کے باوجود خاطی مستوجب ادائی ہرجہ قرار دیا جائے گا، کیونکہ اس نے اس شخص کے حق پر حملہ کیا تھا ۔ یہ ضروری

مضرت کے معاوضہ میں برجہ دلایا جائے بلکہ اس سے مقصود یہ ہے کہ متضرر کو اس پوزیشن پر بحال کیا جائے جیسی کہ مضرت سے پہلے تھی ۔

Damages, Compensatory برجہ تعدیلی ۔
عوضی برجانہ ۔

Damage, Consequential برجہ مستلزمہ ۔

Damages, Contemptuous برجانہ حقیر ۔
یہ برجہ اس وقت دلایا جاتا ہے جب کہ عدالت کی نظر میں نالش کی ضرورت ہی نہ تھی ۔ اس برجہ کی رقم نہایت معمولی اور حقیر ہوتی ہے ۔

Damages, Contingent برجۂ مشروط ۔

Damages, Continuing برجۂ مسلسل ۔

Damages, Double دوہرا برجہ ۔

Damages, Examplary مثالی برجہ ۔
مثالی برجہ اس وقت دلایا جا سکتا ہے جب کہ فعل مضرت رساں کی نوعیت سنگین ہو اور آسانی سے برجہ کی تشخیص نہ کی جا سکتی ہو مثلاً کسی معزز شخص کی ہتک عزت، اس کی لڑکی کو بھگا لے جانے کا جرم ـــــ اس قسم کے برجہ دلانے کا منشاء یہ ہوتا ہے کہ دوسروں کے لیے باعث عبرت ہو اور ایک مثال قائم ہو اور وہ ایسے فعل قبیحہ کے ارتکاب سے باز رہیں ۔

Damages, General عام برجہ ۔
ایسا برجہ جو قرائن سے قانون کی نگاہ میں کسی فعل کے ارتکاب کا لازمی نتیجہ معلوم ہوتا ہو ۔ عام برجہ کے ثابت کرنے کی ضرورت نہیں ہے ۔

Damages, Liquidated برجہ مشخصہ ۔
وہ معین رقم جو بصورت خلاف ورزی معاہدہ فریق تصور وار سے قابل ادا ہو ۔
اگر دستاویز میں بصورت خلاف ورزی معاہدہ برجہ کی رقم مشخص اور معین ہو تو وہ تصور وار فریق سے مناسب برجانہ پانے کا حق دار ہوگا جو برجہ مشخصہ سے زائد نہ ہوگا خواہ واقعی نقصان یا برجہ اس سے زائد ثابت ہو یا نہ ہو (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو دفعات ۷۴ قانون معاہدہ ۱۸۷۲ء) ۔

Damages, Nominal برائے نام برجہ ۔
یہ برجہ محض اس صورت میں دلایا جاتا ہے جب کہ نالش درست ہو مگر مدعی کو کوئی واقعی نقصان نہ پہنچا ہو ۔ یہ برجہ رقم کے اعتبار سے برائے نام ہوتا ہے ۔

Damages, Ordinary برجہ معمولی ۔

Damages, Prospective متوقع برجہ جو مستقبل کے نقصان کی بابت دلایا جائے ۔

Damages, Remote برجۂ بعید ۔

Damages, Speculative تخمینی برجہ ۔

Damages, Vindictive تنبیہی برجہ ۔

Damn, *n.* & *v.* (۱) لعنت ۔ بددعا ۔ نفرین ۔
(۲) مردود ٹھہرانا ۔

Damnify, *v.* نقصان پہنچانا ۔ ضرر پہنچانا ۔

Damnum, *n.* نقصان ضرر ۔

Damp, *n.* & *v.* (۱) نمی ۔ رطوبت ۔
(۲) افسردہ کرنا ۔

Dandy note, حکم نامہ حوالگی مال ۔

Danger, *n.* خطرہ ۔ خوف ۔

Dangerous, *a.* خطرناک ۔

Dangerous animal, خطرناک جانور ۔

Dangerous criminal, خطرناک مجرم ۔

Dangerous disorderly person, خطرناک غنڈہ ۔

Dangerous drugs, خطرناک ادویہ ۔

Dangerous goods, اسباب خطر ۔ خطرناک اموال ۔

Dangerous premises, مسکن خطر ۔

Dongerous occupation, خطرناک پیشہ ۔

Dangerous zone, خطرناک منطقہ ۔

Date, *n.* & *v.* (۱) تاریخ ۔ وقت ۔ زمانہ ۔ عہد ۔
(۲) تاریخ ڈالنا ۔ زمانہ کا حوالہ دینا ۔
دستاویزات کے متعلق قیاس ہوتا ہے کہ وہ تاریخ کے دن لکھے گئے ۔ یہی اصول خطوط سے متعلق ہوتا ہے ۔

Date, Prior تاریخ ما قبل ۔

Date, Subsequent تاریخ ما بعد ۔

Date of acquisition, تاریخ حصول ۔

Date of admission, تاریخ ادخال ۔

Date of application, تاریخ درخواست ۔

Date of birth, تاریخ پیدائش ۔

تاریخ پیدائش کی صحت کے لیے صداقت نامہ اسکی قطعی ثبوت قرار نہیں دیا جا سکتا ۔

Date of cancellation, تاریخ تنسیخ ۔

Date of collection, تاریخ جمع آوری ۔

Date of commencement, تاریخ آغاز ۔

Date of contract, تاریخ معاہدہ ۔

Date of death, تاریخ وفات ۔

Date of decision, تاریخ فیصلہ ۔

Date of decree, تاریخ ڈگری ۔

اپیل یا درخواست نگرانی کی میعاد سماعت کے تعین کے لیے ڈگری کی تاریخ کا لحاظ کیا جائے گا اور وہ عرصہ جو درخواست دینے اور نقل کے حصول میں صرف ہوا ہو ، میعاد سماعت کی غرض سے منہا کر لیا جائے گا، بشرطیکہ درخواست برائے نقل فیصلہ وڈگری اندرون مدت داخل کی گئی ہو ۔

Date of delivery of copy, تاریخ حوالگی نقل ۔

اپیل یا درخواست نگرانی کی میعاد سماعت کے تعین کے لیے جس دن کاپی تیار تھی ، اس دن تک کی مدت وضع کی جائے گی ، نہ کہ جس دن حقیقی طور پر کاپی درخواست گذار کے حوالہ کی گئی ہو ۔ اس سلسلہ میں قاعدہ یہ ہے کہ دفتر کی جانب سے درخواست گذار کو تاریخ تیاری نقل کی اطلاع ہونی چاہیے ۔

Date of discharge, تاریخ اخراج ۔

Date of effect, تاریخ لفاذ ۔

Date of hearing, تاریخ سماعت ۔

Date of hearing objections, تاریخ سماعت عذرات ۔

Date of institution, تاریخ ارجاع (نالش) ۔

Date of maturity, تاریخ پختگی ۔ میعاد پوری ہونے کی تاریخ ۔

پرونوٹ یا مبادلہ ہنڈی کی تاریخ پختگی وہ تاریخ ہے جب کہ وہ قابل ادا ہو ۔ ہر وہ پرونوٹ یا مبادلہ ہنڈی جس سے عندالمطالبہ ، عندالمعائنہ یا بوقت پیشی واجب الادا ہونا ظاہر ہوتا ہو ، اس تاریخ کے بعد تیسرے دن واجب الادا سمجھی جائے گی جو اس کے واجب الادا ہونے کی قرار دی گئی ہو (ملاحظہ ہو دفعہ ۲۲ قانون دستاویزات قابل بیع وشریٰ، مؤلف ہذا) ۔

Date of occurrence, تاریخ وقوع ۔

Date of order, تاریخ حکم ۔

Date of sale, تاریخ فروخت یا نیلام ۔

دفعہ ۱۳۸ قانون میعاد سماعت کے تحت تاریخ فروخت سے حقیقی تاریخ فروخت مراد ہے نہ کہ وہ تاریخ جب کہ فروخت کی توثیق ہوئی ہو ۔

Daughter, *n*. بیٹی ۔ دختر ۔

Daughter-in-law, بہو ۔ بیٹے کی بیوی ۔

Daughter, Step سوتیلی بیٹی ۔ اخیافی ۔

Day, *n*. دن ۔ یوم ۔ روز ۔ تاریخ ۔

عام طور پر دن کے معنی طلوع آفتاب سے غروب آفتاب تک کے وقت کے ہیں ، لیکن جنتری کے اعتبار سے دن کا اطلاق نصف شب سے دوسری نصف شب تک ہوتا ہے ۔ موجودہ قانون کی رو سے ۱۲ بجے شب کے بعد سے دن کہلائے گا ۔ مسلمانوں کے قانون میں ایک شام سے دوسری شام تک ایک دن کہلاتا ہے ۔

Day book, روزنامچہ ۔

وہ رجسٹر جس میں کاروباری فرمیں اپنی روزمرہ کی نقد رقمی معاملت کی یادداشت کا اندراج کرتی ہیں ۔

Day of maturity, یوم تکمیل ۔ یوم استحقاق ۔

وہ دن جب دستاویز میں مندرجہ مفاد حاصل کرنے کا حق پیدا ہو ۔

Days of grace, ایام مہلت ۔

مبادلہ ہنڈی، ڈرافٹ اور دیگر دستاویزات قابل بیع و شریٰ کے قبول کرنے والے کو بغرض ادائی رقم کچھ دن کی مہلت دینے کا دستور قدیم ایام سے چلا آ رہا ہے جو اب قانونی حیثیت اختیار کر چکا ہے ۔ انگلستان اور پاکستان میں مہلت تین دن کی دی جاتی ہے ، بشرطیکہ ہنڈی وغیرہ میں صریحاً اس کے خلاف کوئی اور شرط نہ ہو ۔ اگر ایام مہلت کا اختتام اتوار یا کسی اور تعطیل کے روز ہو تو ادائی اس کے دوسرے دن ہوگی ۔ بیمہ کی اقساط کی ادائی میں بھی ایام مہلت کا قاعدہ جاری ہوگیا ہے جو بالعموم ماہوار ادائی کی صورت میں ایک ہفتہ اور سہ ماہی ادائی کی صورت میں ایک ماہ ہوتا ہے ۔

Days, Working ایام کار ۔ ہفتہ کے چھ روز به استثناء تعطیلات قانونی ۔

De facto, فی الواقع ۔ فی الحقیقت ۔

De jure, قانوناً ۔ بحکم قانون ۔

De novo, از سرنو ۔

Dead account, بند کھاتہ ۔ ایسا حساب جو چالو نہ ہو ۔ کسی متوفی شخص کا حساب ۔

Dead body, نعش ۔

Dead capital, غیر پیدا آور سرمایہ ۔

Dead freight, کرایہ بابت خالی حصہ جہاز ۔

کرایہ اس حصہ جہاز کا جو خالی رہا اور کرایہ دار مال نہ لاد سکا ۔

Dead house, مردہ خانہ ۔

Dead letter, ایسا خط جس کے مکتوب الیہ کا پتہ نہ چل سکا ہو ۔

Dead loan, وہ قرضہ جو تاریخ مقررہ پر ادا نہ کیا گیا ہو اور جس کو واجب الادا ہوئے ایک مدت گزر چکی ہو اور جس کی وصولی کی کوئی امید نہ ہو ۔ عام اصطلاح میں اس کو ڈوبن قرضہ کہا جا سکتا ہے ۔ قانونی اصطلاح میں وہ قرضہ جس کے وصول کرنے کی مدت گزر چکی ہو ۔

Deadlock, *n.* تعطل ۔

Deadly, *a.* مہلک ۔ جان لیوا ۔ زہریلی ۔

Deadly against, سخت مخالف ۔

Deadly enemy, جانی دشمن ۔

Deadly weapon, سلاح مہلک ۔

Deaf and dumb persons, بہرے اور گونگے اشخاص ۔

پیدائشی گونگے اور بہرے اشخاص کو کچھ زمانہ پیشتر تک بے وقوف خیال کیا جاتا تھا ۔ اس لیے وہ شہادت کے لیے نااہل تصور کیے جاتے تھے لیکن زمانہ حال کے مقننین کا نقطہ نظر یہ ہے کہ اگر ان میں کافی سمجھ بوجھ ہو تو وہ شہادت دینے کے اہل ہیں بشرطیکہ وہ تحریر یا حرکات و سکنات کے ذریعہ اپنا مافی الضمیر ظاہر کر سکیں ۔

Deal, *n. & v.* کاروبار ۔ بیوپار ۔ معاملہ ۔ معاملت کرنا (کاروباری) ۔

Dealer, *n.* بیوپاری ۔

کسی شخص کو محض ایک سودا کرنے سے قانون انسداد ذخیرہ اندوزی و منافع خوری کی دفعہ ۲ (ب) و دفعہ ۲ کے تحت تاجر یا کاروباری قرار نہیں دیا جا سکتا (آئی ۔ ایل ۔ آر ۱۹۴۶ء کراچی ۱۸۵) ۔

ایک ملازم خواہ وہ منیجر ہو یا فروشندہ ، قانون انسداد ذخیرہ اندوزی و منافع خوری کی دفعہ ۲ (ب) کے تحت تاجر کی تعریف میں نہیں آتا (اے ۔ آئی ۔ آر ۱۹۴۵ء لاہور ص ۲۸۱ اجلاس کاملہ) ۔

ایک دلال جو اپنے مالک کی جانب سے کسی مال کی خرید و فروخت کا معاملہ طے کرتا ہے یا خرید و فروخت کرتا ہے تاجر یا کاروباری نہیں ہے ۔ (اے ۔ آئی ۔ آر ۱۹۵۰ء مدراس ص ۵۲۱) ۔

پاکستان کے نافذ الوقت قوانین ذخیرہ اندوزی و منافع خوری کے تحت ڈیلر کی تعریف میں وسعت پیدا کر دی گئی ہے ۔

Dealer, Retail خوردہ فروش ۔

Dealer, Wholesale تھوک فروش ۔

Dealing, *n.* لین دین ۔ کاروبار ۔ معاملت ۔

Dealing, Double دو رنگی معاملہ ۔ دھری چال ۔

Dealing, Fair خوش معاملگی ۔ صاف معاملہ (جس میں کوئی دھوکہ نہ ہو ۔)

Dealing, Unfair بد معاملگی ۔

Dean, ڈین ۔ عمید ۔

Dearness, *n.* مہنگائی ۔

Dearness allowance گرانی الاؤنس ۔ مہنگائی الاؤنس ۔

Dearness allowance, Special خاص گرانی الاؤنس ۔

Death, *n.* موت ۔ وفات ۔ ہلاکت ۔ مرگ ۔

اگر کوئی شخص مسلسل سات سال سے لاپتہ ہو اور اس کے متعلق کچھ معلوم نہ ہوا ہو اور اس کی غیر حاضری کی کوئی توجیہہ نہ بیان کی جا سکے تو قانوناً یہ قیاس کر لیا جائے گا کہ وہ شخص فوت ہو گیا ہے (دفعہ ۱۰۸ قانون شہادت) ۔ البتہ حادثہ مشترک سے موت کے متعلق کوئی قیاس نہیں ہوتا ہے ۔

اسلامی قانون طلاق میں فقہ مالکی کے تحت اگر کوئی شوہر چار سال تک مفقود الخبر ہو تو اسے مردہ تصور کیا جائے گا ۔ حنفی فقہ اس سے مختلف ہے ۔ البتہ مال کے بارے میں موت کے قیاس کا دوسرا قاعدہ مقرر ہے (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو مجموعہ قوانین اسلام جلد ۵ "وراثت"، باب متعلق بہ وراثت

مفقود الخبر) -

Death Certificate, صداقت نامہ فوتی - فوتی نامہ -

Death, Civil محرومی حقوق شہریت -

اگر کوئی شخص تارک الدنیا ہو جائے یا جلا وطن کر دیا جائے یا عدالت حقوق شہریت چھین لے تو وہ محروم شہریت کہلائے گا -

Death, In contemplation of بخیال مرگ -
(جس میں انتقال ہوا ہو) -

Death bed, بستر مرگ -

Death-bed declaration, بیان قبل از مرگ - بیان شخص قریب المرگ - بیان بحالت مرض الموت -

Death-bed gift, ہبہ مرض الموت -

جو ہبہ بحالت مرض الموت کیا جائے از روئے شرع اسلام اس سے احکام وصیت متعلق ہو جاتے ہیں - مرض الموت سے ایسی علالت مراد ہے جو قبل از مرگ مسلسل ایک سال سے زائد جاری نہ رہی ہو - (تفصیل کے لیے دیکھیے مجموعہ قوانین اسلام، جلد ۳ باب ۲۲، ہبہ بحالت مرض الموت، نیز ملاحظہ ہو پی ایل ڈی ۱۹۶۴ء سپریم کورٹ) -

Death Duty, ترکہ ٹیکس -

وہ ٹیکس جو شخص متوفی کی جائیداد سے حکومت وصول کرتی ہے -

پاکستان میں کسی متوفی کے متروکہ سے جو دو لاکھ سے کم ہو یہ محصول وصول نہیں کیا جاتا - متروکہ میں اثاث البیت اور رہائشی گھر باغراض ترکہ ٹیکس شامل نہیں کیے جاتے - یہ اصطلاح انگلستان کی ہے - پاکستان میں اس کو (Estate Duty) کہا جاتا ہے -

Death illness, مرض الموت -

مرض الموت سے وہ بیماری مراد ہے جس میں مر جانے کا ظن غالب ہو اور وہ بیماری ایک سال سے زائد جاری نہ ہو اور اسی مرض میں انتقال ہو جائے - تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو مجموعہ قوانین اسلام جلد سوم، باب ۲۲ ہبہ بحالت مرض الموت، نیز پی - ایل - ڈی ۱۹۶۶ء سپریم کورٹ) -

Death Penalty, سزائے موت -

Death rate, شرح اموات -

Death, Registration of اندراج اموات - اندراج فوتی -

Death sentence, سزائے موت -

Death warrant, حکم نامہ سزائے موت - حکم نامہ پھانسی -

Debar, *v.* محروم کرنا - ممنوع قرار دینا -

Debase, *v.* کھوٹ ملانا -

Debased Coins, کھوٹے سکے -

Debasement, *n.* کھوٹ - ملاوٹ - کھوٹ پن -

Debate, *n.* & *v.* مناظرہ - بحث کرنا -

Debatable, *a.* قابل بحث -

Debate, Parliamentary پارلیمانی بحث -

Debenture, *n.* دستاویز کفالت - کفالت نامہ - خصوصی تمسک -

ایسی دستاویز کفالت جو متحدہ کمپنیاں، کمپنی کے مستقل سرمایہ کے علاوہ حصول رقم کے لیے جاری کرتی ہیں -

Debenture bond, کفالت نامہ تمسک - ڈبینچر تمسک -

Debenture loans, ڈبینچر قرضے - تمسکی قرضے -

Debenture stock, ڈبینچر اسٹاک -

Debit, *v.* نام ڈالنا - ذمے لکھنا -

Debit, *n.* دین - رقم واجب الادا - خرچ -

Debit note, دین پرچہ - نوٹ دین داری -

Debt, *n.* قرضہ - دین -

وہ رقم جو ایک شخص کو دوسرے سے واجب الادا ہو - قانون میں اس اصطلاح کا مفہوم زیادہ وسیع ہے اور اس میں وہ رقوم بھی داخل ہیں جن کا تخمینہ زمانہ آئندہ میں ہو - پاکستان میں قرضہ کے دعوے کے لیے تین سال کی میعاد مقرر ہے - قرض خواہ کی تلاش اور اس کو رقم کی ادائی قرض دار کا فرض ہے - قرض خواہ پر قانوناً اس کا وجوب نہیں ہے کہ وہ ارجاع نالش سے قبل قرض دار کو اس کی اطلاع دے الا یہ کہ خاص طور پر معاہدۂ دین میں یہ شرط طے کر لی گئی ہو - قرضہ کے تصفیہ میں ایک فریق کا کم رقم لینے کا وعدہ اس پر قابل پابندی نہیں ہے، کیونکہ وہ بلا بدل ہے -

Debt, Admitted اقبالی قرضہ -

جب قرض کے ہونے کو ایک وقت ثابت کر دیا جائے تو اس کے باقی رہنے کا آس وقت تک قیاس کیا جائے گا جب تک کہ اس کی ادائی یا اور طرح پر برأت یا تو ثابت نہ کی جائے یا حالات سے مستنبط نہ ہو ۔

Debt, Antecedant مقدم قرضہ ۔

Debt, Assignment of منتقلی قرضہ ۔

Debt, Bad ناقابل وصول قرضہ ۔

Debt, Deferred ملتویہ قرض ۔

Debt, Disputed متنازعہ قرضہ ۔

Debt, Doubtful مشکوک قرضہ ۔

Debt, Imprisonment for قرضے کے لیے قید (بربنائے عدم ادائی) ۔

Debt, Judgement زر ڈگری ۔

Debt, National قومی قرضہ ۔

Debt, Outstanding واجب‌الادا قرضہ ۔

Debt, Parole دست گردان قرضہ ۔

Debt, Preferred مرجح یا مقدم دین یا قرضہ ۔
اس سے مراد ایسا قرضہ ہے جس کی ادائی کو دوسرے قرضوں کے مقابلہ میں ترجیح دی جاتی ہے ۔

Deht, Public سرکاری قرضہ ۔
سرکاری قرضے اور واجبات کی ادائی دوسرے قرضوں کی ادائی پر مقدم ہوتی ہے ۔

Debt, Secured قرضۂ مضمون ۔

Debtee, n. دائن ۔ قرض خواہ ۔ لین دار ۔

Debtor, n. مدیون ۔ قرض دار ۔ دین دار ۔

Debtor, Judgement مدیون زر ڈگری ۔

Debtor, Original اصل مدیون ۔ اصل دین دار ۔

Debtor's summons, اطلاع نامہ مدیون ۔
اطلاع نامہ مجریہ عدالت دوالہ بابت طلبی زر قرضہ جس کی عدم ادائی پر مدیون دیوالیہ متصور ہوتا ہے اور عدالت مزید کارروائی عمل میں لاتی ہے ۔

Decade, دہ سالہ ۔ دس سال ۔

Decay, n. انحطاط ۔

Deceased persons, اشخاص متوفی ۔
جائیداد اشخاص متوفی کے خلاف دعاوی کی تائید شہادت سے ہونی چاہیے ۔ ایسے دعاوی کو عدالتیں

سخت شبہ کی نظر سے دیکھتی ہیں ۔

Deceit, n. فریب ۔ دغا ۔ مکر و حیلہ ۔

Deceive, v. دغا دینا ۔ دھوکہ دینا ۔

Decennial, a. دہ سالہ ۔

Decennial Digest, دہ سالہ خلاصۂ نظائر قانونی ۔

Deception, n. فریب ۔ دغا دہی ۔ چال ۔

Deceptive, a. مغالطہ یا دھوکہ میں ڈالنے والا ۔

Decide, v. فیصلہ کرنا ۔

Decided, a. طے شدہ ۔ منفصلہ ۔

Deciding factor, فیصلہ کن عنصر ۔

Decision, n. فیصلہ ۔
دفعہ ۱۱ ضابطہ دیوانی ۱۹۰۸ع کے تحت فیصلہ کے معنی صرف نالش بذریعہ عدالت کے ہیں۔ یہ اصطلاح تجویز (Judgement) کے مترادف نہیں ہے جس میں حکم کی وجوہ بیان کی جاتی ہیں ۔
عائلی عدالتوں کے مجریہ ۱۹۶۴ع میں Decision کا لفظ حکم order کے معنی میں ہے ۔

Decision, Binding فیصلہ واجب التعمیل ۔

Decision, Conclusive فیصلۂ قطعی ۔

Decislon, judicial عدالتی فیصلہ ۔

Decision, Unanimous اجماعی فیصلہ ۔ متفقہ فیصلہ ۔

Decisive, n. فیصلہ کن ۔ قطعی ۔ دو ٹوک ۔

Decisive oath, حلف فیصل ۔

Decisory oath, فیصلہ کن حلف ۔
جب کوئی فریق مقدمہ پیشی شہادت کے بجائے مقدمہ کے فیصلہ کا انحصار فریق ثانی کے حلف پر کرے اور فریق ثانی اس کو قبول کرے تو عدالت اس کے بموجب فیصلہ صادر کرے گی ۔

Declarant, n. اقرار کنندہ ۔

Declaration, n. اعلان ۔ بیان ۔ اظہار ۔ استقرار ۔ اقرار نامہ ۔

Declaration and distribution of dividend, اعلان و تقسیم منافع رسدی ۔
یہاں منافع سے مراد وہ منافع ہے جو کمپنی اپنے حصہ داروں کو تقسیم کرتی ہے ۔

Declaration, Dying بیان قبل مرگ ۔ بیان بوقت مرگ ۔

کمزور نہ ہونے پائے (۹۳ کلکتہ ص ۳۰۷) - ایسے مقدمہ میں دو امور لازمی ہیں—ایک یہ کہ مدعی کسی خاص حیثیت قانونی کا مستحق ہونا ظاہر کرے یا کسی جائیداد میں کسی حقیت کا دعویدار ہو اور دوسرا یہ کہ مدعا علیہ اس حیثیت یا حقیت سے انکار کرتا ہو ، یا انکار میں دلچسپی رکھتا ہو (۷ الہ آباد ص ۵۷۳) - کسی داد رسی مستلزمہ کو طلب کیے بغیر بھی محض اس امر کے استقرار کا دعویٰ کہ مجلس مال گزاری کے بعض مجریہ احکام بوجہ عدم اختیار سماعت ناجائز اور فی نفسہ کالعدم ہیں قابل پیش رفت ہے (۱۹۳۴ع کلکتہ ص ۱۵۵) -

Declare, قرار دینا - بیان کرنا - ظاہر کرنا - اعلان کرنا -

Decline, n. انکار -

Decline, v. انکار کرنا - نامنظور کرنا -

Decline to interfere, مداخلت سے انکار کرنا -

Decrease, n. کمی -

Decree, n. ڈگری - حکم -

ڈگری سے ایسا فیصلہ مراد ہے جس میں کسی نالش میں فریقین کے تمام یا بعض حقوق متنازعہ کا قطعی فیصلہ کر دیا گیا ہو - ڈگری ابتدائی بھی ہو سکتی ہے اور قطعی بھی - ڈگری میں تحت حکم ۷ قاعدہ ۱۱ ، عرضی دعویٰ کا خارج کرنا بھی شامل ہے - علاوہ ازیں تحت دفعہ ۱۴۴ ضابطہ دیوانی کسی امر متنازعہ کا طے کرنا بھی ڈگری کہلائے گا - لیکن کسی ایسے امر کا فیصلہ ، جس کے خلاف اپیل بطور اپیل بخلاف حکم (Appeal from Order) دائر کی جا سکتی ہو ، ڈگری نہیں کہلائے گا - اسی طرح کوئی حکم عدالت جس کے تحت عدم پیروی کی بناء پر مقدمہ خارج کیا جائے ڈگری کی تعریف میں داخل نہیں ہے -

Decrre, Absolute or Final قطعی یا آخری ڈگری -

Decree, Assignment of انتقال ڈگری -

ڈگری کا کسی دوسرے کے حق میں منتقل کرنا -

ڈگری دار تحت ضابطہ دیوانی اپنی ڈگری کو کسی دوسرے کے حق میں منتقل کر سکتا ہے مگر اس کا باضابطہ اندراج عدالتی کارروائی میں کیا جانا ضروری ہوگا -

مقتول کا بیان قبل از مرگ قابل ادخال شہادت ہے ، جب کہ اس کو یہ توقع ہو کہ اس کا آخری وقت آن پہنچا ہے اور یہ بیان وجہ مرگ سے متعلق ہو (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو دفعہ ۳۲ قانون شہادت ، ۱۸۷۲ع) -

Declaration of Emergency, ہنگامی حالت کا اعلان -

Declaration of Independence, اعلان آزادی - اعلان استقلال -

Declaration of right, استقرار حق -

Declaration of solvency, استقرار مقدرت (ادائی قرض) -

Declaration of title, استقرار حقیت -

Declaration of trust, اعلان امانت -

Declaration of war, اعلان جنگ -

Declaration, Solemn اقرار صالح -

اگر کوئی شخص جان بوجھ کر اور قصداً کسی ایسے اعلان میں کوئی بیان دے جو کسی اہم امر میں غلط ہو تو وہ دروغ بیانی کے جرم کا مرتکب ہوگا -

Declaration, Statutory اعلان بمنزلہ حلف - اقرار قانونی -

اس قسم کا اقرار کسی نوٹری پبلک ، اوتھ کمشنر ، جسٹس آف پیس یا مجسٹریٹ ، جج یا کسی ایسے شخص کے روبرو کیا جا سکتا ہے جس کو حلف دینے کا اختیار ہو -

Declaratory Act, استقراری قانون - ایکٹ استقراریہ -

Declaratory decree, استقراریہ ڈگری -

ایک ایسی ڈگری جس میں مدعی کے کسی حق یا حیثیت قانونی کا تعین کیا گیا ہو مگر کوئی چیز تعمیل طلب نہ ہو ، استقراریہ ڈگری کہلاتی ہے -

Declaratory judgement, فیصلہ استقراری -

Declaratory suit, نالش استقرار - دعویٰ استقراریہ -

استقراریہ دعویٰ میں مدعی کی عدالت سے یہ استدعا ہوتی ہے کہ بعض حقوق حاصلہ کی توثیق کر دے - یہ دعویٰ تحت دفعہ ۴۲ قانون داد رسی مخصص (Specific Relief Act) دائر کیا جاتا ہے اور عدالت مدعی کی حیثیت یا حقیت کے متعلق شہادت کو بقاء اور استحکام بخشتی ہے تاکہ مخالفانہ حملے سے ملکیت

Decree, Final قطعی ڈگری ۔

Decree-holder, ڈگری دار ۔

ڈگری دار اس شخص کو کہتے ہیں جس کے حق میں کوئی ڈگری عطا کی گئی ہو یا ایک ایسا حکم جاری کیا گیا ہو جس کی تعمیل کی جا سکے ۔

Decree, Interlocutory درمیانی ڈگری ۔

Decree, Preliminary ابتدائی ڈگری ۔

Decretal Amount, رقم ڈگری ۔ ڈگری شدہ رقم ۔

Decretal Money, زر ڈگری ۔

Decretal portion of the Judgement, فیصلہ کا وہ جزو جس میں حکم آخر متعلق ڈگری درج ہو ۔

Dedicate, v. نذر کرنا ۔ معنون کرنا ۔ وقف کرنا ۔

Dedication, n. نذر ۔ وقف ۔ انتساب ۔

Dedication of highway to public, وقف شاہراہ برائے عوام ۔

کوئی سڑک شاہراہ ہو جاتی ہے اگر زمین کا مالک راہ چلنے کے حق کو عوام کے لیے وقف کر دے اور عوام اس حق کو قبول کر لیں ۔ یہ ایک ایسا قیاس ہے جو مسلسل استعمال سے پیدا ہوتا ہے کیونکہ یہ ایک غیر مادی حق ہے ۔

Deduct, v. کم کرنا ۔ منہا کرنا ۔

Deduction, n. کمی ۔ منہائی ۔

Deductive, a. استخراجی ۔ استنباطی ۔

Deed, n. دستاویز ۔ وثیقہ ۔ فعل ۔ کام ۔ دستاویز مہری ۔

جائیداد سے متعلق اہم اور مصدقہ فعل جو کوئی شخص انجام دے سکتا ہے ۔ وہ دستاویز مہری ہے اسی لیے کسی بھی شخص کے خلاف اس کی دستاویز مہری سے ہمیشہ امر مانع تقریر مخالف پیدا ہونا چاہیے اور اس کو اجازت نہیں دینی چاہیے کہ جو کچھ اس نے پہلے اتنی اہمیت اور سوچ بچار کے بعد اقرار کیا ہو ، اس کے خلاف کچھ ثابت کر سکے ۔

Deed, Execution of تکمیل دستاویز ۔

Deed-Poll, مثنیٰ دستاویز ۔

جب کسی دستاویز کی تکمیل دو یا دو سے زائد فریقوں نے کی ہو تو اس کی نقل جو کسی فریق کے پاس رہے گی مثنیٰ دستاویز کہلائے گی ۔

Deed of acceptance, دستاویز قبولیت ۔

Deed of acquittance, دستاویز فارغ خطی ۔

Deed of Agreement, اقرار نامہ ۔

Deed of arrangement, دستاویز اہتمام ۔ تصفیہ نامہ ۔

دستاویز اہتمام سے وہ دستاویز مراد ہے جس کے ذریعہ کوئی مقروض اپنی جائیداد و دیگر املاک کسی امین کے حوالہ کرے اس غرض سے کہ اس کی رقم فروخت سے اس کے دائنین کا قرضہ چکا دیا جائے ۔ اس دستاویز کی رجسٹری لازمی ہے ۔

Deed of conveyance, دستاویز انتقال ۔ انتقال نامہ ۔

Deed of compromise, صلح نامہ ۔

Deed of Discharge, دستاویز برأت ۔ برأت نامہ ۔

Deed of disheritance, عاق نامہ ۔ دستاویز محروم الارثی ۔

از روئے شرع اسلام کوئی شخص اپنی اولاد کو اپنی وراثت سے محروم نہیں کر سکتا اس لیے کہ ورثاء کا حق وراثت اس وقت شروع ہوتا ہے جب کہ مورث فوت ہو جائے اور مرنے کے بعد مرنے والے کا جائیداد پر کوئی اختیار باقی نہیں رہتا ۔

Deed of dissolution of Partnership, دستاویز انفساخ شراکت ۔

انفساخ شراکت کی دستاویز پچیس روپے کے اسٹامپ کاغذ پر لکھی جاتی ہے اس کی رجسٹری لازمی نہیں ۔

Deed of endowment, دستاویز وقف ۔ تولیت نامہ ۔

Deed of gift, ہبہ نامہ

Deed of grant, عطاء نامہ ۔

Deed of hypothecation, گروی نامہ ۔ رہن نامہ ۔

Date of lease, پٹہ نامہ ۔ دستاویز پٹہ ۔ کرایہ نامہ ۔

Deee of mortgage, رہن نامہ ۔

Deed of partition, تقسیم نامہ ۔

Deed of partnership, شراکت نامہ ۔

Deed of release, دستاویز فارغ خطی ۔

Deed of sale, بیع نامہ ۔

Deed of separation, دستاویز تفریق ۔ مفارقت نامہ ۔

Deed of settlement, تملیک نامہ ۔

Deed of transfer, انتقال نامہ ۔

Deed of trust, وقف نامہ ۔ امانت نامہ ۔ دستاویز امانت ۔

Deed, Title, حقیت نامہ ۔ دستاویز حقیت ۔

Deed-writer, وثیقہ نویس ۔ قبالہ نویس ۔

Deeds, *n*. اعمال ۔ دستاویزات ۔

Deem, *v*. خیال کرنا ۔ تصور کرنا ۔ سمجھنا ۔

Deemed, خیال کیا گیا ۔ تصور کیا گیا ۔ سمجھا گیا ۔

"خیال کیا گیا" متعدد مفہوم ادا کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے ۔ بعض اوقات اس کے معنی "عام طور پر خیال کیا گیا" ہوتے ہیں اور کبھی اس کے معنی "قطعی طور پر خیال کیا گیا" لیے جاتے ہیں ۔

Deemed to be sufficient, کافی سمجھا گیا ۔

کوئی سبب کب کافی سمجھا جائے گا' یہ ہر مقدمہ کے حالات پر منحصر ہے ۔ اس کے لیے کوئی قطعی قاعدہ یا اصول مقرر نہیں کیا جا سکتا ۔

Deface, *v*. بدنما کرنا۔ خراب کرنا۔ بگاڑنا۔ مسخ کرنا۔

Deface a coin, سکہ کو بگاڑنا ۔

Defaced coin, بدنما سکہ ۔ گھسا ہوا سکہ ۔ مسخ شدہ سکہ ۔

دیکھیے دفعہ ۲ قانون سکہ گری ۱۹۰۶ء ۔

Defaced stamp, مسخ شدہ اسٹامپ۔ ناکارہ اسٹامپ۔

Defacing pass or ticket, اجازت نامہ یا ٹکٹ کی تحریر کو بگاڑنا ۔

De-facto (In fact), فی الواقع ۔

De-facto guardian, حقیقی سر پرست ۔

حقیقی سرپرست نابالغ کی جائیداد کا محض نگران (Custodian) ہوتا ہے ۔ اس کا نابالغ کی جائیداد کو فروخت کرنا بلااجازت عدالت باطل ہوگا (پی ایل ڈی ۱۹۵۵ء سندھ ۲۸۹) ۔

De-facto Possession, حقیقی یا واقعی قبضہ ۔ (بلا استحقاق قانونی) ۔

Defalcation, *n*. تغلّب ۔

Defamation, *n*. توہین۔ ازالہ' حیثیت عرفی۔ ہتک عزت۔

جب کوئی شخص ایسی باتوں کے ذریعہ سے جو تلفظ سے ادا کی جائیں یا جن کا پڑھا جانا مقصود ہو یا اشاروں کے ذریعے سے یا نشان مرئی کے ذریعہ سے کسی شخص کی نسبت کوئی اتہام لگائے یا یہ نیت کرکے مشتہر کرے' کہ اس شخص کی نیک نامی کو نقصان پہنچائے' یا یہ جان کر یا باور کرنے کی وجہ کے ساتھ کہ وہ اتہام اس شخص کی نیک نامی کو نقصان پہنچائے گا تو کہا جائے گا کہ وہ شخص ازالہ' حیثیت عرفی کے جرم کا مرتکب ہوا (ملاحظہ ہوں دفعات ۴۹۹' ۵۰۰ تعزیرات پاکستان' ۱۸۶۰ء) ۔

مشتہر کرنے کا مطلب یہ ہے کہ ہتک آمیز مضمون شائع کیا جائے یعنی جس شخص کی نسبت وہ ہتک آمیز مضمون لکھا جائے اس کے علاوہ کسی اور شخص کو بھی اس سے مطلع کیا جائے چناں چہ محض اس شخص کو جس کی ہتک عزت کی گئی ہے ہتک آمیز مضمون کی اطلاع دینا مشتہر کرنے کے مترادف نہیں ہے (۱۸ بمبئی ص ۲۰۵) ۔

کسی متوفی شخص کی نسبت کوئی اتہام لگانا ازالہ' حیثیت عرفی کی حد تک پہنچ سکتا ہے بشرطیکہ اس اتہام سے اس شخص کے جیتے جی اس کی نیک نامی کو نقصان پہنچتا' اور اس سے یہ نیت ہو کہ اس شخص کے اہل و عیال یا قریبی رشتہ داروں کو رنج پہنچے ۔

لیکن جرم مذکور کے دس (۱۰) مستثنیات ہیں :

(۱) کسی سچ بات کا اظہار بشرطیکہ عوام الناس کے فائدہ کے لیے ہو ۔

(۲) اظہار رائے کسی سرکاری ملازم کے طریق عمل کی نسبت ہو ۔

(۳) اظہار رائے کسی شخص کے طریق عمل کی نسبت، بشرطیکہ اظہار رائے کسی عوامی مسئلہ کی نسبت ہو ۔

(۴) عدالتی کارروائی مشتہر کرنا ۔

(۵) اظہار رائے حقیقت مقدمہ (فیصل شدہ) اور گواہوں کے طریق عمل کی نسبت ۔

(۶) اظہار رائے ایسے عمل کی نسبت جس کو عمل کرنے والے نے عوام الناس کی رائے پر چھوڑا ہو ۔

(۷) اظہار سرزنش کسی ایسے شخص کی جانب سے جو دوسرے پر کوئی جائز اقتدار رکھتا ہو ۔

(۸) حکام سے نیک نیتی سے شکایت کرنا ۔

(۹) اتہام بغرض حفظ ذات یا عامہ' خلائق ۔

(۱۰) تنبیہ جو عامہ' خلائق یا خاص اس شخص کے فائدہ کی نیت سے ہو جسے متنبہ کیا جائے ۔

عدالتوں نے اس اصول کو تسلیم کیا ہے کہ گواہ

ہر ازالہ حیثیت عرفی کی نالش نہیں ہو سکتی ۔

Defamatory, *a*. ہتک آمیز ۔ توہین آمیز ۔

Defamatory Article, ہتک آمیز مضمون ۔

Defamatory attack, ہتک آمیز حملہ ۔

Defamatory suit, دعوئ ازالہ حیثیت عرفی ۔

Default, *n*. قصور ۔ کوتاہی ۔ عدم تعمیل ۔

قصور سے مراد اس فرض میں کوتاہی ہے جو قانون نے کسی کے ذمہ عائد کیا ہو ۔

Default in payment, نا دہندگی ۔ قصور ادائی ۔

مغربی پاکستان شہری جائداد غیر منقولہ تحدید کرایہ آرڈیننس مجریہ ۱۹۵۹ع (W. P. Urban Immovable Property Rent Restriction Ordinance, 1959) کی دفعہ نمبر ۱۳ کے تحت کرایہ دار کے خلاف عدم ادائی کرایہ کی بنیاد پر انخلاء جائیداد کی کارروائی رینٹ کنٹرولر کی عدالت میں دائر کی جا سکتی ہے ۔

رینٹ کنٹرولر تا فیصلہ درخواست کرایہ دار کو پچھلا (اگر ہو) اور اگلا کرایہ ماہ بماہ (ہر ماہ کی ۱۰ تاریخ تک) عدالت میں جمع کرانے کا حکم دے گا ۔ اگر کرایہ دار سے کرایہ میں قصور ادائی سرزد ہوا تو عدالت اس کا عذر صفائی جواب دہی (Defence) کے حق کو قلمزد کر دے گی اور بدون کارروائی مزید جائیداد کے تخلیہ کا حکم دے گی الا یہ کہ قصور ادائی ایسے حالات کے سبب ہوا ہو جو کرایہ دار کے قابو سے باہر ہوں ۔

قصور ادائی کا ناقابل عبور ہونا ضروری ہے ، (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو پی ایل ڈی ۱۹۶۷ع سپریم کورٹ) ۔

Default of furnishing security, عدم ادخال ضمانت ۔

اگر کوئی مقدمہ زیر آرڈر ۳۷ ضابطہ دیوانی دستاویزات قابل بیع و شرئ مثلاً پرامیسری نوٹ یا عدم ادا شدہ چیک کی بنیاد پر روپیہ کی وصولی کے لیے دائر کیا جائے اور عدالت مدعا علیہ کو مقدمہ میں جواب دہی کی اجازت مشروط بہ ادخال ضمانت دے اور مدعا علیہ ضمانت پیش کرنے سے قاصر رہے تو عدالت مدعی کے حق میں ڈگری دے دے گی ۔

Default of payment, ادائی سے قاصر رہنا ۔

Defaulter, *n*. قاصر ۔ باقی دار ۔ غیر حاضر ۔ وعدہ خلاف ۔ نادہند ۔

Defaulting consumers, باقی دار صارفین ۔

Defeasance, *n*. منسوخی ۔ امور مبطل و مسقط دستاویز ۔

Defeasible, *a*. قابل انفساخ ۔ قابل منسوخی ۔

Defeat, *v*. زائل کرنا ۔ محروم کرنا ۔ باطل کرنا ۔ گریز کرنا ۔ ہارنا ۔

To defeat the creditors, دائنان کا حق مارنا ۔ دائنان کو ان کے حق سے محروم رکھنا ۔

To defeat the law, قانون کو شکست دینا ۔ قانون کو بے کار کر دینا ۔ قانون کو بے اثر بنا دینا ۔

Defect, *n*. نقص ۔ خرابی ۔ کمی ۔

Defect, Formal نقص رسمی ۔

Defect, Latent نقص خفی ۔ نقص مخفی ۔

ایسا نقص جس کا علم خریدار کو باوجود کوشش کے نہیں ہو سکتا، مثلاً یہ کہ جہاز کی تلی میں ایک سوراخ ہے جس کا علم اس لیے نہ ہو سکتا تھا کہ بوقت خریداری جہاز سمندر میں تھا ۔

Defect, Patent نقص خاص ۔ نقص جلی ۔

ایسا نقص جو عام سمجھ سے کام لینے والا آدمی معلوم کر سکتا ہے، مثلاً یہ کہ کسی شخص کی زمین پر پارہ (فٹ پاتھ) بنا ہوا ہے ۔

Defect, Procedural نقص ضابطہ ۔

Defective, *a*. ناقص ۔ نامکمل ۔

Defective title, ناقص حقیت ۔

جو شخص خود ناقص حقیت کا مالک ہو، وہ اپنے سے بہتر حقیت دوسرے کو منتقل نہیں کر سکتا ۔

Defence, *n*. حفاظت ۔ مدافعت ۔ مدعا علیہ کی جواب دہی ۔ ملزم کی صفائی ۔

Defence counsel, وکیل صفائی ۔

Defence evidence, شہادت مدافعت ۔ شہادت منجانب صفائی ۔ شہادت صفائی ۔

Defence mechanism, حیلہ مدافعت ۔ بچاؤ کے حیلے ۔

Defence of person, محافظت جان ۔

Defence of property, محافظت جائیداد ۔

Defence, Right of Private حق حفاظت خود اختیاری ۔

عام قانونی ضابطہ یہ ہے کہ کوئی شخص کسی ک
جان و مال کو گزند نہیں پہنچا سکتا - لیکن اگ
کوئی فعل حق حفاظت خود اختیاری کے استعمال میں
کیا جائے تو وہ از روئے قانون جرم نہیں کہلائے گ
بشرطیکہ اس حق کے استعمال میں اسی قدر قوت ک
استعمال کیا جائے جس قدر ضروری و لابدی ہو -

حق حفاظت خود اختیاری کا استعمال ایسے جرم کے
خلاف جو انسانی جسم کو متاثر کرتا ہو، خود امر
کے اپنے جسم (و جان) یا دوسرے شخص کے جسم
(و جان) کے دفاع کے لیے کیا جا سکتا ہے - اسی
طرح اپنی یا کسی دوسرے شخص کی جائیداد منقولہ
یا غیر منقولہ کو ایسے جرم سے محفوظ رکھنے کی
خاطر جو چوری، ڈاکہ زنی، نقصان رسانی (Mischief)
یا مداخلت بے جا مجرمانہ کی تعریف میں آتا ہو یا ان
جرائم کے ارتکاب کے اقدام میں شمار کیا جائے، حق
حفاظت خود اختیاری کا استعمال کیا جا سکتا ہے،

حق حفاظت خود اختیاری کا پاکستانی قانون
انگریزی قانون کی نسبت زیادہ وسیع ہے - چنانچہ
ہمارے قانون کے تحت کسی بھی شخص کی جان و مال
کی حفاظت کے لیے یہ حق استعمال کیا جا سکتا ہے،
جب کہ انگریزی قانون کے تحت ضروری ہے کہ
شخص دیگر سے کوئی تعلق یا رشتہ ہو، مثلاً مالک
اور ملازم کا رشتہ، میاں اور بیوی کا رشتہ، اولاد اور
والدین کا رشتہ، سرپرست اور نابالغ کا رشتہ -

یہاں یہ امر توضیح کے قابل ہے کہ صرف اسی
وقت حق حفاظت خود اختیاری کا استعمال کیا جا
سکتا ہے جب کہ مدافعت طلب فعل حسب دفعہ ۹۷
جرم ہو (۱۹۳۹ء الہ آباد ۲۱۱) -

حق حفاظت خود اختیاری کے استعمال کے سلسلہ میں
دفعہ ۹۹ تعزیرات پاکستان ۱۸۶۰ء میں کچھ پابندیاں
عائد کی گئی ہیں (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہوں دفعات
۹۷ تا ۱۰۶) -

Defence, Sham - مہمل جواب دہی - فرضی جواب دہی -

Defence witness, گواہ صفائی -

Defend, *v.* مدافعت کرنا - حفاظت کرنا -
صفائی پیش کرنا - عذر داری یا جواب دہی کرنا -

Defendant, *n.* مدعا علیہ -
وہ شخص جس کے خلاف دیوانی مقدمہ دائر کیا جائے -

Defendant, Pro forma مدعا علیہ ترتیبی -
ایسا فریق جس کو زمرۂ مدعا علیہم میں محض اس
وجہ سے شامل کیا گیا ہو کہ امر متنازعہ کے قطعی
فیصلے کے لیے عدالت میں اس کی حاضری ضروری
تھی - ایسے فریق کے مقابل عام طور پر نہ کوئی
داد رسی مطلوب ہوتی ہے اور نہ کوئی امر اس کے
اور کسی فریق کے درمیان متنازعہ ہوتا ہے -

Defender, *n.* محافظ - حامی -

Defender of the faith, حامی دین -
یہ لقب پوپ نے کلیسا کی طرف سے ہنری ہشتم شاہ
انگلستان کو دیا تھا جو بعد ازاں واپس لے لیا گیا،
لیکن ۱۵۴۴ء میں پارلیمان نے بادشاہ کی خدمت میں
یہ لقب دوبارہ پیش کیا اور اسی وقت سے شاہان
انگلستان کا یہ موروثی لقب ہو گیا ہے -

Defensive, *a.* حفاظتی - دفاعی - مدافعانہ -

Defensive weapons, حفاظتی اسلحہ -

Defer, *v.* (۱) ملتوی کرنا - تاخیر کرنا -
(۲) تعظیم کرنا -

Deference, *n.* تعظیم - ادب -

Deferred, *a.* ملتوبہ - ملتوی -

Deferred Annuity, ملتوبہ سالیانہ -
وہ سالیانہ جس کی رقم کی ادائی مقررہ مدت کے لیے
ملتوی کی گئی ہو -

Deferred bond, ملتوبہ تمسک -
تمسک جس کا قابض سال بہ سال زیادہ شرح منافع
کا مستحق ہوتا ہے اور ایک مقررہ مدت گزر جانے
کے بعد جب شرح منافع اپنی آخر حد تک پہنچ جاتی
ہے تو وہ تمسک عام تمسک میں تبدیل ہو جاتا ہے،
مثلاً قومی بچت کے سرٹیفیکیٹ -

Deferred dower, مہر موجل -
مہر جو انفساخ نکاح یا عاقدین نکاح میں سے کسی
کے مرنے پر واجب الادا ہو -
یہ اصطلاح اسلامی قانون کی ہے -

(*See under "Dower"*)

Deferred payment, ملتوبہ ادائی -

Deferred shares, ملتوبہ حصص ۔
کسی کمپنی یا جماعت متحدہ کے وہ حصص جن پر منافع کی ادائی اس وقت تک ملتوی رہتی ہے جب تک عام حصص (ordinary shares) ترجیحی حصص (preferential shares) اور ضمانتی حصص (guarantee shares) پر منافع تقسیمی (Dividend) ادا نہ کر دیا گیا ہو ۔

Defiance, *n*. دعوت مقابلہ ۔ سرکشی ۔ حکم عدولی ۔

Defiance, To set at (قانون کی) عمداً خلاف ورزی کرنا ۔ (قانون کی) توہین کرنا ۔

Deficiency, *n*. کمی ۔ قلت ۔ فقدان ۔

Deficit, *n*. کمی ۔ خسارہ ۔ گھاٹا ۔

Defier, *n*. سرکش ۔ نافرمان ۔

Definite, *a*. معین ۔ مقررہ ۔ قطعی ۔

Definite information, اطلاع قطعی ۔
یہ اصطلاح قانون محصول آمدنی کی دفعہ ۳۴ (۱) میں استعمال کی گئی ہے لیکن اس کی تعریف ایکٹ میں بیان نہیں کی گئی ہے لہذا اس کو اضافی مفہوم میں سمجھا جائے گا (پی ایل ڈی ۱۹۶۳ع لاہور ۳۱۱) ۔

Definition, *n*. تعریف ۔

Definitive judgement, فیصلہ قطعی ۔

Deforesation, *n*. بن کٹائی ۔

Defraud, *v*. فریب دینا ۔
جب کوئی شخص کسی فعل کا اس نیت سے مرتکب ہو کہ وہ کسی شخص کو مال یا استحقاق سے محروم یا بے دخل کر دے تو کہا جائے گا کہ اس نے وہ فعل فریب سے کیا (دفعہ ۲۵ تعزیرات پاکستان ۱۸۶۰) ۔
اس اصطلاح میں اس نوعیت کی دھوکہ دہی بھی شامل ہے جس کے ذریعہ کسی شخص کو "زیاں" یا "زیاں کا خطرہ" نمایاں طور پر ہو اور زیان سے مراد مال یا حق سے محروم کرنا ہی نہیں بلکہ جائز حق کی خلاف ورزی بھی شامل ہے جو شخص مذکور کو حاصل ہے (۲۳ کریمینل لا جرنل ص ۲۸۱) ۔
قانون معاہدہ (دفعہ ۱۷) کے تحت کسی ایسے امر واقعہ کے متعلق کوئی ایسا بیان دینا جو صحیح نہ ہو اور بیان دینے والا یہ یقین رکھتا ہو کہ وہ صحیح نہیں ہے، یا دانستہ طور پر کسی حقیقت کو چھپانا، اس مقصد کے لیے کہ دوسرا شخص معاہدہ میں شریک ہو جائے یا کوئی ایسا وعدہ کرنا جس کی تعمیل کی نیت وعدہ کے وقت نہ ہو، دھوکہ دہی میں شامل ہے ۔

Defray, *v*. ادا کرنا ۔ خرچ کرنا ۔

Defunct, *a*. ساقط ۔

Defunct body, ساقط جماعت ۔

Degradation, *n*. تنزل ۔ ذلت ۔

Degrade, *v*. تنزل کرنا ۔

Degree *n*. درجہ ۔ بیڑھی ۔

Degree of relationship, درجہ قرابت ۔

Delay, *n*. تاخیر ۔ دیر ۔ تساہل ۔ توقف ۔
محض تاخیر سے کوئی فریق اپنے حق چارہ جوئی سے محروم نہیں ہو جاتا بشرطیکہ ایسی تاخیر بمنزلہ دست برداری یا رضامندی بذریعہ سکوت نہ ہو جائے یا فریق ثانی کو تاخیر کے سبب کوئی حق پیدا ہو جائے ۔ مثلاً حق تمادی ۔ (*see "Acquiscence" also*)

Delay of Paymant, تاخیر ادائی ۔

Delay in execution of decree, تعمیل ڈگری میں تاخیر ۔

Delay in transit, تاخیر اثناء راہ ۔ تاخیر راستہ میں ۔
اگر بردندۂ مال، مال کے روانہ کرنے میں تاخیر کرے تو وہ تاخیر اثناء راہ کے مترادف ہوگا ۔

Del Credere Agent, کارندہ کفیل ۔ ضامن گماشتہ یا ایجنٹ ۔
وہ کارندہ جو مالک کے لیے خریدار کی طرف سے ادائی زر کا خود ذمہ دار ہوتا ہے ۔

Del Credere agreement, اقرارنامہ ضمانت یا کفالت ۔

Del Credere commission, کارندۂ کفیل کا کمیشن ۔ کفالتی کمیشن ۔

Delegate, *n*. & *v*. مفوض الیہ ۔ مختار ۔ نائب ۔ نمائندہ ۔ قائم مقام ۔ مندوب ۔
(۲) اختیار تفویض کرنا ۔ اختیار سونپنا ۔ قائم مقام بنانا ۔

Delegated Legislation, مفوضہ قانون سازی ۔ تفویض شدہ قانون سازی ۔
تفویض شدہ قانون سازی دستور کی ایک اصطلاح ہے ۔ تفویض شدہ قانون سازی کا مطلب یہ ہے کہ پارلیمان نے قانون سازی کے اختیارات نظم و نسق

کے دوسرے محکموں کو بھی تفویض کر دیے ہیں اور یہ محکمے خود اپنے قانون بناتے ہیں ۔ ان کے بنائے ہوئے قوانین کے جواز کو اس بناء پر عدالت میں چیلنج کیا جا سکتا ہے کہ وہ عطا کردہ قانون سازی کی حدود کے مغائر repugnant یا اُن سے متجاوز Excess in authority ہیں ۔

Delegation, *n.* وفد ۔ جماعت مندوبین ۔ تفویض (اختیار وغیرہ) ۔

Delegation, Order of حکم تفویض ۔

تفویض اختیارات کا مطلب یہ ہے کہ کوئی شخص کسی دوسرے شخص یا جماعت کو اس کام کے کرنے کا اختیار دے جو وہ خود کر سکتا ہو ۔ قانوناً صرف وہی شخص اپنے اختیارات کسی دوسرے شخص کو تفویض کر سکتا ہے جو اس کا مجاز ہو ۔ ثالث اگر اپنا اختیار کسی اور کو منتقل کرے تو وہ اس کی بداعمالی متصور ہوگی (۱۶ مدراس ص ۳۵۰) ۔

Delete, *v.* حذف کرنا ۔ قلم زد کرنا ۔

Deliberate, *v.* دیدہ و دانستہ ۔ ارادی ۔ جان بوجھ کر ۔

Deliberate act, فعل ارادی ۔

Deliberate fault, قصور عمد ۔ ارادی قصور ۔

Deliberation, *n.* غور و خوض ۔ مشورہ ۔ بحث ۔

Deliberately, *ad.* عمداً ۔ قصداً ۔

Delimit, *v.* حد قائم کرنا ۔

Delimitation, *n.* حد بندی ۔

Delimitation commission, ماموریہ حد بندی ۔ حد بندی کمیشن ۔

Delinquency, *n.* نادھندگی ۔ قصور ۔

Delinquent, *n.* نادھند ۔ قصور وار ۔

Deliver, *v.* حوالہ کرنا ۔

Deliverance, *n.* نجات ۔

Delivery, *n.* حوالگی ۔ مخلصی ۔ چھٹکارہ ۔

حوالگی کی تین اقسام ہیں : (۱) حقیقی حوالگی (Actual delivery) یعنی کسی شے کا فی الحقیقت قبضہ دینا اور دوسرے کے حوالہ کر دینا ۔ (۲) تعبیری حوالگی (Constructive delivery) یعنی کسی شے کا حقیقی قبضہ نہ دیا جائے مگر اسے قانونی قبضہ حاصل ہو ۔ (۳) علامتی حوالگی (Symbolical delivery) یعنی کسی فعل سے بطور علامت یہ ثابت ہو کہ قبضہ دیا گیا مثلاً حقیت جائیداد سے متعلق دستاویز کی حوالگی ۔

اگر مال برندۂ مال یا ریلوے کمپنی کے حوالہ کیا جائے تو ایسی حوالگی خریدار کو حوالگی سمجھی جائے گی ، کیونکہ کمپنی یا برندۂ مال خریدار کے کارندے متصور ہوں گے ، الا یہ کہ فریقین کے درمیان کوئی مخالف معاہدہ اس کے برعکس موجود ہو ۔ خریدار کو مال کی حوالگی ، اور بعد جانچ اس کی قبولیت میں دفعہ ۴۱ قانون بیع مال کے تحت فرق کیا گیا ہے چنانچہ خریدار کے مال وصول کرنے کے یہ معنی نہ ہوں گے کہ اس نے مال قبول کر لیا ہے ۔

اگر کسی خط کو حوالۂ ڈاک کیا جاتا ہے تو جب تک اس کے مخالف نہ ظاہر ہو بادی النظری شہادت اس امر کی ہوتی ہے کہ خط مکتوب الیہ کو قاعدہ کے مطابق وصول ہو گیا ہے ، بشرطیکہ پتہ صحیح ثابت کر دیا گیا ہو ۔

Delivery date, تاریخ حوالگی ۔

Delivery, Forward حوالگی آیندہ ۔

Delivery in pursuance of sale, حوالگی بمتابعت نیلام ۔ حوالگی تحت نیلام ۔

عدالت دیوانی یا عدالت مال کے حکم سے اگر کوئی شئے یا جائیداد نیلام کی جائے تو خریدار نیلام کو بغیر کسی مزاحمت کے اس کا حقیقی قبضہ دلانا عام طور پر عدالت نیلام کنندہ کی ذمہ داری ہے ، بشرطیکہ شرائط فروخت میں ایسا مذکور ہو ۔

Delivery of arms, حوالگی اسلحہ ۔

دفعہ ۲۲ قانون اسلحہ کے تحت لازمی ہے کہ اسلحہ کی حوالگی بالقصد ہوئی ہو ۔

Delivery of goods, حوالگی مال ۔ مال کو حوالہ کرنا ۔

Delivery of possession, دخل دھانی ۔ حوالگی قبضہ ۔

Delivery of property, حوالگی جائیداد ۔

Delivery order, حکم حوالگی ۔ حکم نامہ مخلصی ۔

Delivery Prompt, فوری حوالگی ۔

Delivery, Writ of پروانہ حوالگی ۔

صیغۂ اجرائے ڈگری سے ڈگری دار کے حق میں

حوالگی جائیداد یا املاک کا حکم نامہ جاری کیا جاتا ہے جس کی تعمیل کے نتیجہ میں ڈگری دار مذکورہ جائیداد یا املاک کا قبضہ لے لیتا ہے۔

Delusion, *n.* وہم - بے بنیاد خیال - خبط -

ایک خبطی شخص کی شہادت، جو صرف خبط واحد میں مبتلا ہو یعنی صرف ایک امر پر خبطی ہو، آن امور پر جو اس کے خبطی پن سے متعلق نہ ہوں، قابل سماعت ہے البتہ عام صورتوں میں اس پر حلف لینے سے پہلے جرح کی جا سکتی ہے اور ان حالات کے ثابت کرنے کے لیے جن سے وہ مسترد ہو سکتا ہے گواہوں کو طلب کیا جا سکتا ہے کہ وہ اسباب ثابت کیے جا سکیں جو دماغی خرابی کے سبب شہادت دینے کے ناقابل بنا دیتے ہیں۔

Demand, *n.* & *v.* (۱) مطالبہ - تقاضا - طلب - مانگ - (۲) طلب کرنا -

Demand, Alternate متبادل مطالبہ - متبادل طلب -

Demand (by) invocation of witness,/(M.L.). طلب اشہاد - طلب ثانی -

یہ اصطلاح اسلامی قانون شفعہ (Pre-emption) کی ہے -

طلب مواثبت کی توثیق مشتری یا بائع یا دو گواہوں کے سامنے ہونی چاہیے یعنی شفیع یہ کہے کہ میں نے طلب مواثبت کی ہے اور اب بھی جائیداد مشفوعہ خریدنے پر آمادہ ہوں - اس کارروائی کو شرعاً ''طلب اشہاد'' کہتے ہیں -

see under 'Talab' "al-Ishhad" also

Demand draft, عندالطلب ہنڈی - مبادلہ ہنڈی - جو عندالطلب قابل ادا ہو -

Demand, Extraordinary غیر معمولی مطالبہ -

Demand, Government سرکاری مطالبہ -

Demand, Immediate (M.L.). طلب مواثبت - طلب اول - فوری طلب -

یہ اصطلاح اسلامی قانون شفعہ (Pre-emption) کی ہے -

قانون شفعہ کے تحت مشفوعہ جائیداد کی بیع کی خبر سنتے ہی شفیع کو جائیداد مشفوعہ کو لینے کا فوری مطالبہ کرنا چاہیے - ایسے مطالبہ کو شرعی اصطلاح میں ''طلب مواثبت'' کہا جاتا ہے - اگر شفیع خبر سن کر خاموش رہے یا دوسری غیر ضروری باتوں میں مصروف ہو جائے یا مجلس بدل جائے اور پھر مطالبہ کرے تو حق شفعہ اس توقف سے ساقط ہو جائے گا۔

see "Talab Muwasibat" also.

Demand, Law of قانون طلب -

Demand of justice, تقاضائے انصاف -

Demand of litigation, (M.L.). طلب خصومت -

یہ اصطلاح اسلامی قانون شفعہ کی ہے -

طلب خصومت سے مراد طلب مواثبت اور طلب اشہاد کے بعد ارجاع نالش ہے - امام ابو حنیفہ نے مدت ارجاع نالش کا تعین نہیں کیا ہے مگر امام محمد و امام زفر نے ایک ماہ کی مدت مقرر کی ہے پاکستان میں رائج الوقت قانون میعاد سماعت ۱۹۰۸ع کے آرٹیکل ۱۰ کے تحت اس کی مدت ایک سال ہے -

Demandant, *n.* طلب دار - مطالبہ کرنے والا -

Demarcation, *n.* نشان زدگی - حد بندی -

Demeanour, *n.* روش - طریقہ -

Demeanour of witness, گواہ کا طرز اور ڈھنگ

گواہی دیتے وقت گواہ کے طرز عمل اور وضع قطع مثلاً گواہ کا اپنے فریق کے مفید گواہی دینے میں پیش پیش رہنا اور جوش و اشتیاق دکھانا، مخالف شہادت میں پس و پیش کرنا' اس کا جواب دینے میں دیر کرنا وغیرہ -

Demense, *n.* آراضی متعلق مکان -

Demise, *n.* & *v.* (۱) انتقال (آراضی یا مکان بذریعہ پٹہ کرایہ داری) - وفات - (۲) (آراضی یا مکان) پٹہ پر دینا - منتقل کرنا -

Demised premises, عمارت منتقلہ -

Democracy, *n.* جمہوریت -

جمہوریت کی اصطلاح بادشاہت یا چند خاص افراد کی حکومت (Oligarchy) یا مطلق العنانی کے مقابلہ میں استعمال ہوتی ہے - جمہوری حکومت عوام کی حکومت ہوتی ہے جو عوام کی طرف سے عوام کے لیے قائم ہوتی ہے اور جس میں انتظامی اختیارات ان نمائندوں کو حاصل ہوتے ہیں جنکا انتخاب عوام کرتے ہیں -

Democracy, Armed — مسلح جمہوریت ۔
Democracy, Controlled — منضبط جمہوریت ۔
Democracy, Direct — بلا واسطہ جمہوریت ۔ براہ راست جمہوریت ۔
Democracy, Indirect — بالواسطہ جمہوریت ۔
Democrat, *n.* — عمومیہ ۔ جمہوری ۔
Democratic, *a.* — جمہوری ۔ جمہوریت پسندانہ ۔
Democratic Constitution, — جمہوری دستور ۔
Demolish, *v,* — منہدم کرنا ۔
Demolition, *n.* — انہدام ۔
Demonstration, *n.* — مظاہرہ ۔
Demonstrative legacy, — وصیتی ہبہ ۔ ہبہ بالوصیت ۔
Demotion, *n.* — تنزل ۔
Demotion, Punitive — تنزلی عہدہ بمنزلۂ سزا ۔
عہدہ سے تنزلی جو بمنزلۂ سزا ہو بلا نوٹس اظہار وجوہ و موقع صفائی خلاف قانون اور ناجائز ہے ۔
Demur, *v. n.* — عذر داری کرنا ۔ اعتراض کرنا ۔ (کسی کی نسبت) عذر داری ۔ اعتراض ۔
Demurer in Law, — معترض ۔ عذر دار ۔
Demurrage, *n.* — تاوان تاخیر ۔ دیرانہ ۔
جب مرسل الیہ (consignee) مال کو ریلوے کمپنی یا جہاز سے بروقت نہ چھڑائے تو اسے تاخیر کا تاوان ادا کرنا پڑتا ہے جس کو Demurrage کہتے ہیں ۔
Denature, *v.* — فطرت تبدیل کر دینا ۔
Denial, *n.* — انکار ۔ تردید ۔ رد ۔
Denial of execution, — انکار تعمیل ۔ کسی دستاویز پر دستخط سے انکار ۔
Denial of title, — انکار حقیت ۔
کرایہ دار مالک جائداد کی حقیت سے انکار نہیں کر سکتا ، جب تک کہ وہ اُس جائیداد پر قابض ہے ۔ اس لیے کہ وہ کرایہ دار بننا قبول کرتے ہوئے مالک کی حقیت کو تسلیم کر چکا تھا (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو Law of Estopple) ۔
Denomination, *n.* — لقب ۔ نام ۔ عرفیت ۔ قسم ۔
Denomination of land, — قسم زمین ۔
Denomination of stamps, — مالیت اسٹامپ یا ٹکٹ ۔

Denovo, — از سر نو ۔
Denovo proceedings, — از سر نو کارروائی ۔
عام طور پر فوجداری قانون میں جب کبھی عدالت ماتحت سے کارروائی مقدمہ میں ایسی غلطی ہو جائے جو غیر قانونی ہو اور جس کی بناء پر انصاف متاثر ہوا ہو، تو عدالت مرافعہ مقدمہ کی کارروائی از سر نو شروع کرنے کا حکم دے سکتی ہے ۔ علاوہ ازیں خود بھی بعض حالات میں مقدمہ کی کارروائی از سر نو شروع کر سکتی ہے (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو دفعہ ۳۵۰ ضابطہ فوجداری) ۔
(Also see 'Do novo Trial')
Deny, *v.* — انکار کرنا ۔ منکر ہونا ۔
Deny on oath, — حلفاً انکار کرنا ۔
Depart (from), *v.* — انحراف کرنا ۔ رخصت ہونا ۔
Department, *n.* — محکمہ ۔ صیغہ ۔
Department of justice, — محکمہ انصاف ۔
Department of land reclamation, — محکمہ بحالی آراضی ۔
Departmental, *a.* — محکمہ جاتی ۔
Departure, *n.* — انحراف ۔ روانگی ۔
Depend (upon), *v.* — منحصر ہونا ۔ اعتبار کرنا ۔ بھروسہ کرنا ۔ تابع ہونا ۔
Dependant, *n.* — دست نگر ۔ متعلق ۔ متوسل ۔ لاحق ۔
Deponent, *n.* — بیان حلفی تحریری دینے والا ۔ حلفی گواہ ۔
Deportation, *n.* — جلا وطنی ۔ اخراج ۔ خارج البلد ۔
Depose, *v.* — اظہار کرنا ۔ بیان کرنا ۔ گواہی دینا ۔ بحلف بیان کرنا ۔ تخت سے اتارنا ۔
Deposit, *n.* — امانت (شئے یا زر) ۔ جمع شدہ رقم ۔
Deposit, *v.* — امانت رکھنا ۔ جمع کرنا ۔
Deposit account, — جمع کھاتہ ۔ امانت کھاتہ ۔
Deposit, Call — طلبی امانت ۔
جو طلب کرنے پر قابل واپسی ہو ، اِس امانت کی واپسی کی مدت عام طور پر مقرر نہیں ہوتی ۔ یہ اصلاح بنکاری کی ہے ۔
Deposit, Fixed — میعادی امانت ۔ مدت معینہ کے لیے جمع شدہ رقم ۔
یہ اصلاح بنکاری کی ہے ۔ بینک کے پاس کچھ رقم

مقررہ سود کی شرح پر جمع کر دی جاتی ہے جس کو مدت معینہ کے بعد واپس لیا جا سکتا ہے ۔ ڈپازٹ کی دوسری صورت Call Deposit ہے جس میں ایک مقررہ مدت کا نوٹس دے کر رقم واپس لی جا سکتی ہے ۔ آخر الذکر قسم کے ڈپازٹ میں شرح سود عام طور پر کم ہوتی ہے ۔

Deposit of title deeds, دستاویز حقیت کی اماناتی تحویل ۔

رہن نصفی (Equitable mortgage) کی صورت میں راہن (Mortgagor) کا مرتہن (Mortgagee) کو اپنی دستاویز حقیت سپرد کرنے سے رہن مکمل ہو جاتا ہے ۔ یہ طریقہ بالعموم بینکوں میں رائج ہے جس کے ذریعہ دستاویزات حقیت کی ضمانت پر راہن بینک سے قرض حاصل کرتا ہے ۔ ان دستاویزات کی بنیاد پر ایک تحریر بصورت اقرار نامہ تحریر کی جاتی ہے جس کی رجسٹری لازمی نہیں لیکن مختار کار کے دفتر میں داخل خارج کرا لیا جاتا ہے ۔

یہاں ایک نکتہ ذہن نشین کرنے کے لائق ہے کہ اگر وہ اقرار نامہ بجائے خود رہن نامہ ہے تو اس کی رجسٹری لازمی ہوگی اور حسب قانون رہن نامہ کے اسٹامپ بھی لگانا ہوں گے جو conveyance کے ہوتے ہیں ۔ اس لیے کہ دستاویز بجائے خود دوسرے کے حق میں حقیت منتقل کر رہی ہے اور وہ دوسرا شخص اس اقرار نامہ کے ذریعہ جائیداد مرہونہ میں استحقاق حاصل کر رہا ہے (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو دفعہ ۱۷ قانون رجسٹری) ۔

Deposition, n. اظہار یا بیان (حلفی) ۔

Depositor, n. امانت دہندہ ۔ امانت رکھوانے والا ۔ جمع کرانے والا ۔

Depository, امانت دار ۔ امین ۔ مال خانہ ۔

Depreciate, v. مالیت کم ہو جانا ۔(بوجہ استعمال) ۔

Depreciation, n. فرسودگی ۔ گھساوٹ (مشین و عمارت وغیرہ) ۔

فرسودگی کو صرف مادی خرابی تک محدود نہ کرنا چاہیے ۔ قابل غور سوال یہ ہے کہ مشینری کا کوئی حصہ کس قدر عرصہ میں ناقابل استعمال ہو جائے گا (۱۹۲۳ع اپیل کیسز ص ۱۷۷ پریوی کونسل) ۔

Depreciation charges, واجبات فرسودگی ۔

قانون محصول آمدنی کے تحت واجبات فرسودگی کو آمدنی میں سے کم کر کے ٹیکس لیا جاتا ہے ۔

Depredation, n. غارت گری ۔ لوٹ ۔

Deprivation, n. محرومی ۔

Deprive, v. محروم کرنا ۔

Deputation, n. وفد ۔

Deputation, On بربنائے ماموریت ۔

Depute, v. مامور کرنا ۔

Deputy, n. نائب ۔ قائم مقام ۔

Derain, Deraign, v. صفائی کرنا ۔ (الزام سے) ۔

Derelict, n. متروکہ ۔ لاوارث (جہاز یا ساحلی زمین) ۔

Deriliction, n. غفلت ۔ ترک فرض ۔ فروگذاشت ۔

Derivative, a. مستخرج (استخراج کیا ہوا) ۔ ماخوذ (اخذ کیا ہوا) ۔

Derivative Deed, دستاویز استخراجی ۔

یہ دستاویز ذیلی نوعیت کی ہوتی ہے جس سے دستاویز ماقبل کی تائید یا ترمیم و تنسیخ ہوتی ہو ۔

Derivative evidence, شہادت استخراجی ۔ مکسوبی شہادت ۔

مکسوبی شہادت وہ ہے جو دوسری اور ابتدائی شہادت پر مبنی ہو ۔ اس شہادت کو خبری یا سماعی شہادت بھی کہتے ہیں ۔ بمقابلہ ذاتی شہادت کے مکسوبی شہادت کا درجہ بہت کم زور ہے، اس کی نامنظوری انگریزی قانون شہادت کی ایک امتیازی خصوصیت ہے ۔

Derivative mortgage, رہن ماخوذہ ۔

Derivative title, حقیت استخراجی ۔ حقیت محصلہ ۔ حقیت وساطتی ۔

وہ حقیت جو کسی دوسرے کے ذریعہ پہنچی ہو ۔

Derive, v. استخراج کرنا ۔ استنباط کرنا ۔ اخذ کرنا ۔ حاصل کرنا ۔

Derived income, آمدنی محصلہ ۔

Derived interest, مفاد مستخرجہ یا محصلہ ۔

Derogate, v. منسوخ کرنا (جزواً) ۔ کمزور کرنا ۔

کمی کرنا ۔

مقر دستاویز اپنے کسی فعل مابعد سے منتقل الیہ کے حق میں کوئی کمی یا تنسیخ نہیں کر سکتا ۔

Derogation, *n.* منسوخی (جزواً) ۔ تقلیل ۔ تخفیف ۔ کمی ۔

Derogatory clause, فقرۂ منسوخی ۔

بالعموم وصیت نامہ میں ایک فقرہ اس مضمون کا درج کر دیا جاتا ہے کہ کوئی وصیت نامہ مابعد بجز اس (وصیت نامہ) کے جائز نہ ہوگا، جس کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ اگر کوئی اور وصیت کسی ناجائز دباؤ کے ذریعہ یا کسی دیگر طریق پر حاصل کر لی جائے تو اس کی موجودگی میں بے اثر ثابت ہو ۔

Descend, *v.* نسل سے ہونا ۔

Descendant, *n.* اولاد ۔

Descendants, Collatoral ورثاء جدی ۔

Descendants, Lineal اولاد صلبی ۔

Descending line, سلسلہ نزولی ۔

Descent, *n.* نسل ۔ نسب ۔ توارث (جائیداد) ۔

Description *n.* پتہ ۔ نشان ۔ تفصیل ۔ بیان ۔ قسم ۔

Desert, *v.* چھوڑ بھاگنا ۔ چھوڑنا ۔

Desertion, Military بھاگ جانا، فوج کو چھوڑ کر ۔

جو شخص بری بحری یا فضائی فوج کی ملازمت چھوڑ بھاگے وہ مستوجب سزا قرار دیا گیا ہے ۔

Deserter, *n.* چھوڑ بھاگنے والا ۔

جو شخص کسی شے یا شخص پر کوئی حق رکھتا ہو اور وہ اسے بالارادہ چھوڑ بھاگے تو ایسا شخص Deserter کہلاتا ہے ۔

اگر بیوی کو شوہر نے چھوڑ رکھا ہو اور ایک عرصہ تک حقوق زوجیت ادا کرنے سے قاصر رہا ہو تو بیوی کو فسخ نکاح کا حق پیدا ہو جاتا ہے اور وہ بذریعہ عدالت اس شخص سے اپنا نکاح فسخ کیے جانے کا دعویٰ دائر کر سکتی ہے ۔

Desertion, *n.* ترک ۔ چھوڑ بھاگنا ۔

Design, *n.* نمونہ ۔ نشان اختراع ۔ منصوبہ ۔ تدبیر ۔ ارادہ ۔

See "Patents & Designs Act"

Designation, *n.* نام ۔ لقب ۔ عہدہ ۔

Designedly, *ad.* حسب منصوبہ ۔

Designing, خاکہ کشی ۔ منصوبہ بندی ۔

Desirable *n.* مناسب ۔ پسندیدہ ۔ مطلوب ۔ مطبوع ۔

Desirable, Un- نامناسب ۔ ناپسندیدہ ۔ غیر مطلوب ۔ نامطبوع ۔

Desire, *n.* & *v.* خواہش ۔ درخواست ۔ استدعا ۔ خواہش کرنا ۔

Desist, *v.* باز رہنا ۔ ترک کرنا ۔ دست بردار ہونا ۔

Despatch, *n.* روانگی (مال) ۔ ترسیل (خط) ۔

Despatched, مرسلہ ۔ ارسال کردہ ۔

Desperate, *n.* جان پر کھیل جانے والا (نا امیدی کی وجہ سے) ۔ بے باک ۔ خطرناک ۔

To become desperate, بے خوف ہو کر جان پر کھیلنا (نا اُمیدی کی وجہ سے) ۔

Desperate debt, ممکن الوصول قرضہ ۔

Despite, باوجودیکہ ۔ علی الرغم ۔

Despoil, *v.* چھین لینا ۔ محروم کر دینا ۔

Despond, *n.* ہمت ہارنا ۔ مایوس ہونا ۔

Despondent, *a.* مایوس ۔ دل شکستہ ۔

Despot, *n.* ظالم (فرمانروا) ۔ مطلق العنان ۔

Despotic, *a.* جابرانہ ۔ استبدادی ۔

Despotism, *n.* مطلق العنانی ۔

Destination, *n.* منزل مقصود ۔

مال کا منزل مقصود کو روانہ کیا جانا اس وقت کہا جائے گا جب کہ وہ خریدار کے پاس یا اس شخص کے پاس جس کو خریدار نے نام زد کیا ہو روانہ کر دیا جائے ۔

Destitute, *n.* نادار ۔ مفلس ۔

Destroy, *v.* تلف کرنا ۔ برباد کرنا ۔

Destroyed or lost document, تلف یا گم شدہ دستاویز ۔

ایسی دونوں دستاویز کی منقولی شہادت دی جا سکتی ہے ۔ مگر گم شدہ دستاویز کی صورت میں اس کے تلاش کرنے کو ثابت کرنے کے بعد — البتہ تلف یا گم کردہ دستاویز سے قیاس جرم پیدا ہو سکتا ہے ۔

Destruction, *n.* تباہی ۔ اتلاف ۔ تخریب ۔

Destruction of goods, تلف مال ۔ اتلاف مال ۔

Destruction of record, اتلاف کاغذات ۔
Detach, v. علیحدہ کرنا ۔ الگ کرنا ۔ جدا کرنا ۔
Detachment, n. علیحدگی ۔ بے تعلقی ۔
Detail, n. تفصیل ۔
Detailed, a. مفصل ۔ تفصیلی ۔
Detailed investigation, تفصیلی تحقیقات ۔
Detain, v. روکنا ۔ بند کرنا ۔ حراست میں رکھنا ۔
Detect, v. سراغ لگانا ۔ پتہ لگانا ۔ پکڑنا (جرم کا) ۔
Detection, n. سراغ رسانی ۔ دریافت ۔ انکشاف ۔
Detective, n. سراغ رساں ۔
Detention, n. حراست ۔ نظر بندی ۔ قید ۔
Detention order, حکم حراست ۔ حکم نظر بندی ۔
Detention, House of حوالات ۔
Detenu, n. نظر بند ۔ قیدی ۔
Deter, v. باز رکھنا ۔ مانع ہونا ۔
Deteriorate, v. تلف ہونا ۔ زوال ہونا ۔
Deterioration, n. اتلاف ۔ انحلال ۔ ابتری ۔ انحطاط ۔ زوال ۔
Determinable, a. قابل سقوط ۔ قابل تعین ۔
Determination, n. عزم ۔ فیصلہ ۔ مصمم ارادہ ۔ عدالت کا فیصلہ۔تعین ۔ (تاریخ یا وقت کا)۔اختتام۔
Determination of compensation, تعین معاوضہ ۔
Determination of contract, اختتام معاہدہ ۔
Determination of rent, تعین کرایہ ۔
Determine, v. ختم کر دینا یا ہو جانا (حق ملکیت) ۔ قطع کرنا ۔ معین کرنا ۔ تجویز کرنا ۔ غور کرنا ۔
Determine a lease, پٹہ ختم کرنا ۔
Deterrant, a. مانع۔سد راہ ۔ خوف میں ڈالنے والا ۔
Detinue, نالش واپسی مال امانتی۔
یہ اصطلاح انگریزی قانون کے تحت اس امانتی مال کی واپسی کی نالش کے لیے، جو مدعا علیہ نے بے جا طور پر روک لیا ہو، استعمال ہوتی ہے ۔
Detinuing, Writ of حکم نامہ واپسی مال امانتی، اس شخص کے نام جس نے مال مذکور بے جا طور پر روک رکھا ہو ۔
Detriment, n. نقصان ۔ ضرر ۔ مضرت ۔
Detrimental, a. ضرر رساں ۔ نقصان دہ ۔

Devaluation, n. تخفیف قیمت ۔ کم قدری ۔
Devastation, n. بربادی ۔ غارت گری ۔
Development, n. ترقی ۔
Development charges, اخراجات ترقی ۔
Development Corporation, ترقیاتی کارپوریشن ۔
Devest (or Divest), v. محروم کرنا ۔
Property once vested cannot be devested.
جائداد جو ایک مرتبہ پہنچ جائے اس سے محروم نہیں کیا جا سکتا ۔
Deviate, v. انحراف کرنا ۔ منحرف ہونا ۔
Deviation, n. انحراف ۔
یہ اصطلاح اکثر بحری بیمہ میں استعمال ہوتی ہے جب کہ جہاز اپنا مقررہ راستہ چھوڑ دے ۔
Devil, n. شیطان ۔ وہ چھوٹا (جونیئر) وکیل جسے کسی بڑے وکیل کی نگرانی میں سارا محنت کا کام کرتا ہے ۔
Devil, v. (چھوٹے وکیل کا) کسی بڑے کے لیے محنت کرنا ۔
Devil's advocate, عیب جو ۔ نکتہ چیں ۔
Devise, v. ہبہ بالوصیت کرنا ۔
Devisee, n. موصی لہ ۔ موہوب لہ ۔
Deviser, n. واہب موصی ۔
Devoid, a. محروم ۔ خیالی ۔
Devolution, n. توارث۔ انتقال جائیداد بصورت ارث۔
Devolution (of interest), انتقال (حق) ۔
یہ اصطلاح اس حق کے لیے استعمال ہوتی ہے جو بذریعہ وراثت یا جانشینی ایک شخص سے دوسرے کو منتقل ہوتا ہے ۔
Devolve, v. وراثتاً پہنچنا ۔ ایک شخص سے دوسرے کو منتقل ہونا ۔
Diarchy, n. دو عملی ۔
یہ اصطلاح وفاقی مملکت کے سلسلہ میں استعمال ہوتی ہے کہ اس میں ایک قسم کی دو عملی پائی جاتی ہے جو مرکز اور ریاستوں کے درمیان ہوتی ہے ۔
Diarist, n. روزنامچہ نویس ۔
Diary, n. روزنامچہ ۔
Diary, General روزنامچہ عام ۔

iary, Police — پولیس ڈائری ۔

iary, Special — روزنامچہ خاص ۔

ictate, v. — حکم چلانا ۔ احکام جاری کرنا ۔ کسی کو کچھ لکھنے یا کرنے کا حکم دینا ۔

ictator, n. — ڈکٹیٹر ۔ آمر ۔ مطلق العنان حاکم ۔

ictatorship, n. — آمریت ۔

ictionary, n, — لغت ۔

ictum, n. — قول ۔ ملفوظہ ۔

فیصلہ میں جج کی رائے جو قانونی حیثیت نہ رکھتی ہو بلکہ ضمناً ظاہر کی جائے اس کو عام طور پر Obiter Dictum کہا جاتا ہے ۔

ie, n. & v. — (۱) سانچہ ۔ (۲) فوت ہونا ۔

iet Money, — زر خوراک (مثلاً گواہ کا) ۔

iffer, v. — اختلاف کرنا ۔ مختلف ہونا ۔

ifference, n. — اختلاف ۔ فرق ۔ نزاع ۔

ifference of opinion, — اختلاف رائے ۔

ifference, To make up — باہمی صلح کرانا ۔ فرق دور کرنا ۔

Differential, a. — امتیازی ۔

Differentiate, v. — تفریق پیدا کرنا یا ہونا ۔ فرق کرنا ۔ امتیاز کرنا ۔

Dig, v. — تحقیق کرنا ۔ کھوج لگانا ۔

Digamy, n. — ازدواج ثانی بعد وفات یا طلاق زوجہ اول ۔ پہلی شادی ختم ہونے کے بعد دوسری شادی ۔

Digest, n. — ڈائجسٹ ۔ مجموعہ نظائر مضمون وار یا دفعہ وار خلاصہ ٔ قوانین ۔

قانون روما کا مجموعہ جو شہنشاہ جسٹینین کے حکم سے مرتب کیا گیا تھا ۔

Dignitary, n. — شخص عالی مرتبہ ۔ معزز ۔

Dignity, n. — رتبہ ۔ شان ۔ وقار ۔ عظمت ۔ خطاب ۔ منصب ۔

Digress, v. — بھٹک جانا ۔ اصل موضوع سے ہٹ جانا ۔

Dilapidation, n. — انہدم ۔ خرابی ۔

Dilate, v. — شرح و بسط سے بیان کرنا ۔

Dilatory plea, — عذر برائے تاخیر یا طوالت ۔

Diligence, n. — تن دہی ۔ ہوشیاری ۔

یہ اصطلاح غفلت (Negligence) کے متضاد استعمال کی جاتی ہے ۔

Diligence, Due — ممکنہ تندہی ۔ حتی الامکان کوشش ۔

Diluvian, — دریا برآر ۔

Diminish, v. — گھٹنا ۔ کم ہونا ۔

Diminishing Utility, Law of — قانون تقلیل افادہ ۔

Diminution, — کمی ۔ تقلیل ۔

Diminution (of area), — کمی (رقبہ) ۔

Diplomacy, n. — حکمت عملی ۔

Diplomat, n. — سیاست کار ۔ مدبر ۔ سفیر ۔ فن سفارت کا ماہر ۔

Diplomatic immunities, — سفارتی آزادیاں ۔

Diplomatic privileges, — سفارتی مراعات ۔

Diplomatic protections, — سفارتی تحفظات ۔

Direct, a. — براہ راست ۔ بلا واسطہ ۔

Direct, v. — ہدایت کرنا ۔ (جج کا جیوری کو) ۔

Direct action, — راست اقدام ۔ راست عمل ۔ عملی احتجاج ۔ (جیسے ہڑتال وغیرہ) ۔

Direct appointment, — راست تقرر ۔

Direct descent, — راست توارث یا سلسلہ ۔

Direct evidence, — شہادت بلا واسطہ ۔

اس کے معنی گواہوں، واقعات یا دستاویزات کی بلا واسطہ گواہی کے ہیں ۔

Direct examination, — بلا واسطہ اظہار ۔

بلا واسطہ اظہار میں گواہ پر عدالتی سوال نہیں کیے جا سکتے ۔

Direct tax, — بلا واسطہ محصول ۔

وہ محصول جو براہ راست لگایا جائے جیسے تنخواہ کی آمدنی پر ۔

Direct voting, — بلا واسطہ رائے شماری ۔

Direction, n. — ہدایت جیوری ۔ سمت ۔ طرف ۔

Directive Principles, — ہدایتی اصول ۔

ریاست کی حکمت عملی سے متعلق اصول ۔

ان کو Principles of Policy بھی کہا جاتا ہے ۔

Directly, a. — براہ راست ۔

براہ راست کا معنی صراحتاً (expressly) نہیں ہے (پی ایل ڈی ۱۹۴۷ء پریوی کونسل ص ۱۵۰) ۔

Director, n. ڈائریکٹر ۔ ناظم ۔

ناظم بالعموم اس شخص کو کہتے ہیں جس کو کسی اسکیم، منصوبہ یا کاروبار کا خاص انتظام سپرد ہو ۔ قانون کمپنیات کے تحت ڈائریکٹرز ان اشخاص کو کہا جاتا ہے جن کو محدود کمپنیاں، بینک، انشورنس یا ریلوے وغیرہ کے حصہ دار اپنے میں سے بہ غلبہ آراء منتخب کرتے ہیں ۔ ایسے تمام منتخب اشخاص انفرادی طور پر ڈائریکٹر اور بحیثیت مجموعی مجلس نظماء یا بورڈ آف ڈائریکٹرز کہلاتے ہیں ۔ وہ انہی شرائط و اختیارات کے تحت کام کرتے ہیں جو انہیں کمپنی کے قواعد و ضوابط کے تحت دیے گئے ہوں یا کمپنی نے بذریعہ قرار داد خاص آن کے سپرد کیے ہوں ۔ کسی قانون میں ان کے حصص کا تعین نہیں ہوا ہے مگر بالعموم کمپنی کے قواعد و ضوابط میں شرط اہلیت کے تحت ان کے حصص کی تعداد کا کم از کم تعین کر دیا جاتا ہے ۔

کمپنی مجلس نظما کے افعال کی پابند ہوتی ہے لیکن اگر مجلس نظما عوام کی آگاہی کے لیے کوئی ایسی یادداشت شائع کرے جو واقعات کے عین مطابق نہ ہو اور یادداشت کا منشاء و مقصود یہ ہو کہ عوام اس کمپنی میں روپیہ لگائیں تو ایسی صورت میں کمپنی کے علاوہ مجلس نظماء کے ارکان کے خلاف بھی دھوکہ دہی کی بناء پر حق چارہ جوئی پیدا ہو جاتا ہے اور وہ بذات خود اس تمام نقصان کے مواخذہ دار ہوں گے جو ان حصہ داروں کو اٹھانا پڑا ہو جنھوں نے اس غلط یادداشت کی بناء پر کمپنی میں روپیہ لگایا تھا (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہوں دفعات ۹۶، ۱۰۰ قانون کمپنیات ۱۹۱۳ع)۔

Director, Ex-Officio ناظم بلحاظ عہدہ ۔

Director, liability of ذمہ داری ناظم ۔

Director, Managing ناظم انتظامی ۔

Directorate, n. نظامت ۔

Directors, Board of مجلس نظماء ۔

Directors, qualification shares of نظماء کے حصص اہلیت ۔

Directorship, n. نظامت ۔

Directory, n. ڈائریکٹری ۔ معلومات نامہ ۔ کتاب جس میں نام و پتے، یا دیگر مقامی حالات درج ہوں ۔

Disability, n. معذوری ۔ نا اہلیت قانونی ۔
معذوری سے کسی قانونی کام کے کرنے کی عدم قابلیت یا اہلیت مراد ہے ۔

Disability, Legal ناقابلیت قانونی۔قانونی معذوری ۔

Disable, v. معذور کر دینا ۔ محروم کر دینا ۔ (کسی حق سے) ۔ ناقابل کر دینا ۔

Disablement, n. معذوری ۔

Disablement benefit, فائدۂ معذوری ۔

Disaccord, n. اختلاف ۔ نا موافقت ۔

Disadvantage, n. نقصان ۔ ضرر ۔ گھاٹا ۔

Disadvantageous, a. نا موافق ۔ مضر ۔ جس میں گھاٹا ہو ۔

Disaffected, a. منحرف ۔ مخالف ۔

Disaffection, n. انحراف اطاعت ۔ بد خواہی ۔ خیالات نفرت ۔

Disaffirm, v. مسترد کرنا ۔

Disaffirmance, n. استرداد ۔

Disafforest, v. حقوق جنگل کو حقوق چراگاہ میں تبدیل کرنا ۔

Disagree, v. اختلاف کرنا ۔ نا موافق ہونا ۔

Disagreeable, a. & n. ناپسندیدہ ۔ ناگوار ۔ کج خلق ۔ بد مزاج ۔

Disagreement, n. اختلاف رائے ۔ نا اتفاق ۔

Disallow, v. نا منظور کرنا ۔

Disappearance, n. غائب ہو جانا ۔

Disappoint, v. مایوس کرنا ۔ وعدہ خلافی کرنا ۔

Disappointment, n. مایوسی ۔ نا اُمیدی ۔

Disapprobation, n. ناپسندیدگی ۔

Disarm, v. نہتہ کر دینا ۔ ہتھیار رکھوا لینا ۔

Disaster, n. مصیبت ۔ آفت ۔ بد قسمتی ۔

Disavowal, n. انکار ۔ تردید ۔

Disband, v. موقوف کرنا ۔ (فوج کا) ۔

Disbar, v. جماعت وکلاء (Bar) کی رکنیت سے خارج کرنا ۔ کار پیشہ وکالت سے برطرف کرنا ۔ پیشہ وکالت سے منع کرنا ۔

Disbelieve, *v.* باور نہ کرنا ۔ یقین نہ کرنا ۔ قائل نہ ہونا ۔

Disburse, *v.* خرچ کرنا ۔ ادا کرنا ۔

Disbursement, *n.* خرچ ۔ صرف ۔ ادائی ۔

Discard, *v.* چھوڑنا ۔ ترک کرنا ۔ برخاست کرنا ۔

Discharge, *v.* رہا کرنا ۔ بے باق کرنا ۔ برخاست کرنا ۔ انجام دینا ۔

یہ اصطلاح ملزم کی رہائی، روپیہ کی بے باقی، ملازمت سے سبکدوشی یا برخاستگی اور کار متعلقہ سے عہدہ برآ ہونے کے لیے استعمال ہوتی ہے ۔ ملازمت کے سلسلے میں Discharge اور Dismissal میں فرق یہ ہے کہ اول الذکر سبکدوشی ہے اور آخرالذکر کسی الزام میں برطرفی ۔

Discharge certificate, صداقت نامہ علیحدگی ۔

Discharge of bankrupt, دیوالیہ کی برأت ۔

Discharge of bill, ہنڈی کی بے باقی ۔

Discharge of debt, قرضہ سے برأت ۔

Discharge of duty, ادائے فرض ۔ انجام دہی فرض ۔

Discharge of order, منسوخی حکم ۔

Discharge of tort, تنسیخ حق دعویٰ بر بنائے ٹارٹ ۔

یہ حق حسب ذیل صورتوں میں ساقط ہو جائے گا ۔
(۱) فریقین کی وفات سے ۔ (۲) ترک سے ۔
(۳) تصفیہ و تراضی سے (accord & satisfaction)
(۴) فارغ خطی سے (release) ۔
(۵) تسلیم سے (Acquiescence) ۔ (۶) فیصلہ سے ۔
(۷) قوانین میعاد سماعت سے ۔

Discharge on bail, ضمانت پر رہا کرنا ۔

Discharged insolvant, مصدقہ دیوالیہ ۔

دیوالیہ جس کی قرضوں سے برأت ہو چکی ہو ۔

Disciple, *v.* شاگرد ۔ مرید ۔

Disciplinary, *a.* تادیبی ۔

Disciplinary action, تادیبی کارروائی ۔

Disciplinary powers, تادیبی اختیارات ۔

Discipline, تادیب ۔ ذہنی اور اخلاقی تربیت ۔ انضباط

Disclaim, *v.* قانوناً دست بردار ہونا ۔ بے تعلقی ظاہر کرنا ۔

Disclaimer, *n.* دست برداری ۔ لاعلمی ۔

Disclaimer of suit, ترک دعویٰ ۔

Disclose, *v.* انکشاف کرنا ۔ ظاہر کرنا ۔

Disclosure, *n.* انکشاف ۔ افشاء ۔ اظہار ۔

Discommon, *v.* عام چراگاہ یا آراضی کو محیط کرنا ۔

Disconnection, *n.* انقطاع ۔ قطع تعلق ۔

Disconnection order, حکم انقطاع ۔

Discontent, *n.* ناراضگی ۔ بے اطمینانی ۔

Discontinuance, انقطاع تسلسل ۔

Discontinuance of supply, انقطاع بہم رسانی ۔

Discontinue, *v.* منقطع کرنا ۔ بند کردینا ۔ کاٹ دینا ۔

Discontinuation, جاری نہ رہنا ۔ ختم ہو جانا ۔

Discontinuity, *n.* عدم تسلسل ۔

Discount, *n.* بٹہ ۔ کٹوتی ۔

Discount, *v.* بٹہ دینا ۔ کٹوتی کرنا ۔

Discount, Bank, *n.* بنک کٹوتی ۔ بنک کا سود ۔

Discover, *v.* برآمد کرنا ۔ ظاہر کرنا ۔ دریافت کرنا ۔ معلوم کرنا ۔

Discovert, *n.* غیر منکوحہ ۔ بیوہ ۔

Discovery, *n.* انکشاف ۔ دریافت ۔

Discovery of documents, انکشاف دستاویزات ۔

فریق مخالف کے مقبوضہ دستاویزات کا انکشاف ۔
کوئی فریق بغیر کسی حلف نامہ کے عدالت سے درخواست کر سکتا ہے کہ فریق ثانی مخالف ان دستاویزات کا انکشاف کرے جو اس کے قبضہ و اختیار میں ہوں اور امور متعلقہ مقدمہ سے متعلق ہوں اور جن پر وہ اس مقدمہ میں انحصار کرتا ہو ۔ تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو ضابطہ دیوانی حکم ۱۱ قاعدہ (۱۲) ۔

Discovery of interrogatories, بند سوالات کے ذریعہ انکشاف ۔

Discredit, *v.* نا معتبر سمجھنا ۔ نا معتبر قرار دینا ۔

Discrediting witness, گواہ کا اعتبار ساقط کرنا ۔

Discreditable, *a.* غیر معتبر سمجھنا ۔ ناپسندیدہ قرار دینا ۔

Discrepancy, *n.* فرق ۔ نقص ۔ اختلاف ۔

Discretion, *n.* اختیار تمیزی ۔ صواب دید ۔

بعض معاملات کا تصفیہ عدالت کے اختیار تمیزی یا

صواب دید پر منحصر ہوتا ہے لیکن اس کے یہ معنی نہیں ہیں کہ عدالت کے مزاج میں جو آئے کر گزرے یا فیصلہ دے دے بلکہ عدالت پر یہ ذمہ داری عاید ہوتی ہے کہ وہ معاملہ کے تمام پہلوؤں کو پیش نظر رکھتے ہوئے ایسا فیصلہ دے جس کی بنیاد انصاف اور قانونی دلائل پر ہو۔

Discretion, Judicial اختیار تمیزی عدالتی۔

Discretionary, *a.* اختیاری۔عدالت کی رائے پرمنحصر۔

Discrimination, *n.* تفریق ۔ امتیاز ۔

Discriminatory, *a.* تفریقی ۔ امتیازی ۔

Discuss, *v.* بحث کرنا ۔

Discussion, *n.* بحث مباحثہ ۔

Disembarkment, *n.* جہاز سے مال آتارنا ۔

Disendowment, *n.* ازالہ' وقف ۔

Disentail, *v.* اس قید کو توڑ دینا کہ جائیداد پر کسی کو بذریعہ' وصیت منتقل نہ ہو سکے ۔

Disfiguration or disfigurement, *n.* بد صورتی ۔ (ملاحظہ ہو دفعہ ۳۲۰ تعزیرات پاکستان ۱۸۶۰) ۔

Disfranchise, *v.* حق رائے دہی سے محروم کرنا ۔

Disguise, *n.* & *v.* بھیس ۔ بھیس بدلنا ۔

Disgrace, Questions tending to رسوا کن سوالات ۔

Disherison, *n.* محرومی ارث ۔

Dishonest, *a.* بد نیت۔بد دیانت۔بے ایمان۔فریبی ۔

Dishonest act, فعل بد نیت ۔

جو کوئی شخص کوئی فعل کرے اس نیت سے کہ وہ کسی شخص کو کسی مال یا استحقاق سے فریباً محروم یا بیدخل کر دے تو کہا جائے گا اس نے وہ فعل بد دیانتی سے کیا ۔

بد دیانتی اور فریب میں یہ فرق ہے کہ بد دیانتی میں کوئی فعل خود کو یا کسی دوسرے کو ناجائز فائدہ پہنچانے یا اس کا ناجائز نقصان کرنے کی نیت سے عمل میں آتا ہے مگر فریب میں کوئی فعل کسی شخص کو دھوکہ دینے کی نیت' سے کیا جاتا ہے۔

Dishonest intention, بد نیتی ۔

جو کوئی شخص اس نیت سے کوئی امر کرے کہ وہ کسی شخص کو استحصال بے جا کرائے یا کسی شخص کو نقصان بے جا پہنچائے تو کہا جائے گا کہ اس نے وہ امر "بد دیانتی" سے کیا ۔ چنانچہ خود کو یا کسی دوسرے شخص کو ناجائز فائدہ پہنچانے یا کسی شخص کا ناجائز نقصان کرنے کی نیت سے کوئی فعل کرنا بد دیانتی پر مبنی کہلائے گا ۔

Dishonest misappropriation, تصرف بیجا بہ بد نیتی ۔ بد نیتی سے تصرف بے جا میں لانا ۔

اگر کوئی شخص کسی مال پر کسی قسم کے استحقاق یا قبضہ رکھنے کا عذر کر کے تصرف بے جا کرنا بیان کرے تو جرم زیر دفعہ ۴۰۵ تعزیرات پاکستان کا مرتکب نہ ہوگا ۔

Dishonestly, *ad.* بد دیانتی سے ۔

جو کوئی شخص اس نیت سے کوئی امر کرے یا کرائے کہ وہ کسی شخص کو زیان ناجائز پہنچائے تو کہا جائے گا کہ اس نے وہ امر "بد دیانتی" سے کیا (ملاحظہ ہو دفعہ ۲۴ تعزیرات پاکستان ۱۸۶۰ع) ۔

بد دیانتی کا اطلاق کسی مال یا جائیداد یا مالیت کے متعلق استحصال بے جا کرنے یا زیان بے جا پہنچانے کی نیت کی صورت میں ہوتا ہے ۔

Dishonour, *n.* & *v.* (۱) استرداد ۔ (۲) انکارنا ۔ سکارنے سے انکارنا ۔ نامنظورکرنا ۔ بے عزت کرنا ۔

کسی مبادلہ ہنڈی کا نہ سکارے جانے سے نامنظور ہونا اس وقت کہا جائے گا جب موسوم علیہ (Drawee) یا چند موسوم علیہم میں سے' جو باہم شرکاء نہ ہوں' کسی ایک موسوم علیہ سے مذکورہ ہنڈی کے سکارنے کے لیے حسب ضابطہ کہا جائے اور وہ اس کے سکارنے سے قاصر رہے یا جب ہنڈی کا پیش کیا جانا معاف ہو اور ہنڈی نہ سکاری جائے (ملاحظہ ہو دفعہ ۹۱ قانون دستاویزات بیع و شری) ۔

ہنڈی کے نہ سکارے جانے کی بناء پر نامنظوری کی صورت میں قابض کو فی الفور نویسندہ (Drawer) اور تحریر ظہری (Endorsement) لکھنے والوں کے خلاف چارہ جوئی کا حق حاصل ہو جاتا ہے اس لیے اس کو ہنڈی کی میعاد پوری ہونے تک انتظار کرنا یا ہنڈی کو ادائی کے لیے پیش کرنا ضروری نہیں ہے (بمبئی ۲۵ ص ۱۳۲) ۔

Dishonour by non-acceptance, انکار بعدم قبولیت۔

Dishonour by non-payment, استرداد بعدم ادائی ۔

Dishonoured, *a.* انکاری ۔ لوٹائی ہوئی ۔ نامنظورہ۔

Dishonoured bill, انکاری ہنڈی ۔ ہنڈی، نامنظورہ۔

Disinherit, *v.* ارث سے محروم کرنا ۔

Disinheritance, *n.* محرومی ارث ۔

Disinherited, *a.* محروم الارث ۔

Disinterested, *a.* بے تعلق ۔ بے غرض ۔

Dislocation, بے ترتیبی۔بے نظمی۔بے جگہ ہوجانا۔

Disloyal, *a.* بد خواہ ۔ غیر وفادار ۔ بے وفا ۔

Dismantle, *v.* منہدم کرنا ۔ گرانا ۔

Dismiss, *v.* موقوف کرنا ۔ بر طرف کرنا ۔ برخاست کرنا ۔ خارج کرنا ۔

Dismissal *n.* اخراج ۔ موقوفی ۔ برطرفی ۔ برخاستگی ۔

Dismissal in default, اخراج بہ عدم پیروی ۔

Dismissal of complaint, اخراج استغاثہ ۔

اگر کوئی فوجداری عدالت کسی استغاثہ کو خارج کر دے تو وہ پھر خود اس کو از سر نو بحال نہیں کر سکتی، الا یہ کہ عدالت سیشن یا ہائی کورٹ حکم دے۔ اور جب تک عدالت سیشن یا ہائی کورٹ حکم نہ دے اس پر کوئی کارروائی نہیں کی جا سکتی (پی ایل ڈی ۱۹۵۵ء سندھ ص ۵۶) ۔

Disobedience, *n.* نافرمانی ۔ عدول حکمی ۔

Disorder, *n.* بد نظمی ۔ انتشار ۔

Disorderly house, اوباش گاہ۔چکلہ ۔ قمار خانہ عام ۔

Disorderly Persons Act, قانون اشخاص سرکش غنڈہ ایکٹ ۔ قانون اشخاص ناپسندیدہ ۔

Disparagement, *n.* بے قدری ۔ تحقیر ۔

Disparity, *n.* عدم مساوات ۔

Dispatch, *v.* ارسال کرنا ۔ سپرد ڈاک کرنا ۔ انجام دینا (کام) ۔

Dispauper *v.* }
Dispauperize, *v.* } حکم ناداری کو منسوخ کرنا ۔

Dispensation, *n.* استثناء ۔ معافی ۔

Dispense, *v.* دوا بنانا ۔

Dispense (with), *v.* مستثنیٰ کرنا ۔ کسی چیز کے بغیر کام چلانا ۔ پابندی سے بری کرنا ۔

Dispense (of justice), عدل گستری کرنا ۔ انصاف کرنا ۔

Disperse, *v.* منتشر کرنا ۔

Displaced person, خانماں برباد شخص ۔ مہاجر ۔

Displaced Persons (Registration of Claims) Act, قانون اندراج دعاوی اشخاص خانماں برباد۔

قانون ہذا کے تحت صرف ان اشخاص کو خانماں برباد قرار دیا گیا ہے جو بھارت سے ترک سکونت کر کے پاکستان میں ۳۰ جون ۱۹۵۳ء تک وارد ہو چکے تھے ۔

Displaced Persons (Rehabilitation and Compensation) Act, قانون آباد کاری و معاوضہ اشخاص خانماں برباد ۔

Disposal, *n.* تصفیہ ۔

Dispose, *v.* فروخت کرنا ۔ منتقل کرنا ۔ تصفیہ کرنا ۔

Disposition, *n.* منتقلی بذریعہ دستاویز یا بذریعہ وصیت۔

Dispossession, *n.* بے دخلی ۔

Disproved, غیر ثابتہ ۔ ناثابت ۔

Dispute, *n.* نزاع ۔ تنازعہ ۔ جھگڑا ۔

Dispute, *v.* اعتراض کرنا ۔ انکار کرنا ۔

Dispute, Beyond خارج از نزاع ۔

Dispute, In زیر نزاع ۔

Disputed, *a.* متنازعہ ۔ نزاعی ۔

Disputing parties, فریقین متنازعہ ۔

Disqualification, *n.* ناقابلیت ۔ نااہلیت ۔

Disqualify, *v.* ناقابل یا نااہل قرار دینا ۔

Disregard, *n.* & *v.* بے عزتی ۔ بے اعتنائی ۔ نظر انداز کرنا ۔

Disregard, *v.* پروا نہ کرنا ۔ التفات نہ کرنا ۔

Disreputable, *a.* بدنام ۔ باعث بدنامی ۔ مشتبہ چال چلن کا ۔

Dissatisfaction, *n.* ناپسندیدگی ۔ بے اطمینانی ۔

Disseisin, }
Disseizin, } *n.* بے دخلی ۔

Disseize, *v.* بے دخل کرنا ۔

Dissent, *n.* اختلاف ۔

Dissenting, *a.* — اختلافی ۔

Dissenting judgement, — اختلافی تجویز ۔

Dissenting opinion, — اختلافی رائے ۔

Dissolution, *n.* — انفساخ ۔ تحلیل ۔

Dissolution of marriage, — تنسیخ نکاح ۔ انفساخ ازدواج ۔

از روئے شرع اسلام اگرچہ تنسیخ نکاح بذریعہ طلاق کا حق قطعی طور پر مرد کو دیا گیا ہے لیکن بعض صورتوں میں عورت کو بھی یہ اختیار ہے کہ وہ شوہر سے علیحدگی کا مطالبہ کرے ۔ چنانچہ انفساخ ازدواج مسلمانان ایکٹ ۱۹۳۹ء کے تحت بیوی کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ حسب ذیل صورتوں میں عدالت میں برائے تنسیخ نکاح مقدمہ دائر کرکے تفریق حاصل کر لے ۔

(۱) جبکہ چار سال سے شوہر مفقود الخبر ہو ۔

(۲) جبکہ شوہر دو سال سے بیوی کو نان نفقہ دینے میں ناکام رہا ہو یا غفلت برتی ہو ۔

(۳) جبکہ شوہر کو سات سال یا اس سے زائد کی سزائے قید ہو گئی ہو ۔

(۴) جبکہ تین سال سے شوہر بلاوجہ جائز کے اپنے وظیفہ زوجیت کے ادا کرنے میں ناکام رہا ہو ۔

(۵) جبکہ شوہر بوقت شادی نامرد ہو اور وہ حالت برقرار ہو ۔

(۶) جبکہ اس کی شادی اس کے والد یا سرپرست نے پندرہ سال کی عمر سے قبل کر دی ہو اور اس نے اٹھارہ سال کی عمر کو پہنچنے سے قبل اس نکاح کو رد کر دیا ہو بشرطیکہ وہ شوہر سے ہم صحبت نہ ہوئی ہو ۔

(۸) جبکہ شوہر اس کے ساتھ بے رحمی کا سلوک کرتا ہو ۔

مسلم فیملی لاز آرڈی ننس مجریہ ۱۹۶۱ء کے تحت ایک سے زائد بیویاں رکھنے کے اختیار پر پابندی لگا دی گئی ہے ۔ چنانچہ اگر کوئی شخص قانون محولہ بالا کی خلاف ورزی کرکے ایک بیوی کی موجودگی میں مزید شادی کرے تو پہلی بیوی کو یہ حق دیا گیا ہے کہ وہ اس بناء پر بھی عدالت مجاز سے تنسیخ نکاح کے لیے رجوع کر سکتی ہے ۔

علاوہ ازیں قانون انفساخ ازدواج مسلمانان کے تحت ڈسٹرکٹ جج کو اس امر کا اختیار دیا گیا ہے کہ وہ کسی بھی بناء پر جو شرع اسلام کی رو سے جائز ہو شادی شدہ عورتوں کے نکاح فسخ کر سکتا ہے ، مثلاً خلع کے ذریعہ نکاح نسخ کرا سکتا ہے ۔ ملاحظہ ہو پی ایل ڈی ، لاہور ۱۹۵۹ء) ۔

Dissolution of partnership, — فسخ شراکت ۔ انفساخ شراکت ۔

شراکتی کاروبار کے فسخ ہونے کے متعلق قانون شراکت میں واضح احکام موجود ہیں ، جن کا تفصیلی ذکر شراکت ایکٹ ۱۹۳۲ء کے باب ۶ میں کیا گیا ہے ۔

قانون محولہ بالا کی دفعہ ۳۹ کی رو سے جملہ شرکاء میں مابین شراکتی فرم کا فسخ ہونا ، فسخ فرم (شراکتی) کہلاتا ہے ۔

دفعہ ۴۰ قانون شراکت کے تحت باہمی معاہدۂ شرکاء یا تمام شرکاء کی مرضی سے شراکت فسخ ہو سکتی ہے ۔

علاوہ ازیں دفعہ ۴۱ کے تحت شراکتی فرم حسب ذیل صورتوں میں لازماً فسخ ہو جائے گی :

(۱) جبکہ تمام شرکاء یا صرف ایک شریک کو چھوڑ کر باقی تمام شرکاء دیوالیہ قرار دے دیے جائیں ۔

(۲) جبکہ کوئی ایسا امر وقوع پذیر ہو جو کاروبار جاری رکھنا غیر قانونی بنا دے یا شرکاء کے لیے اس کو جاری رکھنا غیر قانونی ہو ۔

مزید برآں حسب دفعہ ۴۲ کسی معاہدۂ مخالف کی غیر موجودگی میں حسب ذیل صورتوں میں شراکت فسخ ہو جاتی ہے :

(۱) جبکہ شراکت کسی مقررہ میعاد کے لیے ہو اور وہ مقررہ میعاد گزر جائے ۔

(۲) جبکہ کسی ایک یا ایک سے زائد مہم (Adventure) یا معاملہ کے لیے شراکت کی جائے اور وہ تکمیل پا جائے ۔

اگر شراکت کی کوئی میعاد مقرر نہ ہو اور حسب خواہش قابل انفساخ ہو تو اس صورت میں کوئی بھی شریک تحریری نوٹس کے ذریعہ شراکت کو فسخ کر سکتا ہے (دفعہ ۴۳) ۔

دفعہ ۴۴ کے تحت عدالت کسی شریک کے دعویٰ دائر کرنے کی صورت میں شراکت کو فسخ کر سکتی

ہے ۔ عدالت ایسی صورت میں جن حالات کے تحت شراکت فسخ کرنے کا حکم دے سکتی ہے ان کا تفصیلی ذکر دفعہ مذکورہ میں کیا گیا ہے ۔

Disslove, *v.* منسوخ کرنا ۔ ختم کرنا ۔ توڑ ڈالنا ۔

Distance, *n.* فصل ۔ فاصلہ ۔

Distant, *n.* بعید ۔

Distant kindred, رشتہ داران بعید ۔ ذوی الارحام ۔

Distant relation, رشتہ دار بعید ۔

Distillery, *n.* شراب سازی کا کارخانہ ۔

Distillery fee, فیس کشید ۔

Distinct, *a.* جدا جدا ۔ صاف ۔

Distinction, *n.* امتیاز ۔ فرق ۔

Distinctive, *a.* امتیازی ۔

Distinctive features, امتیازی اوصاف ۔

Distinctive marks, امتیازی علامات یا نشانات ۔

Distinguish, *v.* امتیاز کرنا ۔ فرق کرنا ۔

Distinguishable, *a.* قابل امتیاز ۔ قابل تفریق ۔ قابل شناخت ۔

Distinguished, *a.* ممتاز ۔ سربرآوردہ ۔

Distort, *v.* غلط ظاہر کرنا ۔ غلط بیان کرنا مسخ کرنا ۔

Distorted facts, مسخ شدہ حقائق ۔

Distortion, *n.* توڑ مروڑ ۔ غلط بیانی ۔

Distrain, *v.* قرق کرنا ۔

Distrained property, قرق شدہ جائداد ۔

Distrainer, } Distrainor, } قارق ۔ قرق امین ۔ قرق کرنے والا ۔

Distraint, *n.* قرق ۔

Distress, *n.* قرق (مال منقولہ کی) ۔

Distress, *v.* قرق کرنا ۔

Distress, Abuse of مال منقولہ کی بے جا قرق ۔
(*See 'abuse of distress'.*)

Distress, Warrant of حکم نامہ قرق مال منقولہ (بوجہ عدم ادائی کرایہ یا زر ڈگری) ۔

Distribute, *v.* تقسیم کرنا ۔

Distribution, *n.* تقسیم ۔ بانٹ ۔

Distribution of powers, تقسیم اختیارات ۔

وفاقی دستور میں ، مرکز اور صوبوں کے درمیان اختیارات کی تقسیم کا مسئلہ خاصی اہمیت رکھتا ہے چنانچہ ہر ایسے دستور میں تین فہرستیں (جدول) مرتب کی جاتی ہیں ۔ ایک وہ فہرست جو مرکز کے اختیارات پر مشتمل ہوتی ہے، دوسری فہرست صوبوں کے اختیارات پر مشتمل ہوتی ہے اور تیسری فہرست مرکز اور صوبہ دونوں کے بیک وقت اختیارات کی نشان دہی کرتی ہے اسے مشترکہ فہرست کہا جاتا ہے ۔

Distribution of profit, تقسیم منافع ۔

Distribution of wealth, تقسیم دولت ۔

Distributable, *a.* قابل تقسیم ۔

Distributive justice, تقسیمی انصاف ۔

Distributive share, تقسیمی انصاف ۔

District, *n.* ضلع ۔

District & Sessions Judge, ضلع و سیشن جج ۔

District court, عدالت ضلع ۔

District jail, محبس ضلع ۔

District judge, ڈسٹرکٹ جج ۔ ناظم ضلع ۔

District magistrate, ضلع مجسٹریٹ ۔

Disturb, *v.* خلل ڈالنا ۔

Disturbance, *n.* فساد ۔

Ditto, ایضاً ۔

Divergence, *n.* انحراف ۔

Diverse, *a.* مختلف ۔ متعدد ۔

Diversion, *n.* رخ پھیرنا ۔ دوسری طرف لگا دینا ۔

Diversity, *n.* اختلاف ۔

Divest, *v.* محروم کرنا (حق یا منصب سے) ۔

Divide, *v.* تقسیم کرنا ۔

Divided family, خاندان منقسمہ ۔

Divided property, جائیداد منقسمہ ۔

Dividend, *n.* منافع منقسومہ یا مشترکہ جو کمپنی کے حصہ داران کو بہ اعتبار حصص تقسیم ہو کر ملتا ہے ۔

Dividend, Unclaimed لادعویٰ منافع (غیرمقسوم) ۔

Division, *n.* تقسیم ۔ علیحدگی ۔ اختلاف رائے ۔ پارلیمان میں رائے شماری کے لیے ممبروں کا دو گروہوں میں تقسیم ہونا ۔

Division of powers, تقسیم اختیارات ۔

Divine Law, قانون الٰہی ۔ مقدس قانون ۔

Divisible, *a.* قابل تقسیم ۔

Division Bench, اجلاس منفقہ ۔

دو ججوں کا مشترک اجلاس ۔

Divisible contract, قابل تقسیم معاہدہ ۔

اگر معاہدہ کئی اجزاء پر مشتمل ہو اور وہ اجزاء قابل تقسیم اور علیحدہ علیحدہ قابل عمل ہوں ۔ اگر معاہدہ کا کوئی حصہ خلاف قانون ہے تو دوسرے حصوں کی تعمیل کرائی جا سکتی ہے، بشرطیکہ معاہدہ قابل تقسیم ہو اور تقسیم شدہ حالات میں قابل عمل بھی ۔

Divorce, *n.* طلاق ۔

شوہر کی جانب سے اصالتاً یا وکالتاً ، نیابتاً یا تفویضاً ، مخصوص الفاظ کے ساتھ یا بالکنایہ ، فی الفور یا بالنتیجہ رشتۂ ازدواج ختم کرنے کا نام "طلاق" ہے (مجموعہ قوانین اسلام مؤلف ہذا جلد دوم دفعہ ۹۳) ۔ طلاق دینے والے کو طالق اور جس عورت کو طلاق دی جائے اس کو مطلقہ کہا جاتا ہے ۔

قانون اسلام کے بموجب کوئی بھی عاقل بالغ مسلمان شوہر جب چاہے اپنی مرضی سے، بغیر کسی وجہ کے بتلائے اپنی بیوی کو طلاق دے سکتا ہے (شرع محمدی از ملا پندرہواں ایڈیشن ص ۲۵۸) ، لیکن موجودہ عائلی قانون مجریہ ۱۹۶۱ع کی دفعہ ۷ کے تحت شوہر کے اس حق پر پابندی عائد کر دی گئی ہے ۔ چنانچہ موجودہ قانون کی رو سے لازمی ہے کہ وہ مرد جو اپنی بیوی کو طلاق دینا چاہتا ہے طلاق دینے کے بعد بعجلت ممکنہ اس کی تحریری اطلاع یونین کے چیئرمین کو دے اور اس کی ایک نقل اپنی زوجہ (مطلقہ) کو مہیا کرے ۔ نوٹس موصول ہونے کے ایک ماہ کے اندر چیئرمین ایک مصالحتی کونسل کی تشکیل کرے گا جو زوجین میں باہمی مصالحت کرانے کی کوشش کرے گی ۔ اگر کونسل اپنی کوشش میں ناکام رہے تو چیئرمین کے نوٹس وصول کرنے کی تاریخ سے نوے دن گزر جانے پر طلاق مؤثر (نافذ) ہو جائے گی ۔

غیر منقسم ہندوستان کی عدالتوں کا یہ نقطۂ نظر رہا ہے کہ ایک مسلمان شوہر کو طلاق کا حق اس وقت ہوگا جب کہ فریقین مسلمان ہوں اور ان کا نکاح از روئے شرع اسلام ہوا ہو ۔ چنانچہ اگر کسی پاکستانی مسلمان اور انگریز عورت کے درمیان لندن میں انگریزی قانون کے بموجب رجسٹرار کے دفتر میں سول میرج ہوئی ہو تو پھر مسلمان شوہر کو طلاق دینے کا حق بدون اجازت عدالت نہیں ہے (شرع محمدی ملا پندرہواں ایڈیشن ص ۲۶۵) ۔ لیکن اس وقت صورت حال مختلف ہو جائے گی جب کہ وہ عورت مسلمان ہو جائے ۔ اس صورت میں وہ شرع اسلام کے تابع ہوگی اور عام شرع اسلام کے قاعدہ اور ضابطہ کے بموجب اسے طلاق دی جا سکے گی (ملاحظہ ہو ۳۶ بمبئی لا رپورٹر ص ۱۰۲۱) ۔

البتہ پاکستان سپریم کورٹ کے ایک حالیہ فیصلہ مرینا جتوئی بنام نور الدین جتوئی مندرجہ پی ایل ڈی ۱۹۶۷ع سپریم کورٹ ص ۵۸۰ میں یہ قرار دیا گیا ہے کہ مسلمان شوہر کی دی ہوئی طلاق مؤثر ہوگی ۔ مقدمہ بالا میں نورالدین جتوئی نے تحت قانون انگریزی نکاح رجسٹریشن ایکٹ ۱۹۴۹ع لندن میں نکاح کیا تھا اور پاکستان میں آ کر طلاق نامہ بھیج دیا تھا ۔ عدالت عظمیٰ نے طلاق کو نافذ قرار دیا ۔

Divorce, Bid'at, طلاق بدعی ۔ طلاق بدعت ۔

یہ اسلامی قانون طلاق کی اصطلاح ہے ۔

طلاق بدعی سے مراد طلاق خلاف سنت ہے ۔ طلاق بدعی کی دو قسمیں ہیں ۔ ایک باعتبار وقت اور دوسری باعتبار تعداد ۔ باعتبار وقت یہ کہ ایسے وقت میں طلاق رجعی دی جائے جس وقت کہ عورت کو حیض آ رہا ہو ، یا اس طہر (زمانۂ پاکی) میں صحبت کر چکا ہو ۔ ایسی صورت میں شوہر کو چاہیے کہ وہ رجوع کر لے ۔ باعتبار تعداد طلاق بدعی یہ ہے کہ ایک ہی طہر میں یک وقت دو یا تین طلاقیں دینا ، خواہ طلاق ایک ہی کلمہ سے یا علیحدہ علیحدہ کلمات سے ہو ۔ طلاق بدعی باوجود خلاف سنت ہونے کے نافذ ہو جاتی ہے (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو مجموعۂ قوانین اسلام ، مؤلف ہذا ، جلد ۲ ص ۳۶۶) ۔

Divorce Bills Evidence Act, قانون شہادت مسودات طلاق ۔

Divorce, Capacity for اہلیت طلاق ۔

ہر مسلمان عاقل و بالغ شوہر اپنی زوجہ کو طلاق دینے کا اہل ہے ۔ ایک نابالغ ، پاگل ، مغلوب العقل مغشی (جس پر غشی طاری ہو) ، مدہوش ، خوابیدہ سرسام زدہ اور مغمیٰ علیہ (جس پر حد درجہ غم کا حملہ ہو) طلاق دینے کا اہل نہیں ۔ اس لیے کہ اس وقت شرعاً ان اشخاص کی قوت ادراک سلب ہو جاتی ہے وہ اپنے افعال کے انجام کو سمجھنے کی صلاحیت سے محروم ہوتے ہیں (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو مجموعہ قوانین اسلام ، مؤلف ہذا ، ج ۲ ص ۳۹۴) ۔

Divorce, Delegation of — تفویض طلاق ۔

از روئے شرع اسلام اگرچہ طلاق دینے کا اختیار شوہر کو ہے لیکن وہ یہ اختیار اپنی مرضی سے اپنی زوجہ یا کسی دیگر شخص کو تفویض کر سکتا ہے (شرع محمدی از ملا پندرھواں ایڈیشن ص ۲۶۳) ۔ چنانچہ مرد قبل نکاح یا بعد نکاح کسی بھی وقت اپنی بیوی کے ساتھ معاہدہ کے تحت اپنی زوجہ کو حق طلاق تفویض کر سکتا ہے جس کے تحت زوجہ کو یہ اختیار حاصل ہو جائے گا کہ وہ خود کو طلاق دے کر اس مرد کے رشتہ مناکحت سے خود کو آزاد کر سکتی ہے ۔

لیکن طلاق تفویض کے سلسلہ میں بھی موجودہ قانون کی رو سے دفعہ ۸ مسلم فیملی لاز آرڈی ننس کے تحت لازم ہے کہ عام طلاق کے سلسلہ میں جو قانونی احکام دفعہ ۷ میں مذکور ہیں ممکنہ حد تک ان کی پابندی کی جائے ۔

یہاں اس امر کی وضاحت ضروری ہے کہ مرد کا اپنے اختیار کو اپنی زوجہ کو تفویض کر دینے کا مطلب یہ نہیں ہے کہ خود مرد کا حق زائل ہو گیا ۔ اس کا اثر صرف یہ ہوگا کہ ایسا ہی حق عورت کو بھی پیدا ہو گیا جیسا کہ مرد کو تھا ۔ (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو مجموعہ قوانین اسلام، مؤلف ہذا ، جلد ۲ دفعہ ''تفویض طلاق'') ۔

Divorce in jest, — طلاق بالہزل ۔ طلاق بحالت ہنسی مذاق ۔ مزاحاً طلاق ۔

شرع اسلام میں طلاق بالہزل واقع ہو جاتی ہے ۔ ہازل کو اس کے اقوال کی بناء پر پکڑا جا سکتا ہے اور وہ آن کے لیے جواب دہ ہے کیونکہ وہ سبب کا ارادہ کرتا ہے ۔ وہ ایک بات کہتا ہے اور اس کے حکم کا پابند نہیں رہنا چاہتا ۔ ظاہر ہے کہ احکام شارع کے مقرر کردہ اسباب پر مرتب ہوتے ہیں، لہذا جب وہ سبب کا مرتکب ہوگا تو اس کا حکم بھی اس کے لیے ضروری ہوگا ، خواہ وہ اس حکم کو تسلیم کرے یا نہ کرے ۔

مزاحاً طلاق کے وقوع کا مسئلہ آنحضرتؐ کی حدیث سے مستنبط ہے : آپ نے فرمایا ''ثلث جدھن جد و ھزلھن جد النکاح و الطلاق و الرجعۃ یعنی نکاح طلاق اور رجعت تین ایسے امور ہیں جن میں سنجیدگی تو سنجیدگی ہے ہی ، لیکن ان تین امور میں مزاح و ٹھٹھا (ہنسی مذاق) بھی سنجیدگی (کے حکم میں) ہوگا ۔

Divorce, Irrevocable — طلاق بائن ۔

اس کی دو قسمیں ہیں—(۱) طلاق بائن صغریٰ اور دوسری مغلظہ ۔ بائن صغریٰ یہ ہے کہ شوہر ایک طلاق بائن دے اور مغلظ یہ ہے کہ تین طلاقیں ایک ساتھ دے خواہ ایک کلمہ سے یا علیحدہ علیحدہ یعنی کہے تین طلاق یا طلاق، طلاق، طلاق ۔
(تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو مجموعہ قوانین اسلام ، جلد ۲ باب ۱۲)

Divorce, Kinds of — اقسام طلاق ۔

(الف) بہ لحاظ کیفیت طلاق کی دو قسمیں ہیں :
۱۔ طلاق سنت یا مسنون طلاق ۔
۲۔ طلاق بدعی یا غیر مسنون طلاق ۔
(ب) بہ لحاظ تاثیر طلاق کی تین قسمیں ہیں :
۱۔ طلاق رجعی ۔
۲۔ طلاق بائن صغریٰ ۔
۳۔ طلاق بائن کبریٰ یا مغلظہ ۔
(مجموعہ قوانین اسلام ، مؤلف ہذا دفعہ ۹۳) ۔

Divorce Number of — تعداد طلاق ۔

ایک مسلمان شوہر رشتہ نکاح میں اپنی زوجہ کو تین طلاقیں دینے کا مجاز ہے (مجموعہ قوانین اسلام مؤلف ہذا ج ۲ دفعہ ۹۵) ۔

Divorce, Regular — طلاق احسن ۔

طلاق احسن اور طلاق حسن اسلامی قانون طلاق کی دو معروف قسمیں ہیں ۔

طلاق احسن وہ طلاق ہے جو بہ زمانہ طہر یعنی جب کہ عورت حیض سے پاک ہو ایک طلاق دی جائے اور ختم عدت تک صحبت نہ کی جائے۔ جو طلاق مسلسل تین طہروں میں ایک ایک کرکے دی جائے اور کسی طہر میں صحبت نہ کی جائے وہ طلاق حسن کہلاتی ہے۔ یہ دونوں طریقے طلاق سنت کہلاتے ہیں (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو مجموعہ قوانین اسلام، مؤلف ہذا، جلد ۲ ص ۳۶۲)۔

Divorce, Reversible طلاق رجعی۔

رجعت اپنے قدیم معنی میں اعادۂ زوجیت کو کہتے ہیں۔ قانون میں اس کے معنی بیوی کو طلاق دینے کے بعد بلا تجدید نکاح اس کی جانب لوٹنے یا اس بیوی کو واپس لے لینے اور اس کی اس سابقہ پوزیشن پر بحال کرنے کے ہیں جو طلاق دینے سے قبل تھی۔ جب کہ شوہر نے اپنی بیوی کو ایک یا دو طلاق رجعی دی ہوں تو وہ عدت کے گزرنے سے قبل اپنی اس بیوی سے رجوع کر سکتا ہے خواہ وہ (زوجہ) خود اس بات کی خواہشمند ہو یا نہ ہو۔ رجعت کی دو قسمیں ہیں—ایک صریحی اور دوسری معنوی (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو مجموعہ قوانین اسلام، مؤلف ہذا ج ۲ ص ۳۶۹)۔

Divorce under coercion, طلاق بالجبر۔ طلاق مکرہ۔

طلاق مکرہ اس شخص کی طلاق کو کہا جاتا ہے جس کو طلاق دینے پر مجبور کیا گیا ہو اور جو بجبر و اکراہ (بحالت مجبوری) طلاق دے۔ عام اصطلاح میں طلاق مکرہ اس طلاق کو کہتے ہیں جو زبردستی اور مجبور کرکے دلائی جائے۔ اس مسئلہ میں اسلامی فقہی مذاہب کے درمیان اختلاف ہے کہ ایسی طلاق واقع ہوگی یا نہیں۔

احناف کے نزدیک طلاق مکرہ واقع ہو جائے گی جبکہ مذاہب ثلاثہ (مالکیہ، شافعیہ اور حنبلیہ) ہے اس کے عدم وقوع کے قایل ہیں۔

راقم الحروف کے نزدیک طلاق مکرہ واقع نہ ہوگی جب کہ طلاق دینے والے یا اس کے متعلقین کو غیر معمولی ضرر پہنچنے کا حقیقی خطرہ در پیش ہو مگر لازم ہے کہ طلاق دینے والے شخص کی نیت طلاق دینے کی نہ ہو۔ تشریح کے لیے ملاحظہ ہو مجموعہ قوانین اسلام، تنزیل الرحمن، جلد ۲ ص ۳۳۸۔

Divorce under intoxication, طلاق بحالت نشہ۔

حنفیہ کے نزدیک طلاق بحالت نشہ مؤثر ہوگی لیکن مذاہب ثلاثہ (مالکیہ، شافعیہ اور حنبلیہ) کے نزدیک مؤثر نہ ہوگی۔ شعیہ امامیہ بھی اسی کے قائل ہیں۔

راقم الحروف کے نزدیک بھی نشہ کی حالت میں دی جانے والی طلاق واقع نہ ہوگی، مگر لازم یہ ہے کہ طلاق دینے والے کی عقل نشہ کے سبب معطل ہوگئی ہو۔ مجموعہ قوانین اسلام، مؤلف ہذا، ج ۲ ص ۳۰۶)۔

Divorced, *a.* مطلقہ۔

Divulge (a secret), *v.* افشائے راز۔

Dock, *n.* کٹہرہ قیدیاں۔ گودی۔

Dock dues, واجبات گودی۔

Dock warrant, *n.* بار نامہ۔ اطلاع نامہ گودی۔

دستاویزات اس مال کی جو گودی کے مال خانہ یا مال گودام یا دوسرے مقامات میں، جہاں کہ مال امانتاً رکھا جاتا ہے، حقیت عطا کریں بار نامہ کہلاتی ہیں۔

بار نامہ کسی شخص کے حق میں جاری کیا جا سکتا ہے جس کی مالک نشان دہی کردے۔ یہ دستاویزات قابل بیع و شریٰ ہیں اور تحریر ظہری اور حوالگی کے ذریعہ مال کی حقیت موسوم لہ کے نام منتقل کی جا سکتی ہے۔ بار نامہ کی پیشی پر محافظ مال گودام حوالگی مال کا پابند ہے۔

Docket, *n.* عدالتی فیصلوں کا رجسٹر۔

Dockyard, *n.* احاطہ گودی۔

Doctor, *n.* ڈاکٹر۔ طبیب۔

ڈاکٹروں کو جو اطلاعات دی جائیں ان کے متعلق فاش نہ کیے جانے کا استحقاق نہیں ہوتا ہے۔

Doctrine, *n.* اصول۔ مسئلہ۔ نظریہ۔

Doctor of Civil Law, (D.C.L.) دکتور قانون مدنی۔

Doctor of laws, صاحب قانون۔ محقق قانون۔

Doctors occupying themselves in making inference from higher authorities and explaining doubts in them اصحاب التخریج۔

Doctors competent to decide in cases of conflict

nong higher authorities, اصحاب الترجیح ۔

octrine of Cypres, اصول سائپرس ۔ قاعدہ تقریبی ۔

(See 'Cypres')

octrine of Exclusion, اصول حجب ۔

جس کے تحت ورثہ سے محرومی لازمی آتی ہے ۔

See 'Hajab' also.

octrine of frustration, اصول بے اثری ۔

یہ اصطلاح قانون معاہدات میں مستعمل ہے ۔ ا
کا اطلاق ایسی صورت میں کیا جاتا ہے جب کہ کو
ایسا واقعہ نفس الامری یا قانونی وجود میں آ جائے ج
قبل از وقت معاہدہ کو بے اثر کرکے رکھ دے
(تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو پی ایل ڈی ۱۹۶۰
ڈھاکہ ص ۳۰۸) ۔

Doctrine of implied repeal, اصول تنسیخ معنوی ۔

یہ اصطلاح اصول قانون (jurisprudence) میں
مستعمل ہے اور اس کے ذریعہ دستوری قانون میں
آتی ہے ۔ قانون کی تنسیخ بالعموم دو طرح عمل میں
آتی ہے ۔ ایک یہ کہ کوئی قانون اپنے مابعد کے حکم
کے ذریعہ صراحتاً منسوخ کر دیا جائے ، اس کو
Express Repeal کہا جاتا ہے ، اور دوسری یہ کہ
صراحتاً منسوخ نہ کیا جائے مگر معنوی تنسیخ ہو
یعنی یہ کہ ایک موضوع پر ایک قانون کی موجودگی
میں دوسرا قانون وضع کیا جائے جو پہلے قانون سے
مختلف اور متضاد ہو تو کہا جائے گا کہ اس مختلف
اور متضاد حد تک پہلا قانون معنوی طور پر منسوخ
ہو گیا (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو پی ایل ڈی ۱۹۶۲ء
لاہور ص ۱۵۷) ۔

Doctrine of Increase, عول ۔

یہ اصطلاح اسلام قانون وراثت میں مستعمل ہے
جس کے تحت ورثاء کے حصص اکائی سے زائد ہوجانے کی
صورت میں بقدر تناسب ہر ایک کے حصہ میں کمی
ہو جاتی ہے (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو مجموعہ قوانین
اسلام ، مؤلف ہذا ۔ جلد پنجم باب عول) ۔

Doctrine of perpetuity, اصول استمرار ۔

Document, *n.* دستاویز ۔

دستاویز شہادت کا ایک اہم آلہ ہے ۔ اس لفظ کے
مفہوم میں صحیح طور پر وہ تمام مادی اشیاء آتی ہیں
جن پر انسانوں کے خیالات تحریر یا کسی اور قسم
کے رسمی نشان یا علامت سے ظاہر کیے جاتے ہیں ۔
بعض صورتوں میں دستاویزی اور مادی شہادت میں
فرق بہت کم ہوتا ہے مثلاً نقوش یا کے چونے سے
بنے ہوئے نمونہ جات یا دستی تصاویر جو مادی
شہادت کی تعریف میں داخل ہیں ۔ دستاویزات جو کہ
غیر ذی روح اشیاء ہوتی ہیں اس لیے آن سے عدالت
انسانی گواہی کے ذریعہ واقف ہوتی ہے ۔ اسی وجہ
سے بعض قدیم ماہرین قانون ان کو ''مردہ شہادت''
کہتے ہیں ، بہ مقابل گواہوں کے جن کو ''زندہ
شہادت'' کہا جاتا ہے ۔

Document, Public سرکاری دستاویز ۔

Document, Registered رجسٹری شدہ دستاویز ۔

Document of title, دستاویز حقیت ۔

Document of title of goods, دستاویز حقیت مال ۔

Documentary, *a.* دستاویزی ۔

Documentary evidence, دستاویزی شہادت ۔

Documentary proof, دستاویزی ثبوت ۔

Dodge, *n. & v.* چال ۔ حیلہ ۔ چکمہ ۔ چکمہ دینا ۔

Domain, *n.* حلقہ متصرفہ ۔

Domain, Right of Eminent, حق سرکار ۔

حکومت کو ہر وقت یہ اختیار حاصل ہے کہ وہ
کسی آراضی یا عمارت کو باغراض عامہ بہ ادائی معاوضہ
حاصل کر لے ۔

(See under 'Acquisition')

Domestic, *a.* خانگی ۔ داخلی ۔

Domestic jurisdiction, داخلی اختیار سماعت ۔

Domestic relations, خانگی تعلقات ۔

Domicile, *n.* وطنیت ۔ مستقل سکونت ۔ توطن ۔

اس اصطلاح کی کوئی معین تعریف نہیں کی گئی ہے
مگر یہ کہا جا سکتا ہے کہ اس سے مراد کسی شخص
کی صحیح ، معین اور مستقل رہائش ہے اور وہ اگر
وہاں سے کہیں باہر بھی جائے تو اس مقام پر واپس
آنے کا ارادہ رکھتا ہو ۔

اگر وہ ایک مقام سے دوسرے مقام پر سکونت
تبدیل کرتا رہے اور اپنی مستقل سکونت کو کسی
خاص مقام یا کسی خاص ملک میں معین کرنے کا

رہے گا بہ اجازت مقیم ہو سکتا ہے لیکن اس کے باوجود اس کی سابقہ قومیت قائم رہ سکتی ہے جو مستقل سکونت سے علیحدہ چیز ہے ۔

قومیت بہت سی صورتوں میں سیاسی اہمیت رکھتی ہے اور اس کے متعلق ہر ملک کے مخصوص قوانین ہیں جو وہاں کے باشندوں پر بلا لحاظ اس کے کہ مستقل سکونت کہاں کی ہے قابل پابندی ہیں ۔

سکونت مستقل (Domicile) اور رہائش (Residence) مترادف الفاظ نہیں ہیں ۔ رہائش عارضی بھی ہو سکتی ہے مگر سکونت مستقل (Domicile) عارضی نہیں ہوتی ۔

Also see "Residence & Domicile, Difference of"

Domicile by birth, سکونت بوجہ پیدائش ۔

Domicile by choice, اختیاری یا انتخابی سکونت ۔

Domicile by origin, سکونت اصلی ۔

Domicile by operation of law, سکونت بوجہ اثر قانونی ۔

Dominant, *a.* غالب ۔

Domination, *n.* حکومت ۔ تسلط ۔ غلبہ ۔ حکمرانی ۔

Dominion, *n.* سلطنت ۔ قلمرو ۔

Dominion Status, قلمروی مرتبہ ۔

Donation, *n.* عطیہ ۔

Donatio mortis causa, ہبہ بحالت مرض الموت ۔

وہ ہبہ جو بحالت مرض الموت کیا جائے ، اور ایسے وقت کیا جائے جبکہ واہب کو اپنی موت کا یقین ہو جائے ۔ شرع اسلام میں ایسے ہبہ سے احکام وصیت متعلق ہو جاتے ہیں ۔

Donee, *n.* موہوب الیہ ۔ معطی الیہ ۔

Donor, *n.* واہب ۔ معطی ۔

Dormant, *a.* خوابیدہ ۔ بے حس و حرکت ۔

Dormant claim, دعویٰ معطل ۔

وہ دعویٰ جس کا نفاذ نہ کرایا گیا ہو ۔

Dormant file, مسل ۔ معطل (بلا کارروائی) ۔

وہ مسل جس پر کارروائی کسی وجہ سے بند کر دی گئی ہو مثلاً بوجہ قرار ملزم ۔

Dormant partner, وہ شریک جس کو عملاً کاروبار میں دخل نہ ہو ۔

عزم نہ رکھتا ہو تو انگریزی قانون کے لحاظ سے اس کی ابتدائی سکونت ہی مستقل سکونت قرار دی جائے گی ۔ دراصل کسی شخص کی مستقل سکونت کے تصفیہ کے لیے دو چیزیں نہایت اہم ہیں ، ایک اس کی رہائش گہ اور دوسرا اس کا ارادہ یا عزم ۔ اگر یہ نہ ہوں تو سمجھا جائے گا کہ وہ ابتدائی رہائش ہی کو مستقل رہائش رکھنا چاہتا ہے ۔

مستقل سکونت تین قسم کی ہوتی ہے : (۱) اصلی ، (۲) اختیاری اور (۳) بلحاظ اثر قانونی ۔

(۱) سکونت اصلی وہ ہے جو پیدائش سے حاصل ہوتی ہے ۔ جائز اولاد جو باپ کی زندگی میں پیدا ہوئی ہو اس کی مستقل سکونت وہی ہوگی جو باپ کی ہے ۔ ناجائز اولاد یا ایسا بچہ جو باپ کی وفات کے بعد پیدا ہوا ہو اس کی سکونت وہاں کی ہوگی جہاں وہ پایا جائے یا پیدا ہوا ہو ۔ مقام پیدائش بادی النظری طور پر مقام توطن ہوتا ہے ۔

(۲) اختیاری سکونت وہ ہے جو ایک شخص اپنے لیے پسند اور منتخب کرتا ہے اور جو اس کی رہائش مستقل یا غیر معین مدت تک کے عزم سکونت کی بناء پر پیدا ہوتی ہے ۔

اصل مستقل سکونت اس وقت تک باقی رہتی ہے جب تک کہ اپنی پسند کی سکونت نہ مل جائے اور اپنی پسند کی سکونت مستقل کا حق اس وقت تک قائم رہتا ہے جب تک کہ اصلی سکونت کا حق دوبارہ حاصل نہ ہو جائے ۔

(۳) مستقل سکونت بلحاظ اثر قانونی سے مراد وہ سکونت ہے جو قانون قرار دے خواہ اس شخص کے حالات کے لحاظ سے یا مقدمہ کے واقعات کے اعتبار سے ۔ اور یہ عام طور پر اس وقت ہوتا ہے جب کہ شخص مذکور کا اپنی آئندہ سکونت کے متعلق حقیقی ارادہ صاف اور واضح نہ ہو ۔

کسی بیوی کی سکونت مستقل ہمیشہ وہی ہوگی جو شوہر کی ہو اور نابالغ کی وہی ہوگی جو والدین یا سرپرست کی ہو ۔

صداقت نامہ سکونت (اقامہ) مستقل قومیت سے بالکل علیحدہ چیز ہے ۔ مثال کے طور پر ایک غیر ملکی شخص انگلستان میں اس ارادہ کے ساتھ کہ ہمیشہ وہیں

وہ شریک جو اگرچہ شراکتی کاروبار کی انجام دہی میں عملاً کوئی حصہ نہیں لیتا مگر اس کے نفع و نقصان میں بربناء سرمایہ شریک ہوتا ہے ۔ ایسے شریک کو غیرعملی شریک (sleeping partner) بھی کہتے ہیں ۔

Double dealing, دو رنگی ۔ دو عملی ۔ ریاکاری ۔

Double-edged sword, دو دھاری تلوار ۔

ایسی شے یا ایسا شخص جس سے بیک وقت نفع یا نقصان کا اندیشہ لاحق ہو ۔

جرح کو دو دھاری تلوار سے تشبیہ دی گئی ہے ، کبھی کبھی یہ اپنے مؤکل (جرح کنندہ) کے ہی خلاف ہو جاتی ہے اس لیے کہا گیا ہے جرح میں یہ نہ سوچو کہ مخالف گواہ سے کیا پوچھنا ہے، بلکہ یہ سوچو کہ کیا نہیں پوچھنا ہے ۔

Double pleas, دو گونہ عذرات ۔

دو ایسے عذرات جن میں سے ہر ایک مانع نالش ہو ۔

Double waste, دوگنا اتلاف ۔

Doubt, *n.* شبہ ۔ خلاف یقین ۔

Doubt, Benefit of شبہ کا فائدہ ۔

See 'Benefit of Doubt'

Doubt to act, شبہۃ الفعل ۔

شبہۃ الفعل کی اصطلاح اسلامی اصول فقہ سے متعلق ہے ۔

Doubt to subject, شبہۃ المحل ۔

شبہۃ المحل کی اصطلاح فقہ اسلام سے متعلق ہے ۔

Doubtful, *a.* مشتبہ ۔

Doubtful assets, غیر معین اثاثے ۔

Doubtful recoveries, مشتبہ الوصول (قرضے) ۔

Dowable, *a.* مستحق مہر یا جہیز ۔

Dowager, (E. Law), بیوہ جس کے قبضہ میں جائیداد بطور مہر یا جہیز کے ہو ۔

Dower, *n.* مہر ۔

مہر اس مالی منفعت کا نام ہے جو شرعاً زوجہ اپنے شوہر سے بعوض نکاح پانے کی مستحق ہوتی ہے ۔ مہر میں مال کا تصور بنیادی اہمیت رکھتا ہے ، کیونکہ مہر سے اصل مقصود مال ہے ۔ مہر دراصل اس مال کا نام ہے جو عورت کو نکاح میں اس سے استمتاع کے عوض دیا جاتا ہے ، خواہ نکاح صحیح ہو یا فاسد یا وطی بالشبہ ہو ۔ فتاوی قاضی خاں میں اس کو "ملک بضع کا بدل" کہا گیا ہے (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو مجموعہ' قوانین اسلام مؤلف ہذا ، جلد ۱ ، ص ۸۰۰)۔

Dower, Customary مہر مثل ۔

مہر مثل اس مہر کو کہتے ہیں جو عورت کے باپ کی طرف سے رشتہ دار عورتوں جیسے پھوپھی زاد یا چچا زاد بہن وغیرہ کا ہو ۔ اگر یہ نہ ہوں تو اس عورت کی ہم عصر عورتوں کے مہر کو کہا جائے گا جو حسن ، حیثیت اور شرافت ذاتی کے لحاظ سے اس عورت کے ہمسر ہوں ۔ اگر نکاح میں مہر کا ذکر نہ ہو تو نکاح ہو جائے گا مگر مرد پر مہر مثل واجب ہوگا (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو مجموعہ' قوانین اسلام مؤلفہ تنزیل الرحمن جلد ۱ نواں باب "مہر") ۔

Dower, Deferred مہر مؤجل ۔ مہر ملتوبہ ۔

مہر مؤجل وہ مہر کہلاتا ہے جس کی ادائی کے لیے کوئی مدت معین ہو اور اگر معین نہ ہو تو پھر طلاق یا زوجین میں سے کسی ایک کی وفات پر قابل ادا ہوتا ہے (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو مجموعہ' قوانین اسلام مؤلف ہذا ج ۱ نواں باب "مہر") ۔

Dower, Kinds of اقسام مہر ۔

مہر کی بلحاظ کیفیت دو قسمیں ہیں :

(۱) مہر مسمی۔ (وہ مہر جو بوقت نکاح یا بعد نکاح مابین زوجین مقرر ہوا ہو) ۔ اس کی بھی دو قسمیں ہیں: (۱) مہر معجل (وہ مہر جو بوقت نکاح فوری ادا کر دیا جائے یا عندالطلب قابل ادا ہو) : (۲) مہر مؤجل (وہ مہر جو ایک معین وقت یا بصورت عدم تعین تنسیخ نکاح ، طلاق یا زوجین میں سے کسی کی موت پر قابل ادا ہو) ۔

(۲) مہر مثل : وہ مہر جو عورت کے امثال و اقران کا مقرر ہوا ہو ۔

(تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو مجموعہ' قوانین اسلام، مؤلف ہذا ، جلد ۱ ، باب "مہر") ۔

Dower, Prompt مہر معجل ۔

عندالمطالبہ یا فوری ادا طلب مہر ، مہر معجل کہلاتا ہے ۔ اس کی نوعیت بیوی کے قرضہ کی سی ہے جو شوہر کے ذمہ واجب ہوتا ہے اور عندالطلب

قابل ادائی ہے ۔ (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو مجموعہ قوانین اسلام مؤلف ہذا ج ۱ باب ''مہر'') ۔

Dowery or Dowry, *n.* جہیز ۔
مغربی پاکستان جہیز (نمائش) ایکٹ ۱۹۶۷ء کے تحت جہیز کی نمود و نمائش پر پابندی عائد کر دی گئی ہے اور قانوناً جرم ہے ۔

Draft, *n.* & *v.* (۱) ڈرافٹ ۔ مبادلہ ہنڈی ۔ مسودہ (دستاویز وغیرہ)۔ (۲) مسودہ تحریر کرنا ۔

Draft Bills, مسودات قانون ۔

Draftsman, دستاویزات کا مسودہ تحریر کرنے والا ۔ تسوید کار ۔

Drain, *n.* موری ۔ نالی ۔

Drain, Right of حق گذر آب یا آب چک ۔

Dramatic Performance Act, قانون تمثیل کاری ۔

Drastic action, سخت کارروائی ۔

Draw, *v.* تحریر کرنا ۔ ہنڈی لکھنا ۔ نکالنا ۔ نتیجہ نکالنا ۔ زر مجتمع سے نکالنا ۔ قرعہ اندازی کرنا ۔

Draw attention, توجہ مائل کرنا ۔ توجہ دلانا ۔

Draw in, *v.* پھانس لینا ۔ شریک کر لینا ۔

Draw over, *v.* اپنی طرف ملا لینا ۔ ملا لینا ۔ توڑ لینا ۔

Draw up, تیار کرنا ۔ مرتب کرنا (مسودہ) ۔

Draw upon, کسی کے نام لکھنا ۔

Drawback, *n.* (۱) عیب ۔ خرابی ۔ نقص ۔
(۲) محصول واپسی ۔

Drawee, *n.* موسوم علیہ ۔
وہ شخص جس کے نام چیک یا ہنڈی یا دیگر دستاویزات قابل بیع و شریٰ جاری کی جائیں، وہ شخص جس کے نام رقم ادا کرنے کا حکم ہو (ملاحظہ ہو دفعہ ۷ قانون دستاویزات قابل بیع و شریٰ) ۔

Drawee in case of need, موسوم علیہ عندالحاجت ۔
وہ شخص جس سے بشرط ضرورت ہنڈی کی مندرجہ رقم طلب کی جا سکے ۔

Drawer, *a.* نویسندہ ۔
ہنڈی یا چیک کا لکھنے والا نویسندہ کہلاتا ہے ۔ اس کو Maker بھی کہا جاتا ہے ۔

Drawing, حاصل کرنا ۔ واپس لینا (رقم) ۔

Drawn, حاصل کردہ ۔ وصول کردہ ۔ جاری کردہ ۔

Drift, *n.* بہاؤ ۔ دھارا ۔ مفہوم ۔ منشاء ۔

Drift, *v.* بہنا ۔ بہا لے جانا ۔ بے مقصد چلنا ۔

Drip, *v.* ٹپکنا ۔

Drip, Right of حق سبیل' جو پانی کے گرنے یا بہنے سے متعلق ہو جو دوسرے کے مکان یا زمین میں سے ہو کر گرے یا بہے ۔ اس کو حق پرنالہ بھی کہتے ہیں ۔

Drive, *v.* جبر کرنا ۔ مجبور کرنا ۔ حد سے زیادہ محنت کرنا ۔ بہنا ۔ بہا لے جانا ۔ چلانا (مثلاً موٹر یا گاڑی)۔

Drive, *n.* قوت عمل ۔ رجحان ۔

Drug, *n.* دوا ۔
کوئی چیز جو دوا کہلائی جا سکے اور جو کسی مریض کے جسمانی علاج یا کسی مرض کے رفع کرنے کی غرض سے استعمال کرائی جائے ڈرگ کی تعریف میں آتی ہے ۔

Druggist, *n.* دوا فروش ۔
دوا فروش اس شخص کو کہا جائے گا جو مفرد (پیٹنٹ) دوائیں فروخت کرتا ہے ۔ جو شخص مرکب دوائیں یعنی دوا بنا کر فروخت کرتا ہے وہ دوا ساز (Chemist) کی تعریف میں داخل ہے ۔ قواعد ادویہ کے تحت باضابطہ لائسنس حاصل کرنے کے بعد ہی کسی شخص کو دوا سازی یا دوا فروشی کا اختیار حاصل ہوتا ہے ۔

Drugs, *n.* ادویہ ۔ دوائیں ۔

Drugs Act, 1940, قانون ادویہ ۱۹۴۰ء ۔

Drugs Act and rules framed thereunder,
قانون ادویہ اور اس کے تحت وضع کردہ قواعد ۔

Drugs (Generic Names) Ordinance, آرڈی نینس (اصلی نام) ادویہ ۔
دواؤں کے (اصلی نام کا) آرڈی نینس ۔
برصغیر ہند و پاکستان کی تاریخ دوا سازی میں یہ ایک انقلابی اقدام ہے جس کے تحت انگریزی دواؤں کا پیٹنٹ ناموں سے فروخت کرنا ممنوع اور جرم قرار دیا گیا ، بلکہ دوا اس کے اصلی اجزاء کے نام سے فروخت کی جانی چاہیے لیکن اس قانون سے متعدد الجھنیں پیدا ہوئیں اور واضعین قانون کا یہ خیال کہ دوائیں سستی ہوں گی ، نقش بر آب ثابت ہوا ۔

Drum, n. ڈھول ۔ ڈہل ۔

Drum, publishing by beat of بہ ضرب ڈہل منادی کرنا ۔

Drunk, n. مدہوش ۔ مخمور ۔

Drunkeness, مخموری ۔ نشہ میں چور ہونا ۔

Drunkeness, Divorce under طلاق بحالت نشہ ۔
احناف کے نزدیک طلاق بحالت نشہ واقع ہو جاتی ہے (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو مجموعہ قوانین اسلام، تنزیل الرحمن، جلد دوم ۔ دفعہ ۳۰۱ طلاق بحالت نشہ)

Dry cultivation, خشک زراعت ۔
زراعت جس کے لیے کوئی ذریعہ آب نہ ہو اور صرف بارش کے پانی سے کاشت کاری کی جائے ۔

Due, واجب الادا ۔ مناسب ۔ باضابطہ ۔ جائز ۔ باعث ۔

Due care, مناسب احتیاط ۔
مناسب احتیاط امر واقعہ کا سوال ہے اور اس کے لیے کوئی لگا بندھا قاعدہ مرتب نہیں کیا جا سکتا ۔ یہ امر کہ کسی حادثہ یا معاملہ میں مناسب احتیاط سے کام لیا گیا ہے یا نہیں، ہر حادثہ یا معاملہ کے حالات و واقعات، فریقین کے علم و عقل اور موقعہ و محل کی نزاکتوں کو پیش نظر رکھ کر ہی طے کیا جاسکتا ہے۔

Due course, In بہ طریق معمول ۔

Due date, تاریخ مقررہ ۔

Due process of law, قانون کا جائز عمل ۔ بطریق قانونی ۔ قانون کا موزوں و مناسب طریقہ ۔

Duel, دو اشخاص کی باہمی جنگ ۔

Dues, n. واجبات ۔

Duke, n. امرائے انگلستان کا اعلیٰ ترین خطاب ۔

Duly, باضابطہ طور پر ۔ حسب ضابطہ ۔

Duly executed, باضابطہ تکمیل کردہ ۔

Duly recorded, باضابطہ تحریر شدہ ۔

Duly qualified, باضابطہ سندیافتہ ۔

Duly registered, باضابطہ رجسٹری شدہ ۔

Duly stamped, باضابطہ اسٹیمپ شدہ ۔ باضابطہ اشٹام شدہ ۔

Duplicate, مثنیٰ ۔

Duplication, دو پرتہ ۔ مثنیٰ ۔

Duration of Proved states of things, ثابت شدہ حالات یا اشیاء کی بقا ۔
عام قیاس قانونی یہ ہے کہ اشیاء اسی حالت میں باقی رہتی ہیں جن میں کہ وہ ایک مرتبہ تھیں ، جب تک کہ اس کے خلاف بلاواسطہ یا قرائنی شہادت سے ثابت نہیں کیا جاتا ہے ۔ اس قاعدہ کو اسلامی اصول قانون میں ''استصحاب حال'' کہا جاتا ہے ۔

Duress, n. جبر ۔ دباؤ ۔ اکراہ ۔

Dutch auction, ولندیزی نیلام ۔

Duty, (۱) محصول ۔ (۲) فرض ۔

Duty, Absolute فرض قطعی ۔

Duty, Ad valorem محصول حسب مالیت (مقدمہ) ۔

Duty, Discharge of ادائی فرض ۔
سرکاری عہدہ داروں کے متعلق یہ قیاس ہوتا ہے کہ وہ اپنا فرض ادا کرتے ہیں اور جو کچھ ذمہ داری ان پر عائد تھی اس کی انہوں نے حسب ضابطہ تکمیل کر دی ہے ۔

Duty, Fixed محصول مقررہ ۔

Duty, Free محصول ندارد ۔

Duty, Octroi محصول چنگی ۔

Duty, Primary فرض اولین ۔

Duty, Probate وصیالہ ۔ محصول ثبوت وصیت ۔

Duty, Secondary ثانوی فرض ۔

Duty, Stamp محصول اسٹامپ ۔

Dwell, v. رہنا سہنا ۔ سکونت کرنا ۔

Dwelling place, مقام سکونت ۔ مقام رہائش ۔

Dying Declararion, اقرار بوقت مرگ ۔
اقرار بوقت مرگ قتل کے مقدمات میں حالات و واقعات قتل کے اثبات کے لیے قابل ادخال شہادت ہوتا ہے ۔ کسی قریب المرگ شخص کے متعلق جھوٹ کہنے کا قیاس نہیں ہوتا ۔ لیکن کمسن بچہ کے بیانات قبل مرگ نامنظور کیے جاتے ہیں ۔

اقرار بحالت مرگ سے ضابطہ فوجداری کی دفعہ ۱۶۴ اور قانون شہادت کی دفعہ ۳۲ متعلق ہوتی ہے کہ وہ بیان جو مرنے والے نے مجسٹریٹ کے رو برو دیا یا پولیس افسر کے سامنے دیا یا کسی اور شخص مثلاً ڈاکٹر یا نرس کے سامنے دیا تو اس شہادت کو بلا تائیدی شہادت کے قابل اعتبار نہیں قرار دیا جا سکتا ، البتہ مجسٹریٹ کے رو برو بیان مرگ زیادہ قابل اعتبار ہوتا ہے۔

دراصل مرتے وقت اقرار کی اعتباریت اور اس کا درجہ در حقیقت ہر مقدمہ کی خاص نوعیت اور واقعات کے تحت طے ہونا چاہیے - چنانچہ ایک مقدمہ میں جس میں مرنے والے کی حالت زخموں کے سبب نا گفتہ بہ تھی ، زخموں نے اُسے تقریباً مردہ بنا دیا تھا ، اس کی دماغی قوت جواب دے چکی تھی ، بیان تحریر کرنے والے نے اپنی سمجھ سے اس کے بیان کی اصلاح کی تو ایسا بیان عدالت میں درجہ استناد نہ پا سکا ، بیان کو مرنے والے کے اپنے ہی لفظوں میں ریکارڈ کرنا چاہیے اور یہ کام عدالتوں کا ہے کہ وہ اس کی مناسب توضیح و تشریح کریں - (پی - ایل - ڈی ۱۹۵۶ع ڈھاکہ ۲۰۳) -

جسٹس محمد منیر نے جب وہ لاہور ہائی کورٹ کے چیف جسٹس تھے ، ایک مقدمہ میں قرار دیا کہ اگر مرتے وقت کا بیان ہر قسم کے شبہ سے پاک ہو اور اس کے سچ ہونے کا یقین کیا جاتا ہو تو یہ سزا دہی (conviction) کے لیے کافی قرار دیا جا سکتا ہے (پی - ایل - ڈی ۱۹۵۳ع لاہور ص ۵۶۶) -

پریوی کونسل نے ایک مقدمہ میں ایک ایسے بیان مرگ کو ناقابل ادخال شہادت قرار دیا جو ادھورا تھا، کیونکہ نہیں کہا جا سکتا کہ مرنے والا اور کیا کہتا (پی۔ایل۔ڈی ۱۹۴۹ع پریوی کونسل ص ۲۹۹)-

اقرار بحالت موت یا مرتے وقت کے بیان کا درجہ شہادتی نوعیت کے اعتبار سے وہی ہوتا ہے جو کسی اور شہادت کا ، مرنے والے کے یقین یا عدم یقین کے سوال سے عدالت کو غرض نہیں ہوتی - (سپریم کورٹ ۱۹۷۰ع ایس- سی - ایم آر صفحہ ۷۸۶) -

اقرار بحالت مرگ کی اصطلاح کا استعمال اگرچہ فوجداری مقدمات میں زائد ہوتا ہے لیکن اسلامی قانون مدنی (civil) میں بھی اس کا استعمال مختلف طریقوں اور موقعوں پر ہوتا ہے - چنانچہ اگر کوئی شخص بوقت مرگ یہ اقرار کرے کہ اُس کے ذمہ فلاں شخص کا اس قدر روپیہ قرض ہے تو اس کی قانونی نوعیت کیا ہوگی ؟ حنفی قانون کے تحت ایسا اقرار قرضہ جو بوقت مرگ کیا جائے ، جس کی کوئی شہادت موجود نہ ہو اور نہ معائنہ سے ثابت شدہ ہو، محض میت کا اقرار ہو - اُس پر وصیت کے احکام کا اطلاق کیا جائے گا چنانچہ ایسے قرضے جو شہادت یا معائنہ کے ذریعہ ثابت شدہ ہیں اُن کو پہلے ادا کر دیا جائے گا ، اس کے بعد جو کچھ بچ رہے گا اُس کا ایک تہائی بطور وصیت نکالا جائے گا اور اس اقرار بوقت مرگ قرضہ کی حیثیت ایک وصیت کی ہوگی اور ترکہ کی ایک تہائی کی حد تک عمل ہوگا ۔

فقہاء احناف نے یہ تفریق اس بنیاد پر کی ہے کہ اول تو اس قرضہ کا سوائے اقرار بوقت مرگ اور کوئی ذریعہ ثبوت نہیں ، دوسرے یہ کہ مشاہدہ میں آیا ہے کہ لوگ بوقت مرگ اپنے مالی معاملات میں تغافل سے کام لے کر دوسرے مستحق ورثاء کی حق تلفی کے مرتکب ہوتے ہیں ۔

ائمہ ثلاثہ (امام مالک و شافعی و احمد بن حنبل) کے نزدیک محض اقرار میت بوقت مرگ سے قرض ثابت ہو جاتا ہے ۔ اُن کے نزدیک اس کے اقرار کو جھوٹ کی تہمت سے محفوظ رکھا جائے گا اور دوسرے قرضوں (بحالت صحت) اور اس قرضہ (اقراری بوقت مرگ) میں کوئی فرق نہ ہوگا۔

احناف کے نزدیک ، دراصل مورث مرض الموت (بالفاظ دیگر بحالت مرگ) کی حالت میں جو مالی تصرف کرتا ہے، اُن تصرفات سے ورثاء کے حقوق کا اس طریقہ پر تحفظ کرنا مقصود ہے کہ وہ تصرفات میت کے ترکہ کے ایک تہائی سے زائد نہ ہوں ۔ چنانچہ اگر بحالت مرگ وہ شخص کسی کو کوئی شے ہبہ کرے تو اُس پر ہبہ کے احکام نافذ نہ ہوں گے بلکہ اُس سے وصیت کے احکام متعلق ہوں گے ۔

خلاصہ یہ ہے کہ جب کسی انسان کو اپنی کسی حالت کی بناء پر اپنی موت کا غالب گمان پیدا ہو جائے تو وہ شرعاً مریض مرض الموت کے حکم میں ہوگا اور اس کے تصرفات ہبہ و اقرار دین (قرض) وغیرہ ترکہ کے ایک تہائی میں نافذ ہو سکیں گے (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو ردالمحتار ، علامہ ابن عابدین ، جلد ۲ ص ۷۱۵، ۷۱۶ باب طلاق المریض)

شرع اسلام کا اصول یہ ہے کہ کسی شخص کا اقرار خود اُس کے اپنے خلاف تو لازم و نافذ ہو سکتا ہے مگر کسی دوسرے شخص کے ذمہ اور اس کے خلاف لازم نہیں ہوا کرتا ۔

E

E. & O. E. (Errors and Omissions Excepted), بھول چوک مستثنیٰ ۔

تجارتی حلقوں میں بالعموم یہ اصطلاح استعمال ہوتی ہے جو بل یا بیجک کے فارم پر چھپی ہوتی ہے جس کا مفہوم یہ ہوتا ہے کہ بھول چوک لینا دینا ہے ۔

Ear, *n*. کان ۔

Ear Witness, خود شنید گواہ ۔

Earl, *n*. امرائے انگلستان کا ایک خطاب ۔

Early, *n*. تعجیلی ۔ جلد ۔ زودی ۔

Early action, تعجیلی کارروائی ۔

Early adolescence, اوائل نوخیزی ۔

Earmark, *n*. نشان زدی ۔ نشان زدگی ۔

عموماً زر نقد قابل شناخت نہیں ہوتا لیکن بغرض شناخت اس پر کوئی پوشیدہ نشان بنا دیا جائے تو وہ نشان زدہ سکہ کہلاتا ہے ۔ لیکن روپیہ جب کسی علیحدہ تھیلی یا صندوق میں ہو تو اس کی نسبت یہ کہا جا سکتا ہے کہ قابل شناخت ہے اور قانوناً ایسی شہادت پیش ہو سکتی ہے ۔

Earmark, *v*. نشان زد کرنا ۔

Earn, *v*. کمانا ۔

Earned income, مکسوبہ آمدنی ۔

قانون محصول آمدنی (Income Tax Act) کی دفعہ ۱۵ (الف) کے تحت مکسوبہ آمدنی سے مراد وہ آمدنی ہے جو کسی فرد یا محکمۂ محصول آمدنی میں غیر رجسٹری شدہ فرم نے اپنی ذاتی ، جسمانی یا دماغی محنت سے کمائی ہو ایسی آمدنی کے ایک مقررہ حصہ پر انکم ٹیکس نہیں لیا جاتا حکومت وقتاً فوقتاً اس حصہ کا تعین کرتی رہتی ہے جس کا ذکر فائننس ایکٹ میں کیا جاتا ہے ۔

Earned leave, رخصت خاص ۔

Earnest, *n*. بیعانہ ۔ فروخت شدہ مال کی قیمت کی جزوی ادائی ۔

اگرچہ بغیر بیعانہ کے بھی معاہدہ کی پابندی فریقین پر عائد ہوتی ہے مگر بیعانہ کا اثر یہ ہوتا ہے کہ معاہدۂ بیع کی ایک قابل اطمینان اور قطعی شہادت وجود میں آ جاتی ہے اور معاہدۂ فروخت کا واضح تعین ہو جاتا ہے لیکن جب تک خریدار کامل قیمت ادا نہ کرے مال یا جائیداد بیعہ حاصل کرنے کا مستحق نہیں ہوتا ۔ البتہ بائع اس امر کا مجاز نہ ہوگا کہ خریدار کے صریح تصور کے بغیر اس مال یا جائیداد کو کسی اور کے ہاتھ فروخت کر دے ۔

Earnest money, زر بیعانہ ۔

اگر زر بیعانہ کی واپسی کے لیے صراحتاً کوئی معاہدہ نہ ہوا ہو تو وہ واپس نہیں ہو سکے گا بشرطیکہ عدم تعمیل معاہدہ کی ذمہ داری خریدار پر عائد ہوتی ہو (۱۹ الہ آباد ص ۳۸۹) ۔ جو رقم بھی خریدار کی جانب سے بائع کو دی جائے وہ لازمی طور پر زر بیعانہ نہیں سمجھی جائے گی ۔ ہر مقدمہ میں عدالت کو شرائط معاہدہ کی روشنی میں اس امر کا تعین کرنا چاہیے کہ فریقین کا حقیقی منشاء کیا تھا (۵۳ انڈین کیسیز ص ۸۷) ۔ زر پیشگی جو بطور بیعانہ ، معاملت کی تکمیل کے بعد دیا جاتا ہے وہ قیمت کی جزوی ادائی ہوتا ہے ۔ اگر خریدار کی کوتاہی سے معاہدہ کی تعمیل نہ ہو تو زر بیعانہ سوخت ہو جائے گا (۱۹۲۹ء ناگپور ص ۳۰) ۔ اگر معاہدہ کی روح وقت نہ ہو اور خریدار اس پر آمادہ ہو کہ تکمیل معاہدہ کی تاریخ سے ایک مناسب وقت کے اندر معاہدہ کا ایفاء کر دے گا تو ایسی صورت میں بائع اس کا مستحق نہ ہوگا کہ بیعانہ سوخت کرے گو کہ معاہدہ میں تاریخ مقررہ پر عدم تعمیل کی صورت میں ضبطی بیعانہ کی صریح شرط ہی کیوں نہ موجود ہو (۳۰ بمبئی ص ۲۸۹) ۔

Easement, *n*. حق آسائش ۔

قانوناً حق آسائش سے ایک ایسا حق انتفاعی بغرض استفادہ مراد ہے جو کسی آراضی کے مالک یا قابض کو کسی اور آراضی کے تعلق سے جو اس کی ملکیت نہ ہو ، کچھ کرنے یا کسی عمل کے جاری رکھنے یا کسی عمل کے اجراء کو روکنے کے متعلق حاصل ہو ۔ قانون حق آسائش میں آراضی کی تعریف میں وہ

تمام چیزیں داخل ہیں جو اس آراضی سے دائماً ملحق یا پیوستہ ہوں مثلاً مکانات، ہر قسم کی تعمیرات، درختان و اشجار، باغات و جنگلات، تالاب، ندی اور نالے جو اس آراضی پر ہوں یا اس پر سے گذرتے ہوں۔

حقوق آسائش کی معروف قسمیں یہ ہیں — حق راہ گذر (راستہ چلنے کا حق)، ہوا اور روشنی کے گذر کا حق، مجرائے آب کا حق۔

حق آسائش کے نفاذ کے لیے خاص شرط یہ ہے کہ ایسا مالک یا قابض بیس سال تک بلا مزاحمت غیرے اس حق آسائش سے مستفید ہوتا رہا ہو۔ ممکن ہے اس دوران میں کئی دن یا کئی ہفتے بلکہ کئی ماہ تک مدعی اس حق سے مستفید نہ ہوا ہو مگر قانون کی نگاہ میں یہ مدت بھی کامل استفادہ میں شامل ہوگی (۷ کلکتہ ص ۱۳۲)۔ بیس سالہ مدت کا اطلاق اس صورت میں نہ ہوگا جہاں قبضہ بربنائے معاہدہ ہوا ہو (۱ کلکتہ ویکلی نوٹس ص ۹۶)۔ حق آسائش سے استفادہ بطور حق ہونا چاہیے نہ کہ بذریعہ تشدد یا زبردستی یا وقتاً فوقتاً اجازت سے (۱۹۳۲ع کلکتہ ص ۹۰۳)۔ کرایہ دار کو مالک کے مقابلہ میں حق آسائش حاصل نہیں ہوتا کیونکہ اس کے متعلق یہ نہیں کہا جا سکتا کہ اس نے کسی حق کی بناء پر استفادہ کیا ہے (۱۹۳۶ع سندھ ص ۶۱) کیونکہ کرایہ دار کو استعمال کا حق پٹہ کے تحت حاصل ہوتا ہے جس کی نوعیت ایک معاہدہ کی ہے۔

حق آسائش کا استعمال کھلے طور پر (علانیہ) ہونا چاہیے تاکہ یہ سمجھا جا سکے کہ دوسروں کو بھی اس حق کے استعمال کا علم تھا (۱۱۶ انڈین کیسز ص ۷۹۳)۔ حکومت کے مقابلہ میں حق آسائش بیس سال کی بجائے ساٹھ سال میں حاصل ہوتا ہے۔

قانون حق قدامت (Prescription) حقوق آسائش شخصی سے متعلق نہیں ہے۔ عدم استعمال سے حقوق آسائش کے ختم ہو جانے کا قیاس ہوتا ہے۔ لیکن کسی حق آسائش کا عدم استعمال اس کے ترک کی محض شہادت ہوتا ہے اور ترک کرنے کا سوال ایک واقعاتی سوال ہوتا ہے جس کو ہر مقدمہ کے خاص حالات کے لحاظ سے طے کرنا چاہیے۔

حقوق آسائش یا تو مسلسل ہوتے ہیں یا وقفے کے ساتھ۔ اول الذکر وہ ہوتے ہیں جن میں انسانی مداخلت کے بغیر تمتع مسلسل ہوتا ہے مثلاً حق ہوا، حق روشنی وغیرہ اور مؤخر الذکر اس کی ضد ہوتے ہیں مثلاً حق راہ وغیرہ۔

Easement, Affirmative مثبت یا اثباتی حق آسائش مثلاً حق راہ گذر۔

Easement, Apparent ظاہر حق آسائش۔

Easement, Continuous حق آسائش غیر منقطع مثلاً حق روشنی۔

Easement, Discontinuous حق آسائش منقطع۔

Easement, Negative منفی حق آسائش۔

Easement, Non-apparent غیر ظاہر حق آسائش۔

Ecclesiastical, *a.* کلیسائی۔

Ecclesiastical court, عدالت کلیسا۔
وہ عدالت جو کلیسائی معاملات و مقدمات کی سماعت کرتی ہو۔

Ecclesiastical jurisdiction, اختیار سماعت کلیسا۔ کلیسائی اختیار سماعت۔

Ecclesiastical law, قانون کلیسا۔
یہ قانون کلیسا کے انتظام و انصرام اور حقوق و اختیارات سے متعلق ہوتا تھا۔

Economic, *a.* معاشی۔ معاشیاتی۔

Economic Dictator, معاشی آمر۔

Economical, *a.* معاشی۔ اقتصادی۔

Economics, *n.* معاشیات۔ اقتصادیات۔
وہ علم جس میں دولت کی پیداوار، تقسیم اور تبادلہ اور دیگر معاشی و اقتصادی مسائل سے بحث کی جاتی ہے۔

Economist, *n.* عالم معاشیات۔ کفایت شعار۔

Economization, *n.* کفایت شعاری۔

Economize, *v.* کفایت شعاری کرنا۔
غیر ضروری اخراجات سے بچنا۔ مصارف کم کرنا۔

Economy, *n.* معاشی نظم و نسق۔ کفایت شعاری۔

Edge, *n.* کنارا۔ کور۔ دھار۔

Edgy, *a.* تیز دھار والا۔

Edible, *a.* خوردنی۔

Edict, *n.* حکم نامہ۔ فرمان۔ فرمان حکومت۔

Edile, *n.* قدیم روم میں پبلک عمارت کا انچارج مجسٹریٹ۔

Edit, *v.* ترتیب دینا ۔ تدوین کرنا ۔

Edition, ایڈیشن ۔ اشاعت (کتاب یا اخبار کی) ۔

Editor, *n.* ایڈیٹر ۔ مدیر ۔

Editorial, *n.* اداریہ ۔

Editorship, *n.* ادارت ۔

Efface, *v.* مٹانا ۔ چھیلنا ۔

Effacement, *n.* مٹاؤ ۔ چھلاؤ ۔ فنا پذیری ۔

Effect, *n.* نتیجہ ۔ اثر ۔ حاصل ۔ تاثیر ۔

In effect, دراصل ۔

To give effect to, بجا لانا ۔ تعمیل کرنا ۔

To take effect, نافذ ہونا ۔ اثر پذیر ہونا ۔

To the effect, مشعر اس کے ۔ اس مضمون سے ۔ اس عبارت سے ۔

Effective, *a.* مؤثر ۔ کارگر ۔ نافذ العمل ۔

Effectively, *ad.* مؤثر طور پر ۔

Effectless, *a.* بے اثر ۔ بے نتیجہ ۔

Effects, *n.* مال ۔ اسباب ۔ جائیداد ۔

Effectual, *a.* مؤثر ۔ کارگر ۔

Effectuate, *v.* انجام دینا ۔ بروئے کار لانا ۔

Effectuation, *n.* انجام دہی ۔

Effeminacy, *n.* زنانہ پن ۔ زنخا پن ۔

Effeminate, *n.* زنخا

Efficiency, *n.* کارکردگی ۔ اہلیت ۔

Efficiency bar, حد اہلیت ۔

Efficient, *a.* اہل ۔ لائق ۔

Eject, *v.* بے دخل کرنا ۔ نکال دینا ۔

Ejection, *n.* بے دخلی ۔ اخراج ۔

Ejectment, *n.* بے دخلی ۔ انخلا ۔ اخراج ۔
کسی دوسرے شخص کو جائیداد سے بے دخل کرنا جس میں قبضہ، حقیقی و قبضہ، تعبیری باقی نہ رہے ۔

Ejectment, Notice of اطلاع نامہ بے دخلی ۔ بے دخلی کا نوٹس ۔

دفعہ ۱۰۶ قانون انتقال جائیداد کے تحت کرایہ دار کو بے دخلی کا نوٹس دینا ضروری ہے کیونکہ ایسے نوٹس کا منشاء معاہدۂ کرایہ داری کا فسخ کرنا ہے۔ نوٹس زیر دفعہ ۱۰۶ قانون انتقال جائیداد کی مدت ۱۵ یوم ہے الا یہ کہ کوئی معاہدہ، مقامی قانون یا رواج اس کے برخلاف موجود ہو ۔

عام قانون کے تحت کرایہ دار کو کسی کارخانہ یا صنعتی ادارہ سے بے دخلی کے لیے چھ ماہ کا نوٹس دینا ضروری ہے الا یہ کہ مابین فریقین کوئی سمجھوتہ ہوگیا ہو یا کوئی مقامی قانون یا رواج اس کے برخلاف موجود ہو ۔

اگر قبضہ ناجائز ہو تو تخلیہ کا نوٹس دینا ضروری نہیں ہے ۔

زرعی آراضی سے اس وقت تک بے دخل نہ کیا جا سکے گا جب تک کہ فصل ایستادہ کاٹ نہ لی جائے۔

قانون تجدید کرایہ داری مغربی پاکستان آرڈیننس مجریہ ۱۹۵۹ع کے تحت اب انخلاء کے نوٹس کی ضرورت باقی نہیں رہی اور دفعہ ۱۰۶ قانون انتقال جائداد شہری جائدادوں کی حد تک غیر مؤثر ہو گئی ہے ۔

Ejectment order, حکم نامہ بے دخلی ۔

Ejectment proceedings, کارروائی بے دخلی ۔

Ejector, *n.* بے دخل کنندہ ۔ بے دخل کرنے والا ۔

Ejuration, *n.* ترک اختیار یا منصب ۔ استعفیٰ ۔

Ejusdem-generis, ہم قسم ۔ ہم نوعیت ۔

Elaborate, *v.* & *a.* غور و محنت سے مکمل کرنا ۔ غور و محنت سے تکمیل شدہ ۔

Elapse, *v.* گذرنا ۔ گذر جانا ۔

Elder, *a.* بڑا ۔ بزرگ ۔ بزرگ تر ۔

Elders, *n.* بڑے بوڑھے ۔ بزرگ ۔

Elect, *v.* انتخاب کرنا ۔ پسند کرنا ۔ منظور کرنا ۔

Elect, *a.* منتخب ۔

Election, *n.* انتخاب ۔ پسند ۔

قانوناً انتخاب سے اس حق کا استعمال مراد ہے جو کسی شخص سے ایک سے زیادہ کام یا چیزوں، طریقوں یا حقوق میں سے آزادی کے ساتھ اپنی مرضی سے ایک کام کرنے یا ایک چیز کو لینے سے متعلق حاصل ہو۔ دوسرے الفاظ میں حق انتخاب ایک شخص پر اس کا وجوب عائد کرتا ہے کہ وہ ایک سے زائد غیر مطابق یا متبادل حقوق یا مطالبوں میں سے کسی ایک کو پسند کر لے ۔

جمہوری اداروں کے ارکان اور مشترکہ کاروباری اور دیگر پبلک اداروں کے ارکان، عہدیداران اور

نمایندگان کے انتخاب میں بھی اس حق کو استعمال کیا جاتا ہے ۔

تعزیرات پاکستان کی دفعہ ۱ ۲ توضیح ۳ میں انتخاب کی تعریف یہ بیان کی گئی ہے کہ لفظ انتخاب سے مراد ایسا انتخاب ہے جو مجلس قانون ساز یا بلدیہ یا دیگر کسی ایسی ہی نوعیت کے سرکاری ادارہ کے ممبران کے انتخاب کے لیے طریقۂ انتخاب کے تحت قانون کی رو سے معین کیا گیا ہو، عمل میں لایا جائے۔

قانون جانشینی ۱۹۲۵ء کے تحت انتخاب سے مراد دو مختلف حقوق میں سے ایک کا پسند کرنا ہے جبکہ واہب (Donor) کی نیت یہ ہو کہ موہوب لہٗ (Donee) دونوں نہ لے ۔ اس صورت میں اس کو دو میں سے ایک کو پسند کرنا ہوتا ہے ۔

ایک دفعہ انتخاب کے بعد یہ حق ختم ہوجاتا ہے کہ وہ اسے چھوڑ کر دوسری شے یا حق کا انتخاب کرے۔

Election Accounts, حسابات انتخاب ۔

انتخابی قوانین میں اس امر کی صراحت کی جاتی ہے کہ امیدوار انتخاب میں کس قدر رقم خرچ کرنے کا مجاز ہے ۔ نیز یہ کہ انتخاب ختم ہو جانے کے بعد انتخابی اخراجات کا گوشوارہ بھی داخل کرنا ہوتا ہے اگر کوئی کامیاب امیدوار اندرون میعاد گوشوارہ جات داخل نہ کرے یا غلط گوشوارہ داخل کرے تو اُس کا انتخاب کالعدم قرار دیا جا سکتا ہے ۔

Election Agent, کارندۂ انتخاب ۔

Election, By-, ضمنی انتخاب ۔ ذیلی انتخاب ۔

Election Commissioner, کمشنر انتخابات ۔

Election Enquiry Committee, انتخابی تحقیقاتی کمیٹی ۔ مجلس تحقیقات انتخاب ۔

Election Expenses, مصارف انتخاب ۔

Election, General عام انتخاب ۔

Election Petition درخواست انتخابی عذرداری ۔

درخواست انتخابی عذرداری خصوصی عدالت انتخاب (Elution Tribunal) میں کسی امیدوار یا رائے دہندہ کی طرف سے پیش کی جاتی ہے تاکہ کسی ممبر کے جائز و ناجائز منتخب ہونے کے متعلق عدالتی تحقیقات کی جا سکے ۔

Elective, *a*. انتخابی ۔

Elector, *n*. انتخاب کنندہ۔ حق انتخاب رکھنے والا ۔

Electoral, *a*. انتخابی ۔

Electoral College, مجلس انتخاب ۔ ادارۂ انتخاب ۔ انتخابی جماعت ۔ جماعت انتخاب کنندگان ۔

Electoral right, حق انتخاب ۔

Electoral roll, انتخابی فہرست ۔

Electorate, *a*. جماعت انتخاب کنندگان ۔ جماعت رائے دہندگان ۔

Electric, *a*. برقی ۔ بجلی کا ۔

Electric chair, برقی کرسی ۔

کرسی جس پر ملزم کو بٹھلا کر اور اس کے جسم میں بجلی دوڑا کر ہلاک کیا جاتا ہے ۔ سزائے موت دینے کا یہ طریقہ امریکہ میں رائج ہے جسے Electrocution کہا جاتا ہے ۔

Electric charges, مصارف بجلی ۔

Electric light, برقی روشنی ۔

Electric shock, برقی صدمہ ۔

Electrical, *a*. برقیاتی ۔ برقی ۔

Electricity, *n*. برق ۔ بجلی ۔ علم البرق ۔

Electricity Rules, قواعد برق ۔

Electrification, *n*. برقانے کا کام ۔ بجلی پہنچانے کا کام۔

Electrify, *v*. برقانا ۔ بجلی پہنچانا ۔

Electrocute, *v* قوت برق سے ہلاک کرنا ۔

Electrocution, *n*. برقی قوت سے ہلاک کرنے کا عمل۔

Electro-magnet, *n*. برقی مقناطیس ۔

Electro-plate, *v*. برقی قلعی کرنا ۔

Elegit, *n*. (E. L) حکم‌نامہ جس کی رو سے ڈگری دار کو جائیداد کا قبضہ قانونی (گو واقعی نہ ہو) دیا جاتا ہے کہ وہ جائیداد پر تا ادائی قرضہ قابض رہے (بلیک)۔

Element, *n*. عنصر ۔ جز ۔

Elementary, *a*. ابتدائی ۔ آسان ۔

Elicit, *v*. کہلوا لینا ۔

Eligibility, *n*. اہلیت ۔

Eligible, *a*. اہل ۔ لائق ۔

Elimination, *n*. نکال ۔ چھانٹ ۔

Eloign or Eloine, ہٹا دینا ۔ بھیج دینا (کسی غیر معروف مقام پر) ۔

امریکی قانون میں یہ اصطلاح مال کے ہٹا دینے یا کسی دور دراز یا غیر معروف مقام پر بھیج دینے یا چھپا دینے کے لیے استعمال ہوتی ہے تا کہ مال کو قرق سے بچایا جا سکے۔

Eloigning of evidence, آلات شہادت کو دبا دینا۔
قانونی کارروائیوں میں کسی قسم کے جرم تبدیلی کا مرتکب ہونا۔
اس سے یہ قیاس قائم ہوتا ہے کہ جن دستاویزات و شہادت کو چھپایا یا دبایا گیا ہے اگر ان کو پیش کیا جائے تو وہ چھپا یا دبا دینے والے فریق کے خلاف ہوں گے۔

Elope, v. شادی شدہ عورت کا پوشیدہ طور پر گھر سے (میکے یا سسرال سے) آشنا کے ساتھ نکل جانا۔
عام اصطلاح میں کسی کنواری لڑکی کا اپنے آشنا کے ساتھ والدین کی اجازت کے بغیر شادی کی نیت سے فرار ہونا۔

Elucidate, v. توضیح کرنا۔ تشریح کرنا۔

Elude, v. بچنا۔ چھپ کر یا دھوکہ سے نکل جانا۔

Elusion, n. بچاؤ۔ گریز۔

Elusory, a. مغالطہ میں ڈالنے والی (دلیل یا شرط)۔

Emancipate, v. (R. L) آزاد کرنا۔
خط غلامی منسوخ کرنا۔

Emancipation, n. آزادی۔

Emancipatio, (R. L.) والد کا لڑکوں پر اختیار ترک کرنا اور ان کو اختیار ذاتی عطا کرنا۔

Emancipator, n. غلاموں کی مذہبی، سیاسی اور معاشرتی آزادی کا حامی۔ نجات دہندہ۔ آزادی دینے یا دلانے والا۔

Emasculate, n. مخنث کرنا۔ خصی کرنا۔
پاکستانی قانون کے تحت شدید اور سنگین جرم ہے (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو دفعہ ۳۲۰ تعزیرات پاکستان ۱۸۶۰ء)۔

Embarkment, n. پشتہ۔ بند۔

Embargo, n. روک۔ ملک کی بندرگاہوں میں غیر ملکی جہاز رانی کی ممانعت۔

Embargo, Civil بر سر جنگ ملک کی رعایا کے جہاز روک لینے کا حکم۔

Embargo, Hostile دشمن کے جہاز روک لینے کا حکم۔

Embark, v. جہاز پر سوار ہونا یا سوار کرنا۔

Embarass, v. پریشان کرنا۔ الجھن میں ڈالنا۔ پیچیدہ کرنا۔

Embarrassment, n. پریشانی۔ الجھن۔

Embassy n. سفارت خانہ۔

Embezzle, v. غبن کرنا۔ خیانت کرنا۔ خرد برد کرنا۔

Embezzlement, n. غبن۔ تغلب۔ خیانت۔
سرقہ اور خیانت میں یہ فرق ہے کہ اول الذکر صورت میں مال پر مالک قابض ہوتا ہے جب کہ آخرالذکر صورت میں مال پر خود خائن کا قبضہ ہوتا ہے۔ سرقہ کے لیے بلا علم و اجازت مالک بد نیتی کے ساتھ مال کی تبدیلی جگہ ضروری ہے جبکہ خیانت میں تصرف بے جا کیا جاتا ہے درآں حالیکہ تصرف اول (قبضہ) باجازت مالک ہوتا ہے۔

Emblematic possession, قبضہ علامتی۔
اس کو (Symbolic possession) بھی کہتے ہیں جیسے کہ کسی مکان کی کنجی حوالہ کرنا۔

Emblement, n. وہ حق جو کرایہ دار کرایہ پر لی ہوئی جائیداد کی نسبت رکھتا ہے۔

Embody, v. شامل کرنا۔ ملانا۔

Emboss, v. کندہ کرنا۔

Embossed, a. کندہ۔

Embossed stamp, مہر زدہ اسٹامپ۔ مہری اسٹامپ

Embrace, v. ہم آغوش ہونا (محبت سے)۔ چمٹانا (آرزو مندانہ طور پر)۔

Embracer, n. وہ شخص جو جیوری یا عدالت کو بذریعہ رشوت کسی فریق کی جانب مائل کرے۔

Embracery, n. جیوری یا عدالت کو بذریعہ رشوت کسی فریق کی جانب مائل کرنے کی کوشش۔

Embryo, n. جنین۔ شئے بحالت نا مکمل۔
ماں کے پیٹ میں نا مکمل بچہ۔

Embryo, In ذہن میں۔ ابتدائی حالت میں۔

Emerge, v. ظاہر ہونا۔ ابھرنا۔

Emergency, n. ناگہانی ضرورت۔

Emergency legislation, ہنگامی قانون سازی -

Emergency powers, ہنگامی اختیارات - (جن کے تحت فوری کارروائی کی جا سکے) -

Emergent, *a.* ناگہانی - ظاہر ہونے والا - باہر نکلنے والا -

Emergent necessity, ناگہانی ضرورت -

Emigrant, *n.* تارک وطن -

Emigrate, *v.* ترک وطن کرنا -

Emigration, *n.* ترک وطن -

Emigratory, تارک وطن - ترک وطن سے متعلق -

Eminent domain, حق فائق -

حکومت کا یہ حق کہ کسی بھی شخص کی جائیداد بہ اغراض عامہ حاصل کر لے - اس اصول کی غایت یہ ہے کہ حکومت کسی بھی شخص کی جائیداد بہ اغراض عامہ حاصل کر سکتی ہے مثلاً ریلوے لائن بچھانے کی غرض سے - اس حق کا استعمال عارضی اور مستقل دونوں صورتوں میں ہو سکتا ہے - قومی ہنگامی صورت حال کے پیش نظر عوام‌الناس کی املاک و آراضیات اور عمارات کا حصول بلا ان کی منشاء و مرضی کے کیا جا سکتا ہے - آجکل بالعموم اس حق کا استعمال بالمعاوضہ کیا جاتا ہے -

Emolument, *n.* یافت - مشاہرہ -

Empanel, *v.* جیوری کی فہرست بنانا - جیوری کی فہرست میں داخل کرنا -

Emperor, *n.* شہنشاہ - قیصر -

Emphasis, *n.* تاکید - زور -

Emphasize, *v.* زور دینا -

Empire, *n.* سلطنت - مملکت -

Empiric, *n.* وہ حکیم یا ڈاکٹر جو سند کے بغیر محض تجربہ کی بناء پر حکمت یا ڈاکٹری کا پیشہ کرتا ہو -

Employ, *v.* مامور کرنا - کام پر لگانا - ملازم رکھنا -

Employee, *n.* ملازم - اجیر -

Employer, *n.* مالک - آقا - آجر -

Employer's liability, مواخذہ داری مالک - ذمہ داری مالک -

مالک کی ذمہ داری دو قسم کی ہوتی ہے - ایک یہ کہ وہ ملازم کی آجرت ادا کرے - یہ حق ملازم کا ہے - دوسری قسم وہ ذمہ داری ہے جو ملازم کے افعال کی بناء پردیگر اشخاص کی طرف سے اس پر عائد ہوتی ہے - یہ ذمہ داری دو قسم کی ہے—ایک دیوانی اور دوسری فوجداری- مالک کی دیوانی اور فوجداری مواخذہ داری کی نسبت مختلف قوانین رائج ہیں -

قدیم قانون انگلستان کے تحت اگر دوران کار ملازمت ایک ملازم کے فعل سے دوسرے ملازم کو مضرت قانونی پہنچی ہو تو مالک اس کا ذمہ دار نہ ہوتا تھا، لیکن صنعتی ارتقاء کے ساتھ یہ نظریہ بدل گیا اور مالک کی مواخذہ داری سے متعلق مختلف قوانین وضع کیے گئے جن میں قانون مواخذہ داری مالک (Employer's Liability Act) اور قانون معاوضہ مزدوران (Workmen's Compensation Act) زیادہ مشہور ہیں -

قانوناً مالک سے مراد ایسا شخص ہے جو اس کا مستحق ہو کہ وہ کسی کو کوئی کام کرنے کا حکم دے اور اس کے حکم کی تعمیل کی جائے اور ملازم سے مراد ایسا شخص ہے جو اپنی مرضی سے بمعاوضہ آجرت یا بلا اجرت کسی اور شخص کے جائز احکام و ہدایات کے تحت کسی کام کے لیے خود کو پابند کر لے [۲ کنگس بینچ ص ۲۸۰ (۱۹۰۹ء)] -

مالک کی ذمہ داری اپنے ملازم کے افعال کی بابت اس قدیم قانونی نظریہ کی بناء برقائم کی گئی ہے کہ "جو شخص دوسرے کے توسط سے کوئی کام کرتا ہے تو قانون کی نظر میں وہ کام اُسی کا کیا ہوا سمجھا جائے گا" - چنانچہ اصول یہ قرار دیا گیا ہے کہ جب ایک شخص اپنی عدم موجودگی میں اپنی بجائے کسی دوسرے شخص کو کسی کام پر متعین کرتا ہے تو گویا لازمی طور پر اس کو یہ اجازت دیتا ہے کہ حالات پیش آمدہ کے لحاظ سے اس کام کو اپنی صواب دید سے انجام دے- اس طرح وہ اُس شخص کے طریق کار پر اعتماد کرتا ہے- نتیجتاً وہ اُس شخص کے افعال کے نتائج کا ذمہ دار ہوتا ہے جس پر اُس نے اعتماد کیا ہے- مثال کے طور پر اگر کسی موٹر کے ڈرائیور کی غفلت یا بے احتیاطی سے کسی شخص کو مضرت یا نقصان پہنچے تووہ شخص اُس موٹر کے مالک سے ہرجہ اور نقصان وصول کرنے کا مستحق ہے، اگر وہ موٹر

کو بشمول غیر فوجی اشخاص دوبارہ آباد کیا جائے، اور اُن کے لیے روزگار فراہم کیا جائے۔ لیکن رفتہ رفتہ اس کے کام میں توسیع ہوتی رہی اور اس کے وظائف میں ہر شعبہ کے (خواہ وہ شہری ہوں یا سابق فوجی) بے روزگاروں کو کام پر لگانے کا فرض عائد کیا گیا۔

Employment, Government سرکاری ملازمت ۔ ماموری سرکار ۔

Employment laws, قوانین ملازمت ۔

Employment of Children, ماموری اطفال ۔

قانون ملازمت اطفال ۱۹۲۸ء میں اس غرض سے نافذ کیا گیا کہ قانون کارخانہ جات کے دائرہ اثر سے باہر ماموری اطفال کے سلسلہ میں جو برائیاں موجود ہوں یا پیدا ہوں انہیں دور کیا جائے۔ اس قانون کے ذریعہ پندرہ سال سے کم عمر کے لڑکوں کو ریلوے میں وہ کام جو مسافر، مال یا ڈاک گاڑیوں کے سامان کی نقل و حمل سے تعلق رکھتے ہوں ممنوع قرار دے گئے ہیں۔

۱۹۵۱ء میں ایک ترمیم کے ذریعہ ان لڑکوں سے جن کی عمر پندرہ اور سترہ سال کے درمیان ہو، رات میں مزدوری کا ہر وہ کام ممنوع قرار دیا گیا ہے جس کی اجازت دن میں دی گئی ہے۔

علاوہ ازیں بارہ سال سے کم عمر کے بچوں کے لیے ان مقامات پر ماموری کی ممانعت کی گئی ہے جہاں حسب ذیل کام ہوتے ہیں:

۱۔ بیڑی بنائی جاتی ہو۔ ۲۔ سیمنٹ تیار کی جاتی ہو۔ ۳۔ کپڑوں کی رنگائی، چھپائی یا بنائی ہوتی ہو۔ ۴۔ ماچس یا آتش بازی تیار ہوتی ہو۔ ۵۔ لاک بنائی جاتی ہو۔ ۶۔ ابرق کٹی جاتی ہو۔ ۷۔ صابن سازی ہوتی ہو۔ ۸۔ دباغت کی جاتی ہو یعنی چمڑے کو پکانے کا کام کیا جاتا ہو۔ یا اون کی صفائی ہوتی ہو۔

Employment Rules, قواعد ملازمت ۔

Employment Standing Orders, ملازمت کے احکام جاریہ ۔

Empower, v اختیار دینا ۔ مجاز کرنا ۔

Empowered, a. مجاز ۔ ذی اختیار ۔

Empowered, Duly باضابطہ مجاز ۔

بوقت مضرت مالک کے کام کے لیے اور اس کی اجازت سے استعمال ہو رہی ہو۔ یہ ذمہ داری مالک کی دیوانی ذمہ داری کہلاتی ہے۔ لیکن اگر ڈرائیور کو فوجداری عدالت مجرم قرار دے تو اس جرم کی سزا ڈرائیور پر عائد ہوگی، مالک ذمہ دار نہ ہوگا۔ مالک کی دیوانی اور فوجداری ذمہ داری میں فرق یہ ہے کہ مالک کی دیوانی ذمہ داری اس ہرجہ اور نقصان کی بناء پر عائد ہوتی ہے جو اس کے ملازم کے فعل کے سبب شخص دیگر کو پہنچا ہو، جب کہ فوجداری ذمہداری شخصاً ملازم پر اُس کی غفلت یا بے احتیاطی کی بناء پر عائد ہوتی ہے جس کی وجہ سے شخص دیگر کی ذات یا ملکیت کو مضرت پہنچی ہو۔

ایک مقدمہ میں یہ بھی قرار دیا گیا کہ یہ ضروری نہیں ہے کہ وہ کام جس میں مضرت پہنچی ہو مالک کے فائدہ کے لیے کیا گیا ہو۔ اگر نقصان ایسے معاملہ میں پہنچا ہو جو ملازم کے مفوضہ (Assigned) کام سے تعلق نہ رکھتا ہو تو مالک صرف ایسے افعال کی بابت ذمہ دار ہوگا جس کی اُس نے صراحتاً اجازت دی ہو یا بعد ازاں اس کام کو قبول یا منظور کر لیا ہو۔ غلطی مستوجب ٹارٹ (Tort) اس کام کا قدرتی نتیجہ ہونا چاہیے جس کو ملازم نے اپنے مالک کے صریحی احکام کی بناء پر انجام دیا ہو۔ یہاں ملازم اپنے مالک کا صحیح معنی میں کارندہ ہے۔ اس لیے مالک کو اس فعل کا مواخذہ دار ہونا چاہیے جو اس کے حکم کی بناء پر کیا گیا ہو۔

ملازم نے اپنے یا اپنے مالک کے فائدہ کے لیے اگر اپنے اختیارات حاصلہ کے اندر کوئی فریب کیا ہو تب بھی بعض صورتوں میں مالک مواخذہ دار ہوگا (۱۵ کوئینس بینچ ڈویژن ص ۱۳۷)۔

Employment, n. ملازمت ۔ مشغلہ ۔ ماموری ۔

Employment Exchange, محکمہ فراہمی روزگار ۔

تقسیم ہند کے فوراً بعد اگست ۱۹۴۷ء میں پاکستان میں فراہمی روزگار کا محکمہ قائم ہوا ہے اور پاکستان کے ہر بڑے شہر میں اس کی شاخیں قائم کی گئی ہیں۔

تقسیم ہند سے قبل جنگ دوم عظیم کے اختتام پر ۱۹۴۵ء میں یہ محکمہ اس غرض سے قائم کیا گیا تھا کہ فوج سے علیحدہ شدہ سپاہیوں اور کار کنوں

باضابطہ طور پر اختیار دیا گیا (شخص یا ادارہ) ۔

Empowered, Specially بطور خاص مجاز ۔ بالخصوص مجاز ۔

Empress, *n.* ملکہ ۔

Emptor, *n.* خریدار ۔

Emptor, Caveat خریدار ہوشیار باش ۔
See "Caveat Emptor"

Enable, *v.* مجاز کرنا ۔ مختار کرنا ۔

Enabling Act or Statute, قانون جس کی رو سے کوئی قید یا ناقابلیت رفع کی جائے یا کسی کام کے کرنے کا اختیار دیا جائے۔

Enach, *n.* کسی گناہ یا جرم کا معاوضہ ۔

Enact, *v.* قانون بنانا ۔ قانون وضع کرنا ۔

Enactment, *n.* وضع شدہ قانون ۔

Encash, *v.* بھنانا ۔ زر نقد میں تبدیل کرنا ۔ (کسی ڈرافٹ یا چیک وغیرہ کا)

Encashment, *n.* بھنانا ۔ زر نقد میں تبدیل کرنا ۔ بھناؤ ۔

Encircle, *v.* احاطہ کرنا ۔ گھیرنا ۔

Enclose, *v.* ملفوف کرنا ۔ گھیرنا ۔

Enclosed, *a.* ملفوف ۔

Enclosure, *n.* احاطہ ۔

Encounter, *v.* مقابلہ کرنا ۔ ملنا ۔ لڑائی کرنا ۔ مڈبھیڑ ہو جانا ۔

Encroach, *v.* ناجائز طور پر دبا لینا ۔ تسلط کرنا ۔ دست درازی کرنا ۔ غصب کرنا ۔

Encroacher, *n.* مداخلت کنندہ ۔

Encroachment, *n.* دست درازی۔مداخلت (ناجائز)۔

Encumber, *v.* بار ڈالنا ۔ مائل ہونا ۔

Encumbered estate, جائیداد زیر کفالت ۔

Encumbrance, *n.* کفالت ۔ بار ۔

Encumbrancer, *n.* کسی کی جائیداد پر دعویٰ (بار کفالت) رکھنے والا شخص ۔

Endanger, *v.* خطرہ میں ڈالنا ۔

Ending, *n.* مختتمہ ۔ جزو آخر ۔

Endogamy, *n.* اپنی ذات یا برادری میں شادی کرنے کا رواج ۔

Endorse, *v.* تحریر ظہری لکھنا ۔ تظہیر کرنا ۔ تائید کرنا ۔

Endorsed, *a.* تظہیر شدہ ۔ تائید کردہ ۔

Endorsee, *n.* مظہر الیہ ۔

Endorsement, *n.* تحریر ظہری۔تظہیر۔ظہر نویسی ۔
تحریر ظہری کے عام معنی دستاویز کی پشت پر کسی چیز کا لکھا یا چھپا ہونا ہے ۔ پرونوٹ' مبادلہ ہنڈی یا چیک پر تحریر ظہری کا مطلب ایک شخص کا اس دستاویز کی پشت پر اپنا نام بغرض بیع و شریٰ لکھنا ہے ۔ اس کے لیے کسی مخصوص عبارت کی قید نہیں (۳۳ مدراس ۳۴) ۔ تحریر ظہری دستاویز کی پشت پر درج ہونی چاہیے۔ ظہر نویس (Endorser) کے دستخط بھی لازمی ہیں ۔

Endorsement, Blank تحریر ظہری معرا ۔
اگرظہرنویس نے دستاویز کی پشت پرصرف دستخط کیے ہوں تو یہ تحریر ظہری معرا کہلائے گی ۔

Endorsement in full, تحریر ظہری مصرح ۔
اگر ظہر نویس دستاویز کی پشت پر اپنے دستخط کے ساتھ اس امر کی صراحت کرے کہ وہ کس کے حق میں تحیرر ظہری لکھ رہا ہے تو یہ تحریر ظہری مصرح کہلائے گی ۔

Endorsement of licence, تظہیر اجازت نامہ ۔

Endorser, *n.* ظہر نویس ۔

Endow, *v.* وقف کرنا ۔ عطا کرنا ۔

Endowed, *a.* موقوفہ۔ وقف کردہ ۔عطا کردہ ۔

Endowed trust, وقفی تولیت ۔ تولیت موقوفہ ۔ وقف ۔

Endowment fee, رسوم وقف ۔

Endowment fund, سرمایہ' وقف ۔

Endowments, *n.* اوقاف ۔

Endowments, Charitable خیراتی اوقاف ۔
see under 'Charitable' also

Endowments, Religious مذہبی اوقاف ۔
See under 'Charitable' also.

Endurance, *n.* تحمل ۔ برداشت ۔

Enduring, *a.* مستحکم ۔ متحمل ۔ استحکام وغیرہ ۔

Enemy, *n.* دشمن ۔

Enemy Properties Ordinance, قانون املاک

دشمن ۔

Energetic, *a*. مستعد ۔

Enfoeff, *v*. عطا کرنا ۔ تفویض کرنا (حق یا قبضہ ٔ اراضی) ۔

Enforce, *v*. نافذ کرنا ۔ جاری کرنا ۔ زور ڈالنا ۔

Enforcement, *n*. نفاذ ۔ اجراء ۔

Enfranchise, *v*. حق رائے دہی عطا کرنا ۔ شہری حقوق عطا کرنا ۔

Enfranchisement, *n*. حق رائے دہی ۔

Engage, *v*. مقرر کرنا ۔ نسبت کرنا ۔ مصروف رکھنا ۔ نوکر رکھنا ۔ معاہدہ کرنا ۔

Engage a pleader, وکیل مقرر کرنا ۔
عدالت پر یہ فرض عائد ہوتا ہے کہ وہ فریق مقدمہ کو وکیل مقرر کرنے کے لیے مناسب مہلت عطا کرے ۔

Engagement, *n*. اقرار نسبت ۔ مصروفیت ۔ کام ۔ عہد ۔ منگنی ۔

Engine, *n*. انجن ۔ ۔ ذریعہ ۔ تدبیر ۔

English decisions, نظائر انگلستان ۔
فیصلہ جات انگلستان ۔ انگریزی فیصلہ جات ۔
قبل از تقسیم پریوی کونسل کے وہ فیصلہ جات جو انڈیا (ہند و پاکستان) میں دائر کردہ اپیلوں پر صادر ہوئے تھے ہندوستان و پاکستان کی عدالتوں کے لیے قابل پابندی تھے ۔ اگرچہ اب پریوی کونسل کا کوئی تعلق ہماری عدالتوں اور ان کے صادر کردہ فیصلوں سے باقی نہیں رہا ہے لیکن وہ سابقہ فیصلے اب بھی ہماری ہائی کورٹوں اور ان کی ماتحت عدالتوں کے لیے قابل پابندی ہیں ۔ البتہ ہماری سپریم کورٹ کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ پریوی کونسل کے کسی فیصلہ پر عمل پیرا نہ ہو (پی ۔ ایل ۔ ڈی ۱۹۵۹ع سپریم کورٹ ص ۱۰۷)۔ دارالامراء (House of Lords) 'کورٹ آف اپیل اور چانسری ڈویژن کے فیصلہ جات اگرچہ ہماری عدالتوں کے لیے کسی بھی وقت قابل پابندی نہیں رہے لیکن جو قوانین ہند و پاکستان اور انگلستان میں یکساں نوعیت کے نافذ رہے ہیں ان قوانین سے متعلق فیصلہ جات سے برابر رہ نمائی حاصل کی جاتی رہی ہے۔ تقسیم کے بعد پریوی کونسل یا کسی بھی بیرونی عدالت کا کوئی فیصلہ ہماری عدالتوں کے لیے لائق پابندی نہیں ہے ۔

English law, قانون انگلستان ۔ انگریزی قانون ۔

English mortgage, رہن انگریزی ۔
جب کوئی جائیداد اس شرط کے ساتھ بیع کی جاتی ہے کہ ایک مقررہ مدت کے اندر بائع زر ثمن واپس کرکے مشتری سے جائیداد کو اپنے نام منتقل کرا لے گا تو ایسی معاملت معاہدہ رہن انگریزی کہلاتی ہے [ملاحظہ ہو دفعہ ۵۸ ضمن (ای) قانون انتقال جائیداد ۱۸۸۲ع] ۔
اسلامی قانون میں اس قسم کی بیع کو "بیع الوفا" کہتے ہیں ۔

Engrave, *v*. کندہ کرنا ۔

Engraved, *a*. کندہ ۔ کھدا ہوا ۔

Engraved stamp, کندہ اسٹامپ ۔

Engraver, *n*. کندہ کرنے والا ۔
(ملاحظہ ہو قانون ۳ بابت ۱۹۱۴ع) ۔

Engross, *v*. (۱) خوشخط لکھنا۔جلی خط میں لکھنا۔
یہ اصطلاح عموماً دستاویزات کی نسبت استعمال کی جاتی ہے ۔
(۲) قیمت بڑھانے کی غرض سے مال خریدنا ۔

Enhance, *v*. اضافہ کرنا ۔ بڑھانا ۔

Enhanced, *a*. اضافہ شدہ ۔

Enhanced powers, اضافہ شدہ اختیارات ۔

Enhanced rate, اضافہ شدہ نرخ یا شرح ۔

Enhancement, *n*. اضافہ ۔

Enhancement of punishment, اضافہ سزا ۔ از دیاد سزا ۔

Enhancement of rent, اضافہ کرایہ ۔

Enhancement of revenue, اضافہ لگان یا مالگذاری ۔

Enjoin, *v*. حکم یا ہدایت دینا ۔

Enjoy, *v*. فائدہ اٹھانا ۔ تصرف کرنا ۔ لطف اٹھانا ۔

Enjoyment, *n*. استفادہ ۔ تصرف ۔ لطف ۔ تمتع ۔

Enjoyment, Peaceful پر سکون استفادہ ۔

Enjoyment without any let or hindrance, استفادہ بلا کسی مزاحمت کے ۔

Enlarge, *v*. توسیع کرنا ۔ بڑھانا ۔ رہا کرنا ۔

Enlarge on bail, ضمانت پر رہا کرنا

نہیں ہے بلکہ یہ اس ضابطہ یا اصول کا نام ہے جس کے ذریعہ ان کوتاہیوں اور خامیوں کو رفع کیا جاتا ہے جو قانون عامہ (Common Law) میں پائی جاتی ہیں۔

نصفت قانون نافذہ کے جملہ احکام و قواعد کی پابند ہے، مگر جہاں کوئی صریح قانونی حکم موجود نہ ہو یا کوئی قانونی حکم مانع نہ ہو تو نصفت کے تحت دادرسی عطا کی جا سکتی ہے لیکن نصفت کے اصولوں کو قانون کے ناکام بنانے کے لیے استعمال نہیں کیا جا سکتا۔ نیز ایسے فریق کے حق میں نصفت کے تحت داد رسی عطا نہیں کی جا سکتی جس نے قانون کو نظرانداز کرتے ہوئے خود کو مضرت میں ڈالا ہو۔ اسی طرح طویل اور غیر ضروری تاخیر اور مدعی کی غفلت کی بناء پر بھی نصفت کے تحت داد رسی عطا نہیں کی جا سکتی۔

Equity, Court of — عدالت نصفت۔

انگلستان و پاکستان میں عدالت ہائے نصفت و قانون ایک ہی ہیں۔ پہلے انگلستان میں علیحدہ عدالت نصفت ہوا کرتی تھی۔

Equity, In — بلحاظ نصفت۔ انصاف کی رو سے۔

Equity, justice and good conscience, — نصفت، انصاف اور نیک نیتی۔

جب کسی امر کی نسبت کوئی صریح قانون موجود نہ ہو تو عدالت نصفت، انصاف و نیک نیتی کے مطابق فیصلہ کرے گی۔

Equity of redemption, — نصفت حق انفکاک۔

Equity of statute, Within the — داخل نصفت قانون۔

Equity, Principles of — اصول نصفت۔

Equivalent, *n.* — مساوی۔ مترادف۔

Equivocation, — ذو معنیٰ بات کہنا۔ ایک قسم کا ٹالنے کا جواب۔

Era, *n.* — سنہ تقویمی۔ دور۔

Eradicate, — جڑ سے اکھاڑنا۔ استیصال کرنا۔ قلع قمع کرنا۔

Erase, *v.* — چھیلنا۔ مٹانا۔

Erasure, *n.* — مٹاؤ۔ چھلاؤ۔

کسی دستاویز میں الفاظ یا عبارت کا کٹا یا چھلا ہونا قانون کی نظر میں، بالخصوص بعض قسم کے معاہدوں اور اور انتقال جائیداد کے سلسلہ میں، خاص اہمیت رکھتا ہے کیونکہ دفعہ ۹۱، ۹۲ قانون شہادت کے تحت اگر کوئی دستاویز موجود ہو تو نفس معاملہ کے متعلق وہ دستاویز ہی شہادت میں پیش کی جائے گی۔ چنانچہ اگر دستاویز میں کوئی ایسا جزو عبارت کٹا یا چھلا ہو جو نفس معاملہ پر اثر انداز ہوتا ہو تو عدالت اس دستاویز کو مشکوک قرار دے سکتی ہے۔ اس لیے ضروری ہے کہ فریقین ان الفاظ یا جزو عبارت پر اپنے دستخط ثبت کر دیں تاکہ یہ قیاس کیا جا سکے کہ وہ عبارت بوقت تکمیل دستاویز یا اس سے قبل کاٹی یا چھیلی گئی ہے۔

دستاویز کے کسی مشتبہ مقام پر حروف کی تبدیلی یا مٹنے کی توضیح اس فریق کو کرنی چاہیے جو دستاویز کی تعمیل کرانا چاہتا ہے۔ خصوصاً جبکہ دستاویز کی تبدیلی سے دستاویز کے مطلوبہ اسٹامپ پر اثر پڑتا ہو۔ لیکن اس کے کل مضمون پر بہت سی بندشیں اور قیود عائد کی گئی ہیں۔

وصیت نامہ میں تبدیلی کا بار ثبوت اس پر ہوتا ہے جو وصیت نامہ کی عبارت میں کسی تبدیلی سے فائدہ اٹھاتا ہے کہ وہ ایسی شہادت پیش کرے جس سے عدالت یہ نتیجہ نکال سکے کہ عبارت میں تبدیلی وصیت نامہ کی تکمیل سے پہلے ہوئی تھی۔

Erect, *n.* — سیدھا۔ ایستادہ۔

Erect, *v.* — بنانا۔ تعمیر کرنا۔

Extra, *n.* — غلط نامہ۔

Erroneous, *a.* — غلط۔ غیر صحیح۔

Erroneous collection, — غلط تحصیل۔

Erroneous conclusion, — غلط نتیجہ۔

Erroneous inclusion, — غلط شمول۔

Erroneous judgement, — غلط تجویز یا فیصلہ۔

Erroneously, *ad.* — غلطی سے۔

Error, *n.* — غلطی۔ خطاء۔

اگر کسی عدالتی فیصلہ میں اتفاقاً کوئی تحریری یا حسابی غلطی یا سہو ہو جائے تو عدالت از خود یا کسی فریق مقدمہ کی درخواست پر اس غلطی کی تصحیح کر سکتی ہے [تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو دفعہ ۱۵۲ و حکم ۴۷ قاعدہ ۱ (ضابطہ دیوانی) بسلسلہ نظر ثانی]

Error apparent on the face of record, غلطی ظاہر بہ مسل عدالت ۔

اگر غلطی مسل عدالت سے ظاہر ہو تو عدالت زیر اختیار نظرثانی دفعہ ۱۱۴ و حکم ۴۷ قاعدہ ۱ ضابطہ دیوانی اس حکم یا تجویز پر نظر ثانی کر سکتی ہے اور اپنے سابقہ حکم کو منسوخ کر سکتی ہے یا اس میں ترمیم کر سکتی ہے ۔

Error, Arithmetical حسابی غلطی ۔

Error, Clerical تحریری غلطی ۔ غلطی کتابت ۔

اگر کسی حکم یا تجویز یا ڈگری میں تحریر کی کوئی غلطی پائی جائے تو عدالت از خود یا فریق کی درخواست پر زیر دفعہ ۱۵۲ ضابطہ دیوانی اسے درست کر سکتی ہے بشرطیکہ یہ غلطی نفس فیصلہ کی نہ ہو اور نہ اس کا ارتکاب خود جج نے کیا ہو ۔

Error in writing, غلطی تحریر ۔

Error, Material اہم غلطی ۔

قانون کی نظرمیں اہم غلطی یہ ہے کہ اگر وہ غلطی سرزد نہ ہوتی تو فیصلہ اس سے مختلف ہوتا یا ہو سکتا تھا' جو اس امر سے متعلق عدالت نے دیا ہو ۔

Error of law apparent on the face of record, غلطی قانون ظاہر بہ مسل ۔

''غلطی قانون ظاہر بہ مسل عدالت'' کا اصول انگریزی قانون کی پیداوار ہے ۔ اس اصول کا مفہوم یہ ہے کہ اگر عدالت ماتحت نے کسی مقدمہ کی سماعت اپنے حدود اختیار کے اندر رہ کر کی ہو مگر سماعت مقدمہ کے دوران اس نے کسی ایسی قانونی غلطی کا ارتکاب کیا ہو جو مسل عدالت سے ظاہر ہوتی ہو تو عدالت بالا اس حکم کو اپنے اختیارات خصوصی کے تحت منسوخ کر سکتی ہے ۔

Error, Technical فنی غلطی ۔

Escape, *v.* بھاگ جانا ۔ فرار ہونا ۔ بچنا ۔

Escape, *n.* فرار ۔

Escape assessment, تشخیص مفرور ۔

قانون محصول آمدنی (انکم ٹیکس) کی دفعہ ۳۴ کے تحت (escape assessment) سے مراد کسی فرد یا فرم یا جماعت کی اس آمدنی کی تشخیص ہے جو یا تو سرے سے تشخیص ہی نہ ہوئی ہو یا کوئی ذریعہ آمدنی یا آمدنی کا کوئی حصہ کسی سال کی آمدنی میں تشخیص ہونے سے رہ گیا ہو ۔

موجودہ قانون انکم ٹیکس کے تحت انکم ٹیکس آفیسر کو یہ اختیار حاصل ہے کہ وہ مشخص الیہ کی ایسی پوشیدہ آمدنی جو کسی بھی سال سے متعلق ہو تشخیص کر سکتا ہے لیکن اگر کوئی آمدنی محکمہ' انکم ٹیکس کے آفسر کی کوتاہی کی بناء پر تشخیص ہونے سے رہ گئی ہو تو صرف گذشتہ چار سال تک کی ایسی آمدنی تشخیص کی جا سکے گی ۔

Escheat, *n.* ضبطی (جائیداد لاوارث بحق سرکار) ۔

Escheat, *v.* ضبط کرلینا (جائیداد لاوارث بحق سرکار) ۔

Escheated to Government, ضبط بحق سرکار ۔

حکومت کو یہ حق دستور پاکستان کے تحت حاصل ہے بشرطیکہ اس جائیداد و املاک کا کوئی بھی وارث موجود نہ ہو ۔

Escort, *n.* بدرقہ ۔ دستہ' محافظین ۔

Escort, *v.* بدرقہ کا کام دینا ۔ حفاظت کے لیے سفر میں ساتھ جانا ۔

Escrow, *n.* دستاویز بہ تحویل امانتی ۔

دستاویز جو شخص ثالث کے سپرد کسی شرط کی تکمیل یا کسی کام کی بجا آوری کی غرض سے رکھی جائے اور جب وہ کام ہو جائے تب اس شخص کے حوالہ کر دی جائے جس کے حق میں وہ تحریر کی گئی ہو ۔

Especial, *a.* مخصوص ۔

Especially, *ad* خصوصاً ۔

Espouse, *v.* حمایت کرنا ۔ شادی کرنا (مرد کا) ۔

To espouse a cause, کسی معاملہ میں حامی بن جانا ۔

Esquire, ایک تعظیمی لفظ جو شرفاء اور معززین کے نام کے آخر میں لکھا جاتا ہے ۔

Essence, *n.* روح ۔

Essence of the contract, روح معاہدہ ۔

کسی معاہدہ میں کوئی شرط جو فریقین نے باہمی سمجھتی ہو اور طے کی ہو کہ وہ معاہدہ کے لیے ایسی اہمیت کی حامل ہے کہ معاہدہ کی تکمیل' بغیر اس شرط کی مکمل بجا آوری کے نہیں ہو سکتی تو کہا جائے گا کہ وہ شرط معاہدہ کی روح ہے ۔

Essential, *a.* لازم ۔

Establish, *v.* — قائم کرنا ۔

Established, *v.* — قائم شدہ ۔ مسلّمہ ۔

Establishment, *n.* — عملہ ۔ نظام ۔ کسی واقعہ کا اثبات ۔

Estate, *n.* — جائیداد ۔ ملکیت ۔

اگرچہ قانونی مفہوم میں اس اصطلاح کا اطلاق صرف زمینات اور دیگر جائیداد غیر منقولہ پر ہوتا ہے لیکن اس کے عام معنی میں جائیداد منقولہ و غیر منقولہ دونوں شامل ہیں ۔

Estate, Absolute — ملکیت قطعی ۔

Estate, Contingent — ملکیت مشروط ۔

Estate, Determinable — ملکیت قابل انقطاع۔

Estate duty, — محصول فوتی ۔

وہ محصول جائیداد جو متوفی کی مملوکہ و مقبوضہ جائیداد پر عائد ہوتا ہے ۔ یہ ٹیکس پاکستان میں ۱۹۵۰ع میں نافذ کیا گیا ہے ۔ انگلستان میں اس کو Death Duty Tax کہا جاتا ہے ۔

see "Death Duty" also

Estate for life, — جائیداد حین حیاتی ۔
حق جائیداد تا حیات ۔

دھرم شاستر(قانون ہنود) میں بیوہ کوشوہرکی وفات کے بعد اس کی جائیداد میں حق تاحیات حاصل ہوتا ہے اور بیوہ کی وفات کے بعد جائیداد کی حقیت شوہر کے وُرثا کو عود کر جاتی ہے جو ایسی حالت میں عودی ورثاء (Reversioneries) کہلاتے ہیں ۔

Estate in Common, — جائیداد مشترک ۔

Estate in expectancy, — جائیداد متوقعہ ۔

Estate in possession, — جائیداد مقبوضہ ۔

Estate, Joint — جائیداد مشترک۔ ملکیت مشترک۔

Estate Manager, — منتظم جائیداد ۔ کرتا ۔

Estate, Personal — جائیداد منقولہ ۔

Estate, Real — جائیداد غیر منقولہ ۔

Estimate, *n.* — تخمینہ ۔ اندازہ ۔

Estimated yield, — تخمینی پیداوار ۔

Estop, *v.* — روکنا ۔ مانع ہونا ۔

Estoppage, *n.* — مانعہ ۔ امتناع ۔

Estopped *a.* — امر مانعہ ۔ ممنوع ۔

Estoppel, *n.* — امر مانع تقریر مخالف ۔ امر عارض ۔

قانون میں امر مانع تقریر مخالف کی یہ تعریف بیان کی گئی ہے کہ جب کوئی شخص اپنے بیان یا کسی فعل یا ترک فعل سے عمداً کسی اور شخص کو یہ باور کرانے یا باور کرنے دے کہ کوئی چیز صحیح ہے اور اس یقین پر عمل بھی کرنے دیا ہو تو ایسے شخص یا اس کے قائم مقام قانونی کو اس کی اجازت نہ ہوگی کہ کسی مقدمہ یا کارروائی میں جو اس کے قائم مقام اور اس شخص کے مابین ہو اپنی جواب دہی میں اس بات کی صداقت سے انکار کرے (قانون شہادت ۱۸۷۲ع) ۔

امر مانع تقریر مخالف کے لیے دھوکہ دہی کی نیت ضروری نہیں ۔ اصول یہ ہے کہ "خود کردہ را علاجے نیست" ۔ اس اصول کا مقصد یہ ہے کہ سچ ہونے کا یقین دلا کر دوسرے سے عمل کرانے والے کو اپنے سابقہ بیان سے پلٹنے یا منحرف ہونے سے روکا جائے۔ اس امتناع کا نام امر مانع تقریر مخالف ہے ۔

امرمانع تقریرمخالف چار صورتوں میں پیدا ہوتا ہے۔

(۱) ریکارڈ سے یعنی عدالت کے فیصلہ سے ۔
(Estoppel by record)

(۲) معاہدہ یا کسی دستاویز سے ۔
(Estoppel by contract or deed)

(۳) طرز عمل سے ۔ (Estoppel by conduct)

(۴) از روئے نصفت (Estoppel by equity) ۔

(تفصیل کے لیے ملاحظہ ہوں دفعات ۱۱۵-۱۴۷ قانون شہادت) ۔

فی الجملہ امر مانع تقریر مخالف کے اصول کی بنیاد پر جو قیاس قانونی پیدا ہوتا ہے وہ ساری دنیا کے خلاف نہیں بلکہ کسی خاص شخص کے خلاف صحیح تصور کیا جاتا ہے ۔ اس کا مقصد یہ ہے کہ لوگوں کو دوسرے سے اپنے ایسے بیانات کی نیک نیتی اور صداقت کا پابند کرانے کے لیے جن پر دوسرے اشخاص نے عمل کیا ہو قانوناً بیانات کا پابند کرایا جائے۔ چنانچہ اگر واقعات جو ایک مرتبہ اہمیت کے ساتھ بیان کیے گئے ہیں، بعد میں جب کبھی بیان کنندہ اپنے لیے موقع دیکھے، ان سے انکار کر سکے تو مقدمہ بازی

اور افراتفری کبھی ختم ہوگی اور انصاف کے تقاضوں کا خون ہوتا رہے گا۔

قانونی میں امر مانع تقریر مخالف سے متعلق بہت سے اصول ملتے ہیں۔ حسب ذیل تین اصول نہایت اہم ہیں۔

(۱) امر مانع تقریر مخالف باہمی اور دو طرفہ ہونا چاہیے، یعنی دونوں فریق پر قابل پابندی۔

(۲) عام طور پر امر مانع تقریر مخالف فریق یا شریک کے خلاف مؤثر ہوتا ہے دیگر اشخاص اس کے پابند نہیں ہوتے۔

(۳) متضاد امور مانع تقریر مخالف ایک دوسرے کو بے اثر کر دیتے ہیں۔

Estreat, *n.* عدالتی مسل کی نقل،

(جو مقدمہ دائر کرنے کی غرض سے عدالت سے نکلوائی جائے اور پھر عدالت کو واپس کر دی جائے)۔

Estreat, *v.* ضبط ہونا۔

موجودہ زمانے میں یہ اصطلاح اس بانڈ وغیرہ کی ضبطی کے لیے استعمال کی جاتی ہے جو نقض شرط کی بناء پر ضبط کیا جائے۔

Etiquette, *n.* آداب۔

Etiquette of the bar, آداب پیشہ وکالت۔ آداب قانون پیشہ۔

Evacuate, *v.* خالی کرنا۔ چھوڑنا۔

Evacuee, *a.* & *n.* متروکہ۔ تارک وطن۔

Evacuee(s) accounts, حسابات تارکین۔

Evacuee, Intending جو ترک وطن کا قصد کر چکا ہو۔ ملاحظہ ہو "Intending evacuee"۔

Evacuee owner, تارک وطن مالک۔

Evacuee property, جائیداد متروکہ۔

Evade, *v.* گریز کرنا۔ بچنا۔

Evade Service, To, تعمیل (حکم نامہ یا سمن) سے گریز کرنا۔ بچنا۔

Evaluate, *v.* مالیت مقرر کرنا یا تشخیص کرنا۔

Evaluated, *a.* مشخص۔تشخیص شدہ۔تشخیص کردہ۔

Evaluation, *n.* تشخیص۔

Evasion, *n.* گریز۔

Evasion of Justice, انصاف گریزی۔

Evasive, *a.* ٹال مٹول والا۔ لیت و لعل والا۔

Evasive answer, مبہم جواب۔ ٹالنے کا جواب۔

بعض اوقات اس سے قیاس جرم پیدا ہوتا ہے لیکن اس قیاس کی تردید کی جا سکتی ہے۔

Even, *a.* ہموار۔ یکساں۔ جفت (بمقابلہ طاق)۔

Evenhanded, *a.* عادلانہ۔ بلا رو رعایت۔

Event, *n.* واقعہ۔

Event, At all ہر صورت۔ بہر حال۔

Event, Cost to abide the خرچہ مطابق نتیجہ عائد ہوگا۔

Eventful, *a.* پر از واقعات (اہم)۔

Event of, In the بصورت۔

Eventual, *a.* شدنی۔

Eventuality, *n.* حادثہ۔

Eventually, *ad.* آخر کار۔

Evict, *v.* بے دخل کرنا۔

Evictor, *n.* بے دخل کنندہ۔

Eviction, *n.* بے دخلی۔

Evidence, *n.* شہادت۔ گواہی۔

لفظ شہادت کے اصلی معنی صاف، ظاہر، عیاں یا مشہور ہونے کی حالت کے ہیں لیکن اس کے قانونی معنی میں کوئی امر واقعاتی جس کا اثر رجحان یا مقصد کسی دوسرے واقعہ کے ثبوت یا تردید کے متعلق ذہن میں یقین پیدا کرنا ہوتا ہے۔ شہادت کی ایک صورت عدالتی شہادت کی ہے جس کو عدالت بانئے انصاف ان واقعات کے ثبوت یا تردید کے لیے جن کے وجود کی آن کے سامنے بحث ہوتی ہے، قبول کرتی ہیں۔ شہادت کے اصول و قواعد عام طور پر دیوانی و فوجداری مقدمات میں ایک ہی ہوتے ہیں۔ شہادت کی بے جا منظوری یا نامنظوری پر مقدمہ کی از سر نو سماعت کا حکم دیا جا سکتا ہے، اگر فی الجملہ نا انصافی ہوئی ہو۔

Evidence Act, قانون شہادت۔

Evidence, Additional شہادت مزید۔

عدالت مرافعہ میں مزید شہادت اس صورت میں پیش کی جا سکتی ہے جبکہ عدالت ماتحت نے اس شہادت کے لینے سے انکار کر دیا ہو یا عدالت کسی امر زیر تجویز کے فیصلہ کی غرض سے کسی دستاویز

کا پیش ہونا یا کسی گواہ کا بیان قلمبند کرنا ضروری خیال کرے یا کوئی اور وجہ موجہ ہو۔ ایسی صورت میں عدالت حکم دینے سے پہلے وجوہ قلمبند کرے گی (ملاحظہ ہو حکم ۱۳ قاعدہ ۲ ضابطہ دیوانی)۔

Evidence, Call in گواہی میں طلب کرنا۔

Evidence, Circumstantial قرائنی شہادت۔

Evidence, Concealment of اخفاء شہادت۔
کتمان شہادت۔ شہادت کو چھپانا اور ظاہر نہ کرنا۔
اسلام شہادت دینے کو حق اللہ قرار دیتا ہے اس لیے قرآن ''لا تکتموا الشہادۃ'' کے الفاظ میں حکم دیتا ہے کہ گواہی نہ چھپاؤ۔

Evidence, Conclusive شہادت قطعی۔

Evidence, Corroborative شہادت تائیدی۔

Evidence, Crown's, King's or Queen's شہادت منجانب سرکار۔

Evidence, Derivative مکسوبی شہادت۔

Evidence, Direct راست شہادت۔

Evidence, Extrinsic خارجی شہادت۔

Evidence, False جھوٹی شہادت۔

Evidence, To give false, جھوٹی شہادت دینا۔
جھوٹی شہادت دینا تعزیری جرم ہے۔ اسلام نے خاص طور پر اس کی ممانعت کی ہے۔ شہادت ... دراصل حق اللہ ہے۔ قرآن میں آتا ہے کہ شہادت اللہ کے لیے دو' اور سچی شہادت دو خواہ وہ تمہارے والدین یا اقرباء ہی کے خلاف کیوں نہ ہو۔

Evidence, Hearsay سنی سنائی شہادت۔
شہادت سماعی۔
شہادت کا بنیادی اصول یہ ہے کہ فریقین بہترین شہادت پیش کریں۔ بہترین شہادت سے مراد وہ شہادت ہے جس کو گواہ نے خود ہوتے ہوئے دیکھا ہو یا کہتے ہوئے سنا ہو۔ سنی سنائی شہادت اس کو کہا جاتا ہے جو گواہ نے نہ تو خود ہوتے ہوئے دیکھی ہو اور نہ سنی ہو بلکہ متنازعہ معاملہ کے سلسلہ میں کسی دیگر شخص کی وساطت سے اس کے علم میں آئی ہو۔

Evidence, Instruments of آلات شہادت۔
آلات شہادت سے مراد وہ ''ذرائع'' ہیں جن سے ایسے واقعات کی شہادت جو یا تو نزاعی ہیں جن کا ثبوت درکار ہے' عدالت کو بہم پہنچایا جاتا ہے۔ آلات کے عنوان کے تحت وہ تمام اشیاء آتی ہیں جن سے کوئی مقدمہ ثابت ہوتا ہے اور اسی لیے اپنے وسیع مفہوم میں دستاویزات و اشخاص بھی آلات سمجھے جاتے ہیں۔ آلات شہادت تین قسم کے ہوتے ہیں:
(۱) گواہان' (۲) اشیاء (۳) دستاویزات

Evidence, Intrinsic داخلی شہادت۔

Evidence, Islamic Law of اسلامی قانون شہادت۔

Evidence on Commission, شہادت بذریعہ کمیشن۔
See under "Commission."

Evidence of testimony, شہادت علی الشہادت۔
یہ اصطلاح اسلامی قانون شہادت میں مستعمل ہے۔

Evidence, Oral زبانی شہادت۔

Evidence, Pre-appointed پہلے سے مقررہ شہادت۔

Evidence, Presumptive قیاسی شہادت۔

Evidence, Prima Facie بادی النظری شہادت۔

Evidence, Primary ابتدائی شہادت۔
ابتدائی (Primary) شہادت کی موجودگی میں ثانوی شہادت قابل قبول نہیں ہوتی (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو قانون شہادت ۱۸۷۲ع)۔

Evidence, Real مادی شہادت۔

Evidenee, Secondary ثانوی شہادت۔

Evidence, To turn king's سرکاری گواہ بن جانا (شریک جرم کا)۔

Evidence, Track شہادت نشان قدم۔

Evident, *a.* ظاہر۔ نمایاں۔ بین۔

Evidently, *ad.* بظاہر۔

Evil, *a.* & *n.* (۱) خراب۔ مضر۔ (۲) گناہ۔ برائی۔ بدی۔

Evil-doer, *n.* بدکار۔

Evil eye, نظر بد۔

Evil tongue, بد زبان۔

Evocation, (F.L.) مقدمہ کو عدالت ماتحت سے واپس لینا۔

Evoke, *v.* پکارنا ۔ بلانا ۔

Evoke the aid of law, امداد قانونی طلب کرنا ۔

Evolution, *n.* ارتقاء ۔

Exact, *a.* ٹھیک ۔ درست ۔

Exact, *v.* جبراً وصول کرنا (ٹیکس) ۔

Exact Sciences, علوم یقینی ۔ علم وحی ۔

Exaction, *n.* اخذ مطالبہ زائد ۔ معمول سے زائد محصول یا خراج ۔

Exaggerate *v.* مبالغہ کرنا۔ بڑھا چڑھا کر بیان کرنا۔

Exaggeration, *n.* مبالغہ ۔

Examination, *n.* معائنہ ۔ امتحان ۔ سوال و جواب ۔ اظہار لینا ۔

کھلی عدالتوں میں اظہار لینا گواہوں پر ایک رعب ہوتا ہے، جس سے نفسیاتی طور پر صداقت شہادت کا تحفظ مقصود ہے ۔

Examination, Cross جرح ۔ سوال جرح ۔

جو سوال ایک فریق، فریق مخالف کے گواہ سے اس کی شہادت کی جانچ کی غرض سے کرے وہ سوال جرح کہلاتا ہے ۔ فریق مخالف کو اختیار ہے کہ وہ جرح میں ہدایتی سوال (Leading question) کرے لیکن فریق پیش کنندہ اپنے گواہ سے جرحی یا ہدایتی سوال نہیں کر سکتا بجز اس کے کہ گواہ منحرف ہوگیا ہو ۔ ضروری نہیں ہے کہ سوالاتِ جرح محض انہی واقعات کی نسبت ہوں جو گواہ نے سوالات ابتدائی میں بیان کیے ہوں ۔ جرح کا منشاء یہ ہے کہ گواہ نے سوالات ابتدائی کے جواب میں جو جوابات دیے ہیں ان کی صحت و صداقت کو جانچا جائے اور ان حقیقی واقعات کا انکشاف کرایا جائے جن کو گواہ نے چھپا لیا ہے یا جن سے پہلو تہی کرنا چاہتا ہے جو جرح کرنے والے فریق کی تائید میں ہیں ۔

(See 'Cross Examination')

Also see 'Double edged-sword'.

Examination-in-chief, سوال ابتدائی ۔

جو سوال پیش کنندہ فریق اپنے گواہ سے کرے وہ سوال ابتدائی کہلاتا ہے ۔

Examination of parties, بیانات فریقین ۔ سوال بہ فریقین ۔

موجودہ عدالتی نظام میں فریق پر لازم ہے کہ وہ عرضی دعویٰ یا جواب دعویٰ میں اپنے مطالبات و جواب دہی کی نوعیت معہ ان اجزا کے جن کے بغیر دعویٰ کا اثبات یا ابطال نہیں ہو سکتا، ایک دوسرے پر واضح کریں ۔

اگر عرضی دعویٰ صاف اور مکمل ہو تو ابتدائی سماعت کے مرحلہ پر جبکہ تنقیحات قائم کی جاتی ہیں، تحت حکم نمبر ۱۰ قاعدہ نمبر ۱ بیانات فریقین کی ضرورت نہیں (۱۹۳۱ء سندھ ص ۹۲)۔ فریقین کو اس کی اجازت نہیں دی جا سکتی کہ وہ ایک دوسرے کے خلاف تحریری بیانات کا لامتناہی سلسلہ شروع کر دیں (۱۹۳۱ء پریوی کونسل صفحہ ۱۷۵)۔ عدالت کسی بھی فریق کو عدالت میں اصالتاً حاضر ہونے کا حکم دے سکتی ہے تا کہ مقدمہ سے متعلق اہم امور دریافت کیے جا سکیں خصوصاً جبکہ وکیل نے جواب سے معذوری کا اظہار کیا ہو (۱۹۲۸ء اودھ صفحہ ۴۰۹)۔ اگر بلا وجہ جائز فریق حاضر نہ ہو تو عدالت اس کے خلاف ڈگری دے سکتی ہے (۲۳ بمبئی صفحہ ۱۸۳)۔

Examination of witnesses, بیانات گواہان ۔ سوال بہ گواہان ۔

عدالتی نظام میں گواہی کو زبردست اہمیت حاصل ہے ۔ چنانچہ فریق مقدمہ کا یہ حق ہے کہ وہ دعویٰ کے اثبات یا ابطال میں گواہ پیش کرے اور یہ گواہی "بیان گواہ" کہلاتی ہے ۔

ہر فریق کو یہ حق حاصل ہے کہ اپنے تمام گواہان کے بیان قلمبند کرائے (۱۹۳۹ء کلکتہ صفحہ ۹۰۴)۔ عدالت بالعموم ایسے حق سے انکار نہیں کرے گی (۱ے موورس انڈین اپیلز صفحہ ۲۴۴) ۔

Examination, Order of ترتیب بیان ۔ ترتیب سوال (گواہ) ۔

سب سے پہلے پیش کنندہ فریق اپنے گواہ سے سوالات دریافت کرتا ہے۔ اس کے بعد فریق مخالف اس پر جرح کرتا ہے ۔ اگر جرح میں کسی نئے امر کی نسبت سوالات کیے گئے ہوں تو فریق پیش کنندہ کو اختیار ہوگا کہ وہ تشریح کی غرض سے اس امر کی نسبت سوال مکرر کرے ۔ اگر سوال مکرر میں کوئی

نیا امر باجازت عدالت پیش ہو تو فریق ثانی کو اختیار ہوگا کہ وہ اس امر کی نسبت پھر سوال جرح کرے (ملاحظہ ہوں دفعات ۱۳۵ - ۱۳۸ قانون شہادت) ۔

Examination paper, پرچہ سوالات ۔

Examination, Re- سوال مکرر ۔

جو سوال فریق پیش کنندہ اپنے گواہ سے جرح کے بعد کرے سوال مکرر کہلاتا ہے ۔ سوال مکرر کسی ایسی امر کی تشریح کی غرض سے کیا جاتا ہے جس کا ذکر سوالات جرح میں ہو، اور جواب میں ابہام (ambiguity) ہو ۔

Examine, *v.* سوال کرنا ۔ امتحان لینا ۔ جانچ کرنا ۔

Examiner, *n.* ممتحن ۔

Examiner, Chemical ممتحن کیمیائی ۔

Examiner, Accounts تنقیح کنندہ حسابات ۔

حسابی اصطلاح میں اس کو آڈیٹر (Auditor) کہا جاتا ہے ۔

Examiner of the Court, وہ وکیل جو بیرون عدالت گواہان کا بیان لینے کے لیے مقرر کیا جائے ۔

پاکستانی قانون میں ایسے شخص کو کمشنر مقرر کردہ عدالت کہا جاتا ہے ۔

Example, *n.* مثال ۔

Excavation, *n.* کھدائی ۔

آثار قدیمہ کی بلا اجازت کھدائی کرنا یا ان کو نقصان پہنچانا جرم ہے ۔

Exceed, *v.* تجاوز کرنا ۔

Exceed jurisdiction or power, اختیار سے تجاوز کرنا ۔

Exceeding, متجاوز ۔

Except, *v.* مستثنیٰ کرنا ۔ اعتراض کرنا ۔

Exception, *n.* استثناء ۔ اعتراض ۔

Exception clause, فقرۂ استثنائی ۔

Exceptionable, *a.* قابل اعتراض ۔ قابل گرفت ۔

Exceptional, *a.* استثنائی ۔

Exceptional case, استثنائی صورت ۔ استثنائی واقعہ ۔

Exceptional circumstances, استثنائی حالات ۔

Excess, *n.* زیادتی ۔

Excess deduction, زائد منہائی ۔

Excess income, زائد آمدنی ۔

زائد آمدنی سے مراد وہ آمدنی ہے جو مشخص الیہ نے افسران محکمۂ انکم ٹیکس کے روبرو ظاہر نہ کی ہو اور عمداً چھپائی ہو اور جس پر ٹیکس نہ لگ سکا ہو یا وہ آمدنی جس پر کسی غلطی کی بناء پر ٹیکس نہ لگا ہو ۔

Excess of jurisdiction, زائد از اختیار سماعت (عدالت) ۔ اختیار سماعت سے متجاوز ۔

اگر عدالت کا کوئی حکم اس کے اختیار سماعت سے متجاوز ہو تو وہ باطل (Void) ہے ۔

Excess payment, زائد ادائی ۔

Excess profit tax, محصول منافع زائد ۔

یہ ٹیکس ہندوستان میں تجارت کے ذریعہ زائد منافع پر لگایا گیا تھا جس کا نفاذ زمانۂ جنگ دوم میں ہوا ۔ پاکستان میں ۱۹۴۸ع سے اس ٹیکس کو ختم کرکے اس کی جگہ Business Profit Tax لگایا گیا لیکن وہ ٹیکس بھی ۱۹۵۹ع میں ختم کر دیا گیا ۔

Excessive, *a.* بے حد ۔

Exchange, *n.* تبادلہ ۔ مبادلہ ۔ زر مبادلہ ۔

Exchange ملکیت کے باہمی تبادلہ کی ایک صورت ہے جو مثل بیع کے ہے اور جس کے تحت فریقین کی ذمہ داریاں مثل بیع کے ہوتی ہیں ۔ اگر تبادلہ میں حاصل کی ہوئی چیز سے کوئی فریق محروم کر دیا جائے تو وہ تبادلہ میں دی ہوئی چیز واپس لے سکتا ہے (ملاحظہ ہوں دفعات ۱۱۸-۱۲۱ قانون انتقال جائداد) ۔

Exchange Account, حساب مبادلہ ۔

Exchange, Bill of مبادلہ ہنڈی ۔
(See under 'Bill')

Exchange Broker, دلال مبادلہ زر ۔

Exchange Control Department, محکمۂ انضباط مبادلہ زر ۔

Exchange, Deed of دستاویز تبادلہ ۔

Exchange, Foriegn غیر ملکی زر مبادلہ ۔ بیرونی زر مبادلہ ۔

Exchange of views, مبادلۂ نظریات ۔

Exchange Ratio, تناسب تبادلہ ۔

Exchange, Stock صرافہ ۔ ساہوکارہ ۔

Exchange value, مالیت تبادلہ ۔

Exchequer, *n.* محکمۂ خزانہ ۔ خزانۂ عامرہ ۔

اس محکمہ کے فرائض میں مملکت کے اہم محاصل اور آمدنیوں کا جمع کرنا اور بہ اجازت تقسیم کرنا شامل ہے ۔

Exchequer Bills, سرکاری ہنڈی ۔

Exchequer Bond, سرکاری تمسک ۔

Exchequer Court, انگلستان کی ایک عدالت جو اعلیٰ اختیارات کی حامل تھی اور زمانہٴ سابق میں محکمہٴ مال کے مقدمات کا تصفیہ کرتی تھی مگر اب عدالت عالیہ کی کنگز بنچ ڈویژن میں مدغم ہو چکی ہے

Excisable, *a*. قابل محصول آبکاری ۔

Excisable articles, اشیاء قابل محصول آبکاری ۔

Excise, *n*. & *v*. آبکاری ۔ چنگی ۔ چنگی لینا ۔

Excise Duty یعنی محصول آبکاری کی کوئی جامع تعریف کسی مروّجہ قانون میں نہیں کی گئی لیکن بالعموم یہ محصول اُن اشیاء پر لگایا جاتا ہے جو ملک میں تیار یا پیدا ہوتی ہیں اور اُن کی کھپت بھی ملک ہی میں ہوتی ہو ۔ ان اشیاء میں منشیات کو خاص اہمیت حاصل ہے ۔ مزید دیکھیے Excise Duty ۔

Excise Act, قانون آبکاری ۔

Excise and Taxation Commissioner, ناظم آبکاری و محصولات ۔

Excise Crimes, جرائم آبکاری ۔

Excise dues, واجبات آبکاری ۔

Excise duty, محصول آبکاری ۔

مروّجہ قانون میں ایکسائز ڈیوٹی یعنی محصول آبکاری کے بنیادی معنی اُس محصول کے ہیں جو ملک کے اندر بنے ہوئے مال پر لگایا جاتا ہے اور وہ مال ملک ہی میں صرف ہوتا ہے ۔ عام طور پر اس اصطلاح کو کسٹم ڈیوٹی یعنی محصول کمرک کے مقابلہ میں استعمال کیا جاتا ہے ۔ کسٹم ڈیوٹی سے وہ محاصل مراد ہیں جو ملک سے باہر سامان برآمد کرنے یا باہر سے درآمد کرنے پر لگایا جاتا ہے ، جب کہ ایکسائز ڈیوٹی یعنی محصول آبکاری وہ محصول ہے جو ملک کے اندر بنے ہوئے مال پر لگایا جائے ۔ پاکستان میں منشیات کی فروخت اور شکار کرنے کے اجازت ناموں پر جو محصول لیا جاتا ہے وہ بھی محصول آبکاری میں شامل ہے ۔

Excise officer, افسر آبکاری ۔

زیر دفعہ (۲) بشمول دفعہ ۱ قانون آبکاری پولیس افسر کو افسر آبکاری کے اختیارات حاصل ہیں اور وہ آبکاری قانون کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف تحت دفعات ۳۴، ۵ قانون آبکاری اقدام کر سکتا ہے ۔

Excise Revenue, محاصل آبکاری ۔

Excised, *a*. بریدہ (ذکر) ۔

اگر شوہر کا عضو تناسل کٹا ہوا ہو تو زوجہ بذریعہ عدالت تفریق طلب کرنے کی مجاز ہے کیونکہ اس بناء پر مقصد نکاح فوت ہو جائے گا ۔ (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو مجموعہٴ قوانین اسلام، مؤلف ہذا، جلد دوم صفحہ ۳۳۶) ۔

Excite, *v*. مشتعل کرنا ۔ جوش دلانا ۔

Excitement, *n*. اشتعال ۔ جوش ۔

Exclamation of anger or contempt, اف ۔

Exclude, *v*. خارج کرنا ۔ نکال دینا ۔

Excluded area, خارج کردہ یا خارج شدہ علاقے ۔

Exclusion, *n*. اخراج ۔ حجب ۔ (ورثہ سے) ۔

See 'Hajab' also.

Exclusion of evidence, اخراج شہادت ۔

Exclusion, Partial حجب جزوی ۔

یہ اصطلاح اسلامی قانون وراثت میں استعمال ہوتی ہے ۔

See 'Hajab' also.

Exclusion, Total حجب کلی ۔

یہ اصطلاح اسلامی قانون وراثت میں استعمال ہوتی ہے ۔

See 'Hajab' also.

Exclusion of, To the بہ محرومی ۔ باستثناء ۔

Exclusive, بلا شرکت غیرے ۔

Exclusive ownership, ملکیت بلا شرکت غیرے ۔

Exclusive possession, قبضہ بلا شرکت غیرے ۔

Exclusive right, حق بلا شرکت غیرے ۔

Excommunicate, *v*. ذات سے خارج کرنا ۔ حقہ پانی بند کرنا ۔

Exculpate, *v*. بری کرنا ۔ بے گناہ ٹھہرانا ۔ بے گناہ ثابت کرنا ۔

Excursion, *n*. تفریحی سفر ۔ سیر و تفریح ۔ سیر سپاٹا ۔

Excusable, *a*. قابل معافی ۔

Excusable homicide, قتل قابل معافی ۔

Excuse, n. & v. (۱) معافی ۔ عذر ۔ (۲) معاف کرنا ۔

Excuse, Lawful قانونی وجہ معافی ۔ جائز وجہ معافی ۔

یہ ضروری نہیں کہ ہر اچھی اور معقول وجہ قانونی وجہ معافی ہو ۔ اس لیے وجہ قابل معافی ایسی ہونی چاہیے جو قانون کی نظر میں قابل معافی ہو (مٹھن لال بنام ملک معظم ۔ الہ آباد لاجرنل ۱۹۳۷ع صفحہ ۶۱۰)۔ اس کا مطلب ایک ایسا عذر ہے جو قانون تسلیم کرتا ہے اور وہ غیر قانونی نہیں ہے لیکن کسی عذر کا محض غیر قانونی نہ ہونا اس کے قانونی ہونے کی دلیل نہیں ہے (اے ۔ آئی ۔ آر الہ آباد ۱۹۳۷ع صفحہ ۵۷۳)۔

Executant, n. تعمیل کنندہ ۔ تکمیل کنندہ ۔

Execute, v. تعمیل کرنا ۔ پھانسی دینا ۔ تحریر کرنا ۔ تکمیل کرنا ۔

Executed, a. تعمیل شدہ ۔

Executed consideration, تعمیل شدہ بدل ۔

بدل جو ایسے وعدہ پر مبنی ہو جس کا ایفاء کر دیا گیا ہو ۔

Executed contract تعمیل شدہ معاہدہ ۔

ایسا معاہدہ "تعمیل شدہ معاہدہ" کہلاتا ہے جس میں لین دین اسی وقت مکمل ہو جاتا ہے جبکہ معاہدہ کیا جائے اور اس میں فریقین کے لیے کچھ کرنا باقی نہیں رہتا ۔ مثلاً ایک چیز فروخت کرکے حوالہ کی جائے اور اس کی قیمت بھی اسی جگہ اور اسی وقت ادا کر دی جائے (وہارٹن)۔

Execution, n. بجا آوری ۔ تعمیل پھانسی ۔ تکمیل (دستاویز بذریعہ دستخط) ۔ نفاذ ۔ تنفیذ ۔ تعمیل ۔

Execution of award, تعمیل فیصلہ ثالثی ۔

Execution of decree, تعمیل ڈگری ۔ اجرائے ڈگری ۔

Execution of deed, تکمیل دستاویز (بذریعہ دستخط) ۔

Execution proceedings, کارروائی اجراء ڈگری ۔

Execution of sentence, تعمیل حکم سزا ۔

Execution warrant, حکم نامۂ پھانسی ۔

Executioner, n. جلاد ۔

Executive, a. & n. (۱) انتظامی ۔ عاملانہ ۔ (۲) حکومت کا صیغۂ انتظامی ۔ انتظامیہ ۔

Executive Agreement, عاملانہ سمجھوتہ ۔

Executive Government, حکومت انتظامی ۔

Executor, n. تعمیل کنندہ ۔ عامل ۔ وصی ۔

وصی اس شخص کو کہتے ہیں جس کو موصی (وصیت کرنے والے) نے اپنی وفات کے بعد وصیت کے نفاذ ، تعمیل و اجراء کے لیے نامزد کیا ہو ۔ اس کو وصی موصی کہا جاتا ہے ۔

وصی کے خلاف شخصی مطالبہ کو دستخطی تحریر سے ثابت کرنا چاہیے ۔

اگر موصی نے کوئی وصی مقرر نہ کیا ہو تو اجرائے وصیت کے لیے عدالت وصی مقرر کرے گی جس کو شرع اسلام میں وصی قاضی کہا جاتا ہے ۔ وصی کے اختیارات وغیرہ کی تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو مجموعہ قوانین اسلام ، مؤلفہ تنزیل الرحمن ۔ جلد چہارم ، باب ۳۰ "احکام وصی"

Executory, a. تعمیل طلب ۔

Executory consideration, تعمیل طلب بدل ۔

بدل جو ایسے وعدہ پر مبنی ہو جس کا ایفاء نہ کیا گیا ہو ۔

Executory contract, معاہدۂ تعمیل طلب ۔

See 'Contract, Executory' also.

Executrix, n. وصیہ (مونث) ۔

Exemplar, n. مثال ۔ نمونہ ۔

Exemplary, a. مثالی ۔

Exemplary damages, ہرجۂ تنبیہی ۔ تاوان یا ہرجۂ سبق آموز ۔

(See under 'Damages')

Exemplary punishment, سزائے عبرت انگیز ۔

یہ سزا اس وقت دی جاتی ہے جبکہ جرم انتہائی گھناؤنا ، شرمناک اور حد درجہ سنگین ہو ، تاکہ مجرم کے انجام کو دیکھ کر دوسروں کو عبرت ہو ۔

Exemplification, n. توضیح بہ مثال ۔

Exempli Gratia (e.g.), مثلاً ۔

Exempt, v. معاف کرنا ۔ مستثنیٰ کرنا ۔

Exemption, n. استثناء ۔

Exemption from personal attendance, اصالتاً حاضری سے استثناء ۔

دفعہ ۱۳۲ ضابطہ دیوانی آن پردہ نشین خواتین کو حاضری عدالت سے مستثنیٰ کرتی ہے جو بموجب رواج مجالس عام میں حاضر ہونے پر مجبور نہیں کی جا سکتیں (۱۹۳۷ع مدراس صفحہ ۵۲۹) - حتیٰ کہ کسی خاتون نے پردہ ترک کر دیا ہو تب بھی اس کو اس دفعہ کا فائدہ دیا جائے گا بشرطیکہ عدالت کو یہ اطمینان ہو جائے کہ اس خاتون کی سماجی حیثیت یا اس درجہ کی خواتین کے احساسات کے پیش نظر وہ اس استثناء کی مستحق ہے (۴۵ کلکتہ صفحہ ۵۹۷) - دفعہ ۱۳۲ گواہ اور فریق دونوں سے متعلق ہوگی (۱۹۳۳ع سندھ صفحہ ۳۰۵) - کسی عورت کا ایک مرتبہ حاضر عدالت ہونا اس کو حق استثناء سے محروم نہیں کرتا (۲۶ کلکتہ صفحہ ۶۱۷) - یہاں تک کہ عورت پر بد اخلاق کا الزام لگایا جائے تب بھی عدالت اصالتاً حاضری سے مستثنیٰ کرنے سے انکار نہیں کر سکتی (۵ کلکتہ ویکلی نوٹس صفحہ ۵۳۷) -

فوجداری قانون کے تحت بھی زیر دفعہ ۲۰۵ ضابطہ فوجداری جبکہ عدالت سمن جاری کرے تو اس کو اس امر کا اختیار دیا گیا ہے کہ کسی ملزم کو جائز وجوہ کی بناء پر، اگر مناسب خیال کرے تو، اصالتاً حاضری سے مستثنیٰ کر سکتی ہے - نیز زیر دفعہ ۵۴۰ الف اگر ملزم دو یا دو سے زائد ہوں اور عدالت اس پر مطمئن ہو کہ ملزمان میں سے کوئی ایک یا ایک سے زائد ملزم عدالت میں اصالتاً حاضر رہنے سے معذور ہیں تو وہ انہیں اصالتاً حاضری سے مستثنیٰ قرار دے کر وکالتاً حاضری کی اجازت دے سکتی ہے -

Exhibit, v. دکھانا - پیش کرنا -

Exhibit, n. دستاویز یا کوئی اور شے جو عدالت میں بطور شہادت استعمال ہونے کی غرض سے پیش کی جائے -

دستاویز یا کوئی اور شے جو دوران شہادت کسی گواہ کو دکھلائی جائے یا گواہ خود پیش کرے یا فریق خود اقبال کرے یا گواہ کے ذریعہ ثابت کرائی جائے وہ ''اگزبٹ'' یعنی مظہر کہلاتی ہے -

Exhibition, n. نمائش - اظہار -

Exhume, v. نعش کو کھود کر نکالنا -

نعش کھود کر نکالنا سخت جرم ہے، الا یہ کہ حاکم مجاز سے اجازت حاصل کر لی گئی ہو -

اسلامی قانون چونکہ تکریم انسانی کا قائل ہے، اس لیے کوئی ایسا فعل جو احترام آدمیت کے منافی ہو، ممنوع ہے - نعش کی بے حرمتی کی بھی سخت ممانعت ہے - حدیث میں آتا ہے کہ مردہ کی بھی اسی طرح تعظیم کرو جس طرح زندہ کی - چنانچہ نعش کو مثلہ کرنے کی آنحضرتؐ نے سخت ممانعت فرمائی ہے - اسی لیے فقہاء نے مردہ کی نعش کے بعض اجزاء کے ذریعہ انسانی پیوند کاری کو حرام قرار دیا ہے - تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو مجموعہ قوانین اسلام، جلد ۴، دفعہ ''انسانی اعضا کی پیوند کاری کے لیے وصیت'' -

Exigency, n. ضرورت -

Exigency, Unforeseen ضرورت نامعلوم یا نادیدہ -

Exigible dower, مہر معجل -

(See 'Prompt Dower')

Existence, n. موجودگی - وجود - حیات -

دفعہ ۳ ثالثی ایکٹ ۱۹۴۰ع میں جس ''موجودگی'' کا ذکر کیا گیا ہے اس سے حقیقی اور قانونی ہر دو موجودگی مراد ہوگی (پی ایل ڈی ۱۹۶۶ع ڈھاکہ ۲۳۱)

زرعی اصلاحات ریگولیشنز کے تحت صرف ان افراد کو موجودہ مالک (زمینیات) تصور کیا گیا جن کے نام بندوبست کے ریکارڈ میں درج تھے (پی ایل ڈی ۱۹۶۶ع (ویسٹ پاکستان ریونیو ص ۴) -

Existing, a. موجودہ -

Existing law, قانون موجودہ -

Existing owner, موجودہ مالک -

Existing use, موجودہ استعمال -

Exodium, n. آغاز (تقریر کا) -

Exodus, n. خروج - کوچ -

Ex-officio, بر بناء عہدہ -

Exogamy, n. ذات سے باہر شادی کرنا -

Exonerate, v. سبکدوش کرنا - بری کرنا (الزام سے) -

Exorbitant, a. بے حد - زائد - بہت زیادہ -

Exorbitant rate, زائد شرح - بہت زیادہ شرح -

Exorbitant rent, زائد کرایہ - بہت زیادہ کرایہ -

Expansion, n. توسیع - وسعت - پھیلاؤ -

Ex-parte, a. یک طرفہ -

Ex-parte decree, یک طرفہ ڈگری ۔

See "Exparte Proceedings"

Exparte hearing, یک طرفہ سماعت ۔

Exparte judgement, یک طرفہ فیصلہ ۔

Exparte order, یک طرفہ حکم ۔

Exparte proceedings, یک طرفہ کارروائی ۔

یک طرفہ کارروائی بالعموم اُس کارروائی کو کہتے ہیں جو فریق ثانی کی غیر موجودگی میں کی جاتی ہے ۔ یک طرفہ کارروائی کے تحت جو فیصلہ کیا جائے وہ فریق ثانی کی درخواست پر بوجوہ معقول منسوخ کیا جا سکتا ہے (دیکھیے ضابطہ دیوانی تحت ضابطہ دیوانی حکم ۹ ، قاعدہ ۹ و ۱۳)، لیکن اگر یک طرفہ کارروائی تحت حکم ۱۷ قاعدہ ۳ عمل میں لائی گئی ہو اور مقدمہ کا فیصلہ اس کے حسن و قبح پر کیا گیا ہو تو ایسی کارروائی یا فیصلہ محض ایسی درخواست پر منسوخ نہیں کیا جا سکتا ۔ اس کے لیے درخواست نظر ثانی (Review) یا مرافعہ پیش کرنا چاہیے کیونکہ مقدمہ کا فیصلہ فریق کی غیر حاضری کی بناء پر نہیں بلکہ باوجود موقع دہی عدم فراہمی ثبوت کی بناء پر کیا گیا ہے ۔ (اے ۔ آئی ۔ آر ۱۹۵۲ء الہ آباد) ۔

Expectancy, *a.* توقع ۔ حالت انتظار ۔ امید ۔

Expectant, *n.* متوقع ۔

Expectant estate, متوقع جائیداد ۔ حق جائیداد منتظرہ

ایسا حق جو آئندہ حاصل ہونے والا ہو ۔ اگر یہ حق جائیداد فریقین کے فعل سے پیدا ہوا ہے تو عصبی (Remainder) اور اگر قانون کے ذریعہ پیدا ہوا ہے تو حق مابعد یا عودی (Reversionary) کہلاتا ہے ۔

Expectant heir, متوقع وارث ۔

Expected value, متوقع مالیت ۔

Expected yield, متوقع پیداوار ۔

Expedient, *a.* قرین مصلحت ۔

Expedite, *v.* بہ عجلت کرنا (کام کا) ۔

Expeditiously, *ad.* بہ عجلت ۔

Expel, *v.* نکال باہر کرنا ۔ خارج کرنا ۔

Expenditure, *n.* خرچ ۔

Expense, *n.* صرف ۔

Expenses, *n.* اخراجات ۔

گواہ شہادت دینے سے پہلے زر خوراک (بھتہ) کی کارروائی کا مستحق ہوتا ہے ۔

Experience, *n.* تجربہ ۔

Experiment, *n.* تجربہ ۔

Experimental, *a.* تجرباتی ۔

Experimental basis, تجرباتی اساس ۔ تجرباتی بنیاد ۔

Expert, *n.* ماہر ۔

ماہر سے مراد وہ شخص ہے جو اپنے فن یا پیشہ میں ایک خاص مہارت و شعور رکھتا ہو جیسے سرجن جراحی میں اور معمار فن تعمیر میں ۔ ایسے شخص کو عدالت میں اس غرض سے بلایا جاتا ہے کہ وہ متنازعہ امر میں اپنی ماہرانہ شہادت دے ۔

جہاں کہیں عدالت کو کسی غیر ملکی قانون سائنس یا آرٹ سے متعلق یا تحریر کی شناخت سے متعلق کوئی رائے قائم کرنا ہوتی ہے تو ایسے ماہرین کی رائے مناسب اور برمحل سمجھی جاتی ہے ۔

See "Expert Witness" also.

Expert advice, ماہرانہ مشورہ ۔

Expert evidence, ماہرانہ شہادت ۔

ماہرین کی شہادت قابل ادخال ہوتی ہے ۔ ان کے خلاف توہین زبانی کی نالش نہیں ہو سکتی ۔

Expert opinion, ماہرانہ رائے ۔

Expert witness, ماہر فن گواہ ۔

ماہر فن گواہ سے ایسا شخص مراد ہے جس کو کسی معاملہ زیر تحقیقات میں اس لیے طلب کیا گیا ہو کہ وہ اُس معاملہ میں خصوصی علم یا خصوصی فہم رکھتا ہے (۹ چانسری ڈویژن ص ۵۰) ۔ گواہ پر ، جو ماہر فن کی حیثیت سے پیش ہو ، یہ بتلانا فرض ہے کہ آیا اُس کام کی کیا خصوصی تربیت یا تجربہ حاصل ہے ۔ لفظ "ماہر فن" نمایاں خصوصیت کا حامل ہے اس لیے ہر کسی کو عدالت میں اظہار رائے کی اجازت نہیں دی جا سکتی ، بجز اس کے کہ قانون شہادت کی دفعہ ۴۵ کے بموجب اُس پر ماہر فن کا اطلاق ہوتا ہو (۳۶ ۱ انڈین کیسیز ص ۴۴۱) ۔ جب کسی ماہر فن کو عدالت میں بطور گواہ طلب کیا جائے تو اس کو سفر خرچ اور دیگر اخراجات دلائے جائیں گے (۱۹۳۶ء بمبئی ص ۸۹) ۔ کسی ماہر فن گواہ پر جرح

کرنے کے لیے فریق ثانی ، کسی ماہر فن کو اپنا مختار بنا کر عدالت میں پیش کر سکتا ہے (۱۹۴۲ع ناگپور لا جرنل ص ۹۴۹) -

Expiate, *v.* کفارہ دینا - ہرجانہ دینا - تلافی کرنا -

Expiration, *n.* انقضاء - اختتام -

Expire, *v.* گذرنا - ختم ہونا - دم نکل جانا -

Expired sentence, سزائے منقضی - سزائے ختم شدہ -

Expiry, *n.* انقضاء - اختتام -

Expiry of leave, اختتام رخصت -

Expiry of sentence, انقضائے سزا -

Expiry of statute, انقضاء قانون - اختتام قانون -

اگر کسی قانون کو کسی مقررہ مدت کے لیے نافذ کیا ہو اور اس مدت کے گذرنے سے پہلے اس سلسلہ میں کوئی توسیع نہ کی گئی ہو ، تو وہ قانون مدت کے منقضی (ختم) ہوتے ہی ختم ہو جائے گا -

ایک عارضی قانون جو اپنی مدت یا مقصد کو پہونچکر منقضی (ختم) ہو گیا ہو اس کے متعلق یہ تصور کیا جائے گا کہ وہ کبھی وجود ہی نہ رکھتا تھا الّا ان معاملات کے جو اس کے انقضاء سے قبل فیصل اور ختم ہو چکے تھے - (پی ایل ڈی ۱۹۵۹ع کراچی ص ۵۹۴) -

Explain, *v.* تشریح کرنا - توضیح کرنا -

Explanation, *n.* تشریح - توضیح -

Explanatory, *a.* تشریحی - توضیحی -

Explicit, *a.* صاف - واضح - قطعی -

Exploitation, *n.* استحصال - استفادہ -

Explosive, *a* آتش گیر - بھک سے اڑ جانے والا -

Explosive Act, قانون متفجرات - قانون آتش گیر مادہ جات -

Explosive substance, آتش گیر مادہ -

آتش گیر مادوں میں ایسا سامان بھی شامل ہے جس سے آتش گیر مادے بنائے جاتے ہوں نیز ایسی چیزیں مثلاً مشین ، ہتھیار یا سامان جن کو دھماکے یا آتش گری میں استعمال کیا جائے یا استعمال کرنے کا ارادہ ہو جن سے آتش گری عمل میں لائی جائے یا جن سے آتش گری میں مدد لی جائے آتش گیر مادہ کی تعریف میں داخل ہیں (ملاحظہ ہو دفعہ ۲ قانون آتش گیر مادہ جات) -

Explosive substances Act, قانون اشیاء دھماکہ خیز - قانون آتش گیر مادہ جات -

Export *n.* & *v.* برآمد - برآمد کرنا -

Expose *v.* ظاہر کرنا - فاش کر دینا - پردہ دری کرنا -

Exposure, *n.* پردہ دری - افشاء -

Express, *v.* ظاہر کرنا -

Express, *a.* قطعی - صریح - تعجیلی -

جو صریح طور پر بیان کیا گیا ہو اور جسے کنایہ یا مفہوم پر نہ چھوڑا گیا ہو -

Express condition, شرط واضح -

Express delivery, تعجیلی تقسیم - (ڈاک وغیرہ) -

Express letter, تعجیلی مراسلہ -

Express promise, وعدۂ صریح - صریحی وعدہ -

Express reminder, تعجیلی یاد دہانی -

Expression, *n.* اظہار - بیان - بشرہ - عبارت -

Expressly, *ad.* صریحاً - واضح طور پر -

Expropriate, *v.* بے دخل کرنا (جائداد سے) -
— کسی چیز پر قابض ہو جانا -

Expropriation, *n.* غصب - قبضہ -

Expropriatory tenant, اسامی ساقط الملکیت -

Expulsion, *n.* اخراج -

Expunge, *v.* حذف کر دینا - قلمزد کرنا - خارج کرنا -

Expungement of remarks, اخراج ملاحظات -

عدالتوں کو چاہیے کہ کسی مقدمہ یا مقدمات میں وکیل کی کارکردگی سے متعلق غیر پسندیدہ ملاحظات کے اظہار سے بالعموم گریز کیا جائے (خالد ابن اسحاق بنام جہان مغربی پاکستان ہائی کورٹ ، پی - ایل - ڈی ۱۹۶۶ع سپریم کورٹ ۶۲۸ جسٹس ایس - اے رحمن)

Ex-tenant, کرایہ دار سابق -

مشرق بنگال قانون غیر زرعی کرایہ داری مجریہ ۱۹۴۹ع کے تحت کرایہ دار سابق ''کرایہ دار'' کی تعریف میں داخل نہیں ہے -

Extend, *v.* توسیع کرنا - بڑھانا -

Extend and Enlarge, توسیع کرنا - وسعت دینا -

یہ دونوں لفظ ہم معنی ہیں - جب مقرر کی ہوئی میعاد بڑھائی جاتی ہے تو یہ اصطلاح استعمال کی جاتی ہے - یہ سابقہ مدت کے ختم ہونے پر شروع

ہوتی ہے ۔

Extension, *n.* توسیع ۔

Extension in service, توسیع ملازمت ۔

Extension of time, توسیع میعاد ۔

Extension order, حکم نامہ توسیع ۔

Extensive, *a.* وسیع ۔

Extent, *n.* وسعت ۔ حد ۔

Extent of application, وسعت اطلاق ۔

Exterior, *a.* خارجی ۔ بیرونی ۔

External, *a.* خارجی ۔ بیرونی ۔

Exterritoriality, ملکی اختیار سماعت کی دسترس سے باہر ۔

یہ اصطلاح غیر ملکی سفراء کے تعلق سے استعمال ہوتی ہے ۔

Extinguish, *v.* ساقط کرنا ۔ فنا کرنا ۔

Extinguishment, *n.* سقوط ۔

Extinguishment of debt, سقوط قرض ۔

Extinguishment of easement, سقوط حق آسایش ۔

Extinguishment of right, سقوط حق ۔

Extort, *v.* جبریہ وصول کرنا ۔ جبریہ حاصل کرنا ۔

Extortion, *n.* استحصال بالجبر ۔

استحصال بالجبر زیر دفعہ ۳۸۳ قانون تعزیرات پاکستان جرم ہے ۔ جرم کی تکمیل کے لیے ضروری ہے کہ وہ شخص مخوف (جس کو خوف دلایا گیا ہے) سے مال بددیانتی سے خواہ خود حاصل کرے یا کسی دوسرے شخص کو دے دینے کے لیے کہے ۔ جب تخویف سے مرعوب ہو کر شخص مخوف مجرم کو اپنا مال بلامزاحمت لے جانے دے تو یہ بھی استحصال بالجبر ہے ۔ خدائی قہر کا خوف دلا کر کوئی مال حاصل کرنا استحصال بالجبر نہیں ہے ۔

(*See 'Blackmail' also*)

Extra, *a.* زائد ۔ مستزاد ۔

Extra copy, زائد نقل ۔

Extra cost, زائد خرچہ ۔

Extra-judicial, زائد عدالتی ۔

Extra-judicial confession, زائد عدالتی اقرار (جرم) ۔

عدالتی اقرار کے مقابلہ میں زائد عدالتی اقرار زیادہ چھان بین کا مقتضی ہے (پی ۔ ایل ۔ ڈی ۱۹۶۰ع کراچی ۷۹) ۔

Extract, *v.* & *n.* اقتباس کرنا ۔ اقتباس ۔

Extradition, *n.* (F. L.) تحویل ملزمان ۔

یہ اصطلاح بین الاقوامی قانون میں مستعمل ہے ۔ اس کا اطلاق ان ملزمان پر ہوتا ہے جو ملک میں جرم کا ارتکاب کرکے دوسرے ملک میں فرار ہو جائیں تو دوسرا ملک پہلے ملک کی درخواست پر اس کے حوالہ کر دیتا ہے ۔ یہ فعل کبھی تو دونوں مملکتوں کے مابین بذریعہ میثاق (treaty) ہوتا ہے یا بطور تعظیم و تکریم جس کے پیش نظر بین الاقوامی احترام یا دوستانہ مراسم ہوتے ہیں جن کی رو سے ایک ملک دوسرے ملک کے آئین و قوانین کا پاس و لحاظ رکھتا ہے ۔

Extraneous, *a.* غیر متعلق ۔

کسی فریق کو یہ اجازت نہ ہوگی کہ وہ گواہ سے مقدمہ سے غیر متعلق سوال کرے ، جن کا مقدمہ کے امور تنقیح طلب سے کوئی واسطہ یا تعلق نہ ہو ۔

Extraordinary, *a.* غیر معمولی ۔

Extraordinary general meeting, غیر معمولی جلسہ عام ۔

قانون کمپنیات میں چار قسم کے اجلاسوں کا ذکر کیا گیا ہے ۔

(۱) اجلاس عام (Ordinary meeting) ۔

(۲) اجلاس غیرمعمولی (Extra-ordinary meeting) ۔

(۳) اجلاس خاص (Special meeting) ۔

(۴) سالانہ اجلاس عام (Annual general meeting) ۔

(۵) قانونی اجلاس (Statutory meeting) ۔

(ان اجلاسوں کے اطلاع نامے اور کورم وغیرہ کی شرائط کے بارے میں تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو Companies Act, 1913) ۔

Extravagance, *n.* اسراف ۔

Extravagant, *n.* مسرف ۔ فضول خرچ ۔

Extrinsic, *a.* خارجی ۔ بیرونی ۔

Extrinsic evidence, خارجی شہادت ۔

تحریری دستاویزات میں ترمیم یا ان کی تردید کے

لیے خارجی شہادت پیش ہو سکتی ہے - نیز اُن کی تعبیر کے لیے بھی خارجی شہادت قابل ادخال ہے -

Eye-sight, بصارت - بینائی -

Eye for eye, آنکھ کے بدلے آنکھ -

شریعت اسلامی میں قرآنی حکم کے تحت قصاص (بدلہ) کا قانون "و کتبنا علیھم فیھا ان النفس بالنفس و العین بالعین و الانف بالانف و الاذن بالاذن و السن بالسن و الجروح قصاص" نافذ العمل ہے جس میں فرمایا گیا ہے کہ ہم نے مقرر کر دیا اُن پر اُس کتاب توریت میں جان کے بدلے جان ، آنکھ کے بدلے آنکھ ، ناک کے بدلے ناک ، کان کے بدلے کان ، دانت کے بدلے دانت اور زخموں کا بدلہ - (المائدہ : ۴۵)

شاید کسی کو یہ خیال گذرے کہ یہ حکم توریت میں یہودیوں کے لیے تھا ، اس کا جواب یہ ہے کہ قرآن پچھلی شریعتوں کے جن احکام کا تشریعاً ذکر کرتا ہے اور انھیں منسوخ نہیں کرتا اور جن کی تائید آنحضرت کی سنت اور صحابہ کے تعامل سے ہوتی ہے وہ امور دین اسلام میں حجت ہیں -

اسلامی قانون حدود و تعزیرات کا بنیادی اصول مساوات ہے ، جس حد تک ممکن ہو - یعنی یہ کہ جرم اور اس کی سزا میں بحد امکان توافق اور تناسب ہونا چاہیے - مثلاً اگر مجرم نے کسی شخص کی داہنی آنکھ پھوڑ دی تو اس کے بدلہ میں مجرم کی بھی داہنی آنکھ پھوڑ دی جائے گی - اس کو قرآن حکیم "و الجروح قصاص" اور زخموں کا بدلہ زخم فرماتا ہے - فقہاء کرام نے (اللہ ان کی روحوں پر اپنی رحمت نازل فرمائے) اس سلسلہ میں بڑی جامع اور بصیرت افروز بحثیں فرمائی ہیں جو اسلامی قانون حدود و تعزیرات کی برتری اور سرافرازی کا کھلا ثبوت فراہم کرتی ہیں ، بشرطیکہ آنکھوں پر جہالت کا پردہ اور تعصب کی عینک نہ ہو -

متقدمین فقہاء نے اضاعت اعضاء انسانی کے سلسلہ میں جرائم کی چار قسمیں بیان کی ہیں -

۱- اعضاء جسمانی کا قطع کر دینا -
۲- اعضا کے مقصود کو ضائع کر دینا -
۳- سر اور چہرہ کو زخمی کر دینا -
۴- دیگر اعضاء جسم کو مجروح (زخمی) کر دینا -

پہلی قسم میں ہاتھ پاؤں ، انگلیاں ، ناخن ، ناک ، کان ، عضو تناسل ، خصیے ، ہونٹ کاٹ دینا ، آنکھ نکال دینا ، پپوٹے اڑا دینا ، پلک اکھاڑ لینا ، دانت توڑ دینا یا اکھاڑ لینا ، سر کے بال اکھاڑ دینا یا مونڈ دینا ، داڑھی ، مونچھ ، ابرو وغیرہ کے بال اکھاڑ دینا یا مونڈ دینا شامل ہیں -

دوسری قسم میں وہ جرائم داخل ہیں جن کے ارتکاب سے اگرچہ عضو انسانی تو اپنی جگہ قائم رہتا ہے لیکن اُس عضو سے جو منفعت مقصود ہوتی ہے وہ ضائع یا زائل ہو جاتی ہے مثلاً کان کی قوت سماعت کا زائل ہو جانا یا اسی طرح آنکھ کی بصارت ، ناک کی سونگھنے کی قوت ، زبان کی قوت ذائقہ کا زائل ہو جانا یا گفتگو سے عاجز ہو جانا ، ہاتھوں سے پکڑنے اور پاؤں سے چلنے کی قوت کا زائل ہو جانا ، دانتوں کا سیاہ یا سرخ ہو جانا ، عقل کا زائل ہو جانا وغیرہ وغیرہ -

تیسری قسم کے سلسلہ میں امام ابو حنیفہؒ نے سر اور چہرہ تا گردن کے زخموں کی حسب ذیل تفصیل بیان کی ہے :

۱- ایسا زخم جو جلد کو چھیل دے لیکن خون نہ نکلے -
۲- ایسا زخم کہ خون نکل آئے لیکن بہنے والا نہ ہو -
۳- ایسا زخم جس سے خون جاری ہو جائے -
۴- ایسا زخم جو گوشت کاٹ دے -
۵- ایسا زخم جو گوشت میں زیادہ گہرائی تک پہنچ جائے - (اس سے کبھی کبھی خون جم کر سیاہ بھی ہو جاتا ہے) -
۶- وہ زخم جو گوشت کو کاٹ کر اس جھلی کو ظاہر کر دے جو گوشت اور ہڈی کے درمیان ہوتی ہے -
۷- جو زخم ہڈی تک پہنچ جائے اور جھلی کو بھی کاٹ دے -
۸- وہ زخم جو ہڈی کو توڑ دے -
۹- وہ زخم جو ہڈی کو توڑ کر اس کو اپنے مقام سے ادھر اُدھر کر دے -
۱۰- وہ زخم جو سر کی ہڈی کو توڑ کر اس جھلی

ارتکاب ہوا ہو۔

یہاں ایک دلچسپ سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ جب کسی عضو کے تلف کرنے میں چند مجرم شریک ہوں تو کیا قتل عمد کی مثل تمام مجرموں سے قصاص لیا جائے گا؟ اس مسئلہ میں ائمہ مذاہب کے درمیان اختلاف ہے۔ حنفیہ کے نزدیک ایسی صورت میں قصاص نہ لیا جائے گا۔ ایک ہاتھ کے تلف کر دینے سے یہ نہ ہوگا کہ دو یا زیادہ ہاتھوں کو ضائع کر دیا جائے۔ اس کے برخلاف امام مالک اور امام شافعی کے نزدیک تمام مجرموں سے قصاص لیا جائے گا، جیسا کہ قتل عمد میں۔ ظاہریہ کا مسلک حنفیہ کے موافق ہے۔

جو فقہاء قصاص نہ لینے کے قائل ہیں ان کی دلیل یہ ہے کہ نفس (جان) کے بدلے نفس (جان) کے قصاص میں مثلیت شرط نہیں ہے بخلاف اعضا کے تلف کرنے کے۔ اس میں مثلیت شرط ہے۔ لہذا ایک ہاتھ کے عوض چند ہاتھوں کے قطع کرنے میں مثلیت موجود نہیں۔ دو ہاتھ ایک ہاتھ کے مثل نہیں ہوتے۔ اگر عضو کو تلف کرنے والے متعدد اشخاص ہوں گے تو ہر ایک شخص بعض حصہ کا مجرم ہوگا نہ کہ کل عضو کا۔ حالانکہ کتاب اللہ کے بموجب مثلیت واجب ہے۔

اس کے برخلاف جو فقہاء اعضاء کے عمداً تلف کرنے کے جرم میں تمام مجرموں سے قصاص کے قائل ہیں وہ اپنی دلیل میں حضرت علی کا ایک واقعہ پیش کرتے ہیں جس میں آپ نے دو شاہدوں سے جھوٹی گواہی کے سبب ایک ہاتھ کی دیت دونوں سے ادا کرائی تھی۔ لیکن یہ واقعہ دیت کا ہے نہ کہ قصاص کا۔ قرین صواب مسلک حنفیہ ہی کا معلوم ہوتا ہے۔ واللہ اعلم۔

Eye witness, n. چشم دید گواہ۔ شاہد عینی۔

Eyre, n. گشتی عدالت۔

Eyre, Justice in جج دورہ۔ دورہ کا جج۔

تک پہنچ جائے جو مغز پر لپٹی ہوتی ہے۔

۱۱- جو دماغ کی جھلی کو کاٹ کر مغز تک اثر کر جائے۔

چوتھی قسم میں داخل زخموں کی دو قسمیں ہیں۔ پہلی قسم میں وہ تمام زخم داخل ہیں جو پیٹ یا سینہ کے اندر تک پہنچ جائیں خواہ وہ جسم کی کسی جانب، سامنے یا پہلو یا پشت یا نیچے کے کسی حصہ سے اندر تک پہنچیں۔ دوسری قسم میں وہ تمام زخم داخل ہیں جو پہلی قسم کے برخلاف ہوں۔

"والجروح قصاص" اور زخموں میں قصاص کا اصول وہاں جاری ہوگا جہاں مساوات اور مثلیت ممکن ہو۔ چنانچہ مجرم کو جو سزا دی جائے گی وہ اس جرم کے مثل ہوگی جو مجرم نے مجروح کے ساتھ کیا ہو۔ اس کی شرط یہ ہوگی کہ مجرم کی سزا میں کسی قسم کی زیادتی اور ظلم نہ ہو پائے۔ محل سزا محدود اور متعین ہو سکے اور صحت و کمال میں بھی مساوات قائم رہ سکے لیکن اگر اس شرط کے ساتھ مثلیت ممکن نہ ہو سکی تو پھر قصاص کی سزا ساقط ہو جائے گی اور اس پر دیت (تاوان) یا تعزیر کا اجراء کیا جائے گا۔

مساوات کی صورت یہ ہے کہ دونوں عضو صحت اور کمال میں مساوی ہوں۔ چنانچہ جو ہاتھ قبل ضیاع شل اور بے کار ہو اس کے عوض تندرست ہاتھ قطع کر کے قصاص میں نہ لیا جائے گا۔ اسی طرح جس ہاتھ کی چار انگلیاں ہوں اس کے عوض ایسا ہاتھ نہ کاٹا جائے گا جس کی پانچوں انگلیاں سالم موجود ہوں، کیونکہ دونوں ہاتھوں میں مساوات موجود نہ ہوگی۔

قصاص کی جو شرائط قتل عمد میں ملحوظ ہیں ان تمام شرائط کا اعضاء کے عمداً تلف کرنے میں بھی ملحوظ رکھنا ضروری ہوگا، مثلاً مجرم عاقل، بالغ، مختار اور قصد و ارادہ کا مالک ہو۔ جس پر دست اندازی کی گئی ہے وہ معصوم اور مظلوم ہو۔ مجرم اس کا جزو نہ ہو، نیز یہ کہ جرم بطریقہ

F

F.A.A. (Free From all average), یہ اصطلاح بحری بیمہ میں استعمال ہوتی ہے - جس کا مطلب ی ہے کہ بیمہ کمپنی نقصان کی ذمہ دار نہیں ہے ال یہ کہ بیمہ شدہ شئے کلیتاً تباہ و برباد ہو جائے

F.C.S. (Free of capture and seizure) یہ اصطلاح بحری بیمہ میں مستعمل ہے جس کا مطلب ہے کہ بیمہ کمپنی اس صورت میں نقصان کی ذمہ دار ن ہوگی جب کہ جہاز کسی غنیم یا بحری قزاق کے ہاتھوں لٹ جائے یا اُن کے قبضہ میں چلا جائے۔

F.O.B. (Free on Board) یہ اصطلاح عموماً معاہدہ بیع مال میں مستعمل ہے جب کہ مال کو بذریعہ جہاز روانہ کیا جانا طے ہوتا ہے - اس کا مطلب یہ ہے کہ فروخت کنندہ مال کو اپنے خرچ سے جہاز پر لادنے کا پابند ہے -

F.O.R. (Free on Rail) یہ اصطلاح عموماً معاہدہ بیع مال میں استعمال ہوتی ہے جب کہ مال بذریعہ ریل روانہ کیا جانا طے ہوتا ہے - اس کا مطلب یہ ہے کہ فروخت کنندہ مال کو اپنے خرچ سے ریل پر چڑھانے کا پابند ہے -

Fabricate, *v.* جھوٹ گھڑنا - جعل بنانا -

Fabricator, *n.* جعل ساز -

Fabrication of evidence, جعل سازی شہادت -

کوئی شخص جس پر قانوناً حلف کی رو سے یا قانون کے کسی خاص حکم سے سچ سچ بیان کرنا یا قانون کی رو سے کسی امر کی نسبت کچھ اقرار کرنا واجب ہو کوئی ایسا بیان کرے جو جھوٹا ہو اور جس کو وہ جھوٹا جانتا ہو یا جھوٹا باور کرتا ہو یا جس کو وہ سچا باور نہ کرتا ہو تو کہا جائے گا کہ اس نے جھوٹی گواہی دی -

کوئی عام بیان قطع نظر اس کے کہ وہ زبان سے ادا کیا جائے یا کسی اور طرح سے دفعہ ہذا کی منشا کے مترادف ہے -

کوئی جھوٹا بیان جو تصدیق کرنے والا شخص اپنی دانست کی نسبت کرے اس دفعہ کی منشا میں داخل ہے - اور جیسے وہ شخص یہ بیان کرے کہ وہ فلاں بات کو باور کرتا ہے جس کو وہ باور نہیں کرتا جھوٹی گواہی دینے کا مجرم ہے ویسے ہی وہ شخص بھی مجرم ہے جو یہ بیان کرے کہ وہ فلاں بات جانتا ہے جس کو وہ نہ جانتا ہو - جو کوئی شخص کوئی صورت پیدا کرے یا کسی کتاب یا کاغذ سر رشتہ میں کوئی جھوٹی تحریر بنائے یا کوئی دستاویز بنائے جس میں کوئی جھوٹا بیان مندرج ہو اس نیت سے کہ وہ صورت یا جھوٹی تحریر یا جھوٹا بیان عدالت کی کسی کارروائی میں جو قانون کی رو سے کسی ملازم کے روبرو باعتبار دیگر سرکاری ملازم کے یا کسی ثالث کے روبرو ہو رہی ہو وجہ ثبوت میں پیش ہو سکے اور اس نیت سے کہ وہ صورت یا جھوٹی تحریر یا جھوٹا بیان جو اس طرح وجہ ثبوت میں پیش ہو سکے کسی ایسے شخص کی جو اس کارروائی میں وجہ ثبوت کی نسبت رائے قائم کر لے گا کسی امر کی نسبت جو اس کارروائی کے نتیجہ کے لیے اہم ہے غلط رائے بہم پہنچانے کا باعث ہو سکے تو کہا جائے گا کہ اس شخص نے جھوٹی گواہی بنائی -

Fabrication of documentary evidence, جعل سازی شہادت دستاویزی -

Face, *n.* چہرہ -

In the face of, باوجودیکہ - بمقابلہ -

On the face of it, بادی النظر میں -

Facesimile, *n.* ہو بہو نقل -

Face to face, To bring the accuser and accused مستغیث اور ملزم کا آمنا سامنا کرانا -

Faced, Bare بے شرمی کے ساتھ -

Face Value, قدر عرفی - قیمت اصلی -

وہ قیمت جو کسی تمسک یا پرامسری نوٹ اسٹاک سرٹیفکیٹ یا ڈیبینچر وغیرہ پر بوقت اجرائی لکھی یا چھاپی جاتی ہے جس رقم کے لیے کہ وہ جاری کیے جاتے ہیں - لیکن قیمت اصلی کا قیمت بازار کے مساوی ہونا لازمی نہیں - قیمت بازار قیمت اصلی سے کم یا زیادہ ہو سکتی ہے -

Facilitate, *v.* آسان کرنا ۔ سہل کرنا ۔

Facility *n.* سہولت ۔ آسانی ۔

Fact, *n.* واقعہ ۔ امر واقعہ ۔ جرم ۔

In fact, واقعی ۔

Fact, Acessory before or after, شریک جرم قبل یا بعد وقوع جرم ۔

یہاں Fact جرم کے معنی میں استعمال ہوا ہے ۔

(See under 'Accessory')

Fact, Discovered واقعہ منکشفہ ۔ واقعہ دریافت شدہ ۔

Fact, Divestive واقعہ جس سے کوئی حق ختم ہو مثلاً انقضائے میعاد پٹہ ۔

Fact, Investive واقعہ جس سے کوئی حق پیدا ہو ۔

Fact in issue, واقعہ زیر تنقیح ۔ واقعہ تنقیح طلب ۔

واقعہ تنقیح طلب کے معنی و مفہوم میں ایسا کوئی بھی واقعہ داخل ہے جو خود یا کسی اور واقعہ کے تعلق سے کسی مقدمہ یا کارروائی میں کسی حق، مواخذہ یا ناقابلیت کی نوعیت یا موجودگی یا عدم موجودگی کا اثبات یا اس کی نفی کرے ۔

Fact, Matter of امر واقعہ ۔

Fact, Relevant واقعہ متعلقہ ۔

Fact, Translative واقعہ جس سے کوئی حق منتقل ہو مثلاً بیع ۔

Faction, *n.* جتھا ۔ فرقہ ۔ فرقہ بندی ۔

Factor, *n.* جزو ۔ گماشتہ ۔ کمیشن ایجنٹ ۔ دلال ۔

گماشتہ اور دلال میں یہ فرق ہے کہ گماشتہ کے قبضہ میں جائداد اس اختیار کے ساتھ دی جاتی ہے کہ وہ اسے فروخت کر سکتا ہے جبکہ دلال صرف خریدار فراہم کرتا ہے اور اس سے تعلق پیدا کرتا ہے ۔

Factorage, *n.* وہ کمیشن یا حق المحنت جو گماشتہ کو دیا جائے ۔

Factory, *n.* کارخانہ ۔

Factories Act, قانون کارخانہ جات ۔

Factum, *n.* بیان واقعاتی ۔

کسی مقدمہ کے خاص نکات کا مختصر بیان ۔

Faculty, *n.* شعبہ (کسی فن یا علم کا) ۔

Faculty of law, شعبۂ قانون ۔

Fad, *n.* خبط ۔

Faddish, *a.* خبطی ۔

Fail, *n.* ناکام ہونا ۔

Failed to appear, حاضری سے قاصر رہا ۔

Failed to furnish, فراہمی سے قاصر رہا ۔

Failing, قصور ۔ کوتاہی ۔

Failing which the case will be laid before the Judge, بصورت قصور مقدمہ جج کے روبرو پیش کر دیا جائے گا ۔

Failure, *n.* ناکامی ۔

Failure to furnish proof, فراہمی ثبوت میں ناکامی ۔

Failure in business, تجارتی ناکامی ۔ کاروبار میں ناکامی ۔

Failure of crop, فصل کا خراب ہو جانا ۔

Failure of justice, انصاف کا خون ۔

Fair, *n.* میلہ ۔ نمائش ۔

Fair, *a.* مناسب ۔ موزوں ۔

Fair comment, جائز تبصرہ ۔ مناسب تبصرہ ۔

(See 'Comment')

Fair consideration, مناسب بدل ۔

(See 'Consideration')

Fair dealing, ایماندارانہ لین دین ۔

Fair play, منصفانہ یا مناسب برتاؤ ۔

Fair price, مناسب دام ۔

Fair rent, مناسب کرایہ ۔

قانون تحدید کرایہ داری کراچی ۱۹۵۳ء کے تحت "مناسب کرایہ" کی جو تعریف کی گئی ہے اس کی بنیاد جائیداد کی مالیت پر ہے ۔ چنانچہ اراضی کی قیمت اور خرچہ تعمیر کو ملا کر اس کا سوا چھ فیصد سالانہ "مناسب کرایہ" کہلائے گا ۔ اس میں ڈیڑھ فیصد ٹیکسوں کی رقم بھی اضافہ کی جا سکتی ہے ۔ البتہ ٹیکس میں زیادتی کے سبب اسی تناسب سے کرایہ میں اضافہ کیا جا سکتا ہے ۔

جولائی ۱۹۶۳ء سے قانون تحدید کرایہ کراچی ۱۹۵۳ء منسوخ ہو کر مغربی پاکستان 'شہری' جائیداد تحدید کرایہ آرڈی نینس ۱۹۵۹ء کا اطلاق کراچی پر بھی کر دیا گیا ۔ اس آرڈی نینس کے تحت بھی مناسب کرایہ کی تعریف کم و بیش وہی ہے ۔

Fair-way, دریا کا وہ حصہ جس میں جہاز چل سکے ۔

(قابل جہاز رانی) ۔

Fait, n. دستاویز ۔ تحریر امر ۔

Fait accompli, امر تکمیل شدہ ۔

Faith, n. اعتقاد ۔ اعتماد ۔ ایمان ۔

Faith, Breach of اعتماد شکنی ۔ نقض اعتماد ۔

Faith, Defender of حامیٔ دین ۔ انگلستان کے بادشاہوں کا لقب ۔

Faithful, a. خیرخواہ ۔ وفادار ۔

Faith, Good نیک نیتی ۔

(See 'Good faith')

Fallacy, n. غلط نتیجہ ۔

Fallow, n. افتادہ ۔ اوسر ۔

وہ زمین جس کو ہل چلا کر ایک مدت کے لیے اس لیے چھوڑ دیا جائے کہ اس پر مسلسل کئی فصلیں کاٹی جا چکی ہیں ۔

False, a. جھوٹا ۔

False allegation, جھوٹا ادّعا ۔

False averment, جھوٹا بیان ۔

False charge, جھوٹا الزام ۔

False claim, جھوٹا دعویٰ ۔

False coin, جعلی سکہ ۔ جھوٹا سکہ ۔

False document, جعلی دستاویز ۔

زیر دفعہ ۴۶۴ تعزیرات پاکستان ۱۸۶۰ء جعلی دستاویز کی جو تعریف بیان کی گئی ہے اس کی رو سے وہ شخص جو کوئی دستاویز یا دستاویز کا کوئی جزو بد دیانتی یا فریب سے بنائے یا اس پر دستخط یا مہر ثبت کرے یا اس کی تکمیل کرے یا کوئی ایسا نشان کرے جس سے کسی دستاویز کی تکمیل ظاہر ہو اور اس کی نیت اس امر کے باور کرا دینے کی ہو کہ وہ دستاویز یا دستاویز کا وہ جزو اس شخص نے بنایا یا اس پر دستخط یا مہر ثبت کی یا اس کی تکمیل کی یا ایسے شخص کی اجازت سے بنایا گیا یا اس پر دستخط یا مہر ثبت کی گئی ہے یا اس کی تکمیل کی گئی ہے جس کو وہ جانتا ہے کہ نہ اس شخص نے بنایا نہ اس پر دستخط یا مہر ثبت کی نہ اس کی تکمیل کی گئی یا ایسے دن جس میں وہ جانتا ہے کہ وہ نہ بنائی گئی اور نہ اس پر دستخط یا مہر ثبت کی گئی نہ اس کی تکمیل کی گئی تو کہا جائے گا کہ وہ شخص دستاویز جعلی بنانے کا مرتکب ہوا ۔

False entry, غلط اندراج ۔

False evidence, Giving جھوٹی شہادت دینا ۔

کوئی شخص جس پر از روئے قانون کسی امر کے متعلق کوئی بیان دینا بہ حلف یا بلا حلف سچ بیان کرنا واجب ہو اور وہ اس کی نسبت کوئی ایسا بیان دے جو جھوٹا ہو اور جس کو وہ جھوٹا جانتا ہو یا باور کرتا ہو یا جس کو وہ سچا باور نہ کرتا ہو تو کہا جائے گا کہ اس نے جھوٹی گواہی دی ۔

حضرت عمر رضؓ کے عہد میں جھوٹی گواہی دینے والے کو اس کے حلقۂ تعارف (بازار) میں بعد نماز عصر گدھے پر الٹا لٹا کر اور منہ کالا کر کے پھرایا جاتا اور منادی کرنے والا اعلان کرتا تھا کہ لوگو! اس شخص نے جھوٹی گواہی دی ہے اس کا اعتبار نہ کرنا ۔"

False imprisonment, خلاف قانون قید ۔

غیر قانونی قید ۔

یہ اصطلاح انگریزی قانون میں مستعمل ہے ۔ پاکستانی قانون میں اسے Unlawful imprisonment کہا جاتا ہے ۔ غیرقانونی قید خواہ وہ کتنے ہی مختصر عرصہ کے لیے کیوں نہ ہو مکمل طور پر آزادی سلب کر لینے کے مترادف ہے ۔ کسی شخص کو کسی کھیت یا کوچہ میں یا خود کسی شخص کے مکان میں یا عام قید خانہ میں روکا جائے اور کہیں آنے جانے کی اجازت نہ دی جائے تو کہا جائے گا کہ اس عرصہ کے لیے اس کو محبوس کیا گیا ۔ اسی طرح اگر کسی قیدی کو اس کی رہائی کا حق پیدا ہونے کے بعد روکا جائے تو وہ شخص، جس کی تحویل میں وہ شخص تھا، خلاف قانون قید میں رکھنے کا مرتکب ہو جائے گا۔ کسی شخص کو از روئے قانون بغیر وارنٹ گرفتار کیا جائے تو بعجلت ممکنہ مجسٹریٹ کے رو برو پیش کر دینا لازم ہے ورنہ قید خلاف قانون کا اطلاق ہو سکتا ہے۔ خلاف قانون قید کی بابت اگر ہرجہ کا دعویٰ کیا جائے تو ہرجہ، تنبیہی دلایا جائے گا تا کہ خاطی لیس گرفتاریوں سے آئندہ اجتناب کرے ۔

False information, Furnish جھوٹی اطلاع دینا ۔

جھوٹی اطلاع فراہم کرنا ۔
جو شخص جان بوجھ کر پولیس کو جھوٹی اطلاع دے اس پر مقدمہ قائم کیا جا سکتا ہے ۔

False lights and signals, (E. L.) کسی جہاز کو خطرہ میں ڈالنے کے ارادہ سے غلط روشنیاں دکھانا اور اشارے کرنا سنگین جرم ہے جس کی سزا عمر قید ہے ۔

False oath, جھوٹی قسم ۔

False news, جھوٹی خبریں ۔
جو اشخاص کسی کمپنی یا بنک کے حصص کی قیمتیں گرانے کے لیے جھوٹی خبریں پھیلائیں یا ان کے پھیلانے کی سازش کریں ایسے اشخاص کے خلاف ہرجہ کا دعویٰ ہو سکتا ہے ۔

False personation, تلبیس شخصی ۔
see "Impersonation"

False plea, عذر لنگ ۔

False pretence, جھوٹا بہانہ ۔ حیلہ' ناجائز ۔
انگریزی فوجداری قانون میں یہ اصطلاح اس وقت استعمال ہوتی ہے جب کہ کسی امر واقعہ کے وجود یا عدم وجود کے بارے میں دھوکہ دہی سے کام لیا جائے۔

False rumour, جھوٹی افواہ ۔

False representation, غلط بیانی ۔ دروغ بیانی ۔

False return (of income), جھوٹا گوشوارۂ آمدنی ۔

False statement, جھوٹا بیان ۔

False swearing, جھوٹی قسم کھانا ۔ دروغ حلفی ۔

False trade description, غلط تجارتی تفصیل ۔

False weights and measurements, جھوٹے اوزان و پیمانہ جات ۔

False verdict, جھوٹی تجویز جرم ۔

Falsehood, *n*. جھوٹ ۔ دروغ ۔

Falsification, *n*. جعل نویسی ۔

Falsfication of Accounts, جعل نویسی حسابات ۔

Falsify, *v*. جعل بنانا ۔ غلط ثابت کرنا ۔

Falsity, *n*. کذب- جھوٹ ۔
(حساب میں کوئی جھوٹی رقم) ۔

Family *n*. خاندان ۔

Family allowance, خاندانی الاؤنس ۔

Family Courts Act, قانون عدالت ہائے عائلی ۔
مغربی پاکستان میں ۱۹۶۴ء میں عائلی عدالتوں کا قانون منظور کیا گیا جس کے تحت عائلی عدالتوں کو (۱) تنسیخ نکاح (۲) مہر (۳) نفقہ (۴) اعادۂ حقوق زوجیت (۵) ولایت نابالغان اور (۶) جھوٹا دعویٰ نکاح کے مقدمات کی سماعت کا کلی اور بلا شرکت غیرے اختیار عطا کیا گیا ۔

Family custom, رواج خاندان ۔ خاندانی رواج ۔

Family, Joint خاندان مشترکہ ۔

Family, Members of joint ارکان خاندان مشترکہ ۔

Family property, جائیداد خاندان ۔

Famine, *n*. قحط ۔

Fanatic, *a*. متعصب ۔ کٹر ۔

Fancy price, غیر معمولی قیمت ۔ من مانی قیمت ۔

Far reaching, دوررس- جس کا اثر دور تک پہنچے ۔

Fare, *n*. کرایہ' سفر ۔

Farm, *n*. کھیت ۔ آراضی مزروعہ ۔

Farm, Model نمونہ کاشت ۔ تجربہ گاہ زراعت ۔

Farmstead, مسکن' جو آراضی کاشت پر ہو ۔

Farmyard, *n*. احاطہ متعلقہ کھیت ۔

Farmer, *n*. کسان ۔ آسامی ۔

Farmer, Kings مستاجر محصولات شاہی ۔

Farmer of the government revenue, مستاجر مالگذاری ۔

Fast, *n*. روزہ ۔
اسلامی قانون میں قاضیوں کے شرعی آداب و احکام کے ضمن میں قاضیوں کو ہدایت کی گئی ہے کہ اگر وہ روزہ سے ہوں' جس سے ان کا دل و دماغ متاثر ہو' تو وہ ایسی حالت میں فیصلہ دینے سے گریز کریں ۔

Fasterman, وہ شخص جس سے مچلکہ' حفظ امن ضامن بنا کر لیا گیا ہو ۔

Fatal, *a*. مہلک ۔

Fatal accident, مہلک حادثہ ۔

Fatal defect, مہلک نقص ۔

Fatal to the case, A defect ایسا نقص جو مقدمہ کے لیے مہلک ہو' جس سے پورا مقدمہ متاثر ہوتا ہو۔

Father, *n*. باپ ۔

Father, Adoptive تبنیت میں لینے والا باپ ۔

Father in law, خسر ۔

Father, Natural پدر حقیقی ۔

Father of the bar, بابائے وکالت ۔ سب سے پرانا وکیل ۔

Father of the House, بابائے مقننہ ۔ مقننہ کا سب سے قدیم رکن ۔

Father, Spiritual روحانی باپ ۔ مرشد ۔

Favour, n. مہربانی ۔ طرفداری ۔

Favour of, In حق ۔ حق میں ۔

Favour, Without fear or بلاخوف یا رو رعایت ۔

Favourable, a. موافق ۔

Favouritism, n. طرفداری (ایک فریق کی دوسرے فریق کو مضرت پہنچا کر) ۔

Fear, To put in تخویف ۔ خوف میں مبتلا کرنا ۔

Feasable, a. ممکن العمل ۔

Feasance, n. ارتکاب (فعل) ۔

Feasance, Mal, ارتکاب ناجائز ۔

یہ اصطلاح سرکاری ملازم کی بد اعمالی کے لیے بھی مستعمل ہے ۔

Feasance, Mis, مداخلت بے جا ۔ اختیار جائز کا غلط استعمال ۔

Feasance, Non, ترک فعل لازم ۔

ایسے فعل کو ترک کرنا جس کا کرنا لازمی ہو ۔

Feather, n. پر ۔

To tar and feather a person, زمانہ ماضی میں سزا کا ایک طریقہ، جس میں تشہیر کی غرض سے مجرم کے جسم پر کولتار لگا کر پر لگائے جاتے تھے ۔

Feature, n. شکل ۔ پہلو ۔

Federal, a. وفاقی ۔

Federal court, وفاقی عدالت ۔

Federal Government, وفاقی حکومت ۔

Federal states, وفاقی مملکت ۔

Federal states, وفاقی ریاستیں ۔ ریاستہائے وفاق ۔

Federalism, n. وفاقیت ۔

Federation, n. فیڈریشن ۔ وفاقیہ ۔ وفاقی مملکت ۔ وفاقی انجمن یا جماعت ۔

Federation, Quasi نیم وفاق ۔ مشابہ وفاق ۔

Federation, Unified وحدانی وفاق ۔ ملاجلا وفاق ۔

Fee, n. فیس ۔ محنتانہ (پیشہ ورانہ خدمت کا) ۔ اجرت ۔ رقمی معاوضہ ۔ موروثی جائیداد یا جاگیر ۔

Fee, Clerk's محررانہ ۔ اجرت محرر ۔

Fee (s), Court رسوم عدالت ۔

Fee, Lawyer's or Pleader's محنتانہ وکیل ۔

پاکستان میں وکلاء اپنی فیس بذریعہ عدالت وصول کر سکتے ہیں ۔ ہمارے ملک کی عدالت ہائے عالیہ نے محنتانہ وکلاء کا تعین کر دیا ہے چنانچہ اس مقررہ جدول کے مطابق عدالتیں ڈگری صادر کرتے وقت کامیاب فریق کو خرچہ دلاتی ہیں اگر وکیل و موکل میں مقررہ شرح سے زیادہ رقم کا معاہدہ ہو تو اس کی کوئی ممانعت نہیں ہے لیکن اگر مقررہ شرح سے کم فیس کا معاہدہ ہو تو پھر عدالت مقررہ جدول کی بجائے وہی کم طے شدہ محنتانہ ڈگری میں شامل کرے گی ۔ محنتانہ وکلاء کا صداقت نامہ داخل کرنا ضروری ہے ۔

Fee, Process طلبانہ ۔

Fee & tax, Difference of فرق مابین فیس و ٹیکس (محصول) ۔

فیس یا لیوی (Levy) کسی خاص غرض کے لیے عائد کی جاتی ہے اور اسی کام پر صرف کی جاتی ہے جس کے لیے وہ عائد کی گئی ہو جبکہ ٹیکس کا استعمال عوام کی عام بہبود کے لیے کیا جاتا ہے ۔

Feed, n. & v. غذا ۔ چراگاہ ۔ غذا دینا ۔

Feeling, n. احساس ۔ وجدانی یقین ۔

Feelings, Wounding religious مذہبی احساسات کو صدمہ پہنچانا ۔

Feigned, a. بناوٹی ۔ مصنوعی ۔

Feigned action, بناوٹی دعویٰ ۔

Fellow, n. (۱) ساتھی ۔ ہم رتبہ ۔ ہم عصر ۔ رفیق جامعہ ۔

(۲) جامعہ کا وہ طیلسانی (گریجویٹ) جس کو جامعہ کے عملہ میں اس شرط پر بہ عطائے وظیفہ شامل کیا گیا ہو کہ وہ علمی و تحقیقی کام انجام دے گا ۔

Fellowship, n. رفاقت ۔ رفیق جامعہ کا وظیفہ ۔ اشتراک (عمل یا مقصد) ۔

Felon, n. سنگین مجرم ۔

Felony, *n.* (E. L.) سنگین جرم ۔
قانون انگلستان میں یہ اصطلاح عموماً بغاوت یا سلکہ ہر بدچلنی کا الزام لگانے کے سنگین جرم کے لیے استعمال ہوتی ہے جس کی سزا موت یا طویل قید باسشقت ہے۔

Female, *n.* عورت ۔

Female-line, سلسلۂ اُناث ۔

Female of prohibited degrees, محرمات شرعیہ (اناث) ۔
شرع اسلام نے بعض عورتوں کو بعض مردوں پر حرام کر دیا ہے ۔ ایسی عورتوں کو اُن مردوں کے تعلق سے محرمات شرعیہ کہا جاتا ہے ۔ یہ حرمت چار موجبات سے پیدا ہوتی ہے :
(۱) نسب سے (۲) رضاعت سے (۳) نکاح سے (۴) سبب سے ۔
(۱) قرابت نسب یعنی خون کے رشتہ کے سبب ماؤں، بیٹیوں، بہنوں، پھوپھیوں، خالاؤں، بھتیجیوں سے خواہ وہ کتنے ہی بالائی یا زیرین درجہ کی ہوں نکاح حرام ہے ۔
(۲) رضاعت سے یعنی اجنبی عورت کا دودھ پی لینے کی وجہ سے رضاعی ماؤں اور رضاعی بہنوں سے نکاح حرام ہے ۔
(۳) نکاح کے سبب، چنانچہ مدخولہ بیوی کی بیٹی دوسرے شوہر سے، بیوی کی ماں، بیٹے، پوتے، نواسے کی بیوی سے نکاح حرام ہے ۔
(۴) دیگر اسباب کی بناء پر مثلاً ایسی عورت سے نکاح جو کسی دوسرے کے نکاح میں ہو، ممنوع ہے ۔ (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو، مجموعۂ قوانین اسلام، مؤلف ہذا، جلد اول باب ''صحیح، فاسد اور باطل نکاح'')

Feme covert, *n.* زن منکوحہ ۔

Feme sole, زن غیر منکوحہ خواہ وہ بیوہ ہو یا مطلقہ ۔

Feminine, *a.* نسوانی ۔ زنانی ۔

Feminity, *n.* نسوانیت ۔

Feminize, *v.* مخنث بنانا ۔

Fend, *v.* مدافعت کرنا ۔ بچانا ۔

Fender, *n.* آلۂ مدافعت ۔

کوئی چیز جس سے روک یا حفاظت ہو سکے ۔

Feoff, *v.* (E. L.) حقیت عطا کرنا ۔

Feoffee, *n.* (E. L.) شخص جس کو مستقل حقیت قابل ارث عطا کی گئی ہو ۔

Feofment, *n.* (E, L.) عطائے حقیت ۔

Feoffer, *n.* (E. L.) معطی ۔ حقیت عطا کرنے والا ۔

Farae-natural, حیوانات صحرائی ۔
ایسے جانوروں کا حق ملکیت کسی کو حاصل نہیں البتہ شکار کرنے پر پابندی عائد کی جا سکتی ہے ۔

Ferment, *n.* & *v.* اُبال ۔ برافروختگی ۔ ہیجان ۔ ابلنا ۔ جوش مارنا ۔ ہیجان پھیلانا ۔

Fermentation, *n.* ابال ۔ جوش ۔ ہیجان ۔

Ferry, *n.* & *v.* گھاٹ ۔ کشتی چلانا ۔ کشتی کے ذریعہ پار اتارنا ۔

Ferry-Bridge, کشتیوں کا پل ۔

Ferry-Man, ملاح ۔

Fertile, *a.* زرخیز ۔

Fertility, *n.* زرخیزی

Fertilizer, *n.* زرخیز بنانے والا ۔ کھاد ۔

Fervency, *n.* حرارت ۔ جوش ۔ ولولہ ۔

Fervently, *ad.* شوق سے ۔ گرم جوشی سے ۔

Fery, *n.* لب گور ۔ اجل رسیدہ ۔

Fester, *v.* زخم پک جانا ۔ مواد بھر جانا ۔

Festival, *n.* میلہ ۔ جشن ۔ تہوار ۔

Fetter, *n.* بیڑی ۔ زنجیر ۔ قید ۔ روک ۔

Fetterless, *a.* آزاد ۔ بے باک ۔

Fetus, *n.* جنین ۔ بچہ جو رحم مادر میں ہو ۔

Feud, *n.* لڑائی ۔ عداوت ۔ وہ جاگیر جو اخراجات فوج کے لیے فوجی سرداروں کو عطا ہو ۔

Feudal system, نظام جاگیر داری ۔
نظام جاگیر داری کی اساس اس اصول پر قائم تھی کہ تمام آراضی کا اصل مالک بادشاہ ہے ۔ وہ ملک کے دفاع کے وعدہ پر اس آراضی کو معہ آبادی تقسیم کرکے فوجی سرداروں کو عطا کیا کرتا ۔ یہ فوجی سردار سالانہ رقم کے عوض ایک معینہ مدت کے لیے زمین تعہدداروں (contractees) کو دے دیا کرتے۔ تعہددار زمین بغرض کاشت لگان پر مزارعین کو دے

دیتے تھے -

Feudatory, n. — جاگیری - متعلق بہ جاگیر -

Fiasco, n. — سخت ناکامی - شرمناک ناکامی -

Fiat, n. & v. — حکم - فرمان - اختیار دینا -

Fiction, n. — قصہ - داستان - ناول - مفروضہ -

Fiction, Legal — مفروضہ قانونی -

قانون انگلستان کا ایک قاعدہ جس کے تحت ایک فرضی اور غلط واقعہ کو صحیح فرض کر لیا جاتا اور جس کو غلط ثابت کرنے کی اجازت نہ تھی - اس طرح فرضی قصہ بنا کر اس کو صحیح تصور کرنے اور مدعا علیہ کو اس کے غلط ثابت کرنے کی اجازت نہ دینے کا محض یہ مقصد تھا کہ اگر عدالت کو کسی مقدمہ کی سماعت کا اختیار نہ ہو تو اس طرح فرضی مقدمہ قائم کرکے اسے عدالت کے اختیار سماعت کے تحت لایا جائے - چنانچہ ماضی میں انگلستان کی اعلیٰ ترین عدالت انصاف، کنگس بینچ ڈویژن کا یہ عمل تھا کہ اس کے زیادہ تر مقدمات میں اختیار سماعت ایسے ہی فرضی مقدمے قائم کر کے حاصل کیا جاتا مثلاً قرضہ کے مقدمہ کی سماعت کا اختیار سماعت دینے کے لیے مدعا علیہ پر یہ الزام لگایا جاتا کہ اس نے مداخلت بے جا کا ارتکاب کیا ہے (جس کا وہ حقیقت میں مرتکب نہ ہوا تھا) اور جب وہ گرفتار کر کے لایا جاتا تو عدالت سے مدعی کو حکم ہوتا کہ اب زرقرضہ کے حصول کی کارروائی پیش کی جا سکتی ہے - یہی حال انگلستان کی دوسری شاہی عدالت کا تھا - عدالت خزانہ عامرہ (Court of Exchequer) ایسے مقدمات میں، جو بادی النظر میں اس کے اختیار سماعت سے باہر ہوتے، مدعی کو ہدایت کرتی کہ وہ اپنے عرضی دعویٰ میں یہ ظاہر کرے کہ وہ بادشاہ کا مقروض ہے اور اس مقدمہ (قرضہ کے مقدمہ) کی بناء پر شاہی قرضہ ادا نہیں کر سکتا چنانچہ اس کے بعد عدالت سماعت مقدمہ کی مجاز ہو جاتی -

انگریز مقننین کے خیال میں یہ قاعدہ نصفت (Equity) کے قریب ہے چنانچہ انگلستان میں یہ قانونی مقولہ مشہور ہے کہ "اختیار سماعت کے لیے غلط مفروضہ قانونی میں طریق نصفت ہمیشہ موجود رہتا ہے" -

Fictitious, a. — فرضی - بناوٹی -

Fictitious payee, — فرضی یابندۂ زر یا موسوم لہ -

جب یابندہ زر فرضی ہو تو چیک حامل کو واجب الادا تصور کیا جاتا ہے -

Fidelity, n. — وفا داری - نمک حلالی -

Fidelity guarantee insurance, — بیمہ ضمانت وفاداری -

وہ بیمہ جو مالک اپنے ملازم کی اپنے ساتھ وفاداری کے لیے کرائے جس میں ملازم کے کسی تغلب یا تصرف بے جا سے مالک کو رقمی نقصان سے محفوظ کر دیا جاتا ہے - اکثر بیمہ کمپنیاں اس قسم کا ضمانتی بیمہ یک سالہ پریمیم کے معاوضہ پر کر لیتی ہیں -

Fiduciary, a. & n. — امانتی - امانت دار - امین - معتمد علیہ -

Fiduciary estate, — امانتی جائیداد -

Fiduciary loan, — قرضہ بلا سود -

Fiduciary note, Issue of, — امانتی نوٹوں کا اجراء -

سرکاری بنک سے بغیر تحفظات زر جب کرنسی نوٹ جاری کیے جائیں تو ایسے نوٹوں کی اجرائی کو امانتی نوٹوں کا اجراء کہا جاتا ہے -

Fiduciary ownership, — امانتی ملکیت -

Fiduciary relationship, — امانتی تعلق -

حسب ذیل صورتوں میں قرار دیا گیا کہ تعلق امانتی ہوتا ہے -

(۱) مشیر قانونی کا اپنے موکل کے ساتھ (۳ - کلکتہ ص ۳۹۳، ۳۲ انڈین کیسیز ص ۶۶۳ پریوی کونسل) -

(۲) ڈاکٹر کا اپنے مریض کے ساتھ (۸ کوئنس بنچ ڈویژن ص ۵۸۷) -

(۳) مذہبی رہنما کا اپنے ارادت مند کے ساتھ (۱۹۲۷ء پریوی کونسل ص ۱۴۸) -

(۴) سرپرست کا اپنے زیر پرورش نابالغ کے ساتھ یا باپ کا اپنے بچہ کے ساتھ (۳۰ مدراس ص ۱۶۹) -

(۵) مالک کا اپنے کارندہ کے ساتھ (۱۰۳ انڈین کیسز ص ۴۳۹) -

(۶) ایک ٹرسٹی کا شخص منتفع (Beneficiary) کے ساتھ (۱۹۳۱ء لاہور ص ۸۶۱) -

حسب ذیل صورتوں میں قرار دیا گیا کہ امانتی تعلق نہیں ہوتا -

(۱) ماں کا اپنی لڑکی کے ساتھ (۳۴ کلکتہ ص ۳۷۷ پریوی کونسل)۔

(۲) قرض دہندہ کا اپنے مقروض کے ساتھ (۲۲ الہ آباد ص ۱۳۰ پریوی کونسل)۔

(۳) کسی وکیل کا اپنے موکل کے ساتھ جس نے ایک دو مرتبہ اپنے موکل کی طرف سے پیروی کی ہو مگر اس کا مستقل مشیر قانونی نہ ہو (۱۹۳۰ء اودھ ص ۷۷)۔

Field, *n.* کھیت ۔ رزم گاہ ۔

Field-Book, *n.* خسرہ ۔ کھیوٹ ۔

Field-map, نقشہ کشت وار ۔ کھتونی ۔

File, *n.* & *v.* مسل ۔ ترتیب سے رکھنا ۔ مسل میں رکھنا ۔ داخل دفتر کرنا ۔

File a suit, مقدمہ دائر کرنا ۔

File, Cases on مقدمات متدائرہ۔مقدمات زیر تجویز ۔

File, To bring a case on the مقدمہ درج رجسٹر کرنا ۔

File, To strike off a case from مقدمہ کو نمبر سے خارج کرنا ۔

File, To restore a case to the مقدمہ باز بہ نمبر سابق قائم کرنا ۔

Filiation, *n.* تعلق فرزندی، جو ایک بچہ کا اپنے والدین سے ہے ۔

Fill (up), *v.* پُر کرنا ۔ خانہ پری کرنا ۔

Final, *a.* آخری ۔ قطعی ۔

Final adjustment, تطبیق قطعی ۔

Final decree, قطعی ڈگری ۔

Final order, حکم قطعی ۔

Final settlement تصفیہ آخر ۔

Finally, *ad.* قطعاً ۔

Finally decided, قطعی فیصل شدہ ۔

Finance, *n.* & *v.* سرمایہ ۔ مالیات ۔ سرمایا لگانا ۔ مالی کاروبار کرنا ۔

Financial, *a.* مالی ۔ مالیاتی ۔

Financial aid, مالی امداد ۔

Financial rules, قواعد مالیات ۔

Financial year, مالی سال ۔

Find, *n.* & *v.* دفینہ۔ دریافت۔ پانا۔دریافت کرنا۔ رائے قائم کرنا ۔ تجویز کرنا۔

Find fault with, الزام لگانا ۔ عیب نکالنا ۔

Find guilty, مجرم قرار دینا ۔

Find issue for the Plaintiff, تنقیح بحق مدعی فیصل کرنا ۔

Finding, *n.* تحقیق یا تفتیش کا نتیجہ ۔ عدالتی کارروائی میں کسی امر تنقیح طلب کی نسبت تجویز ۔

Finding of fact, تجویز واقعاتی ۔

Finger print, نشان انگشت ۔

Fine, *n.* & *v.* جرمانہ ۔ تاوان ۔ جرمانہ کرنا ۔ تاوان عائد کرنا ۔

قانون فوجداری میں جرمانہ اس رقم کو کہتے ہیں جو کسی ملزم کو پاداش جرم میں کوئی عدالت داخل خزانہ سرکار کرنے کا حکم دے ۔ جرمانہ کی رقم غیر محدود ہوسکتی ہے الاّ یہ کہ قوانین نافذہ میں اس کی مقدار معین ہو ۔ عدم ادائی جرمانہ کی صورت میں بالعموم سزائے قید بھگتنی پڑتی ہے۔ قبل ادائی جرمانہ اگر ملزم فوت ہو جائے تو جرمانہ اس کی جائیداد سے وصول کیا جا سکتا ہے ۔

لاہور ہائی کورٹ نے ایک مقدمہ میں قرار دیا کہ ملزم پر بھاری جرمانہ محض اس وجہ سے عائد نہ کرنا چاہیے کہ عدم ادائی کی صورت میں سزائے قید میں توسیع ہو (پی ۔ ایل۔ڈی لاہور، ۱۹۵۵ء ص ۶۵۰)۔

Fire, *n.* & *v.* آگ ۔ آتش ۔ آگ لگانا ۔

Fire arm, آتشی اسلحہ ۔

Fire arrow, آتشی تیر ۔

Fire brigade, عملہ آتش فرو ۔

Fire conservancy, عملہ تحفظ آگ۔عملہ انسداد آگ۔

Fire engine, آتش فرو انجن ۔

Fire extinguisher, آتش فرو آلہ۔ آگ بجھانے کا آلہ۔

Fire insurance, آگ بیمہ ۔ آتش بیمہ ۔

یہ ایک معاہدہ ہے جو آتش زدگی کے سبب نقصان سے محفوظ رکھنے کے لیے کیا جاتا ہے ۔ بیمہ کمپنی مقررہ اقساط پریمیم کے معاوضہ میں یہ ذمہ داری لیتی ہے کہ وقت معینہ کے اندر اگر بیمہ کرنے والے کو آگ سے کوئی نقصان پہنچے تو وہ اس کی تلافی کر دے گی۔ انتہائی رقم بابت نقصان کا تعین بوقت معاہدہ

کیا جاتا ہے اور اس کا اندراج پالیسی (دستاویز بیمہ) میں ہوتا ہے لیکن آتش زدگی کے باعث جس قدر نقصان کا تعین ہو بیمہ کرانے والا اسی قدر رقم پانے کا مستحق ہوگا ۔ اگر حقیقی نقصان کا تعین رقم بیمہ سے زائد ہو تو بیمہ کرانے والا صرف اسی قدر رقم پانے کا مستحق ہوگا جو بیمہ میں درج ہے ۔ یہ ضروری ہے کہ بیمہ کرانے والا شئے یا جائداد بیمہ شدہ میں قابل بیمہ مفاد (Insurable interest) کا حامل ہو ۔

Fire policy, دستاویز آگ بیمہ ۔

Fire worshipper, *n.* آتش پرست ۔

Firm, *a.* مضبوط ۔ مستحکم ۔

Firm, *n.* فرم ۔

ان اشخاص کا مجموعی نام جو مشترکہ کاروبار انجام دے رہے ہیں ۔ ایسے شرکاء کی تعداد بیس سے متجاوز نہ ہونی چاہیے ورنہ تحت قانون کمپنی ، رجسٹری لازمی ہوگی ۔ اگر رجسٹری نہ ہو تو یہ جماعت غیر قانونی سمجھی جائے گی ۔ قانونی کارروائی میں شرکاء کے انفرادی نام کی بجائے فرم کا نام لکھا جائے گا ۔

اگر یہ شراکتی فرم قانون شراکت کے تحت رجسٹرار کے دفتر میں باقاعدہ رجسٹر نہ کرائی گئی ہو تو فرم کے نام سے مقدمہ دائر نہیں کیا جا سکتا اور اگر دائر کر دیا جائے تو دفعہ ۶۹ قانون شراکت ۱۹۳۲ء کے تحت قابل پیش رفت نہ ہوگا ۔

Firm, Registered رجسٹری شدہ فرم ۔

Firm, Unregistered غیر رجسٹری شدہ فرم ۔

First class, درجہ اول ۔

First Class Magistrate, مجسٹریٹ درجۂ اول ۔

پاکستان میں مجسٹریٹ درجہ اول کو ۲ سال قید ایک ہزار روپیہ جرمانہ تک کی سزا دینے کا اختیار حاصل ہے ۔

First hand, براہ راست ۔

First hand information, براہ راست اطلاع ۔

First hearing, سماعت اول ۔ سماعت ابتدائی ۔

ضابطہ دیوانی کے تحت سماعت ابتدائی یا سماعت اول سے مراد وہ دن ہے جس دن عدالت تنقیح طلب امور کا تصفیہ کرے ۔ (ملاحظہ ہو آرڈر ۱۰ رول نمبر ۱ و آرڈر ۱۴ رول ۱(۵) و پی ایل ڈی ۱۹۶۵ء آزاد جموں و کشمیر ص ۴۶)

First information report, ابتدائی پرچہ واردات ۔

First instance, Court of عدالت ابتدائی ۔

First offender, نومجرم ۔ پہلی بار کا مجرم ۔

First schedule, پہلی جدول ۔

First statute, اولین قانون موضوعہ ۔

اصطلاحاً "اولین قانون موضوعہ" اس قانون کو کہتے ہیں جو کسی موضوع (subject) پر پہلی بار وضع (enact) کیا گیا ہو ۔

Firstly, *ad.* اولاً ۔

Fiscal, *a.* مالی ۔

Fiscal law, مالی قانون ۔

Fiscal year, مالی سال ۔

پاکستان کا مالی سال یکم جولائی سے شروع ہو کر ۳۰ جون کو ختم ہوتا ہے ۔

Fishery, *n.* ماہی گیری ۔ ماہی گاہ ۔

Fit, *a.* مناسب ۔ موزوں ۔ اہل ۔ لائق ۔

Fit, *n.* & *v.* دورہ ۔ موزوں ہونا ۔ مطابق ہونا ۔

Fit of insanity, دورۂ فتور عقل ۔ دورۂ جنون ۔

Fit of passion, دورۂ غیظ و غضب ۔ غصہ کا دورہ ۔ حالت غصہ ۔

Fitness, *n.* درستی ۔

Fitness certificate, صداقت نامۂ درستی ۔

یہ اصطلاح قانون موٹر گاڑیاں میں استعمال ہوتی ہے ۔

Fixed, *a.* مستقل ۔ مقرر ۔ مستحکم ۔

Fixed capital, سرمایہ قائم (مشین یا عمارت وغیرہ) ۔

Fixed charges, مقررہ اخراجات ۔

Fixed deposit, امانت میعادی ۔

Fixed property, جائداد غیر منقولہ ۔

Fixed rent, کرایۂ مقررہ ۔

Fixture (s), *n.* تنصیبات ۔

اگر کرایہ دار نے کچھ اشیاء مالک مکان کی جائداد میں نصب کی ہوں تو وہ بوقت اختتام کرایہ داری ان اشیاء کو لے جا سکتا ہے بشرطیکہ ان سے نکالنے یا الگ کرنے میں جائداد کو نقصان نہ پہنچے ، الا یہ کہ کوئی معاہدہ اس کے برعکس موجود ہو ۔

Flag, *n.* نشان ۔ جھنڈا ۔ پرچم ۔

Flag, Black سیاہ جھنڈا ۔ ماتمی جھنڈا ۔ نشان ماتم ۔
اس بات کا نشان کہ کسی قیدی کو سزائے موت دی جا رہی ہے ۔

Flag, Green ہری جھنڈی ۔ نشان روانگی ۔

Flag, Red سرخ جھنڈی ۔ نشان خطرہ ۔

Flag, White سفید جھنڈا ۔ نشان صلح ۔

Flagitious crime or offence,
جرم سنگین ۔ گناہ کبیرہ ۔ مہاپاپ ۔

Flagrant, *a*. شدید ۔ سنگین ۔

Flagrant necessity, شدید ضرورت لاحقہ ۔
فوری اور شدید ضرورت لاحقہ پر ایک فعل ، جو معمولی حالات میں غیر قانونی ہو ، جائز ہو سکتا ہے مثلاً کسی شخص کو خطرہ سے محفوظ رکھنے کے لیے اس پر حملہ کر کے گرا دینا ۔
"الضرورات تبیح المحظورات" یہ اسلامی قانون کا ایک مقولہ (Maxim) ہے جس کے معنی ہیں انتہائی درجہ کی ضرورتیں ممنوع چیزوں کو مباح (جائز) کر دیتی ہیں ۔

Flaw, *n*. نقص ۔ عیب ۔

Flaw in title, نقص حقیت ۔
دستاویز حقیت میں ایسا نقص جو ملکیت کو ناقص بنا دے ۔

Flawless, *a*. بے عیب ۔ بے نقص ۔

Fleece, *v*. دھوکہ دے کر کسی کا مال یا روپیہ اڑا لینا ۔

Fleet, *n*. بحری بیڑہ ۔

Flesh and blood, One's own قریبی رشتہ دار ۔ آل اولاد ۔

Flesh, Sin of the جنسی گناہ ۔ بے عصمتی ۔ بدچلنی ۔

Flexible, *a*. لچکدار ۔
جو شخص آسانی سے کہا مان جائے ۔

Flexible constitution, لچکدار آئین یا دستور (مملکت) ۔
آئین جس میں ترمیم و تنسیخ اور رد و بدل عام قانون کی طرح ممکن ہو ۔ یہ اصطلاح Rigid کے خلاف استعمال ہوتی ہے ۔

Flight from Justice, انصاف سے بھاگنا ۔

Flimsy, *a*. کمزور ۔ نازک ۔

Float, *v*. جاری ہونا یا جاری رہنا (ہنڈی کا) ۔ قائم کرنا (کمپنی کا) ۔

Floater, *n*. گورنمنٹ اسٹاک کا صداقت نامہ ۔
ریلوے تمسکات وغیرہ جو بطور ضمانت قبول کیے جا سکتے ہیں ۔
وہ شخص جو ناجائز طور پر متعدد مقامات پر رائے دہی میں حصہ لے ۔

Floating capital, سرمایۂ جاریہ ۔
سرمایۂ جاریہ سے مراد وہ سرمایہ ہے جو کوئی کمپنی (علاوہ مشین و عمارت کے) اپنے کاروبار میں لگائے مثلاً تجارتی مال ، زر نقد اور عام لین داریاں جو بسلسلہ کاروبار ہوں سرمایۂ جاریہ میں داخل ہیں ۔

Floating charge, بار جاریہ ۔
یہ اس بار کے لیے استعمال ہوتا ہے جو کمپنی کے کسی مخصوص اور معین اثاثہ پر نہ ہو ۔

Floating debt, قرضہ جو بانڈ یا ذخیرہ کی صورت میں نہ ہو جس پر باقاعدہ سود لیا جائے ۔

Floating policy, یہ اصطلاح بحری بیمہ کی ہے ۔
یہ ایک ایسی پالیسی کہلاتی ہے جس کے تحت بیمہ کمپنی کسی مخصوص مال کو معینہ مدت میں معینہ جگہ پر پہنچانے کی ذمہ داری لیتی ہے لیکن اس میں جہاز یا جہازوں کے نام یا ناموں کی تصریح یا پابندی نہیں ہوتی ۔

Floating security, ضمانت جاریہ ۔

Flog, *v*. چابک سے سزا دینا ۔

Flood, *n*. & *v*. سیلاب ۔ طغیانی ۔ سیراب کرنا ۔ غرقاب کرنا ۔

Floor of the court, فرش عدالت ۔ کمرۂ عدالت ۔ جائے عدالت ۔
اصطلاحاً وہ جگہ جہاں فریقین حاکم کے روبرو کھڑے ہوتے ہیں ۔

Flotson, *n*. مال جو جہاز کی تباہی سے ضائع ہوا ہو ۔
ایسا مال ، پانے والے کی ملکیت نہیں ہو جاتا بلکہ اصل مالک ہی کی ملکیت رہتا ہے ۔ اگر مالک دریافت نہ ہو سکے تو یہ مال سرکار کی ملکیت ہو جاتا ہے مگر عام طور پر پانے والا انعام کا مستحق ہوتا ہے ۔

Fluctuate, *a*. متزلزل ہونا ۔ کم و بیش ہوتا رہنا ۔

Fluctuating, *a*. غیر مستقل ۔

Fluctuation, *n.* اتار چڑھاؤ ۔ کمی بیشی ۔
Fluctuating tax, متغیر محصول ۔
Foil, *n.* پترا ۔ ورق ۔
Folio, *n.* صفحہ کاغذ ۔
بہی کھاتہ وغیرہ کے دو بالمقابل صفحات جن پر ایک ہی وقت میں اندراجات کیے جائیں یا ایک صفحہ جس پر دونوں طرف کا حساب (لین دین) لکھا جائے ۔
Folkland, آراضی جو تا مرضی مالک آسامی کے قبضہ میں رہے ۔
Follow, *v.* تقلید کرنا ۔ نتیجہ نکالنا ۔
کسی چیز یا شخص کا پیچھے آنا ۔ (بہ ترتیب وقت و مقام)
Follower, *n.* مقلد ۔
Follows, حسب ذیل ۔
Following, مندرجہ ذیل ۔
Foment, *v.* ترغیب دینا ۔ جھگڑا کھڑا کر لینا ۔
Food, *n.* غذا ۔ شئے خوردنی ۔
Foodstuff, شئے خوردنی ۔ سامان خوراک ۔
Fool, *n.* بے وقوف ۔ احمق ۔ نادان ۔
Fool, *v.* بے وقوف بنانا یا بننا ۔
Fools paradise, خیالی جنت ۔ جنت حمقاء ۔ احمقوں کی جنت ۔
Fool proof, صاف و صریح ۔ (جو ایک بے وقوف بھی سمجھ جائے) ۔
Foolery, *n.* حماقت ۔
Foolish, بیوقوف ۔ احمق ۔
Foolishly, *ad.* بیوقوفی سے ۔
Foolishness, *n.* بیوقوفی ۔ حماقت ۔
Foot, *n.* قدم ۔
Footnote, صفحہ کے آخر میں نیچے لکھی ہوئی عبارت ۔
Footprint, نقش پا ۔
عدالت نقش پا کے کسی ماہر کی شہادت لے سکتی ہے مگر وہ اس کی رائے کی پابند نہیں ہے کیونکہ ماہر فن کی رائے عدالت کو صرف قیام رائے میں مدد دے سکتی ہے لیکن محض دو پیروں کی یکسانیت کے ادعا کی بناء پر کسی شخص کو ملزم نہیں گردانا جا سکتا ۔
For, واسطے ۔ برائے ۔ عوض ۔ باوجودیکہ ۔ کیونکہ ۔
For instance, بطور مثال ۔ مثلاً ۔
For official use only, صرف برائے استعمال سرکاری ۔
اس اصطلاح کا مفہوم یہ ہے کہ وہ کتاب یا کتابچہ یا دستاویز (عام پبلک کے لیے) برائے فروخت نہیں ہے ۔ بلکہ سرکاری افسران کے استعمال کے لیے ہے ۔ اس کا مطلب لازماً یہ نہیں ہو سکتا ہے کہ وہ کوئی سرکاری راز ہے جس کا افشاء کرنا خطرہ سے خالی نہیں (پی ایل ڈی ۱۹۶۱ء لاہور ۸۷) ۔
For other purposes, بہ اغراض دیگر ۔
For purposes of court-fee, بہ اغراض رسوم عدالت ۔
For purpose of jurisdiction, بہ اغراض اختیار سماعت ۔
For the present, فی الوقت ۔ بحالت موجودہ ۔
For the time being, فی الحال ۔
For the time being in force, نافذ الوقت ۔
Forbid, *v.* روکنا ۔ منع کرنا ۔
Forbidden, *a.* ممنوعہ ۔
Force, *a.* & *v.* قوت ۔ قوت عمل ۔ جبر ۔ زور ڈالنا ۔ مجبور کرنا ۔
Force, Criminal جبر مجرمانہ ۔
کسی شخص پر اس کی بلا رضامندی بالارادہ جبر کرنا کسی جرم کے ارتکاب کے لیے یا اس نیت سے یا اس علم سے یا جبکہ یہ احتمال ہو کہ اس جبر سے اس شخص کو مضرت ، خوف یا رنج پہنچے گا تو یہ جبر مجرمانہ کہلائے گا (ملاحظہ ہو دفعہ ۳۵۰ تعزیرات پاکستان) ۔
Force, Air فضائیہ ۔
Force, In نافذ ۔ جاری ۔
Force Majeure, قبضہ قدرت ۔
کسی بالائی قوت کی طرف سے روک ۔ دیکھیے "Act of God"
Force, Police جمعیت کوتوالی ۔
Forcible entry, جبراً داخلہ (آراضی یا مکان میں) ۔
Foreclose, *v.* روک دینا ۔ باز رکھنا ۔
ایسے شخص کو جسے انفکاک رہن (Redemption of mortgage) کا حق حاصل ہو ، ہر وقت مقررہ زر رہن ادا نہ کرنے پر حق انفکاک سے محروم کر دینا Foreclose کہلاتا ہے ۔
Foreclosure, *n.* شئے مرہونہ کی ضبطی ۔
Foreclosure, Right to حق سلوط حق انفکاک ۔

حق انفکاک ساقط کرنے کا حق ۔

Foreclosure, Suit for نالش سقوط حق انفکاک ۔

Forefathers, *n.* آباء و اجداد ۔

Forfeit, *v.* ساقط ہونا ۔ (حق) ضبط کرنا ۔

Forfeited, *a.* ضبط شدہ ۔

Forfeiture, *n.* ضبطی ۔

Forfeiture of lease, ضبطی پٹہ ۔

Forfeiture of remission, ضبطی معافی ۔

Forego, *v.* ترک کرنا ۔

Foregone conclusion, نتیجہ معلومہ ۔

Forehand, *a.* قبل از وقت ۔

Forehand rent, پیشگی کرایہ یا لگان ۔

Foreign, *a.* غیر ملکی ۔ خارجہ ۔ بیرونی ۔

Foreign attachement, قرقی خارجہ ۔

کسی ایسے مدعا علیہ کے خلاف قرقی جو اس عدالت کی حدود میں سکونت نہ رکھتا ہو جس نے قرقی کا حکم جاری کیا ہو ۔

مدیون کو وصول شدنی قرضہ کی قرقی ، اس شخص کے مقابلہ میں جو مدیون کا مقروض یا امین نہ ہو اور اس کارروائی میں جو مدیون کے مقابل ایفاء یا بے باقی کے لیے ہو رہی ہو ، فریق نہ ہو ۔ اس قسم کی قرقی کو انگریزی قانون کے بموجب قرقی خارجہ کہا جائے گا ۔

Foreign bill, خارجہ ہنڈی ۔ غیر ملکی ہنڈی

جو ایک ملک میں لکھی جائے اور دوسرے ملک میں قابل ادا ہو ۔

حسب ذیل ہنڈیاں غیر ملکی یا خارجہ ہنڈیاں کہلائیں گی :

۱- وہ ہنڈی جو بیرون پاکستان لکھی گئی ہو اور قابل ادا بھی بیرون پاکستان ہو ۔

۲- وہ ہنڈی جو پاکستان میں لکھی گئی ہو اور پاکستان میں قابل ادا ہو ۔

۳- وہ ہنڈی جو پاکستان میں لکھی گئی ہو اور بیرون پاکستان قابل ادا ہو ۔

غیر ملکی ہنڈی پر عدم سکرائی (Non-acceptance) یا عدم ادائی (Non-payment) کی صورت میں اس ملک کے قانون کے تحت جہاں وہ قابل ادا ہو ، نوٹری پبلک سے احتجاج (Protest) درج کرانا لازمی ہوتا ہے ۔

Foreign contract, معاہدہ ملک غیر ۔ معاہدہ خارجہ ۔ غیر ملکی معاہدہ ۔

بین الاقوامی قانون کے تحت ایک معاہدہ کی نوعیت ، اس کے جواز ، تعبیر ، فریقین کے حقوق اور وجوبات کے لیے اس مقام کا قانون متعلق ہوگا جہاں کہ وہ معاہدہ ہوا ہو ۔ (۱ کلکتہ ص ۳۰۳) جبکہ ضابطہ سے متعلق جملہ امور اس مقام کے قوانین سے تعلق رکھتے ہیں جہاں کہ وہ مقدمہ دائر کیا گیا ہو ۔

Foreign court, عدالت ملک غیر ۔ غیر ملکی عدالت ۔

غیر ملکی عدالت سے وہ عدالت مراد ہے جو بیرون پاکستان واقع ہو اور مرکزی حکومت کے حکم سے قائم یا برقرار نہ ہو (دفعہ ۲ ضابطہ دیوانی) ۔

مروّجہ بین الاقوامی قانون کی رو سے ملک غیر کی عدالت کو ہر اس شخص کے متعلق اختیار سماعت حاصل ہے جو اس ملک غیر کی رعایا ہو ، یا بوقت ارجاع نالش وہاں پر مستقل سکونت کے ارادہ سے مقیم ہو ۔

کوئی شخص ملک غیر کی عدالت میں اپنا مقدمہ دائر کرے اور اپنی مرضی سے حاضر عدالت ہو تو قیاس قانونی یہ ہے کہ وہ اپنے آپ کو اس عدالت کے اختیار سماعت کے حوالہ کرتا ہے ۔

پاکستانی عدالتیں ملک غیر کے فیصلوں کو اس بناء پر منسوخ کرنے کا حق رکھتی ہیں کہ عدالت ملک غیر کو متنازعہ معاملہ میں اختیار سماعت حاصل نہ تھا (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو دفعہ ۱۳ ضابطہ دیوانی) ۔

Foreign currency, سکہ رائج الوقت ملک غیر ۔ غیر ملکی سکہ ۔

Foreign decree, غیر ملکی ڈگری ۔

Foreign domicile, توطّن ملک غیر ۔

Foreign exchange, غیر ملکی زر مبادلہ ۔

Foreign judgement, فیصلہ (عدالت) ملک غیر ۔ غیر ملکی فیصلہ ۔

ایک ملک کی عدالت کا فیصلہ دوسرے ملک کی عدالت میں قابل تعمیل (executable) نہیں ہوتا بجز اس کے کہ ہر دو ممالک کے مابین اس ضمن میں کوئی میثاق یا معاہدہ ہوگیا ہو مگر ایسی صورت میں جبکہ

ہر دو ممالک کے مابین اس سلسلہ میں کوئی میثاق یا معاہدہ نہ ہو تو ڈگری شدہ داد رسی کی بناء پر نیا دعویٰ دائر کرنا ہوگا۔ حاصل شدہ ڈگری کا ایک قانونی اثر یہ ہوتا ہے کہ اس ملکی عدالت سے، جہاں کہ ڈگری تعمیل طلب ہو، داد رسی حاصل کرنے کا ایک جدید موقع فراہم ہو جاتا ہے (ملاحظہ ہو دفعہ ۴۴ الف ضابطہ دیوانی)۔

Foreign jurisdiction, اختیار سماعت ملک غیر۔

Foreign judicial record, ملک غیر کا عدالتی ریکارڈ۔

ملک غیر کا عدالتی ریکارڈ ایک سرکاری دستاویز ہے جس کی مصدقہ نقل از روئے قانون شہادت، قابل ادخال ہے (۲۷ کلکتہ ص ۲۰۹ پریوی کونسل)۔

Foreign law, غیر ملکی قانون۔ قانون ملک غیر۔

ملکی عدالتیں غیر ملکی قوانین کی پابند نہیں ہوتیں اس لیے غیرملکی قوانین کو بطور واقعہ (Fact) شہادت کے ذریعہ ثابت کرنا ضروری ہے اگر قوانین تحریری ہوں تو عام طور پر ان کی سرکاری طبع شدہ نقول یا ایسی نقول جو اس ملک کی باضابطہ تصدیق شدہ اور مہر زدہ ہوں پیش کرکے انہیں ثابت کیا جا سکتا ہے۔ غیر تحریر شدہ قوانین یا رواج کو ایسے گواہوں کے ذریعہ ثابت کیا جا سکتا ہے جو اس ملک کے قوانین اور رسم و رواج سے بخوبی واقف ہوں اور حلفاً ان کی تصدیق کریں۔

کسی ملک کی اعلیٰ ترین عدالت کا فیصلہ جس میں اس ملک کے قانون یا رسم و رواج پر روشنی ڈالی گئی ہو، شہادت میں پیش کیا جا سکتا ہے اگرچہ وہ فیصلہ کسی دوسرے ملک کی عدالت کے روبرو متنازعہ فریقین کے لیے قابل پابندی نہیں ہے مگر اس فریق کے خلاف ایک زبردست دلیل کی حیثیت رکھتا ہے جو غیر ملکی باشندہ ہونے کی وجہ سے اس غیر ملک کے قانون کا پابند ہے (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو دفعہ ۳۸ قانون شہادت و اے۔ ای۔ آر ۱۹۴۲ء بمبئی ص ۱۸۵ء)۔

Foreign marriage, غیر ملکی نکاح۔

Foreigner, *n.* غیر ملکی۔ پردیسی۔ بدیسی۔ باشندۂ ملک غیر۔ اجنبی۔

اجنبی اشخاص کا ملک غیر کے قانون سے واقف ہونے کا قیاس ہوتا ہے جس طرح کہ ملکی باشندوں کے واقف ہونے کا قیاس ہوتا ہے۔

Forejudge, *n.* واقعہ سننے اور ثبوت لینے سے قبل رائے قائم کر لینا۔

Foreman, فورمین۔ سربراہ۔

Foresaid, مذکورہ۔

Forensic, *a.* عدالتی۔ متعلق عدالت انصاف۔

Forest department, محکمۂ جنگلات۔

Forestall, *n.* راستہ روکنا۔ کسی کام میں پیش قدمی کرنا۔

Forestalling the market, مال کے بازار پہنچنے سے پہلے اس نیت سے خریدنا کہ وہ زیادہ قیمت پر فروخت کیا جا سکے۔

اسلامی شریعت میں اس فعل سے منع کیا گیا ہے کیونکہ اس طرح فروخت کنندہ بازار کے صحیح بھاؤ سے لاعلم ہوتا ہے اور خریدار اس کی اس لاعلمی سے فائدہ اٹھانا چاہتا ہے۔

Forewarn, *v.* قبل از وقت خبردار کردینا (خطرہ سے)۔

Forfeiture, *n.* ضبطی۔

گواہ ایسے سوالات کے جواب دینے کے پابند نہیں ہیں جن سے وہ جائیداد کی ضبطی کے مستوجب ہوتے ہوں۔ ضبطی کی اصطلاح قانون انتقال جائداد میں مستعمل ہوئی ہے۔

Forge, *v.* جعلی بنانا۔

Forged document, جعلی دستاویز۔

Forger, *n.* جعل ساز۔

Forgery, *n.* جعل سازی۔

کسی دوسرے کے حق کو متاثر کرنے کے لیے کوئی تحریر بنانا یا کسی تحریر میں حذف یا اضافہ کرنا جعل سازی کہلاتا ہے۔ فرضی نام سے یا کسی ایسے شخص کی طرف سے جو زندہ نہیں ہے تحریر بنانا بھی جعل سازی ہوگا۔ جعل سازی کے جرم کو ثابت کرنے کے لیے یہ ضروری ہے کہ دوسرے کو دھوکہ دینے کی نیت ہو مگر یہ ضروری نہیں ہے کہ فی الحقیقت اس کو مضرت پہنچی ہو۔ یہ کافی ہے کہ اس دستاویز سے مضرت پہنچنے کا امکان تھا اور نیت دوسرے کو نقصان پہنچانے یا خود فائدہ حاصل کرنے کی تھی۔

(تفصیل کے لیے ملاحظہ ہوں دفعات ۴۹۷ و ۴۹۸ تعزیرات پاکستان، ۱۸۶۰ء) ۔

Forgive, *v.* معاف کرنا ۔

Form, *n.* & *v.* نمونہ۔ شکل۔ خاکہ بنانا۔ ترتیب دینا۔

Form, Acknowledgement قبولیت نامہ ۔
اس کے لیے Deed of Acknowledgement کی اصطلاح بھی استعمال ہوتی ہے ۔

Forma pauperts, In بہ صیغہ مفلسی ۔
بہ صیغہ ناداری ۔
اگر کوئی شخص مفلس و نادار ہو تو اس کی درخواست پر عدالت ضروری تحقیقات کے بعد اسے مفلس قرار دے کر بلا ادائی رسوم عدالت (Court fee) ارجاع نالش کی اجازت دے سکتی ہے ۔ لیکن مدعی کو مفلس قرار دینے سے قبل فریق ثانی کو اس درخواست کا نوٹس دینا ضروری ہوگا ۔ (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو حکم ۳۳ ضابطہ دیوانی ۱۹۰۸ء)

Formal, *a.* رسمی ۔ باضابطہ ۔

Formal acceptance, رسمی منظوری ۔

Formal defect, نقص رسمی ۔ نقص ضابطہ ۔
ضابطہ دیوانی ۱۹۰۸ء میں اس اصطلاح کی کوئی تعریف بیان نہیں کی گئی ہے ۔ اس کے عام اور سیدھے سادے معنی یہ لیے جائیں کہ وہ نقص عرضی دعویٰ کا ہو لیکن اگر وہ نقص اصل مقدمہ کی بنیاد کو منہدم کر دیتا ہو تو پھر اس کو معمولی یا رسمی یا ضابطہ کا نقص نہیں کہا جا سکتا ۔

Formal warning, رسمی یا باضابطہ انتباہ ۔

Formality, *n.* ضابطہ ۔ دستور ۔ رواج ۔ طور ۔

Formally, *ad.* باقاعدہ ۔

Former, *a.* سابق ۔ گذرا ہوا ۔

Former trial, Evidence on شہادت جو سابقہ مقدمے میں پیش ہوئی ہو ۔
ایسی شہادت وہ اشخاص دے سکتے ہیں جنھوں نے سنی تھی یا نیز گواہ اپنی ان یادداشتوں کو دیکھ سکتا ہے جو اس نے اس وقت لی تھیں ۔

Fornication, *n.* ازدواج کے بغیر جنسی تعلق ۔ رنڈی سے کسی مرد کا ہم صحبت ہونا ۔
برضاء و رغبت دو غیر شادی شدہ مرد و عورت کا ہم صحبت ہونا ۔ دو ہیں سے اگر کوئی ایک شادی شدہ ہے تو انگریزی اصطلاح کے بموجب یہ فعل adultery کہلائے گا ۔

Forsake, *v.* چھوڑ بیٹھنا ۔ ترک کر دینا ۔ قطع تعلق کر لینا ۔

Forswear, *v.* توبہ کرنا ۔ قسم کھانا (ترک فعل کی) ۔

Forthcoming, آئندہ ۔

Forthwith, فی الفور ۔

Fortification *a.* استحکام ۔ تعمیر (بغرض حفاظت) ۔

Fortitious, *a.* ناگہانی (حادثہ) ۔ اتفاقیہ ہونے والا (واقعہ) ۔

Forum, *n.* عدالت ۔

Forward, *v.* بڑھانا ۔ ترقی دینا ۔ ارسال کرنا ۔

Foster, *a.* & *v.* رضاعی ۔ دودھ پلانا ۔ پالنا پوسنا ۔

Fosterage, *n.* رضاعت ۔

Fosterage, Conditions of شرائط رضاعت ۔
حنفیوں کے نزدیک کسی اجنبی عورت کا ایک دفعہ دودھ پینا رضاعت کے رشتہ کو قائم کر دیتا ہے اور اپنے اثر کے لحاظ سے مانع نکاح ہے ۔ البتہ شافعیوں کے نزدیک کم ازکم پانچ مرتبہ دودھ پینا شرط ہے ، لیکن شیعوں کے نزدیک رضاعت صرف اس صورت میں نکاح کے لیے مانع شرعی ہو سکتی ہے جبکہ لڑکے نے پندرہ مرتبہ یا کم از کم ایک دن اور رات دودھ پیا ہو لیکن رضاعت کی حرمت عارض ہونے کے لیے ضروری ہے کہ دودھ پلانے جانے کے وقت بچہ یا بچی کی عمر ۲ سال تک ہونی چاہیے اور دودھ پلانے والی کی عمر ۹ سال یا اس سے زائد ہو (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو مجموعہ قوانین اسلام، مؤلف ہذا، جلد اول ص ۱۵۶) ۔

Foster brother, برادر رضاعی ۔ دودھ شریک بھائی ۔

Fostor child, رضیع ۔

Foster daughter, دختر رضاعی ۔

Foster father, رضاعی باپ ۔
باپ کی طرح پرورش کرنے والا ۔

Foster mother, مادر رضاعی ۔

Foster sister, رضاعی بہن ۔ دودھ شریک بہن ۔

(رضاعی رشتہ داران سے نکاح کے سلسلے میں دیکھیے ("Females of prohibited degrees" -

Fosterer, *n.* مرضع - مرضعہ -

Foundation, *n.* بناء - بنیاد - اساس -
اصطلاحاً وقف اور ٹرسٹ کے معنی میں بھی استعمال ہوتا ہے -

Founded, *a.* قائم کردہ -

Founder, *n.* بانی - مؤسس -

Founding, وہ بچہ جو کہیں پڑا ہوا ملے اور اس کے والدین کا پتہ نہ ہو -
شرعی اصطلاح میں ایسے بچہ کو لقیط یا لقطہ کہا جاتا ہے -

Four corners of the law, وسعت قانونی -

Fraction, *n.* حصہ - کسر -

Fraction of day, جزء یوم -
ہر توثیق کا اثر استقدامی اور اول سے حکم دینے کے مانند ہوتا ہے - نیز کسی مقدمہ کے اثناء میں عدالتی افعال کو اس دن کی ابتداء سے متعلق کر دیا جاتا ہے اور جزء یوم کا اطلاق نہیں ہوتا -

Fractional, *a.* کسری - مکسور -

Fractional share, مکسور یا کسری حصہ -

Fracture, *n.* شکستگی - ٹوٹ جانا (ہڈی کا) -

Fracture, Simple ہڈی کی معمولی شکستگی -

Fracture, Compound ہڈی کا اس طرح ٹوٹ جانا کہ اس کے ساتھ اندر تک جسم پر بھی زخم پیدا ہو جائے -

Fragment, *n.* حصہ (جو ٹوٹ کر علیحدہ ہوگیا ہو) -

Fragmentation, *n.* انشقاق -

Fragmentary impression, جزوی نشان -

Frailty, *n.* کمزوری - نقص - غلطی -

Frame, *v.* تشکیل کرنا - وضع کرنا -

Framing charge, فرد جرم لگانا -

Framing of issues, قیام تنقیحات -

Framing of suit, ترتیب مقدمہ -

Franchise, *n.* (۱) حق رائے دہی -
(۲) اصول جس کے تحت حق رائے دہی دیا جائے -

Fratricide, *n.* برادر یا خواہر کشی -

Fraud, *n.* دھوکہ - فریب -
کوئی فعل جس سے دھوکہ ہو سکتا ہو یا جو قانوناً فریب قرار دیا گیا ہو -
کسی واقعہ کا اظہار یا اخفاء ، بذریعہ الفاظ یا زبانی یا تحریری ، اس نیت سے کہ کسی کو جل دیا جائے ، دھوکہ یا فریب کہلاتا ہے - معاہدات کو بے اثر ثابت کرنے کے لیے فریب ثابت کیا جا سکتا ہے -
اگر کسی شخص کو دھوکہ دے کر کوئی معاہدہ کرایا جائے یا جائداد منتقل کرا لی جائے تو وہ شخص اس دھوکہ کے انکشاف کے بعد اس معاہدہ یا منتقلی کو فسخ کرا سکتا ہے لیکن اس کے لیے یہ امر نہایت ضروری ہے کہ انکشاف کے بعد بلا تاخیر قدم اٹھائے لیکن اس کو یہ حق حاصل نہ ہوگا کہ اس نیک نیت خریدار سے اپنی جائیداد حاصل کر سکے جس نے فریب کے علم کے بغیر جائیداد حاصل کی ہو -
جب کوئی شخص بربنائے فریب نالش دائر کرے یا اس جائیداد کی بازیابی کا دعویدار ہو جو فریبانہ طریقہ پر اس سے حاصل کی گئی ہو تو ارجاع نالش کا حق اس وقت سے شروع ہوگا جب کہ اس فریب یا دھوکہ کا انکشاف ہوا ہو نہ کہ اس تاریخ سے جب کہ دھوکہ دیا گیا ہو -
فریب اور بد دیانتی میں یہ فرق ہے کہ اگر نیت یہ ہو کہ دھوکہ دے کر غیر قانونی نقصان پہنچایا جائے تو یہ بد دیانتی ہوگی اور اگر دھوکہ دہی کا فعل کسی کو نقصان کے خطرہ میں مبتلا کر دے تو وہ فریب یا دھوکہ ہے خواہ نیت یہ نہ ہو کہ دھوکہ دے کر غیر قانونی نقصان پہنچایا جائے یا غیر قانونی فائدہ حاصل کیا جائے -

Fraud, Actual فریب واقعی -

Fraud, Constructive فریب تعبیری -

Frauds, Statute of قانون انسداد فریب -
وصی کی شخصی ذمہ داری کو ثابت کرنے کے لیے دوسرے کے قرضے کی ضمانت کو ثابت کرنے کے لیے، ایسے اقرار کو ثابت کرنے کے لیے جس کا بدل نکاح ہو ، آراضی میں مفاد کے متعلق معاہدات کو ثابت کرنے کے لیے یا ایسے معاہدات کو ثابت کرنے کے لیے جن کی تعمیل ایک سال کے اندر نہیں ہوتی ہے -

اس قانون کی رو سے تحریری شہادت کا ہونا ضروری ہے۔

Fraudulent, *a.* فریبانہ ۔

Fraudulent alteration, فریبانہ ردّ و بدل ۔

Fraudulent claim, فریبانہ دعویٰ ۔
ایسا دعویٰ جس کے متعلق مدعی یہ جانتا ہو کہ وہ شئے متدعویہ کا حقدار نہیں ہے ۔

Fraudulent disposition of property, جائیداد کی فریبانہ منتقلی ۔

Fraudulent delivery, فریبانہ حوالگی ۔

Fraudulent execution, فریبانہ تعمیل (ڈگری) ۔

Fraudulent marriage, فریبانہ ازدواج ۔

Fraudulent preference, فریبانہ ترجیح ۔
جب کوئی مقروض شخص دیوالیہ ہونے سے پہلے اپنی جائیداد بعض قرض خواہوں میں محض اس غرض سے خود ہی تقسیم کر دے کہ دوالہ کی کارروائی میں بذریعہ عدالت جو تقسیم ہوگی اس میں بعض قرض خواہوں کو اُن کا حصہ رسدی نہ مل سکے تو ایسی ترجیح فریبانہ ہوگی اور شخص دیوالیہ ایسی ترجیح کے لیے عدالت فوجداری میں قابل مواخذہ ہوگا ۔

Fraudulent removal, فریبانہ علیحدگی یا برخاستگی ۔

Fraudulent transfer, فریبانہ منتقلی ۔
اگر کوئی مدیون اپنی جائیداد دوسرے دائنان کو دھوکہ دینے کی نیت سے منتقل کر دے تو ایسی منتقلی فریبانہ ہوگی ۔ فریبانہ منتقلی بعض صورتوں میں تعزیری جرم ہے ۔ (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہوں دفعات ۴۲۱ - ۴۲۴ تعزیرات پاکستان ، ۱۸۶۰ء) ۔

Fraudulently, *ad.* فریب سے ۔
جو کسی کو کسی حق سے محروم یا بے دخل کرنے کی غرض سے کیا جائے (ملاحظہ ہو دفعہ ۲۵ تعزیرات پاکستان ، ۱۸۶۰ء) ۔ *(See also 'Fraud')*

Free, *a.* آزاد ۔ بلا قید یا شرط ۔

Free consent, آزاد مرضی یا رضامندی ۔
آزاد رضامندی کے قانونی تصور کی روح یہ ہے کہ شے معاہدہ کی نسبت فریقین کے مابین کوئی غلط فہمی نہ ہو۔ از روئے قانون معاہدہ ، معاہدہ کے جواز کے لیے آزاد مرضی یا رضامندی ناجائز دباؤ ، دھوکہ دہی ، جبر یا غلط بیانی کے ذریعہ حاصل کی گئی ہو تو ایسا معاہدہ بعض حالات میں باطل اور بعض حالات میں قابل تنسیخ ہوگا ۔ لیکن تنسیخ کا حق صرف اُس فریق کو حاصل ہوگا جس کی رضامندی اس طریقہ پر حاصل کی گئی ہو ۔

Freedom, *n.* آزادی ۔

Freedom of Press, آزادی صحافت ۔

Freedom of religion, آزادی مذہب ۔

Freedom of speech, آزادی تقریر ۔

Freedom of trade, آزادی تجارت ۔

Free goods, مال جس پر محصول عائد نہ کیا جائے ۔

Freehold, حقیت جس پر کرایہ نہ ہو (جائیداد میں) ۔

Free of encumbrances, بار کفالت سے پاک ۔

Free on Board, خرچہ بار برداری بذمہ بائع ۔
دیکھیے FOB ۔

Free will, برضا و رغبت ۔ بلا جبر و اکراہ ۔

Freight, *n.* کرایہ باربرداری (جہاز یا ریل) ۔

Fresh cause of action, جدید بنائے دعویٰ ۔

Fresh suit, نالش جدید ۔

Friction, *n.* ناچاقی ۔

Friend, Next قریب ترین دوست یا نابالغ مدعا علیہ کا ولی ۔
کسی نابالغ کے خلاف یا اس کی جانب سے مقدمہ اس کے قریب ترین دوست یا ولی کی معرفت دائر کیا جا سکے گا ۔

Frivolous, *a.* بے ہودہ ۔

From the date of, تاریخ حکم سے ۔
اگرچہ ''تاریخ حکم سے'' کے اصطلاحی معنی اُس تاریخ سے مراد ہیں جس تاریخ کو حکم دیا جائے لیکن بعض عدالتوں نے چند مخصوص قوانین کے سلسلہ میں اس اصطلاح کے یہ معنی لیے ہیں کہ تاریخ حکم سے مراد وہ تاریخ ہے جب شخص متعلقہ کو اس حکم کی اطلاع پہنچے ۔
چنانچہ انکم ٹیکس کی دفعہ ۳۳ الف(۲) میں ''تاریخ حکم سے'' مراد وہ تاریخ ہے جب کہ مشخص الیہ کو اس حکم کی اطلاع پہنچے ۔ اسی طرح قانون اشخاص خانماں برباد معاوضہ و آبادکاری کے تحت مغربی پاکستان ہائی کورٹ (کراچی بنچ) نے بھی اسی نقطۂ نظر کا اظہار کیا ہے ۔

Frontier, *n.* سرحد ۔

Frustrate, *v.* محروم کرنا ۔ ناکام کرنا ۔

بے اثر کرنا (دستاویز کو) ۔

Frustration, *n.* بے اثری ۔

یہ اصطلاح قانون معاہدہ ۱۸۷۲ع کی دفعہ ۵۶ میں استعمال ہوتی ہے ۔ ایک معاہدہ جو قانونی طریقہ پر طے پایا ہو ، قبل از وقت کسی ایسے سبب یا واقعہ کی بناء پر جو معاہدہ کے تعلق سے بنیادی اہمیت کا مالک ہو، وقوع پذیر ہو جائے جس کے سبب از روئے قانون معاہدہ کی تکمیل کا کوئی سوال ہی نہ پیدا ہو ، اس وقت کہا جائے گا کہ معاہدہ بے اثر ہو گیا (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو پی ایل ڈی ۱۹۶۰ع ڈھاکہ ص ۳۰۸) ۔

Fugitive, *a.* مفرور ۔

Fugitive criminal, مفرور مجرم ۔

پاکستان کے قانون فوجداری میں مفرور ملزم کے لیے Absconder کی اصطلاح استعمال کی گئی ہے ۔ عدالت مفرور ملزم کی جائیداد ضبط کرنے کا حکم دے سکتی ہے ۔ (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو مجموعہ ضابطہ فوجداری ۱۸۹۸ع) ۔

Fulfil, *v.* پورا کرنا ۔ ایفاء کرنا ۔

Fulfilment, *n.* تکمیل ۔ ایفاء ۔

Fulfilment of condition, تکمیل شرط ۔

Full age, بلوغت ۔

وہ عمر جب کہ کسی شخص کو قانوناً معاہدہ کرنے کا اہل خیال کیا جائے ۔ عام حالات میں یہ عمر ۱۸ سال ہوتی ہے لیکن اگر عدالت نابالغ کا کوئی ولی مقرر کر دے تو بلوغت کی عمر ۲۱ سال ہے ۔

Full Bench, اجلاس کاملہ ۔

یہ اجلاس تین یا تین سے زائد یا عدالت کے تمام ججوں پر مشتمل ہوتا ہے ۔

Full brother, برادر حقیقی ۔

Full and final settlement, مکمل اور قطعی تصفیہ ۔

Full owner, مالک کل ۔ کلی مالک ۔

Full payment, کامل ادائی ۔

Full powers, اختیارات کلی ۔ کل اختیارات ۔

Full proprietory rights, کامل حقوق ملکیت ۔

Function, *n.* کار منصبی ۔ مفہوم ۔ تقریب ۔

Functionary, *n.* عہدہ دار ۔ منصب دار ۔

Functus officio, زوال منصبی ۔

یہ اصطلاح لاطینی زبان سے انگریزی میں آئی ہے ۔ اس کے معنی ہیں کسی سرکاری عہدہ دار کی مدت ملازمت (منصبی) کا ختم ہوجانا ۔ قانون میں یہ اصطلاح اس جج کے لیے بھی استعمال ہوتی ہے جو کسی مقدمہ کا آخری فیصلہ دے چکے جس کے بعد اس کو اس پر کوئی اختیار منصبی باقی نہ رہا ہو ۔

Fund, *n.* سرمایہ ۔ جمع ۔ مد ۔ ذخیرہ ۔

Fundamental, *a.* بنیادی ۔ اساسی ۔

Fundamental principles of justice, انصاف کے بنیادی اصول ۔

انصاف کا منجملہ دیگر اصولوں کے ایک بنیادی اصول یہ ہے کہ کسی شخص کو اس کے حق سے ، اس کو صفائی یا جواب دہی کا موقع دیے بغیر ، محروم نہ کیا جائے ۔ اس کو قانونی اصطلاح میں فطری یا قدرتی انصاف (Natural Justice) بھی کہا جاتا ہے ۔

(*See also 'Natural Justice'*)

Fundamental rights, بنیادی حقوق ۔

ایک فرد کے وہ حقوق جو دنیا کی اکثر جمہوری مملکتوں نے تسلیم کیے ہیں حسب ذیل ہیں :

(۱) حق مساوات، (۲) حق آزادی، (۳) حق آزادی رائے ، (۴) مذہبی رسوم کی آزادانہ بجا آوری کا حق ، (۵) حصول جائیداد اور اس کے استعمال کا حق (۶) عدالتی چارہ کار کا حق ، (۷) آزاد تجارت کا حق ۔ اسلام میں شروع ہی سے انسان کے ان بنیادی حقوق کو تسلیم کیا گیا ہے ۔

بنیادی حقوق کسی بھی جمہوری نظام میں شہ رگ کی حیثیت رکھتے ہیں اور ان ہی کے ذریعہ عوامی آزادی کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے ۔ بنیادی حقوق میں فرد کے مذہبی ، سیاسی ، تہذیبی اور اقتصادی حقوق کی حفاظت مقصود ہوتی ہے کیونکہ اگر دستور کے تحت ان حقوق کی حفاظت نہ کی جائے تو اس امر کا ہر وقت خدشہ رہتا ہے کہ انتظامیہ اپنی من مانی کارروائیاں کرنے کے لیے کسی بھی وقت ان عوامی حقوق کو پامال کر سکتی ہے اور فرد کی آزادی معرض خطرے میں رہنے کے سبب اس امر کا امکان

معذوری کے سبب ایسا ممکن نہ ہو ۔

ایجاب و قبول اصالتاً یا وکالتاً دونوں طرح جائز ہے، بشرطیکہ وکیل عاقل و بالغ ہو ، اگر شخص غیر مجاز (فضولی) کسی کا نکاح کر دے یا وہ اپنے اختیار سے تجاوز کرتے ہوئے موکل یا موکلہ کی جانب سے نکاح کا ایجاب یا قبول کر لے تو ایسا نکاح موکل یا موکلہ کی اجازت پر موقوف رہے گا ۔ نکاح ایجاب و قبول کے ایسے الفاظ سے منعقد ہو سکتا ہے جو اپنی تاثیر کے اعتبار کے اعاقدین نکاح کو شرع کے مطابق فوری طور پر رشتہ ازدواج میں منسلک کر دیں ۔

بحالت معذوری ایسے اشارے کے ذریعہ بھی ایجاب و قبول ہو سکتا ہے جس سے فریقین ایک دوسرے کے مقصد کو غیر مبہم طور پر سمجھ لیں ۔ ایجاب و قبول کے الفاظ میں دونوں صیغے ماضی کے ہوں گے یا ایک ماضی کا اور دوسرا مستقبل کا، یا ایک صیغہ امر کا اور دوسرا ماضی کا ایجاب و قبول کے لیے ضروری ہے کہ ایک کلام دوسرے کلام کے مطابق ہو ۔

Funeral expenses, **اخراجات تجہیز و تکفین ۔**

میت کے ترکہ سے اس کی تجہیز و تکفین کے اخراجات کرنا میت کا حق ہے ۔ اس کے بعد اس کے ذمہ قرضوں کی ادائی اور وصیتوں کا اجراء عمل میں لایا جاتا ہے اس کے بعد بچا ہوا ترکہ مابین ورثاء تقسیم ہوتا ہے، (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو مجموعہ قوانین اسلام، صفحہ پنجم، وراثت باب ''حقوق متعلق بہ ترکہ'') ۔

Funeral rites, **رسوم تجہیز و تکفین ۔**

Furlough, *n.* **طویل رخصت ۔**

Furnish, *v.* **مہیا کرنا ۔**

Further, **مزید ۔**

Further consideration, **غور مزید ۔ بدل مزید ۔**

Further inquiry, **تفتیش مزید ۔**

Furtherance, In **بہ تائید ۔**

Futile, *a.* **لاحاصل ۔ بے اثر ۔**

Future, **آئندہ ۔ زمانہ مستقبل ۔**

Future estate, **ملکیت آئندہ ۔**

Future goods, **مال آئندہ ۔**

وہ مال جو آئندہ تیار کیا جائے ۔

ہر وقت موجود رہتا ہے کہ جمہوریت کی قبا میں دیو استبداد اپنے پنجے جما رہا ہے ۔

لیکن آزادی کا مقصد لاقانونیت نہیں بلکہ چند تحدیدات (پابندیوں) کے ساتھ آزادی مقصود ہے ۔ حقوق کا مطلب مطلق حقوق نہیں بلکہ ذمہ داری کے ساتھ ان کا استعمال ہے ۔ چنانچہ بنیادی حقوق کا اصل مقصود یہ ہے کہ ان حقوق کو پابندیوں اور ذمہ داریوں کے ساتھ استعمال کیا جائے ۔ مثال کے طور پر بنیادی حقوق میں ایک اہم حق آزادی تقریر ہے لیکن اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں ہے کہ کوئی شہری اس حق کا سہارا لے کر اپنی تقریر میں اخلاق و تہذیب سے گرے ہوئے الفاظ استعمال کرے یا ایسی فتنہ انگیز باتیں کہے جن سے امن عامہ متاثر ہونے کا اندیشہ ہو یا پھر ایسے خیالات و جذبات کا اظہار کرے جن سے قومی اور بین الاقوامی معاملات میں پیچیدگیاں پیدا ہوں جن سے یگانگت اور دوستی کے بجائے منافرت اور دشمنی کے جذبات و احساسات پیدا ہوں ۔ یہی وجہ ہے کہ بنیادی حقوق ''حقوق مطلق'' (Absolute rights) کی حیثیت نہیں رکھتے اور نہ حقوق مطلق کی صورت میں دے جاتے ہیں بلکہ ان کے ساتھ چند تحدیدات اور پابندیاں بھی عائد ہوتی ہیں تاکہ حقوق کے ساتھ ذمہ داریوں کا احساس بھی باقی رہے ۔

لیکن یہ سوال کہ وہ مناسب پابندیاں کیا ہیں ہماری عدالتوں نے مختلف مقدمات میں اس موضوع پر اظہار خیال کیا ہے ۔ ''مناسب پابندی'' کے لیے ملاحظہ ہو (سید ابوالاعلی مودودی بنام پاکستان، پی ایل ڈی ۱۹۶۴ء سپریم کورٹ) ۔

Fundamentals of marriage, **ارکان نکاح ۔**

نکاح کے ارکان ایجاب و قبول ہیں ۔ نکاح کے وقت گواہوں کی موجودگی اور ایجاب و قبول کی ساعت صحت نکاح کی شرط ہے ۔

ان کو Element of marriage اور Constituents of marriage بھی کہا جاتا ہے ۔

ایجاب و قبول زبانی یا تحریری دونوں طرح جائز ہے لیکن اگر فریقین اصالتاً یا وکالتاً مجلس نکاح میں موجود ہیں تو زبانی ایجاب و قبول لازم ہوگا، إلاّ یہ کہ کسی

G

Gag, *v.* جبراً منہ بند کرنا ۔

Gage, *v.* (Fr. Law), گروی شدہ شے ۔

Gain, *n.* فائدہ ۔ نفع ۔

Gain over, *v.* اپنی طرف ملا لینا ۔

Gain, Wrongful ناجائز فائدہ ۔
ایسا فائدہ جو ناجائز وسائل سے حاصل کیا جائے او
حاصل کرنے والا شخص اُس کا قانوناً مستحق نہ ہو۔

Gallant, *n.* دلیر ۔ بہادر ۔

Gallon, *n.* گیلن ۔

Gallows, *n.* پھانسی کا چوکھٹا ۔

Gambling, قمار بازی ۔ جوا ۔

Game, *n.* شکار ۔ جوا ۔ کھیل ۔

Game Act, قانون شکار ۔

Game-keeper, محافظ شکار ۔

Game Law, قانون شکار ۔

Game preservation, تحفظ شکار ۔

Gaming, *n.* جوا ۔
جوئے (Gaming) اور Wagering یا Betting
(شرط بندی) میں فرق یہ ہے کہ جوئے میں ہار جیت
کا انحصار بڑی حد تک کھیل یا جوئے پر ہوتا ہے
جس میں جوا کھیلنے والے شخص کی فنی مہارت کو
دخل ہوتا ہے ، جب کہ Betting یا Wagering میں
ہار جیت کا انحصار اُس غیر یقینی واقعہ کے رونما ہونے
پر ہوتا ہے جس پر شرط لگائی گئی ہو ۔

Gaming House, جوا خانہ ۔

Gaming, Instruments of اشیاء قمار بازی ۔
وہ اشیا جن سے جوا کھیلا جاتا ہے ۔

Gang, *n.* گروہ ۔ جماعت ۔ طائفہ ۔

Ganancial, *n.* (Eng. law) ایک قسم کی شراکت
جائداد مابین شوہر و زوجہ ۔ یہ جائداد بوقت
افتراق بحصہ مساوی قابل تقسیم ہے ۔

Garden, *n.* باغ ۔

Garden-land, اراضی باغ ۔

Garnish, *v.* رقم کی قرقی کا نوٹس دینا ۔

Garnishee, *n.* گرنشی ۔ مدیون کا مدیون یا امین ۔
ایسا شخص جس کو کوئی عدالت اس امر کا پابند
کرے کہ مدیون کو اس کی یا فتنی رقم ادا نہ کرے
بلکہ داخل عدالت کر دے یا تا حکم ثانی اپنے پاس
محفوظ رکھے خواہ ایسا شخص مدیون کا مدیون ہو یا
مدیون کی جائیداد کا امین ہو ۔ اگر شخص مذکور حکم
عدالت کی تعمیل نہ کرے تو اُس کی جائیداد قرق ہو
سکتی ہے اور اسے گرفتار اور قید بھی کیا جا
سکتا ہے ۔

Garnishee Order, حکم بہ شخص امین مدیون ۔
کسی مدعی کی درخواست پر کسی شخص ثالث کے
نام جو مدعا علیہ کا مقروض ہے، عدالت یہ حکم جاری
کر سکتی ہے کہ کل قرضہ جات جو شخص ثالث
مذکور (Garnishee) سے مدعا علیہ کو واجب الادا
ہوں بغرض ایفائے ڈگری قرق کیے جائیں ۔ علاوہ ازیں
اگر مدعا علیہ کی کوئی امانت شخص مذکور کے پاس
ہو تو عدالت اس کی قرقی کا حکم دے سکتی ہے ۔ نیز
کسی ڈگری دار کی درخواست پر شخص مذکور کو
عدالت یہ نوٹس بھی دے سکتی ہے کہ وہ وجہ ظاہر
کرے کہ اس سے ڈگری دار کو وہ زر قرضہ، جو
اس کے ذمہ مدیون ڈگری کو واجب الادا ہے ، کیوں
نہ دلایا جائے ۔

Garnishment, *n.* قرقی بدست شخص ثالث ۔

Gazette, *n.* & *v.* جریدہ ۔ گزٹ ۔ گزٹ میں شائع کرنا ۔
حکومتی منشور ، حکم یا فرمان کا ثبوت گور نمنٹ
گزٹ کی نقل سے دیا جا سکتا ہے ۔

Gazette, Local مقامی جریدہ ۔
وہ گزٹ جو مقامی حکومت شائع کرتی ہے ۔

Gazette Notification, اعلان جریدہ ۔
اعلامیہ گزٹ ۔

Gazette, Official سرکاری جریدہ ۔
سرکاری گزٹ ۔ سرکاری اخبار ۔
اس گزٹ میں حکومت کے اعلانات ، تقررات ،
قوانین اور قواعد نیز جملہ اطلاعات جن کی اشاعت

قانون مروجہ کے تحت لازم ہو ، شائع کی جاتی ہیں ۔ مثلاً کمپنیوں کی تحلیل (Liquidation) اور دیوالہ کی کارروائیاں ۔ گزٹ میں کسی واقعہ کی اشاعت اس واقعہ کے متعلق بہترین بادی النظری شہادت (Best-prima facie evidence) تصور کی جاتی ہے ۔

Gazetted Officer, وہ سرکاری افسر جس کے تقرر، تعطل، رخصت و برخاستگی کی اطلاعات گزٹ میں شائع کرنا لازمی ہوں ۔

Gazetteer, *n.* گزٹیر ۔ فرہنگ جغرافیائی و تاریخی ۔
اس میں شہروں ، قصبوں ، پہاڑوں ، دریاؤں وغیرہ کے متعلق جغرافیائی و تاریخی معلومات ہوتی ہیں مثلاً امپریل گزٹیر آف انڈیا ۔

Gender, جنس ۔
قانون میں جہاں مذکر ضمیر استعمال کی گئی ہو اس میں ضمیر تانیث بھی شامل ہوتی ہے ۔

Genealogical table, سلسلہ، نسب ۔

Genealogy, *n.* شجرہ ۔ نسب نامہ ۔

General, *a.* عام ۔ عمومی ۔ اعلیٰ ۔

General, *n.* جنرل ۔ فوج کا اعلیٰ عہدیدار ۔

General agent, کارندۂ عام ۔
وہ کارندہ جو اپنے ملک کے عام امور کی انجام دہی میں عام طور پر بلا تخصیص مجاز ہو نہ کہ کسی خاص امر کے لیے بطور خاص مجاز کیا گیا ہو ۔ عرف عام میں ایسے شخص کو "مختار عام" کہا جاتا ہے ۔

General attachment, قرقی عام ۔
قرقی کا عام ہونا اس وقت کہا جائے گا جبکہ مدیون (Debtor) کے قرق کیے جانے والے مال کی صراحت نہ ہو اور عام مال مدیون کی قرقی مراد ہو ۔

General Clauses Act, قانون عبارات عامہ ۔

General custom, عام رسم و رواج ۔
عام رسم و رواج سے وہ رسوم مراد ہیں جو کسی خاص خطہ، ملک یا کسی فرقہ کے اشخاص کثیرالتعداد کے لیے عام ہوں ۔ *(See also 'Custom')*

General exception, استثناء عام ۔

General lien, عام حق قانونی ۔
بائع کو اس امر کا اختیار ہے کہ وہ عدم ادائی قیمت کے سبب مال کی حوالگی (Delivery) سے انکار کردے اور اس مال کو اپنے پاس روک لے ۔ تحویل دار (Bailee) نے اگر تحویل کردہ مال کی نگہداشت پر کچھ خرچ کیا ہے تو تا وقتیکہ رقم اس کو ادا نہ کردی جائے وہ مال کو اپنے پاس رکھنے کا مجاز ہوگا ۔

General meeting, جلسہ، عام ۔ اجلاس عام ۔

General proposal, ایجاب عام ۔

General Provident Fund, سرمایہ، کفالت عمومی ۔

General regulations, عام قواعد ۔

General repute, شہرت عام ۔
شہرت عام سے مراد وہ شہرت ہے جو شخص متعلقہ اپنے چال چلن کے بارے میں اس علاقہ میں عام طور پر رکھتا ہو ۔ شہرت عام کے شاہد وہ اشخاص ہونے چاہییں جو اس شخص سے واقف ہوں اور اس کے پڑوس میں سکونت رکھتے ہوں ۔ نیز ضروری ہے کہ گواہان کی شہادت مخصوص افعال کے ذاتی علم اور نتیجہ کی بناء پر ہو نہ کہ محض سنی سنائی باتوں یا افواہوں پر ۔

General term, اصطلاح عام ۔

Generally, *ad.* عموماً ۔

Generation, *n.* نسل ۔

Generation after generation, نسلاً بعد نسل ۔

Genuine, *a.* اصلی ۔ خالص ۔ حقیقی ۔

Genuineness, *n.* اصلیت ۔ صداقت ۔

Gestation, *n.* حمل ۔

Gestation, Period of زمانہ، قیام حمل ۔
حمل کی زیادہ سے زیادہ یا کم سے کم مدت کا مسئلہ بہت اہمیت اور نزاکت رکھتا ہے، کیونکہ کسی غلط فیصلے سے نہ صرف اشخاص کے حقوق تلف ہو جاتے ہیں بلکہ عورتوں کی عصمت تباہ اور خاندانوں کا چین خطرہ میں پڑ جاتا ہے ۔ قدیم نقطہ، نظر کی رو سے انتہائی مدت حمل زیادہ سے زیادہ نو مہینہ یا چالیس ہفتہ ہوتی ہے لیکن عصر جدید کے اساتذہ کے قول کے بموجب معمولی مدت حمل نو ماہ شمسی ہے جبکہ دوسرے اساتذہ اس مدت کو دس قمری ماہ مقرر کرتے ہیں جو ۲۸۰ دن یا نو شمسی ماہ اور تقریباً ایک ہفتہ کے مساوی ہوتا ہے لیکن سب اس امر کو تسلیم

ان تمام اسباب پر بھی کیا جا سکے گا جن کی بناء پر
ولی اقرب اپنا اختیار استعمال نہ کر سکتا ہو۔ چنانچہ
جہاں قریب تر ولی اپنا اختیار استعمال نہ کر سکتا ہو
مثلاً بیماری، قید یا کسی دیگر پریشانی کے سبب یا اس
قدر فاصلے پر ہو کہ اس کے آنے یا اس کی رضامندی
حاصل ہونے تک کفو ہاتھ سے نکل جانے کا اندیشہ
ہو تو بعید تر ولی کو حق ولایت حاصل ہو جائے گا
اور اس کا کیا ہوا نکاح صحیح ہوگا۔ (تفصیل کے لیے
ملاحظہ ہو مجموعہ' قوانین اسلام مؤلفہ تنزیل الرحمن،
جلد اول باب ''کفاءت'')۔

Gibbets, *n.* تختہ' دار۔ پھانسی کا تختہ۔

Gift, *n.* ہبہ۔

ہبہ کسی منقولہ یا غیرمنقولہ جائیداد کا بالرضا اور
بالعوض یا بےعوض کسی دوسرے شخص کے نام انتقال ہے۔
لازمی ہے کہ ہبہ کرنے والا شخص قانوناً ہبہ کرنے
کا مجاز ہو اور موہوب لہ (Donee) نے اسے منظور
کرلیا ہو۔ اگر موہوب لہ ہبہ کو منظور کرنے سے
قبل فوت ہو جائے تو ہبہ کالعدم ہو جائے گا۔
اگر شے موہوبہ غیرمنقولہ ہو اور اس کی مالیت سو
روپے سے زائد ہوتولازمی ہے کہ تحت قانون رجسٹری
۱۹۰۸ء اس کی رجسٹری کرا دی جائے۔ منقولہ
ہونے کی صورت میں یا تو اس کی رجسٹری کرا دی
جائے یا اس کا قبضہ موہوب لہ کو دیدیا جائے (ملاحظہ
ہو دفعہ ۱۲۲-۱۲۳، قانون انتقال جائیداد ۱۸۸۲ء)۔
مسلمانوں کے شخصی قانون کے تحت کسی بھی
منقولہ یا غیر منقولہ شے یا جائیداد کے ہبہ کے لیے
قبضہ شرط ہے یعنی موہوب لہ نے شے موہوبہ پر
قبضہ' مالکانہ کرلیا ہو۔ چنانچہ قانون انتقال جائیداد کی
جو دفعات ہبہ کے سلسلہ میں رجسٹری سے متعلق ہیں
وہ مسلمانوں کے شخصی قانون کو متاثر نہیں کرتیں۔
رقم جو والدین اولاد کو دیں' ہبہ قیاس کی جاتی
ہے۔ موہوب لہ کے متعلق قبول کرنے کا قیاس ہوتا ہے۔
اگر ہبہ نابالغ کے حق میں ہو تو اس کے ذاتی اور
شخصی قبضہ کا سوال پیدا نہیں ہوتا۔ سرپرست یا ولی
کا قبضہ کافی سمجھا جائے گا۔ مزید دیکھیے ''Hiba''۔

Gift, Conditional مشروط ہبہ۔

مشروط ہبہ از روئے شرع اسلام ناجائز ہے لیکن اگر

کرتے ہیں کہ مدت حمل میں چند دنوں یا شاید چند
ہفتوں کا بھی فرق یا دیر ہو سکتی ہے کیونکہ مادی
اور اخلاقی بہت سے ایسے وجوہ ہیں جن سے وضع حمل
قبل از وقت یا بعد از وقت ہو سکتا ہے،لیکن کیا قوانین
فطرت ایسے مظاہر کو تسلیم کر سکتے ہیں جن میں
مدت حمل معمولی مدت سے ہفتوں بلکہ مہینوں زیادہ
ہوتی ہے' یہ ایک غیر طے شدہ امر ہے۔ اس میں تو
شبہ نہیں کہ بہت سی ایسی صورتیں پیش آئی ہیں جن
میں مدت حمل اس کی معمولی مدت سے بہت زیادہ
طول کھینچی تھی۔ قدیم مثالیں ایسی ملتی ہیں جن
میں عدالتوں' نے حقیقی یا مبیّنہ دس' گیارہ' بارہ' تیرہ
اور چودہ ماہ بلکہ اس سے زائد مدت حمل کے بچوں
کو صحیح النسب قرار دیا ہے (اصول قانون شہادت'
مؤلفہ ڈبلیو بسٹ)۔
اسلامی قانون میں احناف کے نزدیک مدت حمل
۲ سال اور آئمہ ثلاثہ کے نزدیک ۴ سال تک ہو سکتی
ہے۔ کم از کم مدت حمل بالاتفاق چھ ماہ ہے
(تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو مجموعہ' قوانین اسلام'
مؤلفہ' تنزیل الرحمان' جلد سوم باب ۲ نسب اولاد)۔

Gesture, *n.* اشارتاً اظہار مطلب۔ اشارہ۔

Ghaybat-i-Munqati'a, غیبت منقطعہ۔

یہ اصطلاح اسلامی قانون کی ہے۔ فقہی اصطلاح
میں غیبت منقطعہ بالعموم ایک سال کی مسافت کو کہتے
ہیں۔ بعض فقہاء نے اسے تین یوم (دن اور رات) کی
مسافت کہا ہے اور متاخرین کے ایک گروہ نے اس
قول کو اختیار کیا ہے لیکن بعض فقہاء کے نزدیک
بغرض احکام ولایت نکاح صرف اس قدر مسافت غیبت
منقطعہ ہے جس میں نماز قصر کرنے کا حکم ہے اور
اسی پر فتویٰ ہے۔ بعض کے نزدیک ایسے غائب کی
غیبت ''غیبت منقطعہ'' سمجھی جائے گی، جس کے پاس
سے خبر آنے تک جس کفو سے نکاح ہو رہا ہے وہ
انتظار نہ کر سکے اور یہ قول احسن ہے۔
موجودہ زمانہ میں جب کہ مہینوں اور سالوں کے
فاصلے چند گھنٹوں اور دنوں میں طے ہو جاتے ہیں
غیبت منقطعہ کیا ہے؟ اس پر مقدمہ کے حالات کے
مطابق فیصلہ کیا جانا چاہیے۔نیز یہ کہ غیبت منقطعہ
کے اصول کا اطلاق محض فیصلہ یا دوری پر نہ ہوگا بلکہ

وصیت متعلق ہوتے ہیں ۔ *(See "Will")*

جب کوئی شخص ایسا علیل ہو کہ اسے بچنے کی کوئی توقع باقی نہ رہے اور ایسی حالت میں وہ کوئی منقولہ شے کسی کو ہبہ کر دے لیکن بعد کو وہ صحت یاب ہو جائے تو وہ ہبہ سے رجوع کر سکتا ہے (ملاحظہ ہو قانون جانشینی [Succession Act] ۱۹۲۵ء) ۔

Gift of undivided property, **ہبہ مشاع ۔**

یہ اصطلاح اسلامی قانون کی ہے ۔

مشاع کے لفظی معنی غیر منقسمہ کے ہیں ۔ غیر منقسمہ حصہ مشاع کہلاتا ہے ۔ فقہی اصطلاح میں مشاع اس حصہ مشترک کو کہتے ہیں جو کسی جائیداد (یا شے) میں پھیلا ہوا ہو ۔

مشاع کا اصول صرف ہبہ سے متعلق ہے۔ اس کا تعلق ان انتقالات سے نہیں ہے جو بدل (Consideration) کے ساتھ کیے جاتے ہیں ۔

ایسی جائیداد مشاع کا ہبہ جائز ہے جو ناقابل تقسیم ہو لیکن اگر مشاع قابل تقسیم ہو تو ہبہ فاسد ہوگا ۔

جائیداد مشاع کا ہبہ، اگرچہ وہ قابل تقسیم ہو، بلا تقسیم، وقت ہبہ سے مفصلہ ذیل صورتوں میں جائز ہوگا:

(۱) جب کہ ہبہ ایک وارث دوسرے وارث کے حق میں کرے ۔

(۲) جب کہ ہبہ زمینداری یا تعلقہ داری کا ایک حصہ ہو ۔

(۳) جب کہ حصہ ایسی جائیداد قابل وراثت کا ہو جو کسی بڑے تجارتی شہر میں واقع ہو (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو مجموعہ قوانین اسلام، مؤلف ہذا جلد ۳ ص ۹۳۶) ۔

Gift, Preferential **ہبہ تفضیلی ۔ ہبہ ترجیحی ۔**

یہ اصطلاح اسلامی قانون کی ہے ۔ ہبہ تفضیلی اس ہبہ کو کہتے ہیں کہ واہب (ہبہ کرنے والا) ایک یا ایک سے زائد موہوب لہم کے حق میں اپنی جائیداد و املاک بایں طور ہبہ کرے کہ ایک موہوب لہ کے مقابلہ میں دوسرے ورثاء کو یا تو بالکل محروم کر دے یا ایک کو دوسرے پر اتنی فضیلت دے کہ اس ایک موہوب لہ اور دوسرے ورثاء کے درمیان شے موہوبہ کے ہبہ کی بناء پر عادلانہ تناسب باقی نہ رہے

ہبہ کے دیگر لوازم مکمل طور پر پائے جاتے ہوں اور بعد میں ان کے ساتھ شرائط کا اضافہ کیا جائے تو ایسی صورت میں ہبہ ناجائز نہ ہوگا بلکہ وہ شرائط کالعدم متصور ہوں گی ۔

حنفی فقہ کی مشہور کتاب "الہدایہ" میں لکھا ہے کہ تمام حنفی علماء اس امر پر متفق ہیں کہ جب کوئی شخص ہبہ کرے اور اس کے ساتھ کوئی فاسد شرط لگا دے تو ہبہ جائز اور شرط کالعدم ہوتی ہے ۔

جب کہ ہبہ کسی ایسی شرط کا پابند ہو جو اس تکمیل سے متصادم ہو تو وہ شرط باطل ہوگی اور ہبہ اس طرح موثر ہوگا گویا اس کے ساتھ کوئی شرط متعلق نہ تھی ۔

بمقدمہ غلام قادر بنام غلام حسین عدالت عالیہ مغربی پاکستان لاہور نے قرار دیا کہ اگر ہبہ کے ساتھ کوئی ناجائز شرط متعلق کی گئی ہو تو ہبہ بلا شرط متصور ہوگا ۔ اس مقدمہ میں ہبہ کے ساتھ واہب نے یہ شرط عائد کی تھی کہ ہبہ کردہ زمین کے عوض موہوب لہ اپنی بہن کا نکاح واہب سے کر دیگا ۔ یہ شرط مصلحت عامہ اور حسن نیت کے خلاف ہونے کے سبب ناقابل اعتبار قرار دی گئی اور ہبہ بلا لحاظ اس شرط کے جائز قرار دیا گیا ۔

Gift, Contingent **ہبہ موقوف ۔**

ایسا ہبہ جو کسی امر کے وقوع پذیر ہونے پر موقوف و منحصر ہو، ناجائز ہے ۔

ہبہ کسی امر پر موقوف نہیں ہو سکتا ۔ چنانچہ ایسا ہبہ جو کسی دوسرے امر کے وقوع پر موقوف ہو کالعدم ہے ۔

ہبہ اس وقت جائز نہ ہوگا جب تک کہ اس کے ساتھ قبضہ بھی نہ دیا گیا ہو۔ چنانچہ ہبہ کے متعلق یہ نہیں کہا جا سکتا کہ یہ ہبہ زمانہ مستقبل میں نافذ ہوگا ۔ (مجموعہ قوانین اسلام، مؤلف ہذا، جلد ۳ ص ۱۰۰۶) ۔

Gift, Death-bed **ہبہ بحالت مرض موت ۔**

See "Gift in Contemplation of death."

Gift deed, **ہبہ نامہ ۔**

Gift in contemplation of death, **ہبہ بخیال مرگ ۔**

جو ہبہ بحالت مرض موت کیا جائے اس سے احکام

(مجموعہ قوانین اسلام، مؤلف ہذا، ج ۳ ص ۹۵۰) -

جسٹس کیکاؤس اور جسٹس اخلاق حسین نے بمقدمہ شفیع اللہ بنام جبار مندرجہ پی - ایل - ڈی ۱۹۵۵ء لاہور صفحہ ۱۹۱ قرار دیا کہ اسلامی قانون کے تحت مسلمان پر اس کی جائیداد کے انتقال کے سلسلے میں جو واحد تحدید (بندش) عائد کی گئی ہے وہ وصیت اور ہبہ بحالت مرض موت سے متعلق ہے - دوسری صورتوں میں مسلمان کا اپنی جائیداد کو منتقل کرنے کا اختیار غیرمقید ہے - چنانچہ ایک مسلمان کا بعض ورثاء کو نظر انداز کر کے ہبہ کرنا جائز ہوگا - اگرچہ اس کا یہ فعل کہ وہ اپنے کچھ یا سب بچوں کو محروم کر دے اور اپنی زندگی میں اپنی جائیداد بذریعہ ہبہ منتقل کر دے غیر مستحسن ہوگا - کیونکہ قرآن پاک میں ایسے ہبہ کرنے سے منع نہیں کیا گیا آلا یہ کہ وہ شخص مرض الموت میں مبتلا ہو - اس فیصلے میں فاضل جج صاحبان نے پشاور ہائی کورٹ کے فیصلہ (بمقدمہ سردار احمد بنام شہرت خاں مندرجہ پی - ایل - ڈی ۱۹۵۰ء پشاور صفحہ ۳۵) سے اختلاف کیا جس میں ایسے ہبہ کو ناجائز کہا گیا تھا -

Gift, Religious دان - صدقہ -

Gift, Temporary عارضی ہبہ -

Gift, Testamentary ہبہ بالوصیت -

See "Will"

Gist, *n.* لب لباب -

Give, *v.* دینا - عطا کرنا - صادر کرنا -

to give away, تقسیم کرنا -

to give in marriage, بیاہ کرنا - نکاح میں دینا -

to give out, ظاہر کرنا -

to give time, مہلت دینا -

to give up, ترک کرنا - دست بردار ہونا -

Given under my hand, میرے دستخط سے جاری ہوا -

Giving false evidence, جھوٹی گواہی دینا -

جھوٹی گواہی دینا قابل سزا جرم ہے - (ملاحظہ ہو دفعہ ۱۹۱ تعزیرات پاکستان) -

Glaring, *a.* فاش - نمایاں -

Gloss, *n.* & *v.* حاشیہ - شرح - چمک دمک - ظاہری ٹیپ ٹاپ - ملمع - جھوٹے معنی پہنانا -

Glassman, آوارہ گرد -

Go, *v.* جانا -

to go against, خلاف ہو جانا -

to go between, دلالی کرنا -

to go over, دوسرے فریق سے مل جانا -

God, Act of حکم خداوندی، مشیت ایزدی -

(See under 'Act')

Going armed, مسلح جانا - ہتھیار لے کر نکلنا -

دفعہ ۱۳ قانون اسلحہ کے تحت Going armed کی اصطلاح Carrying arms کے مترادف ہے - Going armed کی اصطلاح سے لازماً یہ مراد ہے کہ شخص متعلقہ کی موقع آنے پر اسلحہ استعمال کرنے کی نیت تھی (۹۰ بمبئی لا رپورٹر ص ۸۰۲) -

دفعہ ۱۳ قانون اسلحہ کے تحت Going armed کی اصطلاح اپنے اندر Carrying arms سے کچھ زیادہ معنی رکھتی ہے (اے - آئی - آر ۱۹۵۶ء راجستھان ص ۲۶ اجلاس متفقہ) -

Going concern, چالو کاروبار -

Gold currency, طلائی سکہ -

Good, *a.* اچھا - مناسب - درست -

Good behaviour, نیک چلنی -

Good behaviour, Security for ضمانت نیک چلنی -

اگر کسی شخص سے نقض امن کا اندیشہ ہو تو عدالت شخص مذکور کو ایک معینہ مدت کے لیے ایک مقررہ رقم کی حد تک ضمانت نیک چلنی داخل کرنے کا حکم دے سکتی ہے (ملاحظہ ہوں دفعات ۱۰۷ و ۱۱۲ ضابطہ فوجداری) -

Good character, نیک کرداری - نیک چلنی -

Good Conduct Prisoner Probationer's Act, قانون آزمائشی رہائی قیدیان نیک چلن -

Good faith, نیک نیتی -

قانون عبارات عامہ (General Clauses Act) ۱۸۹۷ء کی دفعہ ۳ کے تحت کوئی فعل جو حقیقتاً دیانت داری کے ساتھ انجام دیا گیا ہو نیک نیتی سمجھا جائے گا خواہ اس فعل کی بجا آوری میں غفلت ہوئی ہو یا نہ -

لیکن تعزیرات پاکستان کی رو سے کسی امر کا نیک نیتی سے کرنا اس وقت تک نہ سمجھا جائے گا جب تک کہ اس کے کرنے میں کماحقہ حزم و احتیاط اور توجہ عمل میں نہ لائی گئی ہو -

قانون عبارات عامہ میں نیک نیتی کی جو تعریف بیان کی گئی ہے اس کا اطلاق قانون معاہدہ ۱۸۷۲ع پر نہیں ہوتا (۵۰ کلکتہ ص ۳۹۹) -

نیک نیتی کا عام طور پر قیاس کیا جاتا ہے -

Good, To Hold قائم رہنا۔صحیح ہونا۔صحیح قرار دینا۔

Good, To Make (the loss) نقصان کی پابجائی کرنا - نقصان پورا کرنا - نقصان تلافی کرنا -

Goodwill, *n.* مقبولیت عامہ -

کسی قائم شدہ کاروبار کی نیک نامی اور شہرت مقبولیت عامہ کہلاتی ہے۔لارڈلنڈلے (Lord Lindlay) کے الفاظ میں مقبولیت عامہ وہ مفاد ہے جو کاروباری تعلقات اور شہرت سے حاصل ہوتا ہے - مقبولیت عامہ کی تعریف میں "نام" بھی شامل ہے جو بوجہ شہرت اپنی ایک کاروباری قدر و قیمت رکھتا ہے - قانون شراکت کی روح سے مقبولیت عامہ فرم کے سرمایہ میں شامل ہے -

مقبولیت عامہ ایک امر واقعہ کا سوال ہے جو معاملہ کی خاص نوعیت کے پیش نظر طے ہونا چاہیے (اے - آئی - آر ۱۹۵۲ع کلکتہ ص ۱۸۰ اجلاس متفقہ) -

Goods, *n.* مال - مال و اسباب - سامان - اشیاء -

باربردار نقصان اشیاء کا ذمہ دار ہوتا ہے -

Goods Tariff, شرح محصول مال -

(ملاحظہ ہو دفعہ ۲ [۷] قانون بیع مال) -

Goods vehicles, مال بردار گاڑیاں -

Gospel, *n.* انجیل -

Govern, *v.* حکومت کرنا - تابع کرنا -

Governed by law, تابع قانون -

Governing clause, فقرۂ مؤثر -

وہ فقرہ جو کل دفعہ یا دستاویز پر مؤثر ہو -

Government, *n.* & *a.* حکومت - سرکار - سرکاری -

حکومت کی تعریف میں مرکزی اور صوبائی دونوں حکومتیں شامل ہیں - تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ ۱۹۳۵ع اور قانون عبارات عامہ ۱۸۹۷ع فقرہ ۸ (الف و ۲۳ (الف) -

Government established by law. حکومت قانونی - حکومت قائم شدہ بروئے قانون -

Government Notification, اعلان حکومت - اعلامیہ سرکار - سرکاری اعلامیہ -

Government Pleader, وکیل سرکار -

وکیل سرکار کی تعریف میں وہ عہدہ دار بھی شامل ہوں گے جنہیں مقامی حکومت نے ان جملہ فرائض یا ان میں سے بعض فرائض کی انجام دہی کے لیے مقرر کیا ہو جو تحت مجموعہ ضابطہ دیوانی صراحتاً وکیل سرکار سے متعلق ہیں۔ نیز اس تعریف میں وہ وکیل بھی داخل ہے جو وکیل سرکار کی زیر ہدایت کام کر رہا ہو (ملاحظہ ہو دفعہ ۲ [۷] ضابطہ دیوانی) -

Government Servants Conduct Rules, قواعد چال چلن ملازمین سرکار -

Government securities, کفالت ہائے سرکاری، مثلاً سرکاری پرونوٹ -

Governor, *n.* گورنر - امیر صوبہ - صوبیدار -

Governor-General, گورنر جنرل -

Governor General in Council, گورنر جنرل بہ اجلاس کونسل -

Gown, *n.* گون - وہ جبہ جو وکلاء اور جج صاحبان پہنتے ہیں -

Grace, *n.* رعایت -

Grace, Days of رعایتی ایام - ایام مہلت -

ایام مہلت سے مراد وہ مہلت ہے جو کسی پرونوٹ یا مبادلہ ہنڈی کی ادائی کے لیے معینہ مدت کے بعد دی جاتی ہے -

ہر وہ مبادلہ ہنڈی (بل آف ایکسچینج) جو عندالمطالبہ، عندالمعائنہ یا بوقت پیشی واجب الادا نہ ہو وہ اس تاریخ کے بعد تیسرے دن واجب الادا سمجھی جائے گی جو اس کے واجب الادا ہونے کی قرار دی گئی ہے -

اگر کوئی ہنڈی بالاقساط واجب الادا ہے تو ایام مہلت کا حق ہر قسط میں ہوگا -

اگر سہ روزہ مدت کا اختتام کسی اتوار یا تعطیل کے دن ہو تو ادائی اس کے دوسرے دن ہوگی (ملاحظہ ہو دفعہ ۲۲ قانون دستاویزات بیع و شری) -

Grade, *n.* درجہ ۔

Grandchild, پوتا پوتی ۔ نواسہ نواسی ۔

Grandfather, دادا ۔ نانا ۔

Grandmother, دادی ۔ نانی ۔

Grant, *n.* عطاء ۔ امداد ۔ منظوری ۔ عطیہ ۔ منظور شدہ رقم ۔

Grant, Royal عطیہٴ شاہی ۔

Granted, منظور ۔ منظورہ ۔ منظور شدہ ۔

Grantee, *n.* معطی لہ ۔ عطیہ دار ۔
معطی لہ کے متعلق قبول کرنے کا قیاس ہوتا ہے ۔

Grantor, *n.* عطا کنندہ ۔ معطی ۔

Gratification, *n.* مابہ الاحتظاظ ۔

Gratification, Illegal مابہ الاحتظاظ ناجائز ۔
ناجائز ما بہ الا حتظاظ میں نہ صرف زر یا وہ شے شامل ہے جس کی قیمت زر میں قرار دی جا سکے بلکہ ہر ایسی بات یا شے داخل ہے جس سے سرکاری ملازم کو کار منصبی کی انجام دہی میں بھلائی یا برائی کی تحریک ہو اور وہ شے بھی داخل ہے جو کار منصبی انجام دینے کی غرض سے اجر جائز کے سوائے دی جائے (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو دفعہ ۱۶۱ تعزیرات پاکستان) ۔

Gratuitous, *a.* بلا بدل ۔ مفت ۔

Gratuitous assumption, تسلیم بلا ثبوت ۔

Gratuitous bailment, تحویل بلا بدل ۔

Gratuity, *n.* انعام ۔ انعامی رقم ۔
انعام اصطلاحاً اس رقم کو کہتے ہیں جو آجر یعنی آقا اپنے ملازم کو ختم ملازمت پر دینے کا وعدہ کرے ۔

Gratuitant, *n.* انعام یاب ۔

Grave, *a.* سنگین ۔ اہم ۔ شدید ۔

Grave error, شدید غلطی ۔ سنگین غلطی ۔

Grave objection, شدید اعتراض ۔ سنگین اعتراض ۔

Gravity, *n.* سنگینی ۔ اہمیت ۔ سنجیدگی ۔

Great Council, مجلس عظمیٰ ۔

Greatest possible care, انتہائی امکانی احتیاط ۔

Grievance, *n.* رنج ۔ تکلیف ۔ شکایت ۔

Grievous hurt, ضرر شدید ۔
حسب ذیل اقسام ضرر بموجب تعزیرات پاکستان ضرر شدید ہیں :

(۱) مخنث کیا جانا ۔

(۲) کسی بھی آنکھ کی بصارت سے ہمیشہ کے لیے محروم کیا جانا ۔

(۳) کسی بھی کان کی سماعت سے ہمیشہ کے لیے محروم کیا جانا ۔

(۴) کسی عضو کا معدوم کیا جانا ۔

(۵) کسی عضو کا ہمیشہ کے لیے کمزور کر ڈالنا ۔

(۶) سر یا چہرہ کا ہمیشہ کے لیے بدصورت کیا جانا ۔

(۷) کسی ہڈی یا دانت کا توڑ ڈالنا یا اکھاڑ ڈالنا ۔

(۸) کوئی ضرر جو جان کو جوکھوں میں ڈالے یا ۲۰ یوم تک شخص متضرر کو سخت جسمانی درد میں مبتلا رکھے یا اس کو اپنے معمولی کاروبار کے ناقابل بنا دے ۔

Gross, *a.* فاش ۔ شدید ۔ مجموعی ۔ جملہ ۔

Gross misconduct, فاش بد اطواری ۔

Gross negligence, غفلت شدید ۔ فاش غفلت ۔
غفلت سے مراد ایسے فرض کا انجام نہ دینا ہے جس کی انجام دہی معقول اور سمجھدار آدمی پر انسانیت کے عام اصول کے تحت عائد ہوتی ہے ۔ احتیاط و غفلت اس طرح وابستہ ہیں کہ غفلت کی ذمہ داری اس وقت تک پیدا نہیں ہوتی جب تک بد احتیاطی کے سبب کسی فرض کی انجام دہی کی خلاف ورزی نہ ہوئی ہو اور جس سے نقصان نہ پہنچا ہو ۔ جہاں احتیاط لازم ہے وہاں غفلت برتنے پر ہرجہ کا دعویٰ کیا جا سکتا ہے ۔

Gross profit, مجموعی منافع بلا منہائی اخراجات ۔

Gross product, خام پیداوار ۔ مجموعی پیداوار ۔

Gross receipt, جملہ وصولی ۔ (بلا منہائی اخراجات) ۔

Ground, *n.* وجہ ۔ عذر ۔ زمین ۔ موجب ۔

Groundless, بے بنیاد ۔

Ground rent, کرایہ زمین ۔

Grounds of appeal, عذرات اپیل ۔ موجبات اپیل ۔

Grounds of claim, بنائے دعویٰ ۔

Grove, *n.* باغ ۔

Grove holder, قابض باغ ۔

Grow, *v.* کاشت کرنا ۔ بونا ۔

Growing crop. — فصل ایستادہ ۔

قانون انتقال جائیداد کے تحت زرعی آراضی سے تخلیہ کا حکم اس وقت تک موقوف رہے گا جب تک کہ اس پر فصل کھڑی ہو ۔

Guarantee, *n*. — ضمانت ۔

ضمانت سے مراد ایک ایسا اقرار ذمہ داری ہے جو کسی دوسرے شخص کے قرض، قصور یا بد معاملگی کی بابت کیا جائے ۔

قانون معاہدہ کی دفعہ ۱۲۶ میں معاہدہ ضمانت کو ایک ایسا معاہدہ کہا گیا ہے جو کوئی شخص کسی دوسرے شخص سے اس شرط پر کرے کہ شخص ثالث اگر اپنے عہد کے ایفاء یا ذمہ داری کی بجا آوری سے قاصر رہے گا تو وہ اس عہد یا ذمہ داری کا ایفاء کریگا ۔

Guarantee, Continuing — ضمانت مستمرہ ۔

استمراری ضمانت ۔ ضمانت جاریہ ۔

ضمانت استمراری وہ ہے جو کسی ایک معاملہ تک محدود نہ ہو بلکہ جاری رہے ۔

Guarantee, Contract of — معاہدۂ ضمانت ۔

Guarantee policy, — ضمانتی بیمہ ۔

Guardian, *n*. — ولی ۔ سرپرست ۔

Guardian ad-litem, — ولی بدوران مقدمہ ۔

ولی جو بحکم عدالت، نابالغ یا فاتر العقل یا مجنون فریق کی طرف سے مقدمہ کی پیروی یا جواب دہی کے لیے مقرر کیا جائے (دیکھیے مجموعہ ضابطہ دیوانی) ۔

جب تک کسی ولی کا تقرر نہ ہو عدالت مقدمہ کی پیش رفت کی اجازت نہ دیگی ۔ اگر نابالغ یا مجنون یا فاتر العقل کا کوئی رشتہ دار بننے کی خواہش نہ کرے تو عدالت کسی شخص کو یہاں تک کہ عدالت کے کسی عہدہ دار کو بھی ولی بدوران مقدمہ مقرر کر سکتی ہے (اے ۔ آئی ۔ آر ۱۹۵۷ء اڑیسہ ص ۲۹) ۔

Guardian, Legal — قانونی ولی ۔

Guardian, Natural — حقیقی ولی مثلاً باپ، ماں ۔

Guardian, Testamentary — ولی از روئے وصیت ۔

Guardianship, *n*. — ولایت ۔

اسلامی قانون میں ولایت کی حسب ذیل تین قسمیں ہیں :

(۱) ولایت نکاح (۲) ولایت ذات (نفس) (۳) ولایت مال (جائداد)

نکاح میں ولایت کی اجازت بربنائے ضرورت دی گئی ہے ۔ یہ ولایت باپ، دادا اور دوسرے رشتہ داروں کو حاصل ہوتی ہے ۔ دوسرے رشتہ داروں میں ترتیب اسی طرح ہے جس طرح سلسلہ' توریث میں ہوتی ہے ۔ آجکل نابالغ کے نکاح پر پابندی کے سبب ولایت نکاح کی بحث غیر اہم ہو گئی ہے ۔

ولایت ذات و مال کا مسئلہ خاصا اہم ہے ۔ یہ حق اشخاص ناقابل کی ذات کی حفاظت اور اُن کی جائداد کے انتظام پر حاوی ہے ۔ ولایت محض ناقابل (نابالغ، فاتر العقل) اشخاص کے فائدہ کے لیے ہے اس لیے وہ کسی ایک شخص کا قطعی حق ان معنوں میں نہیں کہا جا سکتا کہ عدالتیں اس کو بلا لحاظ اس امر کے کہ وہ ناقابل اشخاص کے حق میں مفید ہے یا نہیں، اس کو تسلیم کرنے پر مجبور ہوں ۔ بنیادی سوال شخص ناقابل کے مفاد کا ہوتا ہے جو عدالتوں کو ہمیشہ پیش نظر رکھنا چاہیے ۔

اس سے ملتا جلتا اصول حضانت کا ہے ۔ حضانت کا حق اہل سنت والجماعت میں لڑکے کی سات سال کی عمر تک ماں کو اور اس کے بعد باپ کو پہونچتا ہے ۔ لڑکی کے بالغ ہونے تک اس کی حضانت کا حق ماں کو رہتا ہے ۔

Guess, *n*. — قیاس ۔ اندازہ ۔ سرسری تخمینہ ۔

Guide, *n*. & *v*. — رہ نما ۔ رہنمائی کرنا ۔

Guilt, *n*. — جرم ۔ قصور ۔ گناہ ۔

جرم کو ثابت کرنا چاہیے اس کا قیاس نہیں کیا جا سکتا کیونکہ قانون کسی مذموم یا بے ایمانی پر مبنی امر کا قیاس نہیں کرتا ۔

Guilty, *n*. — مجرم ۔ قصور وار ۔

Guilty, To plead — اقبال جرم کرنا ۔

Guillotine, — سر کاٹنے کی مشین ۔

فرانس میں سزائے موت اس مشین کے ذریعہ دی جاتی تھی ۔

اصطلاحاً پارلیمان میں مسودہ قانون پر رائے لینے کے لیے وقت کا تعین کر دینا تاکہ ارکان لمبی لمبی تقریریں کر کے پارلیمان کا وقت ضائع نہ کریں اور اس طرح تعین وقت کے ساتھ مسودہ قانون منظور کرا لیا جائے ۔

H

Habeas Corpus (Have the body), حاضر لاؤ ۔

''حاضر لاؤ'' کا حکم نامہ اُس صورت میں جاری کیا جاتا ہے جب عدالت کے علم میں یہ بات لائی جائے کہ کسی شخص نے کسی دوسرے کو ناجائز حراست یا حبس بے جا میں رکھا ہے۔ اس کو ''حاضر لاؤ'' کا حکم نامہ کہنے کی وجہ یہ ہے کہ یہ حکم اُس شخص کو دیا جاتا ہے جس نے شخص دیگر کو حراست میں رکھا ہے یا محبوس کیا ہے ۔ حکم میں صراحت ہوتی ہے کہ شخص محبوس کو مصرحہ غرض کے لیے اصالتاً حاضر کیا جائے ۔ اس حکم نامہ کا وہ جزو بڑا اہم ہوتا ہے جس میں اُس شخص کو جس کے نام حکم نامہ جاری کیا جاتا ہے یہ حکم بھی دیا جائے کہ شخص محبوس کو اصالتاً پیش کرتے ہوئے وہ وجوہ بھی ظاہر کی جائیں جن کی بناء پر اس کو محبوس یا محروس کیا گیا ہے ۔

حبس بے جا یا حراست بے جا سے رہائی کے اجرائے پروانہ کی درخواست شخص محبوس کا وکیل، اقرباء یا قریبی دوست پیش کر سکتے ہیں ۔ پاکستان میں ایسی درخواست عدالت عالیہ میں پیش کی جا سکتی ہے ۔

انگلستان میں رٹ (writ) جاری کرنے کے اختیارات قدیم زمانہ سے، یعنی جب سے عدالت ہائے انصاف قائم ہوئی ہیں، وہاں کی عدالتوں کو حاصل رہے ہیں۔ ۱۶۷۹ء میں پہلی مرتبہ حبس بے جا سے رہائی کے لیے پروانہ جاری کرنے کے سلسلہ میں برطانوی پارلیمان نے ایک قانون منظور کیا ۔ ۱۸۱۶ء میں پارلیمان نے دوسرا قانون حبس بے جا منظور کیا جس میں پروانہ رہائی کے احکام کو زیادہ مؤثر بنایا گیا اور اُن تمام خامیوں کو دور کر دیا گیا جو ۱۶۷۹ء کے قانون میں رہ گئی تھیں ۔ چنانچہ انگلستان میں تقریباً تین سو سال سے اس قانون پر عمل ہو رہا ہے ۔

Habit, *n*. عادت ۔

Habits of Society, عادات معاشرہ ۔

معاشرہ کی عام عادات، سماجی دستور العمل اور دستور تجارت سے متعدد قیاسات قانونی اخذ کیے جاتے ہیں ۔

Habitation, *n*. سکونت ۔

Habitual, *a*. عادی ۔

Habitual offender, عادی مجرم ۔

بموجب ضابطۂ فوجداری پاکستان عادتاً سرقہ کرنے والا، یا نقب زن یا مال مسروقہ لینے والا یا استحصال بالجبر کرنے والا یا سکہ یا اسٹام کی تلبیس کرنے والا، یا جرائم منجربہ نقض امن کا ارتکاب کرنے والا عادی مجرم کی تعریف میں داخل ہے ۔

Habitually, *ad*. عادتاً ۔

Hackney Carriage Act, قانون کرایہ گاڑی ۔

یہ قانون اُن تمام پہیہ دار گاڑیوں سے متعلق ہے جن کو جانور کھینچتے ہیں اور جو کرایہ پر چلائی جاتی ہیں (ملاحظہ ہو دفعہ ۲ قانون کرایہ گاڑی ۱۸۱۹ء) ۔

Hadith, (M.L.) حدیث ۔

یہ اصلاح اسلامی شریعت کی ہے حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم کا قول، فعل یا تقریر کو حدیث کہتے ہیں ۔ یہ اصطلاح صحابہ کرام کے اقوال و افعال کے لیے بھی استعمال کی جاتی ہے، اگرچہ صحابی کے قول و فعل کے لیے اثر کی اصطلاح زائد رائج ہے ۔

Hairsplitting, *n*. موشگافی ۔

Hajab wa Hirman, حجب و حرمان ۔

یہ اصطلاحیں اسلامی قانون وراثت کی ہیں ۔

حجب کے لغوی معنی ''منع'' کرنے کے ہیں ۔ عام طور پر کہا جاتا ہے کہ فلاں شخص میراث سے محروم ہے جس کا مطلب ہوتا ہے کہ میراث سے ممنوع ہے ۔ اگرچہ لفظ ''منع'' اور ''حجب'' دونوں مترادف الفاظ ہیں، لیکن علم میراث کی اصطلاح میں ان دونوں لفظوں میں تھوڑا سا فرق پیدا ہو گیا ہے ۔ جس مقام پر میراث پانے کی اہلیت ہی ختم ہو جائے وہاں حرمان یعنی ممنوع الارث یا محروم الارث کی اصطلاح استعمال کی جاتی ہے لیکن جہاں اہلیت باقی ہو لیکن درمیان میں کوئی رکاوٹ پیدا ہو گئی ہو

ممیز ہوں'' ۔ چنانچہ فاضل جج نے لکھا کہ ''اس معاشرے کا لحاظ کرتے ہوئے جن میں قرآن پاک نازل ہوا یہ امر مناسب حد تک ممکن ہو جاتا ہے کہ حکم سے ایسے اشخاص مراد لیے جائیں جو زوجین کے قبیلے کے ہوں اور جو اپنے قبیلے کے افراد پر اس طریقے سے حکم چلاتے ہوں کہ وہ ایسے اشخاص کو کسی کام کے خاص انداز میں کرنے سے روکنے یا غلط طور پر کرنے سے باز رکھنے کی قدرت رکھتے ہوں اور ایسے اشخاص صرف وہی ہو سکتے ہیں جو قبیلے کے سردار مانے گئے ہوں یعنی حقیقی سردار یا قبیلے کے سر بر آوردہ افراد ۔ اگر لفظ حکم (جو آیت نمبر ۳۵ میں آیا ہے) کا اطلاق اس امتیازی مفہوم میں کیا جائے تو قرآنی آیت کو (عدالتی) اختیار سماعت کے سلسلے میں کسی انتشار کے امکان کے بغیر واضح طور پر سمجھنا ممکن ہو جائے گا'' ۔ چنانچہ جسٹس موصوف حکم کے فرائض و اختیارات کے سلسلے میں اس نتیجے پر پہنچے کہ حکم زوجین میں بذات خود تفریق کرانے کا اختیار نہیں رکھتے ۔ (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو مجموعہ قوانین اسلام مؤلف ہذا، جلد ۲) ۔

Half, *a.* نصف ۔ نیم ۔ آدھا ۔

Half blood, سوتیلا ۔ دوسری ماں یا باپ سے ۔

Half brother, سوتیلا بھائی ۔ علاتی یا اخیافی بھائی ۔

Half sister, سوتیلی بہن ۔ علاتی یا اخیافی بہن ۔

Half-yearly شش ماہی ۔

Hammer, At the fall of ہتھوڑے کی ضرب پر (بوقت ختم نیلام) ۔

Hammer, To Bring to نیلام کرنا ۔

Hammer, To Knock the نیلام ختم کرنا ۔

Hanafi School of Law, حنفی مکتب فقہ ۔

اسلامی قانون کا سب سے بڑا مکتب فکر اس کے بانی امام ابو حنیفہ (۸۰ تا ۱۵۰ھ) تھے جو تابعی تھے ۔

Hand, *n.* ہاتھ ۔ ملازم ۔ شرکت ۔ تعلق ۔

Hand, In موجودہ ۔ موجود ۔

Hand in glove, گہری دوستی ۔ قریبی دوستی ۔

Hand in, To have a کسی کام میں شریک ہونا ۔

اگر وہ نہ ہوتی تو وہ شخص وارث ہو جاتا ۔ وہاں ''حجب'' یعنی محجوب الارث کی اصطلاح استعمال کی جاتی ہے ۔

حجب کی دو قسمیں ہیں ایک حجب حرمان اور دوسری حجب نقصان۔ حجب حرمان یہ ہے کہ کوئی وارث کسی دوسرے وارث کے موجود ہونے کی وجہ سے بالکل ورثہ سے محروم ہو جانے اور حجب نقصان یہ کہ زائد حصے سے محجوب ہو کر کم حصہ پائے۔

تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو مجموعہ قوانین اسلام، جلد پنجم، قانون وراثت باب ۳ ''حجب و حرمان''۔

Hakam, (M.L.) حکم ۔ پنچ ۔

یہ اصطلاح دیوانی قانون میں بالعموم ثالث (Arbitrator) کے مترادف استعمال کی جاتی ہے ۔

لغت کے اعتبار سے حکم کے متعدد معنی آتے ہیں ۔ اس کے عام معنی حاکم یا قاضی یا ثالث کے ہیں ۔ اس کے لغوی معنی منع کرنے کے ہیں ۔ امام راغب اصفہانی نے اپنی مشہور تصنیف ''المفردات فی غریب القرآن'' میں لکھا ہے کہ ''حکم'' کے اصلی معنی کسی چیز کی اصلاح کے لیے روک دینے کے ہیں ۔

جسٹس اے۔آر۔کارنیلیس نے بمقدمہ سعیدہ خانم بنام محمد سمیع مندرجہ پی ایل ڈی ۱۹۵۲ع لاہور ۱۱۳ میں لفظ حکم کے لغوی معنی پر بحث کرتے ہوئے لکھا ہے کہ ''حکم کا ترجمہ جج یا ثالث کیا گیا ہے ۔ مجھے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ان دو مفاہیم کے نتیجے میں اکثر لوگوں کے دماغوں میں یہ احساس پیدا ہو گیا ہے کہ اس آیت قرآنی ''فابعثوا حکماً من اهله و حکماً من اهلها'' کے ذریعے ان دو اشخاص کو، جن کا تقرر حکومت کے نمائندہ پر لازم ہے، عدالتی فرائض سونپے گئے ہیں تا کہ وہ زوجین کے تعلقات کے سلسلے میں تفتیش کر سکیں'' ۔ جسٹس کارنیلیس صاحب نے مزید فرمایا کہ ''ایک خاص معاملے میں یہ نیت کبھی بھی نہیں ہو سکتی کہ ایک سے زیادہ اتھارٹی کو اختیار دیا جائے ۔'' چنانچہ انہوں نے لکھا کہ ''میں اس رائے کا حامل ہوں کہ لفظ 'حکم' کے معنی جو آیت نمبر ۳۵ کی صحیح تعبیر کی غرض سے تسلیم کرنا چاہیں وہ ہیں جو عدالتی فرائض سے

Hand, Under the دستخطی ۔

Hand, To change منتقل ہونا یا کرنا ۔

Hand, To strike معاہدہ کرنا ۔

Hands, Clean بے داغ ۔ صاف ۔

Handcuff, *n.* & *v.* ہتھکڑی ۔ ہتھکڑی لگانا ۔

Hand over, *v.* حوالہ کرانا ۔

Handwriting, *n.* خط ۔ تحریر ۔

یہ ثابت کرنے کے لیے کہ یہ تحریر کسی خاص شخص کی ہے اس کا تحریر کرنے والا یا وہ شخص جس نے تحریر کو لکھتے ہوئے دیکھا ہو یا وہ شخص جس نے شخص متعلقہ کو دیگر دستاویزات لکھتے ہوئے دیکھا ہو یا وہ شخص جو اس کے خط کو بوجہ مراسلت پہچانتا ہو یا وہ شخص جو تحریر یا خط کا ماہر ہو، ثابت کر سکتا ہے۔ (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو قانون شہادت مؤلفہ جسٹس محمد منیر، ص ۹ ۲ ۴ ایڈیشن ۴) ۔

نزاعی خط کو اصلی خط سے مقابلہ کر کے ثابت کیا جا سکتا ہے ۔ بناوٹی خط کے متعلق ماہر کی شہادت قابل ادخال ہے ۔

Hang, *v.* پھانسی دینا ۔

Hang by the neck till he is dead, گردن میں پھانسی ڈال کر لٹکاؤ (پھانسی دو) یہانتک کہ وہ مر جائے۔ یہ الفاظ وارنٹ پھانسی میں درج کیے جاتے ہیں ۔

Harbour, *n.* & *v.* بندرگاہ ۔ پناہ ۔ پناہ دینا ۔

Harbourer, *n.* پناہ دہندہ ۔

Harbouring (offenders) پناہ دہی (مجرمان) ۔

مجرم کو پناہ دینا جرم ہے لیکن جب کہ مجرم کے شوہر یا زوجہ نے مجرم کو پناہ دی ہو تو ایسی صورت میں پناہ دہندہ مجرم نہ ہوگا ۔ (ملاحظہ ہو دفعہ ۲۱۲ تعزیرات پاکستان ۱۸۶۰ع) ۔

Hard, *a.* سخت ۔ دشوار ۔ بے رحم ۔

Hard and fast rule, ۔ لگا بندھا قاعدہ ۔ سخت قاعدہ

Hardness, زر نقد ۔ روکڑ ۔

Hardened criminal, پکا مجرم ۔

Hardly, *ad.* بمشکل ۔

Hardship, *n.* مصیبت ۔ تکلیف ۔ سختی ۔

Hard-hearted, سنگدل ۔

Harlot, *n.* کسبی ۔ فاحشہ ۔ طوائف ۔ بیسوا ۔

Harlotting, *n.* کسب، پیشہ (فاحشہ عورت کا) ۔

Harm, *n.* ضرر ۔ نقصان ۔ تکلیف ۔ گزند ۔

Harmful, *a.* مضر ۔ نقصان دہ ۔

Harmless, *a.* غیر مضر ۔ بے ضرر ۔

Harmonize, *v.* ہم آہنگ ہونا یا کرنا ۔ موافق ہونا یا کرنا ۔

Harmony, *n.* میل ۔ ہم آہنگی ۔ حسن ترتیب ۔

Harsh, *a.* سخت ۔ تند ۔ ناگوار ۔ بے رحم ۔

Harshly, *ad.* بے رحمانہ ۔ سنگدلانہ ۔

Harvest, *n.* فصل ۔ تیار فصل ۔ فصل کاٹنے کا زمانہ ۔ فصل جو کاٹ کر جمع کی گئی ہو ۔

Harvest, Autumnal فصل خریف ۔

Harvest, Vernal فصل ربیع ۔

Hasty, *a.* عاجل ۔ عاجلانہ ۔

Hastily, *ad.* تعجیلاً ۔ جلدی سے ۔

Hatchet, To Bury صلح کرنا ۔

Hatred, *n.* نفرت ۔

Hatred, To Bring into, نفرت پیدا کرنا ۔

Hazard, *n.* خطرہ ۔ آلہ قمار بازی ۔

He, *pro.* وہ ۔

گو یہ اسم اشارہ لغت میں مرد کے لیے مخصوص ہے لیکن قانون میں اس میں مرد و عورت دونوں شامل ہیں، جیسا کہ آرٹیکل ۱۴۳ دستور پاکستان مجریہ ۱۹۵۶ع سے بھی واضح ہے ۔ (ملاحظہ ہو پی ایل ڈی ۱۹۵۸ع سپریم کورٹ ص ۲۹۸) ۔

Head, *n.* افسر ۔ سرغنہ ۔ نفر ۔

Headman, *n.* مکھیا ۔ گاؤں کا چودھری ۔

Head note, خلاصہ تجویز ۔

Head of state, صدر مملکت ۔

Headquarter, ہیڈکوارٹر ۔ صدر مقام ۔

Hear, *v.* سننا ۔ سماعت کرنا ۔

Hearing, *n.* سماعت ۔

Hearing, Adjournment of التوائے سماعت ۔

عدالت کو اپنی صواب دید سے مقدمہ کی سماعت مناسب وجوہ کی بناء پر وقتاً فوقتاً ملتوی کرنے کا اختیار ہے (ملاحظہ ہو حکم ۱۷ قاعدہ ۱ ضابطہ دیوانی) ۔

Hearing, Date of. تاریخ سماعت ۔

Heasary, *a*. سنی سنائی ۔

Hearsay evidence, سنی سنائی شہادت ۔ شہادت سماعی ۔

''سر ایڈورڈ کک نے سترھویں صدی کی ابتدا میں بطور ایک اصول قانون قرار دیا کہ رویت کا ایک گواہ (چشم دید) سنی سنائی شہادت دینے والے دس گواہوں کے برابر ہے'' ۔ گویا گواہ رویت تمام گواہوں سے بڑھ کر ہے ۔ چنانچہ جوں جوں قانونی تاریخ کا زمانہ بڑھتا گیا اساتذہ اس پر متفق ہوتے گئے اور کم سے کم سترھویں صدی کے نصف آخر میں سنی سنائی یا بالواسطہ شہادت کی غیر قطعیت عام طور پر تسلیم کی جانے لگی ۔ چنانچہ سنی سنائی شہادت عام طور پر ناقابل ادخال ہوتی ہے ۔

Heaven, *n*. آسمان ۔ فضا ۔ عالم بالا ۔ جنت ۔

Heavenly, *a*. آسمانی ۔ سماوی ۔

Hebrew, عبرانی ۔ یہودی ۔

یہودی نکاح کو ثابت کرنے کے لیے خود معاہدہ کو پیش کرنا ضروری ہے ۔

Heinous, *a*. گھناؤنا ۔ سنگین وحشیانہ ۔

Heinous offence, سنگین جرم ۔ گھناؤنا جرم ۔ وحشیانہ جرم ۔

Heir, *n*. وارث ۔

Heir apparent, ولی عہد ۔

Heir at law, قانونی وارث ۔

وارث جو قانوناً جانشین ہو یا مورث کی بلا وصیت فوت ہو جانے کی صورت میں جانشین ہو ۔

Heiress, *n*. وارثہ ۔

Heir, Expectant متوقع وارث ۔

Heir, Presumptive قیاسی وارث ۔

اگر کوئی قریب تر وارث پیدا نہ ہو تو وارث ہو ۔

Heir, Reversionary عودی وارث ۔

Heir, Ultimate آخری وارث ۔

Heirdom, *n*. جانشینی بذریعہ وراثت ۔

Heirship, *n*. حق وراثت ۔ وراثت ۔

Heirship certificate, صداقت نامۂ وراثت ۔

Held (was), قرار دیا گیا ۔

Hemp drugs, حشیشی ادویہ ۔

Hereditable, *a*. قابل توریث ۔

Hereditament, *n*. جائداد جو قابل ارث ہو ۔

Hereditary, *a*. موروثی ۔ آبائی ۔

Hereditary occupancy, موروثی دخیل کاری ۔

Hereditary proprietor, موروثی مالک ۔

Hereafter, من بعد ۔ اس کے بعد ۔

Hereby, بذریعہ ہذا ۔

Hereunder, مندرجہ ذیل ۔ درج ذیل ۔

Hereinafter, بعد ازیں ۔

Hereinbefore, قبل ازیں ۔

Hereinbefore named, قبل ازیں نام بردہ ۔

Hereunto set & subscribed their hands & seals, اس تحریر پر اپنے دستخط کیے اور مہریں لگائیں ۔

Heritable, *n*. قابل توریث ۔

Heritage, *n*. ورثہ ۔

Heretics, ابل ہوی ۔

Hesitation, *n*. تامل ۔ ہچکچاہٹ ۔ تذبذب ۔

Hiba, *n*. (M.L.) ہبہ ۔

یہ اصطلاح اسلامی قانون کی ہے ۔ اس کا مترادف انگریزی لفظ Gift ہے ۔

ایک شخص کا دوسرے شخص کی طرف کسی جائیداد منقولہ یا غیر منقولہ کا فوری اور بلا معاوضہ منتقل کرنا اور اس دوسرے شخص کا خود یا اس کی طرف سے کسی اور صاحب مجاز کا اس شے موہوبہ کو قبول کر لینا ہبہ کہلاتا ہے ۔ مگر شرط یہ ہے کہ واہب (ہبہ کرنے والا) موہوبہ (ہبہ کی ہوئی) جائداد کے حق ملکیت اور اس پر اختیارات سے کلیتاً دستبردار ہو جائے۔ ہبہ اپنے لفظی معنی میں کسی ایسی شے کا دے دینا ہے جس سے وہ شخص جس کے نام ہبہ کیا جائے فائدہ حاصل کر سکتا ہو ۔ ہبہ کی تعریف حنفی فقہ کی کتاب کنزالدقائق میں ''ھی تملیک العین بلاعوض'' کے الفاظ میں بیان کی گئی ہے' یعنی ہبہ (دوسرے شخص کو) بلا معاوضہ مالک بنانا ہے ۔ شرعاً کسی مخصوص شے کی ملکیت کا حق بغیر کسی معاوضہ کے عطا کرنا ''ہبہ'' کہلاتا ہے ۔

نہیں ہے بلکہ ہبہ بالعوض ہی کی بیشتر مثالیں ملتی ہیں ۔ ہبہ بالعوض اور بشرط عوض میں بنیادی فرق یہ ہے کہ ہبہ بالعوض میں موہوب لہ جو عوض دیتا ہے وہ اپنی خوشی سے دیتا ہے جب کہ ہبہ بشرط عوض کی صورت میں عوض دینے کا تشریح کے ساتھ فریقین میں اقرار ہو جاتا ہے (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو مجموعہ قوانین اسلام، مؤلف ہذا، جلد ۳ ص ۱۰۰۳) ۔

Hiba-bil-iwaz, (M.L.) ہبہ بالعوض ۔

یہ اصطلاح اسلامی قانون کی ہے ۔ جب کوئی ہبہ معاوضہ کے ساتھ کیا جائے تو وہ ہبہ بالعوض کہلائے گا جو حصول عوض کے بعد نافذ متصور ہوگا (دفعہ ۱۷۵ مجموعہ قوانین اسلام' مؤلف ہذا' جلد ۳) ۔

اگر ہبہ بالعوض ہو تو دونوں عوضوں پر قبضہ شرط ہے اور قبضہ کے بعد ہی ہبہ درست ہوگا ۔ ہبہ بالعوض کا حکم بیع کا ہے ۔ چنانچہ خیار عیب یا خیار رویت کی بناء پر رد کیا جا سکتا ہے ۔ ہبہ بالعوض وہ ہبہ ہے جو بدل کے معاوضے میں کیا جائے ۔ فی الحقیقت یہ ایک قسم کی بیع (فروخت) ہے اور اس میں معاہدہ بیع کی تمام خصوصیات پائی جاتی ہیں ۔ اس لیے اس میں تکمیل کے لیے قبضہ دہی کی شرط نہیں ہوتی جیسا کہ سادہ ہبہ میں لازم ہے ۔ مزید برآں اس کے ذریعہ سے مشاع جائیداد (جائیداد کے غیر منقسمہ حصہ) کا قابل تقسیم حصہ بھی منتقل ہو سکتا ہے ' لیکن ہبہ بالعوض کے جواز اور تکمیل کے لیے حسب ذیل دو شرطوں کا موجود ہونا ضروری ہے :

(۱) موہوب لہ کی طرف سے حقیقی طور سے عوض کا ادا کیا جانا ۔

(۲) واہب کا نیک نیتی کے ساتھ فی الفور جائیداد موہوب کی ملکیت سے دست بردار ہو جانے اور اسے موہوب لہ کو دے دینے کا اظہار ۔

عوض کا کافی ہونا لازم ہے ۔ اس کی مقدار خواہ کچھ ہو' مگر اس کا حقیقی طور سے اور نیک نیتی کے ساتھ ادا کیا جانا ضروری ہے (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو مجموعہ قوانین اسلام' مؤلف ہذا جلد ۳ باب ۴۲)۔

Hiba-i-Raqba, (M.L.) ہبہ' رقبیٰ ۔

یہ اصطلاح اسلامی قانون کی ہے ۔ لفظ ''رقبیٰ'' ''مراقبت'' سے مشتق ہے ۔ ''ہبہ رقبہ'' کے معنی یہ

علامہ نجم الدین ابو جعفر الحلی نے شیعی فقہ پر اپنی مشہور کتاب شرائع الاسلام میں ہبہ کی تعریف یوں بیان کی ہے کہ ہبہ وہ حصہ ہے جو بلا عوض عین مال کے اس طرح مالک کر دینے کو مقتضی ہے کہ فوری (غیر معلق) اور نیت قربت سے مجرد (خالی) ہو کبھی ہبہ کی تعبیر لفظ ''نحلہ'' اور ''عطیہ'' سے ہوتی ہے ۔ ہبہ کے اصول کی بنیاد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے قول ''تہادوا تحابوا'' ہے یعنی ''باہم ایک دوسرے کو ہدیہ دو تاکہ محبت بڑھے'' پر ہے ۔ پاکستان میں رائج الوقت قانون انتقال جائیداد ایکٹ ۱۸۸۲ء کی دفعہ ۱۲۲ کے تحت ہبہ کی حسب ذیل تعریف بیان کی گئی ہے : ہبہ کسی ایسی منقولہ یا غیر منقولہ جائیداد کا انتقال ہے جو وجود میں ہو اور جو رضاکارانہ طور پر بلا معاوضہ ایک شخص کی طرف سے جس کو واہب (Donor) کہا جاتا ہے دوسرے شخص کے حق میں جس کو موہوب لہ (Donee) کہا جاتا ہے کیا جائے اور جو موہوب لہ یا اس کی طرف سے قبول کر لیا جائے ۔ ایسی قبولیت واہب کی زندگی میں دی جائے' نیز جب کہ وہ ہبہ کرنے کا اہل ہو ۔ اگر موہوب لہ قبولیت کے پہلے مر جائے تو ہبہ کالعدم ہو جائے گا (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو مجموعہ' قوانین اسلام' مؤلف ہذا' جلد ۳ صفحہ ۹۲۳) ۔

See 'Gift' also

Hiba ba shart-i-iwaz, (M.L.) ہبہ بشرط عوض ۔

جب کوئی ہبہ معاوضے کی شرط کے ساتھ کیا جائے تو وہ ''ہبہ بشرط عوض'' کہلائے گا۔ ایسا ہبہ شرط عوض کی تکمیل پر نافذ ہوگا ۔ ہبہ بشرط عوض کی صورت میں عوض بطور ایک شرط کے فریقین پر لازم ہوتا ہے ۔ اگرچہ ابتداء میں اس کی نوعیت ہبہ کی ہوتی ہے لیکن جب شے موہوبہ پر موہوب لہ کا اور عوض پر واہب کا قبضہ ہو جاتا ہے تو اس کی حیثیت بیع کی ہو جاتی ہے ۔

ہبہ بشرط عوض میں بھی سادہ ہبہ کی طرح قبضہ دہی لازم ہے اور وہ منسوخ بھی ہو سکتا ہے لیکن جب واہب موہوب کو عوض دیدے تو اس کے بعد وہ ہبہ ناقابل تنسیخ ہو جاتا ہے ۔

برصغیر ہند و پاکستان میں ہبہ بشرط عوض کا رواج

ہیں کہ اگر کوئی شخص کہے گا کہ اگر میں تجھ سے پہلے مرا تو یہ چیز تیرے لیے اور تو مجھ سے پہلے مرا تو یہ چیز میرے واسطے ہے۔ اس صورت میں ان دونوں میں ہر ایک دوسرے کی موت کا انتظار کرتا ہے۔ امام ابو حنیفہ اور امام محمد کے نزدیک ہبہ رقبیٰ ناجائز ہے اور اس کا حکم عاریت کا ہوگا، لیکن امام ابو یوسف کے نزدیک ہبہ رقبیٰ جائز ہے (مجموعہ قوانین اسلام جلد ۳ مؤلف ہذا دفعہ ۱۷۴، ۱۷۵)۔

Hiba-i-Umra, (M.L.) ہبہ عمریٰ - ہبہ تاحیات -

حین حیاتی ہبہ، جس کو فقہ اسلام میں ''ہبہ عمریٰ'' کہا جاتا ہے کہ کوئی شخص کسی شے کو اس شرط کے ساتھ ہبہ کرتا ہے کہ شخص موہوب لہ اس شے کا تاحیات مالک رہے گا اور اس کے مرنے کے بعد وہ شے ہبہ کرنے والے کو لوٹ جائے گی۔ از روئے شرع اسلام ایسا ہبہ جائز ہوگا۔ لیکن شخص موہوب لہ کی وفات کے بعد اس شے کی ملکیت ہبہ کرنے والے کو نہیں لوٹ سکتی بلکہ موہوب لہ کے وارث اس کے مستحق ہوں گے۔ (مجموعہ قوانین اسلام مؤلف ہذا جلد ۳ - دفعہ ۱۷۳) -

Hidden, *a*. پوشیدہ - مخفی -

Hidden treasure, دفینہ - پوشیدہ خزانہ -

High, *a*. اعلیٰ - بلند - گراں -

High Court, عدالت عالیہ -

High-handed, مغرورانہ - ظالمانہ -

High Seas, کھلے سمندر -

بین الاقوامی قانون کی رو سے کسی ملک کے متصلہ سمندر کا وہ علاقہ جو اندرون تین میل ہو اس ملک کا علاقہ تصور ہوگا اور اس کے آگے کا حصہ سمندر سب کے لیے کھلا سمندر ہوگا۔

Highway, شاہراہ -

بادی النظر میں عوام کا شاہراہ پر حق راہ منیڈ سے منیڈ تک ہوتا ہے اور سڑک کے پختہ حصہ تک محدود نہیں ہوتا، لیکن اس قیاس کی تردید ہو سکتی ہے۔

Hindrance, *n*. رکاوٹ - مزاحمت - خلل اندازی -

Hindu Law, دھرم شاستر - قانون ہنود -

تمام معلوم مذہبی مجموعہ ہائے قوانین میں دھرم شاستر ہی ایک ایسا مجموعہ ہے جس کے متن ہی میں، اگر روایت صحیح ہے تو، عدالتی موقع یا عدالتی اغراض کے لیے جھوٹی، گواہی کی صراحتاً اجازت دی گئی ہے مثلاً: (۱) بدی کا رجحان رکھنے والی جھوٹی گواہی، ایسے شخص کی جانب سے جس پر کسی ایسے جرم کا الزام ہو جس کی سزا موت ہو۔ (۲) اگر کسی شخص کا نکاح جھوٹ کہنے سے ہو جاتا ہے تو ایسا جھوٹ کہا جا سکتا ہے۔ یا (۳) اگر خود اس کی جان جھوٹ نہیں کہنے کی وجہ سے ضائع ہو جائے گی یا (۴) اگر اس کے گھر کا تمام سامان تباہ ہو جائے گا یا (۵) اگر اس میں کسی برہمن کا فائدہ ہو تو ایسے امور میں جھوٹ کہا جا سکتا ہے (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو، عدالتی شہادت مصنفہ بنتھم جلد ۱ صفحہ ۲۳۶-۲۳۵)۔

Hindu joint family, ہندو خاندان مشترکہ -

Hire, *n*. & *v*. اجارہ - کرایہ - کرایہ پر دینا -

Hire purchase agreement, معاہدہ بیع بالاقساط -

اس معاہدہ کے تحت قیمت کا ایک حصہ ادا کرنے پر کل مال خریدار کے حوالہ کر دیا جاتا ہے بقیہ زر قیمت بالاقساط وصول کیا جاتا ہے لیکن شے مبیعہ کی ملکیت تا ادائی کل زر قیمت بائع ہی کی رہتی ہے اور مشتری کی جانب منتقل نہیں ہوتی۔

Hired carriage, کرایہ کی گاڑی -

Hirer, *n*. کرایہ پر لینے والا -

Hizanat, *n*. (M.L.) حضانت -

یہ اصطلاح اسلامی قانون کی ہے۔ حضانت کے لغوی معنی ''تربیت'' کے ہیں۔ شرعی اصطلاح میں ماں یا کسی شرعی مستحق کے چھوٹے بچے کو پرورش کرنے کو ''حضانت'' کہتے ہیں۔

حنفی فقہ کی رو سے سات سال سے کم عمر لڑکے اور نابالغ لڑکی کی حضانت کا حق ماں کو حاصل ہوتا ہے، الا یہ کہ کسی سبب سے شریعت نے اس کو غیر مستحق قرار دیا ہو، مگر لازم ہے کہ حق حضانت میں بچے کی فلاح و بہبود اور حفاظت کا خیال رکھا جائے کیونکہ حضانت کا مدار بچہ کی منفعت پر ہے۔ تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو مجموعہ قوانین اسلام، مؤلف ہذا، جلد ۳ باب بائیسواں)۔

Hold, *n*. & *v*. قبضہ - اختیار - قابو -

قابض ہونا ۔ منعقد ہونا ۔ قرار دینا ۔

Hold back, دبا رکھنا ۔ روک رکھنا ۔

Hold good, جائز قرار دینا ۔

Hold over, میعاد معینہ کے بعد قبضہ یا تصرف میں رکھنا ۔

Holder, *n.* قابض ۔

ازروئے دفعہ ۸ دستاویزات قابل بیع و شری پرونوٹ، مبادلہ ہنڈی یا چیک کے قابض سے وہ شخص مراد ہے جو اپنے نام سے اس کو اپنے قبضہ و اختیار میں رکھنے اور اشخاص متعلقہ سے رقم کی وصولی کا مستحق ہو ۔

Holder for value, قابض بہ قیمت ۔ قابض جس نے قیمتی بدل ادا کیا ہو ۔

Holder in due course, قابض بہ طریق معمول ۔

حسب احکام دفعہ ۹ قانون دستاویزات قابل بیع و شری ۱۸۸۱ء جو شخص قابض بہ طریق معمول ہونے کا مدعی ہے، یہ ثابت کرے کہ اس نے قیمتی اور قانونی بدل کے عوض دستاویز حاصل کی ہے ۔ چنانچہ اگر بدل غیر قانونی، مخرب اخلاق یا مفاد عامہ کے خلاف ہے تو وہ معاہدہ قانونی نہیں رہتا اور اس کے تحت جو رقم واجب الادا ہے یا ادا کی جا چکی ہے وہ بذریعہ عدالت وصول نہیں کی جا سکتی۔ قابض بہ طریق معمول کے لیے ثانیاً یہ امر ضروری ہے کہ اسے رقم کے واجب الادا ہونے سے قبل دستاویز کا قابض ہونا چاہیے اور تیسری چیز یہ ہے کہ اس کے پاس یہ باور کرنے کی کافی وجہ موجود نہ ہو کہ اس شخص کے استحقاق میں جس سے کہ اس نے حق حاصل کیا کوئی نقص تھا۔ چنانچہ اگر کوئی قابض دستاویز کے لینے میں ضروری حزم و احتیاط سے کام نہ لے اور جس شخص سے دستاویز لی گئی ہو اس کے استحقاق میں نقص پایا جائے تو اس صورت میں وہ قابض بہ طریق معمول کے حقوق کا مستحق قرار دیا جا سکتا ۔

قابض بہ طریق معمول ہونے کا ایک نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ ایسا قابض اپنے فریق ما قبل سے اچھی بہتر حقیت حاصل کر لیتا ہے ۔

قانون دستاویزات قابل بیع و شری کے تحت قابض کے متعلق یہ قیاس کر لیا جائے گا کہ وہ قابض بہ طریق معمول ہے لیکن اگر یہ بیان کیا جائے کہ دستاویز کسی فریب یا جرم کے ذریعہ سے حاصل کی گئی ہے تو قابض بہ طریق معمول ہونے کا بار ثبوت خود قابض کے ذمہ ہوگا ۔

Holder, Licence لائسنس یافتہ ۔

Holding, *n.* حقیت کاشت ۔

Holding over, بعد انقضائے مدت معینہ قابض رہنا ۔

Holiday, *n.* تعطیل ۔

Holograph, خود خطی تحریر ۔

Homicide, *n.* قتل انسان ۔

Homicide, Culpable قتل انسان مستلزم سزا ۔

Homicide, Excusable قتل انسان قابل معافی ۔

(تفصیل کے لیے ملاحظہ ہوں دفعات ۹۶ تا ۱۰۰ تعزیرات پاکستان) ۔

Homicide, Justifiable روا قتل انسان ۔

قتل انسان جو کسی فرض کی انجام دہی کے دوران میں کیا جائے مثلاً جلاد کا پھانسی دینا یا کسی عہدہ دار کا فرض منصبی کی انجام دہی کے دوران میں کسی شخص کو جو فرض منصبی کی انجام دہی میں مزاحم ہو اور خود اس کے یا دیگر اشخاص کے لیے خطرہ جان کا باعث ہو، قتل کر دینا روا قرار دیا گیا ہے لیکن اس اصول کا اطلاق نہایت سختی کے ساتھ کیا جاتا ہے ۔ (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو باب ۴ تعزیرات پاکستان) ۔

Homicidial tendency, قاتلانہ رجحان ۔ قاتلانہ ذہنیت ۔

Honest, *a.* ایماندار ۔ نیک نیت ۔

Honestly, *ad.* ایمانداری سے ۔

Honorarium, *n.* اعزازیہ ۔

Honorary, *a.* اعزازی ۔

Honorary Magistrate, اعزازی مجسٹریٹ ۔

Honoris causa, بطور اعزاز ۔ اعزازی ۔

Honour, *n.* اعزاز ۔ عزت ۔ احترام ۔

Honourable, *a.* عزت مآب ۔ معزز ۔

Honourable Court, معزز عدالت ۔

Horse race, گھوڑ دوڑ ۔

مروجہ قانون کی رو سے گھوڑ دوڑ میں جو شرط لگائی جائے وہ قمار بازی میں داخل نہیں ہے بشرطیکہ

وہ آن حدود کے اندر ہو جو قانون نے گھوڑ دوڑ کی شرائط کے سلسلہ میں عائد کی ہیں، لیکن شرع اسلام کی رو سے گھوڑ دوڑ میں شرط لگانا قمار کی تعریف میں داخل ہے جو حرام ہے۔ اس کا مرتکب گناہ کبیرہ کا مرتکب ہوگا ۔

Horticulture, *n.* باغ یا میوہ دار پودوں کی کاشت ۔

یہ اصطلاح زراعت (Agriculture) کی تعریف میں شامل نہیں ہے ۔

Hostile, *a.* منحرف ۔ مخالف ۔

Hostile witness, منحرف گواہ ۔

قیاس قانونی یہ ہے کہ فریق کی جانب سے پیش ہونے والا گواہ اپنے فریق پیش کنندہ کے مفاد میں بیان دیگا ۔ اگر گواہ پیش کنندہ فریق کے خلاف بیان دے یا اپنے سابقہ بیان سے منحرف ہو جائے تو ایسی صورت میں پیش کنندہ فریق کی درخواست پر عدالت گواہ کو منحرف قرار دیکر سوالات جرح کی اجازت دے سکتی ہے ۔ (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو قانون شہادت مؤلفہ جسٹس محمد منیر، دفعہ ۱۵۴) ۔

Hours of business, اوقات کاروبار ۔

House, *n.* مکان ۔

House of Commons, دارالعوام ۔

House of Correction, تادیب خانہ ۔

House of Lords, دارالامراء ۔

House of the people, دارالعوام ۔ لوک سبھا ۔ ایوان عام ۔ ایوان زیریں ۔

یہ اصطلاح Lower House کے مترادف بھی استعمال ہوتی ہے ۔

House-breaking, نقب زنی ۔

House-breaking by night, نقب زنی بوقت شب ۔

جو کوئی شخص غروب آفتاب کے بعد اور طلوع آفتاب سے قبل نقب زنی کا مرتکب ہو تو کہا جائے گا کہ وہ نقب زنی بوقت شب کا مرتکب ہوا (دفعہ ۴۴۶ تعزیرات پاکستان) ۔

House rent, کرایہ مکان ۔

صوبائی قانون مقدمات عدالت خفیفہ (اسمال کاز کورٹس ایکٹ) کے فقرہ ۸ جدول نمبر ۲ میں لفظ کرایہ مکان میں کرایہ دوکان بھی شامل ہے (پی - ایل - ڈی ۱۹۵۸ء کوئٹہ صفحہ ۳۰) ۔

House-search, خانہ تلاشی ۔

House-tax, محصول مکان ۔

House-trespass, مداخلت بے جا بخانہ ۔

جو کوئی شخص کسی ایسی عمارت یا خیمے، یا جہاز میں جو انسان کی بود و باش کے کام آتی ہو یا کسی ایسی عمارت میں جو عبادت گاہ یا مال کی جائے حفاظت کے طور پر کام آتی ہو، داخل ہونے یا ٹھہرنے کے ذریعہ مداخلت بے جا مجرمانہ کا مرتکب ہو تو کہا جائے گا کہ یہ شخص مذکور مداخلت بے جا بخانہ کا مرتکب ہوا (ملاحظہ ہو دفعہ ۴۴۲ تعزیرات پاکستان) ۔

Hue and cry, چیخ پکار ۔

Human being, انسان ۔

Human body, جسم انسانی ۔

زندہ انسان کے جسم میں میت کے کسی عضو سے پیوند کاری شرع اسلام کی رو سے ناجائز ہے ۔ البتہ انسان کے خود کسی حصہ کا گوشت کاٹ کر زخم مندمل کرانے کی غرض سے قلم لگانا (Grafting) یا اپنے ٹوٹے ہوئے عضو کو دوبارہ اسی جگہ لگانا امام ابو یوسف کے قبول کے بموجب جائز ہوگا ۔ (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو مجموعہ قوانین اسلام جلد ۴ دفعہ ۱۳۲ اعضاء انسانی کی وصیت) ۔

Human blood, خون انسانی ۔

انسانی خون کی بیع (sale) شریعت اسلام کی رو سے ناجائز ہے ۔

Human rights, حقوق انسانی ۔

حق اس اختیار کا نام ہے جس کی رو سے ایک ایسے شخص کے افعال کا جس کے مقابلہ میں اس حق کا وجود پایا جائے بطور خاص اہتمام کیا جائے ۔ چونکہ باہمی تمدن میں انسان کو ایک دوسرے کی ضرورت واقع ہوتی ہے اس لیے خداوند تعالی نے ان ضرورتوں کا لحاظ فرما کر انسان کو ایک دوسرے کے ساتھ افعال کا ایک حد تک اختیار عطا فرمایا ہے چنانچہ انسان کو اس امر کی اجازت ہے کہ وہ ایک دوسرے کے مقابل حقوق حاصل کرے ۔

فقہاء اسلام نے حقوق کو ذات کے لحاظ سے حقوق اللہ اور حقوق العباد میں تقسیم کیا ہے ۔ حقوق اللہ وہ

ہیں جس میں بجائے کسی ایک شخص کے عام جماعت
فائدہ متصور ہوتا ہے ۔ ان کی خلاف ورزی میں عظ
نقصانات اور ان کی بجا آوری اور تعمیل سے بے حد
منافع ہونے کی بناء پر وہ خالق حقیقی کی طرف منسوب
کیے جاتے ہیں ۔ ان کا حقوق اللہ کے نام سے موسوم
ہونا اس وجہ سے نہیں ہے کہ وہ خدائے تعالیٰ کے
نفع کے لیے ہیں ۔ ان حقوق کو ہم معاشرہ کے اجتماعی
حقوق کا نام بھی دے سکتے ہیں یا ان کو "حقوق
عامہ" بھی کہا جا سکتا ہے ۔ جبکہ حقوق العباد کا
تعلق ایک فرد سے ہوتا ہے بلحاظ تعمیل کے حقوق
اور حقوق العباد میں یہ فرق یا امتیاز پایا جاتا ہے
کہ حقوق اللہ کی تعمیل کرنا حکومت کے ذمہ ہے
برخلاف اس کے حقوق یا شخصی حقوق کی پابندی
کرانا یا نہ کرانا اس شخص یا اشخاص کی مرضی پر
منحصر ہوتا ہے جس کے حق پر دست اندازی کی
جاتی ہے ۔ پہلی قسم کی مثال چوری کی ہے ۔ چوری
ایک ایسا جرم ہے جو پورے معاشرہ کے خلاف کیا
گیا ہے اس لیے وہ شخص جس کا مال چوری ہوا ہے
اس کا مجاز قرار نہیں دیا گیا کہ وہ مجرم کے جرم
کو معاف کر سکے ۔ دوسری قسم کی مثال کرایہ
مکان کی ہے ۔ مالک مکان کو کرایہ دار کا کرایہ
ادا کرنا مالک کا حق اور کرایہ دار کی ذمہ داری
ہے ۔ وہ چاہے تو اپنی مرضی سے کرایہ معاف کر
سکتا ہے ۔ یہی اصول ان معاملات سے متعلق ہوگا
جن میں حقوق عامہ یا حقوق شخصی کا پلہ بھاری ہو ۔
فقہاء نے حقوق اللہ اور حقوق العباد میں تقسیم کرکے
حقوق قائم بنفسہ (Rights in personam) اور
حقوق غیر قائم بنفسہ (Rights in rem) کی تقسیم کا
بھی ذکر کیا ہے اور پھر شخصی حقوق کو امور
اور مقاصد کے اعتبار سے حسب ذیل قسمیں بیان کی ہیں :

(۱) حق حفاظت نفس (جان) (Right of life)

(۲) حق حرمت (Right of honour)

(۳) حق ملک (Right of property)

(۴) حقوق خانگی (Family rights)

اسلام انسانی حقوق کا سب سے بڑا داعی ہے
چنانچہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ۹ ہجری میں
حجۃ الوداع کے موقع پر جو خطبہ ارشاد فرمایا تھا وہ
حقوق انسانی کا سب سے پہلا جامع منشور ہے ۔ آپ
نے اس خطبہ میں انسانی حقوق کے سلسلہ میں مساوات
کا پیغام دیا کہ ساری دنیا کے انسان بلحاظ حقیقت
نفس الامری برابر ہیں ۔ سب آدم علیہ السلام کی اولاد
ہیں ۔ آدم مٹی سے بنے تھے اور سارے انسان مٹی سے
بنے ہیں ۔ عربی کو عجمی پر اور عجمی کو عربی پر
کوئی فضیلت نہیں ۔ گورے کو کالے پر کوئی فوقیت
نہیں ۔ جو کچھ فضیلت ہے وہ تقویٰ کے سبب ہے ۔
ان اکرمکم عنداللہ اتقاکم ۔ آپ نے ساری اسلامی
برادری کو اخوت کا پیغام دیا کہ مسلمان آپس میں
بھائی بھائی ہیں ۔

اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور میں انسانی
حقوق کی ضمانت دی گئی ہے ۔ قانون کی نظر میں تمام
شہری برابر ہیں اور قانون سب کے لیے یکساں ہے ۔
کسی شخص کو اس کی زندگی یا آزادی سے محروم نہیں
کیا جائے گا، سوائے اس کے کہ وہ قانون کے مطابق
ہو ۔ دوسرے لفظوں میں کوئی گرفتاری ، سزا اور
جائیداد کی ضبطی و بے دخلی مناسب وجہ بتائے بغیر
عمل میں نہیں لائی جاسکتی ۔ کوئی شخص کسی ایسے
فعل کی بناء پر سزایاب نہیں ہو سکتا جو اس وقت
قابل سزا نہ تھا جب کہ وہ فعل سرزد ہوا اور نہ
کسی شخص کو کسی جرم کی پاداش میں اس سے
زیادہ سزا دی جائے گی جتنی کہ قانون شکنی کے
وقت قانون میں مذکور تھی کسی شخص کو گرفتاری
کی وجوہ بتائے بغیر حراست میں نہیں رکھا جائے گا
اور اگر کوئی شخص حراست میں رکھا جائے تو
۲۴ گھنٹے کے اندر اس شخص کو قریب ترین مجسٹریٹ
کے سامنے پیش کر دیا جائے گا اور پیروی کی تمام
سہولتیں بہم پہنچائی جائیں گی لیکن اس کا اطلاق دشمن
پردیسی (Alien Enemy) اور اس شخص پر نہ ہوگا
جو امتناعی نظر بندی مثلاً قواعد تحفظ پاکستان کے
تحت نظر بند کیا گیا ہو جس کی توثیق بالآخر
مشاورتی بورڈ کرے گا ۔

پاکستان میں شہریوں کا مرتبہ یکساں ہوگا ۔
کسی شخص کو غلام کی حیثیت سے قبضہ میں نہ
رکھا جائے گا کسی سے جبری محنت و بیگار نہیں لی
جائے گی ۔ تمام شہریوں کو ملک کے طول و عرض

میں سفر اور قیام کی آزادی ہوگی ۔ ہر شخص اپنی مرضی کے پیشہ کا انتخاب کر سکتا ہے ۔ کسی شخص کو اس کی ملکیت سے محروم نہ کیا جائے گا اگر حکومت باغراض عامہ کوئی ملکیت حاصل کرنا چاہے تو مناسب معاوضہ ادا کرے گی ۔ ہر شخص کو ضمیر و مذہب کی آزادی حاصل رہے گی ' تبلیغ مذہب کی بھی اجازت ہے بشرطیکہ اس میں جبر نہ ہو اور امن عامہ اور صحت و اخلاق متاثر نہ ہو ۔ مذہبی اور خیراتی ادارے قائم کرنے کی بھی اجازت ہوگی ۔ تعلیمی ادارے میں کسی شخص کو اس کے عقیدہ یا مذہب کے خلاف تعلیم نہیں دی جائے گی ۔

Humbly, *ad.* عجز و انکسار کے ساتھ ۔

Humiliation, *n.* خفت ۔ ذلت ۔ انکسار ۔

Hundi, Hundi, Shah Jog شاہ جوگ ہنڈی ۔

Hurt, *n.* & *v.* ضرر ۔ تکلیف ۔ رنج ۔ چوٹ ۔ ضرر پہنچانا ۔ چوٹ لگانا ۔

ضرر کی قانونی تعریف میں درد' جسمانی ضعف یا مرض بھی داخل ہے ۔

Hurt, Grievous ضرر شدید ۔

(See "Grevious Hurt")

Hurt, Voluntary Causing بالارادہ ضرر پہنچانا ۔

Husband, *n.* شوہر ۔

انگریزی قانون شہادت کی رو سے شوہر و زوجہ ایک شخص تصور کیے جاتے ہیں اور ان کی ہمدردیاں اور مفادات بھی ایک ہی تصور کیے جاتے ہیں اس وجہ سے ایک عام اصول یہ قرار دیا جا سکتا ہے کہ شوہر زوجہ کی مخالفت یا موافقت میں گواہی نہیں دے سکتا اور نہ زوجہ شوہر کے مخالف یا موافق گواہ ہو سکتی ہے' نیز اس وجہ سے بھی کہ اتنے طرفدار اشخاص کی گواہی میں دروغ حلفی کا سخت خطرہ ہوتا ہے لیکن اس اصول میں بہت سے مستثنیات ہیں جن کارروائیوں میں اشخاص ثالث فریق ہوں اُن میں شوہر و زوجہ کا بطور گواہ اظہار لیا جا سکتا ہے گو ایک کی گواہی کا رجحان دوسرے کی گواہی کی تصدیق یا تردید ہو نیز جب کہ متناکحین ایک دوسرے کے خلاف فریق مقدمہ ہوں تو شوہر و زوجہ کی فرضی وحدت کا اصول معطل ہو جاتا ہے فوجداری مقدمات میں دوران ازدواج اطلاعات بخلاف زوج استحقاقاً پیش نہیں کی جا سکتیں ۔ شوہر و زوجہ کی شہادت منظور نہیں کی جا سکتی الا یہ کہ مسئلہ بچہ کی صحیح النسبی کا ہو یا وقوع نکاح کے متعلق ہی نزاع ہو۔ (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو اصول قانون شہادت مؤلفہ ڈبلوبسٹ صفحات ۱۶۳ ' ۱۶۵ ' ۵۰۶ ' ۵۳۹) ۔

Husband and wife, Right to property of حق جائیداد شوہر و زوجہ ۔

بموجب سابق قانون انگستان شوہر و زوجہ کو ایک ذات تصور کیا جاتا تھا اور اس وجہ سے وہ آپس میں ایک دوسرے کے نام جائیداد منتقل نہ کر سکتے تھے لیکن قانون متعلق جائیداد اناث منکوحہ مجریہ ۱۸۸۲ع کے بعد یہ پابندی اٹھ گئی اور ایک شادی شدہ عورت کو جائیداد کی نسبت وہی حقوق حاصل ہوگئے جو ایک غیر شادی شدہ عورت کو حاصل تھے چنانچہ از روئے قانون مذکور بالا زوجہ شوہر سے علیحدہ جائیداد حاصل کر سکتی ہے اور آپ رکھ سکتی ہے ۔

شرع اسلام میں مرد اور عورت (شوہر اور زوجہ) کے مابین حق جائیداد کے بارے میں ابتدا ہی سے کوئی تفریق روا نہیں رکھی گئی ۔

Husbandman, *n.* کاشت کار ۔

Husbandry, Implements of آلات کشاورزی ۔

یہ آلات قابل قرق نہیں ہیں (ملاحظہ ہو دفعہ .. ضابطہ دیوانی) ۔

Hush money, روپیہ جو کسی امر کے اخفاء کی غرض سے دیا جائے ۔

Hymen, *n.* وہ جھلی جو باکرہ عورت کے ہوتی ہے ۔

Hyptheca (R. Law) کفالت ۔

Hypothecate, *v.* مکفول کرنا ۔ گروی رکھنا ۔

Hypothecation, *n.* استغراق ۔ گرو ۔

Hypothecation deed, دستاویز استغراق یا کفالت یا گروی نامہ ۔

Hypothecator, *n.* مکفول کنندہ ۔

Hypothesis, *n.* دعوی بے دلیل ۔ مفروضہ ۔

Hypothetical, *a.* فرضیہ کے طور پر ۔

I

Ibadiya, (M.L.) اباضیہ ۔
اسلامی فقہ کا ایک قدیم مکتب فکر جواب متروک اور غیر معروف ہے ۔ یہ فرقہ خارجی تھا ۔

Ibid., (M.L.) حوالہ عین ماقبل ۔
ایک اصطلاح جو ذیلی حاشیہ میں استعمال ہوتی ہے اور اپنے ما قبل حوالہ کی طرف اشارہ کرتی ہے ۔

Iddat, *n.* عدت ۔
یہ اصطلاح اسلامی قانون کی ہے ۔ زوال نکاح کے بعد خواہ نکاح حقیقتاً ہو یا شبہتاً جو دخول یا موت سے متاکد ہوا ہو عورت کا ایک مدت معلومہ تک نکاح ثانی سے باز رہنا عدت کہلاتا ہے ۔
حسب ذیل صورتوں میں عورت پر عدت واجب ہوگی :
(۱) نکاح جائز میں دخول یا خلوت صحیحہ کے بعد طلاق دی جائے یا تفریق ہو جائے ۔
(۲) نکاح فاسد میں بعد دخول یا خلوت صحیحہ طلاق دی جائے یا تفریق ہو جائے ۔
(۳) نکاح جائز یا فاسد میں شوہر انتقال کر جائے تو دخول سے قبل طلاق یا تفریق کی صورت میں زوجہ پر عدت واجب نہ ہوگی ۔
(۴) بالغہ مطلقہ عورت جس کو حیض آتا ہو اس کی عدت تین حیض ہے۔ اگر شوہر نے زوجہ کو حالت حیض میں طلاق دی تو ایسی عورت پر تین حیض کامل عدت واجب ہوگی اور وہ حیض جس میں طلاق دی گئی ہے تین حیض میں شمار نہ ہوگا ۔
(۵) وہ مطلقہ عورت جس کو بوجہ کم سنی، مرض، کبر سنی یا کسی اور وجہ سے حیض نہ آیا ہو، اس کی عدت تین ماہ ہوگی جو حیض بند ہونے کے وقت سے شمار کی جائے گی ۔
(۶) جس عورت کے شوہر کا انتقال ہو جائے اس کی عدت چار ماہ دس دن ہوگی ۔ اگر شوہر نے طلاق رجعی دی اور عدت کے درمیان مر گیا تو عورت پر وفات کی عدت واجب ہوگی یعنی تاریخ وفات سے چار ماہ دس دن ۔
(۷) اگر زوجہ حاملہ ہے تو اس کی عدت وضع حمل تک ہے اگر طلاق یا تفریق یا شوہر کی وفات کے وقت حمل کے آثار نہ تھے مگر عدت میں حمل ظاہر ہوگیا تو عدت وضع حمل تک ہوگی ۔ عدت تفریق یا طلاق یا وفات کے وقت سے واجب ہوگی ۔ تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو مجموعہ قوانین اسلام مؤلفہ ہذا جلد دوم باب ۔ ۹ ـ عدت) ۔

Idea, *n.* خیال ۔ رائے ۔

Ideal, *a.* خیالی ۔ سب سے عمدہ جو خیال میں آئے ۔ جو عملی نہ ہو ۔ ذہنی طور پر مکمل ۔

Identical, *a.* ہوبہو ۔ مشابہ ۔ مماثل ۔ ایک ہی ۔ ویسا ہی ۔

Identifiable, *a.* قابل شناخت ۔

Identification, *n.* شناخت ۔ وہ چیز جس سے شناخت ہو سکے ۔

Identification mark, نشان شناخت ۔

Identification parade, شناخت پریڈ ۔
ملزموں کی شناخت کرنے کا قاعدہ جس کے تحت ملزم کو دوسرے لوگوں کے ساتھ ملا کر قطار میں کھڑا کیا جاتا ہے ۔ مقصد یہ ہوتا ہے کہ یہ دیکھا جا سکے کہ گواہ ملزم کو شناخت کر سکتا ہے یا نہیں ۔ یہ پریڈ مجسٹریٹ کی نگرانی میں ہونی چاہیے ۔ "اگر مجسٹریٹ کو نگرانی کے لیے طلب نہ کیا ہو تو شناخت کی کوئی اہمیت نہیں" (پی ایل ڈی ۱۹۵۸ء سپریم کورٹ ص ۱) ۔

Identification test, امتحان شناخت ۔ شناخت کے لیے جانچ ۔
مقدمات کی تفتیش میں جب کہ ملزم کی شناخت کا مسئلہ زیر بحث ہو تو بعض اشخاص کو حوالات یا کسی اور مقام پر ملزم کی شناخت کے لیے لایا جاتا ہے اور ان سے شناخت کرائی جاتی ہے ۔ اس کی ایک یادداشت تیار کی جاتی ہے ۔
ملزم کی شناخت کے علاوہ ان اشیاء کا بھی امتحان شناخت ہوتا ہے جن سے ارتکاب جرم کیا گیا ہو یا

میں سفر اور قیام کی آزادی ہوگی۔ ہر شخص اپنی مرضی کے پیشہ کا انتخاب کر سکتا ہے۔ کسی شخص کو اس کی ملکیت سے محروم نہ کیا جائے گا اگر حکومت باغراض عامہ کوئی ملکیت حاصل کرنا چاہے تو مناسب معاوضہ ادا کرے گی۔ ہر شخص کو ضمیر و مذہب کی آزادی حاصل رہے گی، تبلیغ مذہب کی بھی اجازت ہے بشرطیکہ اس میں جبر نہ ہو اور امن عامہ اور صحت و اخلاق متاثر نہ ہو۔ مذہبی اور خیراتی ادارے قائم کرنے کی بھی اجازت ہوگی۔ تعلیمی ادارے میں کسی شخص کو اس کے عقیدہ یا مذہب کے خلاف تعلیم نہیں دی جائے گی۔

Humbly, *ad.* عجز و انکسار کے ساتھ۔

Humiliation, *n.* خفت۔ ذلت۔ انکسار۔

Hundi, Hundi, Shah Jog شاہ جوگ ہنڈی۔

Hurt, *n.* & *v.* ضرر۔ تکلیف۔ رنج۔ چوٹ۔ ضرر پہنچانا۔ چوٹ لگانا۔

ضرر کی قانونی تعریف میں درد، جسمانی ضعف یا مرض بھی داخل ہے۔

Hurt, Grievous ضرر شدید۔

(See "Grevious Hurt")

Hurt, Voluntary Causing بالارادہ ضرر پہنچانا۔

Husband, *n.* شوہر۔

انگریزی قانون شہادت کی رو سے شوہر و زوجہ ایک شخص تصور کیے جاتے ہیں اور ان کی ہمدردیاں اور مفادات بھی ایک ہی تصور کیے جاتے ہیں اس وجہ سے ایک عام اصول یہ قرار دیا جا سکتا ہے کہ شوہر زوجہ کی مخالفت یا موافقت میں گواہی نہیں دے سکتا اور نہ زوجہ شوہر کے مخالف یا موافق گواہ ہو سکتی ہے، نیز اس وجہ سے بھی کہ اتنے طرفدار اشخاص کی گواہی میں دروغ حلفی کا سخت خطرہ ہوتا ہے لیکن اس اصول میں بہت سے مستثنیات ہیں جن کارروائیوں میں اشخاص ثالث فریق ہوں ان میں شوہر و زوجہ کا بطور گواہ اظہار لیا جا سکتا ہے گو ایک کی گواہی کا رجحان دوسرے کی گواہی کی تصدیق یا تردید ہو نیز جب کہ متناکحین ایک دوسرے کے خلاف فریق مقدمہ ہوں تو شوہر و زوجہ کی فرضی وحدت کا اصول معطل ہو جاتا ہے فوجداری مقدمات میں دوران ازدواج اطلاعات بخلاف زوج استحقاقاً پیش نہیں کی جا سکتیں۔ شوہر و زوجہ کی شہادت منظور نہیں کی جا سکتی الا یہ کہ مسئلہ بچہ کی صحیح النسبی کا ہو یا وقوع نکاح کے متعلق ہی نزاع ہو۔ (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو اصول قانون شہادت مؤلفہ ڈبلوبسٹ صفحات ۱۶۴، ۱۶۵، ۵۰۶، ۵۳۹)۔

Husband and wife, Right to property of حق جائیداد شوہر و زوجہ۔

بموجب سابق قانون انگلستان شوہر و زوجہ کو ایک ذات تصور کیا جاتا تھا اور اس وجہ سے وہ آپس میں ایک دوسرے کے نام جائیداد منتقل نہ کر سکتے تھے لیکن قانون متعلق جائیداد اناث منکوحہ مجریہ ۱۸۸۲ع کے بعد یہ پابندی اٹھ گئی اور ایک شادی شدہ عورت کو جائیداد کی نسبت وہی حقوق حاصل ہو گئے جو ایک غیر شادی شدہ عورت کو حاصل تھے چنانچہ از روئے قانون مذکور بالا زوجہ شوہر سے علیحدہ جائیداد حاصل کر سکتی ہے اور اسے رکھ سکتی ہے۔

شرع اسلام میں مرد اور عورت (شوہر اور زوجہ) کے مابین حق جائیداد کے بارے میں ابتدا ہی سے کوئی تفریق روا نہیں رکھی گئی۔

Husbandman, *n.* کاشت کار۔

Husbandry, Implements of آلات کشاورزی۔

یہ آلات قابل قرقی نہیں ہیں (ملاحظہ ہو دفعہ ۶۰ ضابطہ دیوانی)۔

Hush money, روپیہ جو کسی امر کے اخفاء کی غرض سے دیا جائے۔

Hymen, *n.* وہ جھلی جو باکرہ عورت کے ہوتی ہے۔

Hyptheca (R. Law) کفالت۔

Hypothecate, *v.* مکفول کرنا۔ گروی رکھنا۔

Hypothecation, *n.* استغراق۔ گرو۔

Hypothecation deed, دستاویز استغراق یا کفالت یا گروی نامہ۔

Hypothecator, *n.* مکفول کنندہ۔

Hypothesis, *n.* دعویٰ بے دلیل۔ مفروضہ۔

Hypothetical, *a.* فرضیہ کے طور پر۔

Ibadiya, (M.L.) اباضیہ -
اسلامی فقہ کا ایک قدیم مکتب فکر جواب متروک اور غیر معروف ہے - یہ فرقہ خارجی تھا -

Ibid., (M.L.) حوالہ عین ماقبل -
ایک اصطلاح جو ذیلی حاشیہ میں استعمال ہوتی ہے اور اپنے ما قبل حوالہ کی طرف اشارہ کرتی ہے -

Iddat, *n.* عدت -
یہ اصطلاح اسلامی قانون کی ہے - زوال نکاح کے بعد خواہ نکاح حقیقتاً ہو یا شبہتاً جو دخول یا موت سے متا کد ہوا ہو عورت کا ایک مدت معلومہ تک نکاح ثانی سے باز رہنا عدت کہلاتا ہے -

حسب ذیل صورتوں میں عورت پر عدت واجب ہوگی :

(۱) نکاح جائز میں دخول یا خلوت صحیحہ کے بعد طلاق دی جائے یا تفریق ہو جائے۔

(۲) نکاح فاسد میں بعد دخول یا خلوت صحیحہ طلاق دی جائے یا تفریق ہو جائے۔

(۳) نکاح جائز یا فاسد میں شوہر انتقال کر جائے تو دخول سے قبل طلاق یا تفریق کی صورت میں زوجہ پر عدت واجب نہ ہوگی -

(۴) بالغہ مطلقہ عورت جس کو حیض آتا ہو اس کی عدت تین حیض ہے۔ اگر شوہر نے زوجہ کو حالت حیض میں طلاق دی تو ایسی عورت پر تین حیض کامل عدت واجب ہوگی اور وہ حیض جس میں طلاق دی گئی ہے تین حیض میں شمار نہ ہوگا۔

(۵) وہ مطلقہ عورت جس کو بوجہ کم سنی، مرض، کبر سنی یا کسی اور وجہ سے حیض نہ آیا ہو، اس کی عدت تین ماہ ہوگی جو حیض بند ہونے کے وقت سے شمار کی جائے گی -

(۶) جس عورت کے شوہر کا انتقال ہو جائے اس کی عدت چار ماہ دس دن ہوگی - اگر شوہر نے طلاق رجعی دی اور عدت کے درمیان مر گیا تو عورت پر وفات کی عدت واجب ہوگی یعنی تاریخ وفات سے چار ماہ دس دن -

(۷) اگر زوجہ حاملہ ہے تو اس کی عدت وضع حمل تک ہے اگر طلاق یا تفریق یا شوہر کی وفات کے وقت حمل کے آثار نہ تھے مگر عدت میں حمل ظاہر ہو گیا تو عدت وضع حمل تک ہوگی ۔ عدت تفریق یا طلاق یا وفات کے وقت سے واجب ہوگی - تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو مجموعہ قوانین اسلام مؤلف ہذا جلد دوم باب ۲۰—عدت) -

Idea, *n.* خیال - رائے -

Ideal, *a.* خیالی - سب سے عمدہ جو خیال میں آئے - جو عملی نہ ہو - ذہنی طور پر مکمل -

Identical, *a.* ہوبہو - مشابہ - مماثل - ایک ہی - ویسا ہی -

Identifiable, *a.* قابل شناخت -

Identification, *n.* شناخت - وہ چیز جس سے شناخت ہو سکے -

Identification mark, نشان شناخت -

Identification parade, شناخت پریڈ -
ملزموں کی شناخت کرنے کے کا قاعدہ جس کے تحت ملزم کو دوسرے لوگوں کے ساتھ ملا کر قطار میں کھڑا کیا جاتا ہے - مقصد یہ ہوتا ہے کہ یہ دیکھا جا سکے کہ گواہ ملزم کو شناخت کر سکتا ہے یا نہیں - یہ پریڈ مجسٹریٹ کی نگرانی میں ہونی چاہیے - ''اگر مجسٹریٹ کو نگرانی کے لیے طلب نہ کیا ہو تو شناخت کی کوئی اہمیت نہیں'' (پی ایل ڈی ۱۹۵۸ع سپریم کورٹ ص ۱) -

Identification test, امتحان شناخت - شناخت کے لیے جانچ -
مقدمات کی تفتیش میں جب کہ ملزم کی شناخت کا مسئلہ زیر بحث ہو تو بعض اشخاص کو جیل یا کسی اور مقام پر ملزم کی شناخت کے لیے لایا جاتا ہے اور ان سے شناخت کرائی جاتی ہے - اس کی ایک یادداشت تیار کی جاتی ہے -

ملزم کی شناخت کے علاوہ ان اشیاء کا بھی امتحان شناخت ہوتا ہے جن سے ارتکاب جرم کیا گیا ہو یا

جو موقع واردات پر موجود پائی گئی ہوں ۔

Identify, *v.* شناخت کرنا ۔ پہچاننا (کسی شخص یا چیز کو) ۔

Identifying witness, گواہ شناخت ۔ شناختی گواہ ۔

Identity, *n.* نام نشان ۔ یکسانیت ۔ کوئی واقعہ یا حالت مشابہ ۔

ٹیلر نے اپنی کتاب طبی اصول قانون میں شناخت کے بائیس ذرائع بیان کیے ہیں جن میں تعلیم، بول چال خط، پیشے کے نشانات، زخموں کے نشانات، پیدائش وغیرہ کے نشانات، کپڑے، زیور، جیب کا سامان نشانات ابہام، قد و قامت، دانت ، زخموں کے داغ، بال اور عمر شامل ہیں۔

Identity card, شناخت نامہ ۔

حکومت پاکستان نے حال ہی میں شناخت نامہ جاری کرنے کا قانون جاری کیا ہے جس کے تحت تمام بالغ افراد کا رجسٹریشن کرانا اور شناخت نامہ حاصل کرنا ضروری ہو گیا ہے ۔ شناخت نامہ سے راشن کارڈ اور پاسپورٹ، پرچہ رائے دہی وغیرہ کے حصول میں آسانی مقصود ہے ۔

Identity of tenure, یکسانیت حق ملکیت ۔ مشابہت حق ملکیت ۔

Idiot, *n.* فاتر العقل ۔ سفیہ ۔ کم عقل ۔

سفیہ کے تصرفات اپنی جائیداد میں جائز نہیں ہوتے۔ کیونکہ وہ فتور عقل کے سبب اپنے افعال کے اثرات سمجھنے کا پوری طرح اہل نہیں ہوتا ۔

Idiocy, *n.* فتور عقل ۔ سفاہت ۔ کم عقلی ۔

اصلاحاً اُس فتور عقل یا ضعف عقل کے لیے استعمال ہوتا ہے جو پیدائشی ہو۔

See "Lunatic" also

Idiom, *n.* محاورہ ۔ اصطلاح ۔

Idle, *a.* کاہل ۔ فضول ۔ بے جا ۔

Idol, *n.* بت ۔ مورتی (جس کی پرستش کی جائے) ۔

Idolater, *n.* بت پرست ۔

If he thinks fit, اگر وہ موزوں سمجھے ۔

یہ فقرہ جب کسی حاکم انتظامی کے لیے استعمال ہوتا ہے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ کسی حکم کے نافذ کرتے وقت اُس کی غایت، پالیسی اور انصاف کے اصولوں کو پیش نظر رکھ کر ایسا فیصلہ کرے جس کو وہ موزوں سمجھتا ہو، لیکن جب یہ فقرہ کسی حاکم عدالت کے لیے استعمال ہو تو اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ حاکم آن واقعات و شواہد کے پیش نظر، جو اس کے سامنے آ چکے ہوں، اپنے دل میں ایک عدالتی نتیجہ اخذ کرے جس کو وہ موزوں سمجھتا ہو۔

If he thinks just, اگر وہ منصفانہ سمجھتا ہو ۔

عدالتوں نے مقدموں کے مختلف حالات کے پیش نظر ان الفاظ کے مختلف مفہوم لیے ہیں ۔ پریوی کونسل کے ایک پرانے فیصلہ کی رو سے ان الفاظ سے کسی کو خود مختاری حاصل نہیں ہو جاتی ۔ "اگر وہ منصفانہ سمجھتا ہو" کا مطلب یہ ہے کہ وہ بموجب قانون منصفانہ سمجھتا ہو (۱۹۱۰ع اپیل کیسز ص ۳۷۳ پریوی کونسل) ۔ لیکن ۱۹۵۰ع میں پریوی کونسل نے مقدمہ ناخدا علی بنام جیورتنی (پی۔ایل۔ڈی ۱۹۵۱ع ص ۱۰۲ پریوی کونسل) میں یہ قرار دیا کہ انتظامیہ کے لیے مناسب وجوہ کی بناء پر کوئی حکم دینے کے لیے لازماً یہ ضروری نہیں ہے کہ وہ اپنے اختیار کے استعمال میں عدالتی طور پر عمل کرے، لیکن سپریم کورٹ پاکستان کا فیصلہ بمقدمہ فرید سنز لمیٹڈ بنام حکومت پاکستان (پی۔ایل۔ڈی ۱۹۶۱ع سپریم کورٹ ص ۵۳۷) پریوی کونسل کے سابقہ نقطہ نظر مندرجہ ۱۹۱۰ع اپیل کیسز ص ۳۷۳ سے قریب تر ہے ۔

Ignorance, *n.* عدم واقفیت ۔ ناواقفیت ۔

Ignorance of law is no excuse, قانون سے لاعلمی کوئی عذر نہیں ۔

یہ ایک قیاس قانونی ہے کہ ہر ایک شخص اپنے ملک کے قانون سے واقفیت رکھتا ہے اور اسی مفروضہ کی بنیاد پر قانون سے لاعلمی بے جرمی کے لیے کوئی وجہ جواز قرار نہیں دی گئی ۔ بالفاظ دیگر قانون یہ فرض کرتا ہے کہ تمام اشخاص بشمول اجانب ملک کے قانون سے اس حد تک واقف ہیں کہ اس کے احکام کی خلاف ورزی پر سزا کے مستوجب ہوتے اور اپنے تمام افعال کو آن کے قانونی اثرات و نتائج کی واقفیت کے ساتھ کرتے ہیں ۔

یعنی جو لوگ اپنی عورتوں سے ایلاء کرتے ہیں ان کے لیے چار ماہ کا انتظار ہے ۔ مطلب یہ ہے کہ چار ماہ کے اندر اگر رجوع کر لیا تو اللہ غفور و رحیم ہے۔ اگر طلاق کا ارادہ دیا تو اللہ تعالیٰ کو معلوم ہے چنانچہ اگر چار ماہ کے اندر جماع کر لیا تو اس کے ذمہ قسم کا کفارہ لازم آئے گا اور ایلاء ساقط ہو جائے گا ۔ اگر مرد نے اپنی زوجہ سے ایلاء کیا اور چار ماہ کی مدت بلا رجوع (قولی یا فعلی) گزر گئی تو عورت پر ایک طلاق بائن واقع ہو جائے گی ۔

احناف کے نزدیک ایلاء کی صورت میں طلاق بلا قضائے قاضی ہو جاتی ہے، صرف مدت کا گزر جانا شرط ہے ۔ لیکن امام شافعی کے نزدیک تفریق قاضی کے حکم سے عمل میں آئے گی ۔ حضرت عثمان، حضرت علی، عبداللہ بن مسعود، زید بن ثابت، عبداللہ بن عباس اور عبداللہ بن عمر کے رضوان اللہ علیہم اجمعین اقوال احناف کے مطابق ہیں ۔ اس سلسلے میں احناف کا مسلک راجح ہے ۔ (مجموعہ قوانین اسلام مؤلف ہذا جلد دوم ص ۳۰ و ۳۱) ۔

Ill, بیمار ۔ (اصطلاحاً) برا یا مضر ۔

Illegal, a. خلاف قانون ۔ ناجائز ۔ غیر قانونی ۔

لفظ ناجائز کا اطلاق ہر اس چیز پر ہو سکتا ہے جو ایک جرم ہو یا جس کی قانون نے مخالفت کی ہو یا جس کی وجہ سے کارروائی دیوانی کی وجہ پیدا ہوتی ہو (دفعہ ۴۳ مجموعہ تعزیرات) ۔

لفظ "خلاف قانون" بڑے وسیع معنی رکھتا ہے۔ اس میں ہر وہ چیز داخل ہے جو جرم ہو یا ہر وہ چیز جس کو قانون نے ممنوع قرار دیا ہو ۔ نیز ہر وہ چیز جو دیوانی چارہ جوئی کے لیے بناء دعویٰ پیدا کرتی ہو۔

الفاظ ناجائز اور غیر قانونی کے معنی مجموعہ تعزیرات پاکستان کے تحت ایک ہی ہیں (۹ پٹنہ ص ۲۵) ۔ لیکن اس کے یہ معنی نہیں ہیں کہ ان دو لفظوں میں سے کسی ایک لفظ کی مخصوص تعریف کی جائے اور دوسرے کی نہ کی جائے، ایسی صورت میں لازماً دوسرے لفظ کی تعریف بھی وہی کی جائے گی جو پہلے لفظ کی کی گئی تھی (۳۹ بمبئی ص ۷۱) ۔

Illegal association, غیر قانونی جماعت ۔

قانون نے مخصوص مقاصد کی تکمیل کے لیے جماعتوں

Ignore, v. نظر انداز کرنا ۔

Ijma, n. اجماع ۔

اجماع اصول فقہ اسلام **(Islamic jurisprudence)** کی اصطلاح ہے ۔ اس کو عام طور پر فقہ اسلامی کا تیسرا ماخذ کہا جاتا ہے ۔ اس کے لغوی معنی عز[م] و اتفاق کے ہیں ۔ فقہی اصطلاح میں کسی معامل[ے] میں اہل حل و عقد کے اتفاق کو اجماع کہتے ہیں ۔ اصول فقہ اسلامی کی مشہور کتاب تاریخ میں لکھا ہے "کہ جو احکام صریح وحی سے ثابت ہیں وہ پیش آنے والے واقعات و حوادث کے مقابلہ میں بہت کم ہیں ۔ اگر ان کا حکم وحی صریح سے بذریعہ استنباط نہ معلوم کیا جائے تو یہ مہمل پڑے رہ جائیں گے اور دین کے کمال کا دعویٰ بے کار ہو جائے گا۔اس بناء پر ضروری ہے کہ مجتہدین کو احکام کے استنباط کا اختیار دیا جائے ۔" چنانچہ اسی ضرورت کی تکمیل کے لیے مقرر اصول و ضوابط شرعی کے مطابق کسی مسئلہ کی جو اجتماعی شکل متعین ہوگی اس کی حیثیت "اجماع" کی ہوگی ۔ اجماع کے افراد کا علمی اور عملی اعتبار سے مثالی اوصاف کا حامل ہونا ضروری ہے ۔ چنانچہ اجماع سے فن مخصوص کے متقی اہل علم و بصیرت افراد کا اجماع مراد لیا جائے گا نہ کہ عامۃ الناس کا اجماع ۔

Ila, n. ایلاء ۔

یہ اصطلاح اسلامی قانون کی ہے ۔ ایلاء کے لغوی معنی "اپنی منکوحہ بیوی سے صحبت نہ کرنے کی قسم کھانا" ہیں ۔ چنانچہ اگر کوئی شخص قسم کھائے کہ وہ اپنی زوجہ سے ایک ماہ یا دو ماہ (مگر چار ماہ سے کم) صحبت نہ کرے گا تو لغت کے اعتبار سے ایلاء ہوگا مگر شرعاً ایلاء نہ ہوگا۔

شرعاً ایلاء یہ ہے کہ کوئی شخص قسم کھائے کہ چار ماہ یا اس سے زائد مدت تک اپنی زوجہ سے جماع نہ کرے گا ۔

ایلاء کے لیے شرط ہے کہ وہ قسم کی طرز پر ہو۔ اگر قسم نہ کھائی تو ایلاء نہ ہوگا اور اس پر ایلاء کا کوئی حکم مرتب نہ ہوگا ۔

ایلاء کے سلسلے میں اللہ تعالیٰ قرآن پاک میں ارشاد فرماتا ہے ۔

"للذین یولون من نساءھم تربص اربعۃ اشھر"

کی تشکیل کو قانونی قرار دیا ہے، مثلاً شراکتی کاروبار یا رفاہ عامہ کے سیاسی کاموں کے لیے جماعتوں کی تشکیل - ان جماعتوں کی تشکیل وغیرہ سے متعلق علیحدہ علیحدہ قوانین وضع کیے گئے ہیں - اگر کوئی جماعت ان مسلمہ قاعدوں اور منظورہ قوانین کے خلاف بنائی جائے تو وہ غیر قانونی جماعت ہوگی -

Illegal gratification, رشوت - مابہ الاحتظاظ -

Illegal purpose, غرض ناجائز -

Illegalize, *v.* غیر قانونی قرار دینا -

Illegality, *n.* غیر قانونیت - خلاف قانون ہونا -

''خلاف قانون ہونا'' کے معنی قانون کی نظر میں قریب قریب ''ناجائز'' کے ہیں -

Illegally, *ad.* غیر قانونی طریقہ -

Illegible, *a.* ناخوانا - جو پڑھا نہ جا سکے -

Illegibility, *n.* ناخوانائی -

Illegitimacy, *n.* غیر صحیح النسبی -

Illegitimate, *a.* حرامی - غیر صحیح النسب - ناجائز - غیر صحیح -

Illegitimate child, ولدالزنا - حرامی یا غیر صحیح النسب بچہ -

عام قیاس قانونی یہ ہے کہ ہر پیدا ہونے والا بچہ جس کے والدین کے درمیان قانونی رشتہ ازدواج موجود ہو صحیح النسب ہوگا لیکن بچہ کے غیر صحیح النسب ہونے کا ثبوت اس شخص پر ہوگا جو اس کا ادعا کرتا ہو -

اگر بچہ کے غیر صحیح النسب ہونے کی قابل اطمینان شہادت نہ ہو تو ایسے زمانہ میں بھی جب کہ عورت کسی اور شخص کے ساتھ رہتی ہو اور اس کا اپنے شوہر کے ساتھ کوئی تعلق نہ رہا ہو پیدا ہونے والے بچہ کے متعلق قانونی قیاس یہی ہوگا کہ بچہ اس کے شوہر ہی کا ہے اور غیر صحیح النسب نہیں ہے (۱۹۵۳ء الہ آباد ۵۰۱) -

اسلام بچہ کی صحیح النسبی پر زور دیتا ہے اور اس کے اثبات کے لیے ضعیف دلیل بھی قبول کر لیتا ہے مثلاً اقرار بالنسب، اقرار بالنسب علی الغیر - آنحضرتؐ کی ایک حدیث ہے ''الولد للفراش و للعاهر الحجر'' (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو، مجموعہ قوانین اسلام، مؤلفہ تنزیل الرحمن، جلد سوم باب ۲۱) -

کسی صحیح النسب متوفی رکن خاندان کا بیان کہ کوئی دوسرا رکن غیر صحیح النسب ہے، ناقابل ادخال ہے (اصول قانون شہادت، مؤلفہ ڈبلیو بسٹ ص ۲۲۴ (نوٹ این) بارھواں ایڈیشن) -

Illegitimate child, Maintenance of نفقہ ولدالزنا - غیر صحیح النسب بچہ کا نفقہ -

شرع اسلام میں باپ صرف اپنی صحیح النسب اولاد کے نفقہ کا ذمہ دار ہوتا ہے - چنانچہ اس پر غیر صحیح النسب اولاد کے نفقہ کی ذمہ داری عائد نہیں ہوتی - لیکن ضابطہ فوجداری پاکستان کی دفعہ ۴۸۸ کے تحت باپ غیر صحیح النسب اولاد کا نفقہ دینے پر مجبور کیا جا سکتا ہے - عدم ادائی کی بناء پر اس کو سزائے قید بھی دی جا سکتی ہے - نہ صرف یہ بلکہ از روئے قانون رائج الوقت اولاد غیر صحیح النسب ہے تو باپ ادائی نفقہ کے حکم کی تعمیل کی محض اس بناء پر انکار کرنے کا مجاز نہیں ہے کہ ماں اس کی اولاد کو باپ کے حوالہ کرنے سے انکار کرتی ہے -

Illegitimize, *v.* غیر صحیح النسب قرار دینا -

Illicit, *a.* ناجائز - غیر قانونی جو قانوناً ممنوع ہو -

Illicit connection, ناجائز تعلق (جنسی) -

Illicit cultivation, ناجائز کاشت -

Illicit intercourse, ناجائز مباشرت -

تعزیرات پاکستان کی دفعہ ۳۷۲ کے تحت کسی لڑکی کو جس کی عمر ۱۸ سال سے کم ہو اس نیت سے کرایہ پر دینا یا بیع کرنا کہ اس لڑکی کو عصمت فروشی یا دوسرے اشخاص سے ناجائز مباشرت کے لیے استعمال کیا جائے جرم قرار دیا گیا ہے جس کی سزا دس سال قید ہو سکتی ہے اور جرمانہ بھی کیا جا سکتا ہے - اس دفعہ کی اغراض کے لیے مباشرت ناجائز کی یہ تعریف کی گئی ہے کہ:

''ایسے افراد کے مابین جنسی تعلقات جو رشتہ ازدواج یا کسی اور ایسے اتحاد یا رشتہ میں منسلک نہ ہوں جو بمنزلہ شادی قرار پاتے ہوں اور جنھیں ان کے شخصی قانون یا معاشرہ کے رسم و رواج نے شادی کی حیثیت دی ہو یا اگر دونوں مختلف معاشروں سے تعلق رکھتے ہوں تو ایسے معاشرے اس کو ازدواج کے مماثل تعلقات تصور کرتے ہوں -''

مجرم قرار دینے کے لیے یہ ثابت کرنا ضروری ہے کہ ملزم کی نیت اس کو ناجائز اغراض کے لیے استعمال میں لانے کی تھی، محض اس طرح استعمال ہونے کا امکان کافی نہیں ہے، البتہ یہ ثابت کرنا کافی ہے کہ لڑکی کو اس نیت سے حوالہ کیا گیا اور وہ نیت مبینہ دفعہ مذکور سے قبول کی گئی (۱۳ مدراس ص ۳۷۲) -

کسی عورت کو کسی کی داشتہ بنانے کے لیے حوالے کر دینا بھی دفعہ ۳۷۳ کے تحت جرم قرار پاتا ہے - دفعہ مذکور داشتہ بنانے اور طوائف بنانے میں کوئی امتیاز نہیں کرتا (۳۵ کریمنل لا جرنل ص ۵۷۱) -

Illicit trade, ناجائز تجارت - تجارت اشیاء بلا ادائے محصول -

Illiteracy, *n.* ناخواندگی - جہالت -

Illiterate, *a.* ناخواندہ - بے پڑھا لکھا - جاہل -

از روئے قانون لازم ہے کہ ہر دستاویز پر متعلقہ شخص یا اشخاص کے دستخط ثبت ہوں لیکن اگر کوئی شخص ناخواندہ ہے اور دستخط نہیں کر سکتا تو دستاویز کی تکمیل یا صحت کے لیے اس کا نشان انگوٹھا بمنزلہ دستخط متصور ہوگا -

Illegical, *a.* خلاف منطق - غیر منطقی -

Illness, *n.* بیماری - علالت - مرض -

اگر گواہ بیماری کی وجہ سے غیر حاضر ہو تو اس کے اظہارات حلفی قابل ادخال ہوتے ہیں -

Illness, Death مرض الموت -

See "Death Illness"

Illusion, *n.* وہم - توہم -

Illustration, *n.* تمثیل -

بعض اوقات مقننہ قانون کی کسی دفعہ کی توضیح کی غرض سے دفعہ کے آخر میں بعض تمثیلات کا اضافہ کرتی ہے - ان تمثیلات سے مقننہ کا منشاء اس اصول کی وضاحت کرنا ہوتا ہے جو دفعات متعلقہ میں بیان کیے گئے ہوں -

تمثیلات محض کسی اصول کو بطور مثال پیش کرتی ہیں - عدالتوں کو اس اصول کے اخذ کرنے کی کوشش کرنی چاہیے جو اُن تمثیلات کے تحت ہوں (اے - آئی - آر ۱۹۴۷ء بمبئی ص ۱۲۲) -

اگر تمثیلات اصل دفعہ سے متصادم ہوں تو پھر دفعہ پر ہی عمل ہوگا (۱۹۲۳ء الہ آباد ص ۹۴۸) -

تمثیلات صرف دفعہ کی توضیح کرتی ہیں، دفعہ کے مفہوم کو محدود نہیں کر سکتیں (۱۹۲۹ء پٹنہ ص ۱۶۴) -

تمثیلات قانونی قوت نہیں رکھتیں مگر مقننہ کی منشاء کو سمجھنے کے لیے کارآمد ہیں (۱۹۱۶ء کلکتہ ص ۶۹۳) -

کسی دفعہ یا قانون کو ان تمثیلات کے ساتھ جو اس دفعہ یا قانون میں موجود ہوں ملا کر پڑھنا اور اُس کی تعبیر کرنا چاہیے (۱۹۴۴ء پریوی کونسل ص ۶۷) - کسی تمثیل کو اس لیے کہ وہ دفعہ کا جزء نہیں ہے قطع نظر یا نظر انداز نہیں کیا جا سکتا (۱۹۴۳ء پریوی کونسل ص ۳۴) -

Imaginary, *a.* خیالی - قیاسی - فرضی -

Imagine, *v.* تصور کرنا - خیال کرنا -

Imbecile *a.* ضعیف العقل -

ضعیف العقل وہ شخص ہے جس کی فہم میں، صحت کی خرابی یا کسی دوسری دماغی یا جسمانی وجہ سے فرق آ گیا ہو -

Imbecility, *n.* ضعف عقل -

Imitation, *n.* نقالی - تقلید -

Immaterial, *a.* غیر اہم -

Immature, *a.* نا پختہ - نوخیز -

Immeasureable loss, نقصان ناقابل تعین -

Immediate, *a.* بلا تاخیر - فوری - بلا توسط - راست -

بالعموم اس اصطلاح سے تیزی اور عجلت مراد لی جاتی ہے - جب کسی قانون کا نتیجہ یا حکم یہ ہو کہ کسی واقعہ کے "فوراً بعد" کیا جائے تو اُس کے معنی یہ ہیں کہ اس کے بعد دوسرے لمحہ میں (۱۴ کیو-بی ڈویژن ص ۹۰۸) - جب کسی قانون کا یہ لزوم ہو کہ کوئی چیز فوراً کی جائے تو یہ بات فی الفور (Forthwith) کے مساوی ہے جس کا مطلب ہے "تیزی، عاجلانہ عمل اور بلا تاخیر" — دوسرے الفاظ میں اس کا مطلب ہے کہ یہ کام ہر ممکنہ عجلت سے کیا جائے - (۴ کیو - بی - ڈویژن ص ۴۶۹) -

Immediate notice, فوری اطلاع -

Immediately afterwards, عین مابعد ۔ فوراً بعد ۔
لفظ فوراً بعد وقفہ وقت کے تصور کو خارج کر دیتا ہے (۱۹۶۱ء ایم اینڈ ڈبلیو ۔ ص ۳۸۱) ۔

Immediately before, عین ماقبل ۔

Immediately (place), فوراً (بہ تعلق مقام) ۔
یہ لفظ جب کسی مقام کے تعلق سے استعمال ہوتا ہے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ کسی مقام سے قریب‌تر بلکہ بلا فصل (۱۹۶۲ء ایم اینڈ ڈبلیو ۔ ص ۵۶) ۔

Immemorial, *a.* وہ زمانہ جس کی ابتدا انسانی حافظہ یاد نہ کر سکے ۔ اصطلاحاً نہایت قدیم ۔

Immemorial usage, دستور قدیم ۔ رواج قدیم ۔
وہ دستور یا رواج جو گزشتہ بیس برس سے زیادہ عرصہ سے مسلسل چلا آ رہا ہو تو اس کے متعلق یہ قیاس کیا جائے گا کہ اس سے پیشتر بھی موجود تھا اور اسے قدیم دستور یا رسم و رواج کی حیثیت حاصل ہے ۔ (*See 'Custom' also*)

Immigrant, *n.* دوسرے ملک میں بغرض سکونت آنے والا ۔

Immigrate *v.* دوسرے ملک میں بغرض سکونت آنا ۔

Imminent, *a.* قریب الوقوع ۔ ممکن الوقوع ۔

Immolate, *v.* قربانی کرنا ۔ قربان کرنا ۔

Immolation, *n.* قربانی ۔

Immoral, *a.* مخرب اخلاق ۔ منافی اخلاق ۔ غیر اخلاقی ۔

Immoral contract, غیر اخلاقی معاہدہ ۔
از روئے قانون معاہدہ ایسے معاہدوں کو جو غیر اخلاقی ہوں کالعدم اور ناقابل نفاذ قرار دیا گیا ہے (ملاحظہ ہو دفعہ ۲۳ قانون معاہدہ) ۔
ایک مقدمہ میں ملزم نے مستغیث سے یہ معاہدہ کیا کہ اپنی لڑکی کو مستغیث کے پاس ستر روپے کے عوض ایک سال کے لیے رہن رکھےگا اور اس نے نصف رقم بدل یعنی ۳۵ روپے وصول بھی کر لیے لیکن اس کے بعد لڑکی کو رہن رکھنے یا مستغیث کو روپیہ واپس کرنے سے انکار کر دیا ۔ مستغیث نے مجسٹریٹ کی عدالت میں استغاثہ پیش کر دیا اور مجسٹریٹ نے ملزم کو تحت دفعہ ۴۲۰ سزا دے دی ۔ پر بنائے اپیل ہائی کورٹ نے قرار دیا کہ غیر اخلاقی معاہدہ کے کسی فریق کو فوجداری استغاثہ کی اجازت نہیں دینی چاہیے بلکہ فریقین کو بصیغہ دیوانی بھی ایسے غیر اخلاقی معاہدہ کی بناء پر عدالتی چارہ جوئی سے باز رکھا گیا ہے ۔ اس لیے ملزم کی سزا منسوخ کر دی گئی (۱۴ بمبئی لا رپورٹر ص ۵۰۳) ۔

Immoral debt, قرضہ غیر اخلاقی ۔

Immoral purpose, مقصد یا غرض غیر اخلاقی ۔

Immorality, *n.* بد اخلاقی ۔ بدکاری ۔

Immortal, *a.* لافانی ۔ دائمی ۔

Immovable, *a.* غیر منقولہ ۔

Immovable property, جائیداد غیر منقولہ ۔
قانون انتقال جائیداد مجریہ ۱۸۸۲ء کے تحت جائیداد غیر منقولہ میں تمام عمارتیں اور آراضیات اور وہ تمام اشیاء داخل ہیں جو زمین سے ملحق یا دائماً پیوستہ ہوں ۔ اس میں زر واصلات (Mesne Profits) بھی داخل ہیں جو زمین یا عمارت سے حاصل ہوتے ہیں ۔ مچھلی پکڑنے کا حق بموجب قانون رجسٹری غیر منقولہ ہے ۔
درخت جو زمین سے اگتے ہیں بموجب دفعہ ۲۸ قانون میعاد سماعت، جائیداد غیرمنقولہ ہیں لیکن جیسے ہی کاٹ لیے جائیں جائیداد منقولہ ہو جائیں گے ۔
جائیداد غیر منقولہ سے متعلق تمام دعوے اس عدالت میں پیش ہوں گے جس کے اختیار سماعت ارضی میں جائیداد واقع ہے ۔

Immovable Property Tax Act, قانون محصول جائیداد غیر منقولہ ۔
مغربی پاکستان میں اس قانون کو شہری جائیداد غیر منقولہ ٹیکس ایکٹ کہا جاتا ہے یہ ایکٹ ۱۹۵۸ء میں منظور ہوا تھا ۔ مارچ ۱۹۶۲ء سے اس کا اطلاق بذریعہ ترمیمی ایکٹ ۱۳ کراچی پر بھی کر دیا گیا ہے ۔ اس ایکٹ کے ذریعہ سندھ ایکٹ نمبر ۹ بابت ۱۹۴۸ء منسوخ کر دیا گیا ۔

Immunity, *n.* تحفظ ۔ استثناء ۔ آزادی ۔

Immutable law, قانون ناقابل تقلیب ۔ قانون ناقابل تبدیلی ۔ قانون قدرت (مجازاً) ۔

Impact, *n.* تصادم ۔

Impair, *v.* تلف کرنا ۔ نقصان پہنچانا ۔ کمزور کرنا ۔ ضرر پہنچانا ۔

Impanel, *v.* شامل فہرست ہونا یا کیا جانا ۔

Impart, *v.* دینا ۔ حصہ دینا ۔ مطلع کرنا ۔

Impartial, *a.* غیر جانب دار ۔ غیر طرفدار ۔

Impartiality, *n.* غیر جانب داری ۔

Impartible, *a.* ناقابل علیحدگی ۔ ناقابل تقسیم (جائیداد) ۔

Impassion, *v.* مشتعل کرنا ۔ جوش دلانا ۔

Impassive, *a.* بے حس ۔

Impeach, *v.* اعتراض کرنا ۔ الزام لگانا ۔

Impeachable, *a.* قابل اعتراض ۔ مشتبہ ۔

Impeaching credit of a witness, گواہ کے اعتبار کی نسبت اعتراض کرنا ۔

Impeachment, Public علانیہ الزام ۔

Impediment, *n.* رکاوٹ ۔ زحمت ۔

Impediment, Legal امر مانع قانونی ۔ مانع قانونی ۔

قانون میں کچھ ایسے امور ہیں جن کے دور کیے بغیر قانونی حق و جواز پیدا نہیں ہو سکتا جن کی بناء پر قانونی حق پیدا نہیں ہوتا جیسے نابالغی' فاترالعقلی ۔

Imperative, *a.* لازمی ۔ حکمی ۔ تاکیدی ۔

Imperative need, ضرورت شدید ۔ ناگزیر ضرورت ۔

Imperfect, *a.* نا مکمل ۔ ناقص ۔

Imperfect partition, نا مکمل بٹوارہ ۔

Imperfect title, نا مکمل حقیت ۔

Imperfection, *n.* نا مکمل حالت یا حیثیت ۔ نقص ۔

Imperial, *a & n.* شاہی مرتبت ۔ شاہنشاہی ۔

Imperil, *v.* خطرہ میں ڈالنا ۔

Impersonate, *v.* تلبیس شخصی کرنا ۔ کوئی دوسرا شخص بننا ۔ دوسرے کا بہروپ بھرنا ۔

تلبیس شخصی سے مراد خود کو ایک خاص شخص ظاہر کرنا ہے جو وہ نہ ہو (۳۳ لاجرنل مدراس ص ۸۱) ۔

تعزیرات پاکستان کی دفعہ ۴۱۶ کے تحت تلبیس شخصی کی یہ تعریف کی گئی ہے کہ "اگر کوئی شخص یہ ادعا کرے کہ وہ کوئی جان بوجھ کر ایک شخص کو کوئی دوسرا شخص بنانے سے یا اپنے آپ کو یا کسی دوسرے شخص کو ایسا ظاہر کرنے سے جو وہ خود یا دوسرا شخص فی الواقع نہ ہو دغا کرے تو کہا جائے گا کہ شخص مذکور نے دغا کی ۔

Impertinence, *n.* گستاخی ۔

Impertinent, *a.* بے حیا ۔ گستاخ ۔ بے موقع ۔ بے محل ۔

Impious, *a.* غیر متقی ۔ بد عقیدہ ۔ گناہگار ۔ خدا سے غافل ۔

Implant, *v.* نصب کرنا ۔ لگانا ۔

Implead, *v.* شامل کرنا ۔ فریق بنانا (مقصد یا کارروائی میں) ۔

Implement(s), *n.* آلات ۔

Implements of husbandry, آلات کشاورزی ۔

Implicate *v.* پھنسانا ۔ الجھانا ۔ ماخوذ کرنا ۔ مفہوم پیدا کرنا ۔

Implication, *n.* الجھن ۔ اشارہ ۔ الجھاؤ ۔ پیچ ۔ لپیٹ ۔ داؤ ۔

Implication, By کنایتاً ۔

Implicit, *a.* غیر مشتبہ ۔ قطعی ۔ واضح ۔

Implicit contract, غیر مشتبہ معاہدہ ۔

Implicit faith, اعتبار کامل ۔ پکا عقیدہ ۔

Implied, *a.* معنوی ۔

ایک ضروری اور قابل قیاس مفہوم جو الفاظ یا اعمال کے ذریعہ براہ راست ظاہر نہ کیا گیا ہو معنوی مفہوم کہلائے گا ۔ چنانچہ کسی ارادہ یا عمل' جیسے عہد' درخواست یا پیشکش کو اس وقت معنوی کہا جائے گا جب کہ وہ صریحاً تو موجود نہ ہو مگر اس کے وجود کا قیاس ہوتا ہو یعنی اس کا قانونی اثر یہ ہو کہ وہ موجود ہے ۔ مثلاً ایک شخص اپنے سامان کے ساتھ کسی سرائے میں مقیم ہو تو قانون معنوی طور پر سرائے دار کا یہ عہد فرض کر لے گا کہ وہ شخص اس ساز و سامان کے ساتھ محفوظ رہے گا حالانکہ صراحتاً سرائے دار نے ایسا وعدہ نہ کیا ہو ۔

Implied authority, اختیار معنوی ۔

وہ معنوی اختیار جو اگرچہ آقا کی جانب سے کسی کارندہ کو صراحتاً نہ دیا گیا ہو مگر حالات کے تحت

اس اختیار کا ہونا قیاس کیا جا سکے۔ چنانچہ اگر بعض حالات میں اس اختیار کا استعمال، جو از روئے قانون یا معاہدہ کسی فریق کو دیا گیا ہو، ناممکن ہو جائے یا وہ صریحی اختیار بےمعنی ہو کر رہ جائے تو ایسے اختیار معنوی کا ہونا ضروری تصور کیا جائے گا جس کے بغیر اصل اور صریحی اختیار کا استعمال نہ کیا جا سکے۔

Implied condition, شرط معنوی ۔

ایسی شرط جو صریحاً مذکور نہ ہو مگر از روئے قانون یا فریقین کی مشترکہ نیت و ارادہ کے تحت قیاس کی جا سکے، شرط معنوی کہلاتی ہے۔

عدالت کو کوئی معنوی شرط اس وقت تک قبول نہیں کرنی چاہیے جب تک کہ معاہدہ کی تحریر سے اور ان حالات کے تحت جن میں دستاویز کی تکمیل ہوئی ہو ایسی شرط ظاہر نہ ہوتی ہو۔

Implied contract, معاہدہ معنوی ۔

معاہدہ جو افعال، حالات یا فریقین کے تعلقات کی بناء پر قانوناً مستخرج یا مستنبط کیا جا سکے مثلاً ایک خریدار بلا تعین قیمت دوکاندار سے کوئی شے خرید لائے تو وہ یہ معنوی معاہدہ کرتا ہے کہ اس کی مناسب قیمت ادا کرے گا۔

Implied power, اختیار معنوی ۔

اگر مقننہ کچھ کرنے کی اجازت دیتی ہے تو گویا اس کے ساتھ معنوی طور پر اس کا بھی اختیار دیتی ہے کہ پیش نظر مقصد کے حصول کے لیے ہر وہ کام کیا جائے جو ناگزیر ہو (۱۹۵۳ء مدراس ص ۳۸۰، ۱۹۵۷ء پی - ایل - ڈی کراچی ص ۹۱۸)۔

Implied promise, عہد معنوی ۔

Implied repeal, تنسیخ معنوی ۔

کسی قانون نافذہ کی منسوخی کے دو طریقے ہیں: ایک یہ کہ بعد کے قانون میں صراحتاً پہلا قانون منسوخ کر دیا گیا ہو اور دوسری صورت یہ ہے کہ دونوں قانون ایک دوسرے سے اس حد تک غیر مطابق ہوں کہ وہ دونوں ایک ساتھ نافذ نہ رہ سکتے ہوں اور نہ ایک وقت میں موثر ہو سکتے ہوں تو ایسی صورت میں پہلے نافذ قانون کو منسوخ سمجھا جائے گا اور یہ معنوی منسوخی یا تنسیخ کہلائے گی۔

Implied trust, امانت معنوی - اعتماد معنوی ۔

امانت معنوی وہ ہے جو کسی منصفانہ تعبیر سے فریقین کے حالات، طرز عمل اور واقعات کی بناء پر مستخرج کی جائے۔ اس کو دو اقسام میں تقسیم کیا جا سکتا ہے:

(۱) ایک وہ جو فریقین کی قیاس کردہ منشاء پر منحصر ہو جیسے ایک شخص کچھ مال کسی دوسرے کو پہنچانے کے لیے ایک تیسرے شخص کے حوالہ کرے تو کہا جائے گا کہ یہ تیسرا شخص اعتماد معنوی کی بناء پر یہ مال حاصل کرتا ہے۔

(۲) دوسری صورت وہ ہے جو فریقین کی منشاء پر منحصر نہ ہو بلکہ فریب وغیرہ کی صورتوں میں تاثیر قانونی کی بنیاد پر قائم ہو۔

Impliedly, *ad.* معنوی طور پر ۔

Imply, *v.* دلالت کرنا - نتیجہ نکالنا - مفہوم ہونا - مراد ہونا - اشارہ کرنا - پہلو نکلنا ۔

Import, *n.* & *v.* درآمد - غیر ملک سے تجارتی مال ملک کے اندر لانا - داخل کرنا (مفہوم) ۔

Import Duties Advisory Committee

مشاورتی مجلس محصول درآمد ۔

Importance, *n.* اہمیت ۔

Import and Export, درآمد و برآمد ۔

(تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو پی - ایل - ڈی ۱۹۶۳ء سپریم کورٹ ص ۱۳۷)۔

Import & Export Control Act

قانون انضباط درآمد و برآمد ۔

اس قانون کے تحت درآمدی اور برآمدی لائسنس حاصل کرنا ضروری ہے، جس کی فیس مقرر شدہ ہے۔

Importation, *n.* درآمد

(ملاحظہ ہو پی - ایل ڈی ۱۹۵۶ء ڈھاکہ ص ۱۱۹)۔

Impose, *v.* عائد کرنا (ٹیکس، سزا یا جرمانہ) ۔

کسی کے اقتدار کا دوسرے پر زور لگانا - کام کا بوجھ ڈالنا ۔

Imposition, *n.* محصول - بوجھ - تاوان ۔

Imposition of penalty, تاوان یا جرمانہ عائد کرنا ۔

Impossible, *a.* ناممکن - جس کے ہونے کا امکان نہ ہو ۔

لفظ ناممکن میں وہ سب کچھ شامل ہے جو ناقابل عمل ہو گیا ہو۔

اگر کسی دستاویز پر مقررہ شرح کے مطابق اسٹامپ نہ لگائے ہوں اور وہ عدالت میں بطور شہادت پیش کی جائے تو عدالت ایسی دستاویز اپنے قبضہ میں لے لےگی اور جس فریق نے ایسی دستاویز پیش کی ہے اس سے رقم اسٹامپ معہ تاوان وصول کرنے کی مجاز ہوگی یا جو فریق از روئے قانون اسٹامپ ادا کرنے کا پابند ہے اس کو بھی اسٹامپ کی قیمت و تاوان کی ادائی پر مجبور کر سکتی ہے ۔ تاوان کی رقم غیر ادا شدہ اسٹامپ کی قیمت کا دس گنا تک ہو سکتی ہے ۔

یہ اصطلاح فوج داری قانون کے تحت جانوروں کی ضبطی کے تعلق سے بھی استعمال ہوتی ہے۔ (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو قانون مداخلت بےجامویشیان ۱۸۷۱ء)۔

Impracticable, *a.* ناممکن العمل ۔ ناقابل عمل ۔

تجارتی معاملات میں کسی امر یا شے کا ناممکن العمل یا ناقابل عمل ہونا اس وقت کہا جائے گا جب کہ اس شے کے حصول میں اس شے کی قیمت سے زائد صرف کرنا پڑے ۔

Imprescriptible rights, حقوق لازوال ۔

حقوق جو انقضائے زمانہ کے سبب زائل نہ ہوں ۔

Impress, *a.* منقش کرنا ۔ متاثر کرنا ۔

Impressed stamp, اسٹامپ جس پر ٹھپہ لگایا گیا ہو ۔ کاغذ ممہور ۔

Impression, *n.* نقش۔نشان ۔ تاثر۔ٹھپہ۔مہر زدگی ۔

Impression, Thumb نشان انگوٹھا ۔ نشان ابہام ۔

Impressive, *a.* مؤثر ۔ دلنشیں ۔ پر تاثیر ۔

Imprest, *n.* پیشگی رقم ۔

Imprison, *v.* محبوس کرنا ۔ مقید کرنا ۔

Imprisonment, *n.* قید ۔ اسیری ۔

سزائے قید کی دو اقسام ہیں ۔ ایک قید بامشقت (Rigorous imprisonment) اور دوسری قید سادہ (Simple imprisonment) ۔ قید بامشقت میں قیدیوں سے سخت محنت اور مشقت کے کام لیے جاتے ہیں جیسے آٹا پیسنا، مٹی کھودنا، پانی کھینچنا، لکڑیاں چیرنا وغیرہ وغیرہ ۔ قید سادہ کی صورت میں قیدی سے کام نہیں لیا جاتا، صرف جیل میں رکھا جاتا ہے ۔

جب تعزیرات پاکستان میں کسی جرم کے تحت ''سزا دی جائے گی اور جرمانہ بھی ہو سکے گا'' کے

لفظ ''ناممکن'' کی کوئی واضح اور قطعی تعریف نہیں کی جا سکتی کیونکہ تعریف یا تو اس قدر وسیع ہو جائے گی کہ عملاً غیر اہم یا بےکار ہوگی یا اس قدر محدود یا تنگ ہوگی کہ انسانی زندگی کے ہر لمحہ تغیر پذیر حالات کا احاطہ نہ کر سکےگی ۔ تاہم زندگی کے روز مرہ معاملات میں ایک چیز اس وقت ناممکن ہے جب کہ انسانی واقعات کے دوران معمولی میں اس کی کوئی امید نہ رہے کہ وہ واقعہ وقوع میں آ سکے گا ۔ (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو قانون معاہدہ مؤلفہ مورتی، چوتھا ایڈیشن) ۔

Impossible contract, معاہدہ نا ممکن ۔

وہ معاہدہ جس کی تکمیل فی نفسہ یا از روئے قانون نافذ الوقت ناممکن ہو جائے ''معاہدہ ناممکن'' کہلاتا ہے ۔ ایسے معاہدات کی تعمیل مختص (Specific performance) کا حکم نہیں دیا جا سکتا ۔

Impossibility, *n.* نا ممکن ہونا ۔

Impost, *v.* دغا بازی کرنا ۔

Impostor, *a.* دغا باز ۔ فریبی ۔ مکار ۔ ٹھگ ۔

دھوکہ دینےکی غرض سے جو شخص کسی دوسرے شخص کی حیثیت اختیار کرے ۔

Impotency, *n.* نامردی ۔

مرد یا عورت کی وہ جسمانی عدم قابلیت جس کی بناء پر وہ مباشرت کے قابل نہ ہوں ۔

از روئے قانون وہ شخص (مرد، عورت) نامرد ہے جو باہمی اتصال (Copulation) کے ناقابل ہو، اس سے قطع نظر کہ مرد یا عورت بچہ پیدا کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے یا نہیں ۔

بالفاظ دیگر قانون میں نامردی کا انحصار اس پر ہے کہ مرد یا عورت مباشرت کے وقت باہمی اتصال کے قابل نہیں ہیں ۔

نامردی کے سبب فوری طور پر تنسیخ نکاح کی ڈگری کا عمل درآمد نہیں ہو سکتا ۔ عدالت ایک مقررہ مدت کے بعد اس کے نفاذ کا حکم دے گی ۔ (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو مجموعہ قوانین اسلام جلد ۲ ''طلاق بسبب نامردی'') ۔

Impotent, *a.* نامرد ۔

Impound, *v.* قانونی قبضہ میں لینا ۔ ضبط کرنا ۔

الفاظ ہوں تو جرم ثابت ہو جانے کی صورت میں سزا لازمی طور پر دی جائے گی خواہ وہ کتنی ہی کم مدت کے لیے ہو (۸ بمبئی لا رپورٹر ص ۳۱۳)۔

اگر کسی ملزم کو حبس دوام کی سزا دی گئی ہو تو حکومت مقامی کو زیر دفعہ ۵۵ تعزیرات پاکستان یہ اختیار حاصل ہے کہ وہ ملزم کی مرضی کے بغیر اس سزا کو ۱۴ سال تک کی سزائے قید میں تبدیل کر دے۔

سزا کا آغاز تاریخ سزا یابی سے شمار کیا جائے گا۔ اگر مجسٹریٹ یہ حکم دے کہ سزایابی (Conviction) سے قبل کا زمانہ حراست بھی میعاد سزا میں محسوب کیا جائے تو یہ حکم خلاف قانون اور ناجائز ہے (اے - آئی - آر ۱۹۵۴ء راجستان ص ۲۳۸)۔

Imprisonment, False — غیر قانونی قید۔

Imprisonment, Rigorous — قید بامشقت۔

Imprisonment, Simple — قید سادہ۔ قید بلامشقت۔ قید محض۔

Improbability, *n.* — عدم احتمال۔

Improper, *a.* — نا مناسب۔ ناواجب۔ بے جا۔

ناواجب سے مراد ہے تکلیف دہ اور غیر ضروری۔

ناواجب یا نامناسب کے لیے ضروری نہیں ہے کہ وہ فعل غیر قانونی بھی ہو۔ ہو سکتا ہے کہ ایک فعل بظاہر قانونی نظر آئے لیکن حقیقت میں قانون کا لبادہ اوڑھ کر ایسا فعل انجام دیا گیا ہو جو منشائے قانون کے خلاف ہو تو کہا جائے گا کہ وہ فعل نامناسب ہے اور عدالت اس میں مداخلت کر سکتی ہے۔

Improper use, — ناواجبی استعمال۔

Impropriety, *n.* — نامعقولیت۔ ناموزونیت۔

Improve, *v.* — ترقی دینا۔ حالت بہتر بنانا۔

Improvement, *n.* — ترقی۔ اصلاح۔ اضافہ (اصطلاحاً)۔

غیر منقولہ جائیداد کے بیع، رہن یا پٹہ کے ضمن میں خریدار، مرتہن یا کرایہ دار (پٹہ دار) کو جائیداد کی ترقی، اور اصلاح و اضافہ کے جو حقوق حاصل ہیں اور جو ذمہ داریاں آن پر عائد ہوتی ہیں آن کا تفصیلی ذکر قانون انتقال جائیداد ۱۸۸۲ء میں کیا گیا ہے۔ مثلاً خریدار جائیداد، جس نے ایک ایسے شخص سے جائیداد خریدی ہو جس کو جائیداد میں صرف حین حیاتی حق (Life interest) حاصل ہو مگر خریدار باور کرتا ہو کہ جائیداد پر کامل حقوق حاصل ہیں تو فسخ بیع کی صورت میں خریدار نے جائیداد کی ترقی میں جو اخراجات کیے ہوں، ان کی بازیابی کا مستحق ہوگا (۱۷ مدراس ص ۶۲۲)۔

ایسا خریدار جس نے نابالغ کے غیر قانونی ولی سے جائیداد خریدی ہو اور یہ باور کرتے ہوئے کہ ولی جائز سے جائیداد خریدی ہے، اس کی ترقی و اصلاح میں روپیہ و محنت صرف کی ہو تو فسخ بیع کی صورت میں اس کا معاوضہ پانے کا مستحق ہے (۳۰ مدراس ص ۱۹۷)۔ ترقیات و اصلاح کے معاوضہ کے تصفیہ میں جائیداد کی حقیقی مالیت میں اضافہ کا خیال رکھا جائے گا نہ کہ اس رقم کا جو اس کی ترقی و اصلاح پر خرچ ہوئی ہو (۱۹۲۸ء بمبئی ص ۲۳۶)۔

Improvement of land, — ترقی حیثیت آراضی۔

اس سے ہر ایسا کام مراد ہے جس سے آراضی کی مالیت میں قابل لحاظ اضافہ ہو۔

Improvement of patent, — اصلاح ایجاد۔

Improvidence, *n.* — ناعاقبت اندیشی۔ لا ابالی پن۔ فضول خرچی (اصطلاحاً)۔

Improvident, *a.* — ناعاقبت اندیش۔ لا ابالی۔

Impudent, *n.* — گستاخ و بد تمیز۔ بے حیا۔

Impugn, *v.* — اعتراض کرنا۔ تردید کرنا۔ گرفت کرنا۔

Impugnable, *a.* — قابل تردید۔ قابل گرفت۔

Impugned, *a.* — زیر اعتراض۔

Impulse, *n.* — تحریک۔ ہیجان۔ اضطرار۔

Impulsively, *ad.* — اضطراری طور پر۔

Imputation, *n.* — اتہام۔ طعن۔

"یہ ایک جھوٹ ہے" یا "یہ جھوٹا ہے" کہہ دینا مستغیث پر اتہام لگانا نہیں ہے۔ (۱۹۰۳ء کنگس بینچ ص ۱۸۳)، مگر یہ کہنا اتہام لگانا ہے کہ استغاثہ محض انتقام لینے کے لیے پیش کیا گیا ہے (۱۵ کریمنل لا اپیلز ص ۶۵) اگر یہ جھوٹ ہو۔

یہ کہنا بھی اتہام ہے کہ گواہ نے جھوٹی شہادت بنائی ہے اور اس کی تیاری کے لیے مسلسل مہلتیں لی ہیں (۱۷ کریمنل اپیل ص ۱۱۷)۔

Impute, *v.* — تہمت لگانا۔ منسوب کرنا۔ (الزام کا)۔

In, *prep.* — میں۔

اس لفظ سے ظرفیت، دخل و قبضہ ظاہر ہوتا ہے ۔

In abeyance, التواء میں ۔ زیر التواء ۔

Inability, *n.* ناقابلیت ۔

Inaccessible, *a.* ناقابل رسائی ۔

In accordance with, بہ مطابقت ۔

Inaccuracy, *n.* سقم ۔ نادرستی ۔

Inaccurate, *a.* غیر صحیح نادرست ۔ سقم ۔

In addition to, مزید برآں ۔

Inadequacy, کمی ۔ ناواجبیت ۔

Inadequacy of consideration, ناواجبیت بدل ۔

اگر کسی جائیداد یا شے مبیعہ کے سلسلہ میں بائع فریب یا غلط بیانی کے عذرات کو بطور جواب دہی پیش کرے تو ناواجبیت بدل بھی ایک معقول عذر سمجھا جا سکتا ہے جب کہ ناواجبیت بدل بجائے خود ایک فریب کے برابر ہو ۔

ناواجبیت بدل کی بناء پر کسی معاہدہ کو ناجائز قرار دینے کے لیے ضروری ہے کہ بدل اس قدر ناواجب ہو کہ معاہدہ کو ناجائز قرار دینے کے لیے کافی ہو کیونکہ بدل کا اس قدر ناکافی یا ناواجب ہونا بعض حالات میں اس نتیجہ کی طرف رہ نمائی کرتا ہے کہ بائع اس امر سے لاعلم تھا کہ وہ کیا شے فروخت کر رہا ہے یا یہ کہ وہ معاہدہ اس کے سر زبردستی یا دھوکہ و فریب سے تھوپا گیا ہے ۔

Inadequate, *a.* ناکافی ۔ ناواجب ۔

Inadequate maintenance, ناکافی نان و نفقہ ۔ دیکھیے *"Maintenance"*

Inadmissibility, *n.* ناقابل ادخال شہادت ہونا ۔

Inadmissible, *a.* ناقابل ادخال (شہادت) ۔ ناقابل قبول ۔

Inadvertence, *n.* بےتوجہی۔بےاحتیاطی۔لاپرواہی ۔

Inadvertent, غیر ارادی ۔ بلا مقصد ۔ بے توجہ ۔

Inalienable, *a.* ناقابل انتقال ۔

Inalterable, *a.* غیر تغیر پذیر ۔ ناقابل تغیر ۔ ناقابل تبدیل ۔

Inanimate, *a.* بے جان ۔ بے روح ۔

Inappellable, *a.* ناقابل اپیل ۔ ناقابل مرافعہ ۔

عام قانونی قاعدہ یہ ہے کہ جن احکام کے خلاف اپیل دائر کرنے کا حق نہ دیا گیا ہو، ان کے خلاف درخواست نگرانی پیش کی جا سکتی ہے (ملاحظہ ہو دفعہ ۱۱۵ ضابطہ دیوانی) ۔

بعض احکام کے خلاف اپیل دائر کرنے کا اختیار دیا گیا ہے، اور اپیل کے بعد درخواست نگرانی پیش کی جا سکتی ہے مثلاً ایکسائز اینڈ سالٹ ایکٹ ۱۹۴۴ء کے تحت ۔

بعض احکام جن کے خلاف اپیل کرنے کا اختیار دیا گیا ہے اگر اندرون میعاد اپیل دائر نہ کی گئی اور درخواست نگرانی کا وقت ابھی باقی ہے تو درخواست نگرانی پیش کی جا سکتی ہے مثلاً شہری جائیداد محصول ایکٹ ۱۹۵۸ء کے تحت ۔

Inapplicable, *a.* ناقابل اطلاق۔غیرمطابق۔بےمحل ۔

Inappreciable, *a.* ناقابل لحاظ ۔ خفیف ۔

Inappropriate, *a.* غیرمناسب۔غیرموزوں۔بےجوڑ ۔

Inappropriateness, *n.* عدم مناسبت ۔ بے محل‌پن ۔

Inarticulate, *a.* غیرمربوط۔ غیر واضح ۔ بے ربط ۔

Inattention, *n.* بے اعتنائی ۔ لا پرواہی ۔

لفظ بے اعتنائی بد انتظامی سے بالکل مختلف ہے ۔ بے اعتنائی بے عملی کی اور بد انتظامی عمل کی مظہر ہے ۔ ایک ترک کو ظاہر کرتی ہے اور دوسری عمل کو، جو اگرچہ برا ہے ۔

Inborn, *n.* فطری ۔ جبلی ۔ پیدائشی ۔

Incalculable, *a.* ناقابل شمار ۔ بے حساب ۔

Incapable of execution, ناقابل تعمیل ۔ ناقابل اجراء (ڈگری) ۔

In camera, بند کمرہ میں ۔ دیکھیے *"Camera"*

In appearance, ظاہراً ۔

Incapability, *n.* معذوری ۔ نا اہلیت ۔ ناقابلیت (قانونی) ۔

Incapable, *a.* نا اہل ۔ معذور ۔

Incapacitate, *v.* ناقابل کر دینا ۔ معذور کر دینا ۔

Incautious, *a.* غیرمحتاط۔بےاحتیاط۔ناعاقبت‌اندیش ۔

Incautiously, *ad.* بے احتیاطی سے ۔

Incense, *v.* بھڑکانا ۔ غصہ دلانا ۔ طیش دلانا ۔ برافروختہ کرنا ۔

Incentive, محرک ـ وجہ تحریک ـ باعث اشتعال ـ

Incest, *n.* محرمات کے ساتھ ازدواج یا مباشرت ـ

Incestuous connection, تعلق ناجائز ـ محارم شرعی کے ساتھ تعلق ناجائز ـ

ایسے اشخاص کے مابین ناجائز تعلق جن میں ازدواج قانوناً ممنوع ہو ـ

Inchoate, *a.* نامکمل ـ ناقص ـ

Inchoate instrument, نامکمل دستاویز ـ

Inchoate right, نامکمل حق ـ حق جو قائم نہ ہوا ہو ـ

Inchoate stamped instrument, نامکمل اسٹامپ شدہ دستاویز ـ

اسٹامپ شدہ نا مکمل دستاویز سے یہ مراد ہے کہ جب کوئی شخص کسی سادے اسٹامپ شدہ کاغذ کو اپنے دستخط کر کے کسی دوسرے شخص کے حوالہ کر دے تو گویا وہ بادی النظر میں اس شخص کو اس دستاویز کی تکمیل کے علاوہ بیع و شریٰ کا اختیار دے دیتا ہے اور خود اس رقم کی حد تک جو اس میں تحریر ہو یا بعد کفالت اسٹامپ اس حیثیت میں پابند کر لیتا ہے جس حیثیت میں اس نے اس دستاویز پر دستخط کیے ہیں ـ

اس سلسلہ میں دستاویز کا باضابطہ اسٹامپ شدہ ہونا اور اس کی حوالگی ضروری ہے ـ دستاویز کی تحریر یا تکمیل کا اختیار ہر اس شخص کو رہتا ہے جو اس کا قابض بہ طریق معمول ہو ـ تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو دفعہ ۲۰ قانون دستاویزات قابل بیع و شریٰ مؤلف ہذا ص ۳۸، ۳۹ اور مؤلفہ کوپر گم والا دسواں ایڈیشن ص ۴۷ تا ۵۰) ـ

Incident, *n.* واقعہ ـ

Incidents of trials, سماعت مقدمہ کے اجزاء ـ

Incidental, *a.* ضمنی ـ اتفاقی ـ

Incidental charges, اتفاقی اخراجات ـ

Incidental issue, ضمنی امر تنقیح طلب ـ

In circulation, گشت میں ـ دوران گشت ـ گردش میں ـ

ایک بنک نوٹ ''گردش میں'' کے عام معنی ہیں ایک نوٹ جو معین رقم کی دستاویز قابل بیع و شریٰ کی حیثیت سے گزرتا ہے ـ جب یہ نوٹ جاری کنندہ بنک میں واپس آ جاتا ہے تو اس کا دوران گشت ختم ہو جاتا ہے ـ (۱۸۸۱ع اپیل کیسیز ص ۱۵۴ پریوی کونسل) ـ

Incite, *n.* ترغیب دینا ـ مشتعل کرنا ـ

Incitement, *n.* اشتعال ـ ترغیب ـ تحریک ـ

Include, *v.* شامل ہونا ـ داخل ہونا ـ احاطہ کرنا ـ

یہ اصطلاح عام طور سے تعریفات پر مشتمل دفعات میں استعمال ہوتی ہے ـ اس کی غرض یہ ہوتی ہے کہ ان الفاظ اور فقروں کو معنی و مفہوم کے لحاظ سے وسعت دی جائے جو قانون کے متن میں واقع ہوئے ہیں ـ اس لیے جب یہ الفاظ اس طرح استعمال ہوں تو ان الفاظ اور جملوں کی تعبیر ایسی ہونی چاہیے کہ اس میں نہ صرف وہ چیزیں شامل ہوں جن کی الفاظ اور فقروں کے اصلی معنی سے نشان دہی ہوتی ہو بلکہ وہ چیزیں بھی شامل ہوں جن کے متعلق تعریفی دفعہ یہ کہتی ہو کہ وہ ضرور شامل کی جائیں (۱۹۲۳ع کنگس بینچ ص ۵۲۲ ـ مزید ملاحظہ ہو پی ایل ڈی ۱۹۶۷ع لاہور ص ۵۳۳) ـ

Including, بہ شمول ـ

یہ اصطلاح عام طور سے وہاں استعمال کی جاتی ہے جہاں آگے کے الفاظ جملہ کی وسعت معنی کو ظاہر کرتے ہوں (۱۹۵۱ع اے ـ آئی ـ آر مدھیہ بھارت ص ۱۲۱) ـ

Inclusive, *a.* جس میں کوئی چیز شامل یا داخل ہو ـ

In combination (with), بہ اتصال ـ باتفاق ـ مل کر ـ

Income, *n.* آمدنی ـ

Income Tax Act, قانون محصول آمدنی ـ

Income Tax assessment, تشخیص انکم ٹیکس ـ تشخیص محصول آمدنی ـ

انکم ٹیکس افسر اپنی من مانی رقم تشخیص نہیں کر سکتا ـ اگرچہ وہ عدالتی اصولوں کا سختی کے ساتھ پابند نہیں ہے مگر اس کو چاہیے کہ انصاف، نصفت، اور نیک نیتی کے قاعدوں پر عمل کرے (۱۹۲۳ع اودھ ص ۳۹۶) ـ

Income Tax Manual, دستور العمل انکم ٹیکس، محصول آمدنی ـ

Incompatibility of temperaments, تبائن مزاج ـ

واقعات سے مل کر کسی واقعہ تنقیح طلب یا متعلقہ کے وجود یا عدم وجود کو اغلب یا غیر اغلب کر دیں ۔ مثلاً یہ واقعہ کہ بروز واردات الف لاہور میں تھا ایک واقعہ متعلقہ ہے ۔ یہ واقعہ کہ اس وقت کے قریب جب کہ جرم واقع ہوا تھا وہ اس مقام واردات سے بہت دور تھا، موقع واردات پر الف کی موجودگی کو بہت زیادہ غیر اغلب بنا دیتا ہے، اگرچہ ناممکن نہیں بناتا ۔ اس لیے یہ بھی واقعہ متعلقہ ہے ۔ (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو دفعہ ۱۱ قانون شہادت)۔

دفعہ ۱۱ قانون شہادت بڑی وسیع زبان میں بیان کی گئی ہے اور اگر اس کی وسیع تعبیر کی جائے تو تخمینہ قیمت کا سوال یا بدل نہ ملنے کا سوال یا بیع کی عدم ضرورت وغیرہ ایسے بہت سے معاملات ہیں جو واقعہ متعلقہ ہو سکتے ہیں لیکن ایسے ہم عصر واقعات جو عملی طور پر اصل واقعہ سے تعلق نہ رکھتے ہوں اس میں داخل نہ ہوں گے (۲۷ کلکتہ ص ۱۷۳)۔

Inconsistent rights, حقوق متناقض ۔

Inconsistent statements, غیر مطابق بیانات ۔ متناقض بیانات ۔ متغائر بیانات ۔

کسی گواہ کے اعتبار کو ساقط کرنے کے لیے اس کے ساتھ تحریری یا زبانی بیانات، جو اس کی شہادت کے کسی حصہ سے غیر مطابق ہوں، ثابت کیے جا سکتے ہیں (ملاحظہ ہو دفعہ ۱۴۵ قانون شہادت)۔

چنانچہ ایک شخص کے بیان یا رپورٹ یا استغاثہ کو بھی اس کے بیان کی تکذیب کے لیے پیش کیا جا سکتا ہے اور جرح میں اس کے متعلق سوالات کیے جا سکتے ہیں ۔

بعض حالات میں گواہ کا سابقہ بیان نہ صرف اس کے مابعد بیان کی تردید یا تکذیب کے لیے پیش کیا جا سکتا ہے بلکہ بطور شہادت اسے استعمال میں لایا جا سکتا ہے (ملاحظہ ہو دفعہ ۲۸۸ ضابطہ فوجداری)۔

Inconspicuous, *a*. غیر نمایاں ۔

In contemplation of death, بحالت مرض موت ۔

بحالت مرض موت ہبہ کیا جائے تو اس پر وصیت کے احکام کا اطلاق ہوگا (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو مجموعہ قوانین اسلام، مؤلف ہذا، جلد سوم ''ہبہ بحالت مرض موت'' ۔ مزید ملاحظہ ہو پی ایل ڈی

میاں بیوی کے درمیان مزاجوں (طبیعتوں) کا اختلاف خلع کے لیے جواز نہیں بن سکتا (پی ایل ڈی ۱۹۵۲ء لاہور ص ۸۹ ۔ مزید ملاحظہ ہو پی ایل ڈی ۱۹۵۹ء لاہور ص ۵۶۶ پی ایل ڈی ۱۹۶۷ء سپریم کورٹ ص ۹۷ و مجموعہ قوانین اسلام، مؤلف ہذا ج ۲، باب ''باب خلع و مبارات'')۔

Incompetency, *n*. علم اہلیت یا ناقابلیت ۔

Incompetency of witness, ناقابلیت گواہ ۔

گواہ کی ناقابلیت کا قیاس نہیں کیا جائے گا ۔ اس کی ناقابلیت کا سوال اعتراض کیے جانے پر پیدا ہوتا ہے جس کا تصفیہ جج کو کرنا ہوتا ہے ۔

Incompetent, *a*. نااہل ۔ ناقابل ۔

جس کو قابلیت قانونی حاصل نہ ہوئی ہو ۔

Incompetent evidence, ناقابل ادخال شہادت ۔

Incompetent witness, گواہ غیر مجاز ۔

گواہ غیر مجاز وہ گواہ ہیں جو بالعموم صغر سنی، کبر سنی یا ضعف عقل کی بناء پر سوالات نہ سمجھ سکتے ہوں اور گواہی نہ دے سکیں یا قانون کے تحت غیر مجاز قرار دیے گئے ہوں ۔

قانون عامہ انگلستان کے تحت کسی قانونی مجبوری کے سبب گواہی نہ دے سکنے والے گواہ غیر مجاز کہلاتے ہیں مثلاً کسی فوجداری مقدمہ میں بیوی اپنے شوہر کے خلاف گواہی نہیں دے سکتی ۔

Incomplete, *a*. نامکمل ۔

In compliance, بہ تعمیل ۔

Incomprehensible, *a*. ناقابل فہم ۔

Inconceivable, *a*. ناقابل تصور ۔

In conformity, بموجب اس کے ۔

Inconsistency, *n*. عدم یکسالیت ۔ نامطابقت ۔ تضاد ۔

Inconsistent, *a*. غیر مطابق ۔ متضاد ۔

Inconsistent clause, فقرۂ متناقض ۔

Inconsistent facts, واقعات غیر مطابق ۔

واقعات جو دوسرے حالات میں متعلق نہ ہوں حسب ذیل صورتوں میں متعلقہ ہوں گے :

۱۔ جب کہ وہ واقعات، واقعہ تنقیح طلب یا واقعہ متعلقہ سے غیر مطابق ہوں ۔

۲۔ جب کہ وہ واقعات بذات خود یا دوسرے

۱۹۶۳ء سپریم کورٹ ص ۱۴۳) -
See "Death illness" also

Incontestable, *a.* مسلّمہ - غیر متنازعہ -

In continuation, بہ سلسلہ -

Incontrovertible, *a.* ناقابل تردید -

Inconvenience, *a.* زحمت - تکلیف - عدم سہولت -

Inconvertible paper currency, ناقابل تبدیل زر کاغذی -
زر کاغذی وہ ہے جو مطالبہ پر اپنی لکھی ہوئی قیمت کے مساوی زر نقد میں تبدیل نہیں ہو سکتا لیکن اُس لکھی ہوئی قیمت پر قبول کیا جاتا ہے -

Inconvincible, غیر یقین پذیر- جس کا یقین نہ ہو -

Incorporal, *a.* غیر مادی - غیر مرئی -

Incorporate, *v.* متحد ہونا- جماعت ،متحدہ کی تشکیل کرنا - متعدد اشخاص کو از روئے قانون جماعت واحد قرار دینا -

Incorporate, *a.* غیر مادی - غیر محسوس -

Incorporation, *n.* اتحاد - شمول - جماعت سند یافتہ کی تشکیل -

Incorrect, *a.* غیر صحیح - غلط - ناقص -

Increase, *n.* & *v.* بیشی - اضافہ - افزونی - کثرت - اضافہ کرنا -
اضافہ کا لازمی مطلب یہ ہے کہ "جو ہے اس سے کچھ زیادہ -"

Increase, *n.* **(M. L.)** عول -
یہ اسلامی قانون وراثت کی اصطلاح ہے - چنانچہ مسلمانوں میں متروکہ کی تقسیم میں جب سہام (حصے) حاصل کرنے کے لیے اعداد حصص میں نسبتی اضافہ کر دیا جاتا ہے تو اس کو شرعی اصطلاح میں "عول" کہا جاتا ہے - مثلاً اگر کوئی عورت فوت ہو جائے اور اس کے ورثاء میں ایک شوہر، دو بیٹیاں اور ایک ماں ہو تو ان کے شرعی سہام $\frac{1}{4}$ ، $\frac{2}{3}$ اور $\frac{1}{6}$ ہوں گے اور اعداد تقسیم بارہ ہوں گے - لیکن ان کے اعداد تقسیم سے جو سہام نکلتے ہیں وہ علی الترتیب ۳، ۸ اور ۲ ہیں ان سب کا مجموعہ ۱۳ ہوتا ہے جو اعداد تقسیم کے مقابلہ میں بقدر ایک کے زیادہ ہے - اس لیے صحیح سہام حاصل کرنے کے لیے بجائے ۱۲ کے ۱۳ حصے قرار دے دیے جائیں گے - اسی اضافہ کو اصطلاح میں "عول" کہا جاتا ہے - جس سے درحقیقت حصص میں کمی ہو جاتی ہے- تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو مجموعہ' قوانین اسلام' تنزیل الرحمن' جلد پنجم' قانون وراثت باب "عول" -

Increased rate, شرح اضافہ شدہ -

Incredible, *a.* ناقابل یقین - حیرت انگیز -

Incredulous, *a.* منکر - یقین نہ کرنے والا - بے اعتقاد -

Increment, *n.* اضافہ - افزائش - افزونی -

Incriminate, *v.* الزام لگانا - متہم کرنا -

Incriminating question, سوال منجربہ جرم -
ایسا سوال جس کا جواب گواہ پر الزام جرم عائد کرتا ہو - (قانون شہادت ۱۸۷۲ء) -

Incumbency, *n.* وجوب - فرض -

Incumbent, *a.* لازمی - فرض - واجب -

Incumbent, Deceased متوفی عہدہ‌دار یا معاشدار-

Incumberance, *n.* بار -
وہارٹن کی لغت قانون میں 'بار' کی یہ تعریف کی گئی ہے کہ "ایک ادعاء یا حق قانونی یا مواخذہ داری جو کسی جائیداد سے متعلق ہو -"
بان ویر (Bonvier) نے اپنی لغت قانون میں 'بار' کی تعریف یہ کی ہے کہ "زمین سے متعلق کوئی حق یا مفاد جو شخص ثالث کے حق میں باقی رہے جس سے وہ زمین کی ملکیت کم کر سکے -"

In custody, زیر تحویل - زیر حراست -

Indebted, مقروض - قرض دار - دین دار -
مقروض سے مراد وہ شخص ہے جس کے ذمہ کسی کا قرض باقی ہو اور قرض فی الوقت واجب الادا ہو (۲- چانسری ڈویژن ص ۱۰۱) - اسلامی فقہ میں قرض کی اصطلاح صرف نقد رقم کے لیے استعمال کی جاتی ہے ورنہ جامع اصطلاح دین ہے جس میں دیگر غیر رقمی معاوضہ جات بھی داخل ہیں -

Indebtedness, *n.* قرض داری - احسان مندی -

Indecent, *a.* فحش - ناشائستہ -
وہ عمل یا تحریر یا تقریر جو عام تہذیب و شائستگی کے اصولوں کے منافی ہو -

Indecent advertisement, ناشائستہ اشتہارات ۔ فحش اشتہارات ۔

ناشائستہ اشتہارات کی اشاعت ، بذریعہ قانون امتناع اشتہارات ناشائستہ ، ممنوع کر دی گئی ہے ۔ قانون مذکور میں ناشائستہ اشتہارات کی تعریف یہ کی گئی ہے کہ ایسے اشتہارات جن کی نوعیت ناشائستہ ہو اور اس میں ہر ناشائستہ معاملہ داخل ہے جو تحریر کیا گیا ہو ۔

قانون مذکور میں ہر شخص کے لیے کسی مقام عامہ پر ناشائستہ اشتہارات کی طباعت اور اشاعت یا ان کی تقسیم یا تشہیر قابل تعزیر قرار دی گئی ہے اور چھ ماہ تک سزائے قید یا پانچ سو روپے تک جرمانہ یا دونوں سزائیں دی جا سکتی ہیں (مزید تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو "Obscene") ۔

Indecent assault, ناشائستہ حملہ ۔

دفعہ ۳۵۴ تعزیرات پاکستان کے تحت جو شخص کسی عورت پر حملہ کرے یا جبر مجرمانہ کو کام میں لے آئے یا اس نیت سے اس کو بےحرمت کرے یا یہ جانتے ہوئے کہ وہ اس عورت کی عفت میں خلل ڈال رہا ہے ، اس کو دو سال تک قید بامشقت یا جرمانہ یا دونوں سزائیں دی جا سکتی ہیں ۔

Indecent evidence, فحش شہادت ۔

شہادت کا فحش ہونا اس کی نامنظوری کی وجہ نہیں ہے ۔ اس کو جج اپنے کمرۂ خاص (Chamber) میں سن سکتا ہے ۔

Indecent question, ناشائستہ سوال ۔ فحش سوال ۔

از روئے قانون وہ سوال جو امر واقعہ زیر تنقیح (Fact in issue) سے متعلق نہ ہو یا کسی امر واقعہ زیر تنقیح کو ثابت نہ کرے اور اخلاق عامہ پر برا اثر ڈالنے والا ہو ناشائستہ سوال کہلانے کا اور عدالت گواہ سے ایسا سوال کرنے اور اس کا جواب دریافت کرنے سے باز رکھ سکتی ہے ۔

لیکن اگر سوال کسی امر واقعہ زیر تنقیح سے متعلق ہو تو ایسے سوال کرنے کی اجازت ہے ۔ چنانچہ بعض جنسی جرائم میں ناشائستہ حالت کی تصاویر قابل ادخال شہادت ہیں تاکہ اس برے کام میں شرکت ثابت کی جا سکے جس کا الزام لگایا گیا ہے (قانون شہادت مؤلفہ پیسن) ۔ اسی طرح جب کہ ایک شخص پر ناشائستہ طریقہ پر خود کو برہنہ کرنے کا الزام لگایا گیا ہو تو اس کی برہنگی سے متعلق سوالات پوچھے جا سکتے ہیں تاکہ یہ ثابت کیا جا سکے کہ اس کی یہ حرکت بالارادہ تھی نہ کہ اتفاقیہ ۔ (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو قانون شہادت مؤلفہ جسٹس محمد منیر) ۔

Indecision, *n.* تذبذب ۔ پس و پیش ۔

Indecisive, *a.* غیر قطعی ۔ غیر فیصلہ کن ۔

Indefault of, بصورت کوتاہی ۔ بہ عدم پیروی ۔

Indefeasible, *a.* ناقابل زوال ۔ ناقابل تنسیخ ۔

Indefeasible right, حق ناقابل تنسیخ یا ناقابل ضبطی ۔

Indefinite, *a.* غیر معین ۔ بلا تعین ۔ غیر معین طور پر ۔

Indefinite payment, ادائی بلا تصریح ۔

Indefinite period, غیر معین میعاد یا مدت ۔

Indefinite postponment, غیر معین التواء ۔

Indemnify, *v.* قانونی ذمہ داری سے بری کرنا ۔ نقصان سے محفوظ رکھنا ۔ تلافی کرانا ۔ تاوان دینا ۔

Indemnity, *n.* قانونی ذمہ داری سے برأت ۔ تلافیٔ نقصان ۔

اس اصطلاح کے معنی دوسرے فریق کو نقصان سے محفوظ رکھنے کے ہیں ۔

جس معاہدہ کے ذریعہ سے ایک فریق دوسرے فریق کو اس نقصان سے بری رکھنے کا عہد کرے جو اس کو خود معاہد یا کسی اور شخص کے فعل سے پہنچے وہ "معاہدۂ ابراء" کہلاتا ہے ۔ مزید ملاحظہ ہو پی ایل ڈی ۱۹۶۰ء ڈھاکہ ص ۹۸۲ ۔

Indemnity bond, تمسک تاوان ۔

Indemnity, Contract of معاہدۂ ابراء ۔

جس معاہدہ کے ذریعہ سے ایک فریق دوسرے فریق کو اس نقصان سے بری رکھنے کا عہد کرے جو اس کو خود فریق معاہدہ یا کسی اور شخص کے فعل سے پہنچے وہ معاہدہ "معاہدۂ ابراء" کہلاتا ہے ۔

Indent, *n.* فرمائش خریداری ۔ طلبی مال کی تحریر ۔

تجارتی کاروبار میں اس فرمائش یا آرڈر کو کہتے ہیں جو کارندہ یا ایجنٹ نے اپنے پرنسپل کو روانہ کی ہو - اس میں قیمت و شرائط خریداری کی تمام تفصیلات درج ہوتی ہیں -

Indenture, *n.* دستاویز -

Independence, *n.* آزادی - خود مختاری - بے تعلقی -

Independence Act, قانون آزادی -

Independent, *n.* - آزاد- خود مختار- جدا- علیحدہ -

Independent corroboration, آزاد تائید -
یہ اصطلاح تائیدی شہادت میں مستعمل ہے -

Independent proof, - آزاد ثبوت - مستقل ثبوت

Independent testimony, آزاد شہادت -

Independent witness, - آزاد گواہ -گواہ بے تعلق

Independently, *ad.* - بلا تعلق- بلا لحاظ اس کے -

Index, *n* اشاریہ -

Index, Nominal نام وار اشاریہ -

In discharge of one's duty,
فرائض منصبی کی ادائی میں -

India, *n.* انڈیا - ہندوستان -
قبل از تقسیم ، ہند و پاکستان کا کل علاقہ مجموعی طور پر ہندوستان کہلاتا تھا - ۱۴ اگست ۱۹۴۷ء کو ملک تقسیم ہوا - تقسیم کے بعد ایک حصہ بھارت (انڈیا) کہلایا جہاں ہندوؤں کی اکثریت ہے اور دوسرا حصہ جہاں مسلمانوں کی اکثریت ہے پاکستان کہلایا - قوانین قبل از تقسیم میں جہاں کہیں انڈیا کا لفظ آیا ہے اس سے مراد ہند و پاکستان کا وہ علاقہ ہے جو ۱۴ اگست ۱۹۴۷ء سے قبل انگریزوں کے زیر حکومت تھا -

Indian, *a.* - ہندوستانی - باشندۂ بھارت - بھارتی -

Indian domicile, - ہندوستانی متوطن-بھارتی متوطن

Indian States, ریاست ہائے ہند -

Indication, *n.* - اظہار - علامت - نشان - دلیل -

Indicatory marks, توضیحی نشانات -

Indict, *n.* مقدمہ چلانا - الزام لگانا -

Indictable, *a.* - قابل الزام - ملزم بنانے والا -

Indictee, *n.* ملزم -

Indicative evidence, علامتی شہادت -

Indictment, *n.* - قرار داد جرم - با ضابطہ الزام -

Indifference, *n.* -بے تعلقی- بے توجہی- بے اعتنائی

Indifferent, *a.* - بے تعلق - بے توجہ - نا طرفدار -

Indigency, *n.* ناداری - مفلسی -

Indigenous, *a.* ملکی - دیسی -

Indigenous goods, ملکی یا دیسی مال -
وہ مال جو اندرون ملک تیار ہوا ہو -

Indigenous medicines, دیسی ادویہ - یونانی ادویہ (اصطلاحاً) -

Indigent, *a.* نادار - مفلس -

Indignant, *a.* برہم -

Indirect, *a.* - بالواسطہ - (جو راست نہ ہو) -

Indirect claim, بالواسطہ دعویٰ -

Indirect evidence, بالواسطہ شہادت -

Indirect Tax, بالواسطہ محصول -

Indirectly, *ad.* - بالواسطہ - کنایتاً - ضمناً -

Indiscernible, *a.* - ناقابل امتیاز - غیر محسوس -

Indisciplinable, *a.* -ناقابل انضباط-غیر تربیت پذیر

Indiscipline, *n.* بد نظمی - بد انتظامی -
نظم و ضبط کا فقدان -

Indiscretion, *n,* - ناعاقبت اندیشی - بے احتیاطی -

Indiscriminate, *a.* - بلا امتیاز - بلا تفریق -

Indispensible, *a.* ناگزیر - لازمی -

Indisputable, *a.* غیر متنازعہ فیہ -
مسئلہ' جس میں بحث کی گنجائش نہ ہو -

Indistinctness, *n.* عدم وضاحت -

Individual, *a.* & *n.* - انفرادی - فرد (واحد) -
شخص واحد -

Individual judgment, انفرادی فیصلہ -

Individually, - بہ حیثیت فرد - شخصی طور پر -
انفرادی طور پر - فرداً فرداً -

Indivisible, *a.* ناقابل تقسیم -

Indoor management, انتظام داخلی -
یہ اصطلاح قانون کمپنیات میں استعمال ہوتی ہے - اس کا مفہوم یہ ہے کہ ایک شخص جو کمپنی سے کوئی معاملت کرتا ہے جس کا اختیار کمپنی کو

حاصل ہے تو جو عہدہ دار (ڈائریکٹر وغیرہ) اس شخص سے کمپنی کی طرف سے معاملات کرتا ہے تو وہ شخص یہ سمجھنے میں حق بجانب ہوگا کہ اس عہدہ دار کو معاملت کا اختیار حاصل ہے اور وہ اپنے اختیار حاصلہ کے تحت اس کے ساتھ معاملت کر رہا ہے - شخص اجنبی کا کمپنی کے اندرونی نظم و نسق کی بابت اطلاع یاب ہونا ضروری نہیں کیونکہ وہ کمپنی کا اندرونی معاملہ ہے -

چنانچہ ایسی معاملت کے لیے کمپنی ذمہ دار ہوگی جو اس کے اغراض و مقاصد اور حدود کار میں آتی ہو- (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو پی ایل ڈی ۱۹۶۳ء کراچی بمقدمہ انور سلطانہ بنام پاکستان ایمپلائیز کوآپریٹو (ہاؤسنگ سوسائٹی لمیٹڈ) -

Indorse, v. **تحریر ظہری لکھنا - تصدیق کرنا - اتفاق کرنا (رائے سے) -**

کسی قانونی یا تجارتی دستاویز کی پشت پر لکھنا -

قرار دیا گیا ہے کہ دستاویز پر دستخط کا ہو جانا وہی اثر رکھتا ہے جو تحریر ظہری کا ہے اس لیے اس کو جائز تحریر ظہری (Endorsement) سمجھا جائے گا -

Indorsee, n. **منتقل الیہ (ہنڈی یا چیک کا) -**

وہ شخص جو کسی ہنڈی یا بل آف ایکسچینج کا منتقل الیہ ہو اور جس کو یا جس کے حکم پر رقم دستاویز قابل ادا ہو Indorsee کہتے ہیں - ایسے شخص کو ارجاع نالش کا حق حاصل ہے -

Indorsement, n. **تحریر ظہری -**

تحریر ظہری سے مراد دستاویز قابل بیع و شری یا کسی تجارتی دستاویز کی پشت پر بغرض منتقلی عبارت کا لکھنا ہے - اگر دستاویز قابل بیع و شری ہو تو تحریر ظہری حوالگی کے مترادف ہوگی اور اس کی ملکیت اسی وقت منتقل الیہ کو منتقل ہو جائے گی - اگر وہ دستاویز قابل بیع و شری نہ ہو بلکہ کوئی اور تجارتی دستاویز ہو تو ایسی صورت میں منتقل الیہ منتقل کنندہ سے بہتر حقیت حاصل نہ کر سکے گا - بل آف ایکسچینج کی تحریر ظہری میں پرامیسری نوٹ یا چیک کی تحریر ظہری بھی شامل ہے - لیکن اس کے لیے شرائط ذیل متعلق ہوں گی :

۱- تحریر ظہری دستاویز کی پشت ہی پر ہو- (جن ممالک میں نقول تسلیم کی جاتی ہوں وہاں نقل پر بھی تحریر ہو سکتی ہے) - اس پر منتقل کنندہ کے دستخط ہونے چاہییں - محض دستخط بغیر کسی اور عبارت کے بھی کافی ہیں -

۲- تحریر ظہری، کامل دستاویز سے متعلق ہونی چاہیے - جزواً تصدیق کہ رقم کا صرف ایک حصہ قابل ادا ہے دستاویز کی بیع و شری نہیں سمجھی جائے گی - کسی دستاویز پر جزوی تصدیق ، جس کی رو سے حق ارجاع نالش تسلیم کیا گیا ہو ، بحیثیت بیع و شری ناجائز ہے -

۳- جب کوئی دستاویز دو یا دو سے زیادہ منتقل الیہ کے حکم پر جو باہم شریک نہ ہوں ، قابل ادا ہو تو سب کو تحریر ظہری لکھنا چاہیے - بجز اس کے کہ اس شخص کو جس نے تحریر لکھی ہو دوسروں نے اجازت دیدی ہو - جب کسی دستاویز پر ایک سے زیادہ اشخاص نے تحریر ظہری لکھی ہو تو ہر تحریر کو باضابطہ تصور کیا جائے گا ، جب تک کہ اس کے خلاف ثابت نہ ہو -

Indorsement, Blank **تحریر ظہری معرا -**

تحریر ظہری معرا سے وہ تحریر مراد ہے جس پر تحریر ظہری نہ ہو بلکہ صرف دستخط ہوں - دستاویز جس پر معرا تحریر ظہری ہو حامل کو قابل ادا ہوتی ہے - معرا تحریر ظہری کی دستاویز کا قابض اس دستاویز پر تحریر ظہری کرنے والے کے دستخط کے اوپر یہ تحریر لکھ کر کہ خود اس کو یا اس کے یا کسی اور کے حکم پر رقم مندرجہ دستاویز ادا کی جائے - اس معرا تحریر ظہری کو تحریر ظہری مصرح میں تبدیل کر سکتا ہے -

معرا کے لفظی معنی "خالی" کے ہیں - چونکہ ان کے ساتھ سوائے دستخط کے کوئی عبارت نہیں ہوتی ، لہذا اس کو تحریر ظہری معرا کہا گیا ہے -

Indorsemsnt in full, **تحریر ظہری مصرح -**

اگر ظہر نویس دستاویز پر اپنے نام کے دستخط کے ساتھ اس امر کی صراحت کر دے کہ رقم مندرجہ دستاویز فلاں شخص کو یا اس کے حکم پر ادا کی جائے تو وہ تحریر ظہری مصرح کہلائے گی -

Indorsement, Special تحریر ظہری خاص -

Indorsement, Restrictive تحریر ظہری تحدیدی -

مثلاً یہ تحریر ظہری کہ روپیہ صرف کریم کو دیا جائے ایسی ہنڈی قابل بیع و شریٰ نہیں رہتی - کیونکہ اس میں پابندی لگا دی گئی ہے - اس کو تحریر ظہری خاص بھی کہتے ہیں -

Indorser, *n.* ظہر نویس -

ظہر نویس اس شخص کو کہتے ہیں جس نے بل آف ایکسچینج یا کسی دیگر دستاویز قابل بیع و شریٰ پر عبارت ظہری تحریر کی ہو - عبارت ظہری لکھنے کا یہ اثر ہوتا ہے کہ گویا اس شخص نے یہ ذمہ داری قبول کر لی ہے کہ بر وقت پیشی دستاویز مندرجہ رقم ادا کر دے گا اور اگر دستاویز نہ سکاری گئی یا رقم کی ادائی سے انکار کیا گیا تو ظہر نویس اول ، ظہر نویس مابعد یا قابض کو اس کا معاوضہ ادا کرے گا (بشرطیکہ دستاویز کی رقم کی ادائی سے انکار پر حسب ضابطہ ضروری کارروائی کی گئی ہو) -

ظہر نویس کہ قانوناً اس امر سے (Estopped) بازر کیا گیا ہے کہ وہ قابض سے دستاویز کی صحت یا باقاعدگی یا اجراء کنندہ کے دستخط یا سابقہ تحریرات ظہری کی صحت کا مطالبہ کرے - وہ اس امر سے بھی باز رکھا گیا ہے کہ وہ عین ماقبل یا سابقہ ظہری نویسوں سے اس بات پر اعتراض کرے کہ جس وقت تحریری ظہری لکھی تھی دستاویز جائز نہیں تھی یا اس کی ملکیت ناقص تھی -

Induce, *v.* ترغیب دینا - تحریص دلانا -

Inducement, *n.* ترغیب - تحریص -

Induction, *n.* قبضہ دینا - قابض کرنا -

Inductive, *a.* استقرائی -

In due course, - بہ طریق معمول - بدوران معمول

In due course of law, - بطریق معمول قانون

دفعہ ۹ قانون دادرسی مختص (Specific Relief Act) کے تحت اصطلاح "بہ طریق معمول" قانونی (Legal) کے مترادف نہیں ہے (پی ایل ڈی ۱۹۵۲ء پشاور ص ۵۹) -

Indulgence, *n.* رعایت -

Industrial, *a.* صنعتی -

Industrial award, صنعتی فیصلہ ثالثی -

Industrial concern, صنعتی ادارہ -

Industrial Co-operative Society, صنعتی انجمن امداد باہمی -

Industrial Court, صنعتی عدالت -

Industrial dispute, صنعتی تنازعہ -

Industrial establishment, صنعتی ادارہ -

Industrial law, صنعتی قانون -

Industrial matter, صنعتی معاملہ -

Industrial revolution, صنعتی انقلاب -

Industrial tribunal, صنعتی عدالت -

Industry, *n.* - صنعت - محنت - مشقت - تن دہی -

Ineffective, *a.* غیر موثر - بے اثر - ناکارہ -

Ineffectiveness, *n.* بے اثری - بے تاثیری -

Inefficiency, *n.* نااہلیت - نااہلی -

Ineligibility, *n.* عدم اہلیت -

Ineligible, *a.* ناقابل - ناموزوں -

In entirety, کلیتاً -

Inequality, *n.* عدم مساوات -

Inequitable, *a.* - خلاف نصفت - خلاف انصاف - غیر منصفانہ -

Inequity, *n.* عدم نصفت -

Inevitable, *a.* نا گزیر -

Inevitable incident, نا گزیر حادثہ -

Inexcusable, *a.* ناقابل معافی -

Inexecutable, *a.* ناقابل تعمیل -

In exercise of the powers, - ازروئے اختیارات حاصلہ

Inexpedient, *a.* خلاف مصلحت -

Inexperience, *n.* نا تجربہ کاری -

Inexpert, *a.* غیر ماہر - غیر فن دان -

Inexplicit, *a.* غیر واضح - مبہم -

In extenso, بالتفصیل -

Inextinguishable, *a.* ناقابل زوال -

Infame, *v.* بدنام کرنا -

Infamous, *a.* بدنام -

Infamous conduct, - بدنام روش - بدنام چال چلن

سرپرست کی طرف سے پیش ہوگا ، جو قانون میں اس کا قریبی دوست کہلاتا ہے ۔ اگر نابالغ پر دعویٰ ہو تو دوران مقدمہ بغرض پیروی اس کا ولی مقرر کیا جاتا ہے ۔ ولی پر دوران مقدمہ ان اخراجات کی ذمہ داری عائد نہیں ہوتی جو مقدمہ میں صحیح طور پر صرف ہوئے ہیں ۔ البتہ قریبی دوست اس ذمہ داری سے بری نہیں ہو سکتا ۔ (*See also 'Child'*)

Infanticide, *n.* طفل کشی۔نوزائیدہ بچہ کا مار ڈالنا۔

Infantry, *n.* پیدل فوج ۔

In favour of, بحق ۔ حق میں ۔

Infected, *a.* متأثرہ ۔

Infected locality, علاقہٴ متأثرہ ۔

Infectious disease, مرض متعدی ۔

Infer, *v.* نتیجہ نکالنا ۔ (منطق) استنباط کرنا ۔

Inference, *n.* منطقی نتیجہ۔استنباط۔استخراج نتائج ۔

کسی مقدمہ یا عدالتی کارروائی میں پیش کردہ شہادت کے پیش نظر واقعاتی تسلسل سے نتائج اخذ کرنا استنباط یا استخراج کہلاتا ہے ۔

Inferior, *a.* ادنیٰ ۔ گھٹیا ۔ درجہ یا رقبہ میں کم ۔

Inferior Court, عدالت ادنیٰ ۔

Inferior right, کم تر حق ۔

Inferiority, *n.* کمتری ۔

Infidelity, *n.* بیوفائی ۔ لادینی ۔ الحاد ۔

Infidelity, Conjugal *n.* بیوی سے شوہر کی یا شوہر سے بیوی کی بیوفائی ۔

Infirm, *a.* کمزور ۔ ضعیف ۔ غیر مستقل مزاج ۔ نا پائیدار ۔ ضعیف الارادہ ۔

Infirmity, *n.* کمزوری۔ضعف۔غیر مستقل مزاجی ۔ ناپائیداری ۔

Inflame, *v.* برافروختہ ہونا ۔ مشتعل ہونا ۔ ہیجان میں آنا ۔

Inflamation, *n.* برافروختگی ۔ اشتعال انگیزی ۔ ہیجان خیزی ۔

Inflamatory, *n.* اشتعال انگیز ۔ بھڑکانیوالا ۔

Inflation, *n.* افراط زر (مصنوعی ذرائع سے) ۔

Inflexible, *a.* ناقابل تغیر ۔

Inflict, *v.* پہنچانا (ضرر کا) ۔

کوینس بینچ ڈویژن کے رکن جسٹس پوپ نے جسٹس ڈیوی کے حوالہ سے اس اصطلاح کی جو تعریف کی ہے وہ یہ ہے کہ ”اگر بتایا جائے کہ ایک ڈاکٹر نے اپنے پیشہ ورانہ فرائض کی انجام دہی میں کچھ ایسے کام کیے ہیں جو اس کے ایسے ہم پیشہ بھائیوں کے نزدیک ، جنھیں اچھی شہرت اور نیک نامی حاصل ہے، غیر شریفانہ اور شرمناک ہیں تو ایسی صورت میں جنرل میڈیکل کونسل کو یہ کہنے کا حق حاصل ہے کہ وہ ڈاکٹر اپنے پیشہ کے فرائض کی انجام دہی میں بدنام روش کا مرتکب ہوا ہے ۔ (۱۸۹۴ع کوینس بینچ ڈویژن صفحہ ۷۵۰ ، ملاحظہ ہو پی ایل ڈی ۱۹۵۷ع پریوی کونسل صفحہ ۲۰) ۔

Infamy, *n.* بدنامی ۔

انگریزی قانون شہادت کے تحت بدنامی کی وجہ سے گواہی دینے کی ناقابلیت اب منسوخ کر دی گئی ہے ۔

Infancy, *n.* طفولیت ۔

Infant, *n.* طفل ۔ بچہ (شیر خوار) ۔

ایک ایسا شخص جو اپنی عمر کے لحاظ سے ایک محدود اہلیت قانونی رکھتا ہو ۔

۷ سال سے کم عمر کا بچہ کسی فوجداری مقدمہ میں مجرم نہیں ہو سکتا ۔ نیز بارہ سال کی عمر تک بھی مجرمانہ افعال کی ذمہ داری اس پر عائد نہیں کی جا سکتی اگر اس کی سمجھ اس وقت پختہ نہ ہوئی ہو۔ البتہ سولہ سال کے بعد اس میں اور بالغ شخص میں اثر جرم کے لحاظ سے کوئی فرق نہیں ہوتا ۔

ٹارٹ کے مقدمات میں طفلی جواب دہی کی بنیاد نہیں ہو سکتی ۔ لیکن جہاں خاطی کی نیت ، علم ، یا دماغ کی کوئی حالت ، جو مضرت ناجائز کا ایک ضروری عنصر ہو ، زیر بحث ہو تو طفلی کا عذر جواب دہی میں پیش کیا جا سکتا ہے ۔

بعض مخصوص حالات میں بچوں کے افعال سے جو مضرت ناجائز پہنچی ہو اس کی ذمہ داری والدین یا سرپرستوں پر عائد ہو سکتی ہے ۔ مگر بچوں کے لیے ہوئے قرض کی ادائی کی ذمہ داری والدین یا سرپرستوں پر عائد نہیں کی جا سکتی بجز اس کے کہ ایسے قرض کی منظوری یا اجازت والدین یا سرپرستوں نے دی ہو۔

مدعی نابالغ ہو تو اس کا دعویٰ اس کے ولی یا

Influence, *n.* اثر ۔ دباؤ ۔ رسوخ ۔

Influence, Undue ناجائز دباؤ ۔ ناجائز اثر ۔

Influential, *a.* ذی اثر ۔ صاحب رسوخ ۔

Influx, *n.* ۔ سیل ۔ سیلاب (آدمیوں یا خیالات کا)

Inform, *v.* اطلاع دینا ۔

Informal, *a.* بے ضابطہ ۔ غیر رسمی ۔

Informant, *n.* اطلاع دہندہ ۔

Information, *n.* ۔ اطلاع ۔ رپٹ ۔ مخبری ۔ نالش

In forma pauperis, بہ صیغہ مفلسی ۔

Informative, *a.* معلوماتی ۔

Informer, *n.* مخبر ۔ خبر دہندہ ۔ جاسوس ۔

از روئے قانون فوجداری مخبر سے مراد ایسا شخص ہے جو کسی قانونی خلاف ورزی کی اس لیے مخبری کرتا ہے کہ مرتکب پر تاوان یا جرم عائد ہو ۔

قانون خانماں برباد معاوضہ و آباد کاری (Displaced Persons Compensation & Rehabilitation Act 1958) اور اس کے تحت آباد کاری اسکیم میں بھی مخبر کی اصطلاح استعمال کی گئی ہے جو ایسی متروکہ جائیدادوں کی اطلاع دیتا ہے جو غیر قانونی طور پر لوگوں کے قبضہ میں ہوں ۔

Informer, Common ۔ پیشہ ور مخبر ۔ مخبری پیشہ

Infra, تحت ۔ ذیل ۔ نیچے ۔ آگے ۔

Infraction, *n.* ۔ خلاف ورزی ۔ انحراف ۔ انفساخ

Infringement, *n.* خلاف ورزی ۔

یہ اصطلاح قانون نشان ہائے تجارت (Trade Marks Act) میں استعمال کی گئی ہے ۔ (ملاحظہ ہو دفعہ ۲۱ قانون نشان ہائے تجارت) ۔

Infructuous, *a.* ۔ لاحاصل۔اپنی موت آپ مرنے والا

In furtherance of, بہ پیش رفت ۔ بتائید ۔

In furtherance of common intention,

بہ پیش رفت غرض مشترکہ ۔

(تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو پی ایل ڈی ۱۹۶۱ع لاہور ص ۲۲۱) ۔

Ingenious argument, ۔ انوکھی دلیل ۔ عمدہ بحث

In good faith, نیک نیتی سے ۔

Ingredient, *n.* جزو ۔ عنصر ۔ جزو ترکیبی ۔

Ingress, *n.* داخلہ ۔ درآمد ۔ رسائی ۔

Inhabitable, *a.* قابل سکونت ۔

Inhabitant, *n.* باشندہ ۔ ساکن ۔ رہنے والا ۔

اس اصطلاح کے خاص معنی میں ہر وہ انسان شامل ہے جو کسی مقام پر بالعموم سکونت رکھتا ہے ۔

اس اصطلاح کے دوسرے معنی بھی ہو سکتے ہیں ۔ مثلاً اگر ایک مفلس کی مفلسی کا مسئلہ زیر تصفیہ ہو یا ایک رائے دہندہ کی اہلیت زیر بحث ہو تو ایسی صورتوں میں ایک شخص اس مقام کا باشندہ یا ساکن متصور ہوگا جہاں وہ بالعموم سوتا ہے (۱۹۱۷ع ۸۶ ۔ لا جرنل کنگس بینچ ص ۲۷۶) ۔

جہاں کسی قانون کی رو سے کسی اہلیت کے حصول کے لیے کم از کم ایک مہینہ کی مدت کی سکونت لازمی ہو تو یہ سمجھا جائے گا کہ مدت مذکور میں اس مقام پر اس کی بالذات موجودگی ناگزیر ہے (۱۸۷۲ع ۔ ۷ کوینس بینچ ص ۳۷۱) ۔

ایک دو مرتبہ کسی مقام پر سو جانا سکونت کے لیے کافی نہیں ہے۔ ایسی سکونت سے یہ مفہوم لیا جائے گا کہ وہ اس مقام پر بالعموم غیر حاضر رہتا ہے (۵۷۔ کوینس بینچ ۱۲۲) ۔

In hand, بدست ۔ موجود ۔ ہاتھ میں ۔

Inherent power, ۔ اختیار اصلی ۔ اختیار بالذات

اختیار خاص ۔

تاریخی اعتبار سے یہ سمجھا جاتا ہے کہ عدالتیں بادشاہ یا حکمران اعلیٰ کی نمائندہ ہیں اور وہ اپنے اختیارات اس بادشاہ یا حکمران اعلیٰ سے حاصل کرتی ہیں جس ملک میں وہ قائم ہوں ۔ چونکہ بادشاہ یا حکمران اعلیٰ انصاف کے بنیادی اور اصلی مقاصد کو پورا کرنے کے لیے کسی قاعدہ اور قانون کا پابند نہیں سمجھا جاتا اس لیے ابتدائی دور میں عدالتوں پر بھی اس قسم کی کوئی بندش عائد نہ تھی ۔ لیکن جب عدالتی نظام ترقی یافتہ صورت اختیار کر گیا اور عوام الناس کے پیچیدہ مسائل اس کے سامنے پیش کیے جانے لگے تو چند ضابطوں اور قاعدوں کی تدوین کی ضرورت محسوس ہوئی ۔ چنانچہ عدالتی طریق کار کو ان ضابطوں کا پابند بنا دیا گیا ۔ لیکن عدالتوں کا یہ اختیار اصلی یا ذاتی بہرحال برقرار رہا کہ اگر وہ کسی پیچیدہ ، اہم اور ضروری مسئلہ میں یہ خیال کریں کہ عدالتی ضابطہ

ان کی رہ نمائی نہیں کرتا تو وہ اپنے اختیار سے کام لے کر انصاف رسانی کے اہم مقاصد کو پورا کر سکتی ہیں۔ انہی اختیارات کو Inherent Power کہا جاتا ہے۔

لیکن جہاں کسی مقدمہ میں صریحی احکام قانونی کا اطلاق ہوتا ہو وہاں عدالت کا کوئی اختیار خاص نہیں ہوتا جو ان احکام کو رد کر سکے (۱۹۴۷ع لاہور ص ۱۰۲ و ۱۹۴۷ع مدراس ص ۲۶۸)۔

دوسری تحدید (Restriction) جو اختیار کے استعمال پر عائد ہوتی ہے وہ یہ ہے کہ اختیار کا استعمال قانونی اصولوں اور منشاء مقننہ کے مطابق ہو (۳۳ - کلکتہ ص ۹۲۷)۔

ان اختیارات کا استعمال وہیں ہونا چاہیے جہاں ضابطہ کے صریح احکام موجود نہ ہوں (۱۹۲۳ع اودھ ص ۱۳۶)۔

چنانچہ اگر ضابطہ دیوانی میں عدالت کا اختیار کسی اور دفعہ کے تحت متعین ہو تو پھر عدالت کو زیر دفعہ ۱۵۱ ضابطہ دیوانی کارروائی کرنے اور حکم جاری کرنے کا جواز باقی نہیں رہتا۔

Inherent right, حق بالذات ۔ حق اصلی ۔

Inherit, *v.* وراثتاً پانا ۔ وراثت ہونا ۔ ترکہ پانا ۔

Inheritable blood, تعلق نسبی جس سے حق وراثت حاصل ہو ۔

Inheritance, *n.* وراثت ۔ ورثہ ۔ ارث ۔

از روئے شرع محمدی مسلمان اپنی وفات کے وقت جو جائیداد (منقولہ و غیر منقولہ) چھوڑتا ہے وہ بعد ادائی اخراجات تجہیز و تکفین و قرضہ و اجراء وصیت قانونی ورثا میں قابل تقسیم ہے تاکہ سرمایہ ایک جگہ جمع نہ ہو بلکہ بلحاظ قرابت شخص متوفی کے ورثاء میں تقسیم ہو جائے۔ (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو مجموعہ قوانین اسلام جلد پنجم ''قانون وراثت'')۔

دوسرے مذاہب میں وراثت کے سلسلہ میں مختلف قوانین رائج ہیں لیکن ان کی بنیادی حیثیت ملکی ہے، جب کہ اسلام کا قانون وراثت تمام مسلمانوں کا قانون ہے، خواہ وہ کسی خطہ یا ملک کے باشندے ہوں۔

Inhibit, *v.* منع کرنا ۔ روکنا ۔ رکاوٹ ڈالنا ۔

Inhibitory, *a.* روکنے والا ۔ مزاحم ۔ مانع ۔

Initial, ابتدائی ۔ نام کے ابتدائی حروف سے دستخط ۔

Initial appointment, ابتدائی تقرر ۔

Initial charges, ابتدائی اخراجات ۔

Initially, *ad.* ابتداءً ۔ ابتدا سے ۔

Initiate, *v.* شروع کرنا ۔ ابتداء کرنا ۔ آغاز کرنا ۔

Initiation, *n.* آغاز ۔ ابتداء ۔

Injunction, *n.* حکم امتناعی ۔

اگرچہ اس اصطلاح کے عام معنی کسی فعل ناجائز کے کرنے یا جاری رکھنے سے روکنے کے ہیں لیکن بعض حالات میں یہ اصطلاح کسی کام کے کرنے یا کسی مخصوص رکاوٹ کو دور کرنے کی غرض سے ضروری اقدام کرنے کے حکم کے لیے بھی استعمال ہوتی ہے جس کو قانونی اصطلاح میں حکم امتناعی تاکیدی (Mandatory Injunction) کہا جاتا ہے۔

قانون انگلستان کے تحت یہ ایک قانونی حکم نامہ ہے جو درخواست پر کسی عدالت دیوانی سے عام طور پر اختیار نصفت (Equity) کے اختیارات کے تحت جاری ہوتا ہے اور جس میں کسی فریق کو اس فعل ناجائز کے (جس کے متعلق دعویٰ کیا گیا ہو) کرنے یا جاری رکھنے سے عارضی طور پر تا اختتام مقدمہ باز رہنے کا حکم دیا جاتا ہے، حتیٰ کہ فریقین کے حقوق متنازعہ کا عدالت قطعی تصفیہ نہ کر دے۔ یہ آخری اور قطعی فیصلہ اگر مدعی کے حق میں ہو تو اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ مدعی کو حکم امتناعی دوامی کی ڈگری دے دی جاتی ہے گو مقدمہ میں عارضی ڈگری ہوئی ہو یا نہ ہوئی ہو۔ دادرسی بذریعہ حکم امتناعی مختلف صورتوں میں عطا کی جاتی ہے۔ مثلاً پرامیسری نوٹوں اور ہنڈیوں کی منتقلی سے باز رکھنے یا جائیداد غیر منقولہ منتقل نہ کرنے یا حق اختراع (Right in Patent) یا نشان تجارت (Trade Mark) کی خلاف ورزی سے روکنے یا کسی جائیداد یا شہادت کے اتلاف سے باز رکھنے یا کسی امر باعث تکلیف عام یا تکلیف خاص سے محافظت کے لیے حکم امتناعی جاری کیا جا سکتا ہے۔

حکم امتناعی یا اس کے مماثل کوئی داد رسی (Relief) حاصل کرنے کے لیے یہ ضروری ہے کہ مدعی کا مقدمہ بادی النظر میں ایسا ہو کہ جب تک تردیدی شہادت پیش نہ ہو مدعی کا بیان حلفی حکم

امتناعی جاری کرنے کے لیے کافی سمجھا جائے ۔

اگر فریقین کے مابین حقوق غیر طے شدہ اور مذبذب ہوں تو عدالت حکم امتناعی صادر نہیں کرتی بجز اس کے کہ ناقابل تلافی نقصان کا اندیشہ ہو ۔ لیکن عام قاعدہ یہ ہے کہ اگر عدالت کسی مقدمہ میں دوامی حکم امتناعی (Perpetual Injunction) جاری نہیں کر سکتی تو ایسی صورت میں عارضی حکم امتناعی (Interim Injunction) بھی جاری نہیں کیا جا سکتا (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو قانون داد رسی مختص) ۔

حکم امتناعی کی خلاف ورزی کرنے والے کو عدالت تحقیر عدالت کی بنا پر سزا دے سکتی ہے ۔ (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہوں حکم ۳۹ قاعدہ ۲ [۳] ضابطہ دیوانی و قانون تحقیر عدالت ۱۹۲۶ء) ۔

Injunction, Ad-interim — موقتی حکم امتناعی ۔ درمیانی حکم امتناعی ۔

یک طرفہ حکم امتناعی عدالتوں کو صرف ناگزیر صورتوں میں جاری کرنا چاہیے۔ (پی ایل ڈی ۱۹۶۶ء کراچی) ۔

Injunction, Mandatory — حکم امتناعی تاکیدی ۔

حکم امتناعی تاکیدی سے ایسا حکم مراد ہے جس میں کسی کام کی انجام دہی کا حکم دیا جائے۔

Injunction, Perpetual or permanent — حکم امتناعی دوامی ۔

Injunction, Preventive — حکم امتناعی انسدادی ۔

حکم امتناعی انسدادی سے ایسا حکم مراد ہے جس میں کسی کام کے کرنے سے باز رہنے کا حکم دیا جائے ۔

Injunction, Temporary or Interlocutory — حکم امتناعی عارضی ۔

Injure, *v.* — نقصان پہنچانا۔ضرر پہنچانا ۔ خراب کرنا ۔

Injured party, — فریق متضرر ۔

Injured person, — شخص متضرر ۔

Injuria, *n.* — مضرت (بوجہ نقض وجوب) ۔

Injuria absqúedamno, — مضرت بہ نقصان ۔

Injurious, *a.* — مضرت رسان ۔

ایک مضرت رسان فعل وہ فعل ہے جو فی نفسہ مضرت رسان ہو ، یعنی وہ فعل یا تو مضرت پہنچانے کی نیت سے کیا گیا ہو یا یہ کہ فعل کے قدرتی نتیجے یا قدرتی طور پر مضرت پہنچانے کا امکان ہو، (۱۹۳۶ء کے ۔ بی ۔ ڈویژن ص ۲۶۰) ۔

Injurious to health, — مضر صحت ۔ صحت کے لیے مضرت رسان ۔

Injury, *n.* — مضرت ۔

لفظ مضرت سے مراد ایسا ضرر یا تکلیف ہے جو کسی طرح بھی غیر قانونی طور پر کسی شخص کے جسم یا دماغ یا نیک نامی یا جائیداد کو پہنچا ہو (دفعہ ۴۴ مجموعہ تعزیرات) ۔ مضرت کو قانون میں بڑی وسعت دی گئی ہے ۔ اس میں ہر مجرمانہ فعل شامل ہے ۔ لہذا ایک چنگی ناکہ پر ایک بیل گاڑی کو غیر قانونی طور پر کسی ناواجبی ٹیکس کی ادائی کے لیے روکنا بھی مضرت میں داخل ہے (۲۷ کلکتہ ویکلی نوٹس ص ۴۷۹) ۔ ملزم نے مستغیث کے جانور پکڑ لیے اور اس وقت تک انہیں دینے سے انکار کیا جب تک کہ ایک خاص رقم ادا نہ کی گئی ۔ قرار دیا گیا کہ ملزم کا یہ فعل مستغیث کو مضرت پہنچانے میں داخل ہے (۴۶ الہ آباد ص ۸۱) ۔

کسی شخص کا کسی شخص کو حادثہ میں ہلاک کر دینا اُس کی بیوہ کو مضرت پہنچانا ہے ۔ اس لیے بیوہ معاوضہ پانے کی مستحق ہے (۱۸۹۸ء ۔ پنجاب ریکارڈ ص ۱۱۷) ۔

Injury, Manifest — ضرر فاحش ۔ کھلا ضرر ۔

Injury to person, — مضرت بہ ذات ۔

Injury to property, — مضرت بہ جائیداد ۔

Injury, Wrongful — مضرت ناجائز ۔ مضرت خلاف قانون ۔

Injustice, *n.* — بے انصافی ۔

In kind, — بشکل جنس ۔

In land, — اندرون ملک ۔

Inland bills, — ملکی ہنڈی ۔

In law, *n.* — رشتہ ازدواجی ۔ مثلاً ساس، سالہ، خسر وغیرہ ۔

In lieu of, — بجائے ۔ بہ غرض ۔

Inmate, *n.* — مکین ۔

Innate, *a.* — پیدائشی ۔ فطری ۔ جبلی ۔

Inn-keeper, *n.* مالک سرائے ۔

Innocence, *n.* معصومیت ۔ بے گناہی ۔

Innocent, *a.* معصوم ۔ بے گناہ ۔ بے قصور ۔

جب اقبال جرم کیا جائے تو بے گناہی کا ثبوت بہت دشوار ہوتا ہے ۔

قانون ہر شخص کو بے گناہ سمجھتا ہے تا آنکہ اس کے خلاف جرم ثابت نہ ہو ۔

Innocent purchaser, سادہ لوح خریدار ۔

Innovate, *v.* نئی راہ نکالنا ۔ ایک وجوب کی بجائے دوسرا وجوب عائد کرنا ۔

Inns of Court, ادارہ ہائے مجاز تعلیم قانونی ۔

Collegiate houses چند جماعتیں ، جن کی نوعیت کی ہے اور جن کو پیشہ وکالت اختیار کرنے کی اجازت دینے کا مکمل حق حاصل ہے ۔ انگلستان میں ایسی جماعتیں چار ہیں : (1) Inner Temple (2) Middle Temple (3) Lincolon's Inn (4) Gray's Inn ۔ ان جماعتوں کی ایک کونسل ہے جو قانونی تعلیم اور امتحانات کا کام انجام دیتی ہے ۔

Innuendo, *n.* کنایہ ۔

کسی شخص کے لیے ایسے الفاظ کا استعمال جو فی نفسہ توہین آمیز نہ ہوں مگر شخص متعلقہ کے لیے اُن سے توہین کا پہلو نکلتا ہو ۔

بالعموم یہ اصطلاح فوجداری یا دیوانی مقدمات ہتک عزت میں استعمال ہوتی ہے جن میں یہ ظاہر کیا جاتا ہے کہ کوئی بیان جو بظاہر بے ضرر ہے شخص متعلقہ کے لیے باعث توہین ہے ۔

In obedience to, بمتابعت ۔ بہ تعمیل ۔

Inoffensive, *a.* غیر جارحانہ ۔ بے قصور ۔

Inofficious, *a.* فرض سے غافل ۔ بے عمل ۔ بے مروت ۔

Inofficious testament, اخلاقی فرض سے پہلو تہی کرتے ہوئے وصیت کرنا ۔ وہ وصیت جس میں بے جا طور پر بچوں کو ورثہ سے محروم کر دیا جائے ۔

Inoperative, *a.* غیر موثر ۔ غیر نافذ ۔

Inopportune, *a.* بے موقع ۔ بے وقت ۔

In order of seniority, بلحاظ تقدم ۔

Inordinate. *a.* غیر معتدل ۔ بے قاعدہ ۔ بے اُصولی ۔ بے احتیاط ۔

Inordinate delay, خلاف معمول تاخیر ۔

In partial modification, بہ ترمیم جزوی ۔

In partial supersession, بہ تنسیخ جزوی ۔

In person or by pleader, اصالتاً یا وکالتاً ۔

In precise terms, واضح الفاظ میں ۔ جامع و مانع الفاظ میں ۔

In presence of, بہ موجودگی ۔ بہ حاضری ۔

In pursuance of, بہ تعمیل ۔ بہ متابعت۔بہ پیروی ۔

In pursuance of an enactment, بہ پیروی قانون ۔

Inquest, *n.* تحقیقات مرگ ناگہانی ۔

(ابتدائی عدالتی تحقیقات بصورت مرگ ناگہانی) ۔

قانون میں یہ اصطلاح عموماً مرگ غیر طبعی کی ابتدائی عدالتی تحقیقات کے لیے استعمال ہوتی ہے ۔ انگلستان کے قانون کے بموجب جب کوئی شخص قتل کیا جاتا ہے یا اچانک مشتبہ حالت میں مر جاتا ہے تو اس کی وجہ مرگ کی تحقیقات جیوری (jury) کی موجودگی میں کارونر (Coroner) کے اجلاس میں ہوتی ہے ۔ ایسی تحقیقات کے نتائج بمنزلہ قرار داد جرم متصور ہوتے ہیں ۔

In question, زیر بحث ۔

Inquire, *v.* دریافت کرنا ۔ تحقیقات کرنا ۔

Inquiry, *n.* تحقیقات ۔

ضابطہ فوجداری پاکستان ۱۸۹۸ع میں تحقیقات کی تین اقسام ہیں : (۱) تفتیش (Investigation)، (۲) تحقیقات (Inquiry) اور (۳) عدالتی تحقیقات یعنی (Trial) ۔ ضابطہ فوجداری کی دفعہ ۴ میں تحقیقات کی حسب ذیل تعریف کی گئی ہے : ''تحقیقات میں ہر تحقیقات داخل ہے بجز اس عدالتی تحقیقات (Trial) کے جو بموجب ضابطہ فوجداری کسی مجسٹریٹ کے روبرو ہو رہی ہو'' ۔ یہ تعریف در حقیقت مجموعہ تعزیرات میں مستعملہ اصطلاح کی توضیح ہے نہ کہ جامع اور حاوی تعریف (۳۹ کلکتہ ص ۹۵۳)۔ تحقیقات اور تفتیش میں نمایاں فرق ہے کیونکہ تحقیقات کسی مجسٹریٹ یا عدالت کے روبرو ہوتی ہے اور تفتیش عہدہ دار کوتوالی کرتا ہے یا کوئی اور عہدہ دار جو عدالت یا مجسٹریٹ نہ ہو (۱۹۲۲ع مدراس ص ۳۰) ۔ جب کہ تفتیش محض بہم رسانی شہادت کے لیے

کی جاتی ہے ، تو تحقیقات کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ بعض خاص واقعات کا صدق یا دروغ دریافت کیا جائے تا کہ مزید کارروائی ہو سکے، اسی طرح عدالتی تحقیقات (Trial) اور تحقیقات (Inquiry) میں بھی خاص فرق ہے ۔ عدالتی تحقیقات ایک کارروائی عدالت ہے جو سزا یا برأت پر ختم ہوتی ہے ۔ دوسری تمام کارروائیاں تحقیقات ہوتی ہیں اور حالات کے لحاظ سے مختلف صورتوں میں ختم ہوتی ہیں ۔ لفظ عدالتی تحقیقات جس طرح مجموعہ تعزیرات میں استعمال ہوا ہے اس سے پہلے ہی سے جرم کا قیاس فرض کر لیا جاتا ہے (۱۹۲۰ء - مدراس ص ۲۲۷) ، جب کہ تحقیقات محض کسی جرم ہی کی تحقیقات نہیں ہوتی بلکہ دوسرے ایسے معاملہ سے بھی متعلق ہو سکتی ہے جو جرم نہیں ہے ۔

Inquiry, Conrt of تحقیقاتی عدالت ۔

Inquisition, *n*. تفتیش ۔ تفتیشی بیان ۔

Inquisitor, *n*. مفتش ۔ تحقیقات کنندہ ۔

Inquisitorial Principle, محتسبانہ اصول ۔

In Re, بمعاملہ ۔ بہ مقدمہ ۔

In regard to, بابت ۔ متعلق ۔ نسبت ۔ بارےمیں ۔

In response to, بجواب ۔

Insane, *n*. فاتر العقل ۔ مجنون ۔ پاگل ۔ معتوہ ۔

Insanity, *n*. دیوانگی ۔ فاتر العقلی ۔ پاگل پن ۔ جنون ۔ خبط ۔

جنون کی قانونی تعریف یہ ہے کہ ''خلل دماغ جو کسی شخص کو اچھے اور برے میں تمیز کرنے کی صلاحیت سے محروم کر دے ۔''

اگر ایک وقت اس کا وجود ثابت کر دیا جائے تو اس کے جاری رہنے کا قیاس ہوتا ہے۔ اسلامی فقہ میں جنون کی دو قسمیں بیان کی گئی ہیں ایک جنون مطبق (مسلسل) اور دوسرے غیر مطبق (غیرمسلسل، وقتی دورہ کی صورت میں) ۔ اس لیے ان کے قانونی اطلاقات بھی مختلف ہوں گے ۔

Insanity, Medical and legal طبی و قانونی جنون ۔

جنون طبی اور قانونی کے معیارات یکساں نہیں ہیں (پی ایل ڈی ۱۹۶۳ء کراچی ص ۱۰۳۴) ۔

Inscription, *n*. نقش ۔ کندہ ۔

Insecure, *a*. غیر محفوظ۔ غیر مستحکم۔ غیر یقینی ۔

Insecurity, *n*. عدم تحفظ ۔

In sequence, سلسلہ وار ۔

Insert, *v*. درج کرنا ۔ لکھنا ۔ داخل کرنا۔شامل کرنا ۔

Insertion, *n*. اندراج ۔ شمول ۔

Insignia, *n*. امتیازی نشان ۔ تمغہ ۔

Insignificant, *a*. خفیف ۔ حقیر ۔ غیر اہم ۔

Insist, *v*. اصرار کرنا ۔ تاکید کرنا ۔

Insistant, *a*. مصر ۔ بضد ۔ اڑا ہوا ۔

Insolent, *a*. گستاخ ۔ بد تمیز ۔

Insoluble, *a*. لا ینحل ۔

Insolvency, *n*. دوالہ ۔

Insolvency, Acts of افعال دوالہ ۔

(See 'Acts of Insolvency')

Insolvency Court, عدالت دوالہ ۔

Insolvency jurisdiction, صیغہ دوالہ ۔ اختیار سماعت مقدمات دوالہ ۔

Insolvency proceeding, کارروائی دوالہ ۔

Insolvent, *n*. دوالیہ ۔

وہ شخص جو اپنے ان قرضوں کی ادائی کے قابل نہ رہے جو دوران کاروبار معمولی واجب الادا ہو چکے ہیں یا جس کی ذمہ داریاں اس کے قابل الوصول اثاثہ سے تجاوز کر چکی ہوں ۔

Insolvent debtor, مدیون دیوالیہ ۔

In so much, اس حدتک ۔ حتیٰ کہ ۔ یہاں تک کہ ۔

Inspect, *v*. معائنہ کرنا ۔ ملاحظہ کرنا ۔ جانچ کرنا ۔

Inspection, *n*. معائنہ ۔ جانچ ۔

مقدمہ فوجداری میں جب ملزم کے خلاف استغاثہ کی شہادت کے دوران دستاویزات پیش ہوں اور انہیں مجسٹریٹ نے اگزبٹ (نشان مظہرہ) نمبر ڈال کر شامل مسل کیا ہو تو ملزم کو یہ حق حاصل ہوتا ہے کہ ایسی دستاویز کے معائنہ کی درخواست کرے اور ایسی درخواست محض اس ہدایت کے ساتھ کہ ''مصدقہ نقول حاصل کی جا سکتی ہیں'' نامنظور نہیں کی جا سکتی ۔ عدالت کو یہ اختیار ہے کہ کسی دستاویز یا اور کسی چیز کو عدالت میں پیش کرنے کا حکم دے اور اسی کے ساتھ یہ اختیار بھی حاصل ہے کہ فریقین کو ان چیزوں کے معائنہ کی اجازت دے (۳۸ کلکتہ

ص ۶۸)، لیکن معائنہ صرف عدالت میں ہو سکتا ہے کسی اور مقام پر نہیں - اس لیے جہاں ایک ملزم نے اپنی کتب حساب اپنے وکیل کے دفتر میں رکھی ہوں تو مجسٹریٹ وکیل کے دفتر میں معائنہ کا حکم نہیں دے سکتا - ان کتب حساب کو اولاً عدالت میں پیش ہونا چاہیے (۵ بمبئی لا - رپورٹر ص ۹۸۰) مجسٹریٹ کو اس سلسلے میں وضاحتی احکام دینا چاہییں کہ معائنہ کہاں اور کس وقت اور کس عہدہ دار کے سامنے کیا جائے گا (۱۹۲۰ع کلکتہ ص ۳۴۹)-

جج یا مجسٹریٹ موقع واردات کا معائنہ کر سکتے ہیں مگر فریقین کو اس کی اطلاع دینا ضروری ہے - اسی طرح انہیں یہ بھی اختیار ہے کہ شہادت کو صحیح طور پر متعین کرنے اور سمجھنے کے لیے بھی کسی مقام کا معائنہ کریں - جیوری یا اسیسر صاحبان بھی معائنہ کر سکتے ہیں لیکن معائنہ موقع شہادت کو سمجھنے کے لیے ہونا چاہیے نہ کہ شہادت پیدا کرنے کے لیے، کیونکہ دوسری صورت میں معائنہ کنندہ جج یا مجسٹریٹ کی حیثیت خود ایک گواہ کی سی ہو جائے گی (پی - ایل - ڈی ۱۹۵۸ع کراچی ص ۴۲) -

Inspection fee, فیس معائنہ -

Inspection note, یادداشت معائنہ -

عدالت معائنہ کنندہ کے لیے لازم ہے کہ وہ معائنہ کی یادداشت مرتب کرے اور شامل مسل کرے جس کو فریقین دیکھ سکیں -

Inspection of document, معائنہ دستاویزات -

دیوانی مقدمات میں فریقین مقدمہ اور عدالت دیوانی کو معائنہ دستاویزات و معائنہ موقع کے اختیارات حاصل ہیں جن کا تفصیلی بیان ضابطہ دیوانی میں موجود ہے -

جن دستاویزات کا فریقین کے حلف ناموں یا پلیڈنگس میں حوالہ دیا گیا ہو ان کے معائنہ کی عدالت کو ضرور اجازت دینی چاہیے بجز اس کے کہ دستاویز کو استثناء یا مراعات ملی ہوئی ہو - (۳۰ مدراس ص ۳۲)-

Inspection of record, معائنہ مسل -

Inspector, *n.* انسپکٹر - ناظر -

Inspector General, انسپکٹر جنرل -

Inspector, Prosecution *n.* پیروکار سرکار - (مقدمات فوجداری) -

Inspector, Excise انسپکٹر آبکاری -

Inspiration, *n.* الہام -

Install, *v.* مسند نشین کرنا - قائم کرنا - نصب کرنا -

Installation, *n.* تنصیب - مسند نشینی - کسی عہدہ پر مقرر کرنے کی رسم -

Instalment, *n.* قسط -

Instance, *n.* مثال - نظیر - ایماء - تحریک -

Instance, At the حسب ایماء یا تحریک -

Instance, Court of First عدالت ابتدائی -

Instance, For مثلاً -

Instant, موجودہ (لمحہ) - اس وقت -

Instantaneous, *a.* فوری —

Instantly, *ad.* فوراً - آناً فاناً - اسی وقت - اسی لمحہ -

Instead of, اس کی بجائے - اس کی جگہ -

Instigate, *v.* ترغیب دینا - آمادہ کرنا - بھکانا - (جرم کے لیے) -

Instigator, *n.* ترغیب دہندہ - بھکانے والا -

Institute, *n.* اصول اور مبادیات (قانون) - علمی مجلس یا ادارہ -

Institute, *v.* دائر کرنا - رجوع کرنا - قائم کرنا - شروع کرنا -

Instituted, *a.* دائر کردہ - متدائرہ -

دائر کردہ کارروائی کے معنی ہیں آغاز شدہ کارروائی - ایک عکسی دعویٰ کارروائی متدائرہ کی تعریف میں داخل ہے -

Institution, *n.* آغاز - ادارہ -

Institution of prosecution, ارجاع استغاثہ -

استغاثہ کے ارجاع کا مطلب اس کارروائی کے آغاز سے ہے جو کسی ملزم کو عدالت کے روبرو پیش کرنے کے لیے کی جاتی ہے -

Institution of suit, ارجاع نالش - ارجاع دعویٰ - ارجاع مقدمہ -

Instruct, *v.* ہدایات دینا - مطلع کرنا - تعلیم دینا - حکم دینا (اصطلاحاً) -

Instruction, (s) *n.* ہدایات ۔

Instructions of Government, ہدایات حکومت ۔

مرکزی اور صوبائی حکومتیں بعض اوقات ہدایات جاری کرتی ہیں ۔ یہ ہدایات قانون کو سمجھنے میں سہولت پیدا کرنے کی غرض سے شائع کی جاتی ہیں ۔ ان کو کس حد تک قانون کا درجہ دیا جا سکتا ہے ، اس کا فیصلہ ہدایت کی نوعیت اور جاری کنندہ کی حیثیت و اختیار کے پیش نظر عدالت خود کرے گی ۔

ناگپور ہائی کورٹ نے ایک مقدمہ میں مرکزی اور صوبائی حکومتوں کی یاد داشتوں اور ہدایتوں کو قانون کا درجہ دینے سے انکار کرتے ہوئے لکھا ہے کہ مرکزی اور صوبائی حکومتوں کی یاد داشتوں اور ہدایتوں کو اس امر کی اجازت نہیں دی جا سکتی کہ وہ قانون کے سادہ الفاظ کی تعبیر پر اثر انداز ہوں ۔ یہ یادداشتیں یا ہدایات قانون نہیں ہیں اور انہیں کسی صورت میں بھی امدادی نہیں کہا جا سکتا (۱۹۵۰ء ناگپور ص ۱۶۹) ۔

Instrument, *n.* دستاویز ۔ اوزار ۔ آلہ ۔

Instrument of apprenticeship, دستاویز کارآموزی ۔

Instrument of cancellation, دستاویز تنسیخ ۔ تنسیخ نامہ ۔

Instrument of charge, دستاویز بار کفالت ۔

Instrument of exchange, دستاویز تبادلہ ۔

Instrument of further charge, دستاویز بار مزید ۔

Instrument of lease, دستاویز پٹہ ۔ کرایہ نامہ ۔

Instrument of title, دستاویز حقیت ۔

Instrument of trust, دستاویز امانت ۔

Insubordination, *n.* سرکشی ۔ نافرمانی ۔ عدول حکمی ۔

عام طور پر عہدہ دار بالادست کے جائز احکام کی عمداً نافرمانی 'عدول حکمی' کہلاتی ہے ۔ چنانچہ کسی ماتحت کا اپنے افسر کے ان احکام سے جو دفتری ضابطہ ، عام برتاؤ اور وقتاً فوقتاً فرائض کی انجام دہی سے متعلق ہوں ، عمداً انکار کرنا ، یا اس طرح پیش آنا جس سے ان احکام کی انجام دہی میں رکاوٹ پیدا ہوتی ہو ، نافرمانی کی تعریف میں آ سکتا ہے ۔

Insufficiency, *n.* کمی ۔

Insufficient, *a.* ناکافی ۔ کم ۔

Insufficient cause, ناکافی وجہ ۔

Insufficient security, ناکافی ضمانت ۔

Insufficiently stamped instrument. ناکافی اسٹامپ شدہ دستاویز ۔

Insult, *n.* & *v.* توہین ۔ ہتک ۔ تذلیل ۔ توہین کرنا ۔ ذلیل کرنا ۔

In supersession of, بہ تنسیخ ۔

Insurance, *n.* بیمہ ۔

بیمہ ایک ایسا معاہدہ ہے جس میں ایک شخص جو بیمہ کنندہ کہلاتا ہے دوسرے کو جو بیمہ شدہ کہلاتا ہے نقصان سے محفوظ رکھنے کی ذمہ داری لیتا ہے ، اسی ذمہ داری کو بیمہ کہا جاتا ہے ۔ بیمہ کسی ممکن الوقوع نقصان کے خلاف یا کسی مخصوص واقعہ کے ظہور پر ایک خاص رقم کی ادائی کی بابت کیا جاتا ہے ۔ اس کا رقمی بدل یا تو یک مشت یا میعادی ادائی کی شکل میں ہوتا ہے جس کو پریمیم یا اقساط بیمہ کہتے ہیں ۔ وہ دستاویز جس میں معاہدہ بیمہ لکھا جاتا ہے بیمہ کی پالیسی کہلاتی ہے ۔ یہ معاہدہ اب بہت عام ہوگیا ہے اور تقریباً ہر خطرے سے تحفظ کے لیے کیا جاتا ہے ۔ ان میں اہم اور مشہور بیمے زندگی ، آگ ، حادثہ اور بعض سمندری و ہوائی خطرات سے متعلق ہیں ۔

معاہدات بیمہ میں ہر اس اہم واقعہ کا انکشاف ہونا چاہیے جو بیمہ کرنے والے کے فیصلہ پر اثر انداز ہو سکتا ہے ۔ یہ کافی نہیں ہے کہ کوئی غلط بیانی نہیں کی گئی بلکہ اگر کوئی ایسی اہم اطلاع جس کا علم بیمہ کرانے والے کو ہو اور وہ اطلاع ایسی ہو جو بیمہ کرنے والے کے فیصلہ کو متاثر کر سکتی ہو اور جس سے اس امر کا امکان پایا جاتا ہو کہ اس کے انکشاف سے بیمہ کرنے والا بیمہ کرنے سے انکار کر دے گا ، بیمہ کمپنی کے علم میں آ جائے تو بعض صورتوں میں بیمہ کمپنی پالیسی کو منسوخ کر سکتی ہے ۔

اسلامی قانون میں بیمہ کی موجودہ صورتیں شرعی تقاضوں پر پورا نہیں اترتیں، اس لیے جمہور علماء کی رائے میں بیمہ ناجائز ہے ۔

املاک بلا اجازت کسٹوڈین منتقل نہیں کر سکتا (پی ایل ڈی ۱۹۶۰ع کراچی ص ۳۳)۔

Intendment, *n*. غرض ۔ نیت ۔ قیاس قانونی ۔

Intendment of law, منشاء قانون (صحیح) ۔

Intense, *a*. شدید ۔ سخت ۔

Intent, *n*. منشاء ۔ نیت ۔ مراد ۔

نیت فعل کا قیاس ما قبل و متاخرہ افعال سے کیا جا سکتا ہے ۔ اسلامی قانون کا ایک مشہور مقولہ ''الاعمال بالنیات'' عمل نیت کے ساتھ ہے ۔ یہ آنحضرت ؐ کی ایک مشہور حدیث کا ٹکڑا ہے ۔

Intent, Common نیت مشترک ۔ نیت عام ۔

Intent, Criminal نیت مجرمانہ ۔

Intent, Felonious نیت مفسدانہ ۔

Intent, General نیت عام ۔

Intent, Specific نیت مختص ۔ نیت معین ۔

Intent to defraud, نیت دھوکہ دہی ۔

دھوکہ دہی کی نیت سے مراد کسی شخص کو یہ باور کرانے کا باعث ہونا ہے کہ ایک چیز صحیح ہے حالانکہ وہ چیز غلط ہو اور وہ شخص جو دھوکہ دینا چاہتا ہو یہ باور کرتا ہو یا باور کرنے کی وجہ رکھتا ہو کہ وہ چیز غلط ہے اور اس کے باوجود وہ دھوکہ دے تو کہا جائے گا کہ اس شخص کی دھوکہ دینے کی نیت تھی ۔

Intention, *n*. نیت ۔ ارادہ ۔

نیت کی قانونی تعریف یوں کی جا سکتی ہے کہ نیت وہ مقصد ہے جو کسی مخصوص ذریعہ کے استعمال سے ایک معین نتیجہ برآمد کرنے کے لیے ہو ۔

نیت' غرض (Motive) سے مختلف ہے کیونکہ Motive اس سبب کا نام ہے جو نتیجہ کے حصول کی جانب دماغ کی رہ نمائی کرتا ہے ۔

دراصل نیت سے مراد ہے شخص متعلقہ کی قوت عزم یعنی منشاء و مقصد کا وہ عمل جو کسی ظاہر فعل کا محرک ہوا کرتا ہے' جب کہ مقصد یا منشاء سے وہ احساسات و تاثرات مراد ہوتے ہیں جو قوت عمل کو کسی فعل کے ارتکاب کے لیے اکساتے ہیں' یعنی انسان کی در پردہ خواہش مثلاً جذبہ' انتقام کی تسکین ۔

فوج داری اور دیوانی قوانین میں لفظ ''نیت'' کی

Insurance, Accident حادثہ بیمہ ۔

اس بیمہ کے معاہدہ میں بیمہ کرنے والا یہ اقرار کرتا ہے کہ بیمہ کرانے والے شخص کو کسی متذکرہ حادثہ کی صورت میں ایک مخصوص رقم ادا کرنے کا پابند ہوگا ۔

Insurance Act, قانون بیمہ ۔ بیمہ ایکٹ ۔

Insurance Company بیمہ کمپنی ۔ شرکت بیمہ ۔

Insurance, Fire آگ بیمہ ۔

Insurance, Life جان بیمہ ۔ بیمہ' زندگی ۔

Insurance Policy دستاویز بیمہ ۔

دستاویز بیمہ ایک ایسی دستاویز ہوتی ہے جس میں ایک شخص بمعاوضہ اقساط بیمہ دوسرے شخص کو نقصان یا مضرت یا دیگر ذمہ داریوں سے، جو ناگہانی طور پر ظہور میں آتی ہوں ، محفوظ رکھنے کا معاہدہ کرتا ہے ۔ اس دستاویز میں وہ دستاویزات بھی داخل ہیں جو زندگی کے بیمہ کی بابت یا کسی حادثہ ، علالت یا دوسرے کسی شخص کے بیمہ سے متعلق ہوں (قانون اسٹامپ دفعہ ۳) ۔ بیمہ کی پالیسی کی تعریف ان الفاظ میں کی جا سکتی ہے کہ ایک باقاعدہ دستاویز جو معاہدہ بیمہ پر مبنی ہو (۱۹۴۴ع سندھ ص ۹۸) ۔

Insure, *v*. بیمیانہ ۔ بیمہ کرنا یا کرانا ۔ محفوظ کر لینا ۔ (نقصان یا مضرت کی صورت میں) ۔

Insured, *n*. بیمہ دار ۔

Insurgent, *a*. باغی ۔

Insurrection, *n*. سرکشی ۔ بغاوت ۔ تحریک بغاوت ۔

Intact, *a*. بجنسہ ۔ جوں کا توں ۔ سالم ۔ محفوظ ۔

Intangible, *a*. ناقابل حس (اشیاء) ۔ غیر مرئی ۔

Integral part, جزو لازمی ۔

Integrity, *n*. دیانت داری ۔

Intelligent, *a*. ذہین ۔

Intend, *v*. ارادہ کرنا ۔

Intending evacuee, قاصد ترک وطن ۔

تارک وطن اور جس نے ترک وطن کا قصد کیا ہو ، کے درمیان یہ فرق ہے کہ جو تارک وطن ہو چکا ہو اس کی املاک پر کسٹوڈین کا مالکانہ قبضہ متصور ہوتا ہے اور جو شخص ترک وطن کا قصد کرے اس پر یہ پابندی عائد کی گئی ہے کہ وہ اپنی جائیداد اور

مختلف تشریحیں کی گئی ہیں اور اس سے مختلف نتائج برآمد ہوئے ہیں ۔

Intentional, *a.* دانستہ ۔ بالارادہ ۔ بالقصد ۔

ایک شخص جو اپنے عمل یا بیان سے کسی شخص کو یہ باور کرانے کا باعث ہو کہ ایک چیز صحیح ہے اور اس پر عمل کیا جائے تو اس کا یہ عمل قانونی معنی میں بالارادہ کہا جائے گا ۔ اگر ایک معقول شخص اس بیان کو صحیح سمجھے اور باور کر لے تو اس کے معنی یہ ہوں گے کہ اس نے اس پر بالارادہ عمل کیا (۱۹ انڈین کیسیز ص ۳۰۲) ۔

Intentionally, *ad.* بالارادہ ۔ عمداً ۔ قصداً ۔ دیدہ و دانستہ ۔

قانون فوج داری میں کسی فعل ممنوع کا بالارادہ انجام دینا خاص اہمیت رکھتا ہے ۔ قانون عامہ انگلستان کے تحت کسی غیر قانونی فعل کو جرم لائق تعزیر قرار دینے کے لیے اس کا بالارادہ کیا جانا لازمی تھا ۔ لیکن قانون کی جدید تعبیر کے تحت یہ تصورعام ہو گیا ہے کہ کسی غیر قانونی فعل کی انجام دہی یا ترک بالارادہ نہ بھی ہو تب بھی بعض حالات میں وہ غیر قانونی فعل لائق تعزیر ہوگا ۔ اس قسم کے جرائم کو جرائم پربنائے قانون (Statutory offences) بھی کہا جاتا ہے ۔

Inter alia, منجملہ اور چیزوں کے ۔

Intercede, *v.* کسی کے لیے معافی مانگنا ۔ بیچ بچاؤ کرانا ۔

Interceder, *n.* کسی کے قرضہ کا دیندار ۔ بیچ بچاؤ کرانے والا ۔

Intercept, *v.* راستہ میں روک لینا ۔ مزاحم ہونا ۔

Interchange, *n.* باہمی تبادلہ ۔ بدل کرنا ۔ بیچ بچاؤ کرانا ۔

Interconnected, باہم مربوط ۔

Intercourse, *n.* تعلق ۔ میل جول ۔

Intercourse, Sexual جنسی تعلق ۔ جنسی مقاربت ۔

Interdict, *v.* ممانعت کرنا ۔ بازرکھنا ۔ حکم امتناعی دینا ۔ مذہبی فرائض کی بجا آوری سے محروم کر دینا ۔

Interdiction, *n.* امتناع ۔ ممانعت ۔ حکم امتناعی ۔

Interest, *v.* دلچسپی پیدا کرنا ۔ ترغیب دلانا ۔ شوق دلانا ۔

Interest, *n.* سود ۔ مفاد ۔ غرض ۔

سود اس رقم کو کہتے ہیں جو اصل زر یا رقم قرض کے علاوہ استفادہ کی وجہ سے ادا کی جائے ۔ بالعموم یہ رقم ایک خاص شرح فیصد سالانہ یا ماہانہ کے حساب سے شمار کی جاتی ہے ۔ رقم جو قرض لی جاتی ہے وہ 'اصل رقم' اور جو اضافہ دی جاتی ہے وہ 'سود' اور رقم اضافہ فیصد 'شرح سود' کہلاتی ہے ۔ شرح سود وہاں بڑھ جاتی ہے جہاں وصولی رقم میں زیادہ جوکھم ہو ۔

سود کی ادائی کی ذمہداری یا تو از روئے معاہدہ عائد ہوتی ہے یا نوٹس دینے کے بعد ، از روئے قانون (ملاحظہ ہو قانون سود) ۔

اسلامی قانون کی رو سے سود حرام ہے' اس کا لینا بھی اور دینا بھی' البتہ دارالحرب میں چونکہ اسلامی قانون رائج نہیں ہوتا اور مسلمان غیر مسلموں کے قانون کے' پابند ہوتے ہیں اس لیے بعض حالات میں مسلمان کے لیے اس کا لین دین حرام نہ ہوگا (ملاحظہ ہو کتاب البیوع الہدایہ ۔ ' آخرین) ۔

Interest, Compound سود مرکب ۔

سود مرکب اصل اور سود دونوں پر شمار کیا جاتا ہے لیکن قانوناً نہیں دلایا جا سکتا ۔ اصول یہ قرار دیا گیا ہے کہ دائن کا فرض ہے کہ جیسے ہی سود واجب الادا ہو جائے وہ اس کا مطالبہ کرے ۔

Interest free, بلا سود ۔ بغیر سود ۔ قرض حسنہ ۔

Interest, Rate of شرح سود ۔

Interest, Simple سود مفرد ۔

Interest warrant, پروانۂ سود ۔

Interested, *v.* غرض مند ۔ دلچسپی یا غرض رکھنے والا ۔

Interested witness, طرفدار گواہ ۔ گواہ غرض مند ۔

قانون شہادت میں گواہ کا مفاد اس کے اعتبار پر اثر انداز ہوتا ہے ۔ مفاد یا تو مالی یا کسی جائیداد میں ہونا چاہیے ۔

Interfere, *v.* مداخلت کرنا ۔ دخل دینا ۔

Interference, *n.* مداخلت ۔

Interference to an electoral right, حق انتخاب میں مداخلت ۔

Interim, *a.* درمیانی ۔ عارضی ۔

nterim order, حکم درمیانی ـ حکم عارضی ـ

nter-lineation, *n.* تحریر بین السطور ـ

nterlocutory motion, درمیانی درخواست ـ

ntorlocutory order, حکم درمیانی ـ

حکم یا تجویز جو اثنائے نالش میں صادر کی جا
اور جس کا منشاء فیصلہ قطعی کرنا نہ ہو ـ

nter-marriage, *n.* ازدواج باہمی ' دو فرقوں یا
قوموں کے مابین ـ

ntermeddle, *v.* دخل درمعقولات ـ بیجا دخل اندازی ـ

ntermediary Order, حکم درمیانی ـ

dtermediation, *n.* مصالحت ـ

nterminable, *a.* لامتناہی ـ کبھی نہ ختم ہونے والا ـ

ntern, *v.* نظر بند کرنا ـ زیر نگرانی رکھنا ـ

nternal, *a.* باطنی ـ داخلی ـ اندرونی ـ

nternational, *a.* بین الاقوامی ـ

nternational Court of Justice,
بین الاقوامی عدالت انصاف ـ

اقوام متحدہ کے منشور کے تحت بین الا قوامی
عدالت کا قیام عمل میں لایا گیا ہے جس کا صدر مقا
ہیگ (Haigue) ہے ـ صرف اقوام متحدہ کے مم
ممالک بین الاقوامی عدالت سے رجوع کر سکتے ہیں ـ
پاکستان کے سر ظفر اللہ خاں اس عدالت کے ایک
عرصہ تک جج رہ چکے ہیں ـ

Internationalist, *n.* بین الاقوامی اتحاد کا حامی ـ

International law. بین الاقوامی قانون ـ

متمدن اقوام نے باہمی تعلقات سے متعلق جن قواعد
عمل کو تسلیم کیا ہے وہ بین الاقوامی قانون
کہلاتے ہیں ـ یہ تعلقات باہمی منظوری یا مسلسل
عمل درآمد یا صلح ناموں کے ذریعہ قائم ہوتے ہیں ـ

Internment, *n.* نظر بندی ـ

Inter-parties, مابین فریقین ـ

Interpellation, *n.* مطالبہ تفصیلات ـ سوال ـ

اگرچہ قومی یا صوبائی اسمبلی عاملہ کی کارروائیوں
پر کنٹرول نہیں کر سکتی تاہم اس کے ارکان وقتاً فوقتاً
وزراء سے نظم و نسق اور حکومت کی پالیسی کے
متعلق مختلف سوالات کرنے کا حق رکھتے ہیں ـ ہر
رکن کو ایسا سوال کرنے سے پیشتر متعلقہ وزیر کو
سوال کی ایک نقل دینا ہوتی ہے ـ اسپیکر اس کا فیصلہ
کرتا ہے کہ آیا سوال پوچھا جا سکتا ہے یا نہیں ـ
ان سوالات کا اتنا فائدہ ضرور ہوتا ہے کہ عوام
حکومت کی بہت سی کارروائیوں سے واقف ہو
جاتے ہیں ـ اگر کسی محکمہ میں کوئی بدعنوانی
ہوتی ہے تو وہ سامنے آ جاتی ہے اور حکومت بھی
محتاط ہو جاتی ہے ـ مقننہ کے اس اختیار طلب تفصیل
کو ''Interpellation'' کہا جاتا ہے ـ

Interplead, *v.* مخالفانہ دعویٰ پر بحث کرنا ـ

Interpleader, *n.* مخالفانہ دعویٰ پر بحث کرنے والا ـ

Interpleader suit, نالش حریفانہ ـ

جب دو یا دو سے زیادہ اشخاص کسی واجب
الوصول قرضہ یا دوسری جائیداد کے لیے کسی دوسرے
شخص کے مقابلہ میں' جو جائیداد متنازعہ میں بجز
اخراجات یا بقایا قیمت وغیرہ کے اور کسی مفاد کا
دعویدار نہ ہو اور شے متنازعہ صحیح حقدار کے حوالہ
کرنے کے لیے تیار ہو' ایک دوسرے کے مقابلہ میں
ادعائے حق کرتے ہوں تو وہ شخص جس کو ملکیت
یا مفاد سے کوئی دلچسپی نہ ہو عدالت دیوانی میں
ان سب اشخاص کے مقابل جنہیں حریفانہ ادعائے
ملکیت ہو تحت دفعہ ۸۸ مجموعہ ضابطہ دیوانی دعویٰ
پیش کر دے گا' تاکہ اس شخص کا تعین ہو جائے
جس کو ادائیگی یا حوالگی کی جانی چاہیے ـ اور اس
طرح اپنا تحفظ کر لیا جائے گا بجز اس کے کہ عدالت
میں کوئی اور مقدمہ زیر سماعت ہو جس میں فریقین کے
حقوق فیصل ہو سکتے ہوں ـ عرضی دعویٰ میں اس کا
اظہار کر دیا جاتا ہے کہ مدعی کو شئے متنازعہ
میں بجز اخراجات یا قیمت کے کوئی ادعائے ملکیت
نہیں ہے اور نہ مدعی کے مدعا علیہ سے کوئی اور
حقوق متصادم ہیں ـ

Interpolate, *v.* الفاظ بڑھانا ـ اضافہ کرنا (بدنیتی سے) ـ

Interpolation. *n.* الحاق ـ اضافہ ـ الحاقی عبارت ـ

Interpose, *n.* مداخلت کرنا ـ دست اندازی کرنا ـ

Interpretation, *n.* تعبیر ـ توضیح (تفسیر) ـ

تمام معاہدات' وصیت ناموں اور قوانین کی درست
تعبیر کی بنیاد نیک نیتی اور فہم صحیح پر مبنی ہونی
چاہیے اور اس کا مقصد فریق یا فریقین کا منشاء و

کی تکمیل ہونی ہو کیونکہ ایسی صورت میں قانوناً
یہ فرض کیا جاتا ہے کہ تعمیل وہیں ہوگی جہاں
تکمیل معاہدہ ہونی ہے ۔ تمام دستاویزات میں مطبوعہ
حصہ کے مقابلہ میں ہاتھ سے لکھے ہوئے حصہ' دستاویز
کو فوقیت حاصل ہوتی ہے ۔ ایک چیز کے دینے کا
مطلب یہ ہے کہ وہ تمام چیزیں بھی دے دی گئیں
جو اس کے استعمال کے لیے ضروری ہوں الا یہ کہ
کسی شرط سے اس کے خلاف نتیجہ نکالا جا سکتا ہو۔
جن اشخاص نے اپنے کو پابند کر لیا ہو قانوناً
یہ تصور کیا جائے گا کہ ان کے قائم مقامان یعنی
ورثاء ' اولیاء ' مہتمان ترکہ بھی اس کی وفات کے
بعد معاہدہ کے پابند ہیں الا یہ کہ وہ معاہدات شخصی
نوعیت کے ہوں ۔

Interpretation clause, فقرۂ تعبیری ۔

یہ قانون کی اس دفعہ یا فقرہ کو کہتے ہیں جو
ن بعض الفاظ کی تعریفات پر مشتمل ہوتی ہے جو
س قانون میں استعمال ہوئے ہوں ۔ تعبیری دفعہ تمام
انون پر محیط ہوتی ہے بجز اس کے کہ سیاق و سباق
بارت یا کوئی اور معقول وجہ اس کے خلاف ہو
۱۹۲۰ء پریوی کونسل ص ۱۱۳) ۔

Interpretation of Constitution,
تعبیر و تشریح دستور ۔

Interpretation of ordinary law,
تعبیر و تشریح قانون عام ۔

Interpretation of statute, تعبیر قانون (منظورہ) ۔

سب سے پہلا اور اہم اصول تعبیر و اطلاق قوانین
یہ ہے کہ قانون کی تعبیر اس کے جملوں اور الفاظ
کے صاف معنوں میں کی جانی چاہیے (۱۹۳۸ء لاہور
ص ۲۵۱) ۔

عدالت کا یہ کام نہیں ہے کہ اپنی طرف سے ایسے
فاظ کا اضافہ کر لے جو موجود نہ ہوں یا کسی بھی
سلمہ اصول تعبیر کے تحت مناسب طور پر مراد نہ
وں ۔ کیونکہ اس عمل کی کسی مسلمہ اصول قانون
ے تائید نہیں ہوتی ۔ قانون کے الفاظ کا حذف یا اضافہ
تننہ کا کام ہے اور عدالت کے احاطہ' اختیار سے باہر
ہے (۱۹۳۸ء پریوی کونسل ص ۲۸۱) ۔ یہ ایک
ت خطرناک بات ہے کہ ایک قانون کی تعبیر و تشریح

مفہوم حاصل کرنا ہونا چاہیے ۔ اگر کسی فقرہ یا
لفظ سے دو مفہوم نکلتے ہوں تو پہلا مفہوم لیا جائے
گا ۔ سیاق و سباق کے لحاظ سے جو مفہوم قریب تر
ہو وہ لیا جانا چاہیے ۔ اگر الفاظ غیر ارادی طور پر
چھوٹ گئے ہوں اور مطلب ظاہر ہو رہا ہو تو الفاظ
کا اضافہ کر دیا جائے گا ۔ کسی ناممکن' غیر قانونی'
غیر اخلاقی یا فریبانہ بات یا ایسی بات جو مصلحت
عامہ کے خلاف ہو' اس کے کرنے کی نیت کا مفہوم
نکالنے کی اجازت کسی صورت میں نہیں دی جائے گی
جبکہ الفاظ سے کسی اور مفہوم کا نکالنا بھی ممکن ہو۔
ہمیشہ کامل دستاویز سے معنی و مفہوم کا تعین کیا
جانا چاہیے نہ کہ اس کے کسی خاص حصہ سے
منشاء اخذ کیا جائے ۔ اگر دستاویز کا کوئی حصہ
تمام مضمون دستاویز سے متضاد ہو تو اس کو نظرانداز
کر دینا چاہیے ۔ لیکن اگر وہ حصہ محض توضیحی ہو
یا اس کا منشاء یہ ہو کہ دستاویز کے عمل کو محدود
کر دیا جائے تو پھر اس کو نظر انداز نہیں کیا جا
سکتا ۔

جہاں معاہدہ میں مخفی ابہام ہو یعنی خود دستاویز
میں تو ظاہر نہ ہوتا ہو مگر انکشاف حالات کے بعد
جس کی طرف دستاویز کی عبارت اشارہ کر رہی ہو'
ظاہر ہو سکتا ہے تو ایسی توضیحات بذریعہ' شہادت
زبانی ثابت کی جا سکتی ہیں ۔

سر الفریڈ ڈیننگ کی رائے میں الفاظ کی غلامی میں
مبتلا ہوئے بغیر عبارت کی ایسی معقول توضیح و تاویل
کی جانی چاہیے جو قرین عدل و انصاف ہو ۔

جہاں دستاویز کے مطالب و معانی کی نسبت شبہ
ہو تو معاہدہ کی تعبیر اس فریق کے حق میں سختی
سے ہونی چاہیے ' مگر ان کے عام معنی سے ہٹ کر
نہیں ۔ جائیداد غیر منقولہ سے متعلق معاہدات وہاں
کے قانون سے متعلق ہوں گے جہاں وہ جائیداد واقع
ہو۔اور اس کے مطالب و معانی وہی سمجھے جائیں گے
جو اس قانون کے ہم آہنگ ہوں ۔ جائیداد منقولہ کے
معاہدات کی تعبیر اس قانون سے ہم آہنگ ہوگی جہاں
کہ معاہدات کی تعمیل ہونی ہے یا اگر تعمیل کے لیے
کوئی مقام مختص نہیں کیا گیا ہے تو پھر تعبیر اس
قانون سے ہم آہنگ کی جائے گی جہاں کہ معاہدات

دوسرے قانون کے الفاظ سے کی جائے (۶۵ انڈیر
کیسیز ص ۲۵۳) - عدالت انصاف کے جج کو ن
مقننہ کے اختیارات ہوتے ہیں اور نہ قانون کی منطق
سے اس کو کوئی سروکار ہوتا ہے - اس کا کام صرف
اسی قدر ہے کہ سیدھے سادے طریقہ پر قانون ک
اطلاق کرے - ججوں کا یہ کام نہیں ہے کہ جب
الفاظ صاف اور صریح ہوں تو قانون کے گرد چکر
لگانے کی کوشش کریں (۱۹۳۸ع لاہور ص ۱۵۸) -
جب قانون کے الفاظ سے صرف ایک معنی نکلتے ہود
تو عدالتوں کو یہ آزادی نہیں دی جا سکتی کہ و
مقننہ کے منشاء یا نیت کا کھوج لگائیں اور اپنے خیال
کے مطابق اس کی تعبیر کریں - کوئی چیز اس سے
زیادہ خطرناک نہیں ہو سکتی کہ ایسے تصورات کو
قانون کی تعبیر و تشریح کے لیے وجہ قرار دیں جو
فی نفسہ مبہم و ناقص ہوں - ان تصورات کی وجہ
سے الفاظ کے واضح معانی سے انحراف دراصل ان کی
تعبیر نہیں بلکہ انہیں بدل دینا ہے - شارح کا کام
قانون کو بہتر بنانا نہیں بلکہ اس کی تشریح کرنا ہے -
اس کے لیے سوال یہ نہیں ہے کہ مقننہ کا منشاء کیا
تھا، بلکہ یہ دیکھنا ہے کہ قانون کی زبان کیا ہے
یعنی قانون جو کہتا ہے اس کا مطلب کیا ہے - قانون
کی ایسی تعبیر جو الفاظ ظاہری کے معنی کے خلاف یا
مختلف ہو قانون کی تعبیر نہ ہوگی بلکہ قانون بنانا ہوگا،
اور ججوں کو یہ بات یاد رکھنی چاہیے کہ بلحاظ
عہدہ ان کا فرض قانون کی تعمیل ہے نہ کہ قانون سازی
(۱۹۳۳ع لاہور ص ۴۹۲) - قانون سازی مقننہ کا کام
ہے - عدالت کا کام ان قوانین کو نافذ کرنا ہے
(۱۹۳۳ع الہ آباد ص ۸۴۶) - ایک عدالت، گو وہ
کتنا ہی زبردست احساس کیوں نہ رکھتی ہو کہ
مجلس قانون ساز سے ایک ضروری فرو گذاشت ہو گئی
ہے پھر بھی اس کو یہ آزادی حاصل نہیں ہے کہ وہ
قانون میں اصلاح اور ترمیم کرے (۱۹۳۱ع کلکتہ
ص ۵۸۰) - یہ عدالت کا کام نہیں ہے کہ قانون کو
معقول بنائے بلکہ اس کا فرض ہے کہ جس صورت میں
کہ قانون ہے انہی حدود میں اس کو نافذ کرے
(۱۳ کلکتہ ویکلی نوٹس ص ۵۵) -

Interpretor, *n.* ترجمان -

Inter-Provincial, بین الصوبائی -

Inter-State Commerce Committee بین الریاسی تجارتی کمیٹی -

Interregnum, درمیانی عرصہ - درمیانی مدت -

Interrogation, *n.* دریافت - پوچھ گچھ - سوال -

Interrogatories, *n.* استفسارات - بند سوالات -
گواہوں کا اظہار بذریعہ سوال بند -
کسی مقدمہ میں کوئی فریق تحریری بند سوالات
کے ذریعہ دوسرے فریق سے جوابات حاصل کر سکتا
ہے (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو حکم ۱۱ قاعدہ ۱ ضابطہ
دیوانی) - بند سوالات کے اجراء کا حق یا جواب دہی
کی مواخذہ داری صرف فریقین مقدمہ تک محدود ہے
(۱۸۸۹ع کوینس بنچ ڈویژن ص ۳۱۲) - کسی غیر
فریق مقدمہ کو بند سوالات کی جواب دہی پر مجبور
نہیں کیا جا سکتا، اور نہ کسی گواہ کو (۱۹۲۳ع
لاہور ص ۲۸۲) -
یہ جج کی صوابدیدہ پر منحصر ہے کہ بند سوالات
کی اجازت دے یا نہ دے - جیسا بھی وہ ضروری
خیال کرے، خواہ مقدمہ کے منصفانہ فیصلہ کے
لیے یا غیر ضروری خرچہ بچانے کی خاطر (۳۴ کلکتہ
ص ۳۰۰) -

Interruption, *n.* خلل - خلل اندازی -

Inter se, آپس میں - باہمی -

Intervene, *v.* بیچ میں آنا - حائل ہونا -
نئے شخص کا فریق مقدمہ ہونا (بہ اجازت عدالت) -

Intervenor, *n.* عذردار - شخص ثالث کا دخل دینا -
شخص درمیانی - دخل دہندہ - مداخلت کنندہ -
جب کسی مقدمہ میں کوئی دیگر شخص کوئی
مفاد رکھتا ہو تو وہ حسب حکم ۱ قاعدہ ۱۰ ضابطہ
دیوانی عدالت سے فریق مقدمہ بنائے جانے کی
درخواست کر سکتا ہے - ایسے شخص کو
Intervenor کہتے ہیں کیونکہ وہ مقدمہ میں شامل
ہو کر دخل دیتا ہے -

Intervention, *n.* مداخلت - حائل ہونا -
درمیان میں آنا -

Intestacy, *n.* وفات بلا وصیت - بلا وصیت فوت ہو جانا -

Intestate, *n.* & *a.* متوفی بلا وصیت -

جو شخص بلا کوئی وصیت کیے فوت ہو جائے۔
جو کوئی شخص بلا وصیت فوت ہو جائے اس کی جائیداد اور املاک قرضوں کی ادائی کے بعد اس کے ورثاء میں حسب قانون وراثت تقسیم ہونگی۔

Intestate estate, املاک بلا وصیتی ۔

Intimacy, *n.* بے تکلفی ۔ گہری دوستی ۔

Intimate, *a.* بے تکلف ۔

Intimate, *v.* واقف کرنا ۔ مطلع کرنا ۔ اطلاع دینا ۔

Intimtion, *n.* اطلاع ۔

Intimidate, *v.* خوف دلانا ۔

Intimidation, *n.* تخویف ۔

Intimidation, Criminal تخویف مجرمانہ ۔

Intimidator, *n.* مخوف ۔ خوف دلانے والا ۔

Intolerable, *a.* ناقابل برداشت ۔ ناقابل تحمل ۔

Intolerance, *n.* تعصب ۔ عدم رواداری ۔ عدم تحمل ۔

Intolerant, *a.* متعصب ۔ غیر روادار ۔ غیر متحمل ۔

Intoxicant, *a.* نشہ آور ۔
کوئی امر جو حالت نشہ میں کیا جائے جرم نہیں ہے ، بشرطیکہ وہ شے جس سے نشہ ہوا ہو اس شخص کو بلا اس کے علم اور مرضی کے خلاف استعمال کرائی گئی ہو اور اس وقت نشہ میں ہونے کے سبب وہ اپنے فعل کی ماہیت یا یہ جاننے کے قابل نہ ہو کہ وہ جو کچھ کر رہا ہے بے جا یا خلاف قانون ہے ۔ (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو دفعہ ۸۵ تعزیرات پاکستان) ۔

Intoxicating drug, منشی دوا ۔ نشہ آور دوا ۔

Intoxication, *n.* مدہوشی ۔ نشہ ۔
نشہ میں چور ہونا شہادت دینے کی ناقابلیت کا سبب ہوتا ہے ۔

Intrigue, *n.* ریشہ دوانی ۔ ساز باز ۔ پوشیدہ تعلق ۔

Intrinsic, *a.* ذاتی ۔ اصلی ۔

Introduce, *v.* داخل کرنا ۔ شامل کرنا ۔
تعارف کرانا ۔ پیش کرنا (مسودہ قانون) ۔
ایک شخص کا محض تعارف کرا دینا ، جو خریدار بھی ہو جائے ، ایک کاروباری تعارف نہیں ہے جس کی وجہ سے تعارف کرانے والا کمیشن کا مستحق ہو جائے ۔ جائز مطالبہ کمیشن کے لیے جہاں یہ ضروری ہے کہ تعارف اتفاق نہ ہو وہاں یہ بھی ضروری ہے کہ تعارف اور قطعی معاملات بیع میں ایک تمہیدی رشتہ موجود ہو لیکن اگر خریدار اور بائع کا تعلق ایجنٹ کا پیدا کردہ ہو تو ایجنٹ کمیشن پانے کا مستحق ہوگا گو کہ واقعی بیع کی تکمیل اس کے توسط سے نہ ہوئی ہو (۸۰ لا جرنل پریوی کونسل ص ۱۴) ۔

Introduction, *n.* تمہید ۔ دیباچہ ۔ تعارف ۔

Introductory, *a.* تمہیدی ۔ تعارفی ۔

Intrude, *v.* زبردستی داخل کرنا یا ہونا ۔

Intrusion, *n.* خلل اندازی ۔ مداخلت بے جا ۔

Inundation, *n.* طغیانی ۔ سیلاب ۔ (سیلان مجازاً)

Inure, *v.* عادی کرنا ۔ خوگر کرنا ۔ عادت ڈالنا ۔
نافذ کرنا (قانون کا) ۔

In use, زیر استعمال ۔ استعمال میں ۔

In usual way, بطریق معمول ۔
کسی معاہدہ میں الفاظ "بطریق معمول" درحقیقت ایک معنوی اقرار ہے اس بات کا کہ رواجی عمل درآمد کی پابندی کی جائے گی ۔

Invade, *v.* بے جا مداخلت کرنا ۔
دست اندازی کرنا (حقوق میں) ۔ حملہ کرنا ۔

Invalid, *a.* ناجائز ۔ غیر صحیح ۔

Invalidate, *v.* ناجائز قرار دینا ۔ باطل کر دینا ۔
قانوناً بے اثر کر دینا ۔

Invalidity, *n.* ناجوازی ۔

Invalidment, *n.* معذوری ۔

Invariably, *ad.* ہمیشہ ۔ بلا تغیر ۔

Invasion, *n.* مداخلت ۔ دست اندازی ۔ دست درازی ۔

Invective, *n.* شدید طعن ۔ ہجو قبیح ۔ دشنام آمیز (تقریر یا تحریر) ۔

Inveigh, *v.* برا بھلا کہنا ۔ لعن طعن کرنا ۔

Inveigle, *v.* بھگا لے جانا ۔ اغوا کرنا ۔ پھانس کر لے جانا ۔ ورغلانا ۔

Inveiglement, *n.* ورغلانا ۔ اغوا ۔ پھسلانا ۔

Invent, *v.* ایجاد کرنا ۔ اختراع کرنا ۔

Invention, *n.* ایجاد ۔ اختراع ۔
جب کوئی شخص یہ دعویٰ کرے کہ اس نے کوئی چیز ایجاد کی ہے تو اس کے بیان کا یہ مطلب سمجھا

جائے گا کہ اس کی ایجاد ایک نئی چیز ہے اور وہ اس کا پہلا موجد ہے ۔

Inventor, *n.* موجد ۔ مخترع ۔

Inventory, *a.* فہرست اشیاء ۔ مندرجہ فہرست ۔

مہتمم ترکہ کا یہ فرض ہوتا ہے کہ متوفی کی تمام جائیداد اورمال و اسباب کی مکمل فہرست تیار کرے ۔ کسی مقدمہ میں عدالت اگر شے متدعویہ کے معائنہ کا حکم دے تو یہ بھی حکم دے سکتی ہے کہ اس کی مکمل فہرست تیار کی جائے ، اگر فہرست کی تیاری صحیح انفصال مقدمہ کے لیے ضروری ہو ۔

Invest, *v.* خریدنا ۔ روپیہ لگانا ۔

خریدنا بصیغہ فعل جب روپیہ لگانے کے سلسلے میں استعمال ہو تو محفوظ طور پر یہ کہا جا سکتا ہے کہ اس میں اس کے یہ معنی بھی شامل ہیں کہ روپیہ لگا کر کوئی جائیداد خریدی جائے جس سے منافع کی توقع ہو (۱۹۱۹ع ۲ چانسری صفحہ ۵۸) ۔

Investigate, *v.* تفتیش کرنا ۔ تحقیقات کرنا ۔ چھان بین کرنا ۔

Investigating officer, عہدہ دار تفتیش کنندہ ۔

Investigating title, ملکیت غیر تحقیق شدہ ۔ ملکیت زیر تحقیق ۔

باغراض ضابطہ فوجداری ۱۸۹۸ع تفتیش میں وہ کارروائی داخل ہوگی جو بہم رسانی شہادت کے لیے پولیس آفیسر یا اور شخص جس کو مجسٹریٹ نے حکم دیا ہو ، عمل میں لائے ۔

Investigation, *n.* تفتیش ۔ تحقیقات ۔

Investigation, In the course of دوران تحقیقات ۔

Investment, *n.* راس المال ۔ جائیداد یا مال میں لگا ہوا روپیہ ۔

اصطلاحاً راس المال سے مراد میعاد معینہ کے لیے روپیہ لگانا ہے مگر اس کا اطلاق فنی اور عام مفہوم میں اس باقی رقم پر نہیں ہو سکتا جو بنکار کے پاس ہو (۱۹۳۳ع ۔ اپیل کیسیز ص ۲۳۷) ۔

Invitation, *n.* دعوت ۔ طلبی ۔ بلاوا ۔

Invitation to tender, طلبی پیش نہاد ۔

Invocation, *n.* دعا ۔

Invoice, *n.* بیجک ۔

قیمت جو بیجک میں بتلائی جاتی ہے قیاس قانونی یہ ہے کہ وہ وہی قیمت ہے جو لگائی گئی ہے ۔ اس لیے نقض معاہدہ کی بناء پر ہرجانہ کے مقدمہ میں ، بغیر اس قیمت کے کہ مرسل مال کو طلب کرکے واقعی ثابت کی جائے بیجک میں ظاہر کردہ قیمت کو ثابت شدہ قرار دیا جا سکتا ہے (۱۹۲۳ع ۔ الہ آباد صفحہ ۱۷۵)۔

Invoiced amount, رقم مندرجہ بیجک ۔

Invoice value, مالیت بیجک ۔

Invoke, *v.* مدد چاہنا ۔ استدعا کرنا ۔

In vogue, رائج ۔

Involuntary, *a.* بلا قصد ۔ اضطراری ۔ غیرارادی ۔

Involution, *n.* لپیٹنا ۔ اُلجھانا ۔ پیچیدگی ۔

Involve, *v.* اُلجھانا ۔ اُلجھن میں مبتلا ہونا ۔

Involvement, *n.* لپیٹ ۔ اُلجھاؤ ۔

Inward, *a.* داخلی ۔ اندرونی ۔

In witness, بطور گواہ ۔

In witness whereof, بطور تصدیق ۔

In womb, حمل ۔ جنین ۔

جو بچہ حمل میں ہو وہ حکماً زندہ تصور کیا جاتا ہے اور اس کے حق میں وصیت جائز ہوتی ہے ، نیز اگر حمل وارث ہو سکتا ہو تو ترکہ کی تقسیم کے وقت اس کا حصہ علیحدہ رکھ دیا جاتا ہے ۔ (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو مجموعہ قوانین اسلام جلد پنجم ، "قانون وراثت" از تنزیل الرحمن)

Ipso facto, خود بخود ۔ فی نفسہ ۔

Irrebuttable, *a.* ناقابل تردید ۔

Irrebuttable presumptions, ناقابل تردید قیاسات ۔

Irrecoverable, *a.* ناقابل وصول ۔

Irredeemable, *a.* ناقابل انفکاک ۔

یہ اصطلاح عام طور پر اُن نوٹوں سے متعلق استعمال ہوتی ہے جن کا جاری کنندہ انہیں زر نقد سے بدلنے کی ذمہ داری نہ لے ۔

Irregular, *n.* بے ضابطہ ۔ بے قاعدہ ۔ فاسد ۔

Irregular marriage, نکاح فاسد ۔

نکاح فاسد وہ ہے جس میں نکاح صحیح کی شرائط میں سے کوئی شرط مفقود ہو ۔ نکاح فاسد میں جب کہ ہم بستری ہوگئی ہو مرد کے ذمہ عورت کا مہر

(مسمی یا مہر مثل جو کم ہو) واجب ہو جاتا ہے ۔ نیز طلاق (متارکت) اور وفات کی صورت میں عورت پر عدت واجب ہوتی ہے اور اُن سے جو اولاد پیدا ہوتی ہے وہ جائز ہوتی ہے اس کے برخلاف نکاح باطل پر نہ مہر واجب ہوتا ہے اور نہ اولاد ثابت النسب قرار پاتی ہے (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو مجموعہ قوانین اسلام مؤلف ہذا جلد اول باب ہـ ''صحیح ، فاسد اور باطل نکاح'') ۔

Irregular transfer, بے ضابطہ انتقال۔انتقال فاسد ۔

Irregularity, *n.* بے ضابطگی ۔ بے قاعدگی ۔

اگر بے ضابطگی اہم ہو تو عدالت عالیہ بصیغہ نگرانی دخل اندازی کر سکتی ہے (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو دفعہ ۱۱۵ ضابطہ دیوانی) ۔

Irregularity, Material اہم بے ضابطگی ۔

Irrelevancy of evidence, شہادت کا غیر متعلق ہونا ۔

جج جرح میں سوالات کو غیر متعلق ہونے کی بناء پر نامنظور کر سکتا ہے ۔

Irreligious, *a.* بے مذہبی ۔

Irrelevant, *a.* غیر متعلق ۔

ایک واقعہ دوسرے واقعہ سے اس صورت میں متعلق کہا جائے گا جب کہ وہ ایک دوسرے سے اس طرح متعلق ہوں کہ بلحاظ احکام قانون شہادت کسی طریقہ پر واقعہ متعلقہ سمجھا جا سکے ورنہ وہ واقعہ غیر متعلقہ کی تعریف میں داخل ہے ۔

Irreparable, *a.* ناقابل اصلاح ۔ ناقابل تلافی ۔

Irreparable loss, ناقابل نقصان ۔

اگر مدعی ناقابل تلافی نقصان کے واقع ہو جانے کا ادعا کرے تو عدالتیں حکم امتناعی جاری کرنے کی طرف مائل ہوتی ہیں کیونکہ اگر حکم امتناعی نہ جاری کیا جائے تو مدعی کو ناقابل تلافی نقصان برداشت کرنا ہوگا ۔ ناقابل تلافی نقصان کیا ہے ، اس کا کوئی بندھا ٹکا قاعدہ نہیں ، ہر مقدمہ کے واقعات کے تحت سمجھا جا سکتا ہے ۔

Irresponsible, *a.* غیر ذمہ دار ۔

Irrespective, *a.* بلا لحاظ ۔ قطع نظر ۔

Irrevocable, *a.* ناقابل تنسیخ ۔

ناقابل تنسیخ بجز ''بہ اجازت'' ہر لحاظ سے وہی اثر رکھے گا جیسے کہ وہ حکم عدالت نے دیا ہو ، مثلاً ثالثوں کے اختیارات ۔ جب انہیں ایک مرتبہ مقرر کر دیا جائے تو ، بدون اجازت عدالت منسوخ نہیں کیے جا سکتے ۔

Irrevocable divorce, طلاق بائن۔طلاق ناقابل رجوع ۔

(دیکھیے ''Divorce, Irrevocable'')

Irrigation, *n.* آب پاشی ۔

Irrigation of land, آب پاشی زمین۔آب پاشی اراضی ۔

Irrigation rate, شرح آبیانہ ۔

Irrigation rights, حقوق آب پاشی ۔

Irrigation slips, غلطی ہائے آب پاشی ۔

Irritancy, *n.* اشتعال ۔

Irritate, *v.* غصہ دلانا ۔ مشتعل کرنا ۔

Islamic Advisory Council, اسلامی مشاورتی کونسل ۔

دستور پاکستان کے تحت ایک اسلامی کونسل کا قیام عمل میں لایا گیا ہے ۔ یہ کونسل صدر ، گورنر ، قومی اسمبلی اور صوبائی اسمبلیوں کو اُن مختلف مسائل میں مشورہ دے گی جو وقتاً فوقتاً اس سے حاصل کیا جائے گا ۔ اسی طرح موجودہ قوانین کو اسلامی سانچہ میں ڈھالنے اور مسلم معاشرہ کو اسلامی بنیادوں پر استوار کرنے میں نیز آئندہ اسلامی قانون سازی کے بارے میں یہ کونسل اُن کی رہنمائی کرے گی لیکن وہ کسی قانون کو جائز یا ناجائز قرار نہیں دے سکتی بلکہ دریافت کیے جانے پر اس کے جائز یا ناجائز ہونے کے بارے میں صرف مشورہ دے سکتی ہے اور قومی اسمبلی یا صوبائی اسمبلی (جیسی صورت ہو) اس کے مشورہ کو قبول کرنے یا رد کر دینے کی مختار ہیں ۔

Islamic Law, شرع اسلام ۔ اسلامی قانون ۔

Islands, *n.* جزائر ۔

Isolate, *v.* علیحدہ کرنا ۔

Isolated, *a.* علیحدہ ۔ الگ تھلگ ۔ منقطع ۔

Isolated tradition, خبر واحد ۔ خبر احاد ۔ حدیث کی ایک قسم ۔

یہ اصطلاح علم حدیث کی ہے ۔

Issuable, *a*. قابل اجراء ۔

Issue, *n*. & *v*. اجراً ۔ امر تنقیح طلب ۔ تنقیح ۔ اولاد ۔ جاری کرنا ۔

مقدمہ دیوانی میں فریقین کے عرضی دعویٰ ، جواب دعویٰ اور جواب الجواب سے جو امور تصفیہ طلب قرار پاتے ہیں انہیں امور تنقیح طلب کہا جاتا ہے ۔ یہ وہ امور ہوتے ہیں جنہیں ایک فریق بیان کرتا ہے اور دوسرا ان سے انکار کرتا ہے ۔ امور تنقیح طلب کی دو اقسام ہیں ، قانونی اور واقعاتی ۔ عدالت کو اس امر کا اختیار حاصل ہے کہ قانونی تنقیح کی ، بطور ابتدائی امر تنقیح ، سماعت کرکے اپنا فیصلہ دے دے ۔ یہ صورت عام طور پر اس وقت پیش آتی ہے جب کہ قانونی تنقیح کا فیصلہ مقدمہ کے فیصلہ پر اثر انداز ہو اور اس کا امکان ہو کہ اس بناء پر پورا مقدمہ ہی فیصل ہو جانے گا ۔

Issue of bank notes, اجرائے نوٹ بنک ۔

Issue of bills of exchange, اجرائے مبادلہ ہنڈی ۔

Issue of fact, واقعاتی تنقیح ۔

Issue of law, قانونی تنقیح ۔

Issue of loan capital, اجرائی سرمایہ قرضہ ۔

Issue of marriage, ولد النکاح ۔

Issued, *a*. مجریہ ۔ جاری کردہ ۔ جاری شدہ ۔

Issuing authority, حاکم اجراء ۔

Issuing office, دفتر اجراء ۔

Istidlal, *n*. (M.L.) استدلال ۔

استدلال کے لغوی معنی دلیل یا حجت طلب کرنے کے ہیں ۔ یہ اصطلاح اصول فقہ اسلام کی ہے لیکن اس کا تعلق استحسان کے برخلاف ، استنباط کے کسی مخصوص طریق کے ساتھ نہیں ہے ۔

Istihsan, *n*. (M.L.) استحسان ۔

استحسان کی اصطلاح فقہ اسلام میں مستعمل ہے ۔ حنفی فقہ میں یہ اصول امام ابو حنیفہ سے منسوب ہے ۔

استحسان کے لغوی معنی کسی شے کو اچھا اور مستحسن سمجھنا ہے ۔ فقہاء کی اصطلاح میں مسئلہ کے دو پہلوؤں میں سے ایک کو کسی معقول دلیل کی بناء پر ترجیح دینے کا نام استحسان ہے ۔ دوسرے الفاظ میں ایک قیاس کو چھوڑ کر کسی قوی وجہ کی بناء پر زیادہ قوی قیاس کو اختیار کرنے کا نام استحسان ہے ۔

حنفی فقہ کی مشہور کتاب 'المبسوط' مصنفہ امام سرخسی میں لکھا ہے کہ استحسان ظاہری قیاس کو چھوڑ کر اس جزو کو اختیار کرنے کا نام ہے جو لوگوں کی ضرورتوں کے زیادہ موافق ہو ۔ اس کا حاصل وسعت و فراخی تلاش کرنا ہے ۔ اس کا دوسرا نام "قیاس خفی" ہے ۔ جب کبھی قیاس ایک حکم کا مقتضی ہو مگر قیاس خفی دوسرے حکم کا طالب ہو تو حنفی فقہاء استحسان یعنی قیاس خفی کے اصول کے تحت حکم جاری کرتے ہیں ۔

ابو الحسن کرخی نے استحسان کی جو تعریف کی ہے وہ یہ ہے : "استحسان اس چیز کا نام ہے کہ مجتہد ایک مسئلہ میں اس کے نظائر و امثال کے مطابق حکم نہ لگائے بلکہ قوی تر دلیل کی جانب رجوع کرے جو اشباہ و نظائر سے عدول کا تقاضا کرتی ہو ۔"

یہ تعریف استحسان کی حقیقت کو سب سے زیادہ واضح کرتی ہے کیونکہ اس کی سب انواع کو شامل ہے ۔ استحسان کی اساس یہ ہے کہ ایک حکم عام قاعدہ کے خلاف ہو اور وہاں ایک ایسا امر موجود ہو جو قاعدہ کی خلاف ورزی کو اس پر ڈٹے رہنے کے بجائے شریعت کے زیادہ قریب کر دے اور اس مسئلہ میں استحسان پر عمل کرنا قیاس کے مقابلہ میں استدلال کے اعتبار سے زیادہ قوی ہو ۔

حنفیہ کے نزدیک استحسان کی دو قسمیں ہیں ۔ پہلی قسم "استحسان القیاس" کہلاتی ہے ۔ جس کا یہ مطلب ہے کہ مسئلہ میں دو اوصاف پائے جاتے ہوں جو دو متباین قیاسات کے مقتضی ہوں ۔ ایک ظاہر یعنی اصطلاحی قیاس اور دوسرا خفی جو کسی دوسرے قاعدہ سے الحاق کا متقاضی ہو ۔ اس کا نام استحسان ہے ۔ مطلب یہ ہے کہ فقیہہ کے خیال میں دونوں قیاسات مسئلہ پیش آمدہ پر منطبق ہو سکتے ہیں لیکن ایک قیاس ظاہر ہے جو اس مسئلہ کے نظائر پر عمل کرتا ہے اور دوسرا قیاس اس مسئلہ میں خفی ہے کیونکہ وہ اس مسئلہ کے اشباہ اور مثال پر عمل نہیں کرتا لیکن پیش نظر مسئلہ میں ایک ایسا امر موجود ہوتا ہے جس کی بناء پر اس خفی قیاس پر عمل

کرنا ضروری ہو جاتا ہے ۔

اس کی واضح مثال یہ ہے کہ جب بائع اور مشتری مقدار ثمن میں مختلف البیان ہوں ۔ نہ خریدار ابھی خرید کردہ چیز پر قابض ہوا ہو اور نہ فروخت کرنے والے نے قیمت وصول کی ہو ۔ اس صورت میں بائع اور مشتری دونوں کو قسم دی جاتی ہے ۔ قیاس کا تقاضہ یہ ہے کہ مشتری کو صرف اسی زیادتی کا حلف دیا جائے جس کا بائع کو دعویٰ ہے، کیونکہ ایک خاص مقدار کی حد تک دونوں متفق ہیں یعنی وہ مقدار جس کا اعتراف مشتری کو بھی ہے البتہ زیادتی میں اختلاف ہے ۔ بائع اس کا دعویدار ہے اور مشتری انکار کرتا ہے اور عام قاعدہ یہ ہے کہ گواہ پیش کرنا مدعی کا کام ہے اور انکار کرنے والے پر قسم آتی ہے ۔ لہذا قیاس کے مطابق بائع پر حلف نہیں کیونکہ وہ مدعی ہے لیکن استحسان کا تقاضہ یہ ہے کہ مشتری کی طرح بائع کو بھی حلف دیا جائے کیونکہ ان دونوں میں سے ہر شخص مدعی ہے اور منکر بھی ۔ بائع زیادتی کا دعویدار ہے اور مشتری اقرار کردہ قیمت ادا کرنے کے بعد استحقاق قبضہ کا دعویٰ کرتا ہے ۔ بائع مشتری کے مستحق قبضہ ہونے کو تسلیم نہیں کرتا ۔ لہذا دونوں میں سے ہر ایک مدعی ہے اور مدعا علیہ بھی ، لہذا دونوں میں سے کوئی بھی جب اپنے دعوے کو ثابت نہ کر سکے تو ان دونوں کو استحساناً حلف دیا جائے گا ۔

استحسان کی ایک اور مثال درندہ پرندوں کا پس خوردہ ہے ۔ درندہ پرندوں کا گوشت حلال نہیں اور اس لحاظ سے وہ چار پایہ درندوں کی طرح ہیں اور ان کا گوشت بھی اسی طرح نجس ہے ۔ چونکہ چار پایہ درندوں کا جھوٹا نجس ہوتا ہے لہذا درندہ پرندوں کے بچے ہوئے پانی کا بھی یہی حکم ہونا چاہیے جیسے چیل اور گدھ وغیرہ اور یہی قیاس کا مقتضیٰ ہے مگر استحسان ایک دوسرے مخفی قیاس کی جانب ہے جو یہ ہے کہ چار پایہ درندوں کے پس خوردہ پانی کے نجس ہونے کی وجہ یہ ہے کہ پانی میں ان کا لعاب شامل ہو جاتا ہے ، ظاہر ہے کہ لعاب گوشت سے ملا ہوا ہوتا ہے پس جب گوشت نجس ہے تو لعاب بھی نجس ہوگا ۔ اس کے برخلاف گوشت خور پرندے اپنی چونچ سے پانی پیتے ہیں اور لعاب پانی میں نہیں ڈالتے لہذا پانی کے نجس ہونے کی کوئی وجہ نہیں ۔ چنانچہ ایسے پانی کا استعمال حرام نہیں، اگرچہ احتیاطاً فقہاء نے اس کے استعمال کو مکروہ لکھا ہے ۔

استحسان کی ایک اور مثال استصناع ہے ۔ اس کے معنیٰ ہیں کہ ایک شخص دوسرے سے کسی چیز کے بنانے کی فرمائش کرے اور اس کی خریداری قبل از تیاری طے ہو جائے جیسے کشتی، جوتے ، کپڑا وغیرہ یہ ایک قیاسی ضابطہ ہے کہ ایسی چیز کی بیع جو بیع کے وقت موجود نہ ہو جائز نہیں (مجلہ الاحکام العدلیہ دفعہ ۲۰۵) لہذا اس صورت میں بھی چونکہ وہ چیز موجود نہیں جس کا بنانا مطلوب ہے ، شئے معدوم کی بیع کے سبب از روئے قیاس ناجائز ہونا چاہیے مگر چونکہ بیع استصناع سنت فعلی اور لوگوں کے تعامل کی رو سے جائز ہے لہذا اس مسئلہ میں بھی فقہاء نے قیاس کو ترک کرکے ایسی بیع کو مستحسن اور لوگوں کی ضرورت کے مطابق سمجھا ہے اور اس کے جواز کا فتویٰ دیا ہے ۔ اسی طرح بیع بالوفا ، کا مسئلہ ہے جس کو لوگوں کی ضرورت ، منفعت، مصلحت اور دفع مشقت کے پیش نظر فقہاء نے جائز قرار دیا ہے مگر شرط یہ ہے کہ استحسان کی بناء پر کسی حکم قرآن ، سنت یا اجماع کی مخالفت لازم نہ آتی ہو ۔

Item, *n*. مد ۔

Item of the Agenda, مد پیش نامہ ۔

اگر کوئی مسئلہ پیش نامہ میں شامل نہ ہو تو اس کے یہ معنیٰ نہیں کہ ایسے کسی مسئلہ پر غور نہیں ہو سکتا ۔ اس صورت حال کے دفعیہ کی غرض سے پیش نامہ میں عموماً ایک مد سب سے آخر میں درج کی جاتی ہے کہ ”کوئی اور معاملہ باجازت صدر“ اس کا مفہوم یہ ہوتا ہے کہ کوئی اور ضروری معاملہ جو ایجنڈا جاری کرنے کے بعد ظہور پذیر ہوا ہو اور جس پر فوری غور مطلوب ہو ۔ چنانچہ صدر کی اجازت سے بالعموم ایسے ضروری معاملہ پر اگرچہ وہ ایجنڈا میں شامل نہ ہو، غور کیا جا سکتا ہے ۔ لیکن لازمی ہے کہ ایسا فعل یا ترک فعل (یعنی ایجنڈے میں اس معاملہ کو شامل نہ کرنا) کسی بدنیتی کے سبب نہ ہو کہ دوسرے غیر حاضر ممبران کو اس کا علم نہ ہو سکے کیونکہ ان کی جانب سے مزاحمت کا اندیشہ تھا ۔

J

Jewish law, قانون موسوی ۔
ایک مقدمہ جو مابین یہودی زن و شوہر ، ان کے شخصی قانون کی بنیاد پر عدالت میں دائر کیا جائے تو عدالت کا فرض ہے کہ وہ یہ معلوم کرے کہ اس باب میں قانون موسوی کیا ہے ۔ چنانچہ اس سلسلے میں ماہرین کی شہادت قابل ادخال ہے (۱۹۴۶ع کلکتہ ص ۹۰)۔
قانون موسوی کے تحت شوہر زنا کاری کی بناء پر اپنی زوجہ سے بذریعہ عدالت طلاق حاصل کر سکتا ہے (۱۹۴۴ع بمبئی ص ۱۵) ۔
مابین یہودی زن و شوہر ایسا معاہدہ جس کے تحت زوجہ اپنے خاوند سے علیحدہ رہنے پر نان نفقہ پانے کی مستحق ہو قانون موسوی کے تحت جائز ہے ۔ اس لیے ایسا معاہدہ تحت دفعہ ۲۳ قانون معاہدہ ناجائز نہیں ہے (۱۹۴۶ع کلکتہ ۔ ص ۹۰) ۔

Job, *n.* مزدوری ۔ کام ۔ فرض منصبی ۔

Jobation, *n.* تنبیہ ۔ سرزنش ۔

Jobber, *n.* وہ شخص جو عاجلانہ نفع کی خاطر اسٹاک ایکسچینج میں خرید و فروخت کرتا ہے ۔
متفرق کام کرنے والا ۔ وہ شخص جو سرکاری عہدہ کو اپنی ذاتی غرض کے لیے استعمال کرے ۔

Join, *v.* جوڑنا ۔ شامل ہونا ۔ حاضر ہونا (نوکری پر) ۔

Joinder, *n.* اشتمال ۔

Joinder of causes of action, اشتمال بنائے دعویٰ ۔
کسی مقدمہ یا کارروائی میں دو یا دو سے زیادہ بنائے دعویٰ شامل کرنا ۔ مثلاً وصولی کرایہ ، زر و اصلات (Mesne Profit) اور انخلاء ۔

Joinder of charges, اشتمال الزامات ۔

Joinder of issues, اشتمال تنقیحات ۔

Joinder of offences, اشتمال جرائم ۔

Joinder of parties, اشتمال فریقین ۔

Joint, *a.* مشترک ۔ متحدہ ۔

Joint acts, مشترکہ افعال ۔

Joint account, مشترکہ حساب ۔
بینک میں ایک مشترکہ حساب جو اس ہدایت کے

Jactitation, *n.* غلط ادعاء حق ۔
(جو کسی دوسرے کے حق کو مضرت پہنچانے کی غرض سے کیا جائے) ۔

Jactitation of marriage, غلط دعویٰ ازدواج ۔
اگر کوئی شخص یہ جھوٹا دعویٰ کرے کہ اس (مرد یا عورت) کا نکاح کسی دوسرے شخص (عورت یا مرد) سے ہوگیا ہے تو شخص آخرالذکر نالش کر سکتا ہے کہ شخص اول الذکر کو اس قسم کے بیان سے باز رکھا جائے اور یہ کہ وہ شخص اس جھوٹے اور بے بنیاد بیان کا اعادہ نہ کرے ۔
اس قسم کے دعادی کی سماعت کا اختیار اب عائلی عدالتوں کو قانون عدالت ہائے عائلی مجریہ ۱۹۶۴ع کے تحت حاصل ہے (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو پی ایل ڈی ۱۹۷۳ع ص ۷۸) ۔

Jail, *n.* جیل ۔ جیل خانہ ۔ قید خانہ ۔ محبس ۔

Jail appeal, جیل اپیل ۔ قیدی کی درخواست مرافعہ ۔
درخواست مرافعہ جو اس قیدی کی جانب سے پیش کی جائے جو جیل میں ہے ۔ ایسی درخواست پر رسوم (اسٹامپ) عدالت چسپاں کرنا ضروری نہیں ۔

Jail delivery, عدالت میں پیش کرنے کی غرض سے قیدیوں کا جیل سے باہر نکلنا ۔

Jealous, *a.* حاسد ۔ حقوق وغیرہ کی بڑے اہتمام سے حفاظت کرنے والا ۔

Jemmy, آلہ نقب (چھوٹا) ۔

Jeopardy, *n.* خطرہ ۔ جوکھم ۔

Jeopardize, *v.* خطرہ میں ڈالنا ۔

Jerk, *n.* جھٹکا ۔

Jerk, *v.* جھٹکے کے ساتھ دھکیلنا ۔

Jest, *n.* ہنسی اڑانا ۔ ہزل ۔ تمسخر ۔ مذاق ۔

Jest, Divorce in طلاق بالہزل ۔
وہ طلاق جو ہنسی مذاق میں دی جائے واقع ہو جائے گی ۔
See "Divorce in Jest".

Jew, *n.* یہودی ۔
یہودی کو تورات پر حلف دیا جاتا ہے ۔

اگر کوئی ڈگری ایک سے زائد مدیون ڈگری کے خلاف مشترکاً صادر ہوئی ہو اور ڈگری دار کسی بھی ایک یا ایک سے زائد مدیون ڈگری کو ذمہ داری سے بری کر دے تاہم وہ دوسرے باقیماندہ مدیونان ڈگری کے خلاف ڈگری اجرا کرا سکتا ہے (دفعہ ۴۴ قانون معاہدہ ۱۹۳۳ع لاہور ص ۵۰۵) ۔

Joint decree-holders, **مشترکہ ڈگری داران ۔**

اگر مشترکہ ڈگری داران میں سے کسی ایک کو رقم ڈگری ادا کر دی جائے تو وہ جملہ ڈگری داران کو ادائی متصور نہ ہوگی الا یہ کہ شخص وصول کنندہ دیگر ڈگری داران کی طرف سے وصولی رقم کا مجاز ہو (۱۹۵۳ع ص ۱۳۷) ۔

Joint defendants, **شریک مدعا علیہم ۔**

Joint electorate, **مخلوط انتخاب ۔**

پاکستان کے دستوری مسائل میں ایک اہم مسئلہ طریق انتخاب کا بھی تھا کہ انتخابات مخلوط ہوں یا جداگانہ ۔ یعنی مسلمانوں ، ہندوؤں کو علیحدہ علیحدہ ووٹ کا حق دیا جائے گویا مسلمان امیدوار کے حق یا مخالفت میں صرف مسلمان رائے دہندگان اپنا حق رائے دہی استعمال کریں اور ہندو امیدواروں کے لیے ہندو رائے دہندگان ۔

Joint family, **خاندان مشترکہ ۔**

Joint family property, **جائیداد خاندان مشترکہ ۔**

Joint heir, **شریک وارث ۔**

یہ اصطلاح co-heir, کے مترادف ہے ۔

Joint judgment debtors, **مشترکہ مدیونان ۔**

Joint legatees, **موہوب لہم بالوصیت مشترک**

اگر دو مشترک اشخاص موہوب لہم کے حق میں ہبہ بالوصیت ہو اور ان میں سے ایک شخص موہوب لہ موصی کے زمانہ حیات میں فوت ہو جائے تو کل شے موہوبہ اس دوسرے شخص کو مل جائے گی ۔

اگر کوئی ایسا معاہدہ کیا جائے جس کی ذمہ داری ایک سے زائد اشخاص پر مشترکاً عائد ہوتی ہو تو وہ جملہ اشخاص تا حیات ذمہ دار رہتے ہیں ۔ اور اگر کوئی شخص وفات پا جائے تو اس کی ذمہ داریاں اس کے قائم مقامان قانونی کی طرف منتقل ہو جاتی ہیں ۔ اس طرح باقیماندہ اشخاص معہ قائم مقامان شخص متوفی ذمہ دار

ساتھ کھولا گیا ہو کہ اس کا عمل درآمد ہر دو یا آن میں سے کوئی ایک کر سکتا ہے کسی ایسی ڈگری میں قرق نہیں کیا جا سکتا جو کسی ایک فریق کے خلاف صادر ہوئی ہو (۱۹۳۸ع ۲ کے - بی - ص ۸۰۱) ۔

Joint bailees, **مشترکہ تحویلدار ۔**

Joint bailors, **تحویل کنندگان مشترک ۔**

جب تحویل کنندگان مشترک ہوں تو تحویلدار کا کسی ایک تحویل کنندہ کو امانت واپس کر دینا جائز سمجھا جائے گا اور وہ حوالگی کافی سمجھی جائے گی ۔

Jaint broker, **مشترک دلال ۔**

جب کسی معاہدہ کے سلسلے میں دلالی کی رقم دو دلالوں کو مشترکاً قابل ادا ہو اور ان میں سے ایک دلال رقم کی وصولی کے لیے مقدمہ دائر کرے تو آسے چاہیے کہ وہ کل رقم کے لیے مقدمہ کرے اور دوسرے دلال کو شریک مدعی بنائے اگر وہ شریک مدعی بننے سے انکاری ہو اور آسے مدعا علیہ بنا لیا جائے تو ایسا دعویٰ قابل پیش رفت ہوگا (۱۹۳۱ع - کلکتہ ص ۵۹۵) ۔

Joint creditors, **مشترک دائنان ۔**

اگر دائنان مشترک ہوں تو دونوں کی طرف سے مقدمہ دائر ہونا چاہیے ۔ اگر کوئی ایک دائن مقدمہ میں شریک مدعی بننے سے انکاری ہو تو آسے شریک مدعا علیہ بنا لینا چاہیے لیکن ایسا دعویٰ محض اس بناء پر خارج نہیں کیا جانا چاہیے کہ اس دائن کو شریک مدعا علیہ بنا لینے کی صورت میں یہ ثابت نہیں کیا گیا کہ اس شریک مدعا علیہ نے شریک مدعی بننے سے انکار کیا تھا (۲۶ - کلکتہ ص ۳۰۹) ۔

Joint debt, **مشترکہ قرض ۔**

Joint debtors, **مشترک قرضداران ۔**

اگر قرض داران مشترک ہوں اور صریحی معاہدہ موجود نہ ہو تو دائن کسی بھی ایک یا ایک سے زائد قرض داران کو ایفائے عہد کے لیے مجبور کر سکتا ہے (ملاحظہ ہو دفعہ ۴۳ قانون معاہدہ)۔ کیونکہ ایسی صورت میں جملہ قرض کی ادائی کی ذمہ داری ہر مدیون پر مشترکاً اور منفرداً دونوں طرح عائد ہوتی ہے (۱۹۲۸ع لاہور ص ۹۶۲) ۔

Joint decree, **مشترکہ ڈگری ۔**

رہتے ہیں ۔ صرف اس صورت میں متوفی کی ذمہ داری اس کے ورثاء کی طرف منتقل نہ ہوگی جب کہ معاہد کی تکمیل کا انحصار شخص متوفی کی ذات پر ہو مثلاً کوئی کتاب تصنیف کرنا یا تصویر بنانا ۔

Joint mortgagees, مرتہنان مشترک ۔

Joint mortgagors, راہنان مشترک ۔

Joint owners, مالکان مشترک ۔

Joint ownership, ملکیت مشترک ۔

Joint plaintiffs, مدعیان مشترک ۔

Joint possession, قبضہ مشترک ۔

Joint responsibitity, مشترکہ ذمہ داری ۔

Joint signature, مشترکہ دستخط ۔

Joint stock, سرمایہ مشترکہ ۔

Joint stock company, جوائنٹ اسٹاک کمپنی ۔

Joint tenancy, مشترکہ کرایہ داری ۔

Joint tenants, مشترکہ کرایہ داران ۔ کرایہ داران مشترک ۔

کرایہ داران مشترک مل کر اور علیحدہ علیحدہ ہر دو صورتوں میں کرایہ کی ادائی کے پابند ہیں اور مدعی کسی ایک یا جملہ کرایہ داران مشترک پر ادائی کرایہ کے لیے مقدمہ دائر کر سکتا ہے (۲۷ انڈین کیسیز ص ۹۴) ۔

Joint tort-feasers, مشترکہ مرتکبین ٹارٹ ۔

اگر چند اشخاص مل کر کسی کو مضرت مبینہ ٹارٹ پہنچائیں تو ہر شخص مرتکب ٹارٹ اُس مضرت کے لیے جواب دہ ہوگا جو شخص متضرر کو اُن کے مشترکہ فعل سے پہنچے (۱۹۳۶ء کے ۔ بی ۔ ص ۳۷۱) ۔

Joint transfer, انتقال مشترک ۔ یک جا انتقال ۔

جب کسی جائیداد منقولہ یا غیر منقولہ کا انتقال ایک سے زائد اشخاص کے حق میں مشترکاً ہوا ہو اور جائیداد سرمایہ مشترک سے حاصل کی گئی ہو ، تو اُن میں سے ہر شخص منتقل الیہ اس جائیداد میں بقدر اس حصہ کے مالک ہوگا جو اس سرمایہ (قیمت خرید) میں تھا ۔ اگر حصہ سرمایہ معین نہ ہو اور نہ معلوم کیا جا سکے تو ہر شخص کا حصہ مساوی متصور ہوگا ۔

Joint trial, سماعت یکجائی ۔

Jointly and severally, مشترکاً و منفرداً ۔

اس اصطلاح کا مفہوم یہ ہے کہ قرضہ یا کوئی اور ذمہ داری یا مواخذہ داری جملہ اشخاص متعلقہ پر مشترکاً عائد ہوگی اور یہ کہ وہ انفرادی طور پر بھی ذمہ دار ہوں گے ۔ مثلاً کسی مشترکہ قرضہ کی بابت جملہ مقروض اشخاص کے خلاف دعویٰ دائر کیا جا سکتا ہے یا اُن میں سے کسی ایک پر بھی کل قرضہ کی بابت دعویٰ دائر کیا جا سکتا ہے ۔ مثلاً قانون شراکت (Partnership Act) کے تحت جملہ شرکاء فرم کی ذمہ داری از روئے قانون بیک وقت اجتماعی اور انفرادی قرار دی گئی ہے ۔

Jointure, *n.* وہ جائیداد جو عورت کو اس کی شادی کے موقع پر اس کی علیحدہ ملکیت کے طور پر دی جائے جس سے اُسے استفادہ کا حق شوہر کی وفات کے بعد ہوتا ہے ۔ یہ اصطلاح انگریزی قانون کی ہے ۔

Journal, *n.* جریدہ ۔

Journal, Law جریدۂ قانون ۔

Judge, *n.* & *v.* جج ۔ منصف ۔ فیصلہ کرنا ۔ تجویز کرنا ۔ نتیجہ نکالنا ۔

لفظ "جج" صرف اُس شخص کے لیے استعمال نہیں ہوتا جو باعتبار عہدہ 'جج' کہلایا جائے بلکہ اس لفظ سے ہر وہ حاکم عدالت مراد ہے جس کو دیوانی و فوجداری مقامات کی تجویز کا اختیار دیا گیا ہو اور جو ایسا اختیار استعمال کرتا ہو ۔

جج ہی مقدمہ کی تمام کارروائیوں کا ذمہ دار ہوتا ہے ۔ جج کو قواعد شہادت کی پابندی ضرور کرنی چاہیے ۔ جج کو اپنے ذاتی علم پر فیصلہ نہیں کرنا چاہیے نہ اس کو خلاف قانون شہادت منظور کرنی چاہیے ۔

Judge Advocate, فوجی عدالت کا پیروکار سرکار ۔

وہ شخص جو فوجی عدالت کے روبرو استغاثہ کی پیروی کے لیے مقرر کیا گیا ہو ۔

Judgeship, *n.* ججی ۔ عہدۂ جج ۔

Judgment, *n.* عدالت کی تجویز یا فیصلہ ۔

قانون کا فیصلہ جو کسی عدالت انصاف یا با اختیار عدالت خصوصی نے اس کارروائی کے نتیجہ میں صادر کیا ہو جو اس میں دائر کی گئی تھی ۔

فیصلہ عدالت کی اس رائے کا اظہار ہے جو کسی

فیصلہ دے سکتی ہے کہ فریقین شریک فرم تھے اور یہ کہ مدعی کو حساب فہمی کا حق پہنچتا ہے اور بعد ازاں اصل حساب فہمی کے بعد قطعی ڈگری جاری کر دے ۔ اس کو Preliminary Judgment یا Decree بھی کہتے ہیں ۔

Judgment, Inter-parties فیصلہ مابین فریقین ۔

Judgment on merits, فیصلہ مبنی بر حقائق (مقدمہ) ۔

Judgment, Pronouncement of اعلان فیصلہ ۔ اظہار فیصلہ ۔

فیصلہ کا اعلان کھلی عدالت میں کرنا چاہیے ۔ اگر مقدمہ کی سماعت ایک جج نے کی ہو لیکن فیصلہ دوسرے جج نے تحریر کیا ہو تو ایسا فیصلہ کالعدم ہوگا کیونکہ عام اصول یہ ہے کہ جس جج نے مقدمہ کی سماعت کی ہو اُسی کو فیصلہ بھی لکھنا چاہیے ۔ لیکن اگر جج نے صرف شہادت قلم بند کی ہو اور دوسرے نے بحث سنی ہو اور پھر فیصلہ لکھا ہو تو فیصلہ ناجائز نہ ہوگا ۔ یا یہ کہ فیصلہ ایک جج نے لکھا ہو جس نے سماعت کی ہو اور دوسرے نے اس کا اعلان کیا ہو جس نے اس کی سماعت نہ کی ہو تب بھی فیصلہ پر کوئی اثر نہیں پڑتا اور وہ جائز کہلائے گا ۔

Judicature, *n*. نظام عدالت ۔

Judicial, *a*. عدالتی ۔

Judicial act, فعل عدالت ۔ عدالتی فعل ۔

فعل عدالت سے مراد وہ فعل ہے جو حاکم مجاز نے واقعات اور حالات پر غور کرنے کے بعد کیا ہو اور کسی پر مواخذہ داری ڈالی ہو اور دوسرے کے حق کو متاثر کیا ہو ۔ اُن تمام اشخاص کو جو عدالتی فرائض انجام دے رہے ہوں عدالتی افعال کے نتائج سے مامون و محفوظ رکھا گیا ہے ۔

Judicial authority, عدالتی اقتدار ۔

Judicial capacity, عدالتی حیثیت ۔

Judicial Commissioner, جوڈیشیل کمشنر ۔ عدالتی کمشنر ۔

Judicial Committee of the Privy Council, پریوی کونسل کی عدالتی مجلس ۔

Judicial days, عدالتی ایام ۔

وہ ایام جن میں عدالتیں کھلی ہوئی ہوں ۔

عدالتی کارروائی یا مقدمہ میں جملہ شہادت و دلائل پر غور کرنے کے بعد قائم کی گئی ہو جس سے فریقین کے حقوق متعین ہوتے ہوں ۔

ضابطہ دیوانی کے دفعہ ۲(۹) کے تحت ڈگری یا حکم کے جو دلائل جج تحریر کرتا ہے ، انہیں فیصلہ کہا جاتا ہے ۔

Judgment creditor, ڈگری دار ۔

Judgment, Date of تاریخ فیصلہ ۔

اگر کسی فیصلہ پر تاریخ نہ لکھی ہو تو اُس سے فیصلہ پر کوئی اثر نہیں پڑتا ۔ یہ محض ایک بے ضابطگی ہے ۔ تاریخ فیصلہ دوسری شہادت کے ذریعہ ثابت کی جا سکتی ہے ۔

Judgment debt, دین ڈگری ۔ دین ڈگری شدہ ۔

Judgment debtor, مدیون ڈگری ۔

وہ شخص جس کے خلاف ڈگری صادر ہوئی ہو ۔ اس اصطلاح کا اطلاق متوفی مدیون ڈگری کے قانونی ورثاء پر نہیں ہوتا کیونکہ ڈگری ان کے خلاف صادر نہیں ہوتی ۔

Judgment, Ex parte یکطرفہ فیصلہ ۔

Judgment, Foreign فیصلہ عدالت ملک غیر ۔

ایسا فیصلہ جو بیرون ملک کسی دوسری عدالت نے دیا ہو ۔

فیصلہ عدالت ملک غیر، ملکی عدالت پر قابل پابندی نہیں الاّ یہ کہ دو ممالک میں اس کی نسبت کوئی معاہدہ ہوا ہو ۔

فیصلہ عدالت غیر کبھی کبھی ایک ہی ملک کی دوسری عدالت کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے ۔ ایسا فیصلہ قابل نفاذ ہوتا ہے اور عدالت منتقل الیہ تعمیل کرا سکتی ہے ۔

Judgment in personam, تجویز نسبت اشخاص ۔

Judgment in rem, تجویز نسبت شے ۔ تعمیمی فیصلہ ۔

Judgment, Interlocutory درمیانی فیصلہ ۔

عدالت کو اس امر کا اختیار حاصل ہے کہ وہ بہ تقاضائے انصاف مختلف امور تنقیح طلب کی علیحدہ علیحدہ سماعت کرے اور درمیانی فیصلہ دے جس کو بالآخر قطعی فیصلہ کی بنیاد بنایا جا سکے ، مثلاً مابین شرکاء حساب فہمی کے مقدمہ میں کسی فریق مقدمہ کے انکار شراکت کی صورت میں عدالت یہ درمیانی

Judicial Department, محکمہ عدالت ۔

Judicial discretion, عدالتی صوابدید ۔

Judicial documents, عدالتی دستاویزات مثلاً فیصلہ جات ، بیانات ، حکم نامہ جات ۔

عدالتی کارروائیوں یا روداد مقدمات کو تین حصوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے : (۱) فیصلہ ، احکام اور ڈگریاں ۔ (۲) حلفیہ بیانات جو کسی قانونی کارروائی کے دوران قلمبند ہوں ۔ (۳) پروانہ جات، حکم نامے، پلیڈنگس جو دوران مقدمہ ہوں ۔

Judicial, Extra زائد عدالتی ۔

Judicial fine, عدالتی جرمانہ ۔

Judicial function, عدالتی فریضہ ۔

Judicial interpretation, عدالتی تعبیر و تشریح ۔

Judicial inquiry, عدالتی تحقیقات ۔

Judicial legislation, عدالتی قانون سازی ۔

عدالتی فیصلے قانون کی توسیع و ترقی میں بڑا اہم کردار ادا کرتے ہیں ۔ اصول قانون کے ماہرین نے عدالتی فیصلوں کو قانون کا مآخذ قرار دیا ہے ۔ اگرچہ عام خیال یہ ہے کہ جج کا کام قانون کو جیسا کہ ہے ویسا ہی پیش کرنا ہے نہ کہ قانون بنانا لیکن اس حقیقت سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ مقننہ کے طرز فکر اور قانون سازی پر عدالتی فیصلوں کا ایک خاص اثر پایا جاتا ہے اور بعض اوقات اصلاح معاشرہ کے فرض کو ، بمقابلہ مقننہ کے ، عدالتی فیصلے بہتر اور زیادہ مؤثر طور پر ادا کرتے ہیں ۔ مثلاً جسٹس قدیر الدین احمد کا فیصلہ اپیل دیوانی محمد یاسین بنام خوشنما خاتون (کراچی ویکلی لا رپورٹر ۱۹۶۰ء ص ۹۲) متعلق بہ نفقہ زوجہ یا جسٹس کیکاؤس کا فیصلہ بمقدمہ بلقیس فاطمہ بنام نجم الاکرام پی ایل ڈی ۱۹۵۹ء لاہور صفحہ ۵۶۶ متعلق بہ حق خلع مسلمانوں کی معاشرتی زندگی کی اصلاح میں اہم حیثیت کے مالک ہیں ۔

Judicial lock-up, عدالتی حوالات ۔

Judicial matter, عدالتی معاملہ ۔

Judicial notice, عدالتی واقفیت ۔ عدالتی علم و آگہی ۔ عدالتی اطلاع ۔ واقفیت عدالت ۔ علم عدالت ۔

یہ اصطلاح اس امر سے متعلق ہے کہ بعض واقعات ایسے ہوتے ہیں جن کا ثابت کرنا ضروری نہیں ہوتا بلکہ عدالت ان کو ثابت شدہ تسلیم کر لیتی ہے ۔ چنانچہ کوئی امر جس کو بلا ثبوت تسلیم کرنا قانوناً عدالت پر لازم ہے اس کی نسبت شہادت پیش کرنا ضروری نہ ہوگا (ملاحظہ ہوں دفعات ۵۶ ، ۵۷ قانون شہادت) ۔

وہ واقفیت جو جج اپنے عہدہ کی حیثیت سے بلا ثبوت کام میں لائے ، ایسے امور کا ثابت کرنا ضروری نہیں ۔ مثلاً ملکی قوانین یا قواعد جو قانون کا اثر رکھتے ہیں چنانچہ جو امر عدالت کے نزدیک اس کے علم کی وجہ سے ثابت ہے اس کے لیے گواہوں کی مدد کی ضرورت نہیں ۔ (ملاحظہ ہو دفعہ ۵۶ قانون شہادت) ۔

Judicial oath, عدالتی حلف ۔ حلف جو حاکم عدالت کے روبرو لیا جائے ۔

Judicial officer, عہدہ دار عدالت ۔ حاکم عدالت ۔

Judicial Officer's Protection Act, قانون تحفظ حاکمان عدالت ۔

کسی جج ، مجسٹریٹ ، جسٹس آف پیس ، کلکٹر یا شخص دیگر ، جو عدالتی کام انجام دے ، کے خلاف کسی فعل کی نسبت ، جو اس نے اپنے فرائض کی بجا آوری میں خود کیا ہو یا اس کے کرنے کا حکم دیا ہو ، کسی بھی دیوانی عدالت میں مقدمہ دائر نہیں کیا جا سکتا خواہ وہ فعل اس کے دائرۂ اختیار میں ہو یا باہر ، لیکن لازم ہے کہ اس فعل کی انجام دہی کے وقت وہ نیک نیتی کے ساتھ یہ باور کرتا ہو کہ اسے فعل مذکور کی انجام دہی کا اختیار حاصل ہے (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو دفعہ ۱ ، قانون تحفظ حاکمان عدالت ۱۸۵۰ء) ۔

Judicial Oligarchy عدالتی اعیانیت ۔

Judicial power, عدالتی اختیار ۔

Judicial precedent, عدالتی نظیر ۔

Judicial proceedings, عدالتی کارروائی ۔

عدالتی کارروائی میں ہر ایسی کارروائی داخل ہے جس کے اثناء میں شہادت حلفاً لی جائے یا شہادت کا حلفاً لیا جانا جائز ہو ۔

Judicial prosecution, عدالتی استغاثہ ۔

Judicial, Quasi نیم عدالتی ۔

Judicial record, عدالتی اسلہ۔ اسلجات عدالت۔
عدالتی ریکارڈ کی صحت کا قیاس کیا جاتا ہے نیز اس فیصل شدہ صحیح متصور ہوتا ہے۔

Judicial record room, عدالتی محافظ خانہ۔

Judicial reference, عدالتی استصواب۔

Judicial Research & Training Institute,
ادارہ عدالتی تحقیق و تربیت۔
جاپان میں سپریم کورٹ کی زیر نگرانی ایک ادارۂ عدالتی تحقیق اور ججوں کی تربیت کا کام انجام دیتا ہے۔ اس کا قیام دستور کی رو سے عمل میں آیا ہے۔

Judicial review, عدالتی نظر ثانی۔

Judicial sale, عدالتی نیلام۔

Judicial separation, عدالتی تفریق۔
(علیحدگی زن و شوہر بحکم عدالت)۔
اگر مابین زن و شوہر اختلافات اس حد تک بڑھ جائیں کہ عدالت کی رائے میں ان ہر دو کا ساتھ رہنا ممکن نہ ہو اور یہ خیال ہو کہ وہ دونوں اللہ کی مقرر کردہ حدود کو قائم نہ رکھ سکیں گے تو عدالت کو چاہیے کہ ان کو جدا کر دے اور ان میں تفریق (جدائی) کرا دے (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو، پی۔ ایل۔ ڈی لاہور ۱۹۵۹ء صفحہ ۵۶۶)۔
نیز ملاحظہ ہو مجموعۂ قوانین اسلام، مؤلف ہذا، جلد دوم باب تفریق بسبب ظلم و ضرر۔

Judicial tribunal, عدالتی ٹربیونل۔

Judicial trustee, عدالتی امین۔

Judicial Veto, عدالتی تنسیخ۔
بعض ممالک کے دستوری قوانین میں یہ اصطلاح عدالتی نظر ثانی کے مترادف استعمال ہوتی ہے۔

Judicial writ, عدالتی پروانہ۔

Judiciary, *n.* عدلیہ۔ عدالتی نظام جو کسی ملک میں رائج ہو۔

Judicious, *a.* دانشمندانہ۔

Junior, *a.* چھوٹا۔

Junior counsel, چھوٹا وکیل۔

Jural, *a.* متعلق علم قانون۔

Juries Act, قانون جوریان۔

Jurisdiction, *n.* اختیار سماعت۔
اختیار سماعت کا مفہوم یہ ہے کہ عدالت کو بلحاظ نوعیت، باعتبار علاقہ و مالیت مقدمہ کی سماعت کرنے اور متنازعہ معاملہ کو طے کرنے کا قانونی اختیار حاصل ہے۔
جو فیصلہ بدون اختیار دیا جائے وہ قانون کی نگاہ میں کالعدم ہے۔ اگر کوئی دعویٰ کسی ایسی عدالت میں پیش کر دیا جائے جس کو سماعت مقدمہ کا اختیار حاصل نہ ہو تو صحیح طریقہ یہ ہوگا کہ عدالت عرضی دعویٰ کو صحیح عدالت میں پیش کرنے کی غرض سے مدعی کو واپس کر دے۔ ایسے دعویٰ کو خارج نہیں کرنا چاہیے (ملاحظہ ہو حکم ۷ قاعدہ ۱۰ ضابطہ دیوانی و ۱۹۳۰ء لاہور صفحہ ۱۷۱)۔

Jurisdiction, Admiralty بحری اختیار سماعت۔

Jurisdiction, Appellate اختیار سماعت اپیل یا بصیغۂ اپیل۔

Jurisdiction, Civil اختیار سماعت دیوانی۔

Jurisdiction, Criminal اختیار سماعت فوجداری۔

Jurisdiction, Extraordinary criminal
غیر معمولی اختیار سماعت فوجداری۔

Jurisdiction, Extraordinary original civil
غیر معمولی اختیار سماعت ابتدائی دیوانی۔

Jurisdiction, Insolvency اختیار سماعت دیوالہ۔

Jurisdiction, Matrimonial اختیار سماعت۔ معاملات ازدواجی۔

Jurisdiction, Ordinary criminal اختیار سماعت فوجداری معمولی۔

Jurisdiction, Ordinary original civil
معمولی اختیار سماعت ابتدائی دیوانی۔

Jurisdiction, Pecuniary اختیارسماعت بلحاظ مالیت۔

Jurisdiction, Revisional اختیار سماعت بصیغۂ نگرانی۔

Jurisdiction, Territorial علاقائی اختیار سماعت۔

Jurisdiction, Testamentary اختیار سماعت نسبت مقدمات وصیت۔

Jurisdiction, Want of عدم اختیار سماعت۔

Jurisprudence, *n.* اصول قانون۔

Jurisprudence, Medical طبّی اصول قانون۔

Jurist, *n.* ماہر قانون ۔ فقیہہ ۔

Jurist equity, استحسان ۔

See "*Istihsan.*"

Jury, *n.* جیوری ۔

اشخاص جو عدالت میں جج کے ہمراہ بیٹھ کر مقدمہ کی سماعت کرتے ہیں ۔ ان کے ذمہ یہ کام ہوتا ہے کہ وہ واقعاتی امور کے لحاظ سے پیش شدہ شہادت کی روشنی میں مقدمہ میں تجویز قائم کریں ۔ اب پاکستان میں جیوری کا طریقہ منسوخ کر دیا گیا ہے ۔

Jury, Mixed مخلوط جیوری ۔

جیوری جو ملکی اور غیر ملکی دونوں اشخاص پر مشتمل ہو مثلاً جس میں یورپی اور پاکستانی دونوں شامل ہوں ۔

Juryman, *n.*
Juror, *n.* } اہل جیوری ۔ شخص جیوری ۔

Jus, *n.* قانون غیر موضوعہ ۔

Just, *a.* درست ۔ منصفانہ ۔ ٹھیک ۔ مناسب ۔

Just debts, منصفانہ قرضے ۔

اس اصطلاح کا مفہوم یہ ہے کہ قرضے غیر اخلاقی، غیر قانونی اور مصلحت عامہ کے خلاف نہ ہوں اور ورثاء کے حقوق کو متاثر کرنے کے لیے بے دردانہ طور پر نہ کیے گئے ہوں (پی ایل ڈی ۱۹۶۶ع لاہور صفحہ ۱۵۱) ۔

Just order, منصفانہ حکم ۔

Justice, *n.* انصاف ۔ عدل ۔

ایک لقب جو ہائی کورٹ کے جج کے لیے یا اس سے بالا عدالتوں کے ججوں کے لیے ہوتا ہے ۔

جس شخص کو مضرت پہنچی ہو یا حق تلفی ہوئی ہو اس کو حق دلانے کا نام انصاف ہے ۔ انصاف کا منشاء یہ ہونا چاہیے کہ لوگوں کو اس کا اطمینان ہو جائے کہ انصاف کیا گیا ہے ۔

اسلام میں عدل و انصاف کا اصل سرچشمہ خداوند تعالیٰ کی ذات ہے اور اس سرچشمے سے پیدا ہونے والے قوانین کا نفاذ مسلمانوں کی جماعت کے سپرد ہے ۔ چنانچہ اسلام میں قضا یا داد رسی یا عدل گستری کو اہم ترین انسانی فرائض میں شامل کرتے ہوئے اسے مملکت کا اولین فرض قرار دیا گیا ہے ۔

عدل و انصاف کی اس اہمیت کے پیش نظر قرآن پاک میں عدل و انصاف کی ہدایات جابجا ملتی ہیں ۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ سورہ نساء کی ۵۸ ویں آیت میں ارشاد فرماتا ہے ۔ جب تم لوگوں کے درمیان فیصلہ کرو تو عدل و انصاف کے ساتھ فیصلہ کرو ۔

اسی طرح سورہ مائدہ کی نویں آیت میں ارشاد ہوتا ہے: ''ولا یجر منکم شنان قوم علی الا تعدلوا، اعدلوا ہو اقرب للتقوی'' یعنی کسی کی عداوت کی وجہ سے تم عدل و انصاف سے باز نہ رہو بلکہ عدل کرو جو پرہیز گاری سے زیادہ قریب ہے ، یعنی جو پرہیز گاری کا تقاضہ ہے ۔

سورہ نساء کی ۱۳۵ ویں آیت میں عام مسلمانوں کو خطاب کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ ہدایت فرماتا ہے : یا ایہا الذین آمنو کونوا قوامین بالقسط شہداء للہ ولو علی انفسکم اوالوالدین ولا قربین'' یعنی اے ایمان والو ! عدل و انصاف پر قائم رہو ، اور اللہ کے لیے گواہی دو ، اگر چہ اس میں اپنا یا ماں باپ کا یا قرابت داروں کا نقصان ہو ۔

سورہ ص کی ۲۶ ویں آیت میں اللہ تعالیٰ حضرت داؤد علیہ السلام کو مخاطب کرتے ہوئے فرماتا ہے : '' یا داؤد انا جعلنا ک خلیفۃ فی الارض ، فاحکم بین الناس بالحق ، ولا تتبع الھوی ، فیضلک عن سبیل اللہ '' یعنی اے داؤد ! ہم نے تمھیں اس زمین پر اپنا خلیفہ بنایا ، پس تم لوگوں کے درمیان حق پر فیصلہ کرو ، اور خواہش کی پیروی مت کرو ۔ کیوں کہ تم اس سے اللہ کے راستے سے ہٹ جاؤ گے ۔

قرآن پاک کی طرح احادیث نبوی میں بھی عدل و انصاف کی اہمیت پر کافی زور دیا گیا ہے ۔ چنانچہ ایک ہی حدیث اسلام میں انصاف کی اہمیت کو ثابت کرنے کے لیے کافی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ '' ایک ساعت جو انصاف میں صرف کی جائے ستر سال کی نفلی عبادت سے بہتر ہے''۔

شمس الائمہ امام شمس الدین السرخسی (متوفی ۴۸۲ھ) نے اپنی کتاب ''المبسوط'' کی جلد ۱۶ صفحہ ۵۹ پر لکھا ہے کہ '' ان القضاء بالحق من اقوی الفرائض بعد الایمان باللہ تعالیٰ و ہو من اشرف العبادات'' یعنی حق و انصاف کے ساتھ فیصلہ کرنا

بنیاد انصاف، نصفت اور حسن نیت پر رکھی گئی ہے ۔

Justice, Natural حقیقی انصاف ۔ قدرتی انصاف ۔

حقیقی یا فطری انصاف سے متعلق عدالتوں نے جو اصول مرتب کیے ہیں وہ چار ہیں ۔

۱۔ ہر شخص جس کے دیوانی حقوق متاثر ہوتے ہیں اس کو مناسب اطلاع دینی چاہیے تاکہ وہ معاملہ کی نوعیت سے آگاہ ہو جائے ۔

۲۔ اس کو اپنی مدافعت میں عذرات پیش کرنے کا مناسب موقع دینا چاہیے ۔

۳۔ قضیہ کی سماعت ایک آزاد اور غیر جانبدار عدالت کرے یعنی وہ ایسا شخص ہو جس کو اس قضیہ سے بالواسطہ یا بلاواسطہ کوئی تعلق نہ ہو ۔ نہ اس کا اس قضیہ سے کوئی مفاد وابستہ ہو اور نہ وہ پہلے سے اس قضیہ سے متعلق فریق کی نسبت کوئی خلاف یا معاندانہ نقطۂ نظر رکھتا ہو ۔

۴۔ حاکم مناسب طور پر اور نیک نیتی سے فیصلہ دے ، نہ یہ کہ فیصلہ خود خواستہ اور من مانا ہو ۔

Justice of the Peace, جسٹس آف پیس (حاکم امن عامہ) ۔ منصف امن ۔ ناظم امن ۔

(ملاحظہ ہو ضابطہ فوجداری ۱۸۹۹ع)۔

Justiciable, *a*. صحیح طور پر تصفیہ طلب (عدالت انصاف میں) ۔

قابل چارہ جوئی (بذریعۂ عدالت) ۔

Justifiable, *a*. حق بجانب ۔

Justification, *n*. معقولیت ۔

Justify, *v*. حق بجانب قرار دینا۔ منصفانہ ثابت کرنا۔

Justness, *n*. جواز ۔

Juvenile adult, کمسن بالغ ۔

وہ شخص جس کی عمر ۱۲ سال سے زیادہ اور ۱۶ سال سے کم نہ ہو ۔

Jnvenile court, عدالت برائے اشخاص کم سن ۔

Juvenile offender, کمسن مجرم ۔

از روئے قانون ۱۶ سال تک کے مجرم کمسن مجرم قرار دیے گئے ہیں ۔ عام طور پر ان مجرموں کو قید خانہ میں بھیجنے کی بجائے تادیب خانہ (Remand Home) میں رکھا جاتا ہے الا یہ کہ ان کے جرائم سنگین نوعیت کے ہوں ۔

اللہ تعالیٰ پر ایمان لانے کے بعد سب سے زیادہ قوی فرض ہے اور یہ تمام نفلی عبادتوں کے مقابلے میں سب سے زیادہ مکرم اور مشرف عبادت ہے ۔ آگے چل کر اسی کتاب کے صفحہ ۷۹ پر اسلامی تصور عدل گستری کی طرف اشارہ کرتے ہوئے لکھا ہے ”کہ عدل و انصاف کا انحصار مذہبی اصولوں کے اطلاق پر ہے ۔ اس میں کسی مادی تصور کو دخل نہ ہونا چاہیئے “۔

اسی طرح امام علاء الدین الکاسانی (متوفی ۵۹۵ھ) نے اپنی مشہور کتاب ”البدائع الصنائع فی ترتیب الشرائع“ میں انصاف رسانی کو مذہب کا ایک اہم اصول بتاتے ہوئے لکھا ہے کہ ”عدالتی فرائض کی انجام دہی محض مذہبی نوعیت کا ایک فرض مذہبی ہی نہیں بلکہ ایک عبادت اور مذہبی فریضہ کی تکمیل ہے“۔

اسلام میں عدل گستری کے تصور میں بنیادی طور پر خوف خدا اور خشیت الہی شامل ہے اور یہی وہ تصور ہے جو اسلامی نقطۂ نظر سے قاضی یا جج کے اعمال و افعال کا ایک جزو لاینفک بن جاتا ہے اور اس کو اپنے عدالتی فرائض کی بجا آوری میں رشد و ہدایت اور مشعل راہ کا کام دیتا ہے ۔

اسلامی تصور انصاف سختی کے ساتھ مساوات کی تلقین کرتا ہے ۔ چنانچہ اس کا اطلاق اعلی و ادنی ، چھوٹے بڑے ، امیر و غریب سب پر یکساں صورت میں ہوتا ہے ۔ قرآن پاک سورہ نساء کی ۱۳۵ ویں آیت میں فرماتا ہے : اگر کوئی غنی یا محتاج ہے تو اللہ تعالی تم سے زیادہ ان دونوں کا خیر خواہ ہے، اس لیے تم انصاف کرنے میں اپنی خواہش نفس کی پیروی مت کرو ، اگر تم بات بدل ڈالو یا بچا جاؤ تو اللہ تعالی تمہارے کاموں سے واقف ہے ۔ (ترجمہ)

Justice delayed is justice denied, انصاف میں تاخیر انصاف سے انکار کے مترادف ہے ۔

جہاں تک ممکن ہو انصاف رسانی میں تاخیر سے کام نہ لینا چاہیے ۔

Justice, equity and good conscience, انصاف، نصفت اور نیک دلی یا حسن نیت ۔

جہاں واضح قانون یا قواعد موجود نہ ہوں عدالت کو اصول نصفت کے لحاظ سے حکم دینا چاہیے جس کی

K

Karta, *n.* — کرتا ۔ مینجر ۔

یہ اصطلاح ہندو قانون کی ہے ۔ اس سے مراد وہ شخص ہے جو ہندو خاندان مشترکہ کی جانب سے بالعموم تمام املاک و کاروبار کا کام انجام دیتا ہے ۔

Keep, *v.* — پابندی کرنا (قانون کی) ۔

Keep in good condition, / **Keep in good repair,** — درست حالت میں رکھنا (مکان وغیرہ کا) ۔

Keep pending, — التوا میں رکھنا ۔

Keeper, *n.* — محافظ ۔ نگران ۔

Keeper of the great seal (E.L.) — محافظ مہر بزرگ (شاہی) ۔

یہ اصطلاح انگریزی قانون میں لارڈ چانسلر کے لیے مستعمل ہے جس کے قبضے میں بڑی مہر رہتی ہے ۔

Keeping peace, — امن قائم رکھنا ۔

(ملاحظہ ہو باب ۸ ضابطہ فوجداری) ۔

Key Industries, — کلیدی صنعتیں ۔

Key point, — اصل نکتہ ۔

Khula, *n.* — خلع ۔

خلع زوجہ کی مرضی اور اس کی خواہش پر عقد نکاح سے آزاد کیے جانے کے معاوضے میں شوہر کو بدل دینے یا دینے کا وعدہ کرنے پر قید زوجیت سے بلفظ خلع یا جو لفظ اس کا ہم معنی ہو ، رہائی کا نام ہے ۔

شوہر اس امر کا مجاز ہے کہ وہ اپنی زوجہ کو مہر یا اس کی رقم سے کم یا زائد کے عوض خلع دے لیکن زوجہ کی اس معاوضے پر نا رضامندی کی صورت میں عدالت حالات مقدمہ کے پیش نظر معاوضہ کا تعین کرنے کی مجاز ہوگی ۔

ہر وہ شے جو شرعاً مہر ہونے کی صلاحیت رکھتی ہے اور مہر میں دی جا سکتی ہے خلع کا معاوضہ ہونے کی بھی صلاحیت رکھتی ہے ۔

اگر کوئی شوہر بلا ذکر عوض طلاق بالخلع دے تو زوجہ کا حق مہر ساقط نہ ہوگا ۔ اگر عدالت کو اس امر کا اطمینان ہوگیا ہو کہ زوجین شدید ناچاق کے سبب باہمی معاشرت میں احکام خداوندی کی پابندی نہ کر سکیں گے تو عدالت شوہر کو خلع کا حکم دے گی ۔

مگر شرط یہ ہے کہ اگر قصور مرد کا پایا جائے گا تو عدالت بلامعاوضہ تفریق کرا دے گی ۔

مزید شرط یہ ہے کہ اگر قصور عورت کا ہو یا دونوں میں سے کسی کا نہ ہو مگر حالات خلع کے متقاضی ہوں تو شوہر کو عورت سے مناسب معاوضہ بھی دلوایا جا سکتا ہے ۔

خلع کے جواز کے لیے یہ امر شرط ہے کہ شوہر طلاق واقع کرنے کا اہل اور زوجہ طلاق کا محل ہو ۔

خلع ایک طلاق بائن کے حکم میں داخل ہے (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو مجموعہ قوانین اسلام ، مؤلف ہذا ، جلد دوم ۔ باب خلع و مبارات) ۔

عدالت عالیہ مغربی پاکستان لاہور بینچ نے ۱۹۵۹ع میں ایک مقدمہ میں یہ قرار دیا کہ خلع عورت کا حق ہے ۔ (پی ۔ ایل ۔ ڈی، لاہور ۱۹۵۹ع ص ۵۶۶ ۔ اسی نقطہ نظر کو سپریم کورٹ نے بمقدمہ خورشید بی بی، پی ۔ ایل ۔ ڈی ۱۹۶۷ع ص ۹۷ اختیار کیا ہے) ۔

Khula and divorce, Difference of — فرق مابین خلع و طلاق ۔

خلع و طلاق میں بیّن فرق یہ ہے کہ خلع عورت کا حق ہے جب کہ طلاق مرد کا حق ہے (پی ۔ ایل ۔ ڈی سپریم کورٹ ۱۹۶۷ع ص ۹۷) ۔

Khula and Mubarat, Difference of — فرق مابین خلع و مبارات ۔

دیکھیے "Mubarat"

Kidnap, *v.* — لے بھاگنا (انسان کو) ۔

تفصیل کے لیے ملاحظہ ہوں دفعات ۳۶۰ ، ۳۶۱ تعزیرات پاکستان ۔

Kidnapper, *n.* — لے بھاگنے والا ۔

Kidnapping, *n* — اغوا ۔

Kill, *v.* — قتل کرنا ۔ ہلاک کرنا ۔ مار ڈالنا ۔ گردن مارنا ۔

Kin, *n.* — رشتہ دار ۔ عزیز ۔

Kin, Kith and — عزیز و اقرباء ۔

Kin, Next of رشتہ دار ۔

Kind, قسم ۔ جنس ۔

Kind, In جنس کی صورت میں ۔

یہ اصطلاح زر نقد (Cash) کے متضاد ہے ۔

Kindred, n. قرابت دار ۔

Kindred, Degree of درجۂ قرابت ۔

ہر پشت کا ایک درجہ صعودی اور نزولی ہوتا ہے۔ چنانچہ ہر شخص کو اپنے باپ کے ساتھ اور باپ کو اپنے بیٹے کے ساتھ درجہ اول کا رشتہ ہوتا ہے اور اپنے دادا نانا یا پوتے نواسے کے ساتھ درجہ دوم کا رشتہ ہوتا ہے ۔

Kindred, Distant ذوی الارحام ۔

Kindred, Distant, Inheritance of

ذوی الارحام کی میراث ۔

King, n. شاہ ۔ بادشاہ ۔

Kingdom, n. دولت ۔ مملکت ۔

King's Bench, عدالت شاہی ۔

پہلے انگلستان میں بادشاہ خود بھی ججوں کے ساتھ ان سے بلند مقام پر متمکن ہوتا تھا اور اس کے حضور مقدمات پیش ہوتے تھے ۔ اس لیے اس کو شاہی عدالت کہتے تھے ۔ اس عدالت کی کوئی مستقل جگہ نہ تھی ۔ جہاں بادشاہ موجود ہوتا وہیں عدالت قائم کر دی جاتی ۔ اب اس عدالت کے اختیارات عدالت عالیہ انگلستان کو تفویض کر دیے گئے ہیں ۔

King's Counsel, (K.C.) خطاب وکیل ۔

یہ خطاب وکیل کی اعلیٰ قانونی صلاحیت و قابلیت کے پیش نظر بادشاہ انگلستان کی طرف سے عطا کیا جاتا ہے ۔ اگر ملک کی حکمران ملکہ ہو تو Queen's Counsel کا خطاب دیا جاتا ہے ۔

King's evidence, شہادت منجانب سرکار ۔

King's prerogative, فرمان شاہی ۔

Kinship, n. قرابت داری ۔

Kinsman, n. حقیقی رشتہ دار ۔ قریبی رشتہ دار ۔

Kissing the book, مذہبی کتاب کو چومنا ۔

گواہ کا بوقت حلف خاص مذہبی کتاب کو ہاتھ میں لینا اور چومنا جائز ہے ۔

Kleptomana, n. خبط سرقہ ۔

یہ بیماری ایسی نہیں ہے جس کی بناء پر جرم سے برأت حاصل کی جا سکے ۔

Kleptomaniac, n. وہ شخص جس کو سرقہ کا خبط ہو ۔

Knock down, v. دے مارنا ۔ نیلام ختم کرنا ۔

Knock out, v. نیلامی خریداران کا باہمی سمجھوتہ کرنا ۔

دو یا دو سے زیادہ اشخاص کا یہ سمجھوتہ کہ ایک دوسرے کے خلاف نیلام میں بولی نہ بڑھائیں اور اس سودے میں جو فائدہ ہو وہ آپس میں تقسیم کر لیں ۔ ایسا معاہدہ مصاحت عامہ کے خلاف نہیں ہے اور قابل نفاذ ہے [۱۹۲۷ع (۱) کنگس بینچ ڈویژن ص۱۶۹]۔

Know all men by these presents, از روئے ۔

دستاویز ہذا جملہ اشخاص کو معلوم ہونا چاہیے ۔

Knowingly, ad. عمداً ۔

Knowledge, n. علم ۔ واقفیت ۔

(کسی امر یا شے کے متعلق جس کا وجود ہو) ۔

علم کی تین صورتیں (۱) بذریعۂ وحی ۔ (۲) دلیل (۳) حواس ۔

اگرچہ یقینی علم و واقفیت ہی Knowledge کی تعریف میں آتا ہے لیکن یہ ایک قانونی مفروضہ ہے کہ ہر شخص اپنے ملک کا قانون جانتا ہے ۔ چنانچہ مرتکب کو اپنے افعال کے نتائج کا علم ہونے کا قیاس ہوتا ہے ۔

Koran, قرآن ۔ مسلمانوں کی مذہبی کتاب ۔

اللہ کا کلام جو پیغمبر آخر الزمان حضرت محمد مصطفیٰ ؐ پر نازل کیا گیا ۔

See "Qur'ān"

L

LL.B., — ایل ایل - بی -
قانونی سند (ڈگری) کا مخفف - بیچلر آف لاز
طیلسانی قانون -

LL.D., — ایل ایل - ڈی -
قانونی سند (ڈگری) کا مخفف - ڈاکٹر آف لاز
مخصّص قانون -

LL.M. — ایل ایل - ایم -
قانونی سند(ڈگری)کا مخفف۔ ماسٹرآف لاز۔ ماہر قانون

Label, *n.* — لیبل - چٹ -

Laborious, *a.* — مشقت طلب - محنت طلب -

Laboriously, *ad.* — جفا کشی سے۔ بہ محنت ۔مشقت سے۔

Labour, *n.* & *v.* — مزدوری -
(جسمانی یا دماغی) محنت - مشقت - محنت طلب کام -
اجتماعی کام - مشقت اٹھانا - جد وجہد کرنا - زحمت
برداشت کرنا -

Labour, Compulsory — جبریہ محنت - بیگار -

Labour Day, — یوم مزدوران -
یکم مئی ساری دنیا میں مزدور کی عظمت و وقار
کی علامت کے طور پر منایا جاتا ہے - اب یہ دن
سرکاری طور پر پاکستان میں بھی منایا جاتا ہے -

Labour, Hard — سخت مشقت (جو قید کے علاوہ
عائد کی جائے) -

Labour law, — قانون مزدوران - قانون محنت -

Labour market, — مزد بازار -

Labour of love, — خوشی کی بیگار - مرغوب کام -

Labour Party, — جماعت مزدوران -

Labour saving, — مشقت کو ختم کرنا یا کم کرنا -

Laboursome, *n.* — محنت طلب -

Labourer, *n.* — مزدور -
مزدور وہ شخص کہلاتا ہے جو اپنے ہاتھ سے کام
کرتا ہے (جس میں فنی صلاحیت کو دخل نہ ہو) -
چنانچہ ایک شخص جو کام کی نگرانی کرتا ہے یا
دوسروں کو کام میں مصروف رکھتا ہے وہ مزدور کی
تعریف میں داخل نہیں ہے (اے - آئی - آر ۱۹۰۹ء
ناگپور ص ۳۲۹) -
ایک کاریگر (Artisan) کو مزدور نہیں کہا جا سکتا
کیونکہ اس کے کام میں جسمانی محنت سے زیادہ اس کی
فنی مہارت کو دخل ہوتا ہے (۱۹۳۵ء رنگون
ص ۲۳۵) -
چنانچہ ایک بڑھئی کو مزدور نہیں کہا جا سکتا
(۱۹۲۶ء الہ آباد ص ۲۷۱) - اسی طرح بس کنڈکٹر
(۱۹۳۵ء الہ آباد ص ۱۰۵) یا سیلزمین ۱۹۳۵ء
رنگون ص ۲۰۳) مزدور نہیں ہیں -
ایک مزدور اپنی مزدوری کی ادائی کا دعویٰ اندرون
میعاد ایک سال دائر کر سکتا ہے جس تاریخ سے کہ
اس کی مزدوری واجب الادا ہو گئی ہو (آرٹیکل ۷
قانون میعاد سماعت) -

Labourers, Statutes of — قوانین مزدوران -

Labourist, *n.* — حامئی مزدوران - مزدوروں کے
حقوق کا مویّد -

Laches, — غفلت - عدم پیروی - (بہ قدیم فرنچ
زبان کا لفظ ہے) -
اگر مدعی کو کسی شخص دیگر کے فعل سے کوئی
مضرت پہنچے جس کا وہ فوری طور پر بذریعہ حکم
امتناعی روکے جانے کا طالب ہو مگر قانونی چارہ جوئی
میں غفلت برتے اور عدالت سے رجوع نہ کرے تو
ایسی صورت میں عدالت حکم امتناعی دینے سے انکار
کر سکتی ہے۔ اسی طرح عدالت ایسے احکام کے اجراء
سے بھی گریز کر سکتی ہے جو بالکل اس عدالت کی
صواب دید پر منحصر ہوں، بالخصوص اجرائے پروانہ
کی درخواست اس بناء پر نامنظور کی جا سکتی ہے -

Lack, *n.* — کمی - قلت - محتاجی -

Laden, *a.* — لدا ہوا -

Lading, *n.* — بوجھ - بار - مال - اسباب -

Lading, Bill of — بار نامہ (جہاز) -

Lag, *n.* & *v.* — (۱) سزا یافتہ - قیدی - مجرم -
(۲) پکڑنا - قید عمر کی سزا دینا - کالے پانی بھیجنا -

Lagan, *n.* — غرق شدہ مال - تہ آب سامان - ایسا

غرق سامان جو ساحل پر ڈال دیا جائے ۔

Laity, *n*. غیر ماہر ۔

Lake, *n*. تالاب ۔

Lake, Property in soil of
آراضی تالاب کی ملکیت ۔

Lamma land, *n*. آراضی بن چرائی ۔

Land, *n*. آراضی ۔ زمین۔زمینداری۔جاگیر۔ مملکت ۔

Land acquisition, حصول آراضی ۔
(See under "Acquisition")

Land Acquisition Act, قانون حصول آراضی ۔

Land Administration Act, قانون انتظام آراضی ۔

Land agent, منتظم آراضی۔ مختار یا کارندۂ آراضی ۔

Land bank, آراضی بنک ۔

Land cess, محصول آراضی ۔ ابواب آراضی ۔

Land chain, جریب ۔ زنجیر پیمائش ۔
زمین ناپنے کا ایک قدیم پیمانہ ۔

Land compensation, معاوضۂ آراضی ۔

Land Control Officer, عہدہ دار انضباط آراضی ۔
فیڈرل کیپٹل لینڈ کنٹرول ایکٹ ۱۹۵۰ء کے تحت کراچی کی مصرحہ حدود میں کوئی تعمیر بلا اجازت نہیں ہو سکتی اور نہ اس پر بلا اجازت قبضہ کیا جا سکتا ہے ۔ اگر کوئی تعمیر کی جائے گی تو ڈپٹی کمشنر کو اس کے انہدام کا اختیار حاصل ہے ، البتہ اس اختیار کے استعمال سے پہلے ایک ہفتہ کا نوٹس جاری کرنا ضروری قرار دیا گیا ہے ۔

Land dispute, تنازعہ آراضی ۔

Land grabber, *n*. غاصب آراضی ، جو آسامیوں کی زمین غصب کر لے ۔ ناپسندیدہ طریقوں سے زمین حاصل کرنے والا ۔

Land-holder, مالک آراضی یا آسامی شکم دار ۔

Land hunger, جوع الارضی ۔

Land improvement, ترقی آراضی ۔

Land improvement Loans Act, قانون قرضہ برائے ترقی آراضی ۔

Land jobber, زمین کا بٹہ کرنے والا ۔

Land laws, قانون متعلق آراضی۔ قانون آراضیات ۔

Landlord, *n*. مکان دار ۔ زمیندار ۔

Landlordism, *n*. نظام زمینداری ۔
طبقۂ زمینداران کا متفقہ طرز عمل ۔

Landman, *n*. کاشت کار ۔ دیہاتی ۔

Landmark, نشان حدود آراضی ۔ نشان حد آراضی۔

Land measure, پیمائش آراضی ۔

Land Mortgage Bank, زمین گروی بنک ۔

Land record, اسلۂ آراضی ۔

Land Redemption Act, قانون انفکاک آراضی ۔

Land revenue, مالگزاری آراضی ۔

Land revenne demand, مطالبہ مالگزاری آراضی ۔

Land revenue department, محکمۂ مالگزاری ۔

Land settlement, بندوبست آراضی ۔

Land survey, پیمائش و نقشہ کشی آراضی ۔

Land tax, محصول آراضی ۔

Land tenure, حق ملکیت آراضی۔حق قبضہ آراضی۔

Landed, ارضی ۔ مشتمل بہ آراضی ۔

Landed property, جائیداد مشتمل بہ آراضی۔عقار ۔

Landed security, کفالت آراضی ۔

Landing, *n*. جہاز یا گاڑی سے اترنا یا اتارنا ۔

Lane, *n*. گلی ۔ کوچہ ۔
ایک تنگ سڑک یا گلی (Lane) کہلاتی ہے (۱۹۳۰ء لاہور ص ۵۰۷) ۔

Language, *n*. زبان ۔

Language of statute, قانون کی زبان ۔
(See "Interpretation of Statute" also).

Lapse, *n*. & *v*. سوخت ۔ سوخت ہونا ۔
اسقاط حق بوجہ عدم استعمال ۔ عروض تمادی ۔
ساقط ہونا ۔ سوخت ہونا ۔ استحقاق باقی نہ رہنا ۔ حق جاتا رہنا ۔ میعاد سوخت ہو جانا ۔
تحت قانون اسلامی اگر موہوب لہ وصیتی جس کو کسی وصیت کے تحت کوئی شے ہبہ کی جائے اور وہ موصی کی وفات سے قبل فوت ہو جائے تو ہبہ بالوصیت سوخت ہو جائے گا ۔

Lapsed deposit, سوخت شدہ امانت ۔

Lapsed legacy, سوخت شدہ ترکہ ۔ ترکہ سقطہ ۔

Lapsed policy, سوخت شدہ بیمہ ۔ سقطہ بیمہ ۔

Larcenous, *a*. متعلق بہ سرقہ ۔

Larceny, *n.* **(E.L.),** سرقہ ۔ چوری ۔

Larceny, Grand (E.L.) سرقہ سنگین ۔

Larceny, Simple (E.L.) سرقہ معمولی ۔

Larceny, Petty (E.L.) سرقہ حقیر ۔

Large, *a.* وسیع ۔ فراخ ۔

Large, At وہ جو گرفتار نہ ہو ۔ آزاد ۔

Large, Common at ملکیت چراگاہ ۔

جو کسی شخص نے بربنائے استعمال مسلسل حاصل کی ہو ۔

Large, To set at رہا کرنا ۔

Largely, *ad.* بڑی حد تک ۔ زیادہ تر ۔

Lash, *n.* تازیانہ ۔ کوڑا ۔

Lash, Sentence of سزائے تازیانہ ۔

Lasher, *n.* تازیانہ لگانے والا ۔

Last, *a.* آخر ۔ آخرالذکر ۔ پچھلا ۔

Last, *v.* قائم رہنا ۔ جاری رہنا ۔ کافی ہونا ۔

Last accounting period, گذشتہ زمانہ حسابات ۔

Last annual balance, گذشتہ سالانہ بقایا ۔

Last entitled, شخص مستحق آخری ۔

یعنی وہ شخص جس کو ترکہ پہنچنے کا حق سب سے آخر میں ہو ۔ یہ اصطلاح حکومت وقت کے لیے مستعمل ہے ۔

Last heir, آخری وارث ۔

کسی ترکہ کا اگر کوئی وارث باقی نہ رہے تو پھر آخری وارث حکومت ہوگی ۔ اس کی صراحت دستور پاکستان ۱۹۷۳ء میں موجود ہے ۔

Last known place of abode,
آخری سکونت معلومہ ۔

Last mentioned, آخرالذکر ۔

Last resort, آخری چارۂ کار ۔

Last resort, Court of عدالت آخر ۔

سپریم کورٹ (عدالت عظمیٰ) جس کے فیصلہ کے خلاف کوئی اپیل یا نگرانی نہیں ہو سکتی ، عدالت آخری کا درجہ رکھتی ہے ۔

Last will, آخری وصیت ۔

جب صداقت نامہ اہتمام ترکہ کی درخواست بربنائے وصیت عدالت میں پیش کی جائے تو ایک حلف نامہ بھی اس امر کی بابت داخل کرنا چاہیے کہ وصیت مذکورہ متوفی کی آخری وصیت ہے ۔

Late, *a.* تاخیر ۔ دیر ۔ بے وقت ۔ دن چڑھے یا رات گئے ۔ متوفی ۔

Late fee, *n.* دیرانہ ۔

Lately, *ad.* کچھ عرصہ قبل ۔ حال ہی میں ۔

Latent, *a.* پوشیدہ ۔ مخفی ۔

Latent ambiguity, ابہام خفی ۔

Latent defect, نقص پوشیدہ ۔

نقص پوشیدہ کا یہ مطلب ہے کہ وہ نقص ایسا ہو جو آنکھ سے نظر نہ آتا ہو (۱۹۲۶ء کلکتہ صفحہ ۹۴۷) ۔

Latent injury, مضرت مخفی ۔

ایک عورت جو ایک درزی کی دکان پر ملازم تھی دوکان میں آگ لگ جانے کے سبب اس بری طرح خوفزدہ ہوگئی اور اس کے اعصاب پر ایسا اثر پڑا کہ وہ اس کے بعد راتوں کو خواب میں آگ لگتے دیکھا کرتی اور خوف کے عالم میں نیند سے چونک پڑتی ۔ یہ واقعہ اس کی زندگی کے لیے بے حد متاثر کن تھا ۔ قرار دیا گیا کہ یہ مضرت ، مضرت مخفی ہے (۱۹۱۲ء ۲ کے ۔ بی صفحہ ۳۰۸) ۔

Latter, *a.* بعد میں آنے والا ۔ جدید ۔ حالیہ ۔

Laughable, *a.* قابل مضحکہ ۔ قابل تضحیک ۔ مضحکہ خیز ۔

Laughing stock, نشانۂ تضحیک ۔

Law, قانون ۔ قاعدہ ۔ ضابطہ ۔ آئین ۔ دستور ۔ ضابطۂ کار (قانونی) ۔

قانون اپنے جدید مفہوم میں کوئی خاص حکم کسی خاص شخص کے لیے نہیں ہے بلکہ وہ ایک عام حکم ہے جو تمام شہریوں کے لیے ایک عام طریق عمل بتاتا ہے ۔ قانون دراصل حقوق کا مجموعہ ہے اور حق کی بہترین آزمائش اس کا چارۂ کار قانونی ہے ۔

یہ اصطلاح حکومت کے وضع کردہ قانون کے مترادف استعمال ہوتی ہے ۔ (مزید تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو مجموعۂ قوانین اسلام ، جلد ۳ ، مقدمہ مؤلف ، اقسام قانون کے لیے ملاحظہ ہو اصول قانون مؤلفہ سامنڈ) ۔

اصطلاح "قانون" کی تعریف میں وہ رسم و رواج بھی شامل ہیں جو قانون کا درجہ حاصل کر لیں ۔
See "Custom" also

Law-abiding, پابند قانون ۔

Law, Adjective قانون اضافی ۔

Law agent, وکیل ۔ سالیسٹر ۔ مختار ۔

Law book, قانونی کتاب ۔ کتاب قانون ۔

Law-breaker, قانون شکن ۔ قانون کی خلاف ورزی کرنے والا ۔

Law, Canon قانون کلیسیا ۔

Law, Civil قانون دیوانی ۔

Law, Commercial قانون تجارت ۔

Law, Common قانون عامہ ۔
See "Common Law"

Law, Constitutional دستوری قانون ۔
See "Constitutional Law"

Law Court, عدالت انصاف ۔ دارالانصاف ۔

Law, Criminal قانون فوجداری ۔

Law, Customary رواجی قانون ۔
See "Custom"

Law Department, محکمۂ قانون ۔

Law Department Manual, دستورالعمل محکمۂ قانون ۔

Law Digest, خلاصۂ قانونی ۔ اختصار قانون ۔
(See "Digest")

Law, Divine قانون الٰہی ۔

Law, Due Course of طریق معمول قانونی ۔
یہ اصطلاح امریکی قانون دستوری میں واقع ہوئی ہے اور اپنے اندر بڑی وسعت رکھتی ہے ، جس میں نہ صرف اصل قانون بلکہ طریق قانونی کی پیروی پر بھی زور دیا گیا ہے ۔

Law, Ecclesiastical مذہبی قانون ۔ قانون کلیسا ۔

Law, English انگریزی قانون ۔ قانون انگلستان ۔

Law, Feudal قانون جاگیر داری ۔

Lawgiver, قانون دہندہ ۔

Law, Hindu دھرم شاستر ۔ ہندو قانون ۔ قانون ہنود ۔

Law in force, قانون نافذہ ۔
قانون نافذہ کا حقیقی مفہوم لینا چاہیے اور وہ یہ کہ بوقت ارتکاب جرم قانون فی الحقیقت نافذ ہو (اے ۔ آئی ۔ آر ۔ ۱۹۵۳ء سپریم کورٹ صفحہ ۳۹۴)۔

Law, Judge-made قانون ساختۂ عدالت ، مثلاً نظائر قانونی ۔

Lawless, بے آئین ۔ بے قاعدہ ۔ لا قانون ۔

Lawlessness, لا قانونیت ۔

Law list, فہرست وکلاء ۔
وکلا کی فہرست جس میں ان کے نام پتے مع تاریخ داخلہ درج ہوتے ہیں ۔

Law Library, قانونی کتب خانہ ۔

Law, Local قانون مختص المقام ۔

Lawmaker, واضع قانون ۔

Law, Maritime بحری قانون ۔

Law, Martial مارشل لا ۔
وہ قانون جو فوجی اقتدار نے دوران جنگ نافذ کیا ہو یا وہ قانون جو شہری قانون کے تعطل کے زمانہ میں مقتدر اعلیٰ نے نافذ کیا ہو ۔
(See also "Martial Law")

Law, Merchant تجارتی عمل درآمد جو قانونی درجہ حاصل کر لیں ۔

Law, Military فوجی قانون ۔

Law, Mohammadan شرع محمدی ۔

Law, Moral اخلاقی قانون ۔

Law, Mosaic قانون موسوی ۔

Law, Natural فطری قانون ۔

Law of crimes, قانون جرائم ۔
یہ قانون ، جرائم ، ان کی نوعیت ، سزا دہی اور عدالتی کارروائی کے طریقۂ کار سے بحث کرتا ہے ۔

Law of land, ملکی قانون ۔
"ملک کے قانون" کی اصطلاح کا مطلب ہے کوئی ایکٹ ، آرڈیننس ، آرڈر جو حکومت نے بنایا ہو (۱۹۵۲ء مدراس ص ۸۳۵) ۔

Law of nations, قانون بین الاقوام ۔

Law of nature, قانون قدرت ۔ قانون فطرت ۔
اس اصطلاح کا مفہوم یہ ہے کہ کسی امر یا شے سے قانون کا تعلق حقیقی ، مناسب اور نمایاں ہو نہ یہ کہ

کھینچ تان کر وہ تعلق پیدا کرنے کی کوشش کی جائے (اے - آئی - آر ۱۹۵۸ء الہ آباد ص ۵۶۲) -

Law of the State, قانون ملکی - ملکی قانون -

Law Officer, عہدہ دار قانون - افسر قانون -

Law relating to, قانون متعلق بہ -

Law reporter, Law reports, نظائر قانونی -

Law, Roman قانون روما -

Law schools, مکاتب قانون -

اسلامی فقہ کے کل آٹھ مکاتیب ہیں :

۱- حنفیہ ۲- مالکیہ ۳- شافعیہ ۴- حنبلیہ ۵- ظاہریہ ۶- جعفریہ ۷- زیدیہ ۸- اباضیہ -

آخری دو فقہی مکاتیب متروک ہو چکے ہیں - موجودہ دور میں غیر مقلدین کو کسی حد تک ''ظاہریہ'' میں شمار کیا جا سکتا ہے -

Law, Special قانون مختص الامر -

Law, Statute قانون منظورۂ مقننہ یا اولوالامر -

Law suit, مقدمہ قانونی - (دیوانی)

Law terms, اصطلاحات قانونی - شرائط قانونی -

Law, To go to مقدمہ کرنا - نالش کرنا -

To set Law in motion عدالتی کارروائی کا آغاز کرنا -

To take Law, into one's hand, قانون اپنے ہاتھ میں لے لینا - من مانی کرنا -

Law-writer, مصنف قانون - شارح قوانین -

Lawful, *a.* جائز - حلال - مطابق قانون -

جائز یا مطابق قانون کا مطلب یہ ہے کہ کوئی فعل قانون کی روح اور اصل کے مطابق ہے خواہ وہ اخلاقی ہو یا عدالتی (۱۹۲۹ء بمبئی ص ۵۲۶) -

Lawful age, عمر قانونی - ۱۸ سال (بالعموم)

Lawful agreement, اقرار قانونی-اقرار نامہ قانونی -

Lawful authority, اختیار جائز - اختیار قانونی -

اختیار جائز سے مراد وہ اختیار ہے جس کو قانون نے تسلیم کیا ہو - کسی فعل کے قانونی قرار دیے جانے کے لیے محض یہ کہنا کافی نہیں ہے کہ قانون نے اس اختیار کو ناجائز قرار نہیں دیا ہے لہذا وہ جائز ہے -

Lawful condition, شرط جائز -

Lawful consideration, بدل جائز -

(See "Consideration")

Legal custody, حراست قانونی -

Lawful eviction, جائز بے دخلی -

Lawful excuse, عذر قانونی - جائز و معقول عذر -

ہر عذر، عذر قانونی کی تعریف میں داخل نہیں - عذر قانونی یا عذر جائز کا مفہوم یہ ہے کہ قانون کی نگاہ میں وہ عذر قابل تسلیم ہے -

Lawful guardian, جائز ولی یا سرپرست -

Lawful heir, جائز وارث -

Lawful order, جائز حکم -

Lawful possession, جائز قبضہ -

Lawful profession, پیشۂ قانونی -

Lawful purpose, جائز غرض یا مقصد -

Lawful rent, کرایہ قانونی - قانونی کرایہ -

کرایہ واجب - کرایہ بموجب قانون -

اگر مالک جائیداد ، قانونی کرایہ سے بہت زاید کا مطالبہ کرے تو کرایہ دار پر قانونی کرایہ ادا کرنے کا لزوم بھی باقی نہیں رہتا یعنی وہ اس ذمہ داری سے سبکدوش ہو جاتا ہے کہ قانونی کرایہ مالک مکان کو پیش کرے (پی - ایل - ڈی ۱۹۶۷ء پشاور ص ۱۲۶) -

Lawless law, قانون غیر قانونی -

یہ اصطلاح عموماً ان اقدامات کے خلاف استعمال کی جاتی ہے جو سول حکام سیاسی و شہری آزادیوں کو بے جا طور پر دبانے کی خاطر بلا ضرورت عمل میں لاتے ہیں -

Lawyer, *n.* قانون پیشہ - وکیل - ماہر قانون -

Lay, *v.* پیش کرنا (دعویٰ وغیرہ) - عاید کرنا (تاوان یا ٹیکس) - خاکہ تیار کرنا -

Layman, جو کسی پیشہ یا فن کا ماہر نہ ہو - غیر ماہر فن - عامی -

Lay open, *v.* بے نقاب کرنا -

Lay-out, *n.* خاکہ - نقشہ -

Lay stress, زور دینا - استدلال کرنا -

Laed, *v.* رہنمائی کرنا -

Leader, n. قائد ۔ ہادی ۔ رہنما ۔ اداریہ ۔

Leadership, n. قیادت ۔

Leading, a. رہنما ۔ نمایاں ۔ خاص ۔ اول ۔

Leading article, ادارتی مقالہ ۔

Leading case, فیصلہ ، جس میں کوئی نیا اصول قائم ہو ۔

Leading counsel, ممتاز وکیل ۔

وکیل جو کسی مقدمہ میں شریک وکلاء کی موجودگی میں پیروی کرے ۔

Leading questiou, ہدایتی سوال ۔

سوال جس کا جواب راست حاصل کیا جائے ۔ بیان ابتدائی میں ہدایتی سوالات نہیں کیے جا سکتے لیکن جرح میں اس کی اجازت ہے (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہوں دفعات ۱۴۱ - ۱۴۲ قانون شہادت) ۔

Also see "Examination in Chief"

League, n. اتحاد ۔ انجمن اتحاد ۔ باہمی مفاد کے لیے اتحاد ۔

League of Nations, مجلس اقوام ۔

Leakage, n. افشاء (راز کا) ۔ ٹپک ۔

بالعموم بار نامہ (Bill of Lading) جہاز میں یہ شرط درج ہوتی ہے کہ کسی ٹپکے یا ٹوٹ پھوٹ (Breakage) کی بناء پر مال میں اگر نقصان واقع ہو تو جہاز کمپنی ذمہ دار نہ ہوگی ۔

Leak out, v. فاش ہو جانا ۔

Leaping house, n. قحبہ خانہ (مجازاً) ۔

Lease, n. پٹہ ۔ اجارہ ۔ کرایہ داری ۔ قول ۔

باغراض قانون رجسٹری ، پٹہ (Lease) میں تکمیلی جز (Counterpart) قبولیت اور کاشت کرنے یا قبضہ لینے کا اقرار اور پٹہ پر دینے کا معاہدہ شامل ہے (ملاحظہ ہو دفعہ [۷] قانون رجسٹری) ۔

باغراض قانون اسٹامپ پٹہ کے معنی جائیداد غیر منقولہ کے پٹہ کے ہیں اور اس میں (الف) پٹہ ، (ب) قبولیت یا کاشت کرنے ، قبضہ لینے ، جائیداد غیرمنقولہ کا کرایہ ادا کرنے کا کوئی دوسرا تحریری اقرار ، جو تکمیلی جزو دستاویز پٹہ نہ ہو ، (ج) کوئی دستاویز جس کے ذریعہ کسی بھی قسم کا محصول کرایہ پر اٹھایا جائے ، (د) کسی درخواست کرایہ داری پر کوئی ایسی تحریر جس سے یہ مترشح ہو کہ وہ درخواست منظور کر لی گئی ، شامل ہیں (ملاحظہ ہو دفعہ ۲ [۱٦] قانون اسٹامپ) ۔

Lease, Counterpart of تکمیلی جزء پٹہ ۔

وہ ایک سے زائد دستاویزات جو مجموعی طور پر دستاویز پٹہ کی تکمیل کرتی ہوں ۔ پٹہ کے کبھی کبھی دو جز ، یعنی اقرار نامہ منجانب پٹہ دہندہ و قبولیت نامہ منجانب پٹہ گیرندہ ہوتے ہیں ۔ جن ایک سے زائد دستاویزات سے مل کر یہ دو جزء پورے ہوتے ہیں ان کو Counterpart of Lease کہتے ہیں ۔

Lease, پٹہ نامہ ۔ کرایہ نامہ ۔

Lease-holder, n. پٹہ دار ۔ پٹہ گیرندہ ۔ اجارہ دار ۔

Lease-hold tensure, حقیت قبضہ بربنائے پٹہ یا قول ۔

Lease in perpetuity, پٹہ دوامی ۔ استمراری پٹہ ۔

دوامی پٹہ کا حق قبضہ مخالفانہ کے ذریعے بھی پیدا ہو سکتا ہے لیکن اس کے لیے قبضہ من ابتداء بلااجازت ہونا چاہیے (۱۳ مدراس ص ۳٦۷ و ۷ بمبئی ص ۹٦)۔

Learn, v. سیکھنا۔ مطلع ہونا ۔ آگاہ ہونا۔ معلوم کرنا ۔

Learned, a. عالم ۔ فاضل ۔

Learner's driving licence, موٹر رانی سیکھنے کا اجازت نامہ ۔

Learning, n. علم ۔ فضیلت ۔

Leave, n. & v. اجازت ۔ رخصت ۔ اجازت دینا ۔ چھوڑ دینا ۔

Leave allowance, بھتہ رخصت ۔

Leave, French رخصت بلا اجازت ۔ بے اجازتی رخصت ۔

Leave preparatory to retirement, رخصت ماقبل وظیفہ ۔

Leave to appeal in forma pauperis, بصیغہ مفلسی اپیل دائر کرنے کی اجازت ۔ (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو حکم ۳۳ ضابطہ دیوانی) ۔

Leave to appeal to Supreme Court, عدالت عظمیٰ میں اپیل دائر کرنے کی اجازت۔ بالعموم یہ اجازت کسی قانونی نکتہ کے پیش نظر دی جاتی ہے۔

Leave to bid, بولی بولنے کی اجازت ۔

Leave to defend, اجازت دفاع ۔
اجازت جواب دہی یا صفائی ۔
اگر مقدمہ بربنائے تحریر پرونوٹ مبادلہ ہنڈی یا چیک ہو تو مدعی کو اختیار ہے کہ وہ حکم ۲۰ ضابطہ دیوانی کے تحت سرسری دعویٰ پیش کرے ۔ اس صورت میں مدعا علیہ بالاستحقاق جواب دہی سے باز رکھا گیا ہے لیکن وہ نوٹس ملنے کے بعد دس یوم میں جواب دہی کی اجازت کی درخواست عدالت میں دے سکتا ہے ۔ اگر وہ درخواست اندرون میعاد داخل نہ کی جائے تو وہ دعویٰ یک طرفہ فیصل ہوگا ۔ دفاع کی درخواست کی منظوری کے بعد مدعا علیہ کو جواب دہی کا حق پیدا ہو جاتا ہے ۔

Ledger, *n.* کھاتہ ۔

Legacy, *n.* ہبہ بالوصیت۔ترکہ،جوبذریعہ وصیت ملے ۔

Legacy, Abatement of تخفیف وصیت ۔
(See under "Abatement")

Legacy, Cumulative وصیت مجموعی ۔

Legacy, Demonstrative وصیت اشاری ۔
ایک عام وصیت جس میں یہ صراحت ہو کہ کسی مخصوص سرمایہ سے اس کا ایفاء کیا جائے ۔ اگر موصی کسی ایسی جائیداد کے بارے میں ہبہ بالوصیت کر جائے جو اس کی ملکیت نہیں ہے یا اس جائیداد میں اہم تبدیلی ہو چکی ہے تو ایسی صورت میں وصیت مذکورہ اثر پذیر نہ ہو سکے گی ۔

Legacy duty, محصول وصیت ۔

Legacy, General عام ترکہ ۔ وصیت عام ۔

Legacy, Specific وصیت خاص ۔
(کسی معین اور مخصوص شے کی)

Legacy, Substituted وصیت قائم مقام
(اسی شخص کے حق میں پہلی کے عوض) ۔

Legal, *a.* جائز ۔ قانونی ۔ بموجب قانون ۔

Legal advice, مشورہ قانونی ۔

Legal adviser, مشیر قانونی ۔

Legal affairs, امور قانونی ۔

Legal bar, مانع قانونی ۔

Legal conditions, شرائط قانونی ۔

Legal curator of the property, قانونی محافظ جائیداد ۔

Legal day, قانونی دن ۔ یوم قانونی ۔
انگریزی قانون کے تحت یہ دن چوبیس گھنٹوں کا شمار ہوتا ہے جو ایک نصف شب سے شروع ہو کر دوسری نصف شب پر ختم ہوتا ہے ۔

Legal difficulties, مشکلات قانونی ۔

Legal disability, قانونی معذوری مثلاً نا بالغی، فاتر العقلی ۔

Legal duty, فرض قانونی ۔

Legal effect, اثر قانونی ۔

Legal estate, جائیداد قانونی، مثلاً ایک جائیداد جو زمانہ آئندہ میں وجود میں آئے ۔

Legal fiction, مفروضہ قانونی ۔
(See under "Fiction")

Legal formality, رسم قانونی ۔ قاعدۂ قانونی ۔

Legal guardian, قانونی ولی یا سر پرست ۔

Legal incidents, نتائج قانونی ۔ نتائج شرعی ۔

Legal interest, مفاد قانونی ۔

Legal majority, بلوغ قانونی ۔

Legal misconduct, قانونی بد اطواری ۔ قانونی بد اعمالی ۔
قانونی بد اعمالی ایک مبہم اصطلاح ہے ۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ کوئی ایسا عمل جو اگرچہ ایماندارانہ ہو مگر اس سے ادائے فرض میں غلط طور پر نقص واقع ہوا ہو اور جس سے انصاف متاثر ہوا ہو (۵۳ کلکتہ ۔ ویکلی نوٹس ص ۸۲۸) ۔

Legal obstacle, مانع قانونی ۔ قانونی رکاوٹ ۔

Legal owner, مالک جائز ۔ مالک قانونی ۔

Legal possession, قبضہ قانونی ۔

Legal power, اختیار قانونی ۔

Legal practitioner, قانون پیشہ ۔

Legal presumption, قیاس قانونی ۔

Legal proceeding, قانونی کارروائی ۔
کسی کارروائی کو محض اس لیے قانونی کارروائی نہیں کہا جا سکتا کہ وہ عدالت عالیہ میں ہو رہی ہے جب کہ عدالت عالیہ اس کارروائی کی سماعت اپنے اس اختیار کے تحت کر رہی ہو جس کے تحت آنے

ایسی کارروائیوں کی جو قانونی نہیں ہیں سماعت کرنے کا اختیار دیا گیا ہے (اے ۔ آئی ۔ آر ۱۹۵۹ء الہ آباد ص ۶۸۳) ۔

Legal procedure, ضابطۂ قانونی ۔ طریقۂ کار قانونی ۔

Legal remedy, قانونی چارۂ کار ۔ چارۂ کار قانونی ۔

قانونی چارۂ کار کے حصول میں تاخیر کسی رکاوٹ کا سبب نہیں بن سکتی الا یہ کہ مقدمہ میں ایسی تاخیر ترک حق کے مترادف سمجھی جائے (۱۹۵۳ء میسور ص ۲۲۹؛ ۱۹۴۹ء پریوی کونسل ص ۱۳۲) ۔

Legal Remembrancer, مشیر قانونی سرکار ۔

Legal remuneration, قانونی اجرت ۔ قانونی معاوضہ ۔ قانونی محنتانہ ۔

Legal representative, قائم مقام قانونی ۔

اگر دوران مقدمہ کوئی فریق مقدمہ فوت ہو جائے تو اس کے ورثاء قانونی کو متوفی کی جگہ فریق بنایا جا سکتا ہے لیکن ایسی درخواست مقررہ مدت میں پیش کر دینی چاہیے قائم مقام قانونی کو ریکارڈ پر لانے کی ذمہ داری مدعی پر عائد ہوتی ہے (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو حکم ۲۲ ضابطہ دیوانی) ۔

ایکٹ اصلاحات قانون مجریہ ۱۹۷۲ء کے تحت مدعی اور مدعا علیہ دونوں کے لیے لازم قرار دیا گیا ہے کہ وہ عرضی دعویٰ اور جواب دعویٰ کے ساتھ قانونی ورثاء کے نام اور پتے داخل کریں، نیز اس شخص کا نام بھی اس میں درج کریں جو مدعی یا مدعا علیہ کے دوران مقدمہ انتقال کی صورت میں عدالت کو اس کی موت کی اطلاع دیں گے ۔

Legal Representatives Suits Act, قانون مقدمات قائم مقامان قانونی ۔

Legal requirements, لزومیات قانونی ۔

Legal right, حق قانونی ۔

Legal separation, قانونی علیحدگی ۔ افتراق قانونی ۔

Legal share, حصہ شرعی ۔ حصۂ قانونی ۔

Legal status, حیثیت قانونی ۔

Legal tender, پیشکش قانونی مثلاً اسٹیٹ بنک کے جاری کردہ کرنسی نوٹ ۔

Legalis homo, پابند قانون شخص ۔

Legality, *n.* قانونی جواز ۔

Legalization, *n.* جواز ۔

Legalize, *v.* جائز قرار دینا ۔

Legatee, *n.* موصی لہ ۔ جس کے حق میں ہبہ بالوصیت کیا جائے ۔

Legation, *n.* ادارۂ سفارت ملک غیر ۔

Legator, *n.* موصی ۔ شخص جو ہبہ بالوصیت کرے ۔

Legislate, *v.* قانون وضع کرنا ۔

Legislation, *n.* قوانین موضوعہ ۔ قانون سازی ۔

Legislative, *a.* قانون ساز ۔

Legislative Assembly, قانون ساز اسمبلی ۔

Legislative body, ادارہ یا جماعت قانون ساز ۔

Legislative Council, مجلس قانون ساز ۔ قانون ساز کونسل ۔

Legislative department, محکمۂ وضع قوانین ۔

Legislator, *n.* مقنن ۔ واضع قانون ۔

Legislature, *n.* مقننہ ۔ واضعان قانون ۔

Legist, *n.* ماہر قانون ۔

Legitimacy, *n.* جواز ۔ صحت قانونی ۔ جائز ہونا ۔ حلالی ہونا ۔

Legitimate, *a.* حلالی ۔ جائز ۔ قانونی ۔ شرعی ۔ با ضابطہ ۔

Legitimize, *v.* صحیح النسب قرار دینا ۔ با ضابطہ قرار دینا ۔

Lend, *v.* قرض دینا ۔ عاریتاً دینا ۔ کرایہ پر دینا ۔

Lenient, *a.* نرم ۔ ہلکی (سزا) ۔ متحمل (مزاج) ۔

Lenient sentence, ہلکی یا نرم سزا ۔

Leper, *n.* جذامی ۔

Leprosy Act, قانون جذام ۔

Lessee, *n.* پٹہ دار ۔ پٹہ گیرندہ ۔ کرایہ دار ۔

Lessor, *n.* پٹہ دہندہ ۔

Let, *n.* & *v.* رکاوٹ ۔ چھوڑ دینا ۔ کرایہ پر اٹھانا ۔

Let fly, رہا کرنا ۔

Letter, *n.* مراسلہ ۔ خط ۔ رقعہ ۔

اطلاعی مراسلہ یا خط پر جو تاریخ لکھی ہو وہ لازماً اس کے سپرد ڈاک کیے جانے کی تاریخ نہیں ہو سکتی (۲۶ ۔ انڈین کیسز ص ۶۶۲) ۔

Letter of administration of property, دستاویز اہتمام ترکہ ۔
(See under ,'Administration'')

Letter of advice, اطلاعی مراسلہ ۔ہدایتی مراسلہ ۔

Letter of allotment مراسلہ نامزدگی یا تعین ۔ مراسلہ الاٹمنٹ ۔

Letter of attornment, اختیار نامہ ۔

Letter of credit رقعہ یا ہنڈی (دوسری جگہ حصول زر کے لیے) ۔

Letter of indemnity, ابراءنامہ (ذمہ داری قانونی سے) ۔

Letter of indication, رقعہ علامتی ۔
بنکار کا رقعہ غیر ممالک کے بنکوں کے نام جس میں بنکار کے گشتی نوٹوں کی قبولیت کی درخواست کی گئی ہو۔

Letter of renunciation, دستاویز تنسیخ ۔

Letter of safe conduct, پروانہ' راہداری ۔

Letters patent, شاہی سند مراعات ۔ سند اختراع ۔

Letters patent appeal, لیٹرز پیٹنٹ اپیل ۔ اپیل بہ اختیار سند شاہی ۔

Letter, Requisitory مراسلہ' درخواست ۔
کسی غیر ملک کی عدالت کے نام جس میں اس عدالت کی طرف سے قلم بندی شہادت یا کسی اور امر کو بجا لانے کی درخواست کی گئی ہو ۔

Letters, Testamentary اسناد وصیت ۔

Letting, *n*. اجارہ ۔

Letting value, مالیت کرایہ داری ۔
عام طور پر میونسپل کمیٹی جائیداد پر ٹیکس لگانے کے لیے پہلے اس کی مالیت کرایہ تشخیص کرتی ہے اور اسی حساب سے محصول لگاتی ہے نہ کہ جائیداد کی اصلی مالیت یا لاگت پر ۔ اب یہ اختیار صوبائی محکمہ اکسائز و ٹیکسیشن محکمہ آبکاری و محصولات کو دے دیا گیا ہے ۔

Leviable, *a*. عائد کرنے کے قابل ۔ قابل محصول ۔

Levy, *v*. عائد کرنا (محصول) ۔ جبراً محصول وصول کرنا ۔

Lewd, *a*. بدمعاش ۔ عیاش ۔ شہدہ ۔

Lewdness, *n*. بدمعاشی ۔ عیاشی ۔ شہدہ پن ۔

Lex, *n*. قانون ۔ قانون موضوعہ ۔
یہ ایک ایسی بسیط اصطلاح ہے کہ اس میں نہ صرف قانون موضوعہ ہی بہ تمام و کمال سما سکتا ہے بلکہ ہر قسم کا قانونی قاعدہ بھی اس میں داخل ہو جاتا ہے ۔

Lex loci, قانون مختص المقام ۔

Lex lata, قانون نافذ الوقت ۔

Lex non scripta, قانون غیر مرقومہ ۔ غیر تحریر شدہ قانون ۔ قانون غیر تحریری ۔
انگلستان کا دستور غیر تحریر شدہ ہے' مملکت کے نظام روایات پر قائم ہے جس پر ہر سہا برس سے عمل ہو رہا ہے ۔

Lexicon, *n*. لغت ۔

Liability, *n*. مواخذہ ۔ ذمہ داری ۔

Liable, *a*. مواخذہ دار ۔ مستوجب ۔

Liable for cancellatian, لائق تنسیخ ۔

Liable to be forfeited, قابل ضبطی ۔

Liable to be rejected, قابل استرداد ۔

Li'an, *n*. لعان ۔
لعان ''لاعن'' کا مصدر ہے ۔ یہ لفظ لعن سے ماخوذ ہے ۔ جس کے لغوی معنی ''دور کرنا'' ہیں کیونکہ لعن کے سبب وہ شخص اللہ کی رحمت سے دور ہو جاتا ہے ۔ زوجین میں سے ہر ایک کی جانب سے قسم کے ساتھ اللہ کی لعنت اور غضب کی شہادت دینا لعان کہلاتا ہے ۔ یہ اصطلاح اسلامی قانون کی ہے ۔
لعان شوہر کے حق میں جھوٹی تہمت اور عورت کے حق میں زنا کی حد (شرعی سزا) کا قائم مقام ہونا ہے ۔ چنانچہ اگر شوہر اپنی زوجہ پر زنا کی تہمت لگائے اور چار چشم دید گواہ پیش نہ کر سکے تو اس پر لازم ہوگا کہ یا تو وہ اپنے الزام کے جھوٹے ہونے کا اقرار کرے (اس صورت میں اس پر جھوٹا الزام لگانے کی شرعی سزا یعنی ۸۰ درے نافذ ہوگی) یا لعان کرے۔
لعان کا طریقہ یہ ہے کہ حاکم کی موجودگی میں شوہر چار مرتبہ یوں کہے کہ میں اللہ کی قسم کھا کر گواہی دیتا ہوں کہ میں البتہ ضرور سچا ہوں اس بات میں جو میں نے اس عورت کو زنا کی نسبت لگائی ہے۔ اور پانچویں مرتبہ مرد اپنے لیے یوں کہے گا مجھ پر اللہ کی لعنت اگر میں جھوٹوں میں سے ہوں اس زنا کے الزام میں' جو میں نے اس عورت کو لگایا ہے ۔ پانچویں

مرتبہ اس عورت کی طرف اشارہ کرکے اس کے بعد عورت چار مرتبہ یوں کہے کہ میں اللہ کی قسم کھا کر گواہی دیتی ہوں کہ وہ مرد ضرور جھوٹوں میں سے ہے، اس تہمت زنا میں، جو اس نے مجھ پر لگائی ہے۔ اور پانچویں مرتبہ وہ عورت اپنے لیے یوں کہے کہ مجھ پر اللہ تعالیٰ کا غضب نازل ہو اگر یہ مرد سچوں میں ہے، اس الزام زنا میں جو اس نے مجھ پر لگایا ہے۔

جب زوجین حاکم عدالت کے روبرو ایک دوسرے پر لعان کر چکیں تو حاکم عدالت ان میں باہم تفریق کرا دے گا۔ اگر شوہر اپنی بیوی پر زنا کا جھوٹا الزام لگائے تو اس بناء پر بیوی عدالت کے ذریعہ نکاح فسخ کرا سکتی ہے (مجموعہ قوانین اسلام، جلد ۲ مؤلف ہذا صفحہ ۷۳۲ تا ۷۳۵)۔

Liason officer, افسر رابطہ۔

Libel, n. توہین بذریعہ تحریر۔

کوئی بھی ایسا بیان جو کسی شخص کی توہین یا ہتک عزت کا باعث ہو جس سے لوگ اسے گری ہوئی نظروں سے دیکھیں یا جو اس کے پیشہ یا کاروباری وقار کو متاثر کر سکتا ہو، توہین آمیز بیان کہلائے گا۔ اگر وہ بیان تحریری ہے تو اس کو Libel اور اگر زبانی ہے تو اسے Slander (توہین بذریعہ الفاظ زبانی) کہتے ہیں۔ (مزید ملاحظہ ہو پی۔ ایل۔ ڈی ۱۹۶۱ع سپریم کورٹ ۲۳۷)۔

توہین بذریعہ تحریر کی بناء پر دیوانی نالش دائر کرنے کی مدت ایک سال ہے۔ یہ ایک سال کی مدت اس توہین آمیز تحریر کی اشاعت سے شمار ہوگی۔

Libel, v. توہین بذریعہ تحریر کرنا۔

Libellant, n. مستغیث مقدمہ توہین۔

Libellous, a. توہین آمیز۔ باعث توہین

Liberal, a. آزاد خیال۔ آزادانہ۔ وسیع النظر۔

وہ شخص جو ملکی اور مذہبی امور میں وسیع النظر ہو۔

Liberal interpretation, آزادانہ تعبیر۔ وسیع تعبیر۔

ایسی تعبیر جو رعایت لفظی پر مبنی نہ ہو۔

(See under "Interpretation")

Liberal policy, فیاضانہ حکمت عملی۔ آزادانہ حکمت عملی۔

Liberate, v. آزاد کرنا۔ رہا کرنا۔ قید سے چھوڑنا۔

Liberation, n. آزادی۔

Liberty, n. حریت۔ آزادی۔

Liberty of action, آزادیٔ عمل۔

Liberty, Civil شہری آزادی۔

Liberty of press, آزادیٔ صحافت۔

Liberty of religion, آزادیٔ مذہب۔

Liberty of speeches آزادی تقریر۔

Liberty of trade, آزادی تجارت۔

Licence, n. اجازت نامہ۔ اجازت۔ عاریت۔

عاریت سے حق ملکیت پیدا نہیں ہوتا بلکہ عارضی طور پر اس شے یا جائیداد سے جس حد تک اور جس وقت تک استفادہ کرنے کی اجازت دی گئی ہے اس وقت تک حق استفادہ اس شے کی نسبت پیدا ہو جاتا ہے۔ پٹہ (Lease) کے برخلاف عاریت بروقت منسوخ کی جا سکتی ہے۔

Licensed stamp vendor, اجازت یافتہ اسٹامپ فروش۔

Licensee n. اجازت یافتہ۔ اجازت یاب۔

Licensing authority, حاکم اجازت دہندہ یا مجاز اجازت۔

Lie, v. قابل پیش رفت ہونا۔

Lie, n. گمراہ کن۔ دروغ۔ جھوٹ۔ دھوکہ۔

Liege, n. آقا۔ حاکم۔ بادشاہ۔

Lien, n. حق احتباس۔ حق قانونی۔

جب تک مقروض قرض ادا نہ کرے اس کی جائیداد پر قبضہ رکھنے کا حق۔

Lien, Banker's حق قانونی بینکار۔

Lien, General عام حق قانونی۔

قانون معاہدہ کی دفعہ ۱۷۱ کے تحت کچھ اشخاص کو عام حق قانونی کے سلسلہ میں مراعات دی گئی ہیں اور ان کے حقوق کا تحفظ کیا گیا ہے۔ چنانچہ اگر کوئی معاہدہ اس کے خلاف نہ ہو تو بنکاروں، کارخانہ داروں، گھاٹ والوں (wharfingers)، مختاروں، بیمہ کاروں کو یہ حق حاصل ہے کہ جو مال ان کے پاس امانت رکھا جائے اس کو عام باقی حساب کی ضمانت میں اپنے پاس روک لیں اور دینے سے انکار کر دیں۔

از روئے دفعہ ۲۵ قانون معاہدہ ۱۸۷۲ع ایک بینکار کو اپنے کھاتہ دار کے سرمایہ پر جو اس کے

پاس ہے عام حق قانونی (Genaral lieu) حاصل ہے۔
See "Lien, General" also

Lien, Particular خاص حق قانونی ۔

Lien, Special خصوصی حق قانونی ۔

Lieu, جگہ ۔ مقام ۔

In lieu of, اس کی بجائے ۔

Life, *n.* زندگی ۔ حیات ۔

زندگی کے جاری رہنے کے متعلق کوئی قیاس قانونی نہیں ہوتا' البتہ بطور امر واقعہ کے زندگی کے جاری رہنے کا قیاس کیا جا سکتا ہے لیکن سات سال کی مسلسل غیر حاضری سے موت کا قیاس پیدا ہوتا ہے ۔

Life annuity, وظیفہ سالانہ حین حیاتی - سالیانہ دوران حیات ۔

Life convict, حبس دوام کا سزا یاب مجرم۔

Life estate, حقیت حین حیاتی جو قابل توریث نہ ہو۔

قانون ہنود میں بیوہ کو حین حیاتی حق حاصل ہوتا ہے جو اس کے مرنے کے بعد اس کے شوہر کے ورثاء کو لوٹ جاتا ہے ۔
See "Reversion" also

Life expectancy, توقع حیات ۔

جب تک کسی انسان کے زندہ رہنے کی توقع ہو ۔ مہلک حادثات کے قانون کے تحت عدالتوں نے ہرجانہ کی رقم کے تعین کے لیے کسی پاکستانی کی عمر ۵۵ سال قرار دی ہے ۔ یعنی عام حالات میں یہ توقع کی جا سکتی ہے کہ متوفی اتنے عرصہ تک زندہ رہ سکتا تھا (پی ۔ ایل ۔ ڈی ۱۹۶۳ع کراچی ص ۷۲) ۔

Life-hold, اراضی جو پٹہ دار کی حین حیات پٹہ پر دی گئی ہو ۔

Life insurance, بیمہ زندگی ۔

Life interest, حین حیاتی مفاد ۔

Life pension, تا حیات وظیفہ ۔

Life rent, حق لگان یا کرایہ حین حیاتی ۔

Life-time, حین حیات ۔

Ligan, *n.* مال جو اس لیت سے سمندر میں ڈبو دیا جائے کہ بعد میں نکالا جائے گا ۔

Lights, Ancient قدیم روشنیاں ۔

ان کا حق بیس سالہ تمتع سے قائم ہوتا ہے ۔

Light house, لائٹ ہاؤس ۔ مینار روشنی ۔

وہ مقام جہاں سے جہازوں کو روشنی بغرض رہنمائی دکھائی جاتی ہو ۔ لائٹ ہاؤس کا تباہ کرنا تعزیری جرم ہے ۔

Light, Right of حق روشنی ۔

حق روشنی ایک حق آسایش ہے چنانچہ اگر کسی مکان یا دوکان کو کسی جانب سے روشنی آتی تھی اور اس کو بیس سال کا مسلسل عرصہ گزر گیا ہو تو اس کے قریب میں کوئی دوسری عمارت اس طرح تعمیر نہیں کی جا سکتی کہ اس پہلے شخص کا حق روشنی متاثر ہو ۔

Like, مشابہ ۔ مثل ۔ مانند ۔ ثانی ۔ نظیر ۔

Likeable, *a.* پسندیدہ ۔

Likelihood, *a.* قرینہ ۔ احتمال ۔

Likely, *ad.* قرین قیاس ۔ غالباً ۔

Liken, *v.* تشبیہ دینا ۔

Likeness *n.* مشابہت ۔

Likewise, *ad.* اس طور پر ۔ اس طرح سے ۔

Limit, *n.* & *v.* حد ۔ انتہاء ۔ محدود کرنا ۔

Limitation, *n.* تمادی ۔ میعاد ۔ حد ۔

Limitation Act, قانون میعاد سماعت ۔

قانون میعاد سماعت اس عرصہ' میعاد یا مدت سے بحث کرتا ہے جس عرصہ' میعاد یا مدت میں کوئی مقدمہ یا قانونی کارروائی عدالت میں دائر کی جا سکتی ہے ۔ بعد انقضائے میعاد مقررہ عدالت کو سماعت مقدمہ کا اختیار حاصل نہیں رہتا الا یہ کہ عدالت اس تاخیر کو معاف کرنے کی مجاز ہو ۔

Limitation words, الفاظ تحدیدی ۔ وہ الفاظ جن سے حقیت کو محدود کیا جائے ۔

Limited, *a.* محدود ۔

Limited Company, شرکت محدود (کمپنی) ۔

کمپنی محدود کی دو اقسام ہیں—ایک عامہ (Public) اور دوسری نجی (Private) ۔ کمپنی محدود عامہ میں ممبران کی کم از کم تعداد سات ہونی چاہیے ۔ زیادہ سے زیادہ پر کوئی پابندی نہیں جب کہ نجی کمپنی محدود میں کم سے کم تعداد دو اور زیادہ سے زیادہ پچاس مقرر ہے ۔

Limited executor, وصی جس کا تقرر بہ تعلق وقت یا کام محدود ہو ۔

Limited owner, مالک محدود مثلاً جس کو صرف حین حیاتی حقوق حاصل ہوں ۔

See "Life Estate" "Reversion" also

Limited liability, محدود ذمہ داری ۔

یہ اصطلاح عام طور پر قانون کمپنی میں استعمال ہوتی ہے - اس کا مفہوم یہ ہے کہ حصہ دار اپنے حصص کی تعداد تک کمپنی کے معاملات میں ذمہدار رہے گا ۔ بالفرض اگر کمپنی کو نقصان ہو جائے اور اس کا کاروبار ختم کیا جائے تو ایک حصہ دار از روئے تعداد حصص اس کا ذمہ دار ہوگا ۔

محدود ذمہ داری کی اصطلاح حصص کے علاوہ ''ضمانت'' پر بھی استعمال ہوتی ہے یعنی یہ کہ ممبران کی ذمہ داری از روئے ضمانت محدود ہے یعنی جس حد تک ممبران نے ضمانت دی ہے اس حد تک وہ کمپنی کے نقصان کے ذمہ دار ہوں گے۔ ایسی کمپنیاں محدود بہ ضمانت Limited by gurantee کہلاتی ہیں ۔

Limitless, *a.* بے حد ۔ بے انتہا ۔ لا محدود ۔

Line, *n.* سلسلہ ۔ نسب ۔ پیشہ ۔ حد ۔

Lineage, *n.* سلسلۂ نسب ۔

Lineal, *a.* سلسلۂ مستقیم (وراثت) ۔

Lineal descent,
Lineal succession, } سلسلۂ وراثت بخط مستقیم

Linger, *v.* سستی کرنا ۔ تعویق میں ڈالنا ۔

Lingerer, *a.* سست ۔ کاہل ۔ تاخیر پسند ۔

Lion's share, سب سے بڑا حصہ ۔

Liquid, *a.* غیر مستقل ۔ غیر معین ۔ سیال ۔ (تمسک یا جائیداد) جو آسانی سے زر نقد میں تبدیل ہو سکے ۔

Liquid assets, سرکاری کفالتیں یا زر نقد یا ایسی جائیداد جو بہ آسانی زر نقد میں منتقل ہو سکے ۔

Liquidated damages, ہرجۂ مشخصہ ۔

See under "Damages"

Liquidation, *n.* تحلیل ۔ تجارتی کمپنی کا تصفیۂ حساب ۔

کوئی بھی کمپنی جو Companies Act 1913 کے تحت پاکستان میں رجسٹر ہوئی ہو یا کمپنی کی تعریف میں داخل ہو تین طریقہ سے تحلیل کی جا سکتی ہے -

۱ - (الف) رضاکارانہ طور پر (بہ رضا مندی ممبران) جب کہ کمپنی صاحب مقدرت ہوتی ہے ۔ اس صورت میں ڈائریکٹران کمپنی کو ایک declaration معہ تصدیق نامہ محاسب کمپنی رجسٹرار کے پاس کمپنی کی مالی حالت (solvency) کے بارے میں داخل کرنا ہوتا ہے ۔

(ب) بہ رضامندی دائنان ۔ اس صورت میں کمپنی عموماً اس وقت تحلیل کی جاتی ہے جب کہ اس کی مالی حالت اچھی نہیں ہوتی اور وہ اس قابل نہیں ہوتی کہ اپنی پوری دین داریاں بےباق کر سکے ۔ عموماً Liquidator کا تقرر دائنان (Creditor) اور کمپنی کے ممبران دونوں ہی کی رائے سے کیا جاتا ہے ۔ Committee of Inspection بنائی جاتی ہے جس کے زیادہ سے زیادہ بارہ ممبر ہو سکتے ہیں۔ ان میں کچھ ممبران دائنان مقرر کرتے ہیں اور کچھ حصہ داران کمپنی ۔ تحلیل کنندہ یا ناظم تصفیہ حساب (Liquidator) اس کمپنی سے برائے تحلیل کمپنی وقتاً فوقتاً ہدایات لیتا رہتا ہے ۔

۲ ۔ عدالت کی زیر نگرانی ۔

۳ ۔ بحکم عدالت ۔ کمپنی عدالت کے حکم سے بھی تحلیل کی جاتی ہے ۔

Liquidator, Official سرکاری عہدہ دار جو کمپنی کی تحلیل اور تصفیہ حساب کے لیے مقرر ہوتا ہے ۔

تحلیل کنندہ (کمپنی) ۔ یہ اصطلاح عام ہے اور ہر اس شخص پر صادق آتی ہے جس کو کمپنی کے ممبران بوقت تحلیل اپنے اجلاس عام میں مقرر کریں ۔

Liquor, *n.* شراب ۔

Lis pendens, مقدمہ زیر تجویز ۔

(See "Pendente lite"

Literacy, *n.* خواندگی ۔

Literal, *a.* ظاہری ۔ حروف تہجی کے متعلق ۔ متن کے مطابق ۔

Literally, *ad.* حرف بہ حرف ۔ لفظ بہ لفظ ۔

Lithograph, پتھر کا چھپا ہوا ۔

Litigant, *n.* مقدمہ باز ۔

Litigant parties, فریقین مقدمہ ۔ متنازعین ۔

Litigate, *v.* مقدمہ کی عدالت میں پیروی کرنا ۔ مقدمہ بازی کرنا ۔

Litigation, *n.* مقدمہ بازی ۔

Litigious, *a.* مقدمہ بازی کا شائق ۔ مقدمہ باز ۔

Livelihood, *n.* روزی ۔ رزق ۔ معاش ۔

Living in adultery, زنا کاری میں زندگی بسر کرنا ۔
یہ اصطلاح ایک مخصوص طرز زندگی کی طرف اشارہ کرتی ہے جس میں تسلسل کا پایا جانا ضروری ہے ۔ محض ایک آدھ بار غیر اخلاقی فعل کے ارتکاب کے سبب یہ نہیں کہا جا سکتا کہ وہ عورت غیر اخلاقی طور پر زندگی گذار رہی ہے ۔

Load, *v.* لادنا (گاڑی یا جہاز پر) ۔ تمسکات یا حصص بےدریغ خریدنا ۔ بیمہ کی قسط کی ادائی میں اضافہ کرنا ۔

Load-line, وہ انتہائی خط جہاں تک مال بردار جہاز کو پانی کے اندر آنا چاہیے ۔

Loan, *n.* قرض ۔ سرکاری قرضہ جو رعایا کی طرف سے دیا جائے ۔ قومی قرضہ ۔
والدین کے اولاد کو قرض دینے کے خلاف قیاس ہوتا ہے ۔

Loan, Verbal زبانی قرضہ ۔ قرضہ ہاتھ بدل ۔

Loan society, انجمن قرضہ ۔

Lobby, *n.* لابی ۔
ایوان مقننہ کا وہ کمرہ جہاں عوام کو جانے کی اجازت ہے ۔ ایوان کی وہ غلام گردش جہاں ارکان بذریعہ بیلٹ رائے دینے کے لیے جاتے ہیں ۔

Local, *a.* مقامی ۔

Local action, ایسی نالشیں جو خاص مقامی علاقے میں قابل ارجاع ہوں ۔

Local acts, مقامی قوانین ۔ قوانین مختص المقام ۔

Local authority, حاکم مقامی ۔ ادارۂ مقامی ۔

Local Authorities Loan Act, قانون قرضہ ادارہ جات مقامی ۔

Local Board,
Local Body, مجلس مقامی ۔

Local Council, مجلس مقامی ۔

Local custom, مقامی رواج ۔

Local extent, وسعت مقامی ۔

Local fund, مقامی سرمایہ ۔

Local Government, حکومت مقامی ۔

Local gazette, مقامی جریدہ ۔

Local investigation, مقامی تحقیقات ۔

Local jurisdiction, مقامی اختیار سماعت ۔

Local planning authority, مقامی ادارۂ منصوبہ بندی ۔

Local rates, ابواب مقامی ۔ مقامی شروحات ۔ مقامی ٹیکس ۔

Local usage or custom. مقامی عمل درآمد یا رواج ۔

Locality, *n.* محل وقوع ۔ مقام ۔ جگہ ۔

Locate, *v.* واقع ہونا ۔ کسی چیز کا مقام یا محل وقوع بتانا ۔

Location, *n.* تعین مقام ۔

Locks, احاطہ ہائے آب ۔

Lock-out, *n.* تالا بندی ۔
یہ اصطلاح قانون محنت کی ہے ۔ بعض صورتوں میں مل مالکان کو یہ اختیار دیا گیا ہے کہ وہ اپنی مل کو بند کر دیں اور مزدوروں کو کام پر آنے کی اجازت نہ ہو ۔ جب مزدور اپنی خوشی سے اجتماعی طور پر کام پر آنے سے انکار کریں تو اس کو ہڑتال (Strike) کہا جاتا ہے ۔

Lock-up, *n.* حوالات ۔

Locus standi, قدم جانے کی جگہ ۔

Lodge, *v.* دائر کرنا (دعویٰ) ۔ درخواست وغیرہ پیش کرنا ۔

Lodgee, *n.* کرایہ دار ۔

Lodging House, *n.* سرائے ۔ دارالاقامہ ۔

Logic, *n.* منطق ۔

Logical inference, منطقی نتیجہ ۔

Look, *v.* دیکھنا ۔ جانچنا ۔ تفتیش کرنا ۔

Look after, *v.* نگرانی کرنا ۔ نگہبانی کرنا ۔

Look for, *v.* تلاش کرنا ۔ انتظار کرنا ۔ توقع رکھنا ۔

Look into, *v.* تفتیش کرنا ۔ قریب سے جانچنا ۔

Look over, *v.* سرسری طور پر امتحان کرنا یا جانچنا ۔

Loose, *a.* غیر محتاط (قول یا فعل میں) ۔

Loose, *v.* رہا کرنا ۔ کھولنا (ہتھکڑی وغیرہ کا) ۔

Loosen, *v.* ڈھیلا کرنا ۔ سختیاں کم کرنا (ضابطہ کی) ۔

Loot, *n.* لوٹ کا مال ۔

Lord, *n.* — امیر - دارالامراء کا رکن -

Lords, House of — دارالامراء -

Lordship, *n.* — حکومت - امارت - ملکیت -

Lordship, Your — حضور والا -

Lorry, *n.* — لاری -

Lose, *v.* — کھو دینا - خسارہ میں رہنا - شکست کھانا - ناکام رہنا -

Loss, *n.* — نقصان -
بار بردار مال کو کوئی نقصان پہنچائے تو غفلت کا قیاس ہوتا ہے -

Loss of law, — شکست قانون -

Loss, Wrongful — نقصان ناجائز -
See "wrongful loss"

Lost property, — مال گم شدہ -
گم شدہ دستاویز کے متعلق قیاس ہوتا ہے کہ وہ پورے اسٹامپ پر تھی - ایسی دستاویز کی منقولی شہادت دی جا سکتی ہے -

Lot, *n.* — قرعہ - حصہ - مطالبہ - ٹیکس - محصول - مقدر -

Lottery, *n.* — قرعہ اندازی -

Low, *a.* — کم حیثیت - مفلس - کم قیمت - کمینہ - پست -

Low caste, — پست ذات -

Lower Court, — عدالت ماتحت -

Lower House, — ایوان زیریں -

Lucid interval, — جنون دوامی کا وہ وقفہ جب کہ جنون نہ ہو -

Lump sum, — اکٹھا -

Lunacy, *n.* — فتور عقل - جنون -

Lunatic, *a.* — مجنون - پاگل -
مجنون اور پاگل کی طرف سے قانونی کارروائی اس کا کوئی دوست یا عزیز دائر کر سکتا ہے جس کی صراحت ضابطہ دیوانی میں موجود ہے قانون مجانین (Lunatic Act) کے تحت کسی شخص کو پاگل قرار دئے جانے کے متعلق صراحت موجود ہے اور اس کا ضابطہ مقرر ہے - یہ کارروائی ڈسٹرکٹ جج کی عدالت میں دائر کی جاتی ہے -

Lunatic asylum, — پاگل خانہ -

Lunatic, Divorce by — مجنون کی طلاق -
پاگل یا مجنون اُس شخص کو کہتے ہیں جس کی عقل زائل ہو چکی ہو - فقہاء اسلام کے نزدیک مجنون اُس شخص کو کہتے ہیں جس کی قوت تمیز جنون کے سبب مختل ہو جائے ، اچھے اور برے میں فرق نہ کر سکے اور اپنے افعال کے انجام ، نتائج و اثرات کو سمجھنے کی قوت نہ رہے ، خواہ پیدائشی طور پر یا کسی آفت یا عارضہ کی بناء پر (بحرالرائق ، علامہ ابن نجیم (۹۷۰ھ) مطبوعہ مصر ۱۳۱۱ھ جلد ۳ صفحہ ۸۹) -
جنون کی دو قسمیں ہیں : (۱) جنون مطبق (مسلسل) (۲) جنون غیر مطبق (غیر مسلسل) -
جنرن مطبق (مسلسل) کی حالت میں جو طلاق دی جائے گی وہ من ابتداء باطل اور کالعدم (void abinitio) ہے - ایک پاگل اپنے معاملات میں تصرف کا اہل نہیں ہوتا - اس کی مثال ایک بچے کی ہے جو اپنے مفادات کو سمجھنے کی اہلیت نہیں رکھتا لہذا ایک پاگل کی دی ہوئی طلاق واقع نہ ہو گی- (بدائع الصنائع ، امام کاسانی ، جلد ۳ ص ۹۹) -
جنون غیر مطبق (غیر مسلسل) کی صورت یہ ہے کہ جس وقت افاقہ ہو اس وقت طلاق دی جائے- اس کا حکم ایک عاقل شخص کی طلاق کا ہوگا اور ایسی طلاق واقع ہو جائے گی ، کیونکہ مجنون غیر مطبق (غیر مسلسل) کے تصرفات افاقہ کی حالت میں عاقل شخص کے تصرفات کے مانند ہیں - (مجلۃ الاحکام العدلیہ دفعہ ۹۸) تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو مجموعہ قوانین اسلام، مؤلف ھذا، جلد دوم ص ۳۹۷ -
جس کو طلاق دی گئی ہو اگر وہ پاگل ہو تو طلاق واقع ہو جائے گی کیونکہ جس پر طلاق واقع ہو رہی ہے اُس کی عقل وقوع طلاق کے لیے شرط نہیں ہے - (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو مجموعہ قوانین اسلام، جلد دوم ص ۳۷۸) -

Lurking house trespass, — مخفی مداخلت بیجا بخانہ -

Luxury tax, — محصول تعیشات -

Lying, — تسلیم بالسکوت -

Lynch law, — وہ ضابطہ جس کے تحت کوئی عوامی جماعت یا اشخاص کسی مرتکب جرم کو غیر آئینی طور پر خود ہی سزا دیں -

M

Machiave *n.* چالاک - مکار - سازشی - چلتا پرزہ - زمانہ ساز -

Machinate, *v.* سازش کرنا - چالیں چلنا - ریشہ دوانی کرنا -

Machination, *n.* سازش - ریشہ دوانی - سازباز -

Machine, *n.* مشین - کل -

Machinery, *n.* مشینری -

مشینری میں کسی مشین، انجن یا اوزار کے جملہ حصے شامل ہیں -

Mad, *a.* پاگل - دیوانہ - مجنون -

Mad, *v.* مجنون بنانا - دیوانہ بنا دینا -

Made, *a.* ساختہ - بنایا ہوا - تیار شدہ -

ایک حکم اس وقت تیار شدہ کہا جائے گا جب وہ منظور کیا جائے نہ کہ اس وقت جب وہ تیار کیا جائے (۳ الہ آباد ص ۲۷۸) - برائے تفصیل ملاحظہ ہو حکم ۲۰ ضابطہ دیوانی) -

Made over, حوالہ کردہ -

Made up, *a.* بناوٹی - مصنوعی - جعلی -

Madness, *n.* دیوانگی - پاگل پن -

Magazine, *n.* فوجی سامان کا گودام- جریدہ-رسالہ-

Magian, *n.* مجوسی- آتش پرست جو دو خداؤں کے معتقد ہوں، ایک یزدان (خدائے خیر) اور دوسرا اہرمن (خدائے شر) -

Magic, *n.* سحر - جادو -

Magical, *a.* ساحرانہ - طلسمی -

Magisterial, *a.* متعلق مجسٹریٹ - حاکمانہ -

Magisterial enquiry, مجسٹریٹ کی تحقیقات -

Magisterial fines, مجسٹریٹ کے کیے ہوئے جرمانے-

Magisterial lock-up, مجسٹریٹ کی حوالات -

Magisterial powers, اختیارات مجسٹریٹ -

Magistracy, *n.* مجسٹریٹی - عہدۂ مجسٹریٹ - جماعت مجسٹریٹ صاحبان -

Magistrate, *n.* مجسٹریٹ - ناظم فوجداری -

وہ حاکم عدالت فوج داری جس کو جرائم کی تحقیقات اور سزا و جرمانہ کا اختیار ہو -

مجموعہ تعزیرات پاکستان کی دفعہ ۱۹ میں ''جج'' کی تعریف یہ کی گئی ہے کہ لفظ جج میں صرف وہی اشخاص شامل نہیں ہیں جو سرکاری طور پر عہدۂ ججی پر فائز ہیں بلکہ اس میں ہر وہ شخص بھی داخل ہے جس کو قانون نے کسی کارروائی میں، خواہ وہ دیوانی ہو یا فوج داری، ایک قطعی فیصلہ کا یا ایک ایسے فیصلہ کا جو کسی دوسرے حاکم کی توثیق سے قطعی ہوجائے اختیار دیا ہو یا اس جماعت اشخاص کا ایک رکن ہو جس کو قانون نے ایسے فیصلے کرنے کا اختیار دیا ہو-

مجسٹریٹ بھی بلحاظ دفعہ مذکورہ بالا و دفعہ ضمن ۲ ضابطہ فوج داری، ایک جج ہے لیکن صرف اس وقت جب کہ وہ کسی مقدمہ یا کارروائی میں اپنا اختیار سماعت استعمال کر رہا ہو (۱۹۵۴ء کریمنل لا جرنل ص ۱۲۲۱) - تحت ضابطہ فوجداری مجسٹریٹ تین درجوں کے ہوتے ہیں— اول، دوم، سوم اور ان کے اختیارات حسب ذیل ہیں :

مجسٹریٹ درجہ اول : جس میں پریذیڈنسی مجسٹریٹ بھی شامل ہے - سزائے قید جو دو سال سے زائد نہ ہو - جس میں سزائے قید تنہائی بھی شامل ہے- جرمانہ جو ایک ہزار سے زیادہ نہ ہو اور سزائے تازیانہ -

مجسٹریٹ درجہ دوم : چھ ماہ تک سزائے قید معہ قید تنہائی، جرمانہ دو سو روپیہ، اور مجسٹریٹ درجہ سوم، سزائے قید ایک ماہ تک اور جرمانہ پچاس روپیہ تک-

Magistrates, Bench of مجسٹریٹوں کا اجلاس -

دو یا دو سے زائد مجسٹریٹ جو مل کر اجلاس کریں- ان مجسٹریٹوں کو وہی اختیارات حاصل ہوں گے جو مقامی حکومت تفویض کرے - چنانچہ حکومت مقامی ہدایت کر سکتی ہے کہ دو یا دو سے زیادہ مجسٹریٹ پریذیڈنسی شہر کے باہر کسی اور مقام پر اپنا مشترکہ اجلاس کریں اور مجسٹریٹوں کی ایسی جماعت کو ان اختیارات کے مساوی اختیارات دیے جا

سکیں گے جو ضابطہ فوجداری کے تحت کسی مجسٹریٹ درجہ اول یا دوم یا سوم کو دیے جا سکتے ہیں اور اسی کے ساتھ مقامی حکومت انہیں یہ بھی ہدایت کرے گی کہ وہ ان اختیارات کو کن مقامی حدود کے اندر کن مقامات میں استعمال کریں گے -

Magistrate, Cantonment **مجسٹریٹ چھاؤنی -**

مجسٹریٹ چھاؤنی سے وہ مجسٹریٹ مراد ہے جس کا تقرر مقامی حکومت نے تحت دفعہ ۷ قانون چھاؤنیات ۱۸۸۹ع کیا ہو - لہذا مجسٹریٹ چھاؤنی نے جو سزائیں تحت قواعد چھاؤنیات دی ہوں اسی طرح قابل مرافعہ ہیں جس طرح کہ دوسرے مساوی درجہ کے مجسٹریٹ کی دی ہوئی سزائیں (۱۹۳۹ع ناگپور ص ۹۶) -

Magistrate, District **ضلع مجسٹریٹ -**

ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ سے وہ مجسٹریٹ درجہ اول مراد ہے جس کو مقامی حکومت ہر ضلع میں مقرر کرتی ہے - اسی طرح حکومت مقامی کو یہ بھی اختیار ہے کہ وہ کسی مجسٹریٹ درجہ اول کو زاید ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ مقرر کرے -ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کا ابتدائی فرض ضلع کا امن و امان قائم رکھنا ہے (۱۹۱۳ع الہ آباد ص ۸۵۱) - تمام مجسٹریٹ اس کی ماتحتی میں کام کرتے ہیں- آپ مجسٹریٹوں کے اکثر احکام و فیصلہ جات کے خلاف اپیلیں یا نگرانیاں سننے کا اختیار حاصل ہے (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو ضابطہ فوجداری) -

Magistrate, Presidency **پریذیڈنسی مجسٹریٹ -**

Magistrate, Sub-Divisional **پرگنہ مجسٹریٹ -**

وہ مجسٹریٹ جو کسی حصہ ضلع کے لیے مقرر کیا گیا ہو اس کو پرگنہ مجسٹریٹ بھی کہا جاتا ہے -

Magistrate with Section 30 Powers,

مجسٹریٹ بہ اختیارات دفعہ ۳۰ ضابطہ فوجداری -

Magna Carta, **منشور اعظم -**

وہ منشور جو ۱۲۱۵ع میں انگریزوں نے بادشاہ جون سے حاصل کیا تھا - اس کی رو سے انگریز قوم کو شخصی اور سیاسی آزادی حاصل ہوئی -

Magnate, n., **بڑا آدمی - رئیس - امیر - مقتدر یا ممتاز شخص -**

Magnitude, n. **- قدر - مقدار - جسامت - ضخامت - وسعت - اہمیت -**

Mahant, n.

مہنت -

کسی مندر کا مہنت یا کسی درگاہ کا خلیفہ یا گدی نشین ہونا ایک قانونی حیثیت (Legal Status) کا سوال ہے جس کے استقرار کے لیے دیوانی عدالت میں دعویٰ دائر کیا جا سکتا ہے اور عدالت استقراریہ ڈگری عطا کر سکتی ہے - (ملاحظہ ہو شرح دفعہ ۴۲ قانون دادرسی مختص) -

اگر کسی شخص کا حق بہ حیثیت مہنت متنازعہ فیہ ہو تو مقامی لوگوں کی دستخط شدہ رپورٹ' کہ وہ مہنت ہے' قابل ادخال شہادت ہے (۱۹۳۰ع الہ آباد لا جرنل' صفحہ ۴۹۶) -

Maiden, n.

کنواری - دوشیزہ -

Maiden name, **عورت کا قبل ازدواج نام -**

عورت کے قبل از ازدواج نام کے ساتھ عموماً باپ کا نام لگا ہوتا ہے جب کہ شادی کے بعد شوہر کا نام اس کے نام کے ساتھ شامل کر لیا جاتا ہے -

Maiden speech, **پارلیمنٹ میں نئے رکن کی سب سے پہلی تقریر -**

Mail, n. & v. **ڈاک - ڈاک میں بھیجنا -**

ایسا معاہدہ جو ڈاک لے جانے کے حق کو منتقل کرنے کے لیے کیا جائے باطل اور کالعدم ہے کیونکہ ایسا معاہدہ مفاد عامہ کے خلاف ہے (۱۹۳۴ع ناگپور ص ۱۶۰) -

Mail guard, n. **محافظ ڈاک -**

Maim, v. **- لنگڑا کرنا - بیکار کردینا - ہاتھ پیرکاٹ ڈالنا**

زیر دفعہ ۳۳۴ تعزیرات پاکستان یہ اصطلاح اس قسم کی مضرت جسمانی کی جانب اشارہ کرتی ہے جس سے بازو یا جسم کا کوئی دوسرا حصہ مستقلاً بیکار ہو جائے -

Main, a. **خاص -**

Main purpose, **مقصد خاص - غرض خاص -**

خاص مقصد سے مراد کمپنی کا وہ نمایاں مقصد ہے جس کے لیے وہ قائم کی گئی ہے - گورنمنٹ سیکوریٹیز میں سرمایہ کا لگانا خاص مقصد میں شامل نہیں ہو سکتا [(۱۸۹۱ع) ۱ چانسری ص ۴۳۹] -

Main point, **نکتہ' خاص -**

Main Road, شاہراہ ۔

Main rules, قواعد خاص ۔

Mainor, Mainour, *n.* مال مسروقہ جو سارق کے قبضہ سے لیا جائے ۔

Maintain, *v.* امداد دینا ۔ قائم رکھنا ۔ استدلال کرنا ۔ روک رکھنا۔حفاظت کرنا ۔ اچھی حالت میں رکھنا ۔ مدافعت کرنا ۔ نفقہ فراہم کرنا ۔

Maintainable, قابل پیش رفت ۔

Maintainer, *n.* وہ شخص جو روپیہ خرچ کر کے دوسروں کا مقدمہ لڑوائے ۔

اس اصطلاح سے مراد ایسا شخص ہے جو کسی مقدمہ یا کارروائی میں کسی فریق کو مدد دے یا اس کی ہمت افزائی کرے اور جس کو ایسے مقدمہ یا کارروائی میں کوئی ذاتی مفاد نہ ہو اور نہ کوئی ایسا مقصد یا غرض رکھتا ہو جس سے ایسی مداخلت قانوناً جائز ہو ۔ زیر دفعہ ۱۹ ب قانون معاہدہ ایسا معاہدہ ناجائز ہے ۔

بموجب قانون انگلستان اجنبیوں کے مقدمہ کو روپیہ دے کر لڑانا مفادعامہ کے خلاف ہونے کے سبب جرم قرار دیا گیا ہے ۔ امریکہ کا قانون اس سے مختلف ہے۔

Maintenance, *n.* نان و نفقہ ۔ پرورش ۔ خبرگیری ۔ کسی فریق مقدمہ کی ناجائز امداد ۔

نان و نفقہ سے مراد ضروریات زندگی کی فراہمی ہے جیسے سامان خورد و نوش، رہائش، اور لباس، ضروری تعلیم اور طبی امداد وغیرہ ۔

شرع اسلام میں باپ پر اپنے بچوں کے نان نفقہ کی ذمہ داری مطلق اور غیر مشروط ہے ۔ لیکن زوجہ کے نان نفقہ کی ذمہ داری شوہر پر اسی وقت تک ہے جب تک کہ بیوی اپنے فرائض زوجیت ادا کرتی رہے اور بلا کسی جائز سبب کے شوہر سے علیحدہ رہائش اختیار نہ کرے ۔ (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو مجموعہ قوانین اسلام مؤلفہ تنزیل الرحمن، جلد اول باب ۱۰ (نفقہ زوجہ)، و جلد سوم باب (نفقہ اولاد و آباد و اجداد) ۔

زیر دفعہ ۴۸۸ ضابطہ فوجداری پاکستان مجسٹریٹ کو عورتوں اور بچوں کے لیے ان کے شوہر اور والد سے نفقہ دلانے کے وسیع اختیارات دیے گئے ہیں۔چنانچہ اس امر کے ثابت ہونے پر کہ شوہر یا والد نے اپنی بیوی یا بچوں کے نان نفقہ دینے سے غفلت برتی یا انکار کیا ہے عدالت نفقہ کی ادائی کا حکم دے سکتی ہے ۔ زیر دفعہ مذکور ایک شخص کا نفقہ ۴۰۰ روپے ماہانہ سے زیادہ نہیں ہو سکتا ۔ نفقہ کی رقم کے تعین کے وقت مجسٹریٹ کو چاہیے کہ وہ درخواست دہندہ کے اخراجات کے ساتھ مدعا علیہ کے مالی وسائل کا بھی اندازہ لگائے۔

عائلی عدالتوں کے قانون مجریہ ۱۹۶۴ء کے تحت اب یہ اختیار عائلی عدالتوں کو حاصل ہو گیا ہے ۔

Maintenance of accounts, حساب رکھنا ۔

Maintenance of public order, قیام امن عامہ ۔

Majesty, *n.* عظمت و جلالت ۔ منصب شاہی ۔

Major, *n.* بڑا (دو اشخاص یا چیزوں میں) ۔ بزرگ ۔ بالغ یا بالغہ ۔ فوجی عہدہ دار (کرنل سے کم اور کپتان سے بڑا) ۔

Major part, *n.* بڑا حصہ ۔

Major offence, سنگین جرم ۔

Major regalia, *n.* عظیم تر حقوق شاہی جیسے منشور کا جاری کرنا ۔

Major repairs, بڑی مرمت ۔ اہم مرمت ۔

Major replacements, بڑی تبدیلیاں ۔

Majority, *n.* بلوغ یا سن بلوغ ۔ اکثریت ۔ غلبہ آراء ۔

پاکستان کے عام قانون کے تحت تقویم عیسوی کے مطابق ۱۸ سال کی عمر سن بلوغ ہے لیکن جن نابالغان کا ولی بحکم عدالت مقرر کیا گیا ہو یا جو کورٹ آف وارڈز (Court of Wards) کے تحت ہوں وہ ۲۱ سال کے اختتام پر بالغ متصور ہوتے ہیں ۔ قانون انگلستان کے بموجب ۲۱ سال کی عمر والا شخص بالغ کہلایا جائے گا ۔

اسلامی قانون کی رو سے بالعموم پندرہ سال (اگر جسمانی بلوغ کی شہادت نہ ہو) اور دھرم شاستر کی رو سے ۱۶ سال کا لڑکا بالغ سمجھا جاتا ہے ۔ شرع اسلام کے بموجب لڑکی کے لیے جب اسے حیض آنا شروع ہو جائے تو بالغ سمجھی جائے گی ۔

Majority Act, قانون بلوغ ۔

قانون بلوغ ۱۸۷۵ء کا اطلاق ہند و پاکستان میں مسلمانوں، ہندوؤں، پارسیوں اور دیگر بسنے والی اقوام کے بعض شخصی قوانین کی حد تک نہیں ہوتا ۔

Make, v. بنانا ۔ پیدا کرنا ۔ تصنیف کرنا ۔ پورا کرنا ۔ تکمیل کرنا ۔

Make, n. ساخت ۔

Mal, a. خراب ۔ برا ۔ ناقص ۔ ضرر رساں ۔

Maladministration, n. بدانتظامی ۔ بد عملی ۔

Malafide, بد نیتی سے ۔ ناجائز ۔

Malafides, بد نیتی ۔

Male, a. مذکر ۔ نر ۔ نرینہ ۔

Male children, اولاد نرینہ ۔

Malefaction, n. جرم ۔ بدمعاشی ۔ برائی ۔

Male in se, افعال فی‌نفسہ ناجائز جیسے قتل وغیرہ۔

Male praxis, وہ مضرت جو مریض کو طبیب کی غفلت یا ناسمجھی یا عدم تجربہ کی وجہ سے پہنچے۔

وہ مضرتیں جو انسانی قوانین میں ممنوع ہوں مگر لازمی طور پر ناجائز یا فی نفسہ مضرت رساں نہ ہوں۔

Malfeasance, n. فعل ناجائز ۔ بد عنوانی ۔ (خصوصاً ملازمین سرکار کی) ۔ ایسے فعل کا ترک جس کا کرنا از روئے قانون لازم ہو Non-feasance کہلاتا ہے ۔ کسی فعل قانونی کو بطریق بے جا عمل میں لانا Misfeasance کہلاتا ہے ۔ (اے ۔ آئی ۔ آر ۱۹۵۷ء الہ آباد صفحہ ۵۵۳) ۔

Malice, n. کینہ ۔ بغض ۔ خصومت ۔ عداوت ۔

از روئے قانون اس کے معنی صرف ذاتی عداوت تک ہی محدود نہیں ہیں بلکہ دیدہ و دانستہ خلاف قانون کسی فعل کا ارتکاب بھی، جو دوسروں کے لیے مضرت رساں ہو، اس کی تعریف میں شامل ہے ۔

کینہ یا خصومت سے عام معنی میں مراد کسی شخص کے خلاف خصومت یا بڑی خواہش رکھنا ہے لیکن قانونی مفہوم میں اس سے مراد وہ غلط فعل ہے جو ارادۃً بغیر کسی جائز یا قابل معافی وجہ کے کیا جائے۔

لفظ مضرت رساں یا ناجائز کا مفہوم یہ ہے کہ کسی حق کی خلاف ورزی ہو رہی ہے، ایک ایسے حق کی جس کو قانونی جواز حاصل ہے، اور جس کی قانون محافظت کر رہا ہو ۔ عام مفہوم میں ایسی ذمہ داری عائد کرنے کے لیے یہ کافی ہے کہ فعل کا مضرت رساں ہونا اور بالارادہ کیا جانا ثابت کر دیا جائے۔

کینہ یا عداوت کی پانچ اقسام ہیں :

(۱) علانیہ یا کھلا کینہ (Express malice) ۔
(۲) حقیقی کینہ (Actual malice) ۔
(۳) کینہ بحیثیت امرواقعہ (Malice in fact) ۔
(۴) کینہ مبینہ قانون (Malice in law) ۔
(۵) کینہ معنوی (Implied malice) ۔

لیکن مذکورہ بالا میں پہلی تین اقسام تقریباً ہم معنی ہیں ۔ آخری دو بھی ہم معنی ہیں ۔ اس طرح کینہ کی صرف دو اقسام ہیں : علانیہ کینہ اور کینہ مبینہ قانون۔ (۱) علانیہ کینہ وہ ہے جس میں ایک فعل کسی شخص کے خلاف بری نیت سے کیا جاتا ہے ۔ اسی لیے اس کو عام مفہوم میں کھلی عداوت یا علانیہ کینہ کہا جاتا ہے ۔ (۲) کینہ مبینہ قانون اس وقت کہلایا جائے گا جب کہ کسی وجہ موجہ کے بغیر ایک مضرت رساں فعل کیا جائے جیسا کہ عام طور پر بحالت جوش و غصہ و انتقام کے مقصد سے وقوع پذیر ہوتا ہے (مزید تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو اے ۔ آئی ۔ آر ۱۹۵۷ء الہ آباد صفحہ ۶۳۶) ۔

Malice, Actual کینہ حقیقی ۔

Malice, Express کینہ علانیہ ۔

Malice, Implied کینہ معنوی ۔

Malice in fact, کینہ واقعی ۔

Malice in law, کینہ مبینہ قانون ۔

Malicious, a. عداوتانہ ۔ کینہ ورانہ ۔

Malicious arrest, عداوتانہ حراست ۔ گرفتاری بر بنائے عداوت و دشمنی ۔

Malicious falsehood, عداوتانہ دروغ بیانی ۔

Malicious house-search, عداوتانہ خانہ تلاشی ۔

Malicious attachment, عداوتانہ قرقی ۔

Malicious abuse of civil process, احکام دیوانی کا عداوتانہ استعمال ناجائز ۔

Malicious criminal prosecution, فوجداری مقدمہ بغرض ایذا رسانی (عداوتانہ) ۔

Malicious proceedings, عداوتانہ کارروائی ۔ عداوتانہ مقدمہ ۔

اگر کوئی شخص کسی دوسرے شخص کے خلاف بغرض ایذا رسانی کوئی مقدمہ یا قانونی کارروائی کرتا

ہے تو ایسے شخص کے خلاف فوجداری اور دیوانی دو عدالتوں میں قانونی چارہ جوئی کی جا سکتی ہے ۔ چنانچہ عداوت کی بناء پر یا وجہ معقول کے بغیر دیوالیہ میں درخواست دینے والے کے خلاف دیوانی عدالت ہرجانہ دلا سکتی ہے اور عدالت فوجداری جرمانہ اور سزا بھی دے سکتی ہے ۔

Maliciously, *ad.* عداوت سے ۔ بغض سے ۔ بد نیتی سے ۔ بدنیت فاسد ۔

Malign, *a.* بد باطن ۔ مضرت رسان ۔ مہلک ۔

Malign, *v.* بدنام کرنا ۔ تہمت لگانا ۔

Malignancy, *n.* بغض ۔ کینہ ۔ عداوت ۔ دشمنی ۔ خصومت ۔

Malignantly, *ad.* بغض و عداوت سے ۔ خباثت سے ۔

"بغض و عداوت سے" کے الفاظ ملزم کی نیت و ارادہ کو نمایاں کرتے ہیں ۔ اس لفظ کی تعزیرات میں کوئی قانونی تعریف نہیں کی گئی ہے مگر اس کا استعمال کینے کے مفہوم میں ہوا ہے اور لفظ کینہ کا عام مسلمہ مفہوم کسی شخص کے خلاف بری نیت رکھنا ہے لیکن قانونی مفہوم میں اس سے مراد ایک "مضرت رسان فعل" ہے جو بالارادہ کسی وجہ جائز یا عذر معقول کے کیا جائے (۱۸ بمبئی ص ۷۵۸) ۔

Malpractice, *n.* بد معاملگی ۔ بد عنوانی ۔

Maltreatment, *n.* بد سلوکی ۔

Man, *n.* مرد ۔

Man of skill, ماہر (علم یا فن میں) ۔

Man of straw, بے وقعت شخص ۔ حقیر آدمی ۔ مفلس ۔

Manacle, *n.* ہتھکڑی ۔ زنجیر ۔ بیڑی ۔

Manacle, *v.* ہتھکڑی ڈالنا ۔ بیڑی ڈالنا ۔ پابہ زنجیر کرنا ۔

Manage, *v.* انتظام کرنا ۔ اہتمام کرنا (کام) انجام دینا ۔ چلانا ۔ سر انجام دینا ۔ دیکھ بھال کرنا ۔ کام چلانا ۔

Management, *n.* انتظام ۔ اہتمام ۔

Manager, *n.* منتظم ۔ مہتمم ۔

Managing, *a.* انتظامی ۔

Managing Agent, کارندہ یا مختار انتظامی ۔

مختار انتظامی کوئی ایک شخص یا فرم یا کمپنی یا جماعت یا ادارہ ہو سکتی ہے ۔ یہ شخص یا ادارہ کمپنی کے کاروبار کا عام نگران اور اس کے چلانے کا براہ راست ذمہ دار ہوتا ہے ۔ یہ نظام کار، ہند و پاکستان میں اپنی نوعیت کے اعتبار سے نہایت اہم ہے ۔ مختار انتظامی کمپنی کے ساتھ ایک معاہدہ کی بناء پر شامل رہتا ہے جس کی زیادہ سے زیادہ مدت بیس سال تک ہو سکتی ہے ۔ لیکن بعد انقضائے مدت مذکورہ اس معاہدہ کی تجدید کی جا سکتی ہے ۔ مختار انتظامی از روئے معاہدہ کمپنی سے ماہانہ الاؤنس اور کمپنی کے منافع میں سے ایک مقررہ شرح کے حساب سے منافع پانے کا مستحق ہے ۔ یہ منافع کس طرح نکالنا چاہیے اس کی مکمل تفصیل کمپنیز ایکٹ کی دفعہ ۸۷ (سی) میں دی گئی ہے ۔ معاہدہ کے تحت مختار انتظامی کے اختیارات و فرائض کا تعین ہوتا ہے مگر اس معاہدہ میں کوئی ایسی شرط شامل نہیں کی جا سکتی جو کمپنی ایکٹ ۱۹۱۳ع کے خلاف ہو ۔ چنانچہ مختار انتظامی کو قرضہ نہیں دیا جا سکتا [دفعہ ۸۶ (ڈی)] ۔ اگر مختار انتظامی ایک وقت میں مختلف کمپنیوں کا مختار انتظامی ہے تو وہ ایک کمپنی کا سرمایہ دوسری کمپنی کے کاروبار میں نہیں لگا سکتا ۔ کمپنی کے ڈائریکٹران کی جملہ تعداد کے ⅓ حصہ سے زیادہ ڈائریکٹران کا تقرر اپنی مرضی سے نہیں کر سکتا ۔ مزید برآں وہ اس قسم کی تجارت نہیں کر سکتا جیسی کہ اس کی کمپنی کرتی ہے ۔

پاکستان کے ترمیمی قانون کمپنیز ایکٹ میں اب مختار انتظامی کے عہدہ کو ختم کر دیا گیا ہے ۔

Managing Director, ناظم انتظامی ۔

ناظم انتظامی کا تقرر کسی معاہدہ کی بناء پر عمل میں نہیں آتا بلکہ کمپنی ڈائریکٹران میں سے کسی ایک ڈائریکٹر کو ناظم انتظامی مقرر کر سکتی ہے ۔ ناظم انتظامی صرف کوئی حقیقی شخص ہی ہو سکتا ہے ۔ کوئی فرم یا کمپنی کسی کمپنی کی ناظم انتظامی مقرر نہیں کی جا سکتی ۔ ناظم انتظامی کے حقوق و فرائض کا تعین ڈائریکٹران کی صوابدید سے ہوگا یا اگر کمپنی کے آرٹیکلز میں اس کی صراحت کی گئی ہے تو اس کے مطابق عمل ہوگا ۔

Mancipatory will, وصیت بشکل بیع ۔

یہ اصطلاح قانون روما کی ہے ۔

Manifest, *n.* صاف ـ ظاہر ـ واضح ـ خیال ـ آشکار ـ

Manifest, *n.* بیجک ـ

ایک دستاویز جس میں جہاز پر لدے ہوئے مال و اسباب کی مکمل تفصیل اور وہ مقام جہاں اس جہاز اور مال کو جانا ہے درج ہو ـ

جب جہاز اس بندرگاہ پر پہنچتا ہے جہاں مال اتارا جانا مقصود ہو تو جہاز کا کپتان مذکورہ دستاویز بندرگاہ کے متعلقہ افسران کے حوالے کر دیتا ہے ـ

Manifest breach, صریح خلاف ورزی ـ

Manifesto, *n.* اعلان ـ منشور ـ محضر ـ

Manipulate, *v.* ساز باز کرنا ـ جوڑ توڑ کرنا ـ خوبی سے سلجھانا ـ

Manipulation, *n.* ساز باز ـ جوڑ توڑ ـ

Manner, *n.* طور طریقہ ـ طرز ـ چال ڈھال ـ

Manoeuvre, *v.* تدبیر کرنا ـ پیشبندی کرنا ـ تیار کرنا ـ بنانا ـ

Manor, *n.* علاقہ ـ تعلقہ ـ زمینداری ـ جاگیر ـ فوجی جاگیر ـ

بادی النظری طور پر جاگیردار تمام افتادہ اراضی کا مالک ہوتا ہے ـ

Mansion, *n.* محل ـ بڑی عمارت ـ

Manslaughter, *n.* قتل انسان ـ

Manslaughter, Voluntary قتل انسان بالاارادہ ـ قتل عمد ـ

Manslaughter, Involuntary قتل انسان بلاارادہ ـ قتل خطا ـ

Manual, *n.* دستور العمل ـ

Manual labour, جسمانی محنت ـ

Manual of Audit Instructions, دستور العمل ہدایات تنقیح حساب ـ

Manual of instructions, دستور العمل ہدایات ـ

Manual of orders, دستور العمل احکام ـ

Manufacture, *v.* بنانا (بذریعہ کل یا مشین)۔ساخت ـ

"ساخت" کا اصل مفہوم یہ ہے کہ ایک شے کی ہیئت کو تبدیل کرکے دوسری شے بنانا ـ مختلف ملکی قوانین میں جن کا تعلق بکری ٹیکس (Sales Tax) سے ہے ـ لفظ مینوفیکچر میں شے کی ساخت کے ساتھ

قانون روما کے تحت وصیت کی ایک قسم جس کی نوعیت بہت کچھ بیع کے مماثل تھی اور جو قابل منسوخی نہ تھی ـ اس وصیت کی رو سے کل ترکہ ہبہ کیا جا سکتا تھا اور اس غرض سے کہ وصیت منسوخ نہ کی جائے ایک ترازو لائی جاتی تھی اور اس کے ایک پلڑے میں روم کا سکہ ڈالا جاتا تھا یہ علامت بیع کی تھی (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو قانون روما مصنفہ آر ـ ڈبلیو ـ لیج ـ دوسرا ایڈیشن ص ۲۰۰)

Mandamus, حکم نامہ عدالت بہ افسر انتظامی ـ حکم نامہ تعبدی ـ

جو کسی افسر عامہ کے نام جاری ہو جس میں کسی متذکرہ کام کے کرنے کا حکم دیا جائے جو اس کے فرائض میں داخل ہو یا کسی ایسے کام کے کرنے سے باز رکھا جائے جو اس کے دائرہ اختیار سے باہر ہو یا حقیقی انصاف کے خلاف ہو ـ

دستور پاکستان کے تحت عدالت عالیہ کو اس قسم کے حکم نامے حکومت کے افسران انتظامی کے نام جاری کرنے کا اختیار دیا گیا ہے ـ اس قسم کا حکم نامہ یا پروانہ جاری کرنا عدالت کے اختیار تمیزی پر موقوف ہے اور یہ بالعموم اس وقت جاری کیا جاتا ہے جب کہ کوئی دوسرا اور بہتر چارہ کار موجود نہ ہو (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو پی ـ ایل ـ ڈی ۱۹۵۵ع لاہور ص ۴۰۴، پی ـ ایل ـ ڈی ۱۹۵۶ع پشاور ص ۷۷، پی ایل ڈی ۱۹۵۶ع لاہور ص ۳۵۸، پی ـ ایل ـ ڈی ۱۹۵۸ع سپریم کورٹ ۱۰۴۸، پی ـ ایل ـ ڈی ۱۹۶۶ع سپریم کورٹ ص ۳۳۵) ـ

Mandate, *n.* ہدایت بدرجہ تاکید ـ

وہ اختیار جو منتخب کنندگان کسی ممبر پارلیمان کو دیں ـ

Mandatory, *a.* تاکیدی ـ

ایسا حکم جو تاکیدی ہو ـ اس کی بجا آوری واجب ہے ـ

Mandatory iujunction, حکم امتناعی تاکیدی ـ

Mangle, *v.* زخموں سے چور کر دینا ـ قیمہ قیمہ کر دینا ـ الفاظ کو مسخ کر دینا ـ کچھ کا کچھ کر دینا ـ

Mania, *n.* خبط ـ

Maniac, *a.* خبطی ـ

ہے (۱۷ انڈین کیسیز ص ۲۳۲) ۔

Mar, *v.* خراب کرنا ۔ غارت کر دینا ۔ برباد کردینا ۔

Maraz al-Maut, مرض الموت ۔

مرض الموت کے تعین کے لیے حسب ذیل امور کا لحاظ ضرور ہوگا ۔

(۱) یہ کہ مرض ایسی نوعیت کا تھا جس سے مریض کے دل میں یہ یقین پیدا ہوا کہ اس کا آخری وقت قریب ہے ۔

(۲) یہ کہ بیماری اس شدت کی تھی کہ جس نے اس کو روزمرہ کے کاموں کی انجام دہی کے ناقابل بنا دیا تھا ۔ چنانچہ اگر کوئی شخص کھڑے ہو کر نماز پڑھنے سے قاصر ہو تو مسلم فقہاء کے نزدیک یہ سمجھا جائے گا کہ وہ شخص روزمرہ کے کاموں کو انجام دینے سے قاصر ہے ۔

(۳) یہ کہ مرض کو پرانا ہو لیکن ایسے مرحلہ میں داخل ہوگیا ہو جب وہ بڑھے تو مریض کی موت کا اندیشہ لاحق ہو جائے (ملاحظہ ہو پی ۔ ایل ۔ ڈی ۱۹۵۶ع پشاور ص ۵ ، پی ۔ ایل ۔ ڈی ۱۹۵۱ع لاہور ص ۳۳۳ ، پی ۔ ایل ۔ ڈی ۱۹۶۰ع لاہور ص ۳۰۰ ، پی ایل ڈی ۱۹۶۷ع لاہور ص ۶۱۳ ، پی ایل ڈی ۱۹۶۳ع سپریم کورٹ ص ۱۴۳) ۔ (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو مجموعہ قوانین اسلام جلد دوم ص ۶۷-۵۲۵ و جلد سوم ص ۱۰۰۷ تا ۱۰۱۴) ۔

Margin, *n.* گنجائش ۔ منافع ۔ بچت ۔ حاشیہ ۔

تجارتی عملدرآمد میں اس رقم ضمانت کو بھی کہا جاتا ہے جو تاجر لیٹر آف کریڈٹ کھولتے وقت دوسرے تاجر کے نام بنک میں جمع کرتا ہے ۔

Marginal, *a.* حاشیاتی ۔

Marginal entries, اندراجات حاشیہ ۔

Marginal headings, عنوانات حاشیہ ۔

Marginal notes, عبارات حاشیہ ۔

وہ عبارت جو قانونی کتاب کے حاشیہ میں بطور عنوان درج ہوتی ہے ۔

حاشیہ کی عبارت جزو قانون نہیں ہوتی اور نہ اس سے استدلال کیا جا سکتا ہے ۔ البتہ اگر متن عبارت مبہم اور غیر واضح ہو تو اس سے مدد لی جا سکتی ہے ۔ (اے آئی آر ۱۹۵۰ع سپریم کورٹ انڈیا) ۔

مقصد فروخت بھی شامل کر دیا گیا ہے یعنی کسی شے کی ساخت اس غرض سے کی جائے کہ وہ بازار میں فروخت کے قابل بنائی جائے ۔

Manufactured, *a.* مصنوعہ ۔

Manufactured article, شے مصنوعہ ۔

Manufacturer, *n.* صنعت کار ۔ صانع ۔

Manumission, (R.L.) آزاد کرنا (غلاموں کا) ۔ دستاویز آزادی عطا کرنا ۔

Manuscript, *n.* قلمی نسخہ ۔ ہاتھ کا لکھا ہوا ۔

Map, *n.* نقشہ ۔

پرائیویٹ نقشہ جات قابل ادخال شہادت نہیں ہیں جب تک ان کی صحت ثابت نہ کی جائے ۔ نقشے اور پلان جو حکومت کی زیرنگرانی تیار ہوتے ہیں لائق ادخال شہادت ہیں اور تحت دفعہ ۸۳ قانون شہادت قیاس یہ ہوگا کہ وہ صحیح ہیں (۳۵ الہ آباد ص ۱۹۷) بشرطیکہ وہ عوام کے لیے بنائے گئے ہوں (۲۳ کلکتہ ص ۳۵۳) ، نہ کہ کسی خانگی مقصد سے (۲۰ انڈین کیسیز ص ۹۹۷) ۔ عدالت یہ قیاس کر لے گی کہ نقشے اور پلان جو حکومت کی زیر نگرانی تیار ہوتے ہیں وہ صحیح ہیں مگر یہ ثابت ہونا ضروری ہے کہ وہ کس خاص مقصد کے لیے تیار کیے گئے ہیں (۱۹۳۷ع پریوی کونسل ص ۶۹) ۔

Map, Survey نقشہ پیمائش ۔

نقشہ جات پیمائش برصغیر پاکستان و ہند میں اغراض مالگذاری کے لیے سرکاری دستاویزات ہیں جنہیں اشخاص مجاز نے ایسی تشہیر اور ان لوگوں کی اطلاع کے بعد بوقت تیاری نقشہ علاقہ کے حالات کے متعلق بہترین شہادت دے سکتے ہوں ، تیار کیا ہو (۱۹۲۷ع کلکتہ ص ۳۴۵) ۔ عہدہ دار پیمائش کو ان فریقوں کا جو پیمائش میں دلچسپی رکھتے ہوں تعاون حاصل کرنے کی ضرورت ہوتی ہے اس لیے یہ تیار کرنے کی معقول وجہ موجود ہے کہ بوقت پیمائش فریقین موجود تھے اور انہیں کارروائی پیمائش کی باضابطہ اطلاع دی گئی تھی (۱۹۶۶ع پٹنہ ص ۵۶) ۔ ایک نقشہ جو بلدیہ نے قانون پیمائش کلکتہ کے تحت تیار کیا ہے وہ حکومت کی زیرنگرانی تیار شدہ ہے اور بموجب دفعہ ۸۳ قانون شہادت قیاس یہ ہوگا کہ وہ صحیح

Marginal reference, حاشیاتی حوالہ ۔

Marginal witness, گواہ حاشیہ ۔

گواہ حاشیہ کی اصطلاح اس گواہ کے لیے استعمال ہوتی ہے جس نے کسی دستاویز پر دستخط کیے ہوں اور اسے عدالت میں اس دستخط کے اثبات یا نفی کے لیے پیش کیا جائے ۔

Marginalia, *n.* حواشی ۔

Marginally, *ad.* بطور حاشیہ ۔

Marine, *a* بحری ۔

کسی سلطنت یا ریاست کے بحریہ کا عام نام ۔

اس اصطلاح میں بحریہ کے تمام شعبے اور ان کی عمارت نیز تجارتی اور جنگی جہاز سب داخل ہیں ۔

Marine insurance, بحری بیمہ ۔

Mariner, *n.* ملاح جہاز ۔

Marine risk, بحری جوکھم ۔

Marital, *a.* ازدواجی ۔ عائلی ۔

Marital obligation, ازدواجی ذمہ داری ۔

Marital rights, حقوق ازدواج ۔

Maritime law, قانون بحری ۔

Maritime lien, حق قانونی بحری ۔

Maritime territory, علاقہ بحری ۔

Mark, *n.* & *v.* نشان ۔ علامت ۔ تاثیر ۔ مہر ۔ نشان کرنا ۔ نشان لگانا۔ نقش کرنا ۔ نقش کھودنا۔

Mark, Trade نشان تجارت ۔

قانون نشانات تجارت مجریہ ۱۹۴۰ء کی دفعہ ۲ کے تحت نشان تجارت وہ نشان ہے جو کسی مال کے تعلق سے استعمال ہو رہا ہو یا استعمال کیا جانے والا ہو، تاکہ دوران تجارت اس مال اور شخص کے مابین نزدیکی تعلق کی جانب اشارہ کرنے کی غرض ہو یا اشارہ کرنے والا ہو جیسے بحیثیت مالک یا رجسٹری شدہ استعمال کنندہ شخص مذکور کو شناخت کی علامت کے ساتھ یا بلا شناخت اس نشان کو استعمال کرنے کا حق حاصل ہے ۔

Marked difference, فرق بین ۔

Marking, *n.* نشان ۔ نشان زدگی ۔

Market, *n.* بازار ۔ منڈی ۔

Market Committee, مارکیٹ کمیٹی۔ بازارکمیٹی۔

Market rate, بازاری نرخ۔نرخ بازار۔بازار کے بھاؤ۔

Market rate of exchange, بازاری شرح مبادلہ ۔

Market value, بازاری قیمت ۔ مالیت بازاری ۔

وہ قیمت جو بازار میں عام طور پر مل سکتی ہے ۔

Marketable, *a.* قابل فروخت ۔ لائق فروخت ۔

Marketable security, کفالت نامہ قابل فروخت ۔

Market, Overt قصبات کے مقررہ یا ہفتہ وار بازار۔

یہ اصطلاح کھلی فروخت کے لیے بھی استعمال ہوتی ہے جو خفیہ فروخت کے متضاد ہے ۔

Marksman, اچھا نشانہ باز ۔ مجازاً دستخط کے بجائے نشان لگانے والا ۔

Marks of identification, علامات شناخت ۔

Marks of violence, نشانات تشدد ۔

Marriage, *n.* ازدواج ۔ نکاح ۔ شادی ۔ تزویج ۔

قانون انگلستان کی رو سے ازدواج ایک دیوانی معاہدہ ہے جس میں فریقین کی رضامندی ضروری ہے ۔

شرع اسلام کی رو سے نکاح مرد و عورت کا ایک شرعی معاہدہ ہے جو بہ لزوم مہر ایجاب و قبول سے منعقد ہوتا ہے اور جس کے تحت زوجین کو ایک دوسرے کے مقابلہ میں مختلف حقوق پیدا ہو جاتے ہیں ۔

نکاح سے اسلام کا مقصد یہ ہے کہ انسان کی دو مختلف اصناف میں جائز ارتباط پیدا کرکے نسل انسانی کی حفاظت، نسب کے تعین، بداخلاقی کے استیصال، عفت اور پاکدامنی کی ترغیب اور باہمی الفت و محبت کے ازدیاد کے لیے ایسے مواقع فراہم کیے جائیں جن کی وجہ سے اسلامی معاشرہ اخلاقی عیوب سے پاک و صاف رہ کر انسانیت کے بلند پایہ تمدن و معاشرت کا مثالی نمونہ بن جائے اور عورت کو اس کی سابقہ گری ہوئی حیثیت کے خلاف معاشرہ میں خاص مرتبہ حاصل ہو اور اس کے حقوق و فرائض معین ہو جائیں ۔ (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو مجموعہ قوانین اسلام، جلد ۱)

دھرم شاستر (Hindu Law) میں نکاح محض ایک معاہدہ نہیں ہے بلکہ ایک مذہبی فریضہ ہے جس کی تعمیل بغرض نجات ضروری خیال کی جاتی ہے ۔

عورت و مرد کے باہم مل کر رہنے اور شہرت سے نکاح کا قیاس ہوتا ہے ۔

Marriage, Articles of شرائط ازدواج ۔

سے مختلف ہے۔

"فی الحقیقت اسلام میں نکاح کے ساتھ تقدیس کا جو تصور وابستہ ہے وہ دیوانی معاہدہ میں ناپید ہے۔ چنانچہ اگر تقدیس کے اس تصور کو اسلامی نکاح سے خارج کر دیا جائے تو اسلامی معاشرت کا سرے سے تصور ہی بدل جائے گا (کراچی لاء رپورٹر ۱۹۶۰ء ص ۲۹)۔

Marriage promise, منگنی۔

Marriage Register, سیاہہ۔ رجسٹر نکاح۔

Marriage Ragistrar, نکاح رجسٹرار۔ کاتب نکاح۔

Marriage settlement, ازدواجی تملیک نامہ۔

Marriageable, *a.* قابل نکاح۔ لائق عقد۔

Marriageable age, عمر قابل نکاح۔

مسلمانوں کے عائلی قوانین آرڈیننس مجریہ ۱۹۶۱ء کی دفعہ ۱۶ کے تحت قانون از دواج اطفال ۱۹۲۹ء میں ترمیم کے ذریعہ شادی کے لیے کم از کم عمر کا تعین کر دیا گیا ہے چنانچہ بوقت نکاح لڑکے کی عمر ۱۸ سال اور لڑکی کی عمر ۱۶ سال سے کم نہ ہونی چاہیے۔

Marry, *v.* شادی کر دینا۔ عقد کرنا۔ نکاح میں لانا۔

Marshal, *v.* ترتیب دینا۔ ترتیب سے رکھنا۔

Marshalling of assets, ترتیب املاک۔

Marshalling of facts, ترتیب حقائق۔ ترتیب واقعات۔ مقدمہ کے واقعات کی ایک تسلسل سے ترتیب۔

Mart, *n.* نیلام گھر۔ منڈی۔ تجارتی مرکز۔

Martial Law, مارشل لا۔ فوجی قانون۔ جنگی قانون۔

مارشل لاء کی بنیاد کسی مسلمہ اصول پر نہیں ہے بلکہ وہ اپنے اجزائے ترکیبی کے لحاظ سے بالکل خود مختارانہ ہے۔ فی الحقیقت مارشل لاء کوئی قانون ہی نہیں ہے بلکہ ایک ایسی چیز ہے جو کسی کی خواہش پوری کرنے کے لیے ہو، بمقابلہ اس کے کہ قانونی طور پر اجازت دی گئی ہو۔ زمانہ امن میں اس کو نافذ کرنے کی اجازت نہیں ہونی چاہیے، جب کہ عام عدالتیں تمام لوگوں کے لیے ملک کے قانون کے مطابق انصاف رسانی کے لیے قائم ہوں۔

Marriage brokerage, حق مشاطہ گری۔

شادی بیاہ کے معاملات میں حق مشاطہ گری قانوناً جائز نہیں ہے کیونکہ اس کو مصلحت عامہ کے منافی قرار دیا گیا ہے۔ اگر اس طرح کوئی معاوضہ ادا کر دیا گیا ہو تو وہ واپس دلایا جا سکتا ہے (۱۹۰۵ء ۲ کنگس بینچ ڈویژن ص ۱۲۳)۔

Marriage, Civil سول شادی۔ نکاح دیوانی۔

(ملاحظہ ہو اسپیشل میرج ایکٹ و کرسچین میرج ایکٹ)۔

Marriage document, کابین نامہ۔ نکاح نامہ۔

Marriage fee, فیس نکاح۔ نکاحانہ۔

مسلمانوں کے عائلی قوانین کے آرڈی نینس ۱۹۶۱ء کے تحت مغربی پاکستان و مشرقی پاکستان کی حکومتوں نے جو قواعد مرتب کیے ہیں ان کے تحت رجسٹری نکاح کی فیس مقرر کی گئی ہے۔ چنانچہ دو ہزار روپیہ تک مہر مقرر ہونے کی صورت میں دو روپیہ اور اس کے بعد ایک روپیہ فی ہزار لیکن کسی صورت میں بھی یہ فیس بیس روپیہ سے زائد نہ ہوگی۔

Marriage, Mock بناوٹی شادی۔ نکاح فرضی۔ دکھلاوے کی شادی۔

Marriage, Nature of نوعیت نکاح۔

ہماری ملکی عدالتوں کا زمانہ دراز سے یہ نقطہ نظر رہا ہے کہ نکاح ایک دیوانی معاہدہ ہے حالانکہ اگر بہ نظر غائر دیکھا جائے تو یہ نظریہ صحیح نہیں معلوم ہوتا۔ اس کو شرعی معاہدہ کہا جائے تو زیادہ مناسب ہوگا کیونکہ:

۱- دیوانی معاہدہ میں ایک مدت کا تعین ہوتا ہے جب کہ معاہدہ نکاح میں اس کا کوئی تصور نہیں اور یہ دوامی حیثیت رکھتا ہے۔

۲- معاہدہ دیوانی میں فرائض و اختیارات کا تعین دستاویز معاہدہ میں کیا جاتا ہے جبکہ عاقدین نکاح کے حقوق و فرائض کتاب اللہ اور سنت نبوی میں پہلے ہی سے متعین ہیں جس میں کمی و بیشی ترمیم و تنسیخ کا اختیار عاقدین کو نہیں ہے۔

۳- عام دیوانی معاہدہ کو ہر فریق معاہدہ فسخ کر سکتا ہے اور نقض معاہدہ کی صورت میں ہرجہ بھی دلایا جا سکتا ہے جب کہ معاہدہ نکاح کی صورت اس

Martyr, *n.* شہید ۔

Martyrdom, *a.* شہادت ۔

Marvellous, *a.* عجیب و غریب ۔ تعجب انگیز ۔

Massacre, *n.* قتل عام ۔

Mask, *n.* نقاب ۔ برقع ۔

Mass, *n.* ڈھیر ۔ انبار ۔ کثیر تعداد ۔

Master, *n.* مالک ۔ آقا ۔ اُستاد ۔

Master of Laws, ماہر قانون ۔

Master of vessel, کپتان جہاز ۔

Master of the Mint, مہتمم دار الضرب ۔

Master, Taxing عہدہ دار تشخیص ۔

Masterly, *a.* ماہرانہ ۔ استادانہ ۔

Match, *n.* حریف ۔ مد مقابل ۔

Match, *v.* مقابل میں لانا یا کھڑا کرنا ۔

Match, Make *a* شادی کرانا ۔

Matchless, *a.* عدیم النظیر ۔ بے مثال ۔

Material, *a.* اہم ۔

Material alteration, اہم تبدیلی ۔

Material circumstances, اہم حالات ۔

Material dower, مہر مادی ۔

Material error, اہم غلطی ۔

Material evidence, اہم شہادت ۔

Material fact, اہم امر واقعہ ۔

Material irregularity, اہم بے ضابطگی ۔

اگر جائیداد کی قیمت کا تشخص غلط کیا گیا ہو یا سرکاری مال گزاری کی رقم اشتہار نیلام میں غلط بتائی گئی ہو ، جس کے خریداران نیلام کو غلط فہمی ہو سکتی ہو یا مدیون ڈگری متاثر ہو سکتا ہو تو یہ کارروائی اہم بے ضابطگی ہے اور اس بناء پر نیلام کی کارروائی کالعدم کی جا سکتی ہے (۱۰ انڈین اپیلز ص ۲۵) ۔

عدالت عالیہ اس وقت اپنا اختیار نگرانی استعمال کر سکتی ہے جب کہ مقدمہ میں کوئی اہم بے ضابطگی موجود ہو (دفعہ ۱۱۵ ضابطہ دیوانی) ۔

Material objections, اہم اعتراضات ۔

Material particulars, اہم تفصیلات ۔

Material variation, اہم تفاوت ۔ اہم اختلاف ۔

Maternal, *a.* مادری ۔

Maternal deaths, اموات زچگی ۔

Maternity, *n.* زچگی ۔

Maternity benefit, انتفاع زچگی ۔

Maternity leave, رخصت زچگی ۔

Matricide, *n.* قتل مادر ۔

Matrimonial, *a.* متعلق ازدواج ۔ ازدواجی ۔

Matrimonial communications ازدواجی اطلاعات ۔

Matrimonial court, عدالت ازدواجی ۔

مغربی پاکستان میں عائلی قانون کے تحت ازدواجی مقدمات کی سماعت کے لیے عائلی عدالت کا قیام عمل میں لایا گیا ہے لیکن ازدواجی تعلقات کی حرمت اور گھریلو معاملات کی رازداری کے پیش نظر لازمی ہے کہ ایسے مقدمات کی سماعت بند کمرہ (In Camera) میں ہو ۔

Matrimonial jurisdiction, اختیار سماعت مقدمات متعلق ازدواج ۔

Matrimony, *n.* مناکحت ۔ شادی ۔

Matter, *n.* معاملہ ۔ امر ۔

Matter, *v.* اہم ہونا ۔ ضروری ہونا ۔ اہمیت رکھنا ۔

Matter in conflict, متنازع فیہ امر ۔ امر نزاعی ۔

Matter in issue, امر زیر تنقیح ۔

Matter in pais, امر واقعہ جو بذریعہ گواہان ثبوت طلب ہو ۔

Matter of fact, امر واقعہ ۔

Matter of law, امر قانونی ۔

Matter of public nature, امر متعلق عوام ۔

Matter of record, امر مبنی بہ مسل ۔

Matter, Money رقمی معاملہ ۔

Matter, Subject شے زیر معاملہ ۔

Mature, *a.* کامل ۔ پختہ ۔ بالغ ۔

Mature deliberation, کامل غور و فکر ۔

Mature plans, پختہ تجاویز ۔ غور کردہ منصوبے ۔

Maturity, *n.* میعاد کا پورا ہونا ۔ بلوغ ۔ پختگی ۔

پرونوٹ یا مبادلہ ہنڈی کی میعاد کا پورا ہونا اس تاریخ پر سمجھا جاتا ہے جس پر کہ وہ واجب الادا ہو ۔ اس میعاد کے شمار کرنے میں دستاویز برائے معائنہ پیش کرنے کا دن، سکارنے کا دن ، نہ سکارے جانے کی

صورت میں احتجاج کا دن شمار نہیں کیا جائے گا - اگر کوئی ہنڈی اقساط میں واجب الادا ہو تو ایام مہلت کا حق ہر قسط میں ہوگا اور وہ تاریخ ادائی مندرجہ کے بعد تیسرے دن واجب الادا سمجھی جائے گی - اگر کسی دستاویز میں ایام مہلت شمار کیے جائیں تو اس کو مہلت کے آخری دن برائے ادائی پیش ہونا چاہیے -

Maxim, *n*. **اصول - قاعدہ - دانشمندوں کا مقولہ - اصول متعارفہ - مسلمہ قانونی -**

مسلمات قانونی بہت سے ہیں جن میں سے چند حسب ذیل ہیں جو قانون شہادت سے متعلق ہیں :

(۱) بار ثبوت مدعی پر ہوتا ہے -

(۲) فعل مجرمانہ نہیں جب تک کہ نیت بھی مجرمانہ نہ ہو -

(۳) جو شخص متضاد بیانات کرے اس کی شنوائی نہیں ہوتی -

(۴) الفاظ کے ابہام جلی کو شہادت سے دور نہیں کیا جا سکتا -

(۵) قانون کی رو سے اذیت مذموم ٹھہرائی گئی ہے - (لا ضرر و لا ضرار) -

(۶) جو شخص اپنے فن میں ماہر ہو اس پر اعتبار کیا جاتا ہے -

(۷) جب شہادت اشیاء موجود ہو تو الفاظ کی ضرورت نہیں -

(۸) جو شخص انصاف سے بھاگتا ہے وہ اقبال جرم کرتا ہے -

(۹) مفروضات قانونی میں ہمیشہ نصفت ہوتی ہے -

(۱۰) عدالتی کارروائیوں میں گواہی پر اعتبار نہیں کیا جاتا جب تک کہ وہ حلفیہ نہ ہوں -

(۱۱) قانون میں سبب بعید کا نہیں بلکہ سبب قریب کا لحاظ ہوتا ہے -

(۱۲) مضرت کا قیاس نہیں کیا جاتا -

(۱۳) نا قابل حلف اٹھانے کے نا قابل ہے -

(۱۴) کسی قریب المرگ شخص کے متعلق جھوٹ کہنے کا قیاس نہیں ہوتا -

(۱۵) کوئی شخص اپنے کو مجرم قرار دلوانے پر مجبور نہیں کیا جا سکتا -

(۱۶) تمام امور کے متعلق قیاس ہوتا ہے کہ وہ صحیح اور باضابطہ طریقہ پر کیے گئے ہیں -

(۱۷) رواج سے معاملات کی بہترین ترجمانی ہوتی ہے -

(۱۸) باپ وہ ہے جس کا باپ ہونا نکاح سے ظاہر ہو -

(۱۹) یہ ایک ابدی قانون ہے کہ کوئی انسانی قانون دوامی اور غیر متبدل نہیں -

(۲۰) گواہوں کو تولنا چاہیے گننا نہیں - یعنی گواہوں کی وقعت دیکھنی چاہیے تعداد نہیں -

(۲۱) جو شخص خاموش رہتا ہے رضا مند سمجھا جاتا ہے (الخاموشی نیم رضا) -

(۲۲) جو امر عدالت کے نزدیک اس کے علم کی وجہ سے ثابت ہے اس کے لیے گواہوں کی ضرورت نہیں -

(۲۳) امر فیصل شدہ صحیح متصور ہوتا ہے -

(۲۴) اولاد کی صحیح النسبی کا ہمیشہ قیاس ہوتا ہے -

(۲۵) قیاس قائم ہو تو مخالف امر کو ثابت کرنا ہوتا ہے -

Maximum, **بڑی سے بڑی تعداد یا مقدار -**

Maximum limit, **زیادہ سے زیادہ حد - حد اکثر -**

May, *v*. **جائز ہونا - ممکن ہونا - اجازت ہونا -**

قانون میں May کا لفظ اجازتی حکم کے معنی رکھتا ہے یعنی ایسا فعل کیا جا سکتا ہے اگر مناسب خیال کیا جائے - لیکن یہ ضروری نہیں کہ ہمیشہ اس سے یہی مراد لیا جائے بلکہ کبھی کبھی اس کے معنی لازمی حکم کے بھی آتے ہیں اور یہ لفظ Shall کے مترادف خیال کیا جاتا ہے (ملاحظہ ہو دفعہ ۹۳ ضابطہ دیوانی) -

May کو Shall کے معنی میں استعمال کرنے کا اصول یہ بیان کیا گیا ہے کہ اگر کوئی فعل جو اجازتی ہو اور اس کا کرنا لازم نہ ہو مگر انصاف کے تقاضوں کو پورا کرنے کی خاطر ضروری ہو کہ وہ فعل کیا جائے تو عدالت May کا وہی مفہوم نکالے گی جو Shall کا ہے یعنی یہ کہ وہ فعل کرنا چاہیے تھا ، مثلاً اگر حصول انصاف کی خاطر ضروری ہے کہ مزید شہادت قلمبند کی جائے تو تقاضائے انصاف مجسٹریٹ

کے ذمہ ایک فرض عاید کرتا ہے کہ وہ اس مزید شہادت کو قلمبند کرے ۔

May, سکنا ۔

یہ اصطلاح قانون میں کبھی کبھی Shall کے معنی میں بھی استعمال ہوتی ہے جس سے فعل یا ترک فعل کا لازم ہونا مراد ہوتا ہے ۔ (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو پی ایل ڈی ۱۹۵۲ء کراچی ص ۸۱۱ ، پی ایل ڈی ۱۹۶۳ء ڈھاکہ ص ۶۷۱ ، پی ایل ڈی ۱۹۶۵ء لاہور ۳۶۹ ، پی ایل ڈی ۱۹۶۵ء کراچی ۳۶۸ ، پی ایل ڈی ۱۹۶۶ء لاہور ۳۰۶) ۔

May presume, قیاس کر سکے گی ۔

قانون شہادت میں جہاں کہیں کہا گیا ہے کہ عدالت ایک واقعہ کے متعلق قیاس کر سکے گی تو اس کا منشاء یہ ہے کہ اس واقعہ کو ثابت شدہ قیاس کرے گی بجز اس کے کہ وہ واقعہ نا ثابت قرار پائے (دفعہ ۴ قانون شہادت) ۔

Meager, *a.* کمزور ۔ حقیر ۔کم مایہ ۔

Mean, *a.* درمیانی ۔ اوسط ۔ حقیر ۔ کمینہ ۔ رذیل ۔

Meaning, *n.* معنی ۔ مطلب ۔

Means, *n.* ذرائع ۔

Means and includes, مراد ہے اور شامل ہے ۔

قانون میں اس فقرہ کے ساتھ جب کبھی کسی اصطلاح یا فقرہ یا شئے کی تعریف کی جائے گی اس کا مطلب یہ ہوگا کہ تعریف میں حصر (تحدید) سے کام نہیں لیا گیا ۔ دیکھیے Includes ۔

Means of communication, ذرائع مواصلات ۔

Means of conveyance, ذرائع سفر ۔

Measure, *n.* ناپ ۔ پیمائش ۔ ضابطہ ۔قانون۔کارروائی ۔

Measure of damages, ہرجہ کا اندازہ لگانا ۔ نقصان کا اندازہ کرنا ۔

ہرجہ کا اندازہ لگاتے وقت ان تمام حالات و واقعات کو پیش نظر رکھنا ضروری ہے جو نقصان کا باعث ہوئے ۔ اگر معاہدہ کسی منقولہ یا غیر منقولہ شے کی خرید و فروخت سے متعلق ہو تو فسخ معاہدہ کی صورت میں عام طور پر قیمت معاہدہ اور قیمت بازار کے درمیان جو فرق ہو ، عدالت بطور ہرجانہ دلائے گی ۔ لیکن ازالہ حیثیت عرفی کے مقدمہ میں ہرجہ کا اندازہ لگاتے وقت مستغیث یا مدعی کے سماجی درجہ کا لحاظ کیا جاتا ہے ۔

Measure, Take مناسب کارروائی کرنا ۔

Measurement, *n.* پیمائش ۔ ناپ ۔ مساحت ۔

Measures, Beyond بے حد ۔ بے انتہا ۔

Measures, Effective مؤثر تدابیر ۔

Mechanic, *a.* مشین چلانے والا ۔ مشین کار ۔ مکینک ۔

Mechanical, *a.* میکانکی۔ مشین سے بنا ہوا۔ مشینی۔

Mechanical farming, مشینی زراعت ۔ مشینی کاشتکاری ۔

Mechanical process, مشینی ذریعہ یا طریقہ ۔ بذریعہ مشین و آلات نہ کہ بذریعہ عقل و فہم ۔

Mechanically, *a.* میکانکی طریقہ سے ۔ کلوں کے ذریعہ سے ۔

Medal, *n.* تمغہ ۔

Meddle, *v.* دخل دینا ۔ مداخلت کرنا ۔

Meddler, *n.* مداخلت کنندہ ۔ خواہ مخواہ دخل دینے والا ۔

Mediate testimony, شہادت منقولی ۔

Mediator, *a.* صلح کرانے والا۔ بیچ بچاؤ کرانے والا۔

Medical attendant, طبی خدمت گر ۔

Medical certificate, طبی صداقت نامہ ۔

Medical evidence, طبی شہادت ۔

Medical examination, طبی امتحان ۔

Medical inspection, طبی معائنہ ۔

Medical leave, رخصت بیماری ۔ رخصت علالت ۔

Medical men, اشخاص طبی ۔

اشخاص طبی کو جو اطلاعات دی جاتی ہیں ان کے متعلق فاش نہ کیے جانے کا استحقاق نہیں ہوتا ۔

Medical officer, میڈیکل آفیسر ۔ افسر طبی ۔

Medical practitioner, ڈاکٹر۔ طبیب ۔ طبابت پیشہ۔

Medical relief, طبی امداد ۔

Medicinal, *a.* ادویاتی ۔

Medico-legal, طبی قانون ۔

Medico-legal examination, طبی قانونی امتحان ۔

Medico-legal work, طبی قانونی کام ۔

Medium, توسط ۔ ذریعہ ۔ درمیانہ ۔

Meet, *v.* ملنا ۔

To meet an argument, دلیل کا جواب دینا ۔ بحث کی تردید کرنا ۔

To meet half way, آپس میں صلح کرنا ۔

Meeting, *n.* جلسہ ۔ اجلاس ۔

لفظ میٹنگ سیشن (session) کے مترادف ہے (اے ۔ آئی ۔ آر ۱۹۵۳ء پنجاب اجلاس متفقہ) ۔

Meeting, Emergent ۔ ہنگامی جلسہ۔ ہنگامی اجلاس

Meeting, Extra-ordinary غیر معمولی جلسہ ۔

Meeting, Extra-ordinary General غیر معمولی جلسۂ عام ۔

قانون کمپنی کے تحت غیر معمولی جلسہ طلب کرنے کے لیے ۱۴ دن کا نوٹس دینا ضروری ہے ۔

Meeting, General جلسۂ عام ۔ اجلاس عام ۔

Meeting, Ordinary ۔ معمولی جلسہ۔معمولی اجلاس

Meeting, Special General خاص جلسۂ عام ۔

قانون کمپنی کے تحت ایک خاص جلسۂ عام طلب کرنے کے لیے ۲۱ یوم کا نوٹس دینا ضروری ہے ۔

Member, *n.* ممبر ۔ رکن ۔

بموجب قانون کمپنی کسی کمپنی کا رکن یا حصہ دار وہی شخص خیال کیا جائے گا جس کا نام رجسٹر ممبران یا حصہ داران میں درج ہو گیا ہو ۔ علاوہ ازیں وہ اشخاص بانیان بھی جنھوں نے بوقت تشکیل کمپنی کے میمورینڈم پر دستخط کیے ہوں ، ممبر شمار کیے جائیں گے خواہ ان کے نام رجسٹر میں درج نہ ہوئے ہوں ۔

Membership, *n.* ممبری ۔ رکنیت ۔

Memo, *n.* یاد داشت ۔

Memo of appeal, یاد داشت مرافعہ یا اپیل ۔

Memo of cost, یاد داشت خرچہ ۔

Memorandum, *n.* یاد داشت ۔

Memorandum of appeal, یادداشت اپیل ۔

یاد داشت اپیل میں مختصراً موجبات اپیل بلا بحث درج ہونی چاہییں ۔

Memorandum of Association, یاد داشت کمپنی ۔

قانون کمپنی کی رو سے جب کمپنی قائم کی جاتی ہے تو ایک یاد داشت مرتب کی جاتی ہے جس میں کمپنی کا نام ، اس کے قیام کے اغراض و مقاصد، کمپنی کا دفتر و مقام درج ہونا ضروری ہے ۔ نیز اگر کمپنی محدود بہ حصص ہو تو حصص کی تعداد اور سرمایہ بھی تحریر کرنا چاہیے ۔ شرکائے کمپنی کی ذمہ داری بقدر حصص محدود ہے اور اگر کمپنی محدود بہ ضمانت ہو تو اس کی تصریح کر دی جاتی ہے کہ تحلیل کمپنی (Liquidation) کی صورت میں کس حد تک شرکائے کمپنی ذمہ دار ہوں گے ۔ میمورینڈم کے تحت کمپنی پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ کمپنی کے مصرحہ اغراض و مقاصد کے حصول کے لیے کام کرے ۔ چنانچہ اگر کمپنی کوئی ایسا فعل انجام دے یا کاروبار کرے جو اس کے میمورینڈم کی حدود سے باہر ہو تو وہ فعل یا کار و بار خود کمپنی کے اختیار جائز سے باہر سمجھا جائے گا اور کالعدم تصور ہوگا اور اس کی ذمہ داری کمپنی کے ڈائریکٹروں پر عاید ہوگی ۔

Memorandum of Association, Alteration of ترمیم یاد داشت ۔

کسی کمپنی کے میمورینڈم میں ترمیم بذریعہ قرار داد خاص اور باجازت عدالت کی جا سکتی ہے یعنی کمپنی اپنے غیر معمولی جلسۂ عام میں ایک قرارداد خاص منظور کرکے عدالت کو برائے منظوری پیش کرتی ہے اور عدالت کے منظور کر لینے کے بعد وہ ترمیم کمپنی کے میمورینڈم کا جزء بن جاتی ہے (ملاحظہ ہو دفعہ ۱۲ قانون کمپنیات) ۔

اگر یہ ترمیم کمپنی کے نام یا دفتر کی تبدیلی کے سلسلہ میں ہوتی ہے تو عدالت کو اس کی منظوری میں بالعموم کوئی امر عارض نہیں ہوتا لیکن اگر اغراض و مقاصد میں ترمیم کی جاتی ہے تو یہ صرف اسی صورت میں ممکن ہوتا ہے جب کہ وہ ترمیم کمپنی کے کسی مقصد کی تکمیل کی غرض سے ضروری خیال کی جائے اور وہ مقصد اصل میمورینڈم میں مذکور ہو ۔ اگر ترمیم کمپنی کا سرمایہ بڑھانے یا کمپنی کے منیجر یا مینیجنگ ایجنٹس (مختار انتظامی) کو بدلنے کے لیے کی جائے تو عدالت کی اجازت کی ضرورت نہیں (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو دفعہ ۱۲ قانون کمپنیات ۱۹۱۳ء) ۔

Memorial, *n.* یادگار ۔

Memory, *n.* حافظہ ۔ یادداشت ۔

Memory, Refreshing of یاد داشت کا تازہ کرنا ۔
گواہ کو دوران شہادت اس امر کی اجازت ہے کہ کاغذات متعلقہ کو دیکھ کر یا پڑھ کر اپنی یادداشت تازہ کر لے اور پھر شہادت قلمبند کرائے ۔
(See "Refreshing Memory")

Memory, Time of legal یادداشت کی قانونی میعاد۔
ایک عام انسان کی یادداشت یعنی کسی امر یا واقعہ کو یاد رکھنے کی مدت کا تعین بالعموم ۳۰ سال کیا جاتا ہے ۔

Mendacious, *a.* دغا باز ۔ جھوٹا ۔

Mendacity, *n.* جھوٹ بولنے کی اجازت۔ دغا بازی ۔

Menial (servant), ادنیٰ درجہ کا (ملازم) ۔

Menial staff, عملہ چاکری ۔

Mens rea, مجرم ضمیر یا ذہن ۔
وہ دماغی یا ذہنی رجحان جس سے جرم کیا جائے (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو اصول قانون سامنڈ ص ۳۶۶) ۔

Menstruated, *a.* حائضہ ۔

Mensuration, *n.* مساحت ۔ پیائش ۔

Mental, *a.* دماغی ۔

Mental ailment, دماغی عارضہ ۔
کسی عورت کا شب زفاف میں حائضہ ہونا خلوت صحیحہ کا جسانی مانع قرار دیا جائے گا (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو مجموعہ قوانین اسلام ، جلد اول ، باب ۸ خلوت صحیحہ)۔

Mental acts, افعال قلب ۔

Mental deficiency, کمی صلاحیت دماغی ۔

Mental distress, دماغی پریشانی ۔

Mental Hospital, دماغی شفاخانہ ۔

Mental patient (criminal), دماغی مریض(مجرم) ۔

Mental patient (non-criminal), دماغی مریض (غیر مجرم) ۔

Mental reservation, تحفظ ذہنی ۔

Mental triats, خصائص ذہنی ۔

Mentioned above, مذکورہ بالا ۔

Mentioned below, مذکورہ ذیل ۔

Mercantile, *a.* تجارتی ۔

Mercantile agent, تجارتی نمائندہ ۔ آڑھتیہ ۔

Mercantile contract, تجارتی معاہدہ ۔

Mercantile law, تجارتی قانون ۔ قانون تجارت ۔

Mercantile system, تجارتی نظام ۔ تجارتی طریقہ ۔
یہ اصطلاح حساب نویسی (Accounting) سے تعلق رکھتی ہے جو Cash system کے خلاف ہے ۔ اس سے وہ تجارتی طریقہ حساب مراد ہے جس کے تحت نقد اور ادہار ہر قسم کا لین دین درج کیا جاتا ہے ۔

Mercantile usage, تجارتی رواج ۔

Merchandise marks, تجارتی نشانات ۔

Merchantable, *a.* قابل خرید و فروخت ۔

Mercy petition, درخواست ترحم ۔

Mercy, Prerogative of ترحم کا شاہی اختیار ۔

Mere allegation, ادعائے محض ۔

Merger, *n.* ادغام ۔ انضمام ۔

Merit, *n.* قابلیت ۔ اہلیت۔ استحقاق۔ حقیقت حال ۔

Merit, Judge on its نفس معاملہ کے لحاظ سے فیصلہ کرنا ۔

Meritorious, *a.* قابل تعریف ۔

Mesne, وسطی ۔ درمیانی ۔

Mesne Assignment, انتقال واصلات ۔

Mesne process, درمیانی کارروائی ۔

Mesne profits, زر واصلات ۔
وہ منافع جو جائیداد کے ناجائز قابض نے فی الحقیقت وصول کیا ہو یا معمولی کوشش سے وصول کر سکتا تھا ، زر واصلات کہلاتا ہے (ملاحظہ ہو دفعہ ۲ [۱۲] ضابطہ دیوانی) ۔ اس قسم کے دعاوی کے دائر کرنے کی مدت تین سال مقرر ہے جب سے کہ واصلات واجب الادا ہوں (ملاحظہ ہو قانون میعاد سماعت) ۔ دفعہ ۲ ضمن ۱۲ ضابطہ دیوانی سے یہ بات بخوبی واضح ہے کہ زر واصلات غیر منقولہ جائیداد کی بابت وصول کیا جا سکتا ہے چنانچہ موٹر لاری کی بابت زر واصلات وصول نہیں کیا جا سکتا کیونکہ وہ جائیداد غیر منقولہ نہیں ہے ۔ (اے ۔ آئی ۔ آر ۔ منی پور ۱۹۵۲ع ص ۹ گنگا رام بیرا سنگھ بنام منی پور ڈرائیور ایسوسی ایشن)۔

Money-lending transactions, ساہو کارہ ۔ ساہو کاری معاملات ۔

Money-lending Regulation, ضابطۂ ساہو کاری ۔

Money market, صرّافہ ۔

Money order, منی آرڈر ۔ ترسیل زر بذریعہ ڈاک ۔

Money's worth, زر بدل ۔ مساوی زر ۔

Money, Ready زر نقد موجودہ ۔ زر حاضر ۔

Money suit, نالش زر ۔

Money tester, صراف ۔

Money value, رقمی مالیت ۔

Monogamy, *n.* صرف ایک عورت یا مرد سے شادی کرنا ۔

Monomanic, یک خبطی ۔ جس کو ایک ہی چیز کا خبط ہو ۔

Monopoly, *n.* اجارہ داری ۔

ایسے معاہدات جن کا مقصد اجارہ داری پیدا کرنا ہو باطل ہیں کیونکہ وہ نہ صرف انگریزی قانون کے تحت خلاف مصلحت عامہ ہیں بلکہ قانون معاہدہ کی دفعہ ۲۳ کی رو سے بھی خلاف مصلحت عامہ اور ناقابل نفاذ ہیں (۲۸ مدراس ص ۵۲۰) ۔ ایک معاہدہ یا اجازت نامہ جس کے تحت اجازت یافتہ شخص کو یہ حق حاصل ہو جائے کہ اجازت نامہ عطاء کرنے والے کے زمینداری علاقہ میں تمام مردہ جانوروں کی کھالیں جمع کرے اور اس کے لیے تمام چاروں اور مردہ جانوروں کے مالکوں کو اس امر کا پابند کیا گیا ہو کہ اجازت یافتہ شخص کے سوائے کسی اور کے ہاتھ کھالیں فروخت نہ کریں ، اجارہ داری دینا ہے جو ناقابل نفاذ ہے (۱۹۳۸ء پٹنہ ص ۴۷۳) ۔

حال ہی میں حکومت پاکستان نے اجارہ داریوں کو ختم کرنے کی غرض سے Monopoly Contrd Ordinance نافذ کیا ہے ۔

Monotheism, *n,* وحدانیت ۔

Month, *n.* ماہ ۔ مہینہ ۔

پاکستان کے رائج الوقت قانون میں مہینہ سے مراد انگریزی مہینہ ہے (ملاحظہ ہو قانون عبارات عامہ) ۔

Month, Calendar ۔ انگریزی مہینہ ۔ تقویمی مہینہ ۔

Monthly, *a.* ماہوار ۔ ماہانہ ۔

Monthly return, ماہانہ گوشوارہ ۔

Moot, *n.* قانون کے طلبہ کی فرضی مقدموں میں مشقی بحث ۔ ایسی عدالت کو Moot Court کہتے ہیں ۔

Moral *a.* اخلاقی ۔ قانون اخلاق پر مبنی ۔

Moral certainty, اخلاقی طور پر یقین ۔

اخلاقی طور پر یقین علم کے مترادف ہوتا ہے ۔ یہ فوجداری مقدمات میں مجرم قرار دینے کے جواز کے لیے مطلوب ہوتا ہے ۔

Moral character, اخلاقی کردار ۔

Moral consideration, اخلاقی بدل ۔

محض اخلاقی بدل کسی معاہدہ کے نفاذ کے لیے قانون کی نگاہ میں کوئی اہمیت نہیں رکھتا ۔

Moral delinquencies, اخلاقی کوتاہیاں ۔

Moral obligations, اخلاقی وجوب ۔ اخلاقی ذمہ داریاں ۔

محض اخلاقی وجوب کسی معاہدہ صریحی یا معنوی کا مناسب بدل قانونی نہیں ہوسکتا ۔ قانون ہر اس عہد کے نفاذ کی ذمہ داری قبول نہیں کرتا جس کی ایک ایماندار اور سخت دیانت دار آدمی خود پر پابندی عائد کر لے اور اس کا ایفاء اپنا فرض سمجھتا ہو ۔ اس لیے بہت سی خالص اخلاقی ذمہ داریوں کا ایفاء اقرار کنندہ کی نیک نیتی پر چھوڑ دیا گیا ہے ۔ نہ تو یہ بات دائرہ قانون میں آتی ہے اور نہ یہ قانون کی حکمت عملی ہے کہ اشخاص کے اس عام کردار سے متعلق جو ان کے عام تعلقات زندگی سے تعلق رکھتا ہو ایک روحانی معیار اخلاق متعلق کرے (۸ کوینز بینچ ڈویژن ص ۴۸۳) ۔

Moral turpitude, اخلاقی پستی ۔

اخلاقی پستی کی اصطلاح ایک مبہم اصطلاح ہے اور مختلف حالات میں اس کے مختلف معانی نکالے جا سکتے ہیں ۔ عدالتی فیصلوں میں یہ کبھی قرار نہیں دیا گیا کہ معاملہ کی سنگینیت پر غور کرنے کے لیے یہ تعین کیا جائے کہ اس شخص کے افعال میں اخلاقی پستی شامل ہے یا نہیں ۔ اے ۔ آئی ۔ آر ۔ ۱۹۵۷ء پنجاب ص۹۷ ۔ مزید ملاحظہ ہو پی ۔ ایل ۔ ڈی ۔ ۱۹۶۳ء لاہور ص ۶۰۱) ۔

Morale, *n.* اخلاقی حالت ۔